UNIVERSAL
LIBRARY

OU_232805

UNIVERSAL
LIBRARY

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ لَحِکْمَۃً وَاِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا

ہزار ہزار شکر اُس ناظمِ کون و مکاں کا کہ زبانِ اُردو کے شعرائے
ماضی و حال کا یہ مکمل تذکرہ موسوم بہ

تذکرۂ ہزار داستان

معروف بہ

خمخانۂ جاوید

۱۳ھ ۲۵

جلد سوم

لالہ سری رام ایم اے متخلص دہلوی خلف الصدق عالیجناب آنریبل رائے بہادر
مدن گوپال صاحب بیرسٹر گجانند بیس دہلی لاہور کی لگاتار محنت تلاش اور کوشش کا نتیجہ ہے

سنہ ۱۹۱۷ء

لالہ ٹھاکر داس صاحب اینڈ سنز کے اہتمام سے

فرینڈز بک ڈپو دہلی میں چھپا

تذکرہ ہزار داستان

المعروف بہ

M. Haidari

۲۵ سے ۱۳

خمخانۂ جاوید

جلد سوم

مؤلفہ

جناب لالہ سرایم صاحب ایم اے سابق منصف دہلوی خلف الصدق

عالیجناب آنریبل رائے بہادر لالہ مدن گوپال صاحب گیاشی

مطبوعہ دلی پرنٹنگ ورکس ۱۹۱۷ء

تعداد طبع اول ۱۱۰۰ | قیمت فی جلد مجلد یا بخریدیہ | بلا جلد چار روپیہ

تذکرہ ہزار داستان

المعروف بہ

خمخانۂ جاوید

۱۳۲۵ھ

جلد سوم

مطبوعہ دی پرنٹنگ ورکس

فہرست اسمار شعرا مندرجۂ خمخانہ جاوید جلد سوم

صفحہ	تخلص	نام
۱	خادم	شیخ خادم علیخان
۲	〃	عتیق الرحمٰن
〃	خاص	محمد حیدر خان دہلوی
۳-۲	خاطر	سیّد محمد صالح
۳	〃	رائے سورج نراین
۵-۳	〃	منشی ظفر حسن لکھنوی
۵	〃	مرزا معظم سلطان دہلوی
۶	خاک	میر طالب حسین
۷	خاکسار	میر محمد یار دہلوی
۸	〃	محمد بلاقی
۹-۸	خاموش	میان عبد اللہ شاہ
۹	خان	منشی اشرف خان دہلوی
۱۰-۹	〃	محمد خان دہلوی
۱۱-۱۰	خاور	میرزا محمد اکبر خان
۱۱	〃	مرزا نواب بہادر

صفحہ	تخلص	نام
۱۲-۱۱	〃	مرزا احمد سلطان دہلوی
۱۲	خبر	سیّد محمد مہدی
〃	〃	میرزا دلجین لکھنوی
〃	خبیر	غلام محمد خان
۱۳	خرد	نواب فخر الدین خان دہلوی
۱۴-۱۳	〃	حکیم انور آغا لکھنوی
۱۴-۵	〃	صاحبزادہ مرتضی خان
۱۵	〃	خواجہ شفیع الدین
۱۵-۶	〃	منشی ہردیال پرشاد
۱۶	خرم	پنڈت گلاب رائے
〃	〃	منشی سیتل پرشاد
۱۷-۱۶	خستہ	منشی قطب بخش
۱۷	〃	میان عبد اللہ خان دہلوی
۱۷	〃	حکیم محمد سلیم خان دہلوی
۱۸	〃	منشی حیدر علی خان -

صفحہ	تخلص	نام
۱۸	حسنہ	معشوق اللہ خان
〃	〃	حکیم غلام نصرت خان
۱۹	〃	منشی جیالال دہلوی
۱۹-۲۵	خسرو	خواجہ ابوالحسن دہلوی
۲۵-۶	خضر	مرزا خضر سلطان دہلوی
۲۶	〃	شیخ محمد یوسف
〃	〃	بابو محمد یوسف
۲۶-۷	خطا	اسم نامعلوم
۲۷	〃	شفقت حسین
۲۷-۸	خطیر	منشی آمراؤ علی
۲۸	خلش	منشی جگیشر پرشاد
۲۸-۳۰	〃	مولانا خواجہ کرامت علی -
۳۰	〃	منشی فردوس علی دہلوی
〃	〃	منشی نصیر الدین
〃	〃	منشی حسام الدین
۳۰-۱	خلق	میر حسن علی
۳۱-۲	〃	منشی مستجاب خان -
۳۲-۳	خلیق	میرزا خجو علی
۳۳-۴	〃	میر مستحسن خلیق دہلوی
۳۴-۵	〃	منشی ارشاد حسین - ۵۰

صفحہ	تخلص	نام
۳۵	خلیق	محمد نصر اللہ خان
〃	〃	راجہ دیبی داس
۳۵-۶	〃	منشی محمد خلیق
۳۶-۴۳	〃	منشی عبد الخالق دہلوی
۴۳	خلیل	شرف الدولہ نواب محمد ابراہیم خان لکھنوی
۴۳-۸	〃	میر دوست علی لکھنوی
۴۸-۵۰	〃	حافظ خلیل حسن مانکپوری
۵۰-۲	〃	نواب ابراہیم علیخان مالی ٹونک
۵۲-۳	خمار	حکیم برجموہن لال -
۵۳	خمیر	نامعلوم
۵۴	خنجر	شیخ محمد عبد اللہ
〃	〃	نواب محمد حسین خان
۵۵	〃	منشی عبد الغفور خان
۵۵-۷	〃	منشی محمد سعید
۵۷-۹	〃	سید عالم مارہروی
۵۹-۶۰	〃	مرزا فدا علی لکھنوی -
۶۰	خندان	میرزا امجد علی
۶۰-۱	خندہ	میر شجاعت علی
۶۱	خواجہ	نواب فیاض الرحمن
۶۱-۳	خواہاں	سید قاسم علی

صفحہ	تخلص	نام
۶۳	خواہش	مولا بخش
//	//	منشی مہر حسن
۶۴	//	میر اللہ داد
//	خوب	ڈاکٹر خوبداد خان
۶۴-۵	//	منشی خوب چند
۶۵-۶	خورشید	سید خورشید علی
۶۶	//	میر سید علی
۶۶-۷	//	پنڈت سورج پرشاد
۶۷-۸	//	شیخ خورشید احمد
۶۸-۹	//	سید محمد مصطفیٰ لکھنوی
۶۹-۷۰	//	حاجی میرزا خورشید احمد خان
۷۰	//	منشی خوش وقت علیخان
۷۰-۱	//	میرزا عباس
۷۱-۷	//	قاضی غیاث الدین دہلوی
۷۷	//	شیخ محمد سعید
۷۷-۹	//	پنڈت بلدیو کشن
۷۹-۸۱	//	صاحبجام میرزا خورشید عالم گورگانی
۸۲	//	سید خورشید عالم
//	//	پنڈت جوالا پرشاد ایم اے
۸۲-۳	خوشتر	منشی عبد الرحمٰن
۸۳-۷	خوشتر	منشی جکن ناتھ
۸۸	خوشدل	محمد حمید الظفر خان رامپوری
۸۸-۹	خوشوقت	منشی خوش وقت رائے
۸۹	خیال	منشی غلام حسین خان دہلوی
۹۰	//	منشی حبیکہ رائے دہلوی
۹۰-۴	//	مولوی ریاض حسن خان -
۹۴-۶	//	مولوی سید محمد علی -
۹۶-۸	//	سید شمس الحق -
۹۸-۹	//	منشی صفدر علیخان
۹۹	خیالی	محمد نسیم اللہ
۹۹-۱۰۰	//	محمد فخر الدین
۱۰۰	خیر	ابو الخیر مظہر عالم
//	//	رائے زہری پرشاد ۱۰۳

ردیف حرف دال

صفحہ	تخلص	نام
۱۰۱	داد	منشی غلام حسین
۱۰۱-۳	دارا	میرزا دارا بخت گورگانی ولیعہد
۱۰۳	//	نواب بہاؤ الدین خان
۱۰۳	داغ	میر محمدی دہلوی -
۱۰۴-۳۶	//	ہمایوں اشتاد نواب فصیح الملک دبیر الدولہ مرزا داغ دہلوی

صفحہ	تخلص	نام
۱۳۷	دانا	منشی روشن لال
//	دانش	منشی تصدق حسین
۱۳۷-۸	//	حکیم احمد حسین خان لکھنوی
۱۳۸	//	قاضی بشیر الدین
۱۳۸-۹	//	حافظ بشارۃ الحق
۱۳۹-۱۴۱	//	حکیم مرزا فدا احمد لکھنوی -
۱۴۱	داؤد	ندیم الدولہ حافظ داؤد دہلوی
۱۴۱-۸	//	مولوی محمد داؤد بی - اے
۱۴۸	دبنگ	حافظ سراج احمد
۱۴۸-۵۱	دبیر	منشی محمد ابراہیم
۱۵۱-۶۴	//	میرزا سلامت علی دبیر
۱۶۴-۸	درخشان	ماہتاب الدولہ سید علیخان لکھنوی
۱۶۸-۷۷	درد	خواجہ میر درد دہلوی
۱۷۷	//	مسٹر عزیز الدین احمد بی اے
۱۷۷-۸	دردمند	فقیہ صاحب
۱۷۸	دردی	مفتی محفوظ علی -
۱۷۸-۹	درس	منشی منی لال
۱۷۹	درویش	میر شاہ علی دہلوی
۱۷۹-۸۰	//	درویش علی
۱۸۰	دریا	پنڈت رتن ناتھ لکھنوی -

صفحہ	تخلص	نام
۱۸۰-۱	دریا	منشی سید محمد عباس
۱۸۱	دقیق	میر واجد حسین
//	دل	شیخ محمد عابد
۱۸۱-۲	//	منشی بینی پرشاد
۱۸۲	//	زور آور خان
۱۸۲-۳	//	نواب لقمان الدولہ محمد حیدر خان
۱۸۳-۶	//	حکیم ضمیر حسن خان
۱۸۶-۷	//	سید احمد اللہ
۱۸۷	//	سید احمد جعفری -
//	//	منشی محمد علی حسین خان
۱۸۷-۸	//	سید علی حیدر کنتوری
۱۸۸	//	مرزا بہادر جعفر علیخان لکھنوی
۱۸۸-۹۱	//	خواجہ دل محمد ایم اے
۱۹۶-۲	//	شیخ ممتاز علی -
۱۹۲	//	منشی محمد حسین
//	دلاور	سید دلاور علی
۱۹۲-۳	//	محمد دلاور حسین خان
۱۹۳	//	نواب دلاور حسین لکھنوی
//	دلخوش	لالہ بہادر سنگھ دہلوی
۱۹۳-۴	دلریش	منشی اٹل بہاری لال

صفحہ	تخلص	نام
۱۹۹	دلسوز	خیراتی خان
//	دلشاد	عبدالرحمن ۱۵۰-
۵-۱۹۴	دلگیر	منشی چھنولال لکھنوی
۱۰۰-۱۹۵	//	شاہ نظام الدین اکبرآبادی
۲۰۰	//	سید اظہر حسین مارہروی
۱-۲۰۰	//	منشی عبدالوہاب
۲۰۱	دلیر	نواب علی محمد خان لکھنوی
//	//	نواب دلیر جنگ مدراسی
۵-۲۰۱	//	نواب امراؤ بہادر باندا
۹-۲۰۵	//	سید امیر حسن مارہروی
۲۰۹	//	میرزا التصدق حسین
//	//	منشی علی بشیر
۲۱۰	دماغ	منشی گنگا لال
//	//	مرزا سجاد علی لکھنوی
۲-۲۱۰	دوپیازہ	ملا عبدالمومن دہلوی
۲۱۲	دوست	شیخ غلام محمد
۲۱۲۰۳	//	سید خواجہ
۲۱۳	//	منشی دوست محمد خان
۴-۲۱۳	دولہا	نواب محمد حسن علیخان دہلوی
۶-۲۱۴	//	نظیر الدولہ جہانگیر محمد خان
۷-۲۱۶	دولہا	میرزا علی نقی لکھنوی
۸-۲۱۷	دیوانہ	رائے سرب سنگھ دہلوی
۲۱۸	//	میرزا محمد علی جان
۲۱۹	//	میر طالب علی بنارسی
//	//	منشی بنس گوپال -
۲۲۰	//	قیم الدین احمد
//	//	سید باقر علی
۱-۲۲۰	//	سید محمد فاروق - ۱۷۶
۲۲۲	ڈاکٹر	لالہ بھولا ناتھ - ۱۷۷
		ردیف حرف ذال
۴-۲۲۳	ذاخر	سید فرزند حسین لکھنوی
۷-۲۲۴	ذاکر	نامعلوم الاسم
۸-۲۲۷	//	مولوی ذاکر علی بنارسی
۲۲۸	//	منشی میر جان لکھنوی -
۹-۲۲۸	//	میرزا ذاکر الدین گورگانی
۳۲-۲۲۹		مولوی ذاکر علی شاہجہانپوری
۳-۲۳۲	//	شیخ برکت اللہ دہلوی
۲۳۴	//	عنایت خان
//	ذائق	منشی عبدالعزیز لکھنوی
//	//	منیر اللہ کانپوری

صفحہ	تخلص	نام
۲۳۵	فریبی	میرزا امان علی
//	//	نواب اسمٰعیل خان بریلوی
۲۳۵-۹	//	مولوی سید محمد اسمٰعیل
۲۳۹-۴۰	//	منشی باقر حسین
۲۴۱	//	منشی محمد اسمٰعیل
۲۴۱-۳	//	حکیم اسمٰعیل خان دہلوی
//	//	سید عبدالحی
//	//	خواجہ محمد اسمٰعیل
۲۴۳-۴	//	مولوی اسمٰعیل خان بھوپالی
۲۴۴	ذخیر	منشی قربان علی
//	ذرہ	مرزا راجہ رام ناتھ دہلوی
۲۴۴-۵	//	میر ولایت علی -
۲۴۵	//	منشی ہرپرشاد ۲۰۰-
۲۴۶	//	منشی اتوار می لال
//	ذکار	اولاد محمد خان
۲۴۶-۵۰	//	منشی خوب چند دہلوی
۲۵۱-۲	//	پنڈت سری کشن -
۲۵۲-۳	//	منشی بخشش محمد
۲۵۳	ذکائی	ہاشم علی
۲۵۴	ذکی	نواب جعفر علیخان

صفحہ	تخلص	نام
۲۵۴-۵	ذکی	نواب اسدالدولہ فضیل جنگ
۲۵۵-۶	//	ملک الشعرا مہدی علیخان
۲۶۵-۶	//	حکیم عبدالاحد
۲۶۶	//	منشی محمد کریم
۲۶۶-۷	//	مرزا کبیر الدین گورگانی
۲۶۷	//	اشفاق حسین
//	ذلیق	مولوی محمد نصر اللہ خان
۲۶۷	ذوق	الف خان
۲۶۹-۸۹	//	ملک الشعرا خاقانی ہند شیخ محمد ابراہیم
۲۸۹	ذوقا	ذوقا شاہ
۲۸۹-۹۰	ذوقی	شاہ ذوقی
۲۹۰	//	سید عبدالواحد
۲۹۱	ذہین	حافظ محمد اسمٰعیل خان
۲۹۲	//	حکیم نورالحسن
۲۹۲-۴	//	نواب کاظم علیخان لکھنوی
۲۹۴	//	سید واجد علی -
۲۹۴-۷	//	غلام مصطفےٰ ۲۲۴

ردیف رائے مہملہ

صفحہ	تخلص	نام
۲۹۸	راجہ	راجہ راج کرشن
//	//	راجہ راجہ بہادر

صفحہ	تخلص	نام
۲۹۸	راجہ	راجہ بلاس رائے۔
۲۹۸-۳۰۳	〃	مہاراجہ بلوان سنگھ کاشی نریش
۳۰۴-۷	〃	مہاراجہ سردیجے سنگھ بلرامپور
۳۰۷-۸	راحت	مرزا محمود بیگ دہلوی۔
۳۰۸-۱۰	〃	منشی بشیر محمد خان دہلوی
۳۱۰-۱۳	〃	منشی بھگوت رائے لکھنوی
۳۱۳	〃	نامعلوم ریختی گو۔ دہلوی
۳۱۴	〃	سید عابد حسین بریلوی
〃	〃	محمد نثار علی رامپوری
〃	〃	محمد رئیس الدین خان
۳۱۴-۵	راحم	شیخ رحیم بخش
۳۱۵-۶	راز	مرزا حاجی گورگانی
۳۱۶	〃	صاحبزادہ عبید اللہ خان
۳۱۷	〃	نواب عباس علیخان لکھنوی
۳۱۷-۱۸		سید فیاض احمد
۳۱۸-۲	〃	منشی امتیاز احمد خان رامپوری
۳۲۲	〃	منشی محمد حسین جلال آبادی
〃	〃	شیخ عنایت اللہ
۳۲۳-۵	〃	حکیم محمد باقر لکھنوی
۳۲۵	〃	منشی علی احمد
۳۲۵-۳۲	راسخ	شیخ غلام علی عظیم آبادی
۳۳۳-۴	〃	نواب ظفر یاب خان لکھنوی
۳۳۴	〃	میان عنایت محمد خان
〃	〃	منشی سعادت علیخان دہلوی[۲۵]
۳۳۴-۴۱	〃	مولانا عبدالرحمن دہلوی
۳۴۲	راشد	مرزا بختاور شاہ گورگانی
۳۴۲-۶	راضی	دیوان جانی بہاری لال جی
۳۴۶	〃	یعقوب خان
۳۴۶-۷	〃	منشی خلیل الدین احمد
۳۴۷-۸	راغب	سبحان قلی بیگ
۳۴۷-۸	〃	حافظ یار خان
۳۴۸	〃	احمد حسین دہلوی
۳۴۸-۹	〃	محمد عثمان خان۔
۳۴۹-۵۰	〃	منشی یعقوب بخش
۳۵۰	رافت	شاہ رؤف احمد دہلوی
۳۵۱-۲	〃	عبدالرؤف خان
۳۵۲	〃	عبدالغنی خان
۳۵۲	رافب	امام الدین خان
۳۵۳-۴	راقم	لالہ بندرابن دہلوی۔
۳۵۴-۵	〃	خلیفہ غلام محمد دہلوی

صفحہ	تخلص	نام
۳۵۵	راقم	منشی مظفر علی
۳۵۵-۶۱	//	خواجہ میر زا قمر الدین خان دہلوی
۳۶۱	رام پرشاد	منشی رام پرشاد لکھنوی
//	راوی	منشی مصاحب علی
۳۰۲	ربط	منشی دیبی پرشاد
۳۶۳	//	نواب مظفر علیخاں مراد آبادی
۳۶۴	//	شیخ امام الدین
۳۶۵	رحم	راجہ نیم چند
۳۶۵-۶	رحمٰن	منشی عبد الرحمن
۳۶۶	//	منشی ضیاء الرحمن
//	رحمت	منشی رحمت علی دہلوی
۳۶۷	//	پنڈت کنگا پرشاد لکھنوی
۳۶۷-۹	//	حافظ رحمت اللہ بنارسی
۳۶۹-۷۰	//	رحمت اللہ بانڈہری
۳۷۰-۲	//	منشی ظفر علی رحمت اللہ
۳۷۲	//	منشی رحمت اللہ
۳۷۲-۳	//	مولوی رحمت علی
۳۷۳-۴	رحمتی	کنور سکھراج عظیم آبادی
۳۷۴	رحیم	مرزا رحیم بیگ دہلوی
۳۷۴-۵	//	عبد الرحیم خان
۳۷۵-۶	رحیم	منشی بھگوخان
۳۷۶	//	شیخ رحیم بخش
//	//	سید عبد الرحیم شاہ
۳۷۷-۸۰	رخشان	نواب ضیاء الدین احمد خان دہلوی
۳۸۰	//	منشی خیرات علیخاں
۳۸۰-۱	//	منشی عزیز الدین
۳۸۱-۲	رزاق	عبد الرزاق خان
۳۸۲	رزم	منشی بینی مادھو
//	//	محمد حنیف
//	//	محمود علیخان
۳۸۳	//	شیخ خورشید حسن قدوائی
//	رسا	میرزا کریم الدین گورگانی
۳۸۳-۵	//	میر احمد علی رامپوری
۳۸۵	//	قاضی عوض علی - ۳۰۰
//	//	حکیم عبد اللہ خان دہلوی
//	//	صاحبزادۂ ابراہیم شاہ
۳۸۶	//	میر عابد حسین لکھنوی
۳۸۶-۷	//	نواب شبیر علیخان لکھنوی
۳۸۷	//	منشی رحیم بخش
۳۸۸	//	غلام محی الدین
۳۸۸-۹۰	//	نواب وجیہ الدین خان

صفحہ	تخلص	نام
۳۹۰	رسا	میر احمد علی
۳۹۰-۹	〃	منشی حیات بخش
۳۹۹	〃	سید احمد حسین لکھنوی
۳۹۹-۴۰۰	〃	سید ابوالحسن
۴۰۰-۱	〃	سید محمد اسمٰعیل
۴۰۱	〃	شاہ عبدالعزیز
۴۰۲	〃	غلام مصطفےٰ
۴۰۲-۳	رستم	رستم علیخاں
۴۰۳	رسوا	لالہ آفتاب رائے دہلوی
〃	〃	عبدالحمید
۴۰۳-۵	〃	منشی کفایت علی
۴۰۵-۶	〃	سید محمد اصغر لکھنوی
۴۰۶-۷	〃	سید باقر حسین لکھنوی
۴۰۷	〃	پنڈت گنگا پرشاد
۴۰۷	〃	سید واحد حسین بریلوی
۴۰۷-۸	〃	منشی فیض احمد بدایونی
۴۰۸-۹	〃	مرزا ہادی حسین بریلوی
۴۰۹	〃	سید افضال حسین شاہجہانپوری
۴۰۹	〃	بابو ہرکشن داس
۴۰۹-۱۰	〃	منشی محمد وحید

صفحہ	تخلص	نام
۴۱۰-۴۱۶	رشک	میر علی اوسط لکھنوی
۴۱۶	〃	بابو گنگا پرشاد بلند شہری
۴۱۶-۴۱۸	〃	مولوی حفیظ اللہ خاں
۴۱۸	〃	علی اوسط فتحپوری
۴۱۸-۴۲۲	〃	نواب رامپور
۴۲۲	رشکی	راجہ کندن لال لکھنوی
۴۲۲-۴۳۱	〃	نواب محمد علیخاں دہلوی
۴۳۲	رشید	قاضی کبیر حسن
۴۳۲-۹	〃	پیارے صاحب لکھنوی
۴۳۹-۴۴۰	〃	مولوی رشید احمد رامپوری
۴۴۰	〃	حافظ رشید الرحمٰن
۴۴۰-۴۴۱	رضا	حمید الدین چاندپوری
۴۴۱	〃	مرزا جیون
〃	〃	مرزا محمد رضا لکھنوی
〃	〃	میر محمد رضا دہلوی
۴۴۲	رضا	مرزا علی رضا
〃	〃	گمنام
〃	〃	مولوی غلام رضا لکھنوی
۴۴۲-۵	〃	مولوی برکت اللہ لکھنوی
۴۴۵	〃	قاضی عنایت رضا

صفحہ	تخلص	نام
۴۴۵-۶	رضا	شیخ رضا عباس
۴۴۶-۷	〃	مرزا رضا حسین بیگ بریلوی
۴۴۷	〃	مبین الرضا خاں بدایونی
〃	〃	داروغہ رضا حسین لکھنوی
〃	〃	مرزا نظیر حسین عظیم آبادی
۴۴۸	〃	نواب محمد رضا خاں
〃	〃	شیخ رضا حسین
۴۴۹	〃	مرزا نظیر الدین گورگانی
〃	〃	منشی علی رضا سیتاپوری
〃	〃	سید رضا علی رامپوری
۴۴۹-۵۰	〃	مولوی محمد رضا صدیقی
۴۵۰	〃	محمد موسیٰ رضا
۴۵۰-۴۵۱	رضوان	نواب محمد واجد علیخاں
۴۵۱-۴	〃	مرزا شمشاد علی بیگ دہلوی
۴۵۴-۶	〃	مولا بخش
۴۵۶-۸	〃	نواب رضوان علیخاں
۴۵۸-۹	رضی	سیف الدولہ سید رضی خاں دہلوی
۴۵۹-۶۲	〃	قاضی محمد حسین
۴۶۲	〃	سید غلام شبیر الہ آبادی
۴۶۳	〃	ڈاکٹر زیرک حسین
۴۶۳-۴	رضی	سید رضی حیدر
۴۶۴	رعایت	سید رعایت علی لکھنوی
۴۶۴-۶۵	رعب	شیخ حکیم محمد حنیف علی
۴۶۵	〃	منشی محمد علیخاں
〃	رعد	منشی محمد عابد علی بلگرامی
۴۶۵-۹	〃	منشی حسب لال
۴۶۹-۷۰	〃	مولوی محمد صدیق حسن خاں جونپوری
۴۷۰	〃	حکیم میر نادر علی
۴۷۰-۷۱	رعنا	سید محمد حمید الدین
۴۷۱	〃	منشی عاشق حسین لکھنوی
〃	〃	منشی عبد الغفار دہلوی
۴۷۱-۲	〃	سید محمد ہاشم دہلوی
۴۷۲-۳	〃	منشی سید نور احمد لکھنوی
۴۷۳-۴	رغمی	مولوی عظیم اللہ صاحب
۴۷۴-۵	رفاقت	مرزا لکمین دہلوی
۴۷۵	〃	شیخ بہادر حسین لکھنوی
〃	رفعت	لالہ رام دلدار
۴۷۵-۷۷	〃	نواب مہدی حسن خاں لکھنوی
۴۷۷-۹	〃	مرزا پیارے گورگانی
۴۷۹-۸۰	〃	محمد منیر الدین

صفحہ	تخلص	نام
۴۸۰	رفعت	سید عنایت احمد
۴۸۰-۱	〃	منشی محمد داود
۴۸۱-۳	〃	منشی سرفراز علیخاں بریلوی
۴۸۳	〃	مولانا غلام جیلانی گیلانی
۴۸۳-۴	رفیع	مرزا محمد طاہر لکھنوی
۴۸۴-۵	〃	مسٹر رفیع الدین
۴۸۵	رفیق	مرزا اسد بیگ دہلوی
۴۸۵-۶	〃	شیخ الٰہی بخش
۴۸۶-۹	〃	منشی ابن علی
۴۸۹-۹۰	〃	مولوی حبیب اللہ
۴۹۰	〃	شیخ ملک قادر بخش
۴۹۰-۱	〃	صاحبزادہ محمد رفیق خاں
۴۹۱	〃	مولوی عبدالمجید رامپوری
〃	〃	حافظ محمد رفیق
۴۹۱-۳	رفت	مرزا قاسم علی
۴۹۳	〃	حافظ حبیب النبی
〃	〃	مولوی حبیب الٰہی
۴۹۳-۴	〃	سید علی محمد
۴۹۴-۶	رقم	حکیم سکھانند دہلوی
۴۹۶-۷	رقیب	منشی محمد ظہیر حسن
۴۹۷	رکن	سید غلام نبی
۴۹۷-۵۰۲	رمز	مرزا فتح الملک بہادر ولیعہد
۵۰۲	رمز	منشی ابراہیم خاں
۵۰۲-۳	رمز	منشی برج بہاری لال مراد آبادی
۵۰۳-۴	〃	مرزا جلال الدین حیدر
۵۰۴	〃	منشی بلاس رائے
۵۰۴-۵	〃	میر فاضل حسین لکھنوی
۵۰۵	〃	سوامی سدانند سرسوتی
۵۰۵-۶	〃	منشی حافظ انوار الحق
۵۰۶	رمق	نجیب اللہ خاں
۵۰۶-۷	رنج	خواجہ محمد نصیر محمدی دہلوی
۵۰۷	〃	حکیم فصیح الدین
۵۰۷-۸	〃	مرزا جان علی
۵۰۸-۹	〃	میر محمد علی
۵۰۹-۱۲	رنجور	شمس العلما مولوی محمد یوسف
۵۱۲-۱۴	رند	لالہ کھیم نرائن لکھنوی
۵۱۴-۱۷	〃	پنڈت گنگا پرشاد کشمیری لکھنوی
۵۱۷	〃	نواب احمد علیخاں رامپوری
۵۱۷-۱۸	〃	منشی اکرام الدین دہلوی
۵۱۸-۲۵	〃	نواب سید محمد خاں

صفحہ	تخلص	نام
۵۲۵-۲۶	رنگ	سیٹھ پسٹن جی فرام جی
۵۲۶	〃	لالہ کیشو داس
〃	〃	لالہ لکھپت رائے
۵۲۶-۲۹	〃	حاجی محمد وزیر خاں
۵۲۹	〃	حریف خاں
۵۲۹-۳۳	رنگین	مرزا سعادت یار خاں
۵۳۳	〃	لالہ بلاس رائے
۵۳۳-۴	〃	منشی موہن لال دہلوی
۵۳۴	〃	میر اکبر علی
〃	〃	منشی انور علی
۵۳۵	〃	منشی ناصر حسین خاں
〃	〃	منشی محمد ایوب
۵۳۵-۶	〃	راجہ ہری دت
۵۳۶-۴۳	رواں	منشی جگت موہن لال
۵۴۳	روح	محمد غیاث الدین
۵۴۳-۴۴	رومی	حافظ غلام یٰسین حیدرآبادی
۵۴۴	روشن	میر حسین علی
۵۴۴-۴۶	روشن	روشن شاہ بریلوی
۵۴۶-۴۷	〃	مرزا جہاں اشرف
۵۴۷-۴۸	〃	بابو بنی لال شاہجہانپوری
۵۴۸	روشن	منشی اکرام اللہ خاں
〃	〃	دیوان روشن لال
۵۴۸-۵۲	رونق	نواب احمد علیخاں
۵۵۲-۳	〃	لالہ رام سہائے
۵۵۳	〃	حافظ محمد جان
۵۵۳-۵۵	〃	لالہ لچھمی نرائن
۵۵۵	〃	لالہ شیونانھ سہائے
〃	〃	حافظ شیخ عبدالباری
۵۵۵-۶	〃	محمود میاں
۵۵۶	〃	منشی راوصاموہن لال
۵۵۶-۶۳	〃	منشی پیارے لال
۵۶۳	رؤف	بابو رؤف الدین
۵۶۳-۴	رئیس	نواب محمد عمر علیخاں
۵۶۴-۶۶	〃	مرزا خادم حسین
۵۶۶-۵۶۷	رہا	غلام محمد خاں
۵۶۷	〃	میر رضی
۵۶۷-۸	رہائی	ڈاکٹر شیخ عبداللہ
۵۶۸	رہبر	نواب مصطفیٰ علیخاں
〃	〃	منشی محمد مہدی
۵۶۸-۹	ریاست	شیخ ریاست علی لکھنوی

صفحہ	تخلص	نام
۵۹۰-۵۹۹	ریاض	سید ریاض احمد
۵۹۰	〃	سردار مرزا لکھنوی
۵۹۰-۱	〃	سید رضا حسین لکھنوی
۵۹۱-۲	〃	نواب سید جعفر مرزا خاں
۵۹۲	〃	منشی محمد یعقوب
〃	〃	منشی ریاض الدین
۵۹۳	〃	مولوی ریاض الدین احمد
۵۹۳-۶۰۲	ریحان	دیوان دیا کرشن لکھنوی
۶۰۲	ریحانی	منشی محمد سجاد حسین
۶۰۳	زار	منشی برہان الدین خاں دہلوی
۶۰۳-۴	〃	لالہ مینڈو لال
۶۰۴	زار	لالہ دھنپت رائے
〃	〃	حافظ امام بخش لکھنوی
۶۰۴-۵	〃	مرزا مظفر علی
۶۰۵	〃	منشی احمد حسین
〃	〃	میر امداد علی
۶۰۵-۶	〃	میر محمد ہادی لکھنوی
۶۰۶	〃	منشی رحم الٰہی
۶۰۶-۷	〃	سید حسن عسکری
۶۰۷-۸	〃	محمد عبد القادر

صفحہ	تخلص	نام
۶۰۸	نزار	مولوی حسان الحق لکھنوی
۶۰۸-۱۱	〃	پنڈت برجموہن ناتھ کشمیری دہلوی
۶۱۱-۱۲	〃	منشی بانکے لال
۶۱۲-۳	〃	مرزا فیاض الدین گورگانی
۶۱۴	زائر	منشی سید علی حسن
〃	زاہد	شاہزادہ مرزا زاہد الدین
۶۱۴-۱۵	〃	برہمچاری پرمانند جی دہلوی
۶۱۵	〃	مرزا مصطفےٰ حسین
〃	〃	منشی ولایت حسین اکبرآبادی
〃	〃	سید عابد حسین
۶۱۵-۱۸	〃	سید زاہد حسین
۶۱۸-۶۲۱	زبیر	مرزا محمد رئیس بخت گورگانی
۶۲۱-۲۲	زر	شیخ بلاقی
۶۲۲	زخم	حکیم ابو الفیض فتح محمد خاں
〃	زخمی	منشی راج بہادر
۶۲۲-۲۳	〃	منشی محمد شرف الدین
۶۲۳-۲۴	زعم	سید غلام محمد
۶۲۴	زکی	مرزا محمد خاں لکھنوی
۶۲۴-۲۵	〃	سید محمد زکی
۶۲۵-۳۷	〃	حافظ سید محمد زکریا خاں دہلوی

صفحہ	تخلص	نام
۶۳۸-۳۸	زکی	مولوی سید زکی حسین
۶۳۸	〃	میرن صاحب
〃	〃	منشی عبدالغفور خاں
〃	زندہ	منشی محمد یحییٰ
〃	〃	منشی زین الدین اورنگ آبادی
۶۳۹	زوار	سید زوار حسین الہ آبادی
〃	زور	منشی میر تراب علی
۶۳۹-۴۰	زہیر	مولوی آغا حسین
۶۴۰	〃	قاضی عبدالحق بریلوی
۶۴۱-۴۲	〃	سید قلندر پراں
۶۴۱	زیب	مرزا جمال الدین
۶۴۱-۲	〃	راجہ جینولال بہادر
۶۴۲-۴۵	زیبا	مرزا بندہ علیخاں لکھنوی
۶۴۵	〃	منشی محمد قاسم دہلوی
۶۴۵-۴۶	زیبا	منشی عبدالمجید خاں
۶۴۶-۴۷	〃	مولوی عبدالغنی بدایونی
۶۴۷	〃	رائے اجودھیا پرشاد
۶۴۸	〃	مرزا عبدالرحمن بیگ
〃	زید	سید احمد
۶۴۹	زیدی	منشی سید نورالدین
〃	زیرک	حافظ مولوی قلندر بخش
۶۴۹-۵۰	خاطر	منشی ظفر حسین
۶۵۰	فرد	حکیم انور آغا لکھنوی
〃	خلش	خواجہ کرامت علی اجمیری
۶۵۰-۵۱	خلیل	نواب صاحب ٹونک
۶۵۱	خورشید	منشی خوشرفت علیخاں
〃	خیال	مولانا فیض الحسن

صفحه	تخلص	نام	صفحه	تخلص	نام

صفحه	تخلص	نام	صفحه	تخلص	نام

تذکرۂ ہزار داستان

معروف بہ

خمخانۂ جاوید

جلد سوم

خادم

خادم شیخ خادم علی خان مرحوم خادم از رؤسا قصبہ کیتھل من مضافات سرہند (حال تحصیل ضلع کرنال) انکے چچا قادر علی خان بسبب ملازمت عماد الملک غازی الدین خان فرخ آباد میں سکونت پذیر ہوئے اور یہ بھی اُنکے ساتھ وہیں جا رہے۔ نواب حمد خان مخاطب بہ ناصر جنگ نبگش نے آپ کو مظفر جنگ کا اتالیق مقرر فرمایا تھا آپ غلام محمد آزاد کے شاگرد تھے اُردو فارسی دونوں زبانوں میں مشہور انشا پرداز تھے۔ یہ کلام کا انتخاب ہے ؎

ہر چند ٹالتا ہے تو لیکن تری طرف	آتا ہوں پھر پھرا کے میں قبلہ نما کی طرح
سج دھج میں آن بان میں ترکیب و طور میں	بھاتی ہے ہمکو اپنے ہی اُس خوش ادا کی طرح
خادم سخن تو اور بھی کہتے ہیں خوب خوب	پر ہم سے سیکھ لے کوئی طرز و ادا کی طرح

عاشق ہوا ہوں اک بتِ بالا بلند پر
صد آفرین ہے میری بھی عالی پسند پر

مجکو کہتے ہو کہ چل باہر ہو
آپکے کہنے سے کب باہر ہوں

ہے کہیں یہ بھی رہ و رسم وفاداری کی
دل مرا چھین کے یوں راہ بتائی تو نے

پاس سے میرے جو وہ غرفہ نشیں اُٹھ جائے
طاقت و صبر و قرار و دل و دیں اُٹھ جاوے

تیرے قامت کا اگر شور نہ ہو کیا شک ہے
سارے عالم سے قیامت کا یقیں اُٹھ جاوے

کفِ افسوس ہی پھر ملتے رہیں گے تا حشر
ہائے گر یار دمِ بازپسیں اُٹھ جاوے

اُس سے در پردہ کچھ اظہارِ محبت کا کروں
یہ خجل کامرے دشمن جو کہیں اُٹھ جاوے

ہم نشیں پاؤں کو ہاتھ اُسکے لگاتا تو ہے تُو
ہے غضب اُس کا اگر ہاتھ کہیں اُٹھ جاوے

خادم ۔ جناب عتیق الرحمن خان صاحب تلمیذ جناب قدرت رامپوری ۔ باوجود تلاش اُنکے حالات ہم نہ پہنچ سکے یہ اشعار اُنکے ہیں ۔

کعبہ سے دیر کی لی راہ مسلماں ہو کر
بُت کا بندہ میں ہُوا صاحبِ ایماں ہو کر

یہ شرارت ہے نئی جان جلانیکے لئے
دل طلب ہم سے کرو غیر کے مہماں ہو کر

خاص ۔ محمد حیدر خاں خاص پسر آلہی بخش خاں منشی پلٹن شاہی شاگرد شاہزادہ جمعیت شاہ ماہر ۔ اکبر شاہ ثانی کے عہد میں دہلی میں موجود تھے تذکرہ نویسوں نے یہ اشعار اُنکے لکھے ہیں ۔

مئی جدائی گرچہ پہلو میں مے وہ یار تھا
ناز تھا ۔ آزردگی تھی ۔ رنج تھا انکار تھا

کاوشیں جھیلیں کہ کیا یادِ مژگاں میں تری
گاہ نشتر تھا جگر میں گاہ دل میں خار تھا

دیکھے نقشہ اگر اُس عالمِ تصویر کا
تُو تو کیا زاہد دل آوے اُس پہ تیرے پیر کا

مار کر مجکو ہوا تو قتلِ عالم پہ دلیر
خلق تھا میرا فساں قاتل تری شمشیر کا

کیوں تعجب ہے خلش ہر دمِ نفس کے ساتھ ہے
دل میں شاید رہگیا ہے کوئی پیکان تیر کا

خاطر ۔ منشی سید عبد الحمید صاحب لکھنوی شاگرد جناب فاخر لکھنوی ۔ زمانہ حال کے شعرا میں سے ہیں ۔ اُن کا کلام لکھنؤ کے کارخانوں میں نظر سے گذرا اور یہ چند شعر درج تذکرہ کئے گئے ۔

ٹیس نے اُٹھکے کلیجے کی کیا کام تمام
درد آخر کو میرے درد کا درمان نکلا

مالکِ حور و جناں کہتے تھے سب ضوان کو
جا کے دیکھا تو درِ یار کا دربان نکلا

کچھ خلش کا تو مزہ دل کو ملے ای صیاد
نورگِ جاں میں مری توڑ دے نشتر اپنا

کر عہد پہ اُس عہد شکن کے نہ بھروسا
جز یاس نہیں نخلِ تمنا میں ثمر اور

کس منہ سے کہا تھا کہ تجھے شاد کرینگے
کس دل سے یہ کہتے تھے کہ بیداد کرینگے

خاطر جناب رائے سُوبھ نرائن صاحب تلمیذ حضرت ظہیر دہلوی۔ اِنکے اُستاد نے اِن کی دو غزلیں بھیجی تھیں اُن میں سے چند شعر درج ہوئے حالات اور کلام بارہا طلب کئے۔ مگر دستیاب نہیں ہوئے۔

تقصیر نظر کی ہے نہ آئیں جو نظر میں
آنکھوں میں سمائے ہیں وہ بیٹھے ہیں جگر میں

مرغوب ہے اس درجہ اُنھیں اپنی نمایش
آئینے لگا رکھے ہیں دیوار میں در میں

پڑتے ہیں زباں پر مری چھالے دمِ گفتار
کیا قہر کی گرمی ہے مرے سوزِ جگر میں

دل چھین لیا دیکھتے ہی دیکھتے اُس نے
کیا سحر ہے اُس شوخ کی دزدیدہ نظر میں

خاطر منشی سید ظفر حسن صاحب لکھنوی تلمیذ حضرت خلیل۔ روزگار کی وجہ سے بمبئی میں رہتے ہیں اِنکی اکثر غزلیں نظر سے گذریں۔ باوجود کوشش حالات معلوم نہ ہوئے۔ کچھ اشعار منتخب ہوکر ضبطِ تحریر میں آئے۔ اگرچہ مدتِ مشق کچھ زیادہ نہیں ہے مگر موزونی طبع کے ساتھ شوخی اور خوش مذاقی اِنکے کلام سے آشکار ہے مضمون کی طرف بھی خیال کی پرواز ہے۔

چل بسے ہوش و خرد میں ہاتھ ملکر رہگیا
اک چھلاوہ میرے دل میں مجھکو چھلکر رہگیا

ہائے رے جوشِ شبابِ افسانہ وش
جب قدم رکھا کسی کا دل کچل کر رہگیا

جب اُٹھانے کے لیے میرے چلا دربانِ یار
میں بشکلِ نقشِ پا در پر کچل کر رہ گیا

خوب کی جلوہ نمائی مرحبا اے برقِ طور
ہوگیا بے ہوش کوئی کوئی چل کر رہگیا

یادِ گیسو سے اگر رات کو اُلجھن میں رہا
دن کو بنتا ہے خیالِ رخِ روشن میں رہا

نہ مٹا خونِ شہیدانِ ستم کا دھبّہ
حشر تک بن کے شفق چرخ کے دامن میں رہا

وقتِ آخر بھی نہ دیدار کی حسرت نکلی
کب وہ آئے ہیں کہ جب دم نہ مرے تن میں رہا

گر یہی دل کی تڑپ ہے تو پسِ مردن بھی
دفن یاروں نے کیا مجکو میں مدفن میں رہا؟

اپنے صیّاد کے احسان بھلا دوں کیونکر
میں قفس میں بھی رہا یوں کہ نشیمن میں رہا

کبتک رہیگا بادۂ اُلفت سے سرگراں
للّٰہ ابتو ہوش میں آ کچھ سنبھل کے چل

فقیرِ عشق ہیں پروائے ملک و مال نہیں
ہمارے پاس وہ شے ہے جسے زوال نہیں

تری نگاہ کا ہر بار اُٹھ کے جھک جانا
یہ کیا ہے مجھ سے مرے دل کا گر سوال نہیں

کسیکی فتنہ خرامی سے حشر بپا ہے
وہ بدنصیب ہے اب بھی جو پائمال نہیں

ہو مجھ سے وصل کا وعدہ عدو سے ایفا ہو
تمھیں کہو کہ یہ مکر و فریب چال نہیں؟

یہ کچھ شوقِ شہادت ہے کہ ہم سر بیچکر اپنا
برائے نذر قاتل آج خنجر مول لیتے ہیں

یہاں کے واسطے کیا کیا تنزک کیا کیا تکلف ہے
وہاں کیواسطے بھی کچھ تو نگر مول لیتے ہیں

خریداری دلوں کی اور نیچی نیچی نظروں سے
پر کہتے کس طرح ہیں اور کیونکر مول لیتے ہیں

وہ ہونگے اور بکجاتے ہیں جو تقدیر کے ہاتھوں
کوئی بیچے تو ہم اے دل مقدر مول لیتے ہیں

جذبِ اُلفت پردہ دار روئے زیبا کیوں نہو
میرے دل کے آئینہ میں تیرا نقشہ کیوں نہو

بیحجابی روکشِ چشمِ تمنّا کیوں نہو
جسکو آنکھیں دے خدا محوِ تجلّی کیوں نہو

کیا حیا ہے نیچی نظروں کے تصدق جائیے
تم نہ آنکھ اپنی اُٹھانا کوئی مرتا کیوں نہ ہو

بات جب بننے بھی دے برگشتگی تقدیر کی
بس بجا بھی کچھ کہوں اُلٹے تو بیجا کیوں نہ ہو

آنسو ٹپک پڑے جو مری التجا کے ساتھ
کچھ رحم کھا کے ہوئے وہ مُسکرا کے ساتھ

جویائے معرفت ہو تو باطن پہ کر نظر
کبتک چلے گا شیخ یہ تقوی ریا کے ساتھ

قاتل نہ توڑ آس ہماری دمِ اخیر
تیری نگاہ بھی کوئی تیغ ادا کے ساتھ

تقدیر کی ہے بات جواب بھی نہ ہو قبول
آمین کہہ رہے ہیں وہ میری دعا کے ساتھ

خاک میں مر کے یہ حسرت کے سوا لے نہ گئے
قبر میں ساتھ امیروں کے دوشالے نہ گئے

حشر تک سنگِ لحد بن کے رہے چھاتی پر
صدمے فرقت کے پسِ مرگ بھی ٹالے نہ گئے

ہوش بھی کر گئے ہمراہ نظر کے پرواز
شیخ جی پیکے جو بہکے تو سنبھالے نہ گئے

تشنہ کام و تشنہ لب کو آبِ جو درکار ہے
دِل کو تیری آرزو اور مجھکو تُو درکار ہے

کچھ نشاں اِس کا ملے گر ہو حقیقت پر نظر
جستجو میں اُسکی اپنی جستجو درکار ہے

خاک تیرے نقشِ پا کی مُنہ پہ مل لیتے ہیں وہ
کو چۂ اُلفت میں جنکو آبرُو درکار ہے

تیری وحدت کثرتِ عالم پہ ہے چھائی ہوئی
ایک ہے لیکن زمانے بھر کو تُو درکار ہے

خاطر ۔ مرزا معظم سلطان خاطر خلف اکبر مرزا محمود شاہ تتار گورگانی دفتر ٹریفک سپرنٹنڈنٹ ۔ ایس پی آر ۔ دہلی میں کلرک ہیں اور چالیس سال کے قریب عمر ہے ۔ تلمذ اپنے والد بزرگوار سے رکھتے ہیں ۔ انداز کلام مندرجۂ ذیل اشعار سے نمایاں ہے ۔

دیکھنا کچھ ہے ٹھکانا ہیبتِ جلاد کا
خنجرِ فولاد سے باہر ہے دم فولاد کا

جستجو میں عمر کھوئی تب ملا اتنا سُراغ
خود فراموشی بھی اک کلمہ ہے اُسکی یاد کا

تجھکو دعویٰ ہے خدائی کا تو آ بسم اللہ
میرا دِل تیرے لیئے عرشِ معلّی ہوگا

مِٹ بجائے تربتِ عاشق بسکل دیکھیں
دیکھکر رکھئے قدم آگے مرے جان دیکھکر

لُطف کا دِل سُنکے ہے خوبانِ عالم کا ہجوم
کیا گری پڑتی ہے دُنیا جنس ارزاں دیکھکر

ابھی کچھ تھے ابھی کچھ ہیں ۔ ابھی بدلے ابھی بگڑے
عدو کے سامنے وہ میری حالت بنکے آتے ہیں

عجب انداز ہیں محفل میں اُنکے آنے جانے کے
شرارت بن کے جاتے ہیں قیامت بنکے آتے ہیں

سمجھ لو تم ہمارے ضعف کے آثار جتنے ہیں
حسینوں میں سب انداز نزاکت بن کے آتے ہیں

کتنے نکالا اِنکو گھروں سے جو ہو گئیں
آباد حسرتیں دلِ خانہ خراب میں

دِن بھر جو تمکو دیکھ کے اُٹھتے ہیں وولولے
ارمان وہ نیکے شبکو جگاتے ہیں خواب میں

ہیں دُلکے آبلے مرے دریا سے پُوچھئے
کسکی بندھی ہوئی یہ ہوا ہے حباب میں

خاک

خاک میر طالب حسین ابن سید میر عظیم علی ساکن قصبۂ چلکانہ ضلع سہارنپور۔ اثنا عشری مذہب کے پیرو تھے اور قدیم وضع اور قطع کے پابند مذہب بزرگ تھے۔ چالیس سال تک ریاستِ سرموز ناہن میں معقول عہدوں پر مثل وکالتِ شملہ لاہور اور آخر میں مشیر ریاست بھی رہے اور اپنے آقا کو اپنی حسنِ خدمات سے رضامند رکھا۔ سنہ ۱۳۰۰ھ میں سفر حجاز اختیار کیا مگر قرنطینہ میں جہاز زیادہ عرصہ رُکے رہنے کے باعث سعادتِ حج سے محروم رہے۔ شعر گوئی کے دلدادہ تھے مگر غزل کم کہتے تھے۔ زیادہ تر طبیعت کا میلان اخلاقی اور نعتیہ مضامین کی جانب تھا۔ ایک طولانی مثنوی "گلِ باغِ ارم" تیس چالیس جزو کی حسنِ آداب و اخلاق میں جو مستورات کے درس کے لائق ہو تصنیف کر کے سنہ ۱۲۹۲ھ میں شائع کی تھی۔ قصائد اور متفرق کلام بھی بہت سا یادگار رہا۔ آخر سنہ ۱۸۹۱ء میں ۶۶ سال کی عمر پاکر ریاستِ ناہن میں انتقال کیا اور وہیں سپردِ خاک کئے گئے۔ کچھ کلام اُن کا بعد انتخاب پیشکش ہے ؎

از قصائد

نہیں مطلع مہِ نو مدحتِ ابروئے احمد کا		بنا ہے مدِ بسم اللہ اونچا ہو کے سرمد کا	
بیانِ خوبیِ تصویر بھی وصفِ مصوّر ہے		جو ہے وصفِ محمد وصف ہر رب محمد کا	
گنہگاروں کا حصہ ہے ترے دریائے رحمت میں		یہیں تو بڑھ گیا ہے حوصلہ کچھ نیک سے بد کا	
خدا کا گھر ہے مولد والدِ شبیر و شبّر کا		جو پیدا ہو خدا کے گھر میں وہ مختار ہے گھر کا	
علی کے ہاتھ پر کی جس نے بیعت خلد میں پہنچا		خدا کا ہاتھ پکڑا اُس نے اور بازو ہے پیمبر کا	
پھول کی طرح رہوں بُو کی طرح سے جاؤں	از غزلیات	بار ہووے نہ کسی پر مرا مرنا جینا	
شعلۂ عشقِ بتاں دل میں چھپا کر رکھا		ہے نے اس آگ کو چھاتی سے لگا کر رکھا	
سوزِ فرقت سے کبھی آہ نہ آئی لب تک		آگ کے ساتھ دھوئیں کو بھی دبا کر رکھا	
دیکھ آئینے میں ابرو کو ہے مائل قاتل		آپ تلوار سے اپنی ہوا بسمل قاتل	
سر جو کاٹا ہے تو در پر بھی پڑا رہنے دے		نالہ کرسکتا ہے کیا جب نہ ہو سائل قاتل	
کہیں کمر میں بل آ جائے یہ بوجھ اُس نے کہاں لادا ہے		کہ سر پہ زلفوں کا بار بھی ہے گلے میں پھولوں کا ہار بھی ہے	

خاکسار

خاکسار میر محمد یار متخلص بہ خاکسار معروف بہ میر کلو شاہ جہان آبادی فیلن صاحب لکھتے ہیں کہ خاکسار عرف کلو سودا اور میر حسن سے پیشتر تھا اور میر تقی کے اشعار کو تمام طفی میں اصلاح دیتا تھا۔ لیکن میر صاحب اس امر کو تسلیم نہیں کرتے بلکہ اپنے تذکرہ میں کہتے ہیں کہ جب میں اُسے مشاعرہ میں بُلاتا تھا تو وہ آنے سے جان چُراتا تھا۔ نساخ انھیں جانِ جانان مظہر کا شاگرد بتاتے ہیں۔ بہرحال ایک خوشگو اور عاشق مزاج شاعر تھے۔ قدیم تذکروں میں یہ بھی نظر سے گذرا کہ ان کا لقب "شاہ الشعرا" تھا۔ آپ قدم شریف دہلی کے خادموں میں تھے۔ قلندرانہ وضع رکھتے تھے سودا اور میر کے عہد شباب میں کمسن مشق گنے جاتے تھے۔ زبانِ ریختہ کے بڑے مشاق تھے۔ صاحب دیوان اور شاعر خوش بیان تھے۔ علی ابراہیم خان مرحوم تحریر فرماتے ہیں کہ اشعار اس عزیز کے میرے ہاتھ نہیں لگے اور یہی باعث ہے کہ تذکروں میں آپکے اشعاروں کی کمی ہے۔ نمونۂ کلام یہ ہے ؎

تھا زلیخا کو جو جاں سے مہ کنعاں عزیز
ہمنے بھی تجھ سے تو بے مہر نہ کی جان عزیز

کیوں نہ وہ مصحفِ رو جان سے مجھے ہووے ریا
کس مسلمان کو نہیں دین اور ایمان عزیز

خاکسار عرش سے بھی دیکھا پرے تیرا مزاج
آپ میں آ ذرا اپنے تئیں پہچان عزیز

تیغ قاتل سے رہے محروم بے تقصیر ہم
روز محشر کو اٹھیں گے اس لیے دلگیر ہم

کیا ہے حاصل تجھے ناصح مرے سمجھانے سے
آہ جوں شمع ہے راحت مجھے جل جانے سے

ترے باغباں کا یہ دیکھا سلیقہ
کہ نرگس کو بویا نہ بوئیں یہ آنکھیں

دلِ شیفتہ کر کے کیا لیا تُو
اے خانہ خراب کیا کیا تُو

تری زلف سیہ سے اے پیارے
مجھ کو اک سر ہزار سودا ہے

رونے سے خاکسار کے سوتا نہیں کوئی
اس خانماں خراب کو چپکا خدا کرے

کیا ہے اس خاکسار کی تقصیر
یہ مگر تم کو پیار کرتا ہے

قیامت بھی ہوگی تو میری بلا سے
جسے مدعا خواہی کی طاقت کہاں ہے

خاکسار

خاکسار محمد بلاقی خاکسار تخلص ساکن مراد آباد سپاہی وضع عاشق مزاج۔ وارستہ رنگ شخص تھے اور قدرت اللہ شوق کے دلی دوست انہیں کے فیض صحبت سے گاہ گاہ ریختہ بھی کہتے تھے۔ شاہ عالم ثانی کا زمانہ پایا تھا۔ عالم جوانی میں فوت ہوئے یہ چند شعر تذکرۂ شوق سے درج ہوئے ؎

مرے دیدۂ تر بہا کر چلے — دو آبے میں یہ گھر ڈوبا کر چلے
کیا تیغ ابرو سے مجھ کو شہید — یہ کیا خوب جوہر دکھا کر چلے
دکھا ساق سیمیں تو اب شمع کو — رولا کر۔ گلا کر۔ جلا کر چلے

خاموش

خاموش۔ حضرت میاں عبداللہ شاہ بتوری چشتی صابری۔ یہ بزرگ نہایت عالی خاندان اور صاحب سجادہ حیدرآباد دکن میں تھے۔ عارف باکمال و سالک حال و قال مشہور تھے تنہائی پسند۔ اکثر جہاں رہتے تھے خاص اوقات کے سوا کسی کو آنے کی اجازت نہ ہوتی تھی اور شبانہ روز خاموش رہا کرتے۔ کبھی اشد ضرورت ہوتی تو کسی سے بات کر لیتے گویا اسم بامسمّٰی خاموش تھے۔ باوجود ان مشاغل صوفیانہ و مجاہدانہ کے فن سخن سے طبیعت مانوس تھی۔ آپ کا کلام بھی عارفانہ اور بالکل تصوف کے رنگ میں ڈوبا ہوا اور سیدھا سادھا ہے ایک بہت مختصر دیوان قریبًا پندرہ سال ہوئے چھپا تھا اُس سے کچھ اشعار انتخاب کر کے درج کیے جاتے ہیں۔ سال وفات معلوم نہ ہوا ؎

بھلا ہُوا سو ہُوا۔ یا بُرا ہُوا سو ہُوا — طرف سے یار کی جو کچھ ہوا ہوا سو ہوا
قریب مجھ سے ہے پھر کیوں نظر سے غائب ہے — جمال اپنا تو مجھ کو دکھا ہُوا سو ہُوا
ایک مدت حرم و دیر میں ڈھونڈا حق — سیمبر بر میں چھپا تھا مجھے معلوم نہ تھا
بظاہر ملاقات ہوتی ہے مشکل — مگر خواب میں تو ملا کیجئے گا
ہم عشق کے بندے ہیں سنو شیخ و برہمن — کیا تم سے کہیں کفر ہے اسلام ہمارا
صحرا میں ہے باغ میں ہم کا ہیکو جائیں — اگلش میں نہ ہو جبکدہ وہ گلفام ہمارا

شام کثرت ہے نمایاں زلفِ روئے یار پر
صبح وحدت کے ہیں جلوے یار کے رخسار پر

چلے بت خانے کو سن واعظ
زاہدو! اپنا تو خدا حافظ

ستم کو ترے کب ستم جانتا ہوں
عنایات و لطف و کرم جانتا ہوں

دو عالم کی ہستی ہے موہوم ساری
جسے دیکھتا ہوں عدم جانتا ہوں

نہ مہر و وفا نے جفا چاہتا ہوں
بہر حال تیری رضا چاہتا ہوں

پروانے کیسے جلتے ہیں محفل میں آ کے دیکھ
پوشیدہ عاشقوں سے تو اے شمع رو نہ ہو

دیکھ صورت کو تری ہوش نہیں رہتا ہے
اپنا احوال بھلا کیا میں سناؤں تجھ کو

خاموش دیکھ ارض و سما میں ہے کس کا نور
سورج ہیں کون ماہ درخشاں ہیں کون ہے

شمع پروانے کو جلاتی ہے
شمع کا دل جلا دیا کس نے

روشن ہوئی جب شمع تو پروانے سے بولی
اب تیرے پر و بال جلانے کے دن آئے

تجھے جب کہ ڈھونڈا نظر آپ آیا
عیاں ہوں میں تجھ میں نہاں مجھ میں تو ہے

کرے قتل گر ہم کو انکار سے کب
وہ تلوار کس کی یہ کس کا گلو ہے۔

خان - اشرف خان نام تھا۔ دہلوی الاصل تھے۔ پھر لکھنو چلے گئے۔ جب دہلی میں رہتے تھے تو انجمن مشاعرہ ترتیب دیتے تھے غلام ہمدانی مصحفی سے فن شعر میں مستفید ہوئے۔ ؎ خان

رہی کچھ تھوڑی سی وحشت کی ہوا میرے بعد
پہلے میں وحشی ہوا قیس ہوا میرے بعد

تو ابھی سے تو نہ اس بت کی طرفداری کر
مجھ سے ہو جائیو اے دل تو جدا میرے بعد

اس برائی کے سزاوار یہیں ہیں پیارے
گالیاں کس کو سنائے گے بھلا میرے بعد

اے خان غم فراق میں تم زہر کھا مرو
اس کے سوا نہیں کوئی تدبیر دوسری

خان - محمد خان نام سعادت یار خان رنگین سے تلمذ تھا۔ نیک طینت خوش اخلاق شخص تھے۔ اوائل اٹھارہ صدی میں دہلی میں موجود تھے۔ یہ دو شعر ان کے ملے۔ خان

یاد جس وقت تری آتی ہے
مجھکو ہچکی وہیں لگ جاتی ہے

دُنیا میں ہم جو آئے تو کیا کام کر چلے | ناحق ہم اپنے نام کو بدنام کر چلے

خاور میرزا محمد اکبر خان خاور مرحوم ابن مرزا محمد مہندی سیستانی شاگرد میر وزیر صہبا مہاراجہ صاحب والئے پٹیالہ کی سرکار سے سو روپیہ کا مشاہرہ مقرر تھا۔ ۱۲۹۵ھ میں پینتالیس ۴۵ سال کا سن تھا۔ لاہور میں عربی اخبار موسومہ "نفع العظیم" کے اڈیٹر تھے بڑے جید فاضل اور اکثر فنون سے ماہر تھے۔ فارسی استعار نہایت عمدہ کہتے تھے۔ سیاحی کا بہت شوق تھا اکثر اطرافِ ہندوستان کی سیر کی تھی۔ فارسی شعر اکثر کہتے تھے چنانچہ کوہ نور وغیرہ لاہور کے پرانے اخباروں میں بسا اوقات اِن کا کلام شائع ہوتا رہا اپنے زمانے کے اکثر مشاہیر سے روشناس تھے۔ ۷۰ برس سے زیادہ عمر پائی۔ آپ کا دل و دماغ علمی معلومات کا ذخیرہ تھا اور انھیں اپنے عہد کی زندہ تاریخ سمجھنا چاہیئے۔ مدتوں دہلی لاہور لکھنؤ میں رہے۔ کثیر الاحباب اور بڑے زندہ دل بزرگ تھے۔ انتخابِ کلام حسبِ ذیل ہے ؎

معمور ہے داغوں سے سراپا مرے دل کا | مثلِ شجر طور ہے نقشہ مرے دل کا
دیوانگی نے بادشہِ وقت بنایا | چلتا ہے پریزادوں میں سکہ مرے دل کا
مر مر کے بسر کرتا ہوں میں زیست کو اپنی | رہ رہ کے ٹپکتا ہے پھپولا مرے دل کا
جیتا ہوں نہ مرتا ہوں عجب دُکھ میں پڑا ہوں | کیا پوچھتا ہی حال ہے کیسا مرے دل کا
ساقی نے دیا جام مے ناب نہ خاور | پانی کی طرح بہ گیا شیشہ مرے دل کا

جنوں رنگ لائے کچھ ایسا ہمارا | پریزاد دیکھیں تماشا ہمارا
نہ دیکھا ہو جنے کبھی وقصِ بسمل | وہ آج آ کے دیکھے تماشا ہمارا
بگولا بنی پھرتی ہے خاک اپنی | موئے پر بھی وہ ہی ہے سودا ہمارا
بھری ہے ہوا شاہِ خوبان کی لمبیں | ہُما بن کے پھرتا ہے سایا ہمارا
لہو پی کے چھوڑیگی وہ زلفِ مشکیں | گھٹا یہ سکھائے گی دریا ہمارا
بچھڑ جینگے ہم کوئے دلبر کو خاور | یہ جنت ہماری یہ طوبا ہمارا

ہوئے ہو تم اُس بے مروت کے خاور	نہ ہے وہ کسی کا نہ ہوگا ہمارا!

خاور

خاور۔ میرزا نواب بہادر خاور باشندہ خیرآباد ملازم سرکار معتمد نواب بہرام الدولہ بہادر خویش نواب سپہ سالار جنگ بہادر مرحوم وزیر حیدرآباد دکن۔ زیادہ حال معلوم نہیں یہ انکا کلام ہے ؎

کس نے جھانکا ہے آج محمل سے	صبر جاتا رہا مرے دل سے
جا کے اب در پہ اُسکے بیٹھ رہیں	یہی ٹھہرا ہے مشورہ دل سے
پوچھتے! کیا ہے ماجرا وہاں کا	کوئی پھرتا جو کوئے قاتل سے
سیکڑوں روز قتل ہوتے ہیں	شوق ہے اُنکو رقص بسمل سے

خاور

خاور۔ میرزا احمد سُلطان خاور گورگانی ابن میرزا مظفر بخت خلف میرزا شاہرخ بہادر فرزند دومئ حضرت بہادر شاہ ثانی۔ عمر اب پچاس سال سے متجاوز ہے۔ یہ خود مرزا فیروز شاہ خلف مرزا سلیم کے داماد ہیں۔ اور ۱۸۷۶ء سے ضلع بھونگیر ریاست حیدرآباد دکن میں عہدہ دار انعام ہیں تصانیف سے ایک رسالہ موسوم بہ خورشید خاور نظر سے گذرا۔ اُس میں سے چند اشعار انتخاب ہو کر درج تذکرہ کیے جاتے ہیں کلام میں کوئی بات بجز سادگی قابل ذکر نہیں معلوم ہوتی ؎

خالق ہے وہی غمزہ و انداز و ادا کا	جینے کہ بتایا کہ ہمیں ڈھنگ آہ و بُکا کا
ضرورت دشت پیمائی کی اب جاتی رہی خاور	کہ گھر میں ہی مزا آنے لگا ہمکو بیاباں کا
ہُوئی ہے نقش غم دل اور جگر پہ مرتسم ایسی	کہ سینے کے قفس میں بند دو طائر ہیں گویا
بڑھتا ہے شوق طاعت اصنام اور بھی	لُطف ثواب سُنتے ہیں جب پارسا سے ہم

اشعار از قصیدہ در مدح اعلیحضرت انظام خلد آشیان

ازل ہی میں نہوں جسکو عطا اوصاف سُلطانی	وہ ہرگز کر نہیں سکتا جہانداری جہاں بانی
روش وہ سیدھی سادھی ہو ہمارے قدر قدرت کی	سمجھ سکتی ہے جس سے خلق حضرت کی خداوانی

دروغ و مکر دونوں دشمنوں کو زہر لگتے ہیں — تکلف اور بناوٹ کے ہیں بے حد دشمن جانی
بڑھی مشق سخاوت رفتہ رفتہ ایسی حضرت کی — کہ کم عمری میں ہیں مشہور عالم حاتم ثانی
انھیں کے عہد دولت مہد میں ہم جیسے شاعر ہیں — کہ خستہ خاطروں کی دل سے فرماتے ہیں مہمانی

خبر

خبر۔ سید محمد مہدی بلگرامی ولد سید محمد عسکری یہ بزرگ سید فرزند احمد صفیر بلگرامی کے پھوپھا اور استاد تھے فارسی اور اُردو دونوں زبانوں میں فکرِ سخن کیا کرتے تھے۔ بمقام بھاگل پور ۱۲۷۰ھ ہجری میں انتقال کیا یہ اُن کے اشعار ہیں۔

ہمنے رونے کا بھلا کب سروساماں باندھا — تم نے ہی دیدہ و دانستہ یہ طوفاں باندھا
سدِّ وصال رنجش دلدار ہو گئی — اتنا پڑھا غبار کہ دیوار ہو گئی

خبر

خبر۔ میر نادر حسین صاحب شاگرد مشتاق لکھنوی۔ آپ دورِ موجودہ کے شاعر ہیں حالات باوجود تلاش بہم نہ پہنچے۔ کلام حاضر ہے ؎

اِک نہ اِک دن جان دیدو نگاہیں تیرے ہجر میں — گر تُو ہیں لے بے وفا تو مجھ سے بیگانہ رہا
جستجو قیس کی منظور تھی ورنہ کیا تھا — دشت میں پھرتی تھی کیوں صاحب محمل خاموش

مُنہ نہ ہُوا دردِ جگر کا میں شب وصل — سینے پہ رکھا ہاتھ ترس کھا کے کسی نے
دیکھا نہ گیا اِس سے مرے سینے کی جانب — خورشید کو اندھا کیا داغ جگری نے

خبیر

خبیر۔ مولوی غلام محمد خان خٹک خبیر فرخ آبادی۔ حضرت رشک کے تلامذہ سے ہیں انکے بزرگ رؤسا رنگیش کی سرکار میں ملازم تھے اور غلام قادر خان انکے والد مہاراجہ سندیا کی فوج میں رسالہ دار تھے۔ یہ خود ایک عرصہ تک نواب کلب علیخاں والی رامپور کے مصاحب رہے۔ صاحبِ دیوان و مثنوی "دریائے عشق" و "سخن فیض" ہیں ؎

تشنۂ آبِ اجل جان کے مجکو شاید — آبِ شمشیر پلانے میں اِفاقل آیا
ہے ماہ پر آگے ترے مہتاب کا عالم — خورشید میں نقشہ ہے چراغ سحری کا
کہتے ہیں تقتل عشاق میں آکر سفاک — آئیں تو روبرو وہ کون ہیں مر نیوالے

خرد

خرد۔ نواب فخرالدین خاں خرد دہلوی خلف نواب شرف الدین محمد خاں۔ قلعۂ دہلی میں بہادر شاہ کے زمانے میں بخشی گری کے منصب پر ممتاز تھے۔ نواب مصطفی خاں شیفتہ کے گہرے دوست تھے۔ اُنکے کلام کی بھی انھوں نے ہی تدوین کی تھی۔ یہ اُنکے اشعار ہیں۔

ہماری اُن کی محبت آہ ابر و برق کی سی ہے — ہم اُنکو دیکھکر روتے ہیں اور وہ ہم پہ ہنستے ہیں
لبوں پہ جان ہے جلدی پہونچ کہیں ظالم — یہ آرزو ہے کہ دم تیرے رُوبرو نکلے

خرد

خرد۔ حکیم مرزا محمد علی حسین خاں خرد عرف حکیم انور آغا لکھنوی مقیم حیدرآباد دکن پنشن خوار سرکار تھے ایران بھی گئے تھے۔ انگریزی میں بھی معقول دستگاہ تھی ۱۲۳۸ھ سال پیدائش تھا۔ دکن میں عرصۂ دراز تک رہے اور مشاعروں کے انتقاد سے شعر و سخن کا چرچا جاری رکھا غزلوں کے علاوہ قصیدہ گوئی میں بھی ملکہ تھا۔ دس یا بارہ برس ہوئے حیدرآباد میں انتقال کیا۔ دکن کی علمی صحبتوں میں اکثر شریک رہتے تھے استعداد علمی بہت اچھی اور پایہ کی تھی اور ہزارہا اشعار اساتذہ کے نوک زبان تھے لکھنؤ کے اُساتذہ کی صحبت پائی تھی ؎

قیس لیلیٰ کے سبب عشق میں کامل نکلا — لوگ مجنوں جسے سمجھے تھے وہ عاقل نکلا
سخت جانوں پہ نہ آساں ہوئی مشکل دم نزع — دم بھی مشکل میں جو نکلا تو بمشکل نکلا
خرد اُس طفل نے دل لے لیا نادان بنکر — نا سمجھ جسکو سمجھتے تھے وہ عاقل نکلا

خوش سلیقہ دلبرانِ وقت ہیں مطلب کے دوست — یہ عدوئے جان ہیں دشمن سبکے اور پھر سب کے دوست
کچھ تو سمجھا ہوں جو خود جان کے کھویا ہے دل — تجھ میں وہ بات ہے جس بات کا جویا ہے دل
شعر بے عشق کبھی لایق تاثیر نہیں — ساز ہے سوز نہیں شمع ہے تنویر نہیں
حبذا تو جلوہ نما اے بت بے پیر نہیں — بزم میں شمع نہیں شمع میں تنویر نہیں
دستِ قدرت نے بنایا ہے مرقع تیرا — جو کہ مانی سے کھنچے وہ تری تصویر نہیں
مثل غالب ہوں خرد قائل قول ناسخ — آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں

میں کیا ہوں کون ہوں نہ واعمر بھر یہ علم — خود اپنی معرفت سے رہا اشتباہ میں

حور و قصور جنت و عفو و ثواب واجر	سب کچھ ہے ایک تیرے کرم کی نگاہ میں
کیونکر چھپے گا نالہ و افغاں میں درد دل	غماز اب کئی مرے رازِ نہاں کے ہیں
مر کر بھی قید غم سے نہ آزاد ہونگے ہم	اک مرغ جان ہے سات قفس آسماں کے ہیں
افکارِ دنیوی سے ہیں اہلِ عدم پرے	یہ سب تعلقات خرد اس جہاں کے ہیں
نگاہِ رنداں ہر رخنہ افگن ہے رخنہ افگن نگاہِ زنداں	ٹپک رہی ہے شراب خم سے شراب خم سے ٹپک رہی ہے
پسِ فنا بھی ہے یادِ گیسو ہے یادِ گیسو پسِ فنا بھی	مہک رہی ہے لحد ہماری لحد ہماری مہک رہی ہے
پسند گوشہ نشینی جو ہمکو زیست میں تھی	رہے مزار میں یوں جیسے اپنے گھر میں رہے
بخیل ایسے گرفتارِ حرصِ دنیا ہیں	کہ دم بھی جسم سے نکلے تو مال و زر میں رہے
غیر ہیں سب نہیں اپنوں میں بھی اپنا کوئی	سمجھے اپنا نہیں اپنوں میں بھی اتنا کوئی
اب وہ نوبت ہے کہ دشمن بھی مجھے کہتے ہیں	ہائے کیا تو نے یہ احوال بنا رکھا ہے
اس پری نے دمِ نزع آکے مری بالیں پر	ملک الموت کو دیوانہ بنا رکھا ہے

خرد خرد۔ صاحبزادہ مرتضیٰ خان خرد رامپوری پہلے آغا غنی سے مشورہ کرتے تھے پھر حضرت جلال سے اصلاح لینے لگے۔ صاحبزادہ محمد علی حسن خاں کے بیٹے ہیں سنہ ۱۲۶۶ھ سالِ پیدائش ہے۔ انکا کلام بہت اچھا ہوتا ہے طبیعت میں جدت شوخی مضمون آفرینی سب کچھ ہے اب سنا ہے کہ دہلی تخلص کرلیا ہے۔ بعض بعض شعر بے مثل کہہ جاتے ہیں۔

کلیسا کیا حرم کیا بت کدہ کیا ؟	تمھیں ڈھونڈا ہے گھر گھر ہمنے کیا کیا
نہیں گر خون پہلو میں ہوا دل	شبِ فرقت پھر آنکھوں سے بہا کیا
خلش میں ہوں مگر کوئی نہ ارماں ہوتا	کاش اس دل کی جگہ سینہ میں پیکاں ہوتا
منہ کو آنچل سے چھپاتے جو تم آکر شب وصل	جلوۂ حسن چراغ تہ داماں ہوتا
اپنا یہ حال۔ آپکی توجہ ادھر نہیں	سچ ہے کسی کے دل کی کسیکو خبر نہیں
ایماں کی خیر حضرتِ زاہد منایئے	یہ بت وہ ہیں کہ جنکو خدا کا بھی ڈر نہیں

میں بھی اللہ سے روز ایک نیا دل مانگوں — آئے دن آپ جو تازہ ستم ایجاد کریں
خلش درد بھی یار رب ہے یہاں روز افزوں — ظلم پر ظلم وہ بیداد پہ بیداد کریں
فرقت میں سوا اسکے تمنا مجھے کیا ہو؟ — وہ درد اٹھے دل میں کہ جسکی نہ دوا ہو
خلش کی لذتیں قاتل مرے دل سے کوئی پوچھے — مرا دل توڑ کر نا دک ترا جسم نکلنا ہے
دل و دین کی خرد ہو خیر وہ آتا ہے بن ٹھن کر — کہ جسکی سادگی میں حسن کا عالم نکلتا ہے
کچھ زیادہ پیش دل ہو یہاں بھی ہر شب — روز افزوں جو یونہی حسن خداداد رہے
بیدار ہوں یا خواب کا عالم ہے الٰہی — حیرت ہے شب وصل کہ وہ میرے گھر آئے
جب میں کہتا ہوں حشر آنے دو ایسا — کہتے ہیں وہاں بھی گر خدا نہ سنے

خرد — خواجہ محمد شفیع الدین انصاری خرد تلمیذ آزاد سہارنپوری دکن میں سکونت ہے اور ڈاکخانہ نیں ملازم ہیں ۔ داغ صاحب کے ہاں اکثر نشست رہتی تھی ایک مختصر دیوان بھی چھپا ہے ۔

اس طرح ہوتے نہ ہم خوار و ذلیل و رسوا — تیرا سودا نہ اگر زلف پریشان ہوتا
رام اس بت کے ہوئے سینکڑوں مشتاق جمال — کھینچکر قشقہ جو وہ شوخ جبین پر نکلا
حسرت و یاس و الم کا ہے جو بالیں پہ ہجوم — آج پرسا ترے بیمار قضا لیتے ہیں
انتظار شب ہجراں کا کہوں کیا عالم — آنکھ دروازے سے ہر وقت لڑی رہتی ہے

خرد — منشی ہردیال پرشاد سررشتہ دار محکمہ سکرٹریٹ دربار گوالیار دور موجودہ کے کہنے والے ہیں ۔ باوجود بار بار دریافت کوئی حالات بہم نہ پہنچے رسالۂ امتحان شاہجہانپور میں عرصہ تک انکی غزلیں شائع ہوتی رہیں اس میں سے کچھ اشعار منتخب ہوکر درج تذکرہ کئے گئے ۔

آنچل سے چھپاتے ہو عبث روئے منور — اس ابر میں یہ چاند نہاں ہو نہیں سکتا
کبتک ترے سودائے محبت کو چھپاؤں — وہ جوش ہے دل میں کہ بیاں ہو نہیں سکتا
ہم تو نگاہ لطف کے امیدوار تھے — آنکھیں پھیر لیں یار نے یہ کیا ستم کیا

آتا کوئی کہدے انسے جاکر — بیمار کو دیکھ لو تم آکر — گریباں چاک دامن پارہ پارہ — بنتی نہیں کل ہے کس کسیں فضو ہو

مدتوں ہمنے ترے در پہ جبیں سائی کی — یوں مٹایا خطِ تقدیر کا لکھا کس نے
رات دن آنکھوں میں تصویر پھرا کرتی ہے — تم کو ہمنے نہیں دیکھا ہے تو دیکھا کس نے
وائے قسمت نہ دمِ نزع بھی صورت دیکھی — اُسنے منہ پھیر لیا غیر کی حالت دیکھی
عشق گیسو میں بلا کے غم رہے — اپنے جینے سے بھی برہم ہم رہے
دل پر نگاہ ڈالکے اُسنے لگادی آگ — شعلہ چراغ طور کا برقِ نظر میں ہے
دن رات خرد کوچۂ جاناں کی کرو سیر — مطلب نہیں کیا حور سے کیا باغِ ارم سے
جب سے ہوائے عشق عدو لگ گئی تمہیں — مُرجھا گئے ہیں پھول سے رخسار اور بھی

خرم ۔ پنڈت گلاب رائے مخلص بہ خرم دہلی وطن تھا انکے صاحبزادے پنڈت کنہیالال شنگلو عرف تجو مبارک تخلص ڈپٹی کلکٹر تھے اب پنشن پاتے ہیں اور پوتے انکے پنڈت سورج نرائن منصف ہیں

خرم

دل جلا کیا کوئی آتا ہے یہاں — خرم آتی ہے مجھے بوئے کباب
غبارِ خط نہیں خرم ہے گرد اس روئے تاباں کے — مدوّر ہے بنی کیا خوب میری آہ کی صورت
یاد آتی ہے مجھے خرم جو وہ زلفِ سیاہ — سانپ پھرتا ہے مری چھاتی پہ لہراتے ہوئے

خرم ۔ منشی سیتل پرشاد خرم حیدرآبادی ۔ شاید منصدار ہیں ظریف اور خوش طبع آدمی ہیں ۶۰ برس کے درمیان عمر ہے ۔ حیدرآباد کے اکثر مشاعروں میں شریک ہوتے رہتے ہیں ؛

خرم

ملیں گے خاک میں ہم خاکسار ہیں اے چرخ — کریگا کیا بھلا دشمن ہمارا تُو ہو کر
ہُوئی ہے جیسے کہ کُن سے مزد ہستی کی — فنا بھی ہوگی یونہیں ایک روز تُو ہو کر
خدا کو روزِ قیامت میں مُنہ دکھانا ہے — رواں جہاں سے ہو خرم تو سرخرو ہو کر

خستہ ۔ قطب بخش نام ۔ سید محمد کرمانی کی اولاد اور حضرت نظام الدین اولیاء کے مجاور تھے خوش خلق و مہذب نیک اور باوضع بزرگ تھے ۔ کبھی کبھی شعر گوئی کی طرف بھی توجہ کرتے تھے اور اس فن میں بھورے خان آشفتہ سے مشورہ کرتے تھے ۔ یہ اُنکے اشعار ہیں ۱۸۴۸ء سے پہلے انتقال کیا ؛

خستہ

چہرہ اُس بُت نے جو ناگاہ لبِ بام کیا
روز خورشید درخشاں کا وہیں شام کیا

جسکو پروا ہی نہیں کوئی مرے یا جیوے
دِل دیا ہائے میں اُس شوخ کو کیا کام کیا

جور و جفا مت کرو دل کو نہ آزار دو
چاہ کے پیاسوں کو ٹک شربتِ دیدار دو

ہائے رے ہا منصفیِ خلوت و جلوت کے بیچ
سب کو بلاؤ صنم اِک ہمیں دعتکار دو

خستہ عبداللہ خاں عرف میاں جیون۔ اصل وطن کشمیر تھا مگر یہ خود دہلی میں پیدا ہوئے خستہ
اُنکے والد نواب محمد الدولہ عبداللہ خان بہرام جنگ کے رفقا میں تھے جو شاہ عالم ثانی کے وزیر
تھے اور اپنے والد کے بعد یہ بھی اُس منصب پر ممتاز رہے متواضع اور خوش مزاج شخص تھے۔ فن
سخن میں حکیم ثناءاللہ خاں فراق کے شاگرد تھے۔ یہ اُن کے اشعار ہیں +

جو کوئی لاوے پیام اُس کے آج آنے کا
میاں میں صدقے ہوں اُسکے زباں ہلانے کا

دستِ قاتل پہ مرے خوں کی جو تھی رنگینی
ایسی رنگت کا کبھی رنگ حنا نے نہ دیا

سایہ ساں پہنچے تو تھے پاؤں تلک گر پڑ کر
اُسنے دامن کو بھی پر ہاتھ لگانے نہ دیا

جب خاکِ غریباں پہ تم اِس حال سے آؤ
انصاف کرو کیونکہ نہ برباد ہو کوئی

یہانتک تو ہوئے محو تمہارے کہ یہاں میں
لو ہم سے قسم ہمکو اگر یاد ہو کوئی

خستہ حکیم محمد سلیم خاں مرحوم خلفِ حکیم محمد عظیم خاں دہلوی از خاندان حکیم محمد شریف خاں خستہ
حکیم محمود خانصاحب) منصب دار ریاست جیپور۔ اِن کا وطن اصلی دہلی تھا۔ مگر بعد غدر جیپور میں
مستقلاً سکونت اختیار کرلی تھی مہاراجہ رام سنگھ والی جیپور کے دربار میں ذی رسوخ اور صاحب
اثر تھے آخر عمر میں کونسل عالیہ کے سررشتہ دار بھی ہوگئے تھے۔ علم طب میں ایسا دخل تھا کہ دُور
دُور جواب نہ رکھتے تھے انکے مطب اور حذاقت کی آجتک شہرت چلی آتی ہے علاوہ ازیں
شاعری میں بھی دستگاہ معقول تھی پندرہ برس ہوئے ۵۰ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ بڑے
خلیق زندہ دل وسیع مشرب بزرگ تھے۔ شعر بہت خوب کہتے تھے۔ گو مشق کم تھی۔ مذاق
سخن صاف شستہ اور رنگ میں پختگی پائی جاتی ہے طبیعت معانی خیز پائی تھی۔ علم طب میں ایک

طویل کتاب اپنے آقائے نامدار کی فرمایش سے لکھی تھی جو چھپ بھی گئی ہے حضرت ظہیر انور نواب رونق تسلیم وغیرہ کے جلسوں میں شریک رہتے تھے۔ بہزار وقت وتلاش یہ چند اشعار ملے۔

محشر میں دیکھئے لب معجز نما کے کام — مٹتا ہے بات بات پہ دفتر گناہ کا
بے جرمیوں پہ قتل مرا پر ضرور تھا — کیا کہہ ہے یہ قصور کہ میں بےقصور تھا
واں تھی حیا سے مانع گفتار خامشی — سمجھے سب اہل بزم کہ اسکو غرور تھا
غیر سے الفت نہیں ضد ہی سہی — تمکو وعدے بھی نہیں ہیں یاد کیا
بے امیدی مطلب کہ یاس مرنے سے — یہ بے کسی کہ دم مرگ انتظار رہا
وفا نہیں تو نہیں مور جفا ہی سہی — ہزار شکر کہ میں داخل شمار رہا

خستہ

خستہ۔ جناب حیدر علیخان صاحب بہادر فضل اسسٹنٹ کمشنر ملک برہما۔ حالات باوجود تلاش دستیاب نہو سکے صرف ایک غزل ہاتھ آئی اسکے چند شعر درج ذیل ہیں۔

تجھکو غیروں سے جو الفت ہو گئی — لے ہمیں بھی تجھ سے نفرت ہو گئی
چین سے گذری شب وصل صنم — صبح ہوتے ہی قیامت ہو گئی
گھر سے نکلا ہے بت محشر خرام — شہر میں برپا قیامت ہو گئی
زلف سلجھاتا بھی اُن کو بار ہے — اس قدر نازک طبیعت ہو گئی
کیا سبب ہے اے بت ظالم تجھے — نام سے خستہ کے نفرت ہو گئی

خستہ

خستہ۔ جناب منشی معشوق اللہ خاں صاحب تلمیذ حضرت داغ۔ باوجود کوشش حالات دستیاب نہوئے۔ چند رسالوں سے کلام منتخب ہو کر نقل ہوا۔

دل لیا ناز و ادا نے تیغ نے جان و جگر — خون جو کچھ تھا بدن میں اسکو پیکاں لیچلا
ہے کدھر جذب محبت کیا ہوا تیرا اثر — دیکھ پہلو سے مرے دل کو وہ پیکاں لیچلا
ساقیٔ نگاہ لطف ہو پھر میگسار پر — لینا خبر کہ نشہ مے ہے اُتار پر

خستہ

خستہ۔ حکیم غلام حضرت خاں صاحب رامپوری شاگرد امیر مینائی۔ آجکل کے

شاعروں میں ہیں کلکتہ میں عرصہ تک مطب کرکے اب رامپور اپنے وطن چلے آئے ہیں اور ٹھیکہ داری کرتے ہیں۔ فقیر منش ادیب ظریف اور مہذب شخص ہیں چند غزلیں نظر سے گذریں اُنکا انتخاب درج ذیل ہے۔

اُنکے انکار سے کیا کام تھا تجکو خستہ	اپنا مطلب کسی پہلو سے نکالا ہوتا
جنازہ اُٹھنے دو عاشق کا پھر سنور لینا	ابھی تو رات ہے پچھلے پہر سنور لینا
وفورِ ضعف سے بیمارِ غم کو مشکل ہے	جگر سے ہاتھ اُٹھا کر جگر پہ دھر لینا
دلِ آپ گرفتار ہو گیسوئے دوتا میں	کمبخت مجھے کیوں لئے جاتا ہے بلا میں
جو مر گیا اُلفت میں ہوا نام اُسیکا	اُبھرا وہی جو ڈوب گیا بحرِ فنا میں
آرزو میری کوئی کیا نخلِ ماتم کی تھی شاخ	جو کلی کمبخت میں آئی وہ مُرجھائی ہوئی
حسرتیں جو لیں میرے رگ رگ میں دقتِ ذبح	منہ چھپائے حشر میں پھرتی ہیں تنہائی ہوئی
کس بلا کش کی ہے اے خستہ یہ رحلت کی گھڑی	شامِ غم پھرتی ہے گھر گھر آج گھبرائی ہوئی

خستہ منشی حیالال خستہ دہلوی۔ دفتر میونسپل کمیٹی میں ملازم ہیں ۴۰ برس سے زیادہ عمر ہے شعر گوئی کا شوق اور یہ کلام کا نمونہ ہے۔ مذاق ستھرا اور پاکیزہ ہے۔ خستہ

جوشِ مستی سے جھکی جاتی ہیں آنکھیں اُن کی	خود اُٹھیں محو کئے دیتا ہے جوبن اُن کا
دل کوئی مانگا ہوا ہے عاشقِ ناشاد کا	آپ کیوں باقی رکھیں ارماں کوئی بیداد کا
نہ وہاں تجھسے پری پیکر نہ میں حور و کا شیدائی	نہ جنت میرے قابل ہے نہ میں جنت کے قابل ہوں
الٰہی کس طرح گذرے گی مجھسے ہیچکارے کی	نہ ماہر ہوں کسی فن میں نہ عالم ہوں نہ فاضل ہوں
جلاتے پائے کوئی ہشیار نہ میخانہ سے	ہو گیا عہد صراحی کا یہ پیمانے سے

خسرو خسرو قلیم معانی بادشاہ جہانِ شیریں زبانی خواجہ ابوالحسن عرف امیر خسرو۔ کون ہے جو اس خسرو معانی سے آگاہ نہیں۔ کیا علمائے کرام کیا صوفیان عظام کیا خاص و عوام کس کو حضرت امیر خسروؒ سے واقفیت نہیں۔ اگرچہ عام طور سے شعرائے فارس کے اعلیٰ طبقہ میں انکا شمار ہوتا ہے مگر اردو زبان کے تاریخ دان جانتے ہیں کہ حضرت امیر خسرو کو خدا نے وہ خسرو

قوۂ ایجاد عطا کی تھی کہ تمام اصنافِ نظم و نثر میں صدہا مضامین تازہ کے گل کھلا گئے۔ نظم فارسی میں اس درجہ کمال تھا کہ شیریں کلامی اور قبولیت عام کی وجہ سے آپ کا لقب "طوطیِ ہند" مشہور ہے۔ فنِ موسیقی میں مہارتِ تام رکھتے تھے اسی طرح جب ہندی کی طرف التفات کی باگ کو پھیرا سینکڑوں راہیں اسمیں نکال لے گئے خدا کی قدرت پر نظر کرنے والے کہاں ہیں دیکھیں! وہ لڑکا جو اُردوئے شاہی کی بدولت ہندوستان کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا اور اس بھیڑ بھاڑ سلطنتوں کے بناؤ بگاڑ میں اِدھر اُدھر مارا مارا پھرتا تھا۔ خدا کے سہارے سے قوت پکڑ کر ایسا ہوا کہ امیر خسروؒ کو مل گیا اور اُنھوں نے اپنی پیرانہ سالی کا سہارا سمجھکر اپنی گود میں لیا اور گویا چھاتی سے لگا کر رکھا۔ ہندی اور عرب و عجم و ترک کے میل جول سے جو زبان اُردوئے شاہی میں پیدا ہو گئی تھی اسوقت سب لوگ اپنے اپنے کام اُس سے لیتے تھے مگر کوئی پہچانتا نہ تھا۔ امیر خسروؒ نے اُسکو روشناس کرنے کا ذمہ لیا اور یہی پہلے شخص ہیں جو اسکو زبان جان کر کام میں لائے۔ اور فارسی۔ ہندی بھاشا وغیرہ کے ساتھ اس نئی زبان کو پیوند کیا۔ خالق باری اور اُسکے سوا سینکڑوں پہیلیاں۔ کہہ مکرنیاں۔ دوسخنے۔ غزلیں۔ غرض کہ بہت کچھ اس رنگ میں کہا جو آجتک لوگوں کی زبانوں پر ہے۔ اسکو یہاں بتفصیل بیان کرنا ضرور نہیں یہ مختصر عبارت اسلئے لکھدی گئی کہ اجنبی واقف ہو جائیں یعنی اس اُردو زبان میں جس شخص کو سب سے پہلے کسی مستقل تصنیف اور فکر کا موقع ملا اور شہرت بھی حاصل ہوئی وہ حضرت امیر خسروؒ ہیں +

امیر خسروؒ کی ولادت تیرہویں صدی عیسوی کے درمیان مومن آباد ضلع ایٹہ میں ہوئی ان کے اسلاف چنگیز خاں کے وقت میں ماوراء النہر سے ہندوستان میں آکر رہے۔ انکے والد سیف شمسی ایک بڑے جری دلدار سپاہی تھے امیر خسروؒ کی سات برس کی عمر ہوئی تھی کہ وہ کسی معرکے میں کام آئے۔ عماد الملک اِن کے نانا نے جو شاہی مشیر تھے اِنکی پرورش اور تربیت کی +

حضرت نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ کے سب سے برگزیدہ مرید و خلیفہ تھے بلکہ مشہور تو یہ ہے کہ ان کی مریدی ہی سے ان کے پیر کی شہرت اسقدر پھیلی۔ ان کو اپنے پیر و مرشد کے ساتھ جتنی محبت و خلوص تھا اُسکے متعدد افسانہ مشہور ہیں گویا فنافی الشیخ تھے۔ حضرت نظام الدین اولیاؒ کے انتقال کا اِن کو سخت صدمہ ہوا اور اس رنج و غم کی حالت میں ۱۳۲۵ء مطابق ۷۱۵ھ کو انتقال فرمایا۔ اور اپنے پیر و مرشد کی قبر کے قریب دفن ہوئے۔

یاوری بخت سے سلطان نظام الدین اولیاؒ کا قیام انکے نانا کے مکان پر تھا۔ اس طرح بچپن میں شرف ملازمت و استفادہ حاصل کیا۔ اُنہوں نے ہدایت کی تھی کہ "بہ طرز صفاہانیاں بگو" خود فارسی کتب پڑھائیں۔ اس فیضان سے کلام خسرو میں سوز گداز کی شان پیدا کردی اور اس کا اثر یہ ہے کہ چھ سو صدیاں گذر جانے پر بھی کلام زندہ اور اب تک دلوں میں اپنا اثر جمائے ہوئے ہے۔ خود اپنے دیوان تحفۃ الاصغر کے دیباچہ میں لکھتے ہیں کہ ۱۲ برس کی عمر میں شعر و رباعی کہنا شروع کیا۔ علما اور عمائد مجھے دیکھکر استعجاب کرتے تھے۔ میں رات دن مطالعہ اور فکر شعر میں غرق رہتا تھا۔ انوری و سنائی اور خاقانی کے کلام سے مجھے بہت دلچسپی رہی اور ہر اُستاد کے رنگ میں کہنے کی مشق کرتا رہا۔ اسی لیئے میرے مجموعہ میں تمام اساتذہ کی تقلید اور پیروی کے نمونے جابجا موجود ہیں۔ خواجہ عزیز الدین گلاتی جو عالم منتخر اور بڑے پایہ کے سخنور تھے اُن ایام میں دہلی میں نظر بند تھے کسب کمال کا ذوق اُنکی خدمت میں لے گیا انہوں نے کلام سنکر کلمات تحسین و آفرین سے دِل بڑھایا اور اکثر نکات و اشارات سخنوری دِل نشین کیئے اور مشکل اشعار کو جنکے مطالب کی باریکی کو ذہن نہ پہنچتا تھا حل کرکے بتایا۔ فطری مناسبت۔ کثرت مطالعہ۔ ولولۂ شوق شفقت بزرگان نے رفتہ رفتہ درجۂ کمال کو پہنچا دیا۔ خوش قسمتی سے شاہزادہ محمد سلطان ولیعہد سلطان غیاث الدین بلبن جیسا مربّی مل گیا اور اس وسیلہ سے دربار شاہی میں بار حاصل ہوا۔

اُنکے نانا کی سرکار میں دو سو ترکی اور دو سو ہندی غلاموں کے علاوہ دس ہزار سوار ملازم تھے یادگار عمر پائی امیر خسروؒ کی بیس۲۰ برس کی عمر تھی کہ اُنہوں نے ۱۱۳ برس کی سن میں انتقال کیا۔

کامل ستّر برس عہدہ عرض بیگی سلطنت پر مامور رہے۔ اُنکی وفات کے بعد خان اعظم قتلوخاں کی سرکار میں جو سُلطان بلبن کا بھتیجا تھا ملازمت اختیار کی کئی قصیدے اُنکی مدح میں موجود ہیں خود فرماتے ہیں کہ کچھ عرصہ بعد سامانہ جاکر شاہزادہ بغراخان صوبہ سامانہ پسر سُلطان بلبن کا مصاحب ہوا اور وہ مجھ پر ازحد مہربان ہوگیا۔ شبانہ روز اپنے ہمراہ رکھتا تھا۔ ۶۷۸ھ میں طغرل بیگ صوبہ بنگالہ نے بغاوت کی اور سُلطان بلبن خود اُسکے زیر کرنے کو شاہزادہ بغراخاں کو ساتھ لیکر روانہ ہوا۔ اور انجام کار وہاں کی حکومت بغراخاں کو دیکر دہلی واپس آگیا اُسوقت سُلطان کی عمر ۷۵ برس کی تھی۔ میں کامل ایک سال کے سفر اور اعزا کی مفارقت سے بیدل اور شکستہ خاطر ہوگیا تھا۔ ملازمت ترک کرکے شاہی لشکر کے ساتھ دہلی واپس آگیا۔ واپسی پر سُلطان محمد ولیعہد نے جو میری سخنوری کی شہرت سُنکر کچھ مشتاق ہوگیا تھا۔ مجھے مُلتان طلب کرلیا۔ مگر چند ہی ماہ میں مُغلوں سے مقابلہ میں سُلطان محمد مارا گیا۔ اور سُلطان شہید کے نام سے ملقب ہوا۔ میں بھی بدشواری قید سے رہائی پاکر دہلی آیا اور مومن پور عرف پٹیالے میں گنگا کنارے چند ماہ والدہ کی خدمت میں حاضر رہا۔ اس عرصہ میں ۶۸۵ھ میں سُلطان غیاث الدین بلبن نے انتقال کیا اور بغراخاں کا لڑکا کیقباد تخت سلطنت پر بیٹھا کیونکہ بغراخاں نے بنگال سے معاودت منظور نہ کی۔ دربار میں ملک نظام الدین کا دور دورہ تھا۔ میری بھی طلبی ہوئی۔ مگر میں نے حاتم خاں کی ملازمت ترک کرنی مناسب نہ سمجھی۔

حاتم خاں کے ہاں چند ہی دن گذرے تھے کہ ملک نظام الدین نے قضا کی اور میں دربار شاہی میں بادشاہ کی مصاحبت کے جلیل القدر عہدے پر فائز ہوا۔ کیقباد کی اقتالمندیکا پیمانہ جلد ہی لبریز ہوگیا اور مفلوج ہوکر مرگیا۔ شائستہ خاں جو اُسکے لڑکے نجش الدین کا وزیر تھا بالآخر خود مستقل بادشاہ ہوگیا اور فیروز شاہ کے لقب سے ۶۸۸ھ میں تخت نشین ہوا۔ یہ بادشاہ بڑا ذی علم اور امیر خسروؒ کا بڑا قدردان تھا بڑی بات یہ تھی کہ شاعرانہ باریکیوں اور نزاکتوں کو خود بھی خوب سمجھتا تھا۔ اسکے زمانہ میں امیر خسروؒ مالامال ہوگئے۔ اُنکے بے تکلف دوستوں میں چار

شخص قابل ذکر ہیں - برادر حقیقی تاج الدین زائد - برادر علاؤالدین علیشاہ - مولانا شہاب الدین قاضی سراج الدین یہ شرف قبول کم مصنفین کو نصیب ہوا ہی کہ اُنکی تصانیف خواص و عوام میں مقبول ہوں - مگر یہ وصف حضرت امیر خسروؒ کا حصہ ہی اگر انکی بعضی تصانیف مقتدر علما کی حرز جان ہیں تو بعضی ایسی بھی ہیں جو بچہ بچہ کی ورد زبان ہیں - اسکی نظیر تحفۃ العراقین اور خالق باری - جو تبحر اور جامعیت خدا نے آپ کو عطا کئے تھے وہ ہر ایک کو نصیب نہیں ہوا کرتے - خمخانۂ جاوید میں حضرت امیر خسروؒ کا ذکر کرتے ہوئے ہمیں کسی معافی نامہ یا تمہیدی مقدمہ کی ضرورت نہیں - پہلا دیوان اردو و بار یختہ میں چاہے کسی کا ترتیب دیا گیا ہو لیکن اسمیں کسیکو شک نہیں ہوسکتا کہ پہلا شعر اردو کا پہلی تصنیف اردو کی امیر خسروؒ کی عالی دماغی کا مولود ہی - اُنہوں نے آیندہ اُردو کے عنصر انتخاب کیئے - مسالہ جمع کیا - ارکان مہیا کیئے اور ایک ڈھانچا بنا کے دکھا دیا - غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ اکثر پہیلیوں اور بیتوں (دوہوں) کی زبان ایسی صاف اُردو ہی کہ متقدمین ریختہ کی زبان سے صاف ملتی ہی - المختصر امیر خسروؒ اگرچہ سب سے اوّل صاحب دیوان اردو کے نہیں مگر اوّل اُردو شعر کے موزوں کرنے والے ہیں - اور اُردو شعر کے موجد ہونے کی حیثیت سے ہم انھیں خمخانۂ جاوید کا پیر مغاں تسلیم کرتے ہیں -

کوئی شخص تحقیق اور صحت سے اُن کی تصانیف کی فہرست یا تعداد نہیں بتا سکتا - مشہور ہی کہ شاہانِ مغلیہ کے کتب خانہ میں ایک لاکھ اشعار سے زائد اُنکے موجود تھے مگر اُسپر بھی گاہ گاہ نیا کلام شائقین تلاش کرکے لے آتے تھے - حضرت کا قول تھا کہ ہندوستانی اسقدر طباع ہیں کہ معمولی کوشش سے ہر ملک کی زبان - محاورہ اور نظم و نثر کہنے میں استعداد کامل پیدا کرسکتے ہیں اور برخلاف اسکے ایران عرب توران کے ہزارہا آدمی ہندوستان آئے کسیکو ہندوستانی زبان بولنی یا لکھنی نصیب نہ ہوئی -

امیر خسروؒ کو باوجود انتہائے کمال اور کثرت مشق اپنے کلام کو جمع اور مرتب کرنے کا بالکل خیال نہ تھا چنانچہ دیوان عالم صغر سنی یعنے ۱۹ سال کی عمر تک کا کلام جسکا نام تحفۃ الصغر ہی اُن کے بھائی تاج الدین نے مرتب کیا اور بڑے اصرار سے اُسپر دیباچہ لکھوا کر مکمل کیا - اسی طرح علاؤالدین علیشاہ

کاتب کے بیحد اصرار سے دو ہفتہ کی محنت میں وسط الحیوٰۃ اور غرۃ الکمال دیوان دوم وسوم مدون ہوئے اور دیباچوں سے آراستہ کئے گئے۔ اس بیان میں امیر خسرؒ فرماتے ہیں کہ مثنوی قران السعدین بھی شامل کردی گئی تھی۔ گویا مثنوی مذکور ۳۶ برس کی عمر میں امیر خسرؒ نے تالیف فرمائی تھی معمے کی تصنیف میں جو جو ایجادیں اور اختراعیں کی ہیں اُن کا بھی بالتفصیل ذکر دیباچہ میں کردیا۔ خود فخریہ لکھتے ہیں کہ میرے زمانہ سے پیشتر فارسی میں تین دیوان کسی نے ہندوستان میں نہیں لکھے کچھ عربی اشعار بھی اُس میں شامل کئے ہیں۔

امیر خسرؒ وصاحب تصانیف کثیر تھے وہ سب فارسی زبان میں ہیں اور مستند سمجھی جاتی ہیں مثل خمسہ امیر خسرؒ وجواب خمسۂ نظامی وقران السعدین۔ ہاں اردو ہندی سے متعلق جو اشعار انکے مشہور ہیں اور جا بجا دیکھے گئے وہ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ زبان کے ابتدائی زمانہ میں الفاظ کی کمی کے سبب ادائے مطلب میں جو دقت واقع ہوتی ہے اُسکو سب جانتے ہیں۔ مجبوراً دوسری زبانوں کے الفاظ بکثرت لانے پڑتے ہیں۔ چنانچہ یہی کیفیت حضرت امیر خسرؒ کے اُس کلام میں موجود ہے جو اردو کہا جاتا ہے۔

ایک غزل میں جو زیادہ مشہور ہے اُسمیں تو یہ التزام کیا ہے کہ ایک مصرع فارسی زباں میں ہے اور دوسرا اردو میں۔ اس صنعت کو غالباً اہل فارس صنعتِ ملمع کہتے ہیں۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو۔

زحال مسکیں مکن تغافل درائے نیناں بنائے بتیاں
کہ تاب ہجراں ندارم اے جاں نہ لیہو کاہے لگائے چھتیاں

شبان ہجراں دراز چوں زلف روز وصلت چو عمر کوتاہ
سکھی پیا کو جو میں نہ دیکھوں تو کیسے کاٹوں اندھیری رتیاں

یکایک از دل دو چشم جادو بصد فریبم ببرد تسکین
کسے پڑی ہے جو جا سنادے پیارے پی کو ہماری بتیاں

چو شمع سوزاں چو ذرہ حیراں ز مہر آں مہ بگشتم آخر
نہ نیند نیناں نہ انگ چیناں نہ آپ آویں نہ بھیجیں پتیاں

بحق روز وصال دلبر کہ داد ما را فریب خسرو
سپیت من کے درائے راکھوں جو جائے پاؤں پیا کی کھتیاں

لال کی پہیلی

انھا گونگا بہرا بولے گونگا آپ کہائے
دیکھ سفیدی ہوت انگارا گونگے سے بھر جائے

بانس کا مندر واہ کا باشا۔ باشے کا وہ کھا جا
سنگ ملے تو سر پر رکھیں واہ کو راور ا جا

سی سی کر کے نام بتایا تا میں بیٹھا ایک		اُلٹا سیدھا پھر پھر دیکھو وہی ایک کا ایک	
بھید پہیلی میں کہی تو سُن لے میرے لال		عربی ہندی فارسی تینوں کرو خیال	

ناخن کی پہیلی

بیسیوں کا سر کاٹ لیا		نہ مارا نہ خون کیا	

خضر

خضر صاحب عالم مرزا خضر سلطان خضر فرزند ارجمند حضرت بہادر شاہ بادشاہ دہلی کا تخلص ہے فن شعر میں نواب سداللہ خان غالب المعروف بہ میرزا نوشہ کے شاگرد تھے۔ انکا کلام آشوب غدر میں تلف ہو گیا۔ غدر میں انکی عمر چھبیس سال کی تھی لفٹنٹ ہاڈسن نے جو انہیں مقبرۂ ہمایوں سے شہر لا رہا تھا رستہ میں انکا رتھ ٹھیرا کر متصل موجودہ جیلخانے کے بضرب گولی انکا کام تمام کر دیا۔ مرزا ابوبکر انکے بھتیجے اور مرزا مغل بھائی نے بھی موت میں انکا ساتھ دیا۔ مرزا خضر سلطان صاحب اولاد تھے لڑکا مرزا عثمان اختر کئی برس ہوئے انتقال کر گیا۔ لڑکی میسرا مجاہد الدین شاہی خلف مرزا مغل سے منسوب تھیں۔ شعر اچھا کہتے تھے اور تلاش مضامین والفاظ بھی بُری نہیں تھی نشستِ الفاظ بھی درست ہے البتہ کہیں کہیں پُرانی زبان برت جاتے ہیں

مانا کہ ستم تم نہیں کرتے ہو کسی پر		غیروں پہ کرم ہو یہ ستم بھی نہیں تھوڑا	
لہو میں میرے رنگیں ہوں اگر دیکھوں تو یہ دیکھوں		اُنہوں کے ہاتھ پر رنگِ حنا دیکھا تو کیا دیکھا	
نہ کہہ سکتے ہیں کچھ اپنی نہ سن سکتے ہیں کچھ میری		ہمیں اس وقت میں اے بیوفا دیکھا تو کیا دیکھا	
جام جمشید کو آئینہ سکندر کو ملا		حضر میں وہ ہوں کہ حصہ میں مرے دل آیا	
چھُٹوں کس طرح پھندے سے بتوں کے		مجھے کچھ بن نہیں آتی خدایا	
کہتے ہو کہ اک روز تجھے قتل کریں گے		پر یہ بھی تو اے شوخ ستمگر نہیں ہوتا	
کہتے ہو وہ بھی ہوس پیشہ ہی جیسا تو ہے		مجھ سے اک چھیڑ ہوئی شکوۂ عذر کا نہ ہوا	
گالی سے کون خوش ہو مگر حسنِ اتفاق		جو تیری خو تھی وہ ہی میرا دعا ہوا	
تری خاکِ کفِ پا سے نہ بولوں		کوئی دے گر مجھے کسیر آکر	

میکشوں کے مزار پر رکھنا	ہوں جو بھیگے ہوئے شراب کے پھول
ظلم ہمپیر ذرا سمجھ کے کرو	اے بتو بندۂ خدا ہیں ہم

خضر

خضر شیخ محمد یوسف فنا کرجان صاحب نواب کلب حسین خاں نادر کے تذکرہ سے کلام نقل ہوا اغلب کہ یہ خضر اور اسکے بعد جن کا ذکر ہے ایک ہی صاحب ہوں۔

وعدۂ وصل کے دن ہجر میں مٹ جائے بہت	ایسے کھلے تو حضور آپ نے فرمائے بہت
بڑے جھنجلا کے میں پاؤں پہ گر جھکنے لگے	ایسے تو کاسۂ سر سے ہیں ٹھکرائے بہت
شہر سے موسم گل میں جو میں وحشی نکلا	ساتھ کوسوں مرے یاران وطن آئے بہت
فاتحہ پڑھکے مری قبر پہ غیروں نے کہا	یاد آئیگا یہ جاں باز ہمیں ہائے بہت

خضر

خضر بابو شیخ محمد یوسف مرحوم خلف شیخ کریم بخش مولوی۔ یتیم بہار پور کے شاگرد اور فارسی میں بھی استعداد رکھتے تھے اور کسی قدر انگریزی کی بھی مہارت تھی۔ بہار پور میں ایک انگریزی کا خانہ کتنے پینے کا تھا اس میں عرصہ دراز تک کلرکی رہے۔ مرنج مرنجان۔ شریفانہ مزاج پایا تھا۔ پہلے یوسف خاص کرتے تھے آخر میں خضر اختیار کیا سنہ ۱۹ء میں کتب بینی کی کما حقہٗ [illegible] سنہ ۲۰ء میں بعمر ۴۰ سال انتقال کیا کچھ اشعار بہار پور سے ایک غایت [illegible]

[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

خطا

خطا [illegible] ان کا حال [illegible] کے [illegible] یہ خطرؔ [illegible]

سالک نے دہلی کے مشاعرہ میں پڑھی تو انھوں نے اسپر مصرعے لگائے تھے جو بہت چست اور انکی خوش مذاقی کا کامل ثبوت ہیں۔

یا وہ گو غیر ہیں اپنا تو یہ دستور نہیں — جان دینے میں ہیں ہیں عذر کچھ اے حور نہیں
پر ابھی مرگ کا خواہاں دلِ رنجور نہیں — ترکِ کیفیتِ دنیا ہمیں منظور نہیں
ورنہ اک دم میں پہنچتے ہیں عدم دور نہیں

خط لکھا تھا پئے تسکین دلِ خانہ خراب — اور بھی کر دیا کمبخت کو میں نے بیتاب
اب نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے نہ آنکھوں میں ہے خواب — کیا کہوں حالتِ بیتابیٔ امیدِ جواب
کوئے جاناں میں چلا جاؤں یہ مقدور نہیں

خطا

خطا جناب شفقت دین عالم حب ۱۸۹۹ء میں چھاؤنی سیبری میں موجود تھے زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا

وصل میں بھی نہیں ہوتے ہیں مزے یہ حاصل — لذتیں دردِ جدائی کی جو پاتا ہوں میں
ایسا پتھر کا جگر لاؤں کہاں سے یارب — عیش میں شاد نہ ہو درد میں ناشاد نہ ہو

کسی کافر ادا کا جب سے اسنے تیر کھایا ہے — دلِ بسمل نے پہلو میں مرے محشر اٹھایا ہے
میں تم کو مفت دیدا لوں جو آمادہ لینے پر — یہاں تک اس دلِ آفت طلب نے اب ستایا ہے

خطیر

خطیر مولوی سید امراؤ علی المتخلص بہ خطیر فرخ آبادی ۱۳۰۲ھ میں ۲۵ برس کی عمر تھی اول سن تیرہ سے شعر کہتے ہیں جناب میں بھی دخل دیا فن شعر میں امداد حسین خاں سفیر سے فیض پایا ہے۔ یہ انکا کلام ہے۔

لے کو غیر کوئے یار میں کب، کیسے سکتے ہیں — مری تربت کے پتھر انکی آنکھوں میں کھٹکتے ہیں
تلاشِ کوچۂ دلبر میں ہائے شوق تھکتے ہیں — پتہ ملتا نہیں دیر و حرم میں ہم بھٹکتے ہیں
یہ ظاہر موم ہیں پوچھو نہ ان کی سختیٔ باطن — یہ آہن دل ہیں جنکے رنگ کندن سے دمکتے ہیں
آج غصہ میں وہ زنداں کی طرف آتا ہے — بیڑیاں پاؤں میں بولیں تو قیامت ہوگی
اپنے دامن سے مرے منہ کو چھپالے قاتل — دیکھ کر دیدۂ مذبوح کو حسرت ہوگی
میرے اخلاط میں ہے زلفِ سیہ کا سودا — جب پریزاد نظر آئیں گے وحشت ہوگی

دَورِ موقوف نہ ہوگا ستم ایجادوں کا ٭ حشر تک روز زمانے میں قیامت ہوگی
یار اُٹھ جائے گا پہلو سے جو گھبرا کے خطیر حشر میرے لیے صبحِ شبِ فرقت ہوگی

خلش

خلش منشی جگیشر پرشاد خلفِ منشی کاشی ناتھ متوطن سیرامپور ندرہ ضلع گیا آپ کو مولنا عبدالرؤف عشرت لکھنوی سے تلمذ ہے۔ بابو ٹھاکر پرشاد وکیل کے ہاں بالفعل محرر ہیں کچھ کلام بھیجا تھا اُس میں سے یہ چند شعر منتخب ہوئے۔ ابتدائی شوق ہے۔

کاٹے سر خلش کا اے قاتل آج ہو جائے فیصلہ دل کا
شبِ وصل و لبِ خفا ہو گیا الٰہی یہ کیا ماجرا ہو گیا

ہائے اس پر بھی تجھے رحم نہ آیا افسوس ملکئے خاک میں ہم نقشِ کفِ پا ہو کر
رقصِ بسمل کی تڑپ اُنکو خلش دکھلاؤ آج بیٹھے ہیں وہ مشتاقِ تماشا ہو کر
آہ میں ہوا اثر تو پھر کیا ہے آئیں وہ میرے گھر تو پھر کیا ہے

خلش

خلش مولنا خواجہ سید کرامت علی صاحب خلش۔ آپ سید خواجہ نظام الدین علی صاحب گورمنٹ پلیڈر کے حقیقی بھتیجے اور ولد حضرت خواجہ اجمیر سے ہیں تیرہ برس کی عمر سے شوق شاعری ہوا۔ ابتدا میں حضرت ابوالحسن صاحب ساکت رامپوری سے غزل میں مشورہ کیا کرتے تھے دو سال بعد اصلاح لینی ترک کر دی۔ پھر چند غزلیں نواب عبداللہ خاں مطلب کی تحریک سے نواب فصیح الملک مرزا داغ کو دکھائیں کثرتی بدن تھا اور ورزش کا بھی شوق تھا۔ اکثر کہا کرتے تھے کہ میں حکیم مومن خان مومن دہلوی کا مقلد ہوں اور انہیں کو اپنا اُستاد مانتا ہوں۔ نواب محمد ابراہیم علی خاں صاحب بہادر والیٔ ٹونک نے آپکے ذہن رسا کی تعریف سُنکر آپ کو زمرۂ شاگردان سخن میں داخل کر لیا ٹونک اور اجمیر میں زیادہ تر قیام رہتا تھا۔ معاملہ بندی۔ روزمرہ شستگی زبان لشستہ الفاظ آپ کا حصہ تھا۔ شوخ مزاجی طبیعت میں خلقی تھی۔ الغرض مشق سخن قابلِ تعریف تھی ۴۰-۴۲ سال کی عمر میں ۱۹۰۴ء میں انتقال کیا۔ بیس پچیس شاگرد بھی تھے دیوان تیار تھا۔ مگر شائع نہیں ہوا کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو ٭

مجکو کسی نے بھیجے تھے کل یاسمن کے پھول
تلووں سے اُسنے مل دیئے مائے جلن کے پھول

پھولوں میں آپ آئے ہیں میرے پہن کے پھول
مُرجھائے بھی نہیں ہیں ابھی تو کفن کے پھول

دلمیں کھٹک رہی ہے خلش دوستوں کی یاد
کانٹے بنے ہوئے ہیں سفر میں وطن کے پھول

کیا گھٹاؤں سے دُھواں دھار ہیں ساون بھادوں
روز روشن میں شب تار ہیں ساون بھادوں

قتل کرتے مجھے بے یار ہیں ساون بھادوں
کوئی چلتی ہوئی تلوار ہیں ساون بھادوں

مینہ برستا ہے ترستے ہیں وہ گھر جانے کو
ابتو کچھ میرے طرفدار ہیں ساون بھادوں

ابر دوڑا ہوا جاتا ہے سُوئے میخانہ
کھل گیا صاف کہ میخوار ہیں ساون بھادوں

ابر نیساں ہے خلش دستِ گہربار خلیل
بخشش و فیض میں سرکار ہیں ساون بھادوں

ہم بزم میں صرف اُنکی نظر دیکھ رہے ہیں
کچھ اس سے نہیں بحث کدھر دیکھ رہے ہیں

اب بزم میں اُنکو بھی نہیں دیکھتا کوئی
آپس میں سب اِک اک کی نظر دیکھ رہے ہیں

بیٹھے ہیں مرے پاس مگر دل میں خلش ہے
گھبرائے ہوئے جانبِ در دیکھ رہے ہیں

قصور اس میں تمہارا کچھ نہیں ہے بے خطا تم ہو
نہ یوں محوِ وفا میں ہوں نہ سرگرمِ جفا تم ہو

مجھے اب کچھ نہیں معلوم میں کیا اور کیا تم ہو
تمہارا مدعا میں ہوں کہ میرا مدعا تم ہو

بُرا ہوتا ہے ہر اک بات کا حد سے گذر جانا
نہ اتنا باوفا میں ہوں نہ اتنے بے وفا تم ہو

کھڑے تھے میکدے میں منہ چھپائے حضرتِ زاہد
بڑی مشکل سے پہچانا تمھیں مردِ خدا تم ہو

وہ رشکِ غیر پر بولے طبیعت اپنی اپنی ہے
کسی پر مبتلا ہم ہیں کسی پر مبتلا تم ہو

برابر کی محبت میں یہی تو حال ہوتا ہے
کبھی تم سے خفا ہم ہیں کبھی ہم سے خفا تم ہو

شبِ وعدہ پڑی ہے بات پھر آخر کشاکش میں
ہم اپنی وضع کے پابند پابندِ حیا تم ہو

تعلق اُٹھ گیا جس روز سے دونوں میں ہیں
نہ تم سے بیمزا ہم ہیں نہ ہم سے بیمزا تم ہو

وعدہ کر جاؤ مرے دل کے بہلنے کے لئے
سیکڑوں حیلے ہیں پھر وقت پہ ٹلنے کے لئے

تعلق ہی نہیں باقی تو پھر میری شکایت کیوں
تمہیں مطلب نہیں مجھ سے تو پھر میرا گلہ کیوں ہے

وہ میرے قتل پر تیار خوش کر نیکو دشمن کے
مجھے یہ غم کہ اُنکے ہاتھ سے اُسکی قضا کیوں ہے

خلش ۔ فردوس علی خلش عزیز و شاگرد عبدالحکیم بسمل مندرجہ ذیل اشعار ایام زمانی کے ہیں ایام غدر میں زندہ تھے

اُس سے مِل مِل کے دِلا دیکھ تو کیا کیا نہ ہوا
ہم کو کیا تیرے ہی کچھ جی میں یہ اچھا نہ ہوا

کچھ اثر تھا نہ آہ سے مقصود
یہ بھی اک طبع آزمائی تھی
ضعف سے لب پہ تھم گئے نالے
ورنہ آفت فلک پہ آئی تھی
کیا مزے سے خلش گذرتی تھی
جبکہ اُس بت سے آشنائی تھی

خلش

خلش منشی نصیر الدین کاتب خلش باشندہ میرٹھ ۔ شاگرد منشی احسن شوکت چند شعر اُنکے بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں

نصیحت کا اثر واعظ تری مجھ رند پر کیا ہو
جو وہ خت زر پہ مرتا ہو وہ کیا حوروں پہ شیدا ہو
لب زخم جگر بوسہ اگر لیں تیغ بُرّاں کا
ہمارے خوں بہانے کا اُنہیں حاصل بہانا ہو
گلوئے تشنہ کامانِ شہادت کام آجائے
اگر خونِ تمنا کا لب خنجر کو چسکا ہو

خلش

خلش منشی محمد حسام الدین سب انسپکٹر پولیس حسن گنج واناؤ ارمغان ۹۴ سے یہ کلام منتخب ہوا۔ احسان شاہجہاں پوری کے تلامذہ میں ہیں۔

جسنے دیکھا گر پڑا مثلِ کلیم
جلوۂ رُخ اُن کا برقِ طور تھا
منہ کی کھائی حشر کے دن شیخ نے
زہد و طاعت پر بہت مغرور تھا
دل وہ اچھا جس میں تیرا غم رہے
دم وہ اچھا جس کا تو ہمدم رہے
وصل کی شب میں حیا نے نہ پائے
شوخ چشمی کا وہی عالم رہے
اے خلش دل میں کھٹکنے کے لئے
یادِ مژگاں ہی کے خارِ غم رہے

خلق

خلق میر حسن علی خلق خلف الرشید میر حسن صاحب بدر منیر مقیم فیض آباد لکھنؤ اپنے والد مرحوم کے شاگرد تھے صاحبِ دیوان تھے۔ ترتیب تذکرۂ شوق کے زمانے میں وجیہ و خوبرو جوان تھے خاندانی رسم کے بموجب مرثیہ کہتے تھے۔ میر خلیق انکے حقیقی بھائی تھے ۱۸۰۳ء کے بعد سو برس کی عمر میں وفات پائی ؛

عجب عالم میں بے ہوشی کے وہ مجھکو نظر آیا
کہ اتنا بھی نہ آیا ہوش جو پوچھوں کدھر آیا

بیقراری میں کٹی رات تو یاں اپنے تئیں
چین سے زلف میں دل کیونکہ رہا ہوویگا

دل لگاتے تو لگایا پہ نہ تھا کچھ معلوم
جی پہ کیا گذریگی اور جان پہ کیا ہوویگا

خلق منشی محمد مستجاب خاں نام اصل وطن الکا قاسم گنج ضلع فرخ آباد ہے عرصہ سے بصیغۂ ملازمت سرکار نظام حیدرآباد دکن باقاعدہ فوج میں ملازم ہیں پہلے ضلاع دکن میں متعین تھے اب چند سال سے خاص بلدے میں مامور ہیں قریب ۴۵ سال کے عمر ہے خلیق اور نیک آدمی ہیں۔ فن سخن میں حضرت داغ دہلوی مرحوم کے شاگرد ہیں اکثر اپنے استاد مرحوم کی خدمت میں حاضر رہے شعر خاصا کہتے ہیں۔ اپنے استاد کے رنگ کی اچھی طرح تقلید کرتے ہیں مشاقی اعلیٰ درجے کی ہے زبان کی صفائی سلاست اور ستھرائی انکے کلام میں پایا جاتا ہے یہ انکے کلام کا انتخاب ہے۔

اسکی نظروں سے وہ بچنا بسمل ناشاد کا
آڑ میں سے تاکنا چھپ چھپکے وہ صیاد کا

صبر بھی اور صبر مجھے عاشق ناشاد کا
ظلم بھی اور ظلم پھر تجھ سے ستم ایجاد کا

عیش زیبا ہے تمہیں غم زیب دیتا ہے اسے
وہ تمہارا ہے تو یہ حصہ دل ناشاد کا

عاشقی کا لطف جب ہے دل بھی ہو عاشق کے وہ
ایک طالب وصل کا ہو ایک ہو بیداد کا

لو رہا وہ امتحاں میں سخت جاں ثابت قدم
لو وہ آخر ہو گیا دم خنجر فولاد کا

خلق کا اب پاؤں قابو میں دل کہتے ہیں ہے
ہاتھ لینا میرے مولا وقت ہے امداد کا

کاکل میں ہے گیسوؤں کی ہتھکی میں تری ہے
دنیا میں مرے دل کا ٹھکانا ہی نہیں اور

غمزگاں تری سفاک نگاہیں تری خونریز
پھر اسپہ نمک پاش یہ حسن نمکیں اور

اقرار میں اک گات تو انکار میں اک بات
دیتی ہے مزا آپ کی ہاں اور نہیں اور

جاتے ہیں مسافر جو شب و روز عدم کو
بستی کوئی بستی تو نہ ہو زیر زمین اور

خزاں رہی تو ترستے تھے پھر رہے ہم
بہار آئی تو شوریدہ ہیں بہار سے ہم

وہ دل گیا وہ اٹھے ہوش مٹ گئے اوسان
سنبھالنا کہ چلے اپنے اختیار سے ہم

یہ چشمِ مست کی اُلفت نے کر دیا بیخود
کہ خود بخود نظر آتے ہیں بادہ خوار سے ہم

عاشق کی زندگی ہے سہارے کی زندگی
اُمید چاہیئے دلِ اُمیدوار میں

کیا بات ہے تری نگہ ناز واہ واہ
عاشق کا کام کر ہی دیا ایک وار میں

ڈھونڈے کوئی بے مثل اگر حسنِ بشر میں
وہ کھُبتے ہیں آنکھوں میں وہ چُبھتے ہیں نظر میں

اُس مہرِ منور کی قیامت ہے تجلی
بجلی کی طرح کوندتی پھرتی ہے نظر میں

تمھیں پروا کسی کی کیا کہ تم ایسے ہو خوش قسمت
وہی ملتا ہے جو مانگو وہی ہوتا ہے جو چاہو

بے خبر ہے حُسن کے انداز سے
آنکھ ہے اُس کی نشیلی ناز سے

قیامت ہو ترے کوچہ میں تیری دلربائی سے
بپا ہے شورِ محشر کُٹنے والوں کی دہائی سے

رُخِ روشن ہے آئینہ قدِ موزوں سہی بالا
زمانہ محوِ حیرت ہے کسی کی خودنمائی سے

سُرخ ڈوروں میں نگاہِ یار ہے
خون میں لتھڑی ہُوئی تلوار ہے

اور کس کا میرے دل پر وار ہے
آپ ہیں یا آپ کی تلوار ہے

نگہ ناز ہے تلوار ادا قاتل ہے
اب بھی مشکل نہ ہو آساں تو بڑی مشکل ہے

خلیق

خلیق مرزا ظہور علی ولد مرزا ہوشدار جو مشہور مرثیہ خوان اور ماہرِ فنِ موسیقی تھے اُردو شعر بھی کہتے تھے محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں حسب طلب نواب نوازش محمد خان شہاب جنگ مرشد آباد کو گئے تھے اور وہ زمانہ اُنکے آغاز جوانی کا تھا۔ سنہ ۱۱۹۹ ہجری میں صوبہ بنگال میں کسی عہدہ پر مامور تھے مرثیہ اچھا کہتے تھے فیلن صاحب نے اُنکا پورا ایک مرثیہ اپنے تذکرے میں درج کیا ہے اور اصنافِ سخن میں سے کچھ نہیں لکھا۔ لہذا اُس مرثیہ کے چند بندوں پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

ہوا صغرا پہ جب ظاہر کہ بابا کا سفر ٹھہرا
مجھی کو چھوڑنا گھر میں اُنھیں مدِ نظر ٹھہرا

یہ سب بے درمیاں اب کوچ کُنبے کا سحر ٹھہرا
دم اُس بیمار کا غم سے لبوں پر آ نکر ٹھہرا

لگیں کہنے الٰہی آج میرا دم نکل جائے
جو بابا کے جدا ہونے کا دل سے غم نکل جائے

جُدائی مجھ سے بابا جان کی دیکھی نہ جائیگی
مری جانِ حزیں ہرگز نہ یہ صدمہ اٹھائیگی
نظر بابا کی صورت جبکہ پڑی مجکو نہ آئیگی
اکیلی گھر میں یہ دُکھیا پڑی آنسو بہائیگی

یقین ہے نہ صورت اچھی ہونے کی کوئی ہوگی
نہ بابا گھر میں آوینگے نہ میری زندگی ہوگی۔

یہ خط کس کا ہے آج آیا مُطالعہ جسکو فرما کے
ہوئی تشویش اور آنسو بہے چہرے پہ بابا کے
پھوپی زینب کو چپکے سے کہی کیا بات بلوا کے
گئیں حجرے میں کیوں بابا کے آجان گھبرا کے

یہ ہے کیا مشورہ ہونا بتا دے ہوش جاتے ہیں
سکینہ گود میں بیٹھی ہے اور مجھ سے چھپاتے ہیں

خلیق

خلیق۔ شاعر شیریں زبان میر مستحسن خلیق دہلوی خلفِ ارشد میر غلام حسن حسن مرحوم برادر خورد میر احسن خلق لکھنو اور فیض آباد میں تعلیم و تربیت پائی۔ سولہ برس کی عمر سے مشقِ سخن کا شوق دامنگیر ہوا حسن خلق کی رعایت سے خلیق تخلص اختیار کیا اور مصحفی کے شاگرد ہوئے۔ انھیں ایام میں میرزا تقی ترقی نے چاہا کہ فیض آباد میں شعر و سخن کا چرچا ہو۔ مشاعرہ قائم ہوا اور خواجہ حیدر علی آتش کو لکھنؤ سے بلوایا پہلے ہی جلسہ میں جو میر خلیق نے غزل پڑھی اُس کا مطلع یہ تھا۔

مثلِ آئینہ ہے اُس رشکِ قمر کا پہلو
صاف اِدھر سے نظر آتا ہے اُدھر کا پہلو

آتش نے اپنی غزل پھاڑ ڈالی اور کہا کہ جب ایسا شخص یہاں موجود ہے تو میری کیا ضرورت ہے چند روز کے بعد میر حسن اُنکے والد نے قضا کی۔ عیال کا بوجھ انکے سر آپڑا اور شعر شاعری کے خیالات پست ہوگئے بڑے پُر گو تھے۔ غزلیں بیچا کرتے تھے اِس پر بھی دیوان مکمل کر لیا تھا۔ مگر اُسے رواج نہیں دیا۔ تمام عمر مرثیہ گوئی میں بسر کی۔ میر ضمیر اور میرزا فصیح مرثیہ گو انکے ہمعصر تھے۔ میر خلیق کے ادائے کلام اور پڑھنے کی خوبی دیکھنے اور سننے کے قابل تھی۔ خوبی محاورہ اور لطف زبان جو انکے مرثیوں میں پایا جاتا ہے وہ انکے ہمعصروں کے کلام میں مفقود ہے۔ لکھنؤ میں انکی اور انکے تمام گھرانے کی زبان محاورے کے لحاظ سے مستند سمجھی جاتی تھی۔

ہر چند چاہا کہ کلام دستیاب ہو مگر انکے عزیزوں کی لاپرواہی سے مجبور ہو کر پرانے تذکروں سے کچھ اشعار انتخاب کر کے درج کیے گئے ؛

غفلت میں فرق اپنی تجھ بن کبھو نہ آیا — ہم آپ میں نہ آئے جب تک کہ تُو نہ آیا
اشک جو چشمِ خوں فشاں سے گرا — تھا ستارہ کہ آسماں سے گرا
مجرائی طبع کُند ہے لطفِ بیاں گیا — دنداں گئے کہ جوہرِ تیغِ زبان گیا
گذری بہارِ عمر خلیق اب کہیں کے سب — باغِ جہاں سے بلبلِ ہندوستاں گیا
کہا میں نے جو اے گُل کچھ وفا کر — تو وہ ہنس پڑا وہ کھل کھلا کر
ہے حُسن ترا مہرِ درخشاں کے برابر — دنداں درِ لب لعلِ درخشاں کے برابر
کیا چاہیئے عاشق کے تجھے قتل کو خنجر — ابرو ہیں ترے خنجرِ براں کے برابر
جس گھڑی تم کو نہیں پاتے ہیں ہم — جی ہی جی میں اپنے گھبراتے ہیں ہم
کِسکے خرامِ ناز کا پامال ہوں خلیق — لگتی ہے چوٹ دل کو مرے ہر قدم کسیکے
مُرغانِ قفس کرتے ہیں سب نغمہ سرائی — کیا فصلِ بہاری کی چمن سے خبر آئی
گلشن میں یہ کس شخص کا ہے ڈھیر کہ بلبل — منقار میں لیجا کے کئی پھول دھر آئی
مدت سے ہم رہتے تھے جس گھر میں ہم اور یار — اب دیکھ کے وہ خالی مکاں آنکھ بھر آئی
کیا پوچھتے ہو حالِ اسیرانِ قفس کا — گلشن سے جو بیخود ہو نسیم سحر آئی
ایسا تو جہاں میں کوئی ہو یگانہ رسوا — آفت جو خلیق جگر افگار پر آئی

دل میں تھا آتے ہی اُسکے جائیں لگ آغوش سے — جب وہ آیا سامنے تب رہگئے خاموش سے

خلیق - جناب منشی ارشاد حسین صاحب خلف حاجی محمد امداد حسین صاحب صفیر مرحوم رئیس فرخ آباد ۱۸۸۵ء کے قریب زندہ و سلامت موجود تھے بعد کا حال معلوم نہیں یہ کلام کا نمونہ ہے

سمجھے تھے جسکو دوست وہ دشمن نظر میں ہے — امیدِ خیر کیا ہو کہ شر ہر بشر میں ہے
نا ثیر جس کا نام ہے وہ اے شبِ فراق — آہِ سحر میں ہے نہ دعائے سحر میں ہے

دیکھیں ہم اور پھولوں کو کیا محوِ چشم ہیں
نرگس کا پھول بدنظر باغ بھر میں ہے
انصاف کر کہ ہم کسے چاہیں ترے سوا
تُو ہی بتا کہ ناز پری کس بشر میں ہے

خلیق

خلیق - جناب محمد نصر اللہ خاں صاحب باشندہ حسن پور تلمیذ جناب امیر لکھنوی ان کا کچھ حال باوجود تلاش میسر نہ ہوا ناچار اندراج کلام پر اکتفا کیا گیا ٭

آئی نظر کسیکی جو ترچھی نظر مجھے
دل کی خبر رہی نہ جگر کی خبر مجھے
ممکن نہیں کہ چھوڑ دے دردِ جگر مجھے
رہنے دے اب خدا پہ ہی اے چارہ گر مجھے
اے رفتگانِ راہِ عدم پھر بھی آئیو
کچھ پوچھنی ہے تم سے عدم کی خبر مجھے
نہ ہوتے ہم جو رسوائے زمانہ
یہ شہرت آپ کی ہوتی کہاں سے

خلیق

خلیق - عالیجناب راجہ دیبی داس صاحب سوم تعلقدار پائگاہ حیدر آباد کے اُمرائے عظام میں سے ہیں منشی حفیظ سے تلمذ ہے - دو شعر نتائج افکار سے درج کیے جاتے ہیں ٭

یوں تو اک روز تجھے آنا ہی اے موت ضرور
گر شبِ ہجر میں آجاتی تو احسان ہوتا
بڑھ گئی مرہم کافور سے سوزش دونی
کاش زخموں پہ مرے وہ نمک افشاں ہوتا

خلیق

خلیق - جناب منشی محمد خلیق صاحب کن بٹاوہ ضلع خاندیس - آجکل کے شاعروں میں ان کا شمار ہے رسالوں میں غزلیں شایع کراتے رہتے ہیں اُن میں سے چند شعر انتخاب ہوئے - کوئی خاص بات قابلِ ذکر انکے کلام میں نہیں ہے ٭

آج کوئی آنے والا ہے ضرور
یہ تپاب تابیٔ دل سے ملا
قاصد نے اُسکی نوک پلک کا کیا جو ذکر
نشتر سا ہائے میرے جگر میں چبھو گیا
لایا نہ کچھ جواب ہمارے سوال کا
قاصد ہمارا جا کے اُدھر ہی کا ہو گیا
اے بیکسی بہائے ہیں کسنے یہ چار اشک
آکر مرے مزار پہ یہ کون رو گیا
رسوا ہوا ذلیل ہوا تیرے عشق میں
جو کچھ مرے نصیب میں ہونا تھا ہو گیا
کہے گا کون مسیحا تجھے زمانے میں
مریضِ عشق کا جب کچھ تجھے خیال نہیں

جو مرمٹوں کا ذرا بھی تمھیں خیال نہیں
ہمیں بھی جایئے اب حسرت وصال نہیں

اگلی ہیں آہ و خوں کی نجاؤ حضرتِ دل
جتائے دیتے ہیں اچھی یہ دیکھ بھال نہیں

خلیق

خلیق منشی عبد الخالق دہلوی کسی پنجابی سوداگر کی دوکان پر ملازم ہیں۔ استعداد علمی بہت معمولی ہے مگر شاعری کا شوق حد اعتدال سے متجاوز ہے۔ جو کچھ آمدنی ہوتی ہے اُس کا کثیر حصّہ اِس فن کے شوق کی نذر کر دیتے ہیں۔ سائل صاحب اور منشی چندر بھان کیفی انکے اُستاد ہیں۔ اور شعرا سے بھی استفادہ کرتے ہیں۔ قابلِ قدر رسالوں میں کئی نظمیں انکے نام سے شائع ہو چکی ہیں۔ اِن نظموں میں تاریخی مضامین ایسی جامعیت اور قابلیت سے سلسلہ وار لکھے گئے ہیں، جن سے اِنکے مصنف کی علمی استعداد، اور واقفیت عامہ کے متعلق اچھی رائے قائم کی جا سکتی ہے اور مشقِ سخن بھی پختگی اور سنجیدگی کا پہلو لیئے ہوئے ہے۔ واقعات کا تسلسل بہت خوبی سے دکھایا ہے اور روانی قابلِ تعریف ہے ٭

ڈر تو یہ ہے جو بدل لے وہ ستمگر آنکھیں
اُلٹی چھریاں کہیں ہو جائیں نہ پھر کر آنکھیں

یہ تماشا ہے نیا صُلح بھی ہے جنگ بھی ہے
دل ملے پر بھی لڑا کرتی ہیں اکثر آنکھیں

کہتے ہیں مجھپہ مرتی ہے دنیا تو کیا عجب
ایسا کوئی جہاں میں طرحدار بھی تو ہو

کہتا ہے مجھ سے داورِ محشر کے روبرو
دل سے نکال دعویٔ باطل کی آرزو

ریاکاری میں ساری عمر کر دی رائگاں اپنی
جہاں میں جسنے جنت کی تمنا میں عبادت کی

مَیں جسکو دیکھا دل ہو گیا اُس کا بس آزاہد
نکر تعریف میرے سامنے حورانِ جنت کی

اے قیس تجکو دشت نوردی سے کیا حصول
لیلیٰ کے دل میں نکل اپنی راہ کی

پامال یوں نہ کیجئے وقتِ خرام ناز
فریاد کچھ تو سُنئے دلِ دادخواہ کی

اُمید و یاس میں دل کا عجب دستور رہتا ہے
کبھی مسرور رہتا ہے کہیں رنجور رہتا ہے

ریاکاری خدا کے گھر میں بھی اے حضرتِ زاہد
زباں پر نام حق دل میں خیال حور رہتا ہے

نوحۂ وفات نظام

کیا غضب ہے ای اجل دنیا میں کوئی ذی حیات
تیرے دستِ ظلم سے زندہ نہ رہنے پائے ہائے

چشمِ بد دور اپنے حق میں جو ترے آگے کہے
دیدۂ و دلستہ اسکو ہی نظر کھا جائے ہائے

کیسے کیسے خاندانوں کو کیا تو نے تباہ
کیسے کیسے گھر بنے تو نے اجاڑے ہائے ہائے

نامیوں کے کھوج تک باقی نہ رکھے نام کو
صفحۂ ہستی سے وہ نام و نشاں مٹوائے ہائے

بے گنہ ناداں جواں سب پر پھری تیغ جفا
یہ ستم یہ ظلم تیرا کس سے دیکھا جائے ہائے

تھا جو گلدستہ میں ای بادِ فنا چوٹی کا پھول
کیا غضب ہے کیا ستم ہے وہ ہی گل مرجھائے ہائے

جسکے کہتے تھے قصیدے شاعرانِ ذی شعور
اُن سے نوحے مرثیے اب نہ سکے تو لکھوائے ہائے

سب جسے آنکھوں میں رکھیں آہ وہ ہر دلعزیز
کارواں سے مثلِ یوسف یوں بچھڑ کر جائے ہائے

شادیانے جسکے بجتے اسکی یہ نوبت ہے آج
پیچھے میت آگے ماتم اسکا ہوتا جائے ہائے

بین کے نغموں کے بدلے بین کا ہے شور و غل
دھوم سے اس کا جنازہ یوں اجل اٹھوائے ہائے

جھاڑتے تھے روز و شب جو اسکے پاپوشوں کی گرد
اسکی میت پر انھیں سے مٹی اب ڈلوائے ہائے

فرشِ دیبا کی بھی جسکو سلوٹیں تھیں ناگوار
اس تنِ نازک کو تو یوں خاک میں ملوائے ہائے

ہاتھ جو بہر سلام اٹھتے تھے جس کے رو برو
آج اسی کی فاتحہ کو ہاتھ وہ اٹھوائے ہائے

چھا گئی ہے کیا غم و اندوہ کی دلپر گھٹا
ہے سیہ پوش اسکے ماتم میں یہ کعبہ ہائے ہائے

قیصری دربار میں جو شوق سے آنے کو تھا
ای اجل اسکو ہی تو ملکِ عدم پہنچائے ہائے

حشر تک ماتم رہے گا اس غمِ جانکاہ کا
شاہ آصف جاہ جیسا شخص یوں مر جائے ہائے

سرگذشت دہلی

اُجڑا ہوا نہیں ہے ہرگز دیارِ دہلی
پوچھے ہمارے دل سے کوئی بہارِ دہلی

ہیں زندہ یادگاریں نقش و نگارِ دہلی
کچھ نام کر گیا ہے ہر تا جدارِ دہلی

تاریخ دفن اس میں ہندوستان کی ہے
یونان و مصر و فارس سارے جہان کی ہے

بھارت میں جیکے ڈنکا پانڈو کل بج رہا تھا
وہ بھیم وہ یدھشٹر وہ کرشن سج رہا تھا

کوروں کے دل میں جا کر ارجن گرج رہا تھا
بانکوں کا بانکپن بھی جن سے نہ کج رہا تھا

اُنکے محل تھے کیا کیا جمنا ترے کنارے
اندر پرست دہلی کہتے تھے تجھکو سارے

بھیشم کے دور دورے کوروں کی حکمرانی
ایسے ہوئے پر یچھت کلجگ نے ہار مانی

پھر جنمے جے نے اپنی کی تیس مار خانی
انجام اُنکا سُن لو کھنڈرات کی زبانی

حسرت سے کہہ رہے ہیں دالان ٹوٹے پھوٹے
ہمپر بھی نقش کاری ہمپر تھے بیل بوٹے

تجھکو پرانے قلعہ آباد رکھنے والا
دُنیا کے حادثوں سے آزاد رکھنے والا

تعمیر میں نرالی ایجاد رکھنے والا
وہ کون نامور تھا بنیاد رکھنے والا

کیا تجھ میں خوبیاں تھیں کیا شاندار یاں تھیں
کس شاہِ ذی حشم کی جہاندار یاں تھیں

دہلی میں راجپوتی لہرا رہا نشاں تھا
اقبال اوج پر تھا ہمدرد آسمان تھا

کروٹ جو ایک بدلی غوری کا آستاں تھا
دُھنتا تھا سر تھپورا مندر مرا یہاں تھا

چونٹھ تھے اُس میں کھنبے کھمبوں میں رتنیں تھیں
اِن مورتوں میں کیا کیا عالم کی صورتیں تھیں

مینارِ قطب صاحب کب سے کھڑا ہوا ہے
کچھ بول چال مُنہ سے کیا تو لڑا ہوا ہے

کیوں سربلندیوں سے اتنا بڑا ہوا ہے
تیری بنا میں کس کا پتھر گڑا ہوا ہے

اے التمش کی مسجد تُو ہی نشاں بتا دے
کرتی تھی حکمرانی رضیہ کہاں بتا دے

چتوڑ کی لڑائی دولت پہ جان دینا
وہ قوم کی حمیت عزت پہ جان دینا

خلجی کا شوخ چنچل صورت پہ جان دینا
جانباز پدمنی کا عصمت پہ جان دینا

ہیں زندہ داستانیں ہستی رہیگی جب تک
جمنا کنارے دہلی بستی رہیگی جب تک

تغلق نے تخت چھینا قلعہ نیا بنایا
فیروز شہ نے اپنا پھر کوٹلہ بسایا

سنگین لاٹ گاڑی مُکھ سے رہی رعایا
یک لخت قہر کیسا نازل ہُوا خدایا

تاتاریوں کو لیکر تیمور لنگ آئے
دِلّی کے رہنے والے جانوں سے تنگ آئے

لاکھوں کے خوں بہائے کی کُوٹ مار کیسی
تیغ دودم ہوئی تھی سینے کے پار کیسی

آہیں نکل رہی تھیں بے اختیار کیسی
بچّوں کے واسطے تھی ماں بیقرار کیسی

ایسا نہ دن دکھائے دشمن کو بھی الٰہی!
دہلی کو مدّتوں تک جیسی رہی تباہی

وہ خاندانِ لودھی بابر کا چڑھ کے آنا
میدانِ پانی پت میں توپوں کا دندنانا

دیتا تھا جان کیسا آزادیوں پہ رانا
آتا ہے یاد مجھکو اُس وقت کا زمانا

تھی باپ کی محبت بیٹے پہ جان دیدی
مفتوحہ سلطنت کی اُسکو عنان دیدی

کی ہے شہ ہمایوں نے سلطنت اُدھوری
زوروں پہ چڑھ رہا تھا جب شیر شاہ سوری

گردش میں تھا نصیبا ہندوستاں سے دُوری
ایرانیوں نے کردی آخر مراد پوری

بیرم کی جاں نثاری اب تک زبان زد ہے
وہ نیک نام زندہ دنیا میں تا ابد ہے

کیا تربتِ ہمایوں پہ مقبرہ بنا ہے
صفدر کا مدرسا ہے درگاہ اولیا ہے

طوطیٔ ہند نامی خسرو یہیں ہُوا ہے
تیرا جہان آرا سبزہ ہرا بھرا ہے

غالب کی ہے یہیں پر اُجڑی ہوئی نشانی
اُردو لحد کے اُوپر کرتی ہے نوحہ خوانی

درگاہِ قطب صاحب سنگِ مزار دیکھے
سہروں میں پھُول دیکھے پھولوں میں خار دیکھے

شاہوں کے جیش کیا کیا پروردگار دیکھے
آخر کو زیر تربت سب تاجدار دیکھے

سُکھ نیند سو رہے ہیں قبروں میں شاہزادے
بادِ سحر جگا دے بادِ سحر جگا دے

انسان کو جان پیاری جاں کو بدن پیارا
بلبل کو گُل مبارک گل کو چمن پیارا

عاشق کو کوئے جاناں شیروں کو بن پیارا
شاہِ جہاں کو دہلی ہمکو وطن پیارا

رکھیں گے یاد اسکو جیتے رہینگے جب تک
جامِ شرابِ عشرت پیتے رہینگے جب تک

دہلی کے لال قلعہ فردوس کے نمونے
اقبال دوڑتا تھا قدموں کو تیرے چُھونے

دربارِ شہ جہانی دیکھا ہے خوب تو نے
ہائی تھی کامیابی کس کس کی آرزو نے

کس تخت پر مرصع طاؤس جلوہ گر تھے
فرمانروائے دولت بیٹھے ہوئے کدھر تھے

دیوانِ خاص تیرا دیوانِ عام تیرا
آئین کے موافق ہر انتظام تیرا

شوکت کنیز تیری، رتبہ غلام تیرا
مشہور ہو رہا تھا دنیا میں نام تیرا

انصاف پروری سے دلّی پری ہوئی تھی
اِس شہر میں اٹاٹوٹ دولت بھری ہوئی تھی

ہاں تجھکو جامع مسجد رضواں پہ برتری ہے
عالم فریب منظر انداز دلبری ہے

جب تک ہے حوض جاری اِس نام میں تری ہے
نیکی کی جڑ ہری ہے نیکی کی جڑ ہری ہے

جنّت میں کیوں نمازی جائیں نماز پڑھنے
دلّی میں جب فرشتے آئیں نماز پڑھنے

حامیٔ دین احمد اورنگ زیب نامی
ارکانِ سلطنت کی لیتا رہا سلامی

لیکن رہا ہے کس کا جاہ و حشم دوامی
مغلوں کے دبدبہ میں آنے لگی تھی خامی

ایسے سحر سے بیٹھے جلسوں میں شام کردی
اِن عیشی جیوڑوں نے ترکی تمام کردی

ایسے ہوئے محمد شاہِ زمان رنگیلے
نقال۔ بھانڈ کتھک مجرا کریں سجیلے

دربار میں طوائف آنے تھے بے وسیلے
شیشہ کی یہ صدا تھی جام شراب پی لے

رندوں کا لال قلعہ میخانہ بن رہا تھا
خود بادشاہِ دہلی مستانہ بن رہا تھا

نادر کی فوج آئی نشہ حرام کرنے
پابند عیش جانے کیوں روک تھام کرنے

مسجد میں آکے بیٹھا جب قتل عام کرنے
پہنچا وزیر اعظم جھک کر سلام کرنے

نادر ہوا روانہ پھینکے اُٹھا کے لاشے
مستِ شراب عشرت کرنے لگے تماشے

چوپٹ تھے شاہ عالم اندھیر چھا رہا تھا
ظالم غلام قادر آنکھیں دکھا رہا تھا

ہر شخص اپنا اپنا نقشہ جما رہا تھا
ہلکر اُچھل اُچھل کر فقنے اُٹھا رہا تھا

دہلی نے ہائے کیا کیا آشوب دہر جھیلے
آئے کبھی مرہٹے چھائے کبھی رہیلے

ساعت سعید آئی پھر وقت نیک آیا
دلّی کو فتح کرنے انگریز ایک آیا

سب سے نجات پائی جب لارڈ لیک آیا
بائے ہوا بڑا دن کھانے میں کیک آیا

سکّہ جمایا اپنا اب ایسٹ انڈیا نے
ہرے تھے شور و غل تھے بجتے تھے شادیانے

بس ایک لاکھ پنشن پاتا تھا شاہِ دہلی
پر نام تھا ابھی تک عالم پناہِ دہلی

پھر انقلاب آیا بگڑی سپاہِ دہلی
پھر خاک میں ملایا کالوں نے جاہِ دہلی

مغلوں کی سلطنت کا نام و نشان نہ رکھا
بابر کا نام لیوا باقی یہاں نہ رکھا

تھے سب مشیرِ شاہی دربار میں چھچھورے
گاتے رہے ملاریں سنتے رہے کٹورے

مارے گئے ہزاروں دمبا نفت خورے
سُتھراؤ کر رہے تھے ہتیار بند گورے

شاہِ سخن کے اکثر مضمون قید کر کے
بھیجا ظفر کو آخر رنگون قید کر کے

شہزادیوں پہ توڑا کیسا غضب خدا نے
پھرتی تھیں تنکے چنتی جنگل میں بے ٹھکانے

تھے خاک کے بچھونے ڈیرے نہ شامیانے
تکیے کے بدلے پتھر رکھنے لگیں سرہانے

پھولوں نہیں تُل رہی تھیں ناز نیں پل رہی تھیں
وہ بے نقاب ہو کر گھر سے نکل رہی تھیں

ملکہ ہوئی یہانکی وکٹوریہ پیاری
فرمان کر دیا تھا امن و امان کا جاری

بازار میں لٹن کی نکلی بڑی سواری
دربارِ قیصری کی بڑھکر تھی شانداری

ہندوستاں کے راجا خیل و خدم سے آئے
اقبال و جاہ و حشمت جھکے قدم سے آئے

پھر اڈیورڈ ہفتم نے کی صلح پسندی
رشیا سے رشتہ جوڑا جرمن سے بھائی بندی

خوش تنظامیوں کے صدقے تھی عقلمندی
دہلی کا کارونیشن شاہانہ سربلندی

پُل دماں پہ نکلے کرزن سوار ہو کر
چلنے لگی سواری بادِ بہار ہو کر ❊

اب آپ جارج پنجم دربار کر رہے ہیں
فیضِ قدم سے جن کو گلزار کر رہے ہیں

امن و اماں کا سب سے اقرار کر رہے ہیں
تعریف روز مرہ اخبار کر رہے ہیں

جشن ہو مبارک یہ جشن ہو مبارک
ہندوستانِ دہلی، انگلینڈ کو مبارک

چہرہ ہو نور افشاں کیا شانِ قیصری ہے
اقبال و دبدبہ سے عالم کو تھرتھری ہے

قبضہ میں بحر و بر ہیں مشہور سروری ہے
نوشیرواں سے بڑھکر انصاف گستری ہے

زیر و زبر میں یکساں ایسی ہے حکمرانی
پیتے ہیں شیر بکری اب ایک گھاٹ پانی

ریلوں کی ہے ترقی جاری ہے ڈاکخانہ
زوروں پہ ہے تجارت صنعت کا ہے زمانہ

شوکت کنیز تیری، رتبہ غلام تیرا
مشہور ہو رہا تھا دنیا میں نام تیرا

انصاف پروری سے دلّی پری ہوئی تھی
اِس شہر میں اٹاٹ دولت بھری ہوئی تھی

ہاں تجھکو جامع مسجد رعنواں پہ برتری ہے
عالم فریب منظر انداز دلبری ہے

جب تک ہے حوض جاری ہِن نام میں تری ہے
نیکی کی جڑ ہری ہو نیکی کی جڑ ہری ہے

جنّت میں کیوں نمازی جائیں نماز پڑھنے
دلّی میں جب فرشتے آئیں نماز پڑھنے

حامیٔ دین احمد اورنگ زیب نامی
ارکانِ سلطنت کی لیتا رہا سلامی

لیکن رہا ہے کس کا جاہ و حشم دوامی
مغلوں کے دبدبہ میں آنے لگی تھی خامی

ایسے سحر سے بیٹھے جلسوں میں شام کردی
اِن عیشی جیوڑوں نے ترکی تمام کردی

ایسے ہوئے محمد شاہِ زمان رنگیلے
نقال۔ بھانڈ کتھک مجرا کریں سجیلے

دربار میں طوائف آنے تھے بے وسیلے
شیشہ کی یہ صدا تھی جامِ شراب پی لے

رندوں کا لال قلعہ میخانہ بن رہا تھا
خود بادشاہِ دہلی مستانہ بن رہا تھا

نادر کی فوج آئی نشہ حرام کرنے
پابند عیش جاتے کیوں روک تھام کرنے

مسجد میں آکے بیٹھا جب قتل عام کرنے
پہنچا وزیر اعظم جھک کر سلام کرنے

نادر ہوا روانہ پھیلے اُٹھا کے لاشے
مستِ شراب عشرت کرنے لگے تماشے

چوپٹ تھے شاہ عالم اندھیر چھا رہا تھا
ظالم غلام قادر آنکھیں دکھا رہا تھا

ہر شخص اپنا اپنا نقشہ جما رہا تھا
ہلکر اُچھل اُچھل کر فقنے اُٹھا رہا تھا

دہلی نے ہائے کیا کیا آشوب دہر جھیلے
آئے کبھی مرہٹے چھائے کبھی رہیلے

ساعت سعید آئی پھر وقت نیک آیا
دلّی کو فتح کرنے انگریز ایک آیا

سب سے نجات پائی جب لارڈ لیک آیا
بائے ہوا بڑا دن کھانے میں کیک آیا

سکّہ جمایا اپنا اب ایسٹ انڈیا نے
ہرے تھے شور و غل تھے بجتے تھے شادیانے

بس ایک لاکھ پنشن پاتا تھا شاہِ دہلی
پر نام تھا ابھی تک عالم پناہِ دہلی

پھر انقلاب آیا بگڑی سپاہِ دہلی
پھر خاک میں ملایا کالوں نے جاہِ دہلی

مغلوں کی سلطنت کا نام و نشان نہ رکھا
بابر کا نام لیوا باقی یہاں نہ رکھا

تھے سب مشیرِ شاہی دربار میں چھچھورے
گاتے رہے ملاریں سنتے رہے کٹورے

مارے گئے ہزاروں دمبا رفت خورے
سُتھراؤ کر رہے تھے ہتیار بند گورے

شاہِ سخن کے اکثر مضمون قید کر کے
بھیجا ظفر کو آخر رنگون قید کر کے

شہزادیوں پہ توڑا کیسا غضب خزانے
پھرتی تھیں تشنے چٹنی جنگل میں بے ٹھکانے

تھے خاک کے بچھونے ڈیرے نہ شامیانے
تکیے کے بدلے پتھر رکھنے لگیں سرہانے

پھولوں میں تُل رہی تھیں نازوں میں پل رہی تھیں
وہ بے نقاب ہو کر گھر سے نکل رہی تھیں

ملکہ ہوئی یہانکی وکٹوریہ پیاری
فرمان کر دیا تھا امن و امان کا جاری

بازار میں لٹن کی نکلی بڑی سواری
دربارِ قیصری کی بڑھکر تھی شانداری

ہندوستاں کے راجا خیل و خدم سے آئے
اقبال و جاہ و حشمت جسکے قدم سے آئے

پھر ایڈورڈ ہفتم نے کی صلح پسندی
رشیا سے رشتہ جوڑا جرمن سے بھائی بندی

خوش تنظامیوں کے صدقے تھی عقلمندی
دہلی کا کارونیشن شاہانہ سربلندی

پیلِ دماں پہ نکلے کرزن سوار ہو کر
چلنے لگی سواری بادِ بہار ہو کر ❊

اب آپ جارج پنجم دربار کر رہے ہیں
فیضِ قدم سے جن کو گلزار کر رہے ہیں

امن و اماں کا سب سے اقرار کر رہے ہیں
تعریف روز مرہ اخبار کر رہے ہیں

جشن ہو مبارک جشن ہو مبارک
ہندوستان دہلی، انگلینڈ کو مبارک

چہرہ ہے نور افشاں کیا شانِ قیصری ہے
اقبال و بدبہ سے عالم کو تھرتھری ہے

قبضہ میں بحر و بر ہیں مشہور سروری ہے
نوشیرواں سے بڑھکر انصاف گستری ہے

زیر و زبر میں یکساں ایسی ہے حکمرانی
پیتے ہیں شیر بکری اب ایک گھاٹ پانی

ریلوں کی ہے ترقی جاری ہے ڈاکخانہ
زوروں پہ ہے تجارت صنعت کا ہے زمانہ

نہروں سے آبپاشی کھیتوں پہ آبیانہ
فوجِ پولس معیّن بھرپور ہے خزانہ

سکّھوں کا ڈھنگ دیکھا مغلوں کا طور دیکھا
ایسا نہ عہد دیکھا ایسا نہ طور دیکھا

اقبال کی رہیگی دولت شفیق جب تک
ہے عدل کی جہاں میں رحمت رفیق جب تک

آزادیوں کا حامی لبرل فریق جب تک
ہم بھی دعائیں دیں گے ہر دم خلیق جب تک

ملکہ وجارج پنجم انصاف و عدل پیشہ
زندہ رہیں ہمیشہ زندہ رہیں ہمیشہ

دہلی کی شان دُگنی ہو جائیگی یقین ہے
اُجڑا ہوا نہیں ہے اُجڑا ہوا نہیں ہے

خلدِ بریں سے بہتر اس شہر کی زمیں ہے
ہر نقش دلفزا ہے ہر بات دلنشیں ہے

لندن بنا ہوا ہے ہندوستاں میں دہلی
ہے انتخاب بیشک سارے جہاں میں دہلی

بنسی کی صدا

سکھی میں مست ہوں بنسی کی دھن سے
کہوں گی جو مجھے کہنا ہے اُن سے

تجھے میں کیا بتاؤں جی کہاں ہے
تو ہی مجھکو بتا دے پی کہاں ہے ؟

برہ کی آگ سے میں جل رہی ہوں
تڑپتی ہوں کلیجہ مَل رہی ہوں

نگاہِ ناز سے بسمل ہوئی ہوں
فقط بسمل نہیں بے دل ہوئی ہوں

میرے چت چور کو کوئی بُلا دے
سُنا دے، پھر کوئی بنسی سُنا دے

مری آنکھوں میں وہ رنگیں ادا ہے
مرے کانوں میں بنسی کی صدا ہے

کسی کا مدھ بھری گوری میں دم ہے
مرا اُس بانس کی پُوری میں دم ہے

اِسی غمّاز نے مارا ہے مجھکو
اِسی آواز نے مارا ہے مجھکو

مروں گی جان دونگی سر دھونگی
سنونگی پھر وہی بنسی سُنونگی

وہی بنسی رسیلی ہے سُریلی
وہی بنسی رنگیلی ہے چھبیلی

وُہی بنسی بھرا ہے سوز جس میں
نئی آواز ہے ہر روز جس میں

وُہی بنسی جو بے جاں بولتی ہے
مگر رازِ حقیقت کھولتی ہے

وُہی بینی مجھے دُکھ دے رہی ہے | لبِ جاناں کے بوسے لے رہی ہے
وُہی بینی کٹی جو بانس ہو کر | کھٹکتی ہے جگر میں پھانس ہو کر
اُسی بینی میں جادو بھر رہا ہے | اُسی بینی نے میرا من ہرا ہے
مرونگی جان دونگی سر دھنونگی | سُنونگی پھر وہی بینی سُنونگی

خلیل شرف الدولہ منتظم الملک نواب محمد ابراہیم خان بہادر مستقیم جنگ خلفِ خواجہ عبد الحکیم لکھنوی از اہل خطہ آپ محمد علی شاہ بادشاہ کے وزیر اور موزونی طبع کے اقتضا سے نواب علی شور علی خان کے شاگرد تھے۔ غدر میں مارے گئے بڑے متمدن اور والا منزلت امیر تھے۔ لکھنو میں اِنکے نام کی کوٹھی ابتک مشہور ہے گاہ گاہ شعر کہتے تھے ملاحظہ ہوں ✣

سُن کے حالِ شب فرقت بولے | کیجئے کچھ اور بھی فرمایئے گا
نزع میں دیکھ کے فرماتے ہیں | ہم جلا لیں گے جو مر جایئے گا
وصل میں کہتے ہیں بھولے بنکر | کس طرح ہجر میں مر جایئے گا
ایسے وعدے بھی وفا ہوتے ہیں | ہاں بجا سچ ہے ضرور آیئے گا

مثلِ مہ نو عشق میں اُس رشک قمر کے | اُٹھتی ہے سدا مجھ سے وفا کوش پہ انگشت
دیوانہ تیرا بادیہ پیما ہوا اگر ✣ | دوڑیگا اُسکے لینے کو خود قیس بن کے پاؤں
دیکھی قریبِ چشم جو گیسوئے مشکبار | تشبیہ دی کہ ہیں یہ غزالِ ختن کے پاؤں
ہاتھوں پہ سر جو معرکہ میں تھا | پیچھے ہٹے نہ ایک قدم کوہکن کے پاؤں
درگاہ میں خدا کی دعا ہے یہی خلیل | ہوں روزِ حشر سر پہ مرے پنجتن کے پاؤں

خلیل سخنور خوش فکر میر دوست علی خلیل مرحوم خلف سید جمال علی باشندۂ قصبۂ بڈولی اودہ خواجہ حیدر علی آتش لکھنوی کے شاگردوں میں نامور تھے اِنکی خوش کلامی کا بڑا شہرہ تھا۔ نواب نادر میرزا نیشاپوری کی مصاحبت میں بسر اوقات کرتے رہے ۱۲۷۹ھ میں کلکتے بھی گئے تھے اِنکا اُردو دیوان مطبع نامی لکھنو میں چھپا تھا۔ مگر مُبصروں سے سُنا کہ اچھا کلام بیشتر ضائع ہو گیا اُردو دیوان

مطبوعہ میں شامل نہو سکا اخلاق اور معرفت کا رنگ بھی کہیں کہیں اپنی جھلک دکھا جاتا ہی خلیل کے کلام میں اجنبی اور غیر مانوس الفاظ کی بھرمار زیادہ ہی اور تشبیہ و استعارہ کا شوق حد اعتدال سے متجاوز ہے۔ مراعاۃ النظیر اور صنعت تجنیس کے دلدادہ معلوم ہوتے ہیں بعض اشعار بالکل فحش کا رنگ لیئے ہوئے ہیں۔ زلف۔ کنگھی۔ مانگ۔ چوٹی۔ خط و خال کے مضامین کثرت سے نظم کیئے ہیں۔ صاف عاشقانہ شعر غزلوں میں کم نکلتے ہیں۔ نازکخیالی اور شگفتگی مضامین کی طرف توجہ کم معلوم ہوتی ہے اسی لئے کلام میں دلکشی (جیسی کہ ایسے سخنور کے ہاں امید کیجا سکتی ہے) نہیں ہے عموماً جو ایک مصرعہ میں زور ہوتا ہے وہ دوسرے میں قائم نہیں رہتا۔ ہمنے اپنی پسند کے مطابق عاشقانہ اور اخلاقی مضامین کے اشعار کا انتخاب کیا ہے مگر دیوان میں ایسے اشعار کی تعداد بہت کم ہے سلطان عالم واجد علی شاہ کے عہد میں نظامت اور چکلہ داری کے عہدہ پر ممتاز رہے تاحیات کمال عیش و عشرت سے بسر کرتے رہے۔ دیوان مطبوعہ کا خلاصہ درج ذیل ہے

ناقصوں پر نظر مہر نہ رکھتا جو فلک
لعل پتھر کو نہ پھر سیپ کو گوہر ملتا

جب عرض حال کرتا ہوں کہتا ہی وہ صنم
کچھ اور کہیئے یہ تو ہے قصہ سنا ہوا

دل ہی میں ہیں کچھ ترا جلوہ تو ہر اک کو
شمع حرم و دیر و کلیسا نظر آیا

وہ رنگ ہے تیرا کہ ترے رنگ کے آگے
جس رنگ کو دیکھا ہے وہ پھیکا نظر آیا

آدمی وہ ہی کہ جو حضرت آدم کی طرح
شیر مادر کا بھی شرمندہ احساں نہوا

چپ کس لیئے رہتے ہو خلیل جگر افگار
بتلاؤ تو کیا حال ہے اے یار تمہارا

کبھی دیکھا جو ابلتے ہوئے مے کو خم سے
جوش اپنی بھی جوانی کا ہمیں یاد آیا

اہل دنیا ہیں تمام اپنی غرض کے بندے
پڑ گئی جب کوئی مشکل تو خدا یاد آیا

کیا بہار ہیں جنے بت یا جو لٹکا
گیا نہ زلف کا سودا ہزار سر پٹکا

شب فراق ہیں بیتابیوں سے گیند کیطرح
فلک پہ مجکو اٹھایا زمیں پہ دے پٹکا

کٹتی نہیں ہیں ہجر میں الفت کی بیڑیاں
جو مر گیا وہ قید سے آزاد ہو گیا

یار نے آ کے دمِ نزع کہا — کیا ارادہ ہے کدھر جایئے گا
جوبن رہتا نہیں کسیکا — یہ دھوپ میں سایہ ہے پری کا
ہاتھ پورا نہ پڑا زخم لگائے اوچھے — قتل کرنا بھی نہ تجھکو مرے جلاد آیا
جس نے پوچھا یہی جواب ملا — آدمی باوفا نہیں ملتا
طالبِ مقصود گر ہے اپنی ہستی کو مٹا — ہو گیا جس وقت خود گم مدعا مل جائیگا
عاشق ہوں بتو تم مجھے جو چاہو سزا دو — اللہ کا بندہ ہوں گنہگار تمہارا
قاتل نے بعد قتل مری مسکرا دیا — کیا خوب خوں بہا کے مجھے خوں بہا دیا
کھنچتے ہو دور ہمسے ہمارا قصور ہے — کیوں چاند کہہ کے تمکو فلک پر چڑھا دیا
شبِ غم میں دل پر قلق جب ہوا — خیال اُس کا آکر خبر لے گیا
بزم سے یار نے یہ کہکے نکالا مجھکو — اُٹھئے، گھر جایئے، دم پیچھے، ستایا بہت
حرص لعنت کی بہت کرتی ہے انسانکو خراب — پھوٹ جائے بدن کہیر جو کھایا جائے بہت

اے پری ہیں ترے دیوانے کے مرنیسے خراب — ہتکڑی طوق رسن خانہ زندان زنجیر

جیں پچھتے سے پڑ گئی چین پھر الٰہی آنکھیں — دھن کا بوسہ جو اُس سے مانگا بگڑ گئے صاف منہ بنا کر
نکر تصور بتوں کا دل میں محل تو یہ ہے کہ کچھ چھپا کر — خلیل کعبہ میں بُت پرستی خدا خدا کر خدا خدا کر
بلا ہے سایہ بھی ان بتوں کا خدا بچائے ہر اک بشر کو — پری کو دیوانہ چٹکیوں میں بنا تے ہیں یہ اڑا اڑا کر
ہوئی ہے مدت میں وصل کی شب جو تم شریک ہو سحر نہایاں — کروں میں آہیں جھکا کے سر کو خدا سے تو اے صنم دعا کر
بتوں کو بھی بد نہ کہیو واعظ خدا کو گر ایک جانتا ہے — نکال حرفِ دوئی نہ منہ سے خدا خدا کر خدا خدا کر
حسینوں میں حسن صورتیں ہیں گلوں میں بو سنگ میں ہے آتش — کیا ہے عالم کو تو نے حیران ہر اک میں جلوہ دکھا دکھا کر
بتانِ ہندوستاں میں تو نے بہت سی کی سیرت پرستی — خلیل کعبے میں چل کے یہاں سے کبھی تو خدا خدا کر
کوئی بلبل نہ کسی پھول کا شیدا ہو خلیل — گل کے پردے میں رہے وہ نہ اگر بو ہو کر

روئے پہ باندھ لے جو ہری چشمِ تر کمر — کیسی زمیں فلک پہ ہو پانی کمر کمر

سوز و گداز عشق سے ہو جائینگے فنا
اپنا مآل کار ہے شکلِ مآلِ شمع

حشر برپا ہو کہیں لوگ قیامت آئی
ربع مسکوں میں ہو ہل چل جو چلو چار قدم

جانِ جاں عاشقوں میں نام جدائی کا نو
موت کا ذکر نہیں کرتے ہیں بیماروں میں

دل سے ہم شید، اے چشمِ یار میں
نرگسِ بیمار کے بیمار ہیں

چھیڑتے ہیں عاشقانِ زار کو
خوب رو کتنے غریب آزار ہیں

کیا اُسکی جستجو نے چھڑوا دیئے ہیں مسکن
پروانے ہیں چمن میں بلبل ہیں انجمن میں

مری قدر کیا ہو جہان میں کہیں مجھسا کوئی بشر نہیں
وہ دوا ہوں جس میں شفا نہیں وہ دعا ہوں جس میں اثر نہیں

مرے لکھنے کا خیال ہے شبِ روز شوقِ وصال ہے
وہ کہاں ہے، کون ہے؟ کیا ہے شے ابھی تک کچھ اسکی خبر نہیں

نہیں دم زدن کی یہ ہے جگہ جو خیال بھی ہو عروج کا
تو صدا یہ آتی ہے کان میں کہ بس اے حباب ابھر نہیں

مرے اُسکے بیچ معاملے وہی اُسکو خوب ہے جانتا
یہ مقامِ راز و نیاز ہے دل و جاں کو اُسکی خبر نہیں

کرے دید اُسکی مجال کیا وہ جمال و شمن ہوش ہے
جھلک اُسکی جسکو نظر پڑی اُسے پھر کسی کی خبر نہیں

وہ جو کرتے ہیں مرا امتحاں پڑیں بیچ وائے نہ درمیاں
اگر آگ میں بھی وہ پھینکدے تو خلیل کچھ مجھے ڈر نہیں

اللہ رے حسنِ عارضِ رنگین کے عکس سے
یاقوت بن گیا ہے گہر گوشِ یار میں

ہونہ غصہ آگئے ہیں لختِ دل نالوں کے ساتھ
باغباں گلبرگ منقارِ عنادل میں نہیں

سر ترے زانو پہ ہو دم نکلے جب آہ لقا
اور کچھ حسرت ترے بیمار کے دل میں نہیں

زمزمہ گانی کا سبب عاشق کی ہجر یار ہے
زیست پروانہ کی وصلِ شمع محفل میں نہیں

ہمتِ مردانہ ہے میری مجھے مشکل کشا
غیر سے خواہش دکا وقت مشکل میں نہیں

عمر غفلت میں بسر ہوتی ہے اپنی روز و شب
کچھ نہیں معلوم ہم سوتے ہیں یا بیدار ہیں

کسکو یاں تاب رقم واں کسکو پڑھنے کا دماغ
ورنہ قاصد شرح شوق وصل کے طومار ہیں

دل ہی دل میں گفتگو رہتی ہے باہم روز و شب
میرے اُسکے درمیاں تقریر کی حاجت نہیں

وصفِ روئے مگار کرتا ہوں
لکھتا ہوں شرح داستانِ چمن

مُسلمان جانتے ہیں شمع قندیلِ حرم تجھکو
چراغِ دیر ہے تو لے صنم چشمِ برہمن میں

خالی ہیں سبُو شیشے ہیں تہی لبریز شراب سے جام نہیں
چلتے ہیں یہاں سے بادہ کشو اِس بزم میں اپنا کام نہیں

جو مر گئے اُنکو زیر زمیں کچھ راحت و رنج کا کام نہیں
شادیٔ بیاضِ صُبح نہیں اندوہِ سوادِ شام نہیں

ہُوں بندۂ عشقِ حُسنِ بتاں کچھ دیر و حرم سے کام نہیں
مذہب ہی جُدا ہے محبت کا یاں کفر نہیں اسلام نہیں

بلبل ہیں قفسگفتہ ہنستے ہیں گُل ہر باغ میں دھوم بہار آئی
دے موت خدا تجھکو شبنم یہ رونے کا ہنگام نہیں

شاعر ہُوں خلیل تخلص ہے کعبہ تک ہند سے جاتے ہیں
کیوں ننگ ہے تجھکو ملنے میں اے بُت میں بھی گمنام نہیں

خدا کو بھول گئے لوگ فکرِ روزی میں
خیالِ رزق ہے رزّاق کا خیال نہیں

ترکِ دُنیا خوب ہے حرص ہوا اچھی نہیں
ہر کس و ناکس کے آگے التجا اچھی نہیں

عشاق کو محفل سے اُٹھاؤ نہ حسینو!
آئے ہیں ہوا کھانے کو بیمارِ چمن میں

تُم سیر کو جاتے ہو دھڑکتا ہے میرا دل
بلبل کہیں مر جائیں نہ دو چار چمن میں

ناز سے مُنہ کو جو زلفوں میں چھپا لیتے ہو
جی سے بھایا ہے یہ انداز تمھارا مجھکو

تُم مسیحا نہ مُسلمانے کیے جاؤں گا
دردِ دل کہنے سے مطلب ہے اثر ہو کہ نہ ہو

اجل ہے گھات میں دم توڑتا ہُوں تم مسیحا ہو
اکیلا چھوڑ کر جاؤ نہ بیمارِ محبت کو

جس سنگ پہ چاہو جبہہ سا ہو
پر شرط یہ ہے کہ بے ریا ہو

کیونکر نہ کہوں تمہیں مسیحا
دردِ دلِ زار کی دوا ہو

اچھے نہیں ہیں جوششِ وحشت کے رنگ ڈھنگ
بیتو رکچھ اب کے سال بُرے ہیں بہار کے

دم سے طلسمِ آدمِ خاکی کا ہے خلیل
پھرتی ہیں پُتلیاں یہ سہارے سے تار کے

پاؤں پر خم رہی جبینِ نیاز
زندگی یُوں بسر ہوئی میری

طالبِ وصل ہُوں نہ چھیڑ مجھے
دل لگی کیا غریب سائل سے

نہو جو داغِ جگر تو غلط ہے دعوی عشق
بغیر مہر سند معتبر نہیں ہوتی

کیونکر ڈروں نہ اُنکے خطِ مشک فام سے
پُہنچے ہیں سیدوں کو بہت بخ شام سے

چمن چمن یہ نسیم سحر پکار آئی
خزاں نے کوچ کیا بلبلو بہار آئی

جادو یار نہ تھا وار وئے بیہوشی تھی
دیر تک ایک نظر دیکھ کے بیہوش رہے

داغ دیجاتی ہے برسات میں بے یار گھٹا
ابر تر آگ کلیجہ کو لگا جاتا ہے

دھوم سنتے رہے آج آتی ہے کل آتی ہے
قامت یار کے آگے نہ قیامت آئی

جمال حور کا مٹی کی مورتوں کو دیا
کمال صنعت پروردگار دیکھ چکے

محبت مرض ہے محبت دوا ہے
محبت اجل ہے محبت شفا ہے

شرافت ہے حسن عمل سے خلیل
جبیں پر کہاں شیخ و سید لکھا ہے

ہوتی ہے شکست اسکو جو مجھ رند سے اکثر
جب دیکھئے توبہ در قاضی پہ کھڑی ہے

فرقت کی نہیں شب شب آفات یہی ہے
روتا تھا جسے روز میں وہ رات یہی ہے

لاکھ نازک ہو رشتۂ الفت
ٹوٹتا ہے یہ نار مشکل سے

عشق اپنا اثر آخر کو یہ دکھلاتا ہے
پہلے غم کھاتے تھے ہم اب ہمیں غم کھاتا ہے

نظارۂ معشوق سے سیری نہیں ہوتی
ہو وصل بھی تو وصل کی حسرت نہیں جاتی

لاکھ پردوں میں ہوں پھر چھپتے نہیں
چتونیں چاہت کی تیور پیار کے

دل پہ بے یار کچھ عجب گذری
کیا کہوں کس طرح سے شب گذری

یہ بھی معلوم وصل میں نہ ہوا
کب ہوئی صبح رات کب گذری

خلیل

خلیل ۔ جناب حافظ خلیل حسن صاحب مانکپوری خلف حافظ عبد الکریم ۱۲۷۶ھ سال ولادت ہے۔ حافظ خلیل حسن صاحب جلیل کے جواب حیدرآباد میں ہیں بڑے بھائی ہیں حضرت امیر مینائی کے یہ بھی شاگرد ہیں اور مدت تک ریاست رامپور میں انکی خدمت میں رہے ہیں پھر کئی برس گوالیار رہے۔ اب پندرہ سولہ برس سے ریاست بلرام پور میں ملازم ہیں مہاراجہ صاحب بہادر آپ کی بڑی قدر کرتے ہیں۔ انکی تصنیف سے علاوہ دیوان کے تین چار عاشقانہ مثنویاں بھی ہیں قصائد کا ایک بہت بڑا ذخیرہ آپ کے پاس ہے۔ تاریخ گوئی میں آپ کو کمال حاصل ہے

علمی استعداد خاصی ہے یہ ہنگام ترتیب تذکرہ جو کلام بھیجا اُس کا انتخاب درج تذکرہ کیا گیا۔ کلام میں صفائی روزمرہ کے علاوہ، معاملہ بندی، شوخی، اور بندش کی خوبی سب باتیں موجود ہیں ملاحظہ ہو

نالے ہیں اُٹھتے بیٹھتے کیوں لب پہ اے خلیل
بیٹھے بٹھائے تم کو یہ آزار کیا ہُوا

دی دغا دل سے دوست نے مجھکو
آب بھلا اعتبار ہو کس کا
تم ہو، میں ہُوں، گلا ہے، خنجر ہے،
اور اب انتظار ہے کس کا

پڑی بھی تم پہ نظر دل کو کیوں کچل ڈالا
قصور آنکھ کا تھا دل گنہگار نہ تھا
چاہتا ہے دل جسے، جب وہ ہی پہلو میں نہیں
چاندنی چھٹکی تو کیا، ٹھنڈی ہوا آئی تو کیا

مدتوں یاد وہ شب و روز کی باہم صحبت
یا تمھیں راہ میں بھی دیکھ کے کترا جانا
اتنی مدت سے تو تم دل میں مرے رہتے ہو
اور کچھ حال نہ تمنے مرے دل کا جانا
تم تو فرہ وہ ہر اک بات پہ ہو جاتے ہو
ہمکو بھاتا نہیں یہ پھول سا مرجھا جانا

آئے ایسے ہی ہاں نظر کا تیر
دیکھنا اب نہ تم خطا کرنا
ہائے دل کا علاج کون کرے
وہ نہیں جانتے دوا کرنا
دو گے کب تک بتوں پہ جان خلیل
چاہیئے اب خدا خدا کرنا

اطاعت عشق میں کرتے ہیں وہ ناز کم مزاجوں کی
اِدھر انکو منائے ہیں اُدھر دلکو سنبھالے ہیں

رحم کر اب بھی مرے دل پہ ذرا اے کافر
کھا چکا اب تو تری زلف کے جھٹکے لاکھوں
پھانسی بنتے ہیں، کبھی جال کبھی، دام کبھی
گیسوؤں کو بھی ترے یاد ہیں ٹکے لاکھوں

ہائے کیا شوخی ہے، کیا انداز ہے، کیا حُسن ہے،
جس طرف گذرے، وہ بسمل کر گئے دو چار کو
گال اُنکے، اور گلہائے چمن، اے عندلیب
صدقے ان پھولوں پہ کر ڈالوں ترے گلزار کو
سخت جاں ایسا ہوں قاتل سے گلا کٹتا نہیں
دیکھتی ہے تیغ مجھکو، اور میں تلوار کو
دل نہ وابستہ ہو کیوں، زلف گرہگیر کے ساتھ
اُنس ہو جاتا ہے، دیوانے کو، زنجیر کے ساتھ

ضبط سے کام ہمیشہ ترے بسمل لیں گے
جان دیدینگے ترا نام نہ قاتل لیں گے

ملے ملتے نہیں سکتے ہیں کہ جلدی کیا ہے
عید آئیگی تو ہم ہنستے گلے مل لیں گے
اُنکے اس سن کے اور اس ضد کے میں صدقے قربان
صبح سے آج وہ مچلے ہیں کہ ہم دل لیں گے

فراقِ جاناں میں ہے حالت کہ سبکو مجھ سے ہے اک عداوت
ذرا جو آپ آنکھ لگ گئی ہے تو دل اُچھلکر جگا رہا ہے
نہ آپ آنکھیں ہمیں دکھائیں نہ ہمکو محفل سے اب اُٹھائیں
ہمیں تو خود درد ہے جگر کا اب انجمن سے اُٹھا رہا ہے

آرزو تھی تری دل میں اُترآتی تصویر
ہم اُسے سر کو جھکائے ہوئے دیکھا کرتے
یہی کرتے مری جاں دل پہ جو قابو ہوتا
سامنے تمکو بٹھا کر تمھیں دیکھا کرتے
عشوہ نہ کرینگے کہ وہ غمزہ نہ کرینگے
آئیں گے جوانی پہ تو کیا کیا نہ کرینگے

رہی محفل تری یونہی بھری غیروں سے آئے دن
جگہ ہمکو بھی ملجائے پسِ دیوار تھوڑی سی

خوشبو جو پسینہ کو ترے دی ہے خدا نے
یہ بات کسی پھول کی خوشبو میں نہیں ہے
نظر اس طرف انکی کیا ہوگئی
مرے دردِ دل کی دوا ہوگئی
صبا کی ذرا شوخیاں دیکھنا
کہ بُو اس کی لاکر ہوا ہوگئی

دل آج بہت دیر سے پہلو میں نہیں ہے
اُلجھا تو تمہارے کہیں گیسو میں نہیں ہے
سمجھتا ہوں اُنہیں تیری نشانی
لگاؤں کیوں نہ داغوں کو جگر سے

نہ لالی میں وہ رنگت ہے نہ پھولوں میں وہ شوخی ہے
بجھادی شعلۂ عارض سے کسنے آگ گلشن کی
مرا سینہ بنا ہے غیرتِ گلزار داغوں سے
ہم اپنے گھر میں بیٹھے کر رہے ہیں سیر گلشن کی
بہت روئے ہیں آیا ہے نظر جب پھول لالے کا
اسی صورت اسی رنگت کا اک دل ہم بھی رکھتے تھے

سخت جانی مری گردن نہیں کٹنے دیتی
تیغ جلاد کی بیکار ہوئی جاتی ہے

کوئے جاناں کو سمجھتا نہیں کم کعبہ سے
پاؤں سے میں نہ چلوں گا کبھی سر کے ہوتے
نہ جلاؤ نہ جلاؤ میری تربت پہ چراغ
حاجتِ شمع نہیں داغ جگر کے ہوتے
نامہ بر ہوش میں آ مجھ سے یہ کیا کہتا ہے!
خط سیاہی سے لکھوں خونِ جگر کے ہوتے

خلیل - عالیجناب معلّی القاب امین الدولہ وزیر الممالک نواب حافظ محمد ابراہیم علیخان صاحب بہادر

صولت جنگ۔ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ فرمانروائے ٹونک۔ نواب محمد علی خان سابق نواب ٹونک کے خلف اکبر ہیں ۱۸۴۸ء مطابق ۱۲۶۵ھ سال پیدائش ہے ۱۸۶۶ء میں بعد معزولی اپنے والد کے مسند نشین ہوئے۔ ایام نابالغی میں ریاست کا انتظام صاحبزادہ عبید اللہ خان فیروز جنگ کی تفویض رہا۔ یکم جنوری ۱۸۷۶ء کو کامل اختیارات حکمرانی عطا ہوئے۔ نواب صاحب خود تجربہ کار زمانہ دیدہ باخبر ہیں ریاست کی سلامی جو انکے مسند نشین ہونے کے وقت گیارہ توپ کی تھی اب پھر سترہ توپ کی ہوگئی ہے۔ بائیس تیئیس برس صاحبزادہ عبید اللہ خان وزیر المہام ریاست رہے انکی وفات کے بعد انتظام ریاست میں کچھ خلل واقع ہوا، اور کونسل ہوگئی اب پھر دوبارہ اختیارات ریاست مل گئے ہیں۔ نواب صاحب کے گیارہ فرزند ہیں شعر و شاعری کا بھی شوق ہے پہلے جناب بسمل خیرآبادی برادر کلاں جناب مضطر سے مشورۂ سخن کیا کرتے تھے انکی وفات کے بعد جناب مضطر استاد بنائے گئے اور انکی استادی کے زمانے میں نواب صاحب کی غزلیں بعض گلدستوں کے ذریعے ملک میں پھیلیں۔ اپنے دوسرے استاد جناب مضطر کو انھوں نے "اعتبار الملک" "افتخار الشعراء اقتدار جنگ" اور "خان بہادر" کے خطاب سے معزز فرمایا۔ علاوہ جناب مضطر کے آسی، ظہیر، کوثر، خلش، وغیرہ اکثر شعراء ان کے دامن دولت سے وابستہ رہے اور بعض اب بھی ہیں۔ کلام بہت پاکیزہ اور صاف ہے، شوخی اور جودت متانت اور سلاست موقعہ بموقعہ مناسب مقداروں میں پائی جاتی ہے۔ اشعار میں رنگینی بھی ہے۔

جذبِ اُلفت کا جب اثر جانوں۔	رُوٹھوں میں اور مجھے منائیں آپ
تُم دستِ نازنیں سے جو چھو لو چمن کے پھول	کلیاں تمام باغ کی رہ جائیں بن کے پھول
شاخِ جفا نے پائے ہیں مہر و وفا کے پھل	نخلِ وفا میں آئے ہیں رنج و محن کے پھول
تجھ پر فدا ہزار کلی ہر کلی کا رنگ	تجھ پر نثار لاکھ چمن ہر چمن کے پھول
کوئی ہے زُہد پہ نازاں کوئی عبادت پر	یہاں تو ای میرے آمرزگار کچھ بھی نہیں
دل ایک چھوٹی سی شے ہی پر تعجب کا محل یہ ہے	خیالاتِ جہان کس طرح سے اس میں سماتے ہیں

زمانہ جانتا ہے ناز بردارِ جفا ہم ہیں — خدائی دیکھتی ہے دشمنِ رسم و وفا تم ہو

مروّت میں وفا میں ناز بردار میں چاہت میں — ذرا میں بھی سنوں کس بات میں مجھ سے سوا تم ہو

جو دل پر ہم نے داغِ لالۂ خطّی سے تو وہ بولے — کہ اچھا بے وفا اب کون نکلا ہم میں یا تم ہو

وفا کر یا نہ کر تو جان مجھ کو کیا تری مرضی — تجھی کو سب کہیں گے بیمروّت دیکھنے والے

ستایا بیکسی دل ظالم نے کی یہ دل لگی اچھی — اسی کا نام اُلفت ہے تو اس سے دشمنی اچھی

نہ پوچھو حالِ شب جدائی جو دل کو رنج و محن ہوا ہے — تمہاری سر کی قسم ہے صاحب کہ صبح کرنا کٹھن ہوا ہے

جو قصۂ زلف چھڑ گیا ہے تو پہروں طولِ سخن رہا ہے — سکوت سب نے کیا ہے اوبت جو تیرا وصف دہن ہوا ہے

جو روئے گلگوں کا دھیان آیا تو دل نے لطفِ چمن دکھایا — خیال آنکھوں کا جبکہ باندھا تو صیدِ مضمون سمن ہوا ہے

بڑھا ہے جب سے عشق گیسو نہ دل پہ قابو رہا ہے میرا — ہمارے قبضے میں اے پریرو سوادِ ملکِ ختن ہوا ہے

یہاں تو نوکر کا نڑکا ہے یا دروئے روشن ہیں — وہ کوئی اور ہونگے شامِ فرقت دیکھنے والے

خمار

خمار حکیم برجموہن لال صاحب خمار بریلوی شاگرد حضرتِ ہوش۔ صرف اتنا معلوم ہوا کہ ۱۸۶۰ء میں زندہ و سلامت موجود تھے اور اُس زمانے کے مشاعروں میں شریک رہتے تھے کلام سے پایا جاتا ہے کہ چند غزلیں حضرت اسیر لکھنوی کو بھی دکھائی تھیں۔

تاسف کیا کریں ہم سر کے جانیکا بھلا قاتل — چلو اچھا ہوا گردن سے اپنا بارِ سر کا

یوں لکھا احوال اپنے دیدۂ بیدار کا — پھول اک خط میں بنایا نرگسِ بیمار کا

اے شیخ جا کے بزم میں اُس بت پرست کی — دیکھوں گا میں کہ کس طرح ہشیار آئیگا

حسب دیا کاندھا جنازے کو مرے اُس مہر نے — بن گیا پھولوں کی چادر کا ہر اک گل آفتاب

قابلِ تشبیہ اُس دم ہو کہ جب پیدا کرے — یہ دہن یہ چشم یہ ابرو یہ کاکل آفتاب

وہ پھر اکیا کہ پھری ساری خدائی ہم سے — دوست بھی ہمکو ستانے لگے دشمن ہو کر

لکھنؤ کیوں نہ بریلی کو کہیں ان روزوں — اب تو سرسبز یہاں باغِ سخن دیکھتے ہیں

آبِ کوثر کی ہمیں چاہ نہ ہو بعد فنا — آبِ خنجر سے گلا اسلئے تر کرتے ہیں

ہو اسیر، و ہوش، کی جس پر عنایت نے اُٹھا
کہا یہ اُن سے کہ اک بوسہ ہم اگر لیلیں
بگڑ کے کہنے لگے وہ کہ مُنہ کو نوچ
کبھی خمار نہ محتاجِ جامِ صہبا ہو
اُسی کو کہتے ہیں پار جو بیقرار رہے
خطا رقیب کریں دیں سزا مجھی کو آپ
جھکائیں سر کو حسیں آ کے سامنے عالم کے
اُٹھے جنبش نہ دھواں سے رواں ہو کیا شک
وہ بیکس ہوں سو بار آ کر قضا

قطعہ

کیوں نہ پھر اُسکی زمین شعر میں جاگیر ہو
تو کہیئے آپکا نقصان اِس میں کیا ہو جائے
تمہارے واسطے دستور کیا نیا ہو جائے
جو چشمِ مست کا بوسہ کوئی عطا ہو جائے
اُسی کا نام ہے دل جس میں اضطرار رہے
کسی کا جرم ہو کوئی قصوروار رہے
سرِ مزار اگر نقشِ پا یار رہے
کہیں پانی بھی برستا ہے گھٹا سے پہلے
سرہانے مرے نوحہ گر ہو گئی

خمیر — اِنکا نام اور حال باوجود تلاش معلوم نہ ہوا۔ ایک پُرانی بیاض میں کچھ اشعار نظر پڑے اُس میں سے یہ چند شعر منتخب ہوئے۔ غالباً نواح اودھ کے باشندے تھے اور مذاقیہ شعر کہنے میں معقول دسترس تھی ؛ خمیر

نہ بیٹھیں اتنا لے گردشِ آسماں
رُخِ پُر ملاحت کا بوسہ ملا
جو غم شب کے خاصے میں سے بچ رہا
لبِ شیریں کی یاد میں اے خمیر

کہ ہر استخواں کارواں ہو گیا
نمک خوار میں آپکا ہو گیا
وہی صبح کا ناشتہ ہو گیا
جو پھلکے تلے گلگلا ہو گیا

نقرے تمہارے چھڑکے ہوئے نون مرچ کے
خمیر اشعار سے میرے نیکیوں بھوکوں کی سیری ہو

کیا چٹ پٹے بڑے ہیں دہی کے مسالہ دار
کہ مجھ کو فیض پہنچا ہے یہ نعمت خوانِ عالی سے

روکھی سوکھی بھی آبرو سے ملے
جب کہا اُن سے ایک بوسہ دو
ہنسکے بولے کہ جان جائے گی

قطعہ

یہ بھی اِس وقت میں غنیمت ہے
یہ جو رخسار ہیں گلابی سے
ہاتھ اُٹھاؤ اب اِس رکابی سے

خنجر

خنجر شیخ محمد عبداللہ خان ولد پیر بخش فاروقی ساکن اجمیر۔ سرسہ ضلع حصار میں کئی برس تک ریل کے محکمہ میں ٹھیکہ داری کرتے رہے اوائل مشق میں بطور خود کہتے رہے جب کچھ نیک و بد کی تمیز ہوئی تو سید زماں خان صاحب دہلوی کے شاگرد ہو گئے۔ کچھ کلام غلام عبدالقادر خان آلفی ناگپوری کو بھی دکھایا تھا اپنا دیوان موسوم بہ "چمنستانِ گفتار" عرصہ ہوا چھپوا کر شائع کر چکے ہیں۔ کلام معمولی درجے کا ہے کوئی خاص بات قابلِ ذکر انکے کلام میں نہیں ہے لکھنو کی طرز کے مقلد ہیں اور اُسی رنگ میں کہتے ہیں۔ سرسری نظر میں کچھ اشعار منتخب ہو کر درج تذکرہ کئے گئے

نہ شاکی ظلم کا ہوں میں نہ خواہاں ہوں عنایت کا
کیا ہوں میں نے جامہ زیب تن جبر قناعت کا

کیا ہے اُن سے تو نے آج کیا دیدار کا وعدہ
ترے سودائیوں میں شور کیسا ہے قیامت کا

جب تک نہ سہے رنج و غم و زحمت و تکلیف
کچھ مرحلہ عشق میں حاصل نہیں ہوتا

نیند آتی ہے تصور ابرو میں کیا سنتے ہے
پلنا گلے پہ ہے مرے خنجر تمام رات

ہجر ساقی میں خونِ دل اپنا
پیتے ہیں ہم شراب کی مانند

کس طرح یار تجھ کو پائیں ہم
رہبر اپنا کسے بنائیں ہم

واعظ و شیخ بکے جائیں تو ہوتا کیا ہے
رند کب پند و نصیحت کو سنا کرتے ہیں

رُولایا غوں ہماں کو تیری چشم ارغوانی نے
دکھایا زہر لاکھوں کو تری پوشاکِ پانی نے

بہائے خون کے دریا ترے تلوار نے قاتل
بجھائی پیاس لاکھوں کی تمنے خنجر کے پانی نے

لکھا تقدیر کا ایسے نادان نے
کہیں مٹتا بھی ہے مٹانے سے

جھکا جاتا ہے دل اُس بت کے کیا جانب
وہ قبلہ ہے تو دل قبلہ نما ہے

خنجر

خنجر نواب محمد حسین خان باشندہ فرخ آباد۔ دورِ موجودہ کے شاعر اور غالباً مولانا طاہر فرخ آبادی کے تلامذہ میں ہیں۔ رسالہ نیرنگ سے کلام منتخب ہوا۔

نکلنا حسرتوں کا اپنے دل سے کچھ نہیں سہل
اگر نکلی کوئی حسرت بڑی مشکل سے نکلے گی

بوقتِ نزع گر بالیں پہ میری تم نہ آؤ گے
تو یہ جاں خیر نکلے گی پر مشکل سے نکلے گی

خنجر منشی محمد عبدالغفور خان گھڑی ساز میرٹھ شاگرد مولنا شوکت شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں موزوں طبع شاعر ہیں یہ چند شعر کلام ہم رسیدہ میں سے انتخاب ہوکر درج تذکرہ کئے گئے ؎

جان و دل صبر و تحمل سب لئے اک وار میں
بار بار آئے تو کیا چھوڑو گے جسم زار میں

درد و غم رنج و تعب ارمان و حسرت ساتھ ہوں
ساتھ دل کے دفن یہ گنج شہیداں کیوں نہ ہو

نہ شاخ گل پہ تو بیٹھ اتنا پھول کر بلبل
خزاں ہو گل کے لئے او گل خزاں کے لئے

فرشتے بولے لحد میں جو داغ دل دیکھا
اسی کی روشنی کافی تھی دو جہاں کے لئے

خنجر

خنجر تخلص منشی محمد سعید ولد سید عبدالمجید سادات حسینی سے ہیں۔ قدیم وطن دہلی تھا۔ مگر ایام غدر میں دہلی چھوڑ کر قصبہ "نونی" میں جو دہلی سے پانچ چھ میل کے فاصلے پر ہے سکونت اختیار کرنی پڑی۔ لیکن جب تعلیم و تربیت کے قابل ہوئے تو آپکے والد ماجد نے "نونی" میں مدرسہ نہ ہونے کی وجہ سے سکندر آباد میں جہاں آپ کی ننہال ہے سکونت منتقل کر لی۔ یہاں آپنے پہلے عربی فارسی میں تعلیم پائی پھر سرکاری مدرسہ میں داخل ہوئے اور مڈل تک پاس کیا۔ اسی دوران میں فن طب بھی تحصیل کرتے رہے۔ انگریزی کا مطالعہ بھی اسی وجہ سے چھوڑ دیا طب میں مہارت حاصل کرکے اب سکندر آباد میں مطب کرتے ہیں اپنے ماموں حضرت قاضی غیاث الدین صاحب خورشید سے مشورہ کرتے ہیں۔ نثر کا شوق بھی نظم کے ساتھ رہا۔ چند ناول بھی لکھے جو جہاں نما اور دیگر اخبارات میں ہفتہ وار شائع ہوا کئے۔ رسالہ "مدبھنا" کے کئی سال تک اڈیٹر رہے۔

نظم میں غور رکاکت اور لغویت سے کلام کو بچاتے ہیں۔ نثر رکاکت کا بھی زیادہ خیال ہے یہی وجہ ہے کہ قاضی صاحب کے رنگ سے آپ کا رنگ جُدا گانہ ہے۔ کچھ شاگرد بھی کرلئے ہیں جن میں قمر سکندر آبادی و حشمت شاہجہاں پوری صاحب دیوان ہیں۔ کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

نظر آئے ہر اک ذرہ میں جلوہ شان وحدت کا
جو آنکھیں کھول کر دیکھے تماشہ تیری قدرت کا

دل چھپایا ہے تو نے مٹھی میں
ہاتھ لانے سے انکار کیا کہنا!

وصل کے ذکر پر تجاہل سے
انکا وہ بار بار کیا، کہنا

دیکھ کر اشتیاق بسمل کا — عرش پر ہے دماغ قاتل کا
غیر نکلا نہ تیری محفل سے — کیا یہ ارمان تھا مرے دل کا

کچھ بھی واماندگی میں قیس کے کام آگئی — تھک گیا مجنوں تو پہنچی آہ محمل کی طرف

بہاریں جسکی قسمت میں تھیں لوٹیں اُسنے اے خنجر — مرا شیون مری فریاد بھی پہنچی نہ گلشن تک
خدا شاہد ہے یکتا ہوں تمہارے جاں نثاروں میں — نہ مجھسا پاؤ گے عاشق جو ڈھونڈھو گے ہزاروں میں

یہ مانا مجمع اغیار میں بولا نہیں جاتا — مگر کچھ تو کہو آنکھوں نہیں ہونٹوں میں اشاروں میں

سحر آتے ہیں، شام آتے ہیں وہ آتے ہیں اب آئے — دلِ بیتاب کو اب تک رکھا ہے ان سہاروں میں
آؤ، ملجاؤ گلے، رُخ سے اُلٹ دو پردہ — کہیں خلوت میں بھی عاشق سے حیا کرتے ہیں
ذرا چھیڑا جنوں نے کشمکش ہونے لگی باہم — خدا جانے کہاں کی لاگ ہے دست و گریباں میں
مزے کیا کیا گناہوں میں گناہگاروں کو آتے ہیں — تری رحمت نے وہ پیدا کیے ہیں لطف عصیاں میں
چارہ گر، درد کی کیا خوب دوا کرتے ہیں — اُس کے پیکاں کو مرے دل سے جُدا کرتے ہیں
میرے ہوتے ہوئے کیوں غیر پہ ہو اتنا ستم — شرم آتی ہے مجھے آپ یہ کیا کرتے ہیں
آج کیا ڈھب ہے کرو شوق سے عشاق پہ ظلم — دیکھنا تم کہ یہ کل حشر میں کیا کرتے ہیں

تم ماتم رقیب میں یوں نوحہ گر نہ ہو — دیکھو کسی غریب کا ٹکڑے جگر نہ ہو
میں خوگرِ وفا ہوں مزا ہے فراق میں — گو اُس صنم کا وصل مجھے عمر بھر نہ ہو
شوخی نے پائی نشو و نما تیری آنکھ میں — تُو وہ ہے جسکی لاکھ میں نیچی نظر نہ ہو
دریائے عشق میں ہُوں مقصود کب وہ پائے — جس کو یہ ہو خیال کہ اپنا ضرر نہ ہو
حسرت دید میں مر جائیں نہ عشاق کہیں — جلد اے کاش نقاب رُخ زیبا اُلٹے
جان و دل لے لیے خنجر یہ کرم ہے اُنکا — میرے احسان تو کیا اُنکے ہیں احساں اُلٹے

ساقیا ٹال نہ پیمانہ مجھے میخانے سے — میرے حصے کی چھلک جائیگی پیمانے سے
دل ملا شیشے سے آنکھیں لڑیں پیمانے سے — ہم کہاں جاتے ہیں ساقی ترے میخانے سے

تھا تنگ ظرف جو باہر ہوا پیمانے سے
نشیخ نکلا ہے بہکتا ہوا میخانے سے

محتسب میرا یہ پیمان ہے پیمانے سے
توبہ توڑوں گا میں خشتِ خمِ میخانے سے

پیری میں جوانی کا مذکور ہی کیا کرنا
اک خواب ہے بھولا سا اک بات ہے مدت کی

ہلا دوں عرش کو تابِ تواں مجھ میں یہاں تک ہے
تمہارا یہ تغافل بس مرے ضبطِ فغاں تک ہے

پھنکا جاتا ہوں ہمدم سوزِ فرقت سے کہوں کیونکر
لگی اک آگ سی گویا مرے دل سے زباں تک ہے

کسیکی تشنہ کامی کا تقاضا ہے یہ قاتل سے
مجھے بھی دیکھنا ہے تیغ میں پانی کہاں تک ہے

خنجر - ابوالبیان محمد سید عالم خنجر مودودی مارہروی - دورِ موجودہ کے شعرا میں سے ہیں اور فنِ سخن میں حضرت احسن مارہروی سے تلمذ رکھتے ہیں - مولانا نذیر احمد کی مفصل سوانح عمری مرتب کی ہے اور بھی چند کتب انکی تصنیف سے ہیں - ۴۰ سال کے قریب عمر ہے -

آپ کو انشا پردازی میں اچھا ملکہ حاصل ہے - اور فکرِ معاش سے بھی بدرجہ اوسط آسودہ ہیں - یہ کلام کا انتخاب ہے -

گل اپنے رنگ و روپ پہ پھولا ہوا ہے کیا
دو دن کی ہے بہار ہمیشہ دھرا ہے کیا

ناراض کیوں ہوئے جو کہا تم کو ہمنشال
تعریفِ حسن کی ہے کوئی بد دعا ہے کیا

ہم ٹھان کر گئے تھے کہ سب کچھ کہینگے حال
پوچھا نہ اُسنے یہ بھی ترا مدعا ہے کیا

کعبے میں جسکو ڈھونڈتے پھرتے وہ تو ملیں ہے
خنجر تمہاری عقل پہ پردہ پڑا ہے کیا

کیا عجب عقدۂ دشوار جو آساں ہوگا
درد جب حد سے گذر جائیگا درماں ہوگا

غیر سے ربط تجھے مجھ سے قضا کو نفرت
کون حالِ دلِ بیمار کا پرساں ہوگا

وعدۂ وصل سے کیا خوش ہوں کہ کھٹکا یہ ہی
حسرتیں نکلیں جو دل سے تو یہ ویراں ہوگا

وہ بھی دن ہوگا خدایا کہ بر آئے گی امید
وہ بھی دن ہوگا کہ کوئی مرا مہماں ہوگا

کہنا جو اُسنے تھا وہ میرے دلمیں رہگیا
اصلی خیال شکوۂ باطل میں رہ گیا

دل نظروں نظروں ہی میں لیگئے وہ صفائی
میں دیکھتا کا دیکھتا محفل میں رہ گیا

خنجر

جس کو دیکھا اُسی پہ لوٹ گیا — دل سا بھی کوئی من چلا نہ ہُوا
یار بالیں پہ جب تلک آنہ لیا — تن سے دم، دم سے تن جُدا نہ ہوا
فصلِ گل آئی گو ہزاروں بار — نخلِ دل ہی مرا ہرا نہ ہوا
کہتا ہی ہر گھڑی دلِ رحمت طلب یہی — کچھ چاشنیٔ دردِ محبت ضرور ہو
اللہ رے اثر تری برقِ نگاہ کا — جل جائے اِک نظر میں اگر کوہِ طور ہو

ہوتی ہی عیاں لاکھ حجابوں میں تجلی — پردے میں نہاں وہ رخِ روشن نہیں رہتا
مُدّت نے ہی طعنہ یہ دیا آج سرِ بزم — عاشق کی زباں پر کبھی شیون نہیں رہتا
جب اُسکی شوخیاں بچپن میں لکھ چھینے لیتی ہیں — تو پھر کیا کچھ نہ ڈھائیگا ستم وہ نوجواں ہوکر

خوفِ عدو وہاں تھا یہاں خوفِ حشر ہی — دنیا میں چین تھا نہ ہمیں ہے مزار میں
اپنے گناہ پر جو ہُوا مجکو انفعال — رحمت نے اُسکی لیلیا مجکو کنار میں
خونِ شہیدِ ناز کے دھبّے جو پڑ گئے — نقشِ ونگار بن گئے شمشیرِ یار میں
حاسد کا گر گزر نہیں جنت میں ایخدا — دشمن کا کیوں قیام ہی پھر کوئے یار میں

ہمارے جذبۂ دل میں اگر تاثیر ہو جائے — سنبھل جائے مقدر کار گر تدبیر ہو جائے
دعا میں اسقدر یارب مری تاثیر ہو جائے — کہ اُس سے جو کہے یہ عاشقِ دلگیر ہو جائے
نشانِ قبر تک ظالم نے اِس ڈر سے مٹایا ہی — مبادا گردِ عاشق اُٹھکے دامن گیر ہو جائے
کھنچے نقشہ بھلا کس طرح اُسکے روئے تاباں کا — مصوّر دیکھکر جب صورتِ تصویر ہو جائے
پریشاں کیوں نہ ہو قاتل ہماری سخت جانی سے — گلے پر پھیرتے ہی کُند جب شمشیر ہو جائے
وہ نازنیں شب وصل اسطرح حجاب میں ہے — زباں پہ قفلِ خموشی ہے مُنہ نقاب میں ہے
مٹائی محفلِ ہستی جگایا فتنۂ حشر — اثر بلا کا تری چشمِ نیمخواب میں ہے
وفورِ طیش سے رخسار ورشک سرخ ہوئے — وہ چند حسنِ رخِ دلربا عتاب میں ہے
ادھر خیالِ جدائی ادھر خیالِ سحر — وصال میں بھی مری جان اک عذاب میں ہے

خنجر

خنجر منشی مرزا فدا علی لکھنوی شاگرد سیف شاہجہانپوری۔ آپکے والد مرحوم کا نام منشی آغا صفا تھا۔ کٹرہ سرائے میوا میں آپکا مکان ہے استعداد علمی بقدر ضرورت ہے ۱۸۹۰ء میں پیدا ہوئے۔ اِس حساب سے اب چوبیس برس کا سن ہے سولہ برس کی عمر سے شعر گوئی کا مذاق شروع ہوا۔ پہلے چند غزلیں خواجہ عشرت لکھنوی کو دکھائیں اب جناب سیف شاہجہانپوری سے تلمذ اختیار کیا ہے۔ چھ سات ناول بھی لکھ چکے ہیں۔ آب حال میں حضرت واجد علی شاہ کی تالیف پریخانہ کا ترجمہ کرکے شائع کیا ہے۔ مثنوی انجام عشق زیر طبع ہے۔ کلام اور حالات جو اُنھوں نے ہنگام تحریر تذکرہ ارسال کیئے اُنکا خلاصہ حاضر ہے

تھا جس سے دِل کو چین وہ کاشانہ چھٹ گیا
اب جی کے کیا کریں درِ جانانہ چھٹ گیا

وہ وحشت ناک سناٹا وہ پُر ہیبت شب ہجراں
وہ گھبرا کے در و دیوار پر میری نظر جانا

ہماری سرد آہوں سے وہ بُجھنا شمع محفل کا
اندھیرے میں وہ گھبرا کر کسی کم سن کا ڈر جانا

بُرائی دخترِ رز کی نہ ہوتی پھر سرِ منبر
اگر زاہد کبھی اک گھونٹ بھی تو نے پیا ہوتا

ظلم سے کوئی فائدہ نہ ہوا - مر گیا میں ترا بھلا نہ ہوا
مجکو یہ کہکے یاد کرتے ہیں - ہائے وہ درد آشنا نہ ہوا

غش میں جو ہے مریضِ غم ہوش میں آئے یا نہ آئے
گیسوئے مشکبوئے یار تیری بلا کو کیا غرض

بدلی رہی جو یوں ہی کچھ روز آسماں پر
پیرِ مغاں کے بر میں ہوگی قبائے واعظ

ہوگی سحر کو گرمیٔ بازارِ حسن سرد
شب بھر دکھائے شعلۂ رُخ کی بہا شمع

قلبِ لیلیٰ میں ہُوا قیس کی آہو کا خیال
آئی جب بادِ صبا پردۂ محمل کی طرف

اِک عمر پیا ہجر میں خونِ جگر و دل
ہے پر تجھے ناداں ہوسِ جام ابھی تک

راہ میں کعبہ پڑا تھا کر لیا جھک کر سلام
سامنے آتے ہوئے اُس بت کے شرماتے ہیں ہم

بیکسی میں اپنی دِل رویا جو فرطِ ضعف سے
در و نے اُٹھکر کہا کر ٹوٹ بد لوتے ہیں ہم

آئے تھے بے آبرو ہو کر جہاں سے رائگاں
اضطرابِ دِل سے پھر اُس بزم میں جاتے ہیں ہم

جفاؤں سے کلیجہ پک گیا پیشِ خدا بتو
تری فریاد لیکر اوبتِ مغرور جاتا ہوں

لپٹ جائے غبارِ عاشقِ ناشاد دامن سے — کہ وہ گورِ شہیدِ ناز سے بچکر نکلتے ہیں

افسوس دل میں رہ گئی سب دل کی آرزو — پوری ہوئی نہ ایک بھی بسمل کی آرزو

ممکن نہ تھی جو لیلیٰ پردہ نشیں کی دید — مجنوں کو تھی نظارۂ محمل کی آرزو

دل نے جس جلوہ کو پہلو میں نہاں دیکھا ہے — تم نے موسیٰ وہ سرِ طور کہاں دیکھا ہے

توبہ پہ گرنی بجلی اور گھر کے گھٹا چھائی — اب پیرِ مغاں بوتل کونے میں دھری کیوں ہے

یہ خشکی لب کیا ہے یہ زردیٔ رخ کیسی — گرد و نہیں دل میں آنکھوں میں تری کیوں ہے

کس غیرتِ گلشن کا سودا ہے تجھے او گل — اس فصلِ بہاری میں یہ جامہ دری کیوں ہے

عشق سے کب غرض تھی وصلِ نساں — جان اپنی ہمیں گنوانی تھی

ناامیدی نہ مٹا داغ تمنا دل سے — اس گلستاں میں یہ اک پھول کھلا رہنے دے

کبھی تو ہو آرزوئے کعبہ ہوس کبھی کوچۂ بتاں کی — بتاؤں کیا حال اپنے دل کا کی ہے ظالم کو لو کہا نکی

صبا یہ پیغام میرا کہنا جو کوچۂ یار میں گذرنا — کہ جاں بلب ہے مریضِ فرقت خبر بھی ہے کچھ تمھیں وہ کی

ادھر ہے صیاد اُدھر ہے گلچیں چمک رہی ہے فلک پہ بجلی — خدا ہے کچھ باغباں بھی ہمسے الٰہی اب خیر آشیاں کی

خندان میرزا امجد علی رامپوری۔ دورِ موجودہ کے شاعر ہیں۔ رسالۂ نیرنگ رامپور سے کلام نقل ہوا۔

ہُوا معلوم کہ بس ہو گیا سب خوں پانی — جائے خوں جبکہ مری چشم سے آنسو نکلا

ہمتو سمجھے تھے جبھی قافلۂ صبر لٹا — چشمِ خونبار سے جس روز کہ آنسو نکلا

بزم میں آپکی کب چین کسی نے پایا — پیٹتا سر، کوئی سینہ، کوئی زانو نکلا

خندہ میر شجاعت علی صاحب خندہ بریلوی مذاقیہ کلام کہنے کا شوق تھا طبیعت میں ظرافت بیحد تھی ۱۸۵۵ء کے قریب بریلی میں زندہ و سلامت موجود تھے۔ دس بارہ غزلیں ہنگامِ ترتیب تذکرہ ہاتھ آئیں اُن کا انتخاب درج ذیل کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو +

یک سے ایک شب ہجر میں بڑھ کر آیا — کبھی پیٹو، کبھی کھٹمل، کبھی مچھر آیا

پھوس سے یار کو جاڑوں میں تپایا شب وصل
کام آخر مرا ٹوٹا ہوا چھپر آیا

اپنی گھوڑی کو جُدا کر تو سڑک سے اے شیخ
ہنہناتا ہوا خندہ کا وہ خچر آیا

ہوں کوئی دس سیر چاول اور من بھر شیر ہو
ڈالدو کھاری نمک تو خوب میٹھی کھیر ہو

مے پرستو شیخ صاحب کی یہ اب توقیر ہو
پاؤں میں گھنگرو بندھیں اور ناک میں لکِ تیر ہو

کیا کوئی چھیڑے انھیں اور کیا لگائے کوئی ہاتھ
ناک کے پکڑے سے جنکی پھوٹتی تکبیر ہو

ہے دہن کا اُسکے بوسہ میرے سودا کا علاج
جس طرح اے خندہ تلّی کی دوا انجیر ہو

مرا رقیب الٰہی ذلیل و خوار رہے
گلے میں ٹوٹی ہوئی جوتیوں کا ہار رہے

لحاف اوڑھکے چھپر پہ مائیوں بیٹھے
کہ جب نکاح کے دن اُنکے تین چار رہے

لگا کے آگ بجھانے کو جاؤں دیکھوں اُسے
مرے محلّہ میں آکر اگر وہ یار رہے

مضم ہوتے نہیں اب پانچ روپے رشوت کے
لوگ کھاتے تھے پچاسے کے پچاسے پہلے

سینہ پر مار کے ہاتھوں کو وہ سر کوٹتے ہیں
ڈھول پیچھے سے بجا کرتے ہیں تاشے پہلے

جو شعرِ غیر کو اپنا بنا کے پڑھتا ہے
چھپے ہزار وہ لیکن مری نگاہ میں ہے

خواجہ نواب فیاض الرحمن احمد المعروف بہ پیارے صاحب خواجہ مقیم کلکتہ خاندان شاہی میسور سے ہیں شعر گوئی کا بھی شوق ہے۔ مولوی سیّد حیدر طباطبائی سے اصلاح لیا کرتے تھے۔ یہ اِن کا کلام ہے۔ خواجہ

آئینہ لیکے کیجئے انصاف
کیوں نہ عاشق ہوں ایسی صورت پر

رحم بلبل پہ چاہیئے صیّاد
چادرِ گل ہو اُس کی تربت پر

اے صبا مجنوں سے کہدے چھوڑ دے دشت کو
وحشتِ دل لے چلی مجھکو بیاباں کی طرف

بے دیئے جانِ عشق میں اصلا نہیں عاشق کو چین
جائے پروانہ نہ کیوں شمع شبستاں کیطرف

دیکھ لو جذبِ دلِ مجنوں کی تاثیر اے بتو!
محملِ لیلیٰ رواں ہے خود بیاباں کی طرف

خواہاں۔ مولوی سیّد قاسم علی نقوی خلف سیّد ولدیت علی سیّد بریلوی ۱۲۶۴ھ سال ولادت خواہاں

ہے بزرگ انکے امروہہ کے رہنے والے تھے اپنے بزرگوں کی تقلید سے شعرگوئی کا اوائل عمر میں شوق ہوا۔ راجہ کالیچرن صاحب رئیس بریلی کی استادی کا شرف آپ کو حاصل ہوا اور بریلی ہائی سکول میں فارسی کے مدرس ہیں۔ اکثر شاعری کا مشغلہ رہتا ہے کم وبیش چالیس سال سے آپ شعر کہتے ہیں اور بریلی کے اکثر نومشق شاعر آپ سے اِس فن میں مستفید ہوتے ہیں بندش مضمون کی طرف جسقدر توجہ ہے اُسی قدر شستگی زبان کی جانب سے بے پرواہی معلوم ہوتی ہے ہنگام ترتیب تذکرہ بیس پچیس غزلیں نظر سے گذریں جن کا انتخاب ہدیہ ناظرین کیا جاتا ہے۔

وہ مہ وش اگر سرِ بازار آویگا
خود ماہِ مصر بن کے خریدار آئیگا

ہوگا جو شوقِ آمدِ جاناں میں اضطراب
تسکین دینے وصل کا اقرار آئیگا

روئینگے پھوٹ پھوٹ کے پاؤں کے آبلے
مدت کے بعد ملنے جو ہر خار آئیگا

ایسا ہوں بدنصیب کہ بن جائیگا وہ دھوپ
سر پر مرے جو سایۂ دیوار آئیگا

دیدارِ چشمِ ساقی مسکیں کریگا مست
جو خلد میں جائیگا سرشار آئیگا

عیشِ وصلِ یار سے فرقت کا غم کم ہوگیا
عید کا چاند ان دنوں ماہِ محرم ہوگیا

آیا خیال جب سے تری زلفِ یار کا
بگڑا دماغ نافۂ مشکِ تتار کا

فرقتِ ساقی میں بگڑی بن کے میخانے کی بات
کون پوچھے خم، صراحی، جام، پیمانے کی بات

یارِ زینت دوست کو ہے شوقِ آرائش کمال
ذکرِ آئینہ ہے دن بھر رات بھر شانے کی بات

قیدخانے میں مجھے فصلِ بہار آئی ہے
کھول اے دستِ جنوں پاؤں کی زنجیر کے بیچ

خطِ نسخ پھیرا کتابی رخ پر
ترے مصحفِ رخ نے قرآن ہوکر

جانبِ کعبہ جو گذرے بتِ پُرفن ہوکر
بتکدہ شیخ حرم آئے برہمن ہوکر

پژمردہ فکرِ صبحِ شبِ وصل سے ہو دل
پہلے بجھے پڑے ہیں چراغِ سحر سے ہم

فرطِ عصیاں نے کیا ہے مجھے محرومِ نجات
رحمتِ حق جو کرے پاس تو کچھ دور نہیں

عشقِ ابرو میں ہرے زخم جگر کرتے ہیں
آبِ شمشیر سے اِس کھیت کو تر کرتے ہیں

مہیمان جان کے لئے ترک ترے تیروں کو
خاطریں دل سے مرے زخم جگر کرتے ہیں

محضرِ ظلم جفا جو کے سند ہونے کو
مُہر پر مُہر مرے زخمِ جگر کرتے ہیں

ہے یہ سوزِ دلِ محزوں کہ ہر اک قطرۂ آب
آبلہ بنتا ہے ہونٹوں کو جو تر کرتے ہیں

شُہدا لیتے ہیں اُٹھ اُٹھ کے قدم قبروں سے
وہ اگر گنجِ شہیداں میں گذر کرتے ہیں

آجکل زور پہ ہے گردشِ قسمت اپنی
عیب ہو جاتا ہے خواہاں جو ہنر کرتے ہیں

قتل ہو جاؤں تو نیند آئے مجھے آرام سے
صبح کا جھوکا ہو لائے دامنِ شمشیر ہو

جان پڑ جائے مرقعہ میں اگر آجائیں آپ
مائل پرواز ابھی ہر طائرِ تصویر ہو

کریں وہ غیر کی خاطر ہمارے جیتے جی
نہ کیسے لطفِ حیات اپنا بدمزا ہو جائے

چھُٹے گا عشق بتوں کا کبھی نہ خواہاں سے
ہزار متقی بن جائے پارسا ہو جائے

اے ادب آ کے ذرا دیکھ مقامِ تسلیم
راہِ معشوق میں سر رکھتے ہیں پاسے پہلے

پڑی جس طرف کارگر ہو گئی
قیامت وہ تیغِ نظر ہو گئی

خواہش حافظ مولا بخش صاحب خواہش شاہجہاں پوری شاگرد حافظ نثار احمد صاحب ثابت۔ خواہش
یہ دو شعر انکے ملے ؎

دلِ دو پارہ کو گر عشق کا بخار رہے
تو مرکے صورتِ سیماب بیقرار رہے

ڈاک بجلی سے خبر کس واسطے جاتی ہے جلد
کیا نمونہ تار برقی ہے نظر کے تار کا

خواہش منشی امیر حسن نام خلف اکبر مولوی حکیم سید امداد علی کاہش جونپوری حنفی مذہب قادری خواہش
مشرب اور فرشتہ سیرت اپنے والد کے شاگرد تھے۔ موضع بڑا گاؤں ضلع جونپور میں شادی ہو جانے کے باعث قیام اختیار کر لیا تھا۔ کچھ عرصہ مہاراجہ بنارس مرحوم کی سرکار میں ملازم بھی رہے تھے بعارضۂ سل حضرت کاہش کے انتقال کے تین چار سال بعد رحلت کی ؎

جمع زلفوں کے جو اجزائے پریشاں کرتے
بیتِ ابرو کو ترے مطلعِ دیوان کرتے

کھول کر زلف کو رُخ پر ترے لٹکا دیتے
ہم اسی پیچ سے ہندو کو مسلمان کرتے

حال کیا ہم نفس سرد کا تجھ سے کہتے | گرم کیا تجھکو ہم نے نالۂ سوزان کرتے
عید کے روز مرے گھر جو وہ آتا خواہش | دل تو پہلے ہی دیا جان بھی قربان کرتے

خواہش

خواہش میر اللہ داد متوطن الہ آباد قاضی محمد خلیل کی بیاض سے ایک شعر نقل کیا جاتا ہے۔

ہر قدم پر ہیں آفتیں برپا | چال ہے یا کوئی قیامت ہے

خوب

خوب ڈاکٹر خوبداد خان صاحب ہیڈ اسسٹنٹ محکمہ کمسریٹ انکے والد مدح خان ریاست رامپور کے باشندے تھے انہوں نے ۱۸۹۶ء میں اپنا دیوان بھی چھپوا دیا ہے۔ شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں مضمون بھی نکل آتا ہے اور خیال بھی صاف ہوتا ہے۔ سرسری نگاہ میں جو شعر اچھے معلوم ہوئے انتخاب کرکے یہاں لکھے جاتے ہیں۔

مظہر ہے دل تجلّیٔ حق کے ظہور کا | ہر دم مشاہدہ ہے یہاں اسکے نور کا
سینہ ہمارا وادیٔ سینا سے کم نہیں | عالم ہمارے قلب پہ ہے کوہِ طور کا
کیوں ہے شہید اتنا نِ کم سن کا | نازِ کب تک اُٹھائے گا اِن کا

گھائل جگر و دل ہوئے صرف ایک نظر سے | ہے وصف نگہ میں تری کیا تیغ دو دم کا
ہے کس غضب کی الٰہی بہار گلچیں پر | کہ ہوتے ہیں گل و غنچے نثار گلچیں پر

آیا گلزار سے اے شوخ جو کل تو ہو کر | رنگ ایک ایک گل تر کا اُڑا بُو ہو کر
کوئی مسجد کو چلا اور کوئی بتخانے کو | مَیں چلا جھومتا ساقی ترے میخانے کو
ہو سکتا ہے تو بحر کرم ہم سے کب جُدا | ہوتا نہیں الگ کبھی دریا حباب سے

کی یہ کل ترکیب اُن کی ضد گھٹانیکے لیئے | زلف کے شانے نے بوسے ہنسنے شانے کیلیئے

خوب

خوب خوب چند نام عرف پاپا لال تیئیس برس کی عمر ہے۔ شیخ محمد صاحب ہزبر سے تلمذ ہے ابھی مشق سخن کی ابتدا ہے۔ حیدر آباد دکن وطن ہے۔ کلام مرسلہ میں سے یہ چند شعر منتخب ہو کر درج کیے گئے۔

زمین ہے سُرخ مانند شفق خونِ شہیداں سے | نہ کیوں ترکِ فلک کو رشک آئے کوئے قاتل پر

زمیں پر وہ تڑپ کر اس ادا سے جان دیتا ہی
محبت ہے ترے تیرِ نظر سے
قضا بھی لوٹ جاتی ہی تمہارے رقصِ بسمل پر
نکالوں کس طرح اسکو جگر سے

خورشید

خورشید۔ سید محمد خورشید علی بلگرامی ۱۹ شعبان ۱۱۵۹ ہجری میں بمقام بلگرام پیدا ہوئے ذوق علم جبلّی تھا۔ سید محمد خلف علامہ عبد الجلیل بلگرامی کی خدمت میں تحصیل علم کیا آخر شعر کا شوق دامن گیر ہوا فارسی کہنے لگے پہلے شیخ صابر بلگرامی بعدہ شیخ محمد صدیق سخنور سے اصلاح لی اُسکے بعد حضرت آزاد بلگرامی کو بذریعۂ خط و کتابت حیدر آباد و دکن اپنا کلام اصلاح کے لیے بھیجا۔ اُس وقت تک فصاحت تخلص کرتے تھے حضرت آزاد نے خورشید تخلص بدل دیا اُس کے بعد شیخ علی حزیں علیہ الرحمۃ سے فیض پایا۔

آغاز شباب میں بمقام کوڑا جہاں آباد سرکار شاہ عالم بادشاہ میں سرفراز اور الف خان رسالہ دار کے ہمراہ ہوئے۔ ملازمت ترک کر کے پھر نواب سید نور الحسن خان بلگرامی کے پاس چلے آئے انکے قرابتِ قریبہ میں تھے وہ ضلع شاہ آباد میں صاحبان انگریز کی طرف سے متعہد تھے خان صاحب نے اپنا کاروبار انکے سپرد کیا۔ آخر سرکار انگلشیہ میں بلیا کی تحصیل انکے سپرد ہوئی تھی کہ مرض لقوہ میں مبتلا ہوئے اور ۱۲ صفر ۱۲۰۱ ہجری کو انتقال کیا۔ طرز زمانہ کے موافق کبھی کبھی اُردو میں فکر سخن کرتے تھے یہ چند اشعار اُنکے لکھے جاتے ہیں۔ سید فرزند احمد صفیر بلگرامی انکے پڑپوتے تھے۔

مرا دل ہے مائل اب اُس تند خو کا
جو پیاسا ہے ہر آن میرے لہو کا
لگا نیرِ الفت یہ دل میں کسو کا
کہ جاری ہے آنکھوں سے دریا لہو کا
اسقدر بیتابیاں ہیں اِس دلِ بیتاب کو
بیقراری جس طرح آتش پہ ہو سیماب کو
صبا کہیو پیام اتنا مرا اُس یار جانی کو
کوئی کھوتا ہی تیرے ہجر میں اپنی جوانی کو
بیمارِ عشق کے ترے جینے پہ حرف ہے
پانی کہاں دوا کے بھی پینے پہ حرف ہے
وہ آئے چڑھ کے گھر سے لڑائی کیواسطے
یاں پاؤں پڑتے ہم ہیں صفائی کیواسطے

یارب جُدا نہو وے کسی سے کسی کا دوست | کرتا دُعا ہوں ساری خدائی کیواسطے

خورشید

خورشید - میر سیّد علی مرحوم خلفِ سیّد مظفر علی قوم سیّد مذہب شیعہ - آپ قصبہ چلکانہ ضلع سہارنپور کے باشندے اور اچھے خاصے تعلیم یافتہ، خوش باش، خوش گذران زمیندار تھے، مزاج میں تہذیب، متانت اور تواضع کا سلیقہ قابلِ تعریف تھا - باہر کے باکمال جو سہارنپور آتے انکی کشش اخلاق سے اکثر انکے مہمان ہوتے تھے - فنِ سخن میں خورشید اور فنا، دو تخلص کرتے تھے، مذاقِ سخن کی تحریک سے خود بھی دہلی اور لکھنؤ گئے اور وہاں کافی عرصہ تک باکمالوں کی صحبت سے فیضیاب ہُوئے - آخر عمر میں زیادہ تر نعت کہنے کا شغل رہتا تھا دیوان غزلیات سُنا ہے کہ مُرتب تھا مگر اولاد کی غفلت سے اسکی اشاعت کی نوبت نہ آئی کربلا و نجف کی زیارت سے بھی بہرہ اندوز ہوئے تھے آخر ۸۵ برس کی عمر پاکر اپنے وطن ہی میں ۱۸۸۸ء میں وفات پائی - دونوں طرح کے کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو -

گلچیں نے کوئی تازہ جفا کی چمن میں کیا | جھونکے اُداس آج جو بادِ صبا کے ہیں
مارا ہے گر جلا بھی تُو اے غیرتِ مسیح | ہم کب سے منتظر تیری قُم کی صدا کے ہیں

برق کو غیرت یہ دلواتی رہی | ابر کو ہر لحظہ شرماتی رہی
مثلِ دریا جوش میں آتی رہی | چشمِ تر یہ اشک برساتی رہی
آبرو برسات کی جاتی رہی

دل سے دنیا کی ہوس جاتی رہی | گو وہ باغِ سبز دکھلاتی رہی
عقلِ دوراندیش سمجھاتی رہی | حُر کو فوجِ شام بہکاتی رہی
حبِّ حیدر راہ بتلاتی رہی

خورشید

خورشید - پنڈت سورج پرشاد خورشید وکیل فرخ آباد خلف پنڈت آسا رام - اردو فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے دیوان مطبوعہ نظر سے گذرا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے کلام میں کوئی خاص بات قابلِ ذکر نہیں ہے ۱۲۹۵ھ تک حیات تھے +

پریناں شہ کو مبارک ہو گدا کو کمل — جامہ بخشا ہے جنوں نے مجھے عریانی کا
میں تو دیتا ہوں دعا تم مجھے دشنام ہی دو — کچھ تو ملجائے صلہ مجکو ثنا خوانی کا
اقبالِ خداداد کی ہے اور ہی صورت — آئینہ بنانے سے سکندر نہیں ہوتا
کھلتی ہی نہیں دل کی کلی باغِ جہاں میں — مٹھی میں جو غنچہ کی طرح زر نہیں ہوتا
آج مختار ہیں جو ظلم و دغا میں کر لیں — حشر کو ہوگا مرے ہاتھ میں دامن انکا
یدِ بیضا کو ہتیلی کا پھپولا سمجھیں — دیکھیں جو حضرتِ موسیٰ رخِ روشن انکا

خوابِ راحت ہے کہاں نادانِ دورِ خیر میں — گردشِ ایام ہے اے دل یہ گہوارہ نہیں
گردشِ ایام سے پھرتا نہیں اپنا نصیب — اخترِ قسمت مرا ثابت ہے سیارہ نہیں
کون سا فتنوں نہیں تیری نگاہِ ناز میں — کان ہے جادو کی چشمِ شعبدہ پرداز میں
تھی کسے جوشِ جوانی میں خبر انجام کی — عشق بازی کھیل اک سمجھے تھے ہم آغاز میں
نہیں جاتی اصالت آدمی کی صحبتِ بد سے — نہ آہن رہے جو پاس آہن کے طلا ہر سوں
عشق لکڑی کو بھی ہے بے سر و ساماں کرتا — بیدِ مجنوں میں گل و برگ و ثمر کچھ بھی نہیں
نہ زخم کر مجھے ظالم کہ صید لاغر ہوں — عبث لہو میں نہ بھر ہاتھ مشتِ پر کے لیئے
دہانِ زخم سے چو سازِ بہان خنجر کو — مزے وصال کے کیا کیا نہ ہمنے مر کے لیئے
غبار ہو کے پڑے دیدۂ رقیب میں ہم — لیئے عدو سے جو بدلے تو ہمنے مر کے لیئے
اربابِ صفا زنگ کدورت سے بری ہیں — خورشید کے چشمے میں تو کائی نہیں ہوتی

ملکِ عدم کو اب کوئی پیاسا نجائیگا — قاتل نے آبِ تیغ کی رکھی سبیل ہے
پھٹ جائیگا تکسم غم دنیا بہت نہ کھا — اے بوالہوس غذا یہ نہایت ثقیل ہے
پھولو نہ بلبلو اچمن بے ثبات پر — غنچوں کی جو چٹک ہے وہ کوسِ رحیل ہے

خورشید خورشید احمد خورشید از اولاد حضرت شیخ احمد صاحب سرہندی اوائل میں شاہ رؤف احمد سے بیعت کی بعد میں شاہ سعد اللہ حیدرآبادی سے فیض یاب ہوئے اطراف ہندوستان

اور خراسان۔ فرغانہ۔ سمرقند۔ فارس۔ بخارا۔ بلخ۔ ممالک دور دراز میں مدت سفر کیا اور ہر صاحب کمال سے فیض حاصل کیا۔ فنِ شعر میں پہلے شاہ رؤف احمد صاحب رافت اپنے پیر سے اور آخر میں مومن خان اور نواب اسد اللہ خان سے مستفید ہوئے دہلی میں ولادت ہوئی تھی۔ فارسی اُردو دونوں زبانوں میں شعر خوب کہتے تھے۔ یہ آپکے کلام کا انتخاب ہے ؎

کہاں پہلو میں دل خورشید جسکو ہم تسلی دیں
جو کچھ تھا آنسوؤں کے ساتھ خوں ہو کر نکل آیا

جاتا نہیں آنکھوں سے تصور کبھی خورشید
موجود ہے ہر وقت وہ گویا میرے آگے

نوید وصل یہ مانا کہ جھوٹ ہے خورشید
کسی طرح کوئی تسکین اضطراب تو دے

بتوں کے عشق سے باز آتے ہی نہیں خورشید
ملا ہے تمکو محبت میں کیا مزہ کہیئے

خورشید

خورشید۔ سیّد محمد مصطفیٰ خورشید عرف مولوی لڈن نبیرہ مولنا سید دلدار علی صاحب مجتہد العصر اوائل عمر سے شعر گوئی کا شوق رہا عربی فارسی اور فنونِ شاعری مثل عروض وقافیہ سے اچھی طرح واقف ماہر تھے فن سخن میں پہلے اپنے ماموں سید محمد جعفر اُمید اور پھر آغا حجو لکھنوی سے مشورۂ سخن کرتے تھے علاوہ غزل کے مرثیہ و نوحہ و سلام بھی کہتے تھے۔ اکثر ایام محرم میں مثل اور مرثیہ خوانوں کے یہ بھی باہر جایا کرتے تھے دو مرتبہ کربلائے معلّی کی زیارت بھی کی۔ نواب مہدی علی خان ماہر داماد نواب ناج محل صاحبہ کی لڑکی ان سے منسوب تھیں۔ انکے خاندان میں اکثر بزرگ صاحب علم و فضل گذرے ہیں۔ کئی سال تک ایک ماہوار رسالہ شعر و سخن "انتخاب" نامی اپنے اہتمام سے نکالتے رہے ۴۵ برس کی عمر میں ۱۹۰۱ء کو انتقال کیا۔ ایک دیوان اُردو ایک رسالہ موسوم بہ "افادات" اِن سے یادگار ہے۔ "افادات" میں اپنا حال اور عروض و قافیہ اور اپنے متروکات وغیرہ تحریر کیے ہیں۔ یہ مختصر رسالہ نہایت قابلیت سے لکھا ہے شاعری اور عروض میں مشاق شاعر تھے اور مذاقِ سخن بھی اچھا تھا۔ اکثر اربابِ فن اِنکے شاگرد ہیں۔ اِنکے کلام کا انتخاب درج ذیل کیا جاتا ہے ؎

موسیٰ کی طرح طالبِ دیدار کون ہو
اِس دل میں کیا نہیں جو سر کوہِ طور تھا

ہیں بیخطا گناہ کیے گو کہ سے کریم
رحمت کو بھولتے تو ہمارا قصور تھا

زاہد سے کہتا ہو وہ بت سامنے آکر
اب دیکھ لو گر شانِ خدا کو نہیں دیکھا

تنکا تنکا جمع کیوں کرتے بناتے کس لیے
ہم نہ سمجھے تھے کہ برباد آشیاں ہو جائیگا

مرمٹوں کی تربتیں کردو برابر شوق سے
یہ بھی اپنی بے نشانی کا نشاں ہو جائیگا

مانا نظر پڑی تھی دل آیا پھر اسپہ کیوں
آنکھوں کی کیا خطا سب اسی کا قصور تھا

عشقِ جاناں میں ہوئی باعثِ رونق ہر سے
درد بھی دل میں رہا زینتِ پہلو ہو کر

ستم کیے تو کیے اب تو صاف ہو مجھ سے
جو کچھ ہوا وہ ہوا یہ کہو خفا تو نہیں

طلب پہ بوسہ کی کیوں اسقدر بگڑتے ہو
زبان ہی سے کہا تھا چلو لیا تو نہیں

حفظ جانِ بیخبر میں اب اشتیاق بہت ہوا ای دوست
سکو کہدے اُسے دیدوں میں مانت تیری

یہ مُنہ کو پھیر کے کیسے اشارے ہیں دمِ ذبح
حلال کرتا ہے ظالم کسے دکھا کے مجھے

عاشق ہی کا یہ دل ہے کہ سا کت ہے میرِ جان
پتھر بھی جو ٹوٹیں گے تو فریاد کریں گے

بتوں کے قبضۂ قدرت کو کوئی کیا جانے
یہی ہیں وُہ کہ جو برسوں خدا کے گھر میں رہے

ہم ایسے زار بھی کہیں دیکھے ہیں ای حباب
تن کے عوض ہوا ہی ہوا پیرہن میں ہے

دل سے اُٹھے نہ دھوان عشق میں جلتا ہے ہی
یوں تو اک شمع بھی ہے بزم میں جلنے کے لیے

دم ہے تیرا جہاں میں شبِ فرقت باقی
نہ رہیگی کوئی دُنیا کی مصیبت باقی

ہر آن بانی ستم و جور ہو گئے
تم تو جوان ہوتے ہی کچھ اور ہو گئے

خورشید:- حاجی میرزا خورشید احمد خاں خورشید۔ خلف شاہ انوار الحق ساکن گوپامئو نواب عظیم جاہ۔ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ شاہزادہ ارکاٹ کے داماد ہیں اور مدراس میں رہائش ہے زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا۔ خورشید

خالی ہی ہاتھ جائیں گے آئے تھے جیسے ہم
لایا نہ ہو جو کچھ بھی تو پھر لیکے جائے کیا ؟

اب وہ تیر مژہ چلاتے ہیں
دل کو تو وہ مرے بناتے ہیں

رُخ کے بوسے جو لیتی ہے کاکُل	ہم یہاں پیچ و تاب کھاتے ہیں

خورشید منشی خوش وقت علی خان خلف منشی داؤد خان تھانہ دار اکبر آباد کے رہنے والے اور میر زا فتح اللہ برق کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ نواب کلب حسین خان نادر کے دوستوں میں تھے، نہایت خوش فکر اور طبّاع سخن سنج تھے، آٹھ نو شعر سے زیادہ کی غزل نہیں کہتے تھے مگر غزل مرصع ہوتی تھی اور اہل مشاعرہ پھڑک جاتے تھے۔ منیر شکوہ آبادی کے ہمعصر اور نواب فرخ آباد کے ہاں ۱۸۴۰ء میں ملازم تھے۔ ظاہر اکبر آبادی نے اپنے بچپن میں انھیں دیکھا تھا۔

خورشید

بوے دہانِ تنگ سے تم جی پھڑک گیا	یہ کس طرف گلاب کا غنچہ چٹک گیا
ایذا اُٹھا چکا ہوں محبت کے درد کی	کھینچی کسی نے آہ میرا دل دھڑک گیا
گردن میں ہے کمندِ محبت پڑی ہوئی	جتنے کھنچے حضور میں آگے سرک گیا
خورشید مرحبا یہ محبت کا جوش ہے	آئی بہار ہاتھ میں ساغر چھلک گیا
جدائی کے صدموں کو ٹالے ہوئے ہیں	چلے جاؤ ہم دل سنبھالے ہوئے ہیں
عجب مست اللہ والے ہوئے ہیں	چُنے موتیوں کے نوالے ہوئے ہیں
لحد میں کس بل نکل جائیں گے	مرینگے تو سانچے میں ڈھل جائینگے
جبتک ہے روح جسم میں چلتے ہیں ہاتھ پاؤں	دولھا کے دم کے ساتھ یہ ساری برات ہے
پیری میں بولے وہ کہاں ہیں شباب کے	اِک دھوپ تھی کہ ساتھ گئی آفتاب کے

خورشید میرزا عباس عرف میر زا خورشید مدرس فارسی مدرسۂ کراچی۔ چندے حیدر آباد سندھ میں بھی ملازمت کی تھی ۱۸۷۶ء میں زندہ تھے۔ شعر اچھا کہتے تھے اور ترکیبیں بھی صاف ستھری برتتے تھے۔ طبیعت کا میلان زیادہ تر مضمون کی طرف ہے۔ یہ انکا کلام ہے۔

خورشید

جگہ دی جب سے دل میں ہمنے عشقِ شوخِ پُرفن کو	بنایا دوست کو دشمن بنایا دوست دشمن کو
مجھے زنجیر بالکیوں مانع صحرا نوردی ہو	گلا دیتی ہے میری گرمیٔ رفتار آہن کو
فلک کی فتنہ پردازی سے شاید جا نہ بری ہووے	اگر تخت الثریٰ یا لامکاں ملجاوے مسکن کو

ہُوا برباد تیری راہ میں مشتِ غبار اپنا — جھٹکنا پر نہ چھوڑا تو نے ظالم اپنے دامن کو
چمن میں آنکھ کھولی تھی کہ صیّاد آگیا سر پر — رہی حسرت یہ بلبل کو نہ دیکھا میں نے گلشن کو
رقیب روسیہ پر بھی کبھی تیغ آزمائی ہو — ہمارا کیا ہے ہمتو لو جھکا دیتے ہیں گردن کو
کریں پھر محفلِ کثرت میں کیوں ہنگامہ آرائی — ملے گر مجلسِ وحدت میں جا شیخ و برہمن کو
ہُوا خورشید عاشق اُن پہ جو اچھا سمجھتا ہی — سمجھنا دوست کو دشمن سمجھنا دوست دشمن کو

خورشید

خورشید مہر سپہر فصاحت و سخندانی نیر اوج بلاغت و زباندانی قاضی غیاث الدین احمد صاحب خورشید ابن قاضی حسام الدین احمد مرحوم بزرگوں کا وطن شاہجہاں آباد دہلی ہے مگر اب عرصہ سے قصبہ سکندرآباد ضلع بلند شہر میں سکونت ہی وہاں کا عہدۂ قضا روزآبادی سے انکے خاندان میں چلا آتا ہی۔ جناب خورشید بہ سلسلۂ ملازمت چند سال ریاستِ گوالیار میں رہے اب عرصہ سے خانہ نشین ہیں دہلی مقام پیدایش ہی اور وہیں انہوں نے اپنی ننہال خاندان شیخ عبدالحق محدث دہلوی میں تعلیم و تربیت پائی مولنا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے برادرزادہ مولانا محمد حسن تائب مرحوم تلمیذ فخر الشعرا میر نظام الدین ممنون سے فن شعر کی تحصیل کی اور مولنا مرحوم نے نہایت دلسوزی اور محنت سے رموز سخنوری و نکات شاعری کو ان کے دلنشین کیا۔ سن شریف ۱۹۱۴ء میں ۵۸ برس کا ہی صاحب دیوان رنختہ ہیں۔ اکثر غزلیں حضرت داغ دہلوی اور دیگر مشاہیر زمانہ حال کی زمینوں میں کہی ہیں اور حق یہ ہی کہ اپنی خداداد ذہانت اور مشاقی فن کا سکہ بٹھا دیا ہے۔ راقم تذکرہ کے ملاقاتی ہیں۔ دہلی میں دو مرتبہ خاص مجھ سے ملاقات کے لیئے تشریف لائے کلام بھی منتخب کرکے بھیجا قاضی نجم الدین برق شاگرد رشید حضرت مومن انکے حقیقی چچا تھے۔ سخن طرازی میں اعلی درجے کی قابلیت حاصل ہی پڑھتے بھی اچھا ہیں ترکیب بیان نہایت دلچسپ ہی و متانت سے خالی نہیں انکے کلام میں اکثر اشعار ناخن بدل پائے جاتے ہیں۔ بلاغت اور فصاحت دونوں اپنے اپنے محل پر انکے کلام میں اپنا اپنا جلوہ دکھاتی ہیں۔ مضمون آفرینی کا بھی خاصہ ملکہ ہی۔ بڑے

مہذّب متین اور منکسر المزاج شخص ہیں فکرِ سخن سے کسی وقت خالی نہیں رہتے۔ دیوان اگرچہ چھپا نہیں مگر مرتب موجود ہے ✤

شایانِ حمدِ حق جو نہ مضمون رقم ہوا
اِس جُرم میں قلم کا سدا سر قلم ہوا

چھوٹا یہ رنج و غم سے اُنہیں یہ الم ہوا
مَیں خوش ہوا اُنہیں مرے مرنے کا غم ہوا

طاعت نہ کام آئی تہ بندوں کی بندگی
آخر شریکِ حال اُسیکا کرم ہوا

دونوں گھروں میں ایک تجلّی کا ہے ظہور
جلوہ وہی ہے دیر ہوا یا حرم ہوا

کِس باوفا کو یاد کیا گالیوں سے آج
کِس کے کھُلے نصیب یہ کس پر کرم ہوا

کچھ فخرِ جامِ جم کو نہیں اُنکے دَور میں
جو جام اُنکے مُنہ سے لگا جامِ جم ہوا

مجکو تو دوستوں سے بھی ملنے کا شک تھا
دشمن سے تم ملے یہ تم پر ستم ہوا

خون ہونے کے لیئے خاک میں ملنے کے لیئے
روز اس دل میں نئے ہوتے ہیں ارمان پیدا

کرتے ہو ستم مہر و محبت کے عوض میں
یہ جرم تو تعذیر کے قابل نہیں ہوتا

کہدیا شوق میں پہلے تو یہ رونا اب ہے
ہائے قاصد کی زباں اور فسانہ دل کا

رفتہ رفتہ ترے بیمار نے صحت پائی
ضعف سے درد گھٹا موت سے آزار گھٹا

لیکے کب نکلے ہیں ہم گوہرِ مضمون خورشید
آہ جس وقت میں نرخِ دُرِ شہوار گھٹا

صحرا چمن کیا مرے پائے فگار نے
گلگوں ہر ایک خار بیاباں کا ہو چکا

اک ناتواں کا خوں اور اتنے سنانِ تیز
دل سے مقابلہ صفِ مژگاں کا ہو چکا

دلمیں جگر میں سینہ میں پہلو میں جا بجا
قبضہ کہاں کہاں تیرے پیکاں کا ہو چکا

اُس بُت نے ایک کونر کھا اپنے دین پر
مذہب خراب کعبہ و مسلماں کا ہو چکا

تھاموں دل و جگر کو میں کیا ایک ہاتھ سے
اک ہاتھ مدتوں سے گریباں کا ہو چکا

ہوگا خرام ناز سے کیا اہلِ حشر پر
محشر تو ایک جنبشِ داماں کا ہو چکا

میعاد تک نہیں خارِ مغیلاں بارِ وطن کسی کا
پابستۂ وفا ہے خورشید ہو لاشہ بے کفن کسی کا

مجھے مرنے پہ کیا کیا رشک ہے اُس مرنیوالے کے
یہ تم بیٹھے ہوا ایسا سوگ لیکر جانِ من کسکا

عقیدہ کھل گیا اُس کافر نظر جس پر
ڈھکا رکھتی ہے پردہ اُسکی چشمِ سحر فن کسکا

زبانِ شکر رعب حسن سے واں بند ہوتی ہے
کھلے شکووں پہ اُسکے روبرو جا کر دہن کسکا

خوشی میں جسکا گذرے وقت غم سے کیا غرض اُسکو
وہ محوِ عیش و عشرت ہیں نہیں رنج و محن کسکا

پڑے ذرا تو کلیجے کی آگ پر پانی
جگر کے داغ پہ پھوٹے جو آبلہ دل کا

دل تڑپتا ہے مرے لیلیکے اس نخچیر کا
او قدر انداز کیا کہنا ہے تیرے تیر کا

درازی میں کوئی اُسکے برابر ہو نہیں سکتا
شبِ غم کے مقابل روزِ محشر ہو نہیں سکتا

پابندِ حیا رہنا یا ترکِ حیا کرنا
اوّل شبِ وصلت ہے آخر نہیں کیا کرنا

طبیعت اِس قدر بگڑی کہ انداز سخن بگڑا
کوئی مضمون جو تیرے وصل کا اے جانِ من بگڑا

یہ قد بوٹا سا، لب گلبرگ تر، عارض گلِ رنگین
چمن کا رنگ تیرے سامنے رشکِ چمن بگڑا

کس جا نہ جلوہ گر تری وحدت کا نور تھا
جلوہ ترا تھا عام نظر کا قصور تھا

کیا اُسکو ہو خبر کسی خاطر شکستہ کی
وہ مستِ ناز اپنی جوانی میں چور تھا

واہ کس شوق سے تھم تھم کے چھری پھیری ہے
میری گردن پہ ہوئے آپکے احسان بہت

شرارت چشم پر صدقے، فدا شوخی ہے چتون پر
ادائے دلفریبی آپ غش ہے اُن کے جوبن پر

خوشی وہ غیر کی کرتے ہیں میرے رنج دینے کو
مرے صدقے میں گویا یہ کرم ہوتے ہیں دشمن پر

غنیمت ہے ہوا مر کر تو لطفِ زندگی حاصل
وہ ظالم فاتحہ پڑھنے کو آیا میرے مدفن پر

نکالا قتل کا میرے نیا انداز قاتل نے
رکھی ایک تیغ پر گردن، رکھی اک تیغ گردن پر

مجروح دل پہلو میں ہے زخمی جگر سینہ میں ہے
یہ بھی کوئی دستور ہے گھائل ہے گھائل کے پاس

خورشید راہِ عشق میں اس گرم رفتاری کیساتھ
کیوں سرد ہو جاتے ہو تم آتے ہو جب منزل کے پاس

جوشِ وحشت میں ہم ربط ہوا ہے ایسا
ہاتھ ہوتا نہیں دم بھر کو گریباں سے الگ

یہ مری خاک ہے ظالم تو جھٹکنا کیوں ہے؟
اب لہو گی یہ ترے گوشۂ داماں سے الگ

کانوں میں ہیو فانہ پہن یاسمن کے پھول
ہیں آج تیرے کشتۂ رنج و محن کے پھول

شیریں نے ایک دن نہ بنایا گلے کا ہار
تیشہ سے روز جھڑتے رہے کوہکن کے پھول

یارب دلوں کی خیر وہ کہتا ہے دلفریب
دیکھیں تو کوئی دیکھے ہمیں اور نہ آئے دل

خورشید کس غضب کی کہانی کہی کہ آج
اپنی طرح ہمیں بھی کیا مبتلائے دل

مایوس ہو گئے ہیں قبولِ دعا سے ہم
ملتا تو مانگتے نہ تمہیں کو خدا سے ہم

کہتے ہیں سکو شوق کہ نکلا جدھر سے تو
آنکھیں لگائے ترے ہر نقشِ پا سے ہم

ہاں سچ تو ہے جو تم سے ستمگر کو دیدیا
ایسے ہی دق ہوئے تھے دلِ مبتلا سے ہم

کام آئیگی مصیبتِ ہجراں میں ایکدن
پیدا کرینگے رسمِ محبت قضا سے ہم

قامت میں قیامت کے برابر تو نہیں تم
فتنہ ہو مگر فتنۂ محشر تو نہیں تم

پھرتے ہو خفا مجھ سے پھر الٹی ہے شکایت
پھر جاؤ تو کچھ میرا مقدر تو نہیں تم

کہنے کو کہدیں یونتو ابھی دل کا راز ہم
دیکھیں بھی دردِ دل کا کوئی چارہ ساز ہم

سجدہ خدا کو کرتے ہیں دل میں بتوں کی یاد
نادم ہیں خود کہ پڑھتے ہیں کیسی نماز ہم

جب ظلم کریں آپ تو کیونکر نہ کہیں ہم
کیا خوب ستمگر کو ستمگر نہ کہیں ہم

تم کو تو نہ توفیق ہوئی پرسشِ غم کی
پھر آپ بھی حالِ دلِ مضطر نہ کہیں ہم

آتے ہی تیرے بزم میں اک پڑ گئی ہل چل
اسپر بھی تجھے فتنۂ محشر نہ کہیں ہم

شوخی ہو طبیعت میں فصاحت ہے زباں میں
خورشید کو کس طرح سخنور نہ کہیں ہم

آبلے پاؤں کے برسوں سے لیے پھرتے ہیں ہم
اپنے قسمت کے تو کانٹے بھی بیاباں میں نہیں

دستِ وحشت کو مرے ابتو ملے گی فرصت
ایکنوں ابتو کوئی تارِ گریباں میں نہیں

گھر لے ابرِ باراں میکدہ پر جوشِ رحمت ہے
رہیگی حرمتِ توبہ کہاں تک بادہ خوار و میں نہیں

کہیں کس منہ سے ہجرِ یار میں مونس نہیں کوئی
ابھی اک بیکسی باقی ہے اپنے غمگساروں میں

عیش کے یار تو اغیار بھی بن جاتے ہیں
دوست وہ ہیں جو بُرے وقت میں کام آتے ہیں

دیکھئے ہجر کی شب ہیں ہو سحر تک کیا حال
غش پہ غش مجکو ابھی سے سرِ شام آتے ہیں

ایک پر ایک گرا پڑتا ہے مشتاقِ جمال
شور برپا ہے کہ وہ لبِ بام آتے ہیں

کچھ عجب لطف اٹھاتی ہو طبیعت خورشید
جب کبھی سننے میں اشعار نظام آتے ہیں

دونوں ہیں دردِ عشق کے بیمار کیا کروں
دلکی دوا کروں کہ میں اپنی دوا کروں

جی چاہتا ہے عشقِ گزشتہ کا ماجرا
بیٹھا کوئی سنا کرے اور میں کہا کروں

کہتے ہیں لوگ مرکے یہ چھوٹے گا رنج سے
مجھکو یہی ہے غم کہ غمِ جاوداں نہیں

پانی ہو تری تیغ کا اور اپنا گلا ہو
چھوٹے کا نہیں ہاتھ سے گر آبِ بقا ہو

ہنگامۂ محشر تیری چالوں سے بپا ہو
ٹھکرا کے کہے تو میرے مردے سے کھڑا ہو

مرنے کے بعد تم ہی تو آؤ گے قبر پر
تم ہی تو فاتحہ بھی پڑھو گے اٹھا کے ہاتھ

لگیگی ایک گھر کی آگ سو گھر اسلیئے چپ ہوں
پھٹکیگا اک جہاں دل سے جو آہِ آتشیں نکلی

کروں اصرار کیونکر وصل کے وعدہ پہ ضد تا ہوں
نہو گی عمر بھر پھر ہاں اگر منہ سے نہیں نکلی

شبِ غم امید یاس کے جھگڑے رہے کیا کیا
کبھی ٹھہرا دلِ مضطر کبھی جانِ حزیں نکلی

یا تو ہمارے دل کو الٰہی قرار دے
ورنہ تو ان بتوں پہ ہمیں اختیار دے

جدھر اُس کی کافر نظر ہو گئی
خدا کی خدائی اُدھر ہو گئی

وہ اپنی طبیعت سے مجبور ہیں
جدھر ہو گئی بس اُدھر ہو گئی

جگر ہو کہ دل ہو وہ تیغ نظر
جہاں پڑ گئی کارگر ہو گئی

جوابِ دادخواہاں دادِ محشر کو کیا دو گے
ستم اِک روز تم کو بھی خدا کو منہ دکھانا ہے

جسقدر تم کو تغافل ہو محبت ہو ہمیں
بیوفائی میں تمھاری یہ کمال اچھا ہے

قوت نہ آہ کی ہے نہ طاقت فغان کی ہے
حالت بہت خراب دلِ ناتواں کی ہے

قاصد کے اب پیامِ زبانی پہ ہے یہ رشک
کیوں اس زباں پہ بات بھی انکی زبانکی ہے

آنکھوں کو لطف دید کا کانوں کو بات کا
قسمت جو دیکھئے تو ترے پاسباں کی ہے

بدظن ہو رازداں سے نگہباں سے مشتبہ
آفت میں جان اپنے دلِ بدگماں کی ہے

ای بختِ خفتہ ایسی بھی غفلت کی نیند کیا
آخر کچھ انتہا بھی تو خوابِ گراں کی ہے

کیا پوچھتے ہو دل پہ جو گذری فراق میں
تم سن بھی لو یہ تاب ہمیں کب بیاں کی ہے

ہے شرم تیرے ہاتھ مدد اے گدازِ عشق
کچھ جسم میں نمود ابھی استخواں کی ہے

تا مشتِ استخواں کو نہ میرے ملے جگہ
حجت ہو اُن کو یہ کہ زمیں آسماں کی ہے

قبضہ بتوں کا گھر میں خدا کے بھی ہو گیا
بندی نماز کی ہے منادی اذاں کی ہے

خورشید شاعری میں فصاحت کا ہے مزہ
سچ پوچھئے تو شعر میں لذت زباں کی ہے

جور و بیداد کو دیکھوں کہ میں اسکو دیکھوں
وہ کسی وقت مرے حال سے غافل نہ رہے

کششِ دل ہو مددگار تو کیا عیسٰی کا گھر
تو تو جنت میں بھی ای حور شمائل نہ رہے

میں تو دیکھوں نہ کبھی بھول کے اسکو خورشید
کیا کروں جب مرے کہنے میں مرا دل نہ رہے

تم تو تم ناز عدو کے بھی اٹھائے ہوگے
ایک دن یہ بھی محبت میں ہوا رکھا ہے

تصور میں ہمارے کاش یہ تاثیر ہو جاتی
کہ فید آہوں میں آکر یار کی تصویر ہو جاتی

نہ اٹھتا حشر کے دن بھی مرا سر اس ندامت سے
مرے خوں سے جو آلودہ تری شمشیر ہو جاتی

شرر افشاں جو مجنوں آہ تیرے دل سے نکلیگی
بجھاتی آگ لیلیٰ پردۂ محمل سے نکلیگی

ذرا مجھپر ترحم سخت جانی آج برسوں میں
گلے ملنے کی حسرت خنجرِ قاتل سے نکلیگی

آنکھیں وہ فتنہ گر میری آنکھوں میں ڈالکے
سینے سے لے گیا ہے ابھی دل نکال کے

حسن اور عشق کے جھگڑوں میں مرحبا آئے
حیلہ گر تم سا ہو اور آئے طبیعت میری

اہلِ ایماں کا خدائی میں ٹھکانا نہ رہا
دعوی کرتا ہے وہ کافر کہ ہے جنت میری

سوزشِ دل کے ہوئے اور یہ درماں الٹے
لب پہ آ آکے پھرے نالہ سوزاں الٹے

جو نشتر ہو تو سنبھالوں غمزوں کا وار دل پہ
ذرا ہاتھوں سے اپنے تھام لینا تم جگر پہلے

نہیں کچھ بازیٔ طفلاں لگانا دل کہیں خورشید
وہ کھیلے کھیل الفت کا جو کھیلے جان پر پہلے

کہتے تو ہیں کہ دل میں ترے گھر بنائیں گے | پر سوچتے ہیں دل میں کہ کیونکر بنائیں گے

ہیں وہ محروم قسمت ہوں نہ جانا آجتک میں نے | اُمید وصل کیا ہے حسرتِ دیدار کیسی ہے
مہروش تجھ سے مخجل شب کو قمر ہو کے رہے | رُخ سے سرکے جو ڈوپٹہ تو سحر ہو کے رہے
جس کو دیکھا نگہ ناز سے مارا اُسکو | دیکھ لینا تری آنکھوں کو نظر ہو کے رہے
ہیں تو ترے سبب ہوں مصیبت میں مبتلا | تُو میرے ساتھ اے شب ہجراں بلا میں ہے
قسمت کا اپنی پیچ کھُلا ہے نہ کھُل سکے | وہ اَور ہے جو آپ کی زلف دوتا میں ہے
خورشید ایسی چوٹ لگی ہے کہ کیا کہوں | ہر وقت اک کھٹک سی دل مبتلا میں ہے
دیکھئے غم میں ترے جان رہے یا نہ رہے | ہے کوئی دن کی یہ مہمان رہے یا نہ رہے
تو سلامت رہے آباد ہے تجھ سے دُنیا | ہمسے ناشاد مری جان رہے یا نہ رہے
فائدہ حجتِ ناحق سے بس اتنا کہدو | تم کہیں رات کو مہمان رہے یا نہ رہے
یار ہے، شیشہ و ساغر ہے، کروں کیوں تاخیر | پھر خدا جانے یہ سامان رہے یا نہ رہے
سانس کے ساتھ نکلتے ہیں شرارے مُنہ سے | سوزشِ دل نے کلیجے کو جلا رکھا ہے
دلربا گھات میں پھرتے ہیں کوئی چھین نہ لے | دل کو اب تک تو میری جان بچا رکھا ہے
آفتِ جان تو حسینوں کی ادا ہوتی ہے | ورنہ دیکھو تو ترے حُسن میں کیا رکھا ہے

خورشید منشی شیخ محمد سعید خورشید۔ موضع شفیع ضلع منٹگمری پنجاب میں مقیم اور حضرت جلال لکھنوی کے شاگرد تھے۔ شعر گوئی کا خاصہ مادہ ہے۔ یہ انکا کلام ہے ؎ خورشید

ٹھوکریں کھاؤ سرِ طور تمہیں لے موسیٰ | جلوہ گر دل ہی میں ہمنے رُخ جانانہ دیکھا
اِسکو جلنا تھا تو شمع سرِ محفل ہوتا | رونقِ بزم جہاں کاش میرا دل ہوتا
کسی کے قتل کو اُس کی بلا نکلتی ہے | کہ جسکے کوچے سے بسمل قضا نکلتی ہے

خورشید پنڈت بلدیو کشن صاحب نکو المتخلص بہ خورشید۔ آپکے والد بزرگوار ریاستِ جموں و کشمیر میں بعہدۂ سپرنٹنڈنٹی پولیس ممتاز تھے۔ آپ خود لاہور میں انسپکٹر تحصیل خورشید

چوگی ہیں اور ٹمپرنس ایسوسی ایشن لاہور و کشمیری پنڈت نیشنل ایسوسی ایشن کے سکرٹری ہیں اوائل سے فن شاعری کا شوق ہے اور اٹھارہ اُنیس برس سے طبیعت ادہر مائل ہے عشقیہ غزلیں کہنے سے اجتناب ہے۔ زیادہ تر ٹمپرنس سوسائٹی کے متعلق مضامین پر طبع آزمائی کرتے ہیں۔ اور اکثر ٹمپرنس سوسائٹی کے سالانہ جلسوں اور منٹروالوج کے اجلاسوں میں داد سخن دیا کرتے ہیں۔ آپ اپنا دیوان مرتب کر رہے ہیں جسے عنقریب چھپوانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ زمانۂ حال کے شعرا میں انکا شمار ہے۔ کلام میں سادگی ہے زبان شستہ ہے اور نفس مضامین اخلاقی ہوتا ہے۔ نمونہ کلام یہ ہے۔

نہ وہ اوصاف ہیں ہم میں نہ وہ اُلفت رہی ہم میں
ہماری غفلتوں سے دیکھئے سارا وطن بگڑا

ذرا دیکھو تو بگڑی کسقدر حالت ہماری ہے
روش بگڑی، چلن بگڑا، ہمارا پیرہن بگڑا

اگر دل میں خیالاتِ من و مائی نہ لاؤ تم
تو اِس اُجڑے چمن کو آج ہی رونق پہ پاؤ تم

مَیں کیا منہ سے کہوں ہیں کون ہوں دنیا میں کیا ہوں میں
بشر کی ہستیٔ ناپاک کا اک آئینہ ہوں میں

میری ہستی بنائی خاک کے ذروں نے مِل مِل کر
اِسی باعث سے تو اک خاک کا پُتلا بنا ہوں میں

خدا کی جب نظر میں کُل بشر دنیا کے یکساں ہیں
تو دل میں کیوں خلش رکھتے ہو پھر ہندو مسلماں ہیں

نہیں بگڑا ہوا اب بھی کچھ اگر تھوڑا سنبھل جاؤ
کدورت چھوڑ دو اور جانبِ اصلاح تم آؤ

طبیعت میں مری کچھ اندنوں ایسی صفائی ہے
ضیائے آئینہ منہ دیکھنے کو دل میں آئی ہے

فروغِ ماہِ تاباں جذبۂ دل نے مرے لوٹا
یہاں سرخی ہوئی پیدا وہاں زردی چھائی ہے

کہاں لکھا ہے مذہب میں کرو تم بیر آپس میں
غضب ہے گر زمانے میں جُدا بھائی سے بھائی ہے

انتخاب از قصیدۂ تہنیت تاجپوشی

خیاباں کھِل گئے فصلِ چمن میں اب بہار آئی
شمیم اٹکھیلیاں کرتی نوید جانفزا لائی

یہ دھن ہے کہ جنت آگئی ہے باغِ دنیا میں
کہ حوریں بھی فلک پر آج ہیں دیکھو تماشائی

یہ ہیں وہ کون جنکے عہد میں یوں ہمنوا لی ہے
کہ پیتے شیر اور بکری بھی ہیں اک گھاٹ پر پانی

ندا آئی ہمارے جارج پنجم شاہِ انگلستان
پہنکر آئے اورنگِ شہی پر تاجِ سلطانی

ہمایوں فال ہے، نیکو سیر، نیکو طبیعت ہے
تولے قیصرِ جہاں میں منبعِ بحرِ سخاوت ہے

رعایا ہند کی تیار ہے اب جاں نثاری پر
کہ اس میں اک زمانے سے وفاداری کی عادت ہے

دعائے خیر ہے تجھپر سدا ظلِ الٰہی ہو
تمہارا بن کر ترے سر پر یہ چترِ تاج شاہی ہو

آج دہلی بنی ہے رشکِ چین
آج دہلی بنی نئی دلہن

لاڈلی ہے شہانِ ذی حشم کی
یہ دُلاری ہے جارج پنجم کی

آج شہ کی سواری آتی ہے
یہ بھی پھولوں نہیں سماتی ہے

پیش کرتا ہوں طشت کاغذ پر
ہوں جو منظور یہ مرے گوہر

کیوں نہ خورشید بھی ضیا پائے
بزمِ شعر ہیں نام پا جائے

خورشید

خورشید۔ صاحبِ عالم مرزا خورشید عالم گورگانی خلف الرشید مرزا فخرو ولیعہد بہادر شاہ ثانی۔ اِن کا نام تاریخی ہے سنہ ۱۲۶۱ ہجری میں پیدا ہوئے۔ غدر کے وقت اُنکی عمر ۱۲ سال کی تھی۔ جوانی میں نہایت خوبرو زیبا منظر جوان تھے۔ ورزشِ جسمانی کا ہمیشہ شوق رہا۔ فنِ سپہ گری سے خوب واقف ہیں۔ لکڑی اور بانک دونوں خوب جانتے ہیں۔ بنوٹ سے بھی کسی قدر واقف ہیں غلیل لاجواب لگاتے ہیں شعر بھی بہت اچھا کہتے ہیں۔ زبان ٹکسالی اور اُسی چار دیواری کے اندر کی ہے جس کا نام کبھی قلعہ معلّٰی تھا۔ اصلاح دینے کا ملکہ اچھا ہے اور زبان کی صحت کے متعلق آپ کی معلومات وسیع اور قابلِ داد ہیں۔ نہایت بامذاق ہنس مکھ یارباش شہزادے ہیں۔ بڑے خوش گلو اور موسیقی کے فن سے ماہر ہیں۔ تباہی قلعہ کے بعد ۲۵ سال رامپور اور دہلی رہے۔ نواب یوسف علیخان صاحب نے سو روپیہ ماہوار مقرر کر دیا تھا۔ جو اب تک ملتا ہے۔ بلکہ اب نواب صاحب حال نے کچھ اُس پر اضافہ کر دیا ہے ۱۸۹۹ء سے اپنے علاتی بھائی حضرت داغ دہلوی مرحوم کے پاس حیدرآباد دکن رہے وہاں سے بھی دو سو روپیہ ماہوار وظیفہ پاتے ہیں ۱۸۸۷ء کے جشنِ جوبلی میں جو چند شاہزادوں کی جدید نشستیں مقرر ہوئی تھیں اُنمیں

یہ بھی شامل تھے۔ چنانچہ پچاس روپیہ ماہوار سرکار برطانیہ سے مقرر ہے۔ حضرت داغ کی وفات کے بعد گاہے وکن گاہے دہلی رہے اب تین برس سے رامپور میں مقیم ہیں۔ اگرچہ فطرۃً طبیعت موزوں پائی ہے مگر شعر گوئی کی طرف زیادہ توجہ نہیں ہے۔ نواب حامد علیخان صاحب والئے رامپور انکی بہت قدر و منزلت کرتے ہیں۔ مرزا خورشید عالم کے صرف ایک لڑکی ہے نواسے کو انھوں نے اب متبنی کرلیا ہے اور دکن کی پنشن اُسکے نام منتقل کرادی ہے۔

راقم تذکرہ سے مخلصانہ تعلقات ہیں بڑے خوش مزاج خوش تقریر ہیں۔ کلام کے لئے ہنگام نظر ثانی بار بار تقاضا کیا مگر فطری تساہل نے اقرار کی تکمیل کی نوبت نہ آنے دی اشعار ملاحظہ ہوں

گھر سے نکلے ہیں وہ اس ٹھاٹ سے تنکر بابر
ہاتھ میں تیغ علم میان سے خنجر باہر

غش جو آیا مجھے محفل میں تو ظالم نے کہا
تجکو منظور ہے مرنا تو کہیں مر باہر

جب سے برباد ہوئے کوئی ٹھکانا نہ ملا
ٹھوکریں کھاتی پڑیں پھرتے ہیں در باہر

جو میری طرف سے تمہیں بھڑکاتے ہیں دشمن
ایک ایک مرے دل میں ہے ایک ایک نظر میں

ڈھونڈتے ڈھونڈتے ہم جسکو یہاں تک پہنچے
ساری دنیا ہے وہی حشر کے میداں میں نہیں

راز سربستہ یہ پیدائش عالم سے کھلا
لطف ظاہر میں جو ہے وہ کبھی پنہاں میں نہیں

وہ کہتے ہیں ہمارا چاہنے والا بھی ایسا ہو
زمانے سے انوکھا ہو تو دنیا سے نرالا ہو

وہ دل لیکر کسی کا پھیر دیں یہ ہو نہیں سکتا
پرایا مال وہ اپنا سمجھتے ہیں کسیکا ہو

شب وصل اُسنے شرما کر یہ شوخی سے کہا آخر
ہمیں چھیڑے تو غارت ہو ہمیں دیکھے تو اندھا ہو

ستم سہنے کا ساری عمر کے یہ پھل ملا ہمکو
وہ اب سب سے یہ کہتے ہیں جو عاشق ہو تو ایسا ہو

نہ میں سچا نہ تم سچے تو آخر کون سچا ہے
خدا کے سامنے یہ پیش ہو جھگڑا تو اچھا ہو

ہوا حاصل یہ ہمکو دوستوں کی بیوفائی سے
کہ ہم نے عمر بھر کو توبہ کرلی آشنائی سے

ملے بھی بات بھی کرلی ڈھٹائی سے دکھائی ہے
بنے پھر جان کر انجان میری آشنائی سے

نہ میں سچا نہ تم سچے نہ میں جھوٹا نہ تم جھوٹے
چلو قصہ ہوا طے فائدہ کیا اب لڑائی سے

تمھیں اُن سے غرض ہے اُنکا تم اچھا بُرا دیکھو ہمیں کیا کام غیروں کی بھلائی سے بُرائی سے

دل لیا ہے تم نے جس انداز سے
کوئی لے سکتا بھی ہے اس ناز سے

ہر روز یہ پرسش ہے کہ تم کیوں اِدھر آئے
اُمید پر آتے ہیں جو اُمید بر آئے

جاتے تھے کہیں اور اِدھر بھولکر آئے
کیا دیدہ و دانستہ وہ خود دیر سے گھر آئے

فرقت کی دعاؤں میں ابھی اثر آئے
آئے نہ ستمگر تو کچھ اچھی خبر آئے

جاتے تھے میرے کوچہ سے پُوچھا تو وہ بولے
ہم تیری بلا سے جدھر آئے اُدھر آئے

بے چین ہو تم اور مجھے رشک ہے اس کا
اللہ کرے آج عدو کی خبر آئے

رحم آہی گیا دیکھ کے قاتل کو مرا حال
کام اپنے بُرے وقت میں زخم جگر آئے

محشر ہوا جل ہے کہ وہ کافر ہو کوئی ہو
ہم منتظر اُسکے ہیں کہ جو پیشتر آئے

اِک حشر بپا اور ہُوا روزِ قیامت
محشر میں بُرے حال سے جب وہ نظر آئے

کیا غیر سے لڑ آئے ہیں کہتے نہیں بنتی
گھبرائے ہوئے وہ اِدھر آئے اُدھر آئے

اُس شوخ نے بالوں میں پروئے ہیں جو موتی
خورشید ہمیں ابر میں تارے نظر آئے

وہ نشیلی آنکھ اک عیار ہے
دیکھنے کو مست ہے ہشیار ہے

آرزو ہنکر نہ کوئی بھی رہا
آپ کا ہر تیر دل کے پار ہے

مَیں ہوں عاشق میری بدنامی ہے کیا
اُن کا چرچا بھی سرِ بازار ہے

آپ سے بنتی نظر آتی نہیں
روز جھگڑے روز کی تکرار ہے

کون مرتا ہے کسی کے واسطے
جان کا کھونا بہت دشوار ہے

یہ تری محفل ہے یا ہے میکدہ
جسکو دیکھو مست ہے سرشار ہے

جان سے بڑھکر ہمیں ہو تم عزیز
تُم ملو تو اور کیا درکار ہے

اکیلے لوگوں کا جان کچھ اور تھا
اب زمانے کی نئی رفتار ہے

دل ستانے کے لیے موجود ہے
جان جانے کے لیے تیار ہے

خورشید

خورشید۔ سید خورشید عالم۔ خلف شمس الشعراء مولوی سید مقصود عالم تھانوی۔ ان کا نشو و نما غدر کے سنین بعد میں تھا۔ نواب کلب حسین خاں نادر نے اپنے تذکرہ میں ان کا ذکر کیا ہے، چند شعر انتخاب ہو کر درج ہوئے۔ ان کے والد بڑے پایہ کے سخنور تھے انھیں سے انھیں تلمذ تھا ؛

اے اجل یہ قتل پر کس کا اشارا ہو گیا — صف بہ صف جو لشکرِ مژگاں صفآرا ہو گیا
ہاں یہ حرف شوق میں ہے معجزِ شق القمر — نالہ از خود دل کی بیتابی سے پارا ہو گیا
قتل گہ میں یہ شہیدوں کا بہایا ہے لہو — نیچے کا گھاٹ دریا کا کنارا ہو گیا
گھر میں اے خورشید جب شکِ قمر مہماں ہوا — نیر اعظم نصیبوں کا ستارا ہو گیا

خورشید

خورشید۔ پنڈت جوالا پرشاد ایم اے وکیل چیف کورٹ لاہور آپ رائے بہادر پنڈت جانکی پرشاد اکسٹر اسسٹنٹ کمشنر اور میر منشی مرحوم کے صاحبزادے اور قوم کے کشمیری برہمن ہیں، اوائل شباب میں موزونی طبع کے باعث طبیعت شعر گوئی کی طرف مائل تھی۔ یہ انھیں ایام کا کلام ہے نہ معلوم اب یہ مشغلہ جاری ہے یا بند ہو گیا۔ ۱۸۹۰ء برس کا سن ہے۔

آزمانا تجھے ہم چاہتے تھے مدت سے — تیغ جلاد دکھا آج تو جوہر اپنا
خون ہی تن میں نہیں جسکا کہ ڈر ہے قاتل — کس لیے چلتا ہے دامن تو بچا کر اپنا
جسکو کہتا ہے تو خورشید قیامت وعظ — دیکھ ہے داغ نہاں اس کا تو بڑھکر اپنا
ایک حسرت ہی گئی ساتھ مرے زیر لحد — اور کوئی بھی نہ ساتھی ہوا مر کر اپنا
مانگا بوسہ تو کہا تو بھی ہوا اس قابل — منہ تو جا دیکھ ذرا آئینہ لیکر اپنا
نہ ہوا دستِ قضا سے بھی یہ کشتہ سیماب — ہائے مرکر بھی نہ ٹھیرا دلِ مضطر اپنا
کیوں نہ خورشید فلک پر ہو داغ آج ترا — باغ ہی جام ہی اور پاس ہے دلبر اپنا

خوشتر

خوشتر۔ منشی عبد الرحمن محمد محسن باشندہ منگرول کاٹھیاواڑ۔ رسالۃ العصر لکھنؤ سے کلام نقل ہوا

شمع رو جائیں کہاں اٹھکے تری بزم سے ہم — دل کو پروانہ کی مانند بلا بیٹھے ہیں

فرصتِ وصل ہو بیمارِ محبت کا علاج	چارہ گر کیوں لیئے بالیں پہ دوا بیٹھے ہیں
دکھا دو چاہنے والوں کو تم انداز محبوبی	سما جاؤ نظر میں سب کی دلیں سب کے گھر کر لو
اِس انداز حیا سے اور چوری کھلگئی اُنکی	کہا تھا تم سے کتنے جیب کترچھی نظر کر لو
جو محفل ہو وہ مقتل ہو جو بیدل ہیں وہ بسمل ہوں	جو خنجر ہاتھ میں اپنے کبھی تم بن سنور کر لو

آپ کہتے ہیں بجا حضرتِ ناصح لیکن	کیا کروں کیجیئے جو قابو میں مرے دل نہ رہے
ہو مدد تیری جو اے ہمتِ مردانہ عشق	جس کو مشکل میں سمجھتا ہوں وہ مشکل نہ رہے
میری خواہش گذر دردِ نہو دل میں مرے	درد کہتا ہے میں پہلو میں ہوں دل نہ رہے

خوشتر۔ شاعرِ شیوا بیاں سخنورِ شیریں زباں منشی جگناتھ ولد منشی مُنا لال سری باستب کایستھ ساکن لکھنؤ، عہدِ واجد علیشاہ میں سرکارِ شاہی میں متصدی گری پر فائز تھے۔ اِنکی رامائن منظوم و "شری بھاگوت" و "پتر گیت" بہت مشہور ہیں۔ مذہبی مسائل اور حکایات کو بہت خوبی اور فصاحت سے نظم کیا ہے ۱۲۷۹ھ میں اِنکا انتقال ہوا، بخوف طوالت رامائن میں سے چند اقتباس کر کے اُنکے حال کو ختم کیا جاتا ہے۔ خوشتر

راجہ رام چندر جی کا بن باس ہونا

مشعبد ہے عجب یہ پیرِ گردوں	کہ ہر دم اِسکی صورت ہے دگرگوں
جفا پیشہ، ستمگر، فتنہ خو ہے	برائے رنج ہر کس حیلہ جو ہے
اگرچہ پیر ہے، لیکن ہے بے پیر	ہمیشہ منقلب ہے اسکی تدبیر
کسی کا خوش نہیں آتا اِسے عیش	برائے جنگ پھرتا ہے لیئے جیش
ہر اک کے عشق میں ہے رخنہ انداز	میان ہر بشر ہے فتنہ پرداز
سدا اِس سنگدل کا ہے یہ شیوہ	کہ پتھر مارتا ہے دیکھے میوہ
یہ وہ زنبور ہے چرخِ ستم کیش	کہ پہلے نوش دے پیچھے جڑے نیش
شہنشاہِ اودھ تھا یعنے اِک روز	سریر زر فشاں پر رونق افروز

مُرصّع سر پہ زیبا تاجِ زرّیں
عیاں چہرے سے نورِ ماہ و پروین

پئے آرایشِ تاجِ زر افشاں
کیا آئینہ پیشِ روئے تاباں

نگاہِ شہ پڑی کاکل پہ اِک بار
سفید آئے نظر بال اُس میں دو چار

خزاں دیکھی بہارِ زندگی میں
اماں دیکھی خدا کی بندگی میں

سُنا جب ساروا نے یہ فسانہ
ہوئی سُوئے اودھ پیدل روانہ

ہوئی جا کر وہاں پر حیلہ انگیز
نہ پایا کوئی دشمن اُس جگہ تیز

کنیز اک کیکئی کی منتھرا نام
زبس تھی عقل و دانش سے وہ ناکام

کیا نطقِ زباں کو اُس کے اِغوا
وہ نکلی شہر میں بہرِ تماشا

جو دیکھا یہ اودھ میں جلوۂ عیش
حضورِ کیکئی آئی بصد طیش

سراپا تن میں روشن آتشِ خشم
رواں مانندِ دریا چشمۂ چشم

کہا یوں کیکئی سے باغمِ و آہ
کہ کیا غافل ہے تو اے بانوشاہ

بھرت کو شاہ نے گھر سے کیا دُور
خلافت ہے بنامِ رام مسطور

محبّت پر ہے نازاں شہ کی ناحق
یہ تیرا ہے خیالِ خام مطلق

بظاہر تجھ پہ عاشق ہے شہنشاہ
ولے باطن میں کوسلا کی ہے چاہ

یہ کوسلا کا ہے سب مکر اور فن
کہ بیشک سوت کی ہو سوت دشمن

خلافت کا اگر ہو رام کو تاج
ترا فرزند ہو روٹی کو محتاج

یہ سنکر کیکئی بولی غضبناک
کہ کیا کہتی ہے تو اے شوخ بیباک

اگر ہو رام کو تاجِ خلافت
بھرت کو ہے زہے فخر و سعادت

مرے دل کے برآئیں سب مطالب
بھرت اور رام ہیں یکجاں و وقالب

نہ ہو اُن میں کبھی ہرگز جدائی
اگر ہو اک طرف ساری خدائی

تو ہے بد باطن و بد کار و بد ذات
غضب تو نے نکالی منہ سے یہ بات

منتھرا کا کیکئی کو آمادہ فساد کرنا

کہا پھر منتھرا نے با صفائی
بھلائی میں ہوئی حاصل بُرائی

کوئی ہو بادشہ کیا مجکو مطلب
نہیں لونڈی سے بیوی ہونگی میں اب

ولے میں ہوں کنیز بانوئے شاہ
کیا راہِ نمک خواری سے آگاہ

کہا میں نے براہِ خیر خواہی
مبارک رام کو ہو بادشاہی

نہیں خواہش مجھے کچھ سیم و زر کی
خطا کی میں نے گر تم کو خبر کی

مجھے مطلب نہیں ہے کچھ کسی سے
خوشی اپنی ہے مالک کی خوشی سے

ولے کیا کیجئے اِس دل کا چارا
بُرائی ہے تمھاری ناگوارا

زمانے میں ہے یہ روشن سبھوں پر
کہ دشمن ہے برادر کا برادر

خصوصاً جبکہ ہووے بادشاہی
مقرر ہو برادر پر تباہی

زبانِ چرب سے جب کی یہ تقریر
ہوئی تب کیکئی بیزار و دلگیر

نہ ہو دلگیر تب بولی وہ نادان
کہ ہے تدبیر اس مشکل کی آسان

کیئے ہیں شہ نے جو دو وعدہ محکم
کہو تم شہ سے امشب شاد و خرم

سحر گہ رام ہوں صحرا کو راہی
بھرت کو دیجئے دو بیم شاہی

کیا یوں کیکئی کو جبکہ اغوا
ہوا برگشتہ دل پھر کیکئی کا

عروسی پیرہن تن سے کیا چاک
ہوئی آشفتہ غلطاں بر سرِ خاک

کیئے غم سے پریشاں مشکبو بال
بچھایا مکر و فن کا خاک پر جال

بوقتِ شب ہوا شاہِ زمکو روز
محل میں کیکئی کے رونق افروز

پریشاں حال دیکھا کیکئی کا
ہوا دلگیر شاہ عالم آرا

یہ اُسکے عشق میں دیوانہ تھا شاہ
کہ تھی وہ شمع رو پروانہ تھا شاہ

نہ تھی بیتابئ معشوقہ منظور
نہ کرتا تھا کبھی نزدیک سے دُور

جو فرشِ گل پہ کرتی تھی سدا خواب
اُسے دیکھا زمین پر در تپ و تاب

ہوا آشفتہ خاطر دیکھکر شاہ — سرِ بالینِ پرویں پر گیا ماہ
کہا اے جانِ شاہِ عالم آرا — ہوا کیا رنج دل پر آشکارا
زروئے شکر بولی کیکئی تب — کیا تم نے مرا کہنا سدا سب
کیئے تھے پیشتر دو مجھ سے اقرار — کیئے تم نے وفا اب تک نہ زنہار
کہا دشرت نے اے جانِ شہنشاہ — کرو مطلب سے اپنے مجھکو آگاہ
بجالاؤں اُسے بالراس والعین — دلِ بیتاب کو بخشو ذرا چین
قسم ہے رام کی گر جان مانگو — تو حاضر ہے نہیں افسوس مجکو
یہ سنکر کیکئی با دیدۂ تر — ہوئی حاضر حضور شاہ اٹھکر
کہا میں شاہ سے بھکر دو مطلب — وفائے عہد ہے شاہوں کو انسب
بھرت کو سلطنت کا دیجئے کام — بیاباں میں رہیں چودہ برس رام
یہ سنکر ہوگیا بے ہوش دشرت — گرا سر سے زمیں پر تاجِ دولت
ہوا چہرہ غم و اندوہ سے زرد — کہا یوں کیکئی سے با دمِ سرد
بھرت کو تاج دوں اے راحتِ دل — جدائی رام کی لیکن ہے مشکل
جو آیا دیکھنے سے رام کے ہوش — ہوا باگریہ وزاری ہم آغوش
زبس غم سے نہ تھا یارائے گفتار — رہا مانند نرگس محو دیدار
کہا تب رام سے ماں نے یہ مضمون — بھرت سے مجکو تم پیارے ہو افزوں
کیئے تھے شاہ نے دو مجھ سے اقرار — وفا ہیں اُنکی اب ہے صاف انکار
اگر دنیا میں چاہو بول بالا — بجالاؤ قرارِ شاہِ والا
کہا شاہِ دو عالم نے زہے بخت — مبارک ہو بھرت کو افسر و تخت
یہ کہکر شاہ سے رخصت ہوئے رام — پڑا دولت سرائے شہ میں کہرام
ہوئے مادر سے رخصت رام جاکر — بہت روئی گلے مل مل کے مادر

کیکئی کا تقریر اپنے دعوے

ہوئی بیتاب سیتا سُن کے یہ حال
پریشاں صُورت سُنبل کیے بال

ہُوا جینا اُسے بے رام مشکل
نہ لائی تابِ ہجرِ گل عنادل

فراقِ رام کب ہو اس کو منظور
غضب ہے شمع سے پروانہ ہو دُور

سیا پھر آئی پیشِ مادرِ رام
پریشاں موئے زلفِ عنبریں فام

ہوئی پابوسِ خوشدامن ادب سے
ہوئی رخصت کی خواہاں رو کے تب سے

ہوئی دلگیر خوشدامن یہ سُنکر
کہا اے راحتِ دلہائے مضطر

بیاباں میں نہیں عورت کا ہے کام
نہ کر بربادِ ناحق ننگ اور نام

کہا سیتا نے اے خوشدامنِ پاک
نہوں جانے سے میرے آپ غمناک

نہیں بہتر ہے اس سے کوئی دولت
کرے عورت جو شوہر کی اطاعت

رہا کب دامنِ شوہر ہو زن سے
کہیں سایہ جُدا ہوتا ہے تن سے

رواقِ طاق و منظر کا اُڑا رنگ
ہُوا غم سے مُشبک سینۂ سنگ

زبس تھے غم سے گریاں سقف و دیوار
نظر آتے تھے روزن چشمِ خونبار

مکانِ شاہ کے ہر طاق و منظر
پئے گریہ تھے شکلِ دیدۂ تر

ہزاروں چشم سے روتا تھا دریا
حباب اُسکے ہوئے دیدے سراپا

کیا غم سے سحر نے پیرہن چاک
اُڑائی سر پہ اپنے شام نے خاک

جہاں گریاں تھا سب آہ و فغاں سے
فرشتے گل فشاں تھے آسماں سے

نہ کھولی آنکھ ایسی شہ نے کی بند
یکایک جبکہ چھوٹے دونوں فرزند

زمیں پر شاہ تھا اِس طرح بیتاب
کہ ہو جس طرح سے آتش پہ سیماب

لہو تھا ہر بنِ مژگاں سے جاری
پسند آنکھوں کو آئی اشکباری

اودھ میں زاغِ نالاں بن میں بلبل
اُگے کانٹے یہاں پھوٹے وہاں گُل

چلے جبدم اودھ سے رام و لچھمن
گرا لنکا میں سر سے تاجِ راون

حالتِ جمعہ اردی رہا یا

خوشدل

خوشدل ۔ محمد حمید الظفر خان رامپوری خلف عباس خان ۔ زندہ دل شخص ہیں اور اسی وجہ سے اپنے حسب حال تخلص تجویز کیا ہے ۔ مرزا عابد حسین اوج رامپوری کے تلامذہ میں ہیں رامپور کے مشاعروں میں شریک ہوتے ہیں ۔

یاد آکے وہ تبسم ہمکو رلا رہا ہے — سوزِ غمِ محبت دل کو جلا رہا ہے
ہر لحظہ سامنا ہے تازہ مصیبتوں کا — یہ عشق تیرا مجکو کیا کچھ دکھا رہا ہے
حالِ زبوں ہمارا کیا پوچھتا ہے ہمسے — کچھ تو ستا رہا ہے کچھ غم ستا رہا ہے
کس شوق سے ہم اسکی صورت کو دیکھتے ہیں — کس ناز سے وہ اپنے منہ کو چھپا رہا ہے
اُلفت نے تیری ظالم آخر ہمیں مٹایا — اب کیوں ستا رہا ہے اب ہم میں کیا رہا ہے
ایک دن تھا وہ کہ تیرا کوچہ تھا اور ہم تھے — جنگل میں جوشِ سودا اب تو پھرا رہا ہے
میں تو ہوں یاد تیری رہتی ہے میرے دل میں — تو وہ ہے اپنے دل سے مجھکو بھلا رہا ہے
اُس شوخ کا بگڑنا تقدیر کا تھا بننا — باہیں گلے میں ڈالے خوش دل منا رہا ہے
اِس سے عناق کو ملتی ہے حیاتِ جاوید — آبِ حیواں ہے کہ خنجر کا ترے پانی ہے

خوشوقت

خوشوقت ۔ منشی خوشوقت رائے صاحب عرف راجہ بینی جی تخلص خوشوقت شاگرد آتش و میر وزیر علی صبا بخشی الملک راجہ لالجی بہادر بخشی زمانہ شاہی لکھنؤ کے بیٹے تھے گاہ گاہ مست تخلص بھی کر لیتے تھے ۔ غدر کے دس بارہ برس بعد انتقال کیا ۔ لکھنؤ کے عمائد میں گنے جاتے تھے اور کبھی کبھی فکرِ سخن سے دل بہلاتے تھے ۔ کلام بہم رسیدہ کا یہ انتخاب ہے ؎

گیسوؤں کا جو لئے دام وہ گلفام آیا — بلبلِ دل مرا خود اُڑ کے تہِ دام آیا
تخت و تاج و علم و طبل شہنشاہوں کا — سب دھرا رہگیا جب موت کا پیغام آیا
نہ پوچھو درد کہاں سینے میں ہے عاشق کے — غش آگیا ہے ابھی تو جگر جگر کرتے

شکلِ مہ و خورشید تو کب دل میں گڑیگی — جب آنکھ پڑے گی کسی اونچے پہ پڑیگی
اِس دل کے لگانے کا ہم انجام نہ سمجھے — پتھر میں یہ برچھی نہ کسی طرح گڑے گی

نوکِ مژۂ یار کا کرنا نہ تصوّر — نکلے گی نہ پھر دل میں جو یہ پھانس گڑیگی
ہو صلح کی تدبیر عبث یار سے خوشوقت — رہ جائیگا خود آپ سے منّت جو لڑیگی
عجب کمال پہ جوبن ترا شباب میں ہے — یہ ضو نہ نور نہ مہ میں نہ آفتاب میں ہے
ادا جان لیتی ہے جانی تمہاری — قیامت ہوئی ہے جوانی تمہاری
فدا تم پہ میں ہوں تم اوروں کو چاہو — یہ قسمت مری قدردانی تمہاری
تمہارا ہے ورد زباں ذکر ہر دم — وظیفہ مرا ہے کہانی تمہاری
یہ خوشوقت آتش کے فیض و کرم سے — زبان زد ہوئی خوش بیانی تمہاری

خیال - غلام حسین خان خیال برادرزادہ و شاگرد برکت اللہ خان برکت شاعر فارسی بہت پرگو شاعر تھے - ایک لاکھ شعر کے قریب کہے تھے - بیگم شمرو کے ملازم تھے ۱۸۴۳ء میں انتقال کیا - سُنا ہے کہ پانی پت میں انکے دو دیوان موجود ہیں - یہ انکے کلام کا نمونہ ہے - خیال

تجھے تو غیر کو منظور رمز دکھانا تھا — نقاب کھولنا گرمی سے اک بہانہ تھا
پھر نئے سر سے ہوا خانۂ مجنوں آباد — پاؤں جب ہمنے دھرا آنکے دیوانے میں
حاضر ہیں ہم تو آؤ شمشیر کیں نکالو — جو دل کی آرزو ہو اُس کو کہیں نکالو

جرعہ افشاں ہو ہماری خاک پر غافل کبھی — ہم بھی اے ساقی تری محفل کے میخواروں میں تھے
مژگاں کی یہ کاوش نہیں ناوک فگنی ہے — ابرو کی اشارت نہیں شمشیر زنی ہے
تیرِ نگہ فتگی پر دل آیا ہے اے خیال — اے غنچہ رفتہ تجھے بھی ہوا لگی

خیال - منشی جیکشن رائے خیال کالیستھ دہلوی - فارسی شعر بھی کہتے تھے - شاہ نصیر کے ہمعصر تھے - کلام دردانگیز ہے - زبان، بندش، مضمون، سب خوبیاں لایق داد ہیں - افسوس ہو کہ باوجود تلاش اسی قدر اشعار ایک بیاض میں سے دستیاب ہوئے ؛ خیال

تو جور و ستم کر نہ سکھائے سے کسی کے — کچھ پھل نہیں پائیگا ستائے سے کسی کے
حسرت ہی رہی جی میں مرے آہ پس از مرگ — بالیں پہ دمِ نزع نہ آئے سے کسی کے

اے یاسمن اُس سے نہ مقابل ہو کہ جس کا	میلا ہو بدن ہاتھ لگائے سے کسی کے
پھر داغ جگر ہو گئے غیروں کے بھی تازہ	تربت پہ مری پھول چڑھائے سے کسی کے

خیال

خیال۔ مولوی محمد ریاض حسن خان خلف اوسط مولوی حکیم محمد ہادی حسن خان نایاب مئیں اعظم موضع رسول پور ضلع مظفر پور۔ ترتیب تذکرۂ ہذا کے وقت جو حالات آپنے قلمبند کر کے بھیجے اُن کا خلاصہ یہاں درج ہے آپ لکھتے ہیں کہ "میری دو ددھیال ننھیال دونوں شیخ ہیں آبا و اجداد ہمیشہ صاحب اعزاز و امتیاز رہے۔ عہد مغلیہ میں جو عزت و ناموری اُنہوں نے پیدا کی اُن پرانی باتوں کا تذکرہ فضول ہے۔ عہد انگلشیہ میں میرے پردادا مولوی مولا بخش خان بہادر سی۔ آئی۔ ای نے غدر کے زمانے میں گورنمنٹ اور ملک کی جو خدمتیں کیں اُن کا ذکر کتابوں میں موجود ہے چنانچہ گورنمنٹ نے اُنہیں اسٹار آف انڈیا (نجم الہند) کا خطاب دیا۔ اُنکے بڑے صاحبزادے حاجی محمد امیر حسن خان مرحوم و مغفور میرے دادا تھے۔ میں ۱۲ رجب ۱۲۹۴ھ ہجری کو پیدا ہوا۔ چنانچہ ایک ترکیب میں خود کہتا ہوں۔

در ہزار و دو صد و چار و نود ہجری سال	روز اثنا عشر از ماہ رجب پیش زوال
پیکر خاکی من از عدم آمد بوجود	ہمچو نجمے کہ زبیت الشرف آید بوبال

میں چھ برس کا تھا کہ باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ دادا نے تعلیم و تربیت کی۔ فارسی عربی مختلف اُستادوں سے پڑھنے کا اتفاق ہوا جن میں سب سے زیادہ حکیم حافظ سید فرزند علی صاحب دہلوی سے استفادہ ہوا۔ شعر و سخن کا مجھے بچپن ہی سے شوق تھا۔ چھ سات برس کی عمر میں ڈیڑھ دو ہزار اُردو فارسی اشعار یاد تھے۔ اور مجھے خوب یاد ہے کہ اس عمر میں بھی مَیں بعض اچھے شعروں سے متاثر ہوتا تھا۔ گیارہ برس کی عمر سے مَیں نے شعر کہنا شروع کیا۔ چنانچہ میری پہلی غزل کا پہلا شعر یہ ہے۔ ؎

تیری اے حور غضب ہیں آنکھیں		چشم بد دور غضب ہیں آنکھیں	

جب تک مولنا فرزند علی بیتاب دہلوی مرحوم یہاں رہے اُن کو کلام دکھاتا رہا۔ پھر

رمضان ۱۳۱۱ھ ہجری میں حضرت داغ مرحوم سے تلمذ اختیار کیا۔ اُردو میں میرا تخلص خیال ہے اور فارسی میں دانش۔ فارسی میں جناب خواجہ عزیز الدین صاحب عزیز لکھنوی کے فیض اصلاح سے مشرف ہوتا ہوں۔ آپ شعر و سخن کا اتفاق کمتر ہوتا ہے۔"

جناب خیال واقعی ایک عمدہ اور بامذاق طبیعت و قابلیت کے شخص ہیں۔ فارسی میں بہت اعلیٰ قابلیت رکھتے ہیں۔ علاوہ نظم کے موجودہ زمانے کی روشنی کے موافق نثر بھی اچھی کہتے ہیں اس زمانے میں آپنے ایک فارسی مشہور کتاب نامہ دانشوران ناصری کا اُردو میں ترجمہ کیا ہے جو انجمن ترقی اُردو نے پسند کیا اور جسکی صحت زبان کی مولانا شبلی جیسے ماہر نے داد دی علاوہ شعر و سخن کے شکار کا بھی شوق ہے نشانہ اچھا لگاتے ہیں۔ راقم تذکرہ سے خط و کتابت رہتی ہے۔ کلام ہم رسیدہ میں سے کچھ اشعار منتخب ہو کر درج کیے جاتے ہیں۔ زبان درست بندش چست مضامین صاف عاشقانہ رنگ میں کہتے ہیں۔ اپنے والد کا دیوان بھی آپنے اپنے کلام کے ساتھ ارسال کیا تھا۔ اب انکا کلام ملاحظہ ہو جو اُن غزلوں سے انتخاب کیا گیا ہے جو خود جناب خیال نے مؤلف تذکرہ کو ارسال کی تھیں۔

یہ نہ کہیئے کہ مجھ پہ کس کا حق		بندہ پرور میری محبت کا	
بعضوں کی خامشی میں بھی اظہار ہے خیال		رستہ بتاتے ہیں لبِ خاموش نقشِ پا	
جمال ان میں جلال ان میں پھر ہیں شانِ استغنا		بتوں میں کیا کہوں جلوہ مجھے کس کا نظر آیا	
گوشۂ خلوت، دلکو فراغت رات سہانی جوشِ جوانی		یار بغل میں ہاتھ میں بوتل آج مزا ہے بادہ کشی کا	
دیکھو خیال آئینہ لگا کر کیسی اُداسے چھائی ہے منہ پر		کہتے نہ تھے ہم عشق و محبت جان کا گھن ہے روگ ہے جی کا	
صاف طینت صاف باطن ہے خیال		جب ملا جس سے ملا دل سے ملا	
اللہ اللہ رے اُس بت کا جمال		دیکھ کر جسکو خدا یاد آیا	
پائے بوسی ہے عبث بے فیض کی		دیکھ کیا دریا کو ساحل سے ملا	
دیکھ لی ہمنے سخاوت آپ کی		ایک بوسہ وہ بھی مشکل سے ملا	

کیا بات ہے عدم میں کہ دُنیا سے جو گیا
آیا نہ پھر پلٹ کے وہیں کا وہ ہو گیا

دلدار کی ہوس میں دل اپنا ہی کھو گیا
لالچ میں فائدے کی یہ نقصان ہو گیا

خوش ہوں کہ باوفا تو ہوں اُس کی نگاہ میں
ہر چند سر گیا وہ مجھے مان تو گیا

میرا سوال وصل۔ پھر اُنکی وہ گالیاں
پھر پوچھا وہ طنز سے کہیے سُنا جواب

جس سے دیکھا چار دن دیکھا ملاپ
یہ بھلا اکس کام کا تیرا ملاپ

دشمنی کی ابتدا ہے دوستی
وہ ہی بگڑا ہے سے جس کا تھا ملاپ

مل گئیں آنکھیں تو اِس کی کیا خوشی
لُطف جب ہے دل سے ہو دل کا ملاپ

رہ رہ کے تولتے ہو کیا خنجر دوم کو
گردن پہ پھیر بھی دے اب آ بنی ہے دم پر

پھیلا ہے نور اُسکا سارے جہانمیں یکساں
اے کعبہ والے تمکو کیا ناز ہے حرم پر

کسکے نقش پا ہیں کوئے عدو میں یارب
سر جھکا رہا ہے اپنا سجدے کو ہر قدم پر

اُس بت نے میرے دل میں گھر کر لیا تو کیا ہے
آخر بتوں کا قبضہ اک روز تھا حرم پر

دیکھا ہے جب سے اُسکو اُنٹے نڈھال کیوں ہو
خود روتے ہو خیال اب ہنستے تھے پہلے ہم پر

رُکا کیوں ہاتھ کیسی چھُو دی چھائی یہ قاتل پر
وہ بیٹھا ہے چھُری رکھے گلوئے نیم بسمل پر

تمھیں دیکھا ہے جسنے اُسکو اکثر ہو ہی جاتا ہے
تمھارے چاند سے چہرہ کا دھوکا ماہِ کامل پر

نے طالع سے قسمت خط اُس کا میرے پاس آیا
کبھی رکھتا ہوں آنکھوں پر کبھی سر پر کبھی دل پر

جسے تو یہ سمجھا ہے یہ دود آہ ہے مجنوں
ذرا آنکھیں جما کر دیکھنا لیلیٰ کے محمل پر

ملے جو فاتحہ کو پڑی آنکھ یار پر
شیشہ بجائے سنگ ہو میرے مزار پر

محشر میں کچھ نہ دا ور محشر سے کہہ سکا
رحم آگیا مجھے نگہ شرمسار پر

چپکوں تو کہہ رہی ہے وفا نام کو نہیں
دل دے جو کوئی تمکو تو کس اعتبار پر

قیس اپنی دھن میں ہو اُسے کیا خبر نہیں
محمل میں کیا گذرتی ہے محمل سوار پر

کیا کس کی نگہ نے اُسکو بیتاب
تڑپی کیوں ہے بجلی آسمان پر

ہماری زندگی ہے آپکے ہاتھ
نہیں پر مرتے ہیں جیتے ہیں ہاں پر

ہمیں لے تو ستم بے شمار جھیلے ہیں
ہمیں تو ہیں کرم بے حساب کے قابل

دعائے وصل صنم کے لئے حرم کو گئے
چلے گناہ کو بیٹھے ثواب کے قابل

کباب دل ہو تو جمتا ہے نشۂ عشق
گزک ہے خاص یہی اک شراب کے قابل

نہ آئی دخترِ رز بس میں جناب شیخ کے اب تک
نہ ہو کسطرح خشک بندوں کو حضرت کی کرامت ہیں

خبر کیا پوچھتے ہو اپنے بیمارِ محبت کی
جو دم ارمان ہیں ٹوٹا تو نکلی جان حسرت میں

شہرت ہوئی تمہاری ہمارے ہی عشق سے
معشوق جس نے تم کو بنایا ہمیں تو ہیں

بے بندگی کے جسکو ہوا انعام کی امید
عاصی ترے وہ بارِ خدایا ہمیں تو ہیں

آئینہ دیکھتے ہیں تو کہتا ہے اُن سے عکس
مُشاحسیں بھی جسپہ ہو شیدا ہمیں تو ہیں

کل دیکھ کر خیال کو تسکین ہو گئی
سمجھے تھے ہم کہ شہر میں رسوا ہمیں تو ہیں

نہ طاقت فغاں کی نہ ضبط فغاں کی
یہ زوروں پہ ہے ناتوانی ہماری

اِس تغافل کو ہمیں جانتے ہیں
یہ بھی اک طرح کی ہشیاری ہے

گالیاں دینے لگے جب خوش ہوئے
یہ نئی بخشش نیا انعام ہے۔

یہ ملا شرحِ مصیبت پر جواب
دل لگانے کا یہی انجام ہے

ہوش اک جلوہ میں لیلے وہ جمال اُنکا ہے
دلکو بیتاب جو رکھے وہ خیال اُنکا ہے

آج رہ رہ کے جو یوں عذرِ جفا ہوتا ہے
کچھ سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ کیا ہوتا ہے

لذتیں عالمِ امید کی ہر حق لیکن
عالمِ یاس میں کچھ اور مزا ہوتا ہے

چُپ رہوں تو وہ سمجھتا ہی کچھ آزار نہیں
اور دُکھ درد سُناؤں تو خفا ہوتا ہے

دے چکے دل تو پھر اب روتے ہو بیکار خیال
چوک جب ہو گئی پچتانے سے ہوتا کیا ہے

جب کہا ایفائے عہد وصل کو کہنے لگے
کیسا وعدہ؟ کب کا وعدہ؟ ہو مجھے کچھ یاد بھی

یہ وفا، یہ جاں نثاری، یہ جگر، یہ دل کہاں
بندہ پرور غیر پر کی ہے کبھی بیداد بھی

جو گرا قعرِ محبت میں نہ اُبھرا وہ خیال
کیا بُری اُفتاد ہے یہ عشق کی اُفتاد بھی

قدرِ وفا نہ ہو جب بے سُود پھر وفا ہے
کچھ اور اب ارادہ ہمنے بھی کر لیا ہے

آنے کی کس کے اے دل اُمید کر رہا ہے
جھوٹا زمانہ بھر کا وہ ایک چالیا ہے

آنکھوں میں کھُبنے والی دل میں اُتر نیوالی
تیری ہر ایک شوخی تیری ہر اک ادا ہے

تم جانو یا نہ جانو جو حال ہے ہمارا
اللہ دیکھتا ہے اللہ جانتا ہے

سیماب، شمع، بجلی، ہیں بیقرار تینوں
عاشق کی بیقراری سب سے مگر جدا ہے

آنکھ اُس سے کیوں ملائی؟ کیوں تونے چوٹ کھائی
مَیں دل سے پوچھتا ہوں دل مجھسے پوچھتا ہے

جب تک نہ دل میں دل تھا یہ تجربہ نہیں تھا
مشہور ہے کہ انساں کچھ کھو کے سیکھتا ہے

ناصح تجھے خبر کیا وہ خوب رُو ہے کیسا
ہم کیا مٹے ہیں اُس پر عالم مٹا ہوا ہے

سینے سے ہم لگائے رہتے ہیں داغِ دل کو
کیونکر نہ ہو پیارا کس کا دیا ہوا ہے

کیا مفت چاہتا ہوں کچھ بھیک مانگتا ہوں
دینا ہی ہوگا بوسہ جب نقدِ دل لیا ہے

رسوائیوں کا تیری پھیلا خیال چرچا
جس سے جہاں ملے ہیں یہ تذکرہ سُنا ہے

نیند آئی شام کو کچھ بات ہے
یہ ہمارے ٹالنے کی گھات ہے

چال اسکے ساتھ کچھ چلتی نہیں
عشق کی بازی ہمیشہ مات ہے

گالیاں ملتی ہیں جب کیجے سوال
حُسن والوں کی یہی خیرات ہے

تعجب ہو کہ پیری میں بھی داغِ عشق باقی ہو
سحر ہوتے ہی ورنہ شمع اُٹھ جاتی ہو محفل سے

مری حالت وہ پوچھیں سُنکے رُدیں مَیں نما نوں گا
مرے خوش کرنیکو قاصد نے یہ باتیں گھڑیں دل سے

مری مشکل کی آسانی ہوئی ہو کیسی مشکل سے
نزاکت سے چھُٹا پڑتا تھا خنجر دستِ قاتل سے

تم اپنے طالبِ دیدار سے ناحق اُلجھتے ہو
جوابِ باب ہم میں ہیں جھکے ملتے ہیں وہ سائل سے

جنابِ داغ کا فیضان ہے یہ شاعری اپنی
خیال اس فن کو سیکھا ہے بڑے اُستادِ کامل سے

خیال:- ابوالمعانی جناب مولوی سید محمد علی صاحب شاہجہان پوری تلمیذ امیر مینائی لکھنوی

آپکے والد محمد اکبر علیخان شاہجہانپور کے باشندے تھے۔ جناب خیال غالباً شاہجہان پور کی عدالت میں مختاری کرتے ہیں۔ شعر خاصہ کہتے ہیں اور کسی رنگ میں بند نہیں۔ زبان، بیان مضمون سب باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔ آپنے شعر و سخن کا ایک رسالہ بھی جاری کیا تھا۔ مگر اب عرصہ سے بند ہے۔ الغرض شاہجہاں پور میں جہاں اچھے شاعروں کی کمی نہیں انکے کلام کی بھی اچھی خاصی شہرت ہے ۴۵ برس کے قریب سن ہے کچھ کلام نظر سے گزرا اُسکا انتخاب حاضر کیا جاتا ہے۔

کوئی پُرسانِ حال ہینوا اب تک نہیں آیا
ترے بسمل کا پیغام قضا اب تک نہیں آیا

یہ کیا ہے کیوں چھپایا منہ مجھے حیرت زدہ پاکر
تمہیں افسوس انداز حیا اب تک نہیں آیا

دیکھے کوئی عروج تری جلوہ گاہ کا
ایک ایک کوہ طور ہے ہر سنگ راہ کا

لاکھوں فریب ایک وہ اندازِ گفتگو
لاکھوں فتور ایک کرشمہ نگاہ کا

تم اپنے گریبان کی خیر مانگو
بلا سے ہوا چاک دامن کسیکا

قیامت ہے آنے میں میری طبیعت
بلا ہے اُبھرنے میں جوبن کسیکا

نیا نیا ہے ابھی شوق خود نمائی کا
خدا نہیں ابھی سامان ہے خدائی کا

اُسی کی چشم کی گردش کا آسمان بسمل
شفق شہید اُسی پنجۂ حنائی کا

دکھایا مجکو جو وحشت نے وادیٔ پُرخار
کہا جنوں نے یہ حق ہے برہنہ پائی کا

بتوں کو پیار کرے جان کھوئے دل کھوئے
اور اُنکے سامنے جھوٹا بنے خدائی کا

نہ پوچھ اے مرے وعدے کے بھولنے والے
اجل کو یاد ترے اعتبار پر نہ کیا

بٹھایا ہے مجھے خاموش رعب حسن نے لیکن
بتایا ہے نگہ کو لوٹ جانا تیرے جوبن پر

نگاہِ شربگیں سے اُسنے جب دیکھا یہ دل بولا
کوئی تیر اور بھی ظالم ابھی میں نیم بسمل ہوں

واہ رے خوبیٔ قسمت یہ سنا ہے کہ وہ آج
میری تقدیر کا دشمن سے گلا کرتے ہیں

افشان جبیں پہ دوش پہ گیسو چھٹے ہوئے
طرفہ چراغ جلتے ہیں کالوں کے سامنے

ساقی کی مست آنکھوں پہ دل لوٹے جاتے ہیں
شیشے جھکے ہوئے ہیں پیالوں کے سامنے

کیا جلوہ بیحجاب ہو جب گر پڑیں کلیم
اٹھتا ہے لطف دیکھنے والوں کے سامنے

ستم ہے حشر میں وہ مسکرا کر مجھ سے کہتے ہیں
ادھر تو دیکھنا کس کی شکایت ہونیوالی ہے

ق

نامہ بر مجھ سے پوچھتا کیا ہے؟
ہیں نشاں صاف کوئے قاتل کے

کہیں پرزے اڑے ہوئے خط کے
کہیں ٹکڑے پڑے ہوئے دل کے

کھینچ ناوک کو نہ ظالم یہ جفا رہنے دے
ایسے مہماں کو کلیجے سے لگا رہنے دے

زندگی کے مزے اٹھائیں گے
ہو کے مہمان تیغ قاتل کے

آہ کیا کروں حسرت بھری آنکھ
اٹھیں صدقے ہو محبت کی نظر کے

خیال اس درد کا ورد کے اٹھنا
کوئی پوچھے مرے دل سے بگڑ کے

درد تھمتا ہے تو کس پیار سے دل کہتا ہے
اٹھ مرے راتوں کو اٹھ اٹھ کے جگانیوالے

کوئی دم اور ٹھہر جایئے جلدی کیا ہے؟
آپ کیا ہم بھی تو ہیں آپ سے جانیوالے

مقدر میں عشق بتاں لیکے آئے
ازل سے غم جاوداں لیکے آئے

وہ کہتے ہیں سنکر مری حسرتوں کو
تم آئے کہ اک کارواں لیکے آئے

چلے گانیاں تیرے خنجر کا فقرہ
وہ گویا تھ بھر کی زباں لیکے آئے

سلام اب تو جاتے ہیں اے کعبہ والو!
یہاں ہمکو وہم و گماں لیکے آئے

کہاں میں خیال اور کہاں کوئے قاتل
بڑے اک مرے مہرباں لیکے آئے

خیال سید شمس الحق نام کلاؤتھی ضلع بلند شہر کے رہنے والے منشی امداد احمد خان صاحب آزر امپوری کے تلمیذ رشید ہیں عرصہ چھ سات سال سے ریاست رامپور میں وکیل ہیں کلام بامزہ ہوتا ہے۔ زبان کی جانب توجہ ہے مضمون بھی خوب نکالتے ہیں۔ رامپور کے مشاعروں میں شریک ہوتے ہیں۔ پڑھتے بھی اچھا ہیں۔ بدرجۂ اوسط تمام خوبیاں انکے کلام میں موجود ہیں۔ اگر وجود مشق جاری رہی تو عنقریب اچھا کہنے والوں میں انکا شمار ہوجائیگا

مضمون میں شوخی اور طبیعت میں بذلہ سنجی ہے روزمرہ دہلی اور یہ شہر بولتے ہیں

ترا غم بھی دل سے جُدا کر دیا
اے ابتوا تخلیہ کر دیا

یہ کیوں تم نے محشر بپا کر دیا
یہ کیا تم کو سُوجھی یہ کیا کر دیا

خزاں دیدہ تھا زندگی کا چمن
محبت نے کچھ کچھ ہرا کر دیا

ملے عمر رفتہ تو پوچھونگا میں
تجھے کس نے مجھ سے خفا کر دیا

جان نثاری کے یہ انعام دیئے جاتے ہیں
اُلٹے سیدھے مجھے الزام دیئے جاتے ہیں

کچھ زباں ہم بھی ہلائیں تو پھر اچھا کیا ہو
آپ دشنام پہ دشنام دیئے جاتے ہیں

بادۂ ناب نہیں، بادۂ کوثر، واعظ!
اِسکی قیمت میں کھرے دام دیئے جاتے ہیں

مفت دو گھونٹ پلا دے ترے صدقے ساقی
ہم غریبوں سے کہیں دام دیئے جاتے ہیں

اور کچھ گانٹھ گرہ میں نہیں اُنکی ساقی
شیخ جی جامۂ احرام دیئے جاتے ہیں

رند دستارِ فضیلت نہ اُتاریں واعظ
آپ میخانے سے بے دام دیئے جاتے ہیں

حبِ رُخ سے ترے نقابِ سر کی
آنکھیں روشن ہوئیں نظر کی

لایا ہے جواب میرے خط کا
ہو عمر دراز نامہ بر کی

بل کھا کے خیال میں بھی آئی
اللہ رے نازکی کمر کی

کیوں وصل دعا پہ منحصر ہو
محتاج ہے خود دعا اثر کی

ہر کام ہے دوسرے کے بس میں
اللہ رے بے بسی بشر کی

دم بھرتے ہو میری دوستی کا
یہ آج ہوا چلی کدھر کی

آفت ہے شباب کی تجلّی
کیا دھوپ کڑی ہے دوپہر کی

اُس بت کو خیال دیدیا دل
کچھ قدر نہ کی خدا کے گھر کی

ترے کوچے میں تیری دید کی خواہش تو کیا لائی
ہماری موت آئی گھیر کر ہمکو قضا لائی

اجل روٹھی ہوئی تھی آپکے بیمار فرقت سے
خدا رکھے سلامت جانکنی کو یہ منا لائی

بھری محفل میں ہم آغوش غیروں سے تجھے دیکھا
یہی اک دیکھنا باقی تھا، یہ قسمت دکھا لائی

خطا کیا دل کی مجرم آنکھ ہو لاکھوں میں ہم کہہ دیں
یہی اُس سے لڑی تھی، ہاں یہی ہم پہ بلا لائی

مصیبت کے دنوں سے عیش کے دن جب بدلے
خیال، اغیار کا تو ذکر کیا ہے دوست سب بدلے

عدو بدلے تو بدلے ہوں مگر ہم تجھ سے کب بدلے
وہی جیسے کہ تھے ہیں نہ جب بدلے نہ اب بدلے

مجھے دم توڑتے دیکھا تو ڈر کر پھیر لی آنکھیں
میں صدقے مجھ سے بدلے بھی جو تم آنکھیں تو کب بدلے

یہ کیوں تیوری چڑھاتے ہو یہ کیوں آنکھیں دکھاتے ہو
یہ کسدن کی عنایت کے لیے جاتے نہیں اب بدلے

خیال اب تو ہوا بزم سخن کا اور ہی عالم
جو پہلے رنگ تھے انداز تھے وہ سب کے سب بدلے

خیال تنہا نہیں کوئی جو پوچھے بات بھی دل کی
رُلاتی ہے مجھے اٹھ اٹھ آ لنسو بے کسی دل کی

دلِ بیتاب چٹکی سے مسل کر وہ یہ کہتے ہیں
یہی دل ہے اجی تعریف کرتے تھے اسی دل کی

پرائی آگ میں اے سوزِ الفت کون پڑتا ہے
مرے آنسو ہی آ آ کر بجھاتے ہیں لگی دل کی

کہا جب میں نے تم کس واسطے دشمن سے ملتے ہو
تو وہ آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولے خوشی دل کی

کوئی جینے سے خوش ہوتا ہے یہ مرنے پہ مرتا ہے
زمانے سے نرالی زندگی ہے زندگی دل کی

کہے دیتے ہیں یہ کھو لیگی اک دن رازِ الفت کو
خیال اچھی نہیں ہر لحظہ ہر دم بیخودی دل کی

جفا کا ڈھنگ طرز جور اُڑانا کوئی آساں ہے
ابھی کچھ روز گردوں اُس ستمگر کے چلن دیکھے

یہ راہِ عشق بھی دنیا کی راہوں سے نرالی ہے
کہ جس میں ہر قدم پر راہزن ہی راہزن دیکھے

نہ آیا کام میرے کوئی بھی صحرائے غربت میں
خیال اپنی غرض کے یار یارانِ وطن دیکھے

اٹھا رکھی ہو جو میں نے کوئی تدبیر ایسی ہے
مگر مشکل ہے تیرا وصل کب تقدیر ایسی ہے

گلہ جور و ستم کا ہے نہ شکوہ ہے جفاؤں کا
کہ عادت ہی تری اے آسمان پیر ایسی ہے

دکھا دیگے کسی دن بے بلائے کون آتا ہے
بتا دینگے کہ جذبِ عشق کی تاثیر ایسی ہے

خدایا کیوں مرے ہی کام بن بن کر بگڑتے ہیں
الٰہی کیا مجھی کم بخت کی تقدیر ایسی ہے

خیال اُس بت سے نکلے کام یہ کہنے کی باتیں ہیں
کہ میں ایسا نہ میری خوبیٔ تقدیر ایسی ہے

خیال، **خیال** محمد مظفر علیخان خیال شاگرد امیر ۱۸۹۲ء میں دفتر امیر اللغات میں کام کرتے تھے

بعد کا کچھ حال معلوم نہ ہو سکا۔ کچھ منتخب اشعار درج کئے جاتے ہیں شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں۔

دل بیمار نہ تجکو کبھی اچھا دیکھا — عمر بھر دام غم و رنج میں اُلجھا دیکھا
وصل و ہجر میں اُس بت کی تماشا دیکھا — عاشقوں کو کبھی مرتا کبھی جیتا دیکھا
خیر ہے آپ گرے طور پہ کیوں غش کھا کر — کچھ تو فرمائیے کیا حضرتِ موسیٰ دیکھا
بوسہ لینے نہ دیا پیار انہیں کرنے نہ دیا — کبھی آئے بھی تو شوخی نے ٹھہرنے نہ دیا
یاس میں ہوتے تو کاہیکو یہ جھگڑا ہوتا — آسرا دیکے مجھے آپنے مرنے نہ دیا

خیالی

خیالی جناب محمد نسیم اللہ صاحب مبارکپوری شاگرد مہر غازیپوری ۱۹۰۲ء کے نسیم دکن سے کلام منتخب ہوا معمولی کہنے والوں میں ہیں، چند اشعار انکے نتائج افکار سے درج کئے جاتے ہیں ؎

چاہتا غرت نظر رکھتا اگر تو غیر پر — اے خیالی مبتلا ہوتا نہ رانجھا ہیر پر
کانپ اُٹھے عرش والے بھی شبِ فرقت مگر — اُف نکی اُس سنگدل نے آہ پر نالہ پر
کر گیا سُرمہ اثر پہلے نگاہِ ناز سے — لیگیا بازی بُت کافر کا جادو تیر پر
چھوٹنا مشکل ہے صیادِ اجل کے دام سے — لاکھ سر ٹپکا کرے مارا کرے نخچیر پر

شیشہ و ساغر نہ محفل میں سبو درکار ہے — ساقی مہوش سے کہدو ایک تو درکار ہے
غزالانِ فتن کے ہوش ہوتے ہیں خطا یکسر — کہاں کھولے ہیں گیسو یارنے خوشبو کہاں تک ہے
خیالی یاد زلفِ یار میں کاٹے نہیں کٹتی — درازیٔ شبِ فرقت خدا جانے کہاں تک ہے

خیالی

خیالی منشی محمد فخر الدین خیالی خلف مولوی عبد العلی متوطن رسلئے بریلی ۱۲۵۶ھ میں پیدا ہوئے۔ عربی و فارسی دان تھے فن طب میں بھی دخل تھا اور علم عروض و قوافی میں کمال حاصل تھا فن سخن میں منشی امیر اللہ صاحب تسلیم سے لکھنو جا کر استفادہ کیا، وہ نہایت توجہ سے انکی غزل بناتے تھے تکمیلِ علوم و فنون کے بعد ریاستِ حیدرآباد دکن میں کچھ عرصہ تک چالیس روپیہ ماہوار پر ملازم رہے۔ پھر بھوپال میں ملازمت اختیار کی۔ انکی تصانیف سے "نثر خیالی" مدح شاہ جہان بیگم والیٔ بھوپال اور ایک ضخیم مثنوی چار سو صفحہ کی زیور طبع سے

آراستہ ہو چکی ہے، دو مثنویاں اور ایک دیوان ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔ فارسی میں سید محمد محمود صفہانی سے اصلاح لی ہے۔ شاعری میں آپکا انداز کلام منیر سے ملتا ہے۔ فارسی اور اُردو دونوں زبانوں میں فکرِ سخن کیا کرتے تھے۔ شاگردوں میں حکیم محمد وزیر، فکر نظام آباد دکن میں شہرت دار ہیں۔ کلام سے علمی قابلیت مترشح ہوتی ہے۔ انتخاب یہ ہے

تن دل میں مے یاد آئی جب سے بیری جان کر
فراموش آپ کو میں نے کیا ہے بے نشان ہو کر

نہ پہنچا گوشِ گل میں بھی تو بلبل کی فغاں ہو کر
جو پہنچا گوشِ گل میں اُس شوخ کے در تک

کیا بیخود کسی کی نرگسِ مخمور شہلا نے
رُخِ گلگوں دکھایا آج مجکو جام صہبا نے

بہت کھنچتا پھرا میں گوشہ گوشہ سخت جانی سے
کباڑے کی طرح کھینچا مجھے میری تمنا نے

خیالِ روئے رنگیں نے خیالی کر دیا مجکو
مرا مرنے پہ بھی دامن نچھوڑا طبع شیدا نے

حسرت برس رہی ہے مری مشتِ خاک پر
چادر نہ پھول کی ہے نہ شمع مزار ہے

دکھلا رہا ہے چرخ پس از مرگ رفعتیں
باد صبا کی دوش پہ میرا غبار ہے

خیر۔ ابوالخیر مظہر عالم قاضی بیہروی باشندہ ہُور بھنگا۔ ہُور موجودہ کے کہنے والوں میں ہیں بہار میں انکے کلام کی خاصی شہرت ہے۔ چالیس برس کے قریب عمر ہے۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے

یہ وہ نکتہ ہے کہ سمجھیں اسے ہر ار پسند
ہے فرشتوں کو بھی خالِ رخِ دلدار پسند

سرِ شوریدہ کو چوکھٹ پہ مجھے رکھدینا
اب کرے یا نہ کرے اسکو دریار پسند

دل ہے تو اسکے ہونگے خریدار اور بھی
ہم ڈھونڈ لیں گے تم سے طرحدار اور بھی

مجکو یہ دیکھنا ہے کہاں تک کرے گا جور
ہاں اے جفا شعار ستمگار اور بھی

فتنے اُٹھا رہی ہے تمہاری نگاہِ ناز
ڈھاتی ہے حشر شوخیٔ رفتار اور بھی

خیر۔ رائے نرہری پرشاد منظم دفتر معتمد پیشکاری حیدرآباد دکن آپنے فن سخن میں میر احمد علی مہر سے استفادہ کیا تھا ۱۹۰۹ء کے خذنگ نظر سے کلام منتخب ہوا زیادہ حالات باوجود تلاش دستیاب نہ ہو سکے ؛

وحشت دل ان دنوں ایسی گریبان گیر ہے
طوق گردن میں ہے میری پاؤں میں زنجیر ہے

لاکھ کوشش سے نہیں اے دل سنایا حالِ ہجر
کہہ چکا اپنی سبھی اب آگے تری تقدیر ہے

ردیف دال

داد منشی غلام حسین خاں داد مکیش تھانوی کے شاگرد ہیں۔ کئی برس ہوئے پیام محبوب نامی ایک رسالہ وکن سے شائع کیا تھا، جو تھوڑے عرصہ میں بند ہو گیا، کلام میں کوئی خاص بات قابلِ ذکر نہیں۔ انتخاب ملاحظہ ہو۔

اکدن تو قصد کیجے تماشائے آب کا
مضطر ہے موج آنکھوں میں دم ہے حباب کا

چھپتا ہے اہلِ درد کا کب رنگ اتحاد
ہے اشکِ عندلیب میں عالم گلاب کا

سُنکے شکوہ وہ بے وفائی کا
بولے جھوٹا ہے تو خدائی کا

اے بتو بندہ پروری سیکھو
تمکو دعوی ہے گر خدائی کا

دارا۔ صاحبِ عالم و عالمیان میرزا محمد دارا بخت دارا مرحوم عرف میرزا شبّو۔ ولیعہد اوّل حضرت ظلِ سُبحانی محمد بہادر شاہ خیر باد شاہ دہلی۔ شاگردِ رشید ملک الشعرا شیخ ابراہیم ذوق ۱۱ جنوری ۱۸۴۹ء میں بعمر بچاس سال انتقال فرمایا اور شاہ چراغ دہلی کے مزار کے قریب میں دفن ہوئے آپ حضرت ابوظفر کے خلفِ اکبر تھے اور مشہور ہے کہ عمر میں صرف بارہ برس چھوٹے تھے۔ اِنکی والدہ زکیۃ النساء بیگم مرزا سلیمان شکوہ کی دختر تھیں جو اکبر شاہ کے حقیقی برادر خورد تھے، آپکے آٹھ اور بقول بعضے بارہ فرزند دلبند تھے۔ جن میں سے دو میرزا احمد اختر اور مرزا نصیر الملک اب بقید حیات ہیں، اور ایک صاحبزادی بھی زندہ و سلامت موجود ہیں۔ میرزا دارا بخت صاحب مولانا فخر الدین رح کے خلیفہ تھے اور میر محمدی صاحب سے بھی استفادہ کیا تھا۔ اور مولانا عماد الدین کے خط نسخ اور نستعلیق میں شاگرد تھے۔ بہت نیک خصلت بھولے بھالے شاہزادے تھے۔ آپکے کلام میں حضرتِ ذوق کا رنگ صاف جھلک رہا ہے۔ انتخابِ کلام ہدیۂ ناظرین ہے۔

سحاب پارۂ دامن ہے آبدیدوں کا
نمودِ برق طپیدہ ہے دِل طپیدوں کا

جہاں ہوئے ہیں گلِ سُرخ خاک سے پیدا
اُسی زمیں میں ہے مدفن ترے شہیدوں کا

اثر یہ رکھتی ہے فریاد دردمندوں کی
بُرا ہے صبر ستمگر ستم رسیدوں کا

کوئی بھی ساتھ کسی کے گیا نہ اے دارا
عدم کو جاتا ہے کیا قافلہ جریدوں کا

خط میں گر وصل کا مضمون لکھیں ہم دارا
آرزو کا کوئی ہرگز نہ ملے حرف سے حرف

جا پھنسا حلقۂ زلفِ بتِ عیار میں دِل
لیگئی کھینچ کے شامت دہنِ مار میں دِل

تاکے جھانکے نہ طرف غیر کے وہ پردہ نشیں
اپنا رکھ آئے ہیں ہم روزنِ دیوار میں دِل

شعلۂ رُو یہ ترے عارض پہ نہیں خالِ سیاہ
جل گیا گر کے کوئی آتشِ رخسار میں دِل

دِل لگی کیونکہ ہماری ہو کہیں اے دارا
لگ گیا اپنا تو اک کوچۂ دلدار میں دِل

کسی کی چشمِ میگوں کا تصور ہمکو ہے دارا
قدم اُٹھتا نہیں ہے لغزشِ مستانہ رکھتے ہیں

وہ جو دریا میں نہانے کو گیا شب دارا
چومتا تھا قدم اُس مہ کے قمر پانی میں

ہم خاک ہو کے آئے ہیں کوچہ میں یار کے
لیکن یہ خوف ہے کہ صبا کو خبر نہ ہو

ہم سُن چکے ہیں شورشِ رفتار کسی کی
اب شورِ قیامت کا بھی دھڑکا نہیں ہمکو

ہے کشتیٔ عمر اپنی جو گردابِ فنا میں
مانندِ حُباب اپنا بھروسا نہیں ہمکو

یوں لاکھ اہلِ دانش تدبیر تو بنا لو
بگڑی ہوئی ولیکن تقدیر تو بنا لو

بدلہ ستم کا لینا ٹھیرا فلک سے دارا
آہِ جگر کو اپنے تم تیر تو بنا لو

دِل سے لطف و مہربانی اَور ہے
مہربانی کی نشانی اَور ہے

قصۂ فرہاد و مجنوں اَور ہے
عشق کی میرے کہانی اَور ہے

چشم گر فتنہ ہے تو اُس کی نگاہ
اِک بلائے ناگہانی اَور ہے

اُس مسیحا دم کو لائے گا خدا
کوئی دم کی زندگانی اَور ہے

روکنے سے میرے کب رُکتے ہیں اشک
بلکہ ہوتی خوں فشانی اور ہے

کیوں علاجِ ضعف کرتا ہے طبیب
دم بدم یاں ناتوانی اَور ہے
ہمسے اے دارا وہ کب ہوتا ہے صاف
اُس کے دل میں بدگمانی اَور ہے

مت لگا مہندی بُتِ بے پیر اپنے ہاتھ سے
رہنے دے تو خونِ دلِ دلگیر اپنے ہاتھ سے
غیر کے ہاتھوں سے میرا قتل کیوں منظور ہے
ہائے اے قاتل لگا شمشیر اپنے ہاتھ سے

دارا

دارا۔ عالیجناب نواب خواجہ بہاؤالدین خان بہادر ولاور جنگ دارا، امیر حیدرآباد دکن شعرائے دکن میں نامور اور صاحبِ دیوان ہیں۔ ۱۲۷۳ھ سالِ پیدائش ہے۔ خواجہ یسین علی خان شکوہ کے فرزند رشید اور نواب فخار الدولہ نور الحسین مرحوم کے داماد اور شاگرد ہیں خوش رو خوش وضع خندہ پیشانی رئیس تھے، کلام مزے کا اور پاکیزہ ہے ؎

بھری ہیں سینہ عاشق میں حسرتیں کیا کیا
صنم برائے خدا اُسکو لے مدعا دل کا
پھنسایا زلف میں کمبخت میری آنکھوں نے
خطا نظر کی ہے اس میں قصور کیا دل کا
اُنکو میرا مجھکو اُسکا اعتبار آنے تو دو
دوستی کے درمیاں قول و قرار آنے تو دو
عرش پر پھر میں قدم رکھوں معاذاللہ کیا
پاؤں کے نیچے زمیں کوئے یار آنے تو دو

داغ

داغ دہلوی۔ میر محمدی داغ۔ خلف الرشید میر سوز مرحوم۔ خوش رُو زیبا شمائل اور بڑے وجیہ جوان تھے۔ قسامِ ازل نے انکی طبیعت میں ایک خاص درد و دیعت کیا تھا جسکی جھلک انکے کلام میں ملتی ہے۔ شفیق باپ کی صلاح نے اُس میں اور چار چاند لگا دیئے تھے۔ پندرہ برس کی عمر میں ایک شعلہ رُو کے عشق میں مُبتلا ہوئے، چند روز اُسکی صحبت میں نہایت عیش و عشرت سے اوقات بسر کی۔ آخر کار فلکِ تفرقہ پرداز کی کارسازی سے دامِ مفارقت میں پھنسکر جان دی۔ یہ واقعہ شاہ عالم ثانی کے زمانہ کا ہے۔ حالتِ نزع میں بہت انتظار کے بعد ایک اشتیاق نامہ اپنے مطلوب کو بھیجا جسکے سرنامہ پر یہ شعر لکھا۔ ؎

از جاں رمقے بود کہ مکتوب تو آمد
دیگر چہ نوسیم چو خود خوب گرفتی

اِس جواب کے لکھتے ہی طائرِ روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گیا ؎

اسی کے پاس تھا دل کیا ہوا ہے ہمنشیں دیکھو	ادھر دیکھو اُدھر دیکھو نہیں دیکھو کہیں دیکھو
اسی کے پاس ہر دم کے یہ جو مسکراتا ہے	اسی کی جیب دیکھو ہاتھ دیکھو آستیں دیکھو!
پکڑنا چور کا مشکل نہیں گر کچھ سمجھ ہووے	ہوائی رنگ دیکھو اہا ہتابی سے جبیں دیکھو
یہ چاہ نہیں بھلی بُری ہوتی ہے	جی لینی ہے دوستی بُری ہوتی ہے
لگتا نہیں جی کہیں بھی اُسکے بن آہ	سچ کہتے ہیں یہ لگی بُری ہوتی ہے

داغ

داغ - تاج خنوری کا گوہر شب چراغ نواب میرزا خان داغ دہلوی ۔ المخاطب بہ سلطان الشعراء، بلبلِ ہندوستان، جہاں اُستاد، ناظمِ یار جنگ، دبیر الدولہ فصیح الملک بہادر مرحوم و مغفور، بتاریخ ۱۲ ذی الحجہ ۱۲۴۶ھ مطابق ۱۸۳۱ء ۱۴ ابیسا کھ سمت ۱۸۸۸ بکرمی روز چہار شنبہ بمقام شاہجہاں آباد دہلی محلہ بلیماران میں پیدا ہوئے لائق جوشیوں نے متعدد زائچے آپکی پیدائش کے وقتاً فوقتاً تیار کیئے، کیونکہ مرزا صاحب کو فنِ نجوم سے صرف دل چسپی ہی نہ تھی، بلکہ خود بھی اس فن میں خاصی دستگاہ رکھتے تھے، سات برس کی عمر میں آپ کی تعلیم شروع ہوئی، لیکن جملہ علوم و فنون میں تکمیل کا عدیم المثال موقعہ قلعۂ معلیٰ دہلی میں ۱۸۴۴ء میں باریاب ہوکر حاصل ہوا، اگرچہ اس سے پہلے بھی رامپور میں مولوی غیاث الدین، صاحب غیاث اللغات سے فارسی کی چند درسی کتابیں پڑھی تھیں، مگر جب قلعہ میں مستقل طور سے آئے تو مولوی سید احمد حسین ولد میر غلام حسین فکیبا جو میر تقی میر کے شاگرد تھے آپکے معلم مقرر ہوئے خوشنویسی میں پہلے اُستادِ زمانہ سید امیر پنجہ کش دہلوی کے شاگرد ہوئے، اور پھر معمولی اوقات میں مرزا عباد اللہ بیگ سے جو اُنکے شاگرد رشید تھے اصلاح لیتے رہے، مرزا صاحب کو قلعۂ شاہی کے متوسل ہونے سے جو خصوصیت اور آسانیاں تعلیم میں نصیب ہوئیں وہ عام طور سے اور لوگوں کو میسّر نہیں آسکتیں - اجمالاً فنِ شہسواری و سپاہگری کے کل اُصول اور کرتب قلعے میں رہ کر آپنے سیکھے -

لکھنے کی مشق جن سے کی تھی انھیں سے بانک بھی سیکھی، اور مرزا سنگی بیگ سے جو خاندان میر حامد علی خاں کے مشہور پھکیت تھے پھکیتی اور علی بد سیکھی، گھوڑے کی سواری کی مشق سجن خاں اور بندو خاں چابک سواران شاہی سے کی، اور بندوق اور تیر اور چوگان کھانے اور سینا کاٹنے میں خاص ولیعہد بہادر سے شرف یاب ہوئے۔ غرضکہ اسی طرح اور مختلف فنون متفرق لوگوں سے حاصل کیے، قلعے میں پہنچکر جہاں اور باتوں کا چرچا دیکھا وہاں سب سے زیادہ شاعری کی گرم بازاری پائی، آپکی خداداد ذہانت اور ہونہار طبیعت کا رجحان اسی طرف زیادہ رہا، اور اس آتش شوق کے بھڑکانے والے سامان بہت کچھ جمع ہوگئے، خاقانی ہند شیخ ابراہیم ذوق علیہ الرحمۃ کا زمانہ تھا وہ بادشاہ اور ولیعہد کے استاد ہونے کی وجہ سے اکثر اوقات قلعۂ معلی ہی میں تشریف رکھتے تھے، مرزا صاحب کی ذہانت خداداد اور تیری طبع دیکھکر آپکے مربی و سرپرست صاحب عالم میرزا ولیعہد بہادر نے آپ کو حضرت ذوق کا شاگرد کرادیا، اُس وقت آپکا سن گیارہ یا بارہ برس کا تھا، قلعے کے علاوہ شہر میں مختلف مقامات پر مشاعرے ہوا کرتے تھے، مرزا صاحب نے پہلے پہل نواب مصطفیٰ خان مرحوم المتخلص بہ شیفتہ کے مشاعرے میں غزل پڑھی جسکی طرح میں پہلا مطلع یہ فرمایا تھا۔

شرر و برق نہیں شعلہ و سیماب نہیں	کس لئے پھر یہ ٹھہرتا دلِ بیتاب نہیں

اگرچہ اب یہ مطلع موجودہ دیوانوں میں نہیں رکھا گیا ہے، مگر اہل نظر اس مطلع کو دیکھ کر بارہ تیرہ برس کے لڑکے کی جودتِ طبع کا اندازہ کر سکتے ہیں، اُسی زمانے کے ایک مطلع کو سُن کر ؎

لگ گئی چُپ تجھے اے داغ خزیں کیوں ایسی	مجکو کچھ حال تو کمبخت بتا تو اپنا

مولانا صہبائی نے تحسین و آفرین کے کلمے کہے تھے،

ہنگامۂ غدر سے دس ماہ پیشتر ۱۸۵۶ء میں بقضائے الٰہی یکایک وبائے ہیضہ میں ولیعہد بہادر نے انتقال کیا، مرزا صاحب کو اس حادثے اور صدمے سے سخت رنج پہنچا، ہنوز اس صدمہ کی یاد دلِ غمگین سے نجانے پائی تھی کہ دس مہینے بعد ۱۸۵۷ء کا غدر ہوگیا، اور کامل ۲۴ برس

تک جس عیش و عشرت سے زندگی بسر ہوئی تھی اُس دور کا گویا خاتمہ ہوگیا، اِس انقلاب زمانے کے بعد مرزا صاحب مع اپنے قبائل کے رامپور چلے گئے اور نواب یوسف علی خاں بہادر فردوس مکاں کے سایۂ عاطفت میں پناہ گزین ہوئے۔ نواب موصوف اپنی حیات تک بطور مہمان نوازی سلوک کرتے رہے، اِنکے بعد نواب خلد آشیاں کلب علیخاں بہادر نے بھی وہی قدردانی کی اور مرزا صاحب کو اپنی مصاحبت میں رکھا، اور بطور معتمد خاص کارخانجات متعلق گاڑی خانہ و فراشخانہ و کنول خانہ و شتر خانہ سپرد کیا، ۲۴ برس تک مصاحبت کے ساتھ آپنے اِن خدمات کو نہایت خوبی، عمدگی اور دیانت سے سرانجام دیا۔ نواب خلد آشیاں کو اِن پر بھروسہ اور اطمینان تھا اور عزت و قدر کی نظروں سے دیکھتے تھے، رامپور میں نواب یوسف علی خاں بہادر کے زمانہ سے شعر و سخن کی گرمبازاری شروع ہوگئی تھی، اور نواب کلب علیخاں بہادر کے عہد میں جو فروغ ہوا اُسکی کیفیت اظہر من الشمس ہے، غالب، شاہ نادر، حیا، بحر، فلک، عروج، امیر، منیر، تسلیم، جلال، امیر مینائی وغیرہ سب نامی شعرا ریاست کے دعاگو تھے اور بجز غالب مرحوم کے سب وہیں قیام رکھتے تھے، اِن سب لکھنؤ کے سربرآوردہ شعرا کے مجمع میں گو دلی کے شعرا میں صرف ایک مرزا صاحب ہی کا دم تھا، لیکن انکی خداداد معجز بیانی نے کسی کو اِن پر غالب نہ آنے دیا اور یہ ہمیشہ آسمان شاعری پر آفتاب کی طرح چمکتے رہے، یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ دہلی میں قیام کے ہنگام میں جب نواب یوسفعلیخاں مرزا ولیعہد کے مصاحب تھے تو بچپن میں مرزا داغ اور نواب کلب علیخاں کا عرصہ تک ساتھ رہا تھا اور وہ بچپن کا خلوص نواب مرحوم نے تمام آخر بڑی وضعداری سے نبھایا:

رامپور کے مشاعرہ امرا کے ہاں اور خاص نواب صاحب کی طرف سے بھی مشاعرہ ہوا کرتا تھا اور اِس سرکاری مشاعرہ کا اہتمام و انتظام مرزا صاحب ہی کے سپرد ہوتا تھا، مشاعرے میں انکی غزل پر لوگوں کی نگاہیں رہا کرتی تھیں اور انکا یہ حال ہوتا تھا کہ اکثر بوجہ انتظام و اہتمام مشاعرہ اپنی غزل کہنے کی فرصت نہ ملتی جب وقت مشاعرہ شروع ہوجاتا اُس وقت

برابر کے کمرے میں ایک شاگرد کو لیکر ٹہلتے اور شعر کہتے جاتے تھے اور وہ لکھتا جاتا تھا یہانتک کہ ان کا نمبر آیا اور غزل پڑھی، شعر پڑھنے کا انداز بھی وہ انوکھا اور نرالا تھا کہ جس نے مشاعرہ وہی اس لطف کو جانتا ہے، اول تو ڈیل ڈول تنومند اور شستہ پھر اس پر بڑی آواز قدرتی مناسبتیں پڑھنے میں وہ شان پیدا کر دیتی تھیں کہ سننے والے بیتاب ہو جاتے تھے اور معمولی شعر بھی مشاعرے میں سب سے اعلیٰ نظر آتا تھا، مولانا حالی فرماتے تھے کہ حضرت اسیر کی زبان سے خود انھوں نے رامپور میں سنا کہ وہ بھی مشاعرے میں کیا جائیں ہماری طولانی غزلوں کو کوئی نہیں پوچھتا اور مشاعرہ ختم ہونے پر داغ کی غزل سب کی زبان پر ہوتی ہے،، مرزا صاحب غزل خوانی کے وقت اور لوگوں کی طرح ہاتھ پاؤں نہیں ہلاتے تھے، نہ خواہ مخواہ بناوٹ کی آواز سے گلے کی رگیں پھلاتے تھے، نہایت سادہ طور سے باآواز شعر پڑھتے اور کسی کسی لفظ پر زیادہ جوش کے وقت صرف ایک ہاتھ اٹھا دیتے تھے، مرزا صاحب کا دیوان انکے شاگردوں کے پاس رہتا تھا جو وقت پر پیش کیا جاتا تھا اور اسی میں دیکھ کر غزل پڑھا کرتے تھے۔ ریاست رامپور میں مرزا صاحب کا قیام کم و بیش چالیس سال تک رہا اور مختلف اوقات سفر کا اتفاق ہوا، نواب خلد آشیاں کے ہمراہ حج کعبہ سے بھی مشرف ہوئے تھے، ایک مرتبہ دہلی اور لکھنؤ پٹنہ وغیرہ کئی مقامات میں ٹھیرتے ہوئے کلکتے تشریف لے گئے اور وہاں کم و بیش تین ماہ تک قیام کیا ؎

کوئی چھینٹا پڑے تو داغ کلکتے چلے جائیں	خطیم آباد میں ہم منتظر ساون کے بیٹھے ہیں

جس روز آپ پٹنہ پہنچے ہیں کسی رئیس شہر کے ہاں مشاعرہ تھا آپکے آنے کی خبر سنکر عمائد شہر آپ کو باصرار تمام مشاعرے میں لے گئے، آپنے فی البدیہہ بیس بائیس شعر جو جاتے وقت کہہ لئے تھے مشاعرے میں پڑھے اور خاطر خواہ داد پائی، کلکتے میں ماخد کی مسجد کے سامنے آپ ٹھیرے تھے، جبتک وہاں رہے برابر ٹھاٹھ جمع کے شعرا اور اہل نگارش سے ہم صحبت رہے اور شعر و سخن کے خوب چرچے رہے، نواب کلب علیخاں بہادر کے انتقال کے بعد ۱۸۸۶ء میں دہلی کا

تقرر ہوا، جنرل اعظم الدین خاں سے انکی نہ بنی، اس وجہ سے ریاستِ رامپور سے دست کش ہوئے اور دہلی چلے آئے، حیدر آباد دکن جانے تک کے وقفہ میں مختلف مقامات لاہور، امرت سر، ریاست کشن کوٹ، بنگلور، آگرہ، علی گڈھ، متھرا، جیپور، ریاست منگرول، اجمیر شریف ان سب شہروں میں اپنے تلامذہ اور مشتاقوں کو اپنی ملاقات سے شرف بخشا، آخر ۱۳۰۵ھ میں آپ حیدر آباد تشریف لے گئے، اور پہلے پہل چند روز محلہ بازار رشیدی عنبر میں مولوی سیف الحق ادیب دہلوی مترجم اخبارات کے پاس اور پھر اُسی کے متصل ایک دوسرے مکان میں مقیم ہوئے، آپ کی شہرت اور ناموری نے دلوں میں پہلے ہی گھر کر لیا تھا، تمام شہر میں دھوم مچ گئی، شدہ شدہ بندگانِ عالی حضور میر محبوب علی خان بہادر نظام دکن خلد اللہ ملکہ کو بھی معلوم ہوا، اور اس درمیان میں آپ کی پہلی عرضی راجہ گروھاری پرشاد بہادر عرف بنسی راجہ المتخلص بہ باقی کی معرفت پیشگاہِ سلطانی میں پہنچ چکی تھی، پہلی بار جو قصیدہ آپنے حضور بندگانِ عالی دام اقبالہ کی مدح میں لکھا تھا اُس کا مطلع یہ ہے۔

میں ہوا بادیہ پیما طرفِ ملکِ دکن	سرمۂ چشمِ غزالاں ہوئی گردِ دامن

اسکے بعد کچھ عرصہ کے لیئے دلّی چلے آئے، ابھی یہیں تھے کہ نواب آسمانجاہ نے بذریعہ تحفہ طلب کیا، چنانچہ پھر حیدر آباد پہنچے اور باریابی کے منتظر رہے، حیدر آباد کی اُمیدواری اور اُسکے مصارف وہی لوگ خوب جانتے ہیں جنھوں نے وہاں کے اُمیدواروں کا حال دیکھا یا سنا ہے، بالآخر آپکے صبر و استقلال نے یہ نتیجہ خیز دکھایا کہ ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۰۸ھ روز شنبہ ۹ بجے شب کے مولوی ظہور علی صاحب کے مکان پر فرمانِ رحمت نشان یعنی حضور بندگانِ عالی آصف جاہ سادس کی غزل ایک سربمہر لفافے میں چند چوبدار لیکر حاضر ہوئے اور زبانی یہ یہ کہا کہ صبح آٹھ بجے حاضرِ دربار ہونے کا حکم ہوا ہے، آپ نے اُسی وقت اُس غزل کو دیکھ کر واپس کیا اور صبح حاضرِ دربار خاص ہوکر نذر پیش کی، بس اسی تاریخ سے سلسلۂ اصلاح شروع ہوگیا، شرف حضوری کی جو تاریخ کہی یہ ہے، ؎

حضوری کی تاریخ پوچھیں اگر		تو کہدو ملے داغ سلطان سے	

پھر تو روزانہ مراحم خسروانہ بڑھتے گئے، نو مہینے بعد ایک مراسلہ معتمد محکمۂ صرف خاص صادر ہوا کہ سرکار نے آپکے نام چار سو پچاس روپیہ عالی کا وظیفہ روز ورود سے جاری کیا، پھر چھبیس ربیع الاول ۱۳۱۲ھ کو بحکم سلطانی آپ کا وظیفہ ایک ہزار ماہوار مقرر ہوا، اور ورود حیدرآباد کیوقت سے اُس تاریخ تک ایکہزار ماہوار کے حساب سے مرحمت فرمایا گیا، اس شاہانہ عطیہ کی تاریخ کہی

اِس ترقی کی کہو اے داغ یہ تاریخ تم		ابتدا سے اپنی ساڑھے پانسو نقدی بڑھی	

گویا پچھلے نقصانات کی تلافی بھی شاہانہ الطاف کی بدولت کما حقہ ہوگئی اور ہر طرح آسودگی اور فارغ البالی نصیب ہوئی، علاوہ اس مقررہ وظیفے کے وقتاً فوقتاً جو عطیات شاہی ہوئے اُنکی تفصیل بیکار ہے، علاوہ بیش قیمت مرصع گھڑی وجیغہ وقبضہائے شمشیر وچوبہائے دستی، و پارچہ جات کشمیری وبنارسی ایک موضع جسکو حیدرآبادی زبان میں مقطعہ کہتے ہیں اور جو بلدۂ حیدرآباد سے دس بارہ کوس پر واقع ہے عطا کیا، اس موضع کی آمدنی کم وبیش دو ہزار روپیہ سالانہ تھی، قیمتی اشیاء کے سوا وقتاً فوقتاً نقد انعامات بھی پاتے رہے، جس کے متعلق تحقیق سُنا گیا کہ قریب چھبیس ہزار روپیہ کے جو انعامات میں دیئے گئے تھے خزانۂ خاص میں انکے نام جمع ہیں اور یہ حکم سلطانی تھا کہ مرزا صاحب جس وقت چاہیں یہ رقم وصول کرلیں، مگر یہاں الطاف شاہی نے اسقدر مستغنی اور مالا مال کردیا تھا کہ تادم آخر اس رقم کے منگانے کی ضرورت نہ پڑی، مرزا صاحب نے حیدرآباد میں اٹھارہ برس مستقل قیام کیا، اور نہایت عزت وآبرو سے بسر کی، ریاست میں اعلیٰ طبقے کے اُمرا کی باہمی مخالفتوں کا بازار اُس زمانے میں خوب گرم تھا، اور ہر نئے اُمیدوار یا ملازم کے لیئے اپنی ترقی کے واسطے منجملہ اور ذریعوں کے ایک بہت بڑا ذریعہ یہ ہوتا تھا کہ وہ کسی ذی اقتدار رئیس کا درباری اور اور خوشامدی بنے، اور دوسرے رئیسوں کے خلاف سازشوں میں شریک ہو، اس ترکیب سے مُربّی رئیس کے دل میں جگہ پیدا کی جاتی تھی اور یہی ذریعۂ ترقی ہوتا تھا، مگر ظاہر ہے کہ آخر میں ایسی باتوں کا نتیجہ اُسی

کے لیئے مضر ہوتا تھا، چنانچہ اس مرض کا اثر تھوڑا یا بہت اب تک باقی ہے جسکے ہاتھوں اکثر عہدہ داروں نے کفِ افسوس ملتے ہوئے حیدرآباد چھوڑا ہے۔ بہرحال مرزا داغ مرحوم نہ کوئی ملکی خیال کے آدمی تھے، نہ جنگی، نہ انھیں شاعری کے سوا کسی مشغلہ سے کام تھا۔ اگرچہ خوشامد درآمد کے لیئے شاعری ایک اچھا ذریعہ ہے مگر حضرتِ داغ نے اِس قسم کی تمام باتوں سے ہمیشہ احتراز کیا، یعنی وہاں رہ کر بجز بندگانِ عالی متعالی اعلیٰ حضرت قدر قدرت خلد اللہ ملکہ کے بڑے سے بڑے رئیس کے نہ خوشامدی بنے نہ درباری، ہمیں جہاں تک علم ہے کہہ سکتے ہیں کہ کسی خاص تقریب کے سوا، اور وہ بھی ایک دو دفعہ، مرزا صاحب کسی رئیس ذی اقتدار کے ہاں محض اسکی خوشنودی مزاج کے لیئے نہیں گئے، ہمیشہ بندگانِ عالی کی تحریک یا اجازت سے کہیں آتے جاتے تھے، مرزا داغ کا حیدرآباد میں جو اعزاز و اکرام ہوا وہ کسی پر پوشیدہ نہیں ہے، اور بیشک تمام اردو کے شعرا کے طبقے میں یہ بات قابلِ فخر ہے کہ اس سلسلے میں ظاہری اعزاز کے لحاظ سے ایک شخص ایسا بھی ہوگیا، دکن کی قلمرو میں نعمت خان عالی کے بعد اس رتبہ پر فصیح الملک داغ فائز ہوئے ہیں۔

یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ آپنے اس حصولِ ترقی و اعزاز کے مدارج طے کرنے میں زیادہ تر اپنی ردِ آپ کی ہے، یہی وہ قابلِ قدر بات ہے جس نے آپ کو خودداری بنایا اور جس سے آپ کو اعزار کی جمعیت خوشامدوں سے باز رکھا جس نے ہمیشہ نیک نام رکھا، اور مرنے کے بعد متفق اللفظ ایک دنیا نے یہی رائے قائم کی، آپکی عام بے غرضی اور بے تعلقی کی یہ حالت تھی کہ دوسرے امیروں کا کیا ذکر ہے، مہینوں اور بعض طلب محض اپنی مرضی سے اپنے آقائے ولی نعمت کی خدمت میں حاضر نہ ہوتے۔ مقصد اگرچہ اپنے ذاتی کتنے ہی کاموں کا ہرج ہوتا ہو الغرض از حد محتاط رہے اور دور اندیشی کو کام میں لاتے رہے، اس خیال کو انھوں نے ایک شعر میں ظاہر کیا ہے اور خوب کہا ہے۔

میں مطلع کا پابند ہوں گو جان بھی جائے	جب کوئی بلانے نہیں آتا نہیں جاتا

اُمرا اور ارکین سلطنت کے علاوہ اپنے معمولی احباب اور نیازمندوں سے وہ اس طرح ملتے تھے کہ باہم کوئی مغائرت معلوم نہ ہوتی تھی، بوجہ پیرانہ سالی اور کثرتِ امراض کے سبب زیادہ کہیں آنے جانے نہ تھے البتہ اُنکے پاس جو شخص آتا فقط اُس سے نہایت اخلاق اور محبت کے ساتھ پیش آتے تھے، حیدرآباد میں شاعروں کی کثرت مشہور ہے مگر آپ بجز چند مشاعروں کے دو ہی کبھی کبھی کسی عام مشاعرے میں تشریف لے جاتے تھے، ماہی ابراہیم خانصاحب جو حضور بندگانِ عالی نظام مرحوم کے مقرب اور بڑے بارسوخ اور ذی اقتدار شخص تھے ابتدا سے اُن میں اور مرزا صاحب میں باہم بہت محبت و اخلاص کا برتاؤ تھا وہ ہفتہ دس روز میں اپنے گھر مشاعرہ کیا کرتے تھے اور اُس مشاعرے میں اکثر بندگانِ عالی حضور نظام مدظلہ کی تازہ غزل آیا کرتی تھی، اس مشاعرے میں مرزا صاحب البتہ اکثر جایا کرتے تھے اور حضور نظام کی غزل بھی خود ہی پڑھتے تھے، یا دو ایک مرتبہ مدار المہام بہادر اور راجہ رائے رایاں بہادر آنریبل وقت کے مشاعروں میں شریک ہوئے ورنہ کسی مشاعرے سے غرض نہ تھی۔

مرزا داغ دہلی کے رہنے والے تھے اور جس طرح کہ اس شہر کے رہنے والوں میں عموماً خوش دلی و مذاق و لطیفہ گوئی و بذلہ سنجی کا مادہ ہوتا ہے اسی طرح مرزا صاحب کی کوئی بات لطیفے سے خالی نہ ہوتی تھی، اُنکی مسلسل تقریر اُنکی دلکش گفتگو میں خدا جانے کس قیامت کے مزے تھے کہ جی یہ چاہتا تھا بروقت سنے ہی جائیے، وہ بالکل اپنے اس شعر کے مصداق تھے۔

باتیں سُنئے تو پھڑک جائیے گا	گرم ہیں داغ کے اشعار یہ کیا

ہمکو ایک معتبر ذریعے سے اُنکے چند لطیفے ملے ہیں، تفریح ناظرین کے لیے ذیل میں درج کرتے ہیں

مولوی حسن رضا خان صاحب بریلوی شاگرد رشید حضرت داغ مرحوم کا بیان ہے کہ زمانۂ قیام رامپور میں ایک روز میں حاضر خدمت ہوا دیکھا کہ ایک نہایت ہی ضعیف العمر صاحب عربی لباس پہنے ہوئے بیٹھے گا رہے ہیں، جب وہ اُٹھ گئے تو میں نے پوچھا "حضرت یہ ذاتِ شریف کون تھے؟" فرمایا تم واقف نہیں، عرض کیا نہیں، فرمایا سچ کہتے ہو

گزارش کیا۔ واقعی عرض کرتا ہوں، فرمایا "میاں یہ جنت کے قوال تھے" اسی طرح ایک دن کا ذکر ہے کہ ایک صاحب تشریف لائے، آپ عصر کی نماز پڑھ رہے تھے، وہ واپس گئے سلام پھیر کر اپنے ملازم سے فرمایا "انھیں بلا لا!" وہ جا کر لایا۔ پوچھا کیوں آئے تھے۔ پھر چلے کیوں گئے؟ کہا آپ نماز پڑھتے تھے اور مجھے ایک دوسرا کام تھا۔ فرمایا "میں نماز پڑھتا تھا لاحول تو نہیں پڑھتا تھا" ایک مرتبہ نواب خلد آشیاں کے سامنے (السنۃ) کی تذکیر و تانیث پر بحث ہو رہی تھی۔ جو فریق مذکر کہتا تھا وہ دلی والوں کے کلام سے سند پیش کرتا، فریق مخالف لکھنو والوں کے اشعار سے ثبوت دیتا تھا، مرزا داغ خاموش بیٹھے تماشا دیکھ رہے تھے، کہ نواب صاحب نے انکی طرف مخاطب ہو کر فرمایا، مرزا داغ تم کچھ نہیں کہتے۔ فرمایا فریقین تھک لیں تو میں ایک قول فیصل عرض کرونگا، دونوں فریقوں نے بالاتفاق کہا کہ آپ ہی کے سر فیصلہ ہے۔ فرمایا "میرے نزدیک مؤنث کی السنۃ مؤنث ہے۔ اور مذکر کا مذکر" اس پر سب ہنس دیئے اور گفتگو ختم ہو گئی۔ ایک مرتبہ رامپور کے مشاعرہ میں طرح دی گئی "ہمکو رونا ہے خندۂ گل کا" آپ کچھ علیل تھے، مسہل ہو چکے تھے طرح پر غزل نہ کہی تھی، تلامذہ نے اصرار کیا۔ ناتوانی کا عذر فرمایا۔ مگر بعض ضدی شاگردوں نے نہ مانا فرمایا خیر قلمدان لاؤ! سب خوش ہو گئے کہ استاد غزل تصنیف فرمائیں گے، اب کان مشتاق ہیں اور نگاہیں استاد کا منہ تک رہی ہیں کہ یہ مطلع ارشاد ہوا ؎

ہمکو کیا لطف ساغر مل کا	کبھی کھچڑی ملی کبھی پھلکا

احسن مارہروی کی زبانی سنا کہ ایک دن احباب و تلامذہ خدمت استاد میں حاضر تھے اور آپ غزل کہہ رہے تھے، مرزا مظفر حسین بیگ بارق تخلص بھی حاضر تھے انھوں نے استاد کے طرز بے ساختہ اور تصنیف برجستہ کو دیکھ کر معمولی طور پر کہا کہ خدا جانے آپ کس طرح شعر کہتے ہیں ذرا دیر نہیں ہوتی کہ پورا شعر کہہ دیتے ہیں۔ استاد نے یہ سنکر فرمایا "بھائی تم کس طرح شعر کہتے ہو؟" انھوں نے جواب دیا کہ حضرت ہم تو کسی خاص وقت و

پلنگ پر لیٹ کر اور حقہ سامنے رکھکر فکر سخن کرتے ہیں۔ کبھی اس طرف کروٹ لی کبھی اُس طرف کبھی اُٹھے، کبھی بیٹھے، اِس مشکل سے کوئی شعر نکلتا ہے، فرمایا "آپ شعر نہیں کہتے بلکہ شعر جنتے ہیں"۔ اُنکی سحر بیانی اور قبولیت کا اس سے بڑھ کر کیا ثبوت ہوگا کہ ہندوستان میں شاید کوئی قصبہ و قریہ ایسا ہو کہ جہاں اُنکا کلام خواص سے لیکر عوام تک کی محفلوں اور سماع کی صحبتوں میں گایا نہ جاتا ہو، مرزا داغ کا حق بہ حیثیت مصلح زبان اُردو قیامت تک مٹنے والا نہیں، اُنھوں نے بہت سے ثقیل اور غیر فصیح الفاظ ترک کر دیئے، موافق اور مخالف دونوں اس امر کے شاہد ہیں کہ غزل کے جسقدر موضوع ہیں اُن تمام صفتوں پر حضرت داغ حاوی تھے اور بلاشبہ تغزل کے عدیم النظیر اُستاد اور فرد یگانہ تھے۔ اسیر۔ منیر۔ حالی۔ ظہیر۔ مجروح۔ زکی سالک۔ جلال۔ آمیر۔ سب اُنکی قادر الکلامی کے معترف اور مداح تھے، بہرحال اس شعر کے پتلے کی خوش آیند باتیں قدرتی طور پر ناموزوں طبائع میں موزونی پیدا کرنے بلکہ شاعر بنانے کے لئے کافی سامان تھیں، مرزا صاحب کے روزمرہ واقعات اور حالات کی تفصیل و تشریح کے لئے ایک مبسوط کتاب چاہیئے۔ آپ نے اٹھارہ برس حیدرآباد میں بعزت و آبرو بسر کر کے ۹۔ ذی الحجہ ۱۳۲۲ھ مطابق ۱۷۔ فروری ۱۹۰۵ء کو آٹھ روز مرض فالج میں مبتلا رہ کر دار فانی سے انتقال فرمایا۔ گذشتہ سالوں میں تین چار مرتبہ حاسدوں نے اُنکی وفات کی خبر اُڑائی۔ حتیٰ کہ اخباروں میں قطعات تاریخ وفات تک درج کر دیئے۔ اِس لئے چند روز لوگوں کو اس کے ماننے میں تامل رہا لیکن آخر کار اس مرتبہ خبر صحیح نکلی۔ انتقال کے بعد بحکم سلطانی عید بقر کے دن آپ کا جنازہ مکہ مسجد (حیدرآباد) میں لایا گیا جہاں بعد دوگانہ عید جنازے کی نماز پڑھی گئی۔ پھر یوسف صاحب شریف صاحب کی درگاہ میں دفن کئے گئے۔ جناب امیر مینائی مرحوم بھی اسی جگہ آسودہ ہیں۔ تجہیز و تکفین کے مصارف کے لئے خزانہ شاہی سے پانچ ہزار روپیہ عطا ہوا تھا۔ انتقال کی پونتو ہزار ہا تاریخیں شعراء نے لکھیں مگر یہاں ایک تاریخ ابوالمعظم مرزا سراج الدین احمد خاں صاحب سائل دہلوی اُنکے داماد کی لکھی جاتی ہے۔ کیونکہ یہی

تاریخ لوحِ مزار پر کندہ ہوئی ہے۔ اس تاریخ کے سوا آپ کے نام اور تخلص میں تاریخ وفات نکلتی ہے یعنی (نواب میرزا داغ) اس تاریخ میں بکثرت تواردہوا ہے قریب قریب ہر ایک تاریخ کہنے والے نے اور مادوں کے ساتھ یہ مادہ بھی نکالا ہے۔

قطعۂ تاریخ از جناب سائل دہلوی

رفت از دہر چوں فصیح الملک	لرزہ افتادہ در تمامیٔ ہند
اوستادِ نظام آصف جاہ	مورد لطفِ شاہ حامیٔ ہند
راست بر قامتش قبائے سخن	زیب بر وے خطاب جامیٔ ہند
سلکِ نظمش بسان سلکِ گہر	جوہریٔ سخن نظامیٔ ہند
شد وفاتش بشام یوم الحج	دفن شد روز عید سامیٔ ہند
آہ دل گر شنید و سائل گفت	مدفن پاک داغ نامیٔ ہند

اسی طرح انکے پیارے شاگرد سید رضی الدین کیفی نے تاریخ کہی۔ کیفی نوشت بلبل ہندوستان برفت

داغ نواب میرزا گفتم

یہ قیامت تک کسی کے دل سے منہ کا نہیں ماده تاریخ کا داغ فصیح الملک ہے

مرزا صاحب کے تین دیوان اور ایک مثنوی مطبوعہ موجود ہے اور چوتھا دیوان یادگار داغ بھی تیار تھا۔ چاروں دیوانوں میں گلزار داغ و آفتاب داغ زمانہ قیام رامپور کے چھپے ہوئے ہیں۔ ان دیوانوں میں اکثر وہی غزلیں ہیں جو رامپور کے مشاعروں میں کہی گئی تھیں ان غزلوں میں ایک عجیب دلکشی اور سحر آفرینی ہے یہ وہ فکر سخن ہے جو بڑے بڑے ماہران و استادان فن کے مقابلے میں کیا گیا تھا اور اسی نے جہاں استادی کا سکہ سب کے دلوں پر بٹھا دیا تھا۔

"مہتاب داغ" حیدرآباد کے قیام کا نتیجہ ہے اور وہیں پہلی مرتبہ چھپا اب دوسری بار راقم تذکرہ نے ان کے ورثا سے حقوق تصنیف لیکر بڑے اہتمام سے چھپوایا ہے اور شائقین کے فائدہ اور مشتیاق کی نظر سے نصف قیمت کردی ہے۔ اس دیوان میں مضامین کے ساتھ

سلاست زبان کا بہت لحاظ کیا ہے اس دیوان کا ایک ایک شعر سہل ممتنع ہونیکے علاوہ ایسا دلچسپ اور دلکش ہے کہ ایک مرتبہ سننے کے بعد اُس کا لطف دل سے نہیں جاتا مثنوی جس کا نام "فریاد داغ" ہے زمانہ قیام رامپور میں کہی گئی تھی۔ اور اس مثنوی کی اصلیت یہ ہے کہ ایک طوائف منی بائی المعروف بالمتخلص بہ حجاب کلکتے کی رہنے والی بے نظیر کے میلے ہیں رامپور آئی۔ مرزا صاحب کی منظور نظر ہوئی پس اسکی محبت و فراق کا وہ افسانہ ہے۔ حق یہ ہے کہ سچا واقعہ ہونے کی وجہ سے اُسکا ہر شعر تیر و نشتر کا کام کرتا ہے۔ زبان کے ساتھ تمام شاعرانہ خوبیوں کا لحاظ رکھا ہے۔ یہ تینوں دیوان اور مثنوی کئی کئی بار چھپ چکی ہیں اور ہر جگہ موجود ہیں۔ یادگار داغ نامی چوتھا دیوان سید علی احسن نے مرزا داغ مرحوم کی وفات کے بعد لاہور سے شائع کیا۔ لیکن چونکہ بلا اجازت ورثائے مرزا مرحوم یہ دیوان شایع ہوا۔ اس لئے اصلی مسودات اور غزلیات مکمل طبع نہ ہوسکیں آخر کار راقم تذکرہ نے بعد حصول حق تصنیف بقیہ غیر مطبوعہ کلام بطور ضمیمہ یادگار داغ مرتب کرکے شائع کیا۔

اُن کے عادات اور حسن اخلاق کے متعلق اتنا لکھنا کافی ہے کہ طبیعت ایسی مرنجان مرنج تھی کہ کیا دنیاوی معاملات اور کیا شاعری کے میدان میں کبھی کسی سے بدمزگی نہ ہوئی۔ ہجو لکھنے لکھانے کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ اعراض و تعریض اُن کے مسلک سے باہر تھے۔ بعض ہم عصر اُستادان فن کو اُن سے حسد ہو تو ہو۔ وہ خود اس الزام سے بالاتر تھے۔ ایک اس کی زندہ نظیر وہ اشتیاق اور خلوص تھا۔ جو انھوں نے امیر مینائی مرحوم کی حیدرآباد میں مہمانداری اور تیمارداری میں ظاہر کیا۔ اسی طرح حضرت جلال۔ مجروح۔ ظہیر۔ تسلیم۔ راسخ۔ نساخ شعرائے ہم عصر سے اون کے تعلقات ہمیشہ شگفتہ رہے۔ شاعری کی دنیا میں یہ ایک عجیب بات ہے کہ شاذ ہی کسی کو موجد یا مقلد ہونے کا خطاب دیا جا سکتا ہے۔ ہاں صاحب طرز ہونا جُدا بات ہے۔ جرأت نے شوخ کلامی اور معاملہ بندی کا جو رنگ نکالا۔ اُسے منشی مادھو رام جوہر فرخ آبادی نے (جنکا ذکر خیر اور کلام حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے) اس خوش اسلوبی

سے سانچے میں ڈھالا کہ وہی تغزل کا زیور قرار پایا۔ حضرت داغ نے اپنی طبع وقاد کی صنعت کاری سے اسے ایسا اُجالا اور مرصع کیا کہ معشوقۂ مجاز کے سر کا جھومر بن گیا۔ غزل کی شاعری کا سرتاج قرار پایا۔ اُستاد کامل فن نے اُسے ایسا کر دکھایا کہ ہر کس و ناکس کے ولکو بھایا۔ اور ہر کوئی اسی رنگ میں لکھنے کی کوشش کرنے لگا۔ فرق اتنا ہوا کہ کسی کو کسی حد تک کسی کو کسی درجہ تک اس تقلید میں کامیابی ہوئی۔ مگر بعض نامی شعراء اس تقلید میں اپنا اصلی رنگ بھی کھو بیٹھے۔

حضرت داغ یہی نہیں کہ غزل گوئی کے مُسلم الثبوت اُستاد اور اپنے طرز میں لاثانی تھے۔ بلکہ وہ جملہ اصناف سخن پر قادر تھے۔ ان کی قادرالکلامی کا ثبوت ان کے دیوان سے مل سکتا ہے۔ مثنوی شاعری کے نہایت مشکل اصناف میں سے ہے۔ اور ہم فریاد داغ کا ذکر اوپر کر آئے ہیں۔ قصیدہ۔ بلاغت سخن۔ مہارت فن۔ علوئے تخیل۔ پختہ کلامی۔ اور علمیت و تبحر کی معیار سمجھا جاتا ہے۔ اگرچہ اُردو میں مرزا رفیع کے بعد شیخ ابراہیم ذوق اور میر مہنون کے قصاید ہی مقبول ہوئے اور مستند مانے گئے۔ لیکن حضرت داغ کے جو قصاید مہتاب داغ میں موجود ہیں۔ وہ اپنی آن بان میں کسی ہم عصر کے قصیدوں سے کم نہیں۔ اور انکی قادرالکلامی اور مشاقی فن کا سکہ بٹھاتے ہیں۔ میرزا داغ کی اوستادی میں سوائے کم سواد حاسدوں کے اور کسی کو کیا کلام ہو سکتا ہے۔ ان کے کلام کا خاص رنگ۔ سہل ممتنع۔ فصاحت۔ روزمرہ کی صفائی شوخیٔ مضمون اور بیاں کی ندرت ہے۔ چنانچہ ہزارہا اشعار اور صدہا غزلیں قبول عام و خاص کا تمغہ پاکر لوگوں کی زبانوں پر چڑھے ہوئے ہیں۔ زبان کے چٹخارے اور لوچ کے ساتھ ساتھ بندشیں بہت چست ہوتی ہیں اور اکثر محض الفاظ کے اُلٹ پھیر سے شعر میں جان ڈال دیتے ہیں۔ ان کی پُرگوئی اور قادرالکلامی حیرت انگیز ہے۔ چھوٹی بحر ہو یا طویل۔ زمین شگفتہ ہو یا سنگلاخ۔ اپنے زور طبیعت سے آمد کا مزا دکھا دیا ہے۔ غرض کہ کہیں بھی اپنے رنگ کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔ اُردو کا تمام کلام میں کہیں شائبہ تک نہیں ہے۔ گلزار داغ کی غزلوں

کے مطالعے سے پایا جاتا ہے کہ غور و فکر سے شعر کہتے تھے شعر کی بندش اور الفاظ کے ہر ایک پہلو پر نظر غایر ڈالتے تھے۔ مہتاب داغ میں اس کے برخلاف ایک حیرت انگیز روانی پائی جاتی ہے۔ طبیعت ہے کہ دریا کی طرح اُمڈی چلی آتی ہے۔ زباں صاف شستہ۔ بندش میں تصنع کو ذرا دخل نہیں۔ بایں ہمہ مضمون میں شوخی اور تیکھا پن اس درجہ ہے کہ شعر بے مثل ہو جاتا ہے۔ اور دل میں چٹکی لئے بغیر نہیں رہتا۔ حُسن و ادا کے دلفریب نظارے اختلاط کی نوک جھونک کے مضمون۔ جس صفائی اور نفاست سے ان کے دیوانوں میں پائے جاتے ہیں وہ انھیں کا حصّہ ہے۔

المختصر اس سے کسی کو انکار نہیں کہ شہرت خاص و عام اور قبول دوام کے لحاظ سے بلا مبالغہ اس زمانہ میں کسی شاعر کو اُس نعمت کا عشر عشیر بھی نصیب نہیں ہوا جو حضرت داغ کا حصّہ ہے۔ داغ کا ہر شعر عجیب مقناطیسی جذب اور بجلی کی حرارت رکھتا ہے جس کی تاثیر سننے والے کے دل کو بے چین کئے دیتی ہے۔ یہ وہ کیفیت ہے جس کا پیدا کرنا شاعری کا جزو اعظم ہے۔ مگر ہر کوئی اسے پیدا بھی نہیں کر سکتا۔ اگر جذبات۔ احساسات اور خیالات کی ہو بہو اور بولتی چالتی تصویر کھینچنا۔ قدرت کی نقاشی کے مرقعہ میں جگہ پا سکتا ہے۔ تو ہم حضرت داغ کو نیچرل شاعری کے دربار میں سب سے اونچی جگہ دیئے بغیر نہیں رہ سکتے۔

شعرا کی کثیر تعداد آپ کے تلمذ سے مستفید ہوئی۔ اور جسقدر اچھے شاعر آپ نے ملک میں پیدا کئے۔ اسکی نظیر آجتک دیکھنے میں نہیں آئی۔ یہ اردو شاعری پر آپ کا دوہرا احسان ہے۔

کل شاگردوں کی تعداد ڈیڑھ ہزار کے قریب ہے۔ جن میں سے بعض ارشد تلامذہ کے نام یہاں درج کئے جاتے ہیں۔ حضور نظام جنت مقام۔ بیخود بدایونی۔ نسیم بھرتپوری۔ بیخود دھلوی مرزا سائل دھلوی۔ آغا شاعر دہلوی۔ ڈاکٹر محمد اقبال۔ حسن بریلوی۔ بیباک۔ حیرت۔ آزاد رسا۔ فیروز۔ اشک۔ احسن۔ مارہروی وغیرہم۔

ایسے شخص کے کلام کا انتخاب ایک دشوار کام ہے تاہم چند اشعار اُنکے نتائج افکار سے ناظرین کی تفریح کیلئے نقل کئے جاتے ہیں

انتخاب گلزار داغ

سلامت منزل مقصود تک اللہ پہنچا دے
مجھے آنکھیں دکھاتا ہے ہر ایک نقش قدم میرا

مجھے آباد کرتا ہے مجھے برباد کرتا ہے
خدایا دین و دنیا میں کرم تیرا ستم میرا

یہاں بھی تو وہاں بھی تو زمیں تیری فلک تیرا
کہیں ہم نے پتا پایا نہ ہرگز آج تک تیرا

صبر اے زاہد نافہم نہ میخواروں کا
بخشنے والا بھی دیکھا ہے گنہ گاروں کا

ڈر گئے نام شفا سن کے نہ خواہش مرگ
منہ ذرا سا نکل آیا ترے بیماروں کا

دوش پر اپنے جو صیاد نے زلفیں چھوڑیں
اور جی چھوٹ گیا آج گرفتاروں کا

گر میرے بت ہوش ربا کو نہیں دیکھا
اس دیکھنے والے نے خدا کو نہیں دیکھا

جنت ہے مگر خانۂ دشمن بھی الٰہی
آتے ہوئے اس گھر میں قضا کو نہیں دیکھا

آج راہی جہاں سے داغ ہوا
خانۂ عشق بے چراغ ہوا

نہ دل ہی ٹھہرا نہ آنکھ جھپکی نہ چین پایا نہ خواب دیکھا
خدا دکھائے نہ دشمنوں کو جو دوستی میں عذاب دیکھا

آخر کو عشق کفر سے ایمان ہو گیا
میں بت پرستیوں سے مسلمان ہو گیا

رندان بے ریا کی ہے صحبت کے یہ نصیب
زاہد بھی ہم میں بیٹھ کے انسان ہو گیا

دل کیا ملاؤ گے کہ یہیں ہو گیا یقیں
تم سے تو خاک میں بھی ملایا نہ جائے گا

لے ہی تو آئیں گے اسے ہم دم
میرے ہی نام سے تو آئے گا

ترا اک وعدہ دیدار اور وہ بھی قیامت پر
پھر اس پر صبر اتنا ہائے دل امیدواروں کا

آپ کے سر کی قسم داغ کو پروا بھی نہیں
آپ کے ملنے کا ہو گا جسے ارماں ہو گا

بنگئی وقت میں جو کچھ اپنے جی پر بن گئی
ہو گیا جو کچھ ہمارے دل کا عالم ہو گیا

حسن میں انداز کے آتے ہی نخوت آ گئی
زلف میں پڑتے ہی بل ابرو بھی خم ہو گیا

جس کی بغل میں شب کو وہ ہو اُس کو دیکھیے
جس وقت آنکھ کھل گئی دیدار ہو گیا

اے داغ کیا بتائیں محبت میں کیا ہوا
بیٹھے بٹھائے جان کو آزار ہو گیا

اللہ رے جامہ زیب تری جامہ زیبیاں
پہنا جو تو نے رنگ وہی رنگ کھل گیا

ستم ہی کرنا جفا ہی کرنا نگاہ اُلفت کبھی نہ کرنا
تمھیں قسم ہے ہمارے سر کی ہمارے حق میں کمی نہ کرنا

ہماری میت پہ تم جو آنا تو چار آنسو گرا کے جانا
ذرا رہی پاس آبرو بھی کہیں ہماری ہنسی نہ کرنا

وہ ہے ہمارا طریق اُلفت کہ دشمنو نے بھی ملکے چلنا
یہ ایک شیوہ ترا ستمگر کہ دوست سے دوستی نہ کرنا

تمھیں کہو کہ کہاں تھی یہ وضع یہ ترکیب
ہمارے عشق نے سانچے میں تم کو ڈھال دیا

بتائیں لفظ تمنا کے تم کو معنے کیا
تمھارے کان میں اک حرف ہم نے ڈال دیا

جو ہو سکتا ہے اس سے وہ کسی سے ہو نہیں سکتا
مگر دیکھو تو پھر کچھ آدمی سے ہو نہیں سکتا

نہ رونا ہے طریقے کا نہ ہنسنا ہے سلیقے کا
پریشانی میں کوئی کام جی سے ہو نہیں سکتا

رہے ہو جس طرح دل میں رہو نظروں میں بھی یونہی
کہاں کی ایسی گھبراہٹ ہے ٹھہرو دم تو لو جانا

ہوا ہے جب سے شہید اُس عدوئے دیں و ایماں کا
کوئی دل چیر کے دیکھے عقیدہ ہر مسلماں کا

خوشا وہ قدر کی ہو گیا بدنام عالم میں
زمانہ جانتا ہے مجھ کو یہ عاشق ہے دربان کا

حوران خلد بولتی ہیں پڑھ کے بولیاں
نیلام ہو رہا ہے تمھارے شہید کا

وائے غفلت کہ اب کیا ہم نے
جو ہمیں پہلے کام کرنا تھا

گذاری ہیں نے ساری رات یہ کہکر وہ اب آئے
ذرا اے چشم تر تھمنا ذرا اے دل جگر رہنا

ہماری سخت جانی بس نہ ٹھہری کھیل ہی ٹھہرا
قسم ہے تم کو گردن پر چھری تم پھیر کر رہنا

سنبھل سنبھل کے بگڑتا ہے کچھ دل بیتاب
الٰہی آج یہ صدمہ ہے جان پر کیسا

مر گئے ہم تو وضعداری میں
دوستی کی نباہ نے مارا

جو عاشقی میں خاک ہوا کیمیا ہوا
کہتا تھا آج خاک میں کوئی ملا ہوا

کم ہوگا داغ سا بھی مکار اب جہاں میں
اُس بت پہ شیفتہ ہو اور نام لے خدا کا

یہ دل کو تاب کہاں ہے کہ ہو مآل اندیش
انھوں نے وعدہ کیا اس نے اعتبار کیا

کچھ آگے داد ور محشر سے ہے اُمید مجھے
کچھ آپ نے مرے کہنے کا اعتبار کیا

ڈوب کر سینے میں اس رنگ سے پیکاں نکلا
دل سے بے ساختہ نکلا کہ وہ ارماں نکلا

تری اُلفت کی چنگاری نے ظالم اک جہاں پھونکا
اوہر چمکی ادہر سلگی یہاں پھونکا وہاں پھونکا

مجھے کیوں کر یقیں ہو آگ ظالم کو جلائیگی
کسی دن آتش رنگِ شفق نے آسماں پھونکا

رہا تھا کونسا ارمان جیتے جی جلانے کا
کہ تو نے لاش کو میری جواب اے بدگماں پھونکا

عشق در پردہ وہ پھونکتا ہے آگ
یہ جلانا نظر نہیں آتا

ڈھونڈتی ہیں جسے مری آنکھیں
وہ تماشا نظر نہیں آتا

جان جاتی دکھائی دیتی ہے
اُن کا آنا نظر نہیں آتا

سینے میں اب کہاں وہ جوش وہ بھی تھا اک اُبال سا
بیٹھ گیا کچھ اُٹھتے ہی چھوڑ گیا خیال سا

عرض وفا پہ دیکھنا اوسکی ادائے دلفریب
دلمیں کچھ اعتبار سا آنکھ میں کچھ ملال سا

اوسکی لچک پہ دم فدا اوسکی ادا پہ دل نثار
ہائے وہ شاخ سی کمر ہائے وہ قد نہال سا

تارے ہی گن کے کاٹتے رات فراق کی مگر
نکلا ستارہ بھی کہیں کوئی تو خال خال سا

کوسوں تک اُلٹے پاؤں چلا آہ میں غریب
جبتک میری نظر سے نہ پنہان وطن ہوا

ہاتھوں سے جو بچے تری باتوں سے مر گئے
چٹکی میں تھا جو تیر وہ لب پر سخن ہوا

تہمت نہ رکھ خدا کے لئے مجھ پہ زاہدا
کب میں نے توبہ کی تھی جو میں توبہ شکن ہوا

بات کیا چاہیے جب مفت کی حجت ٹھہری
اس گنہ پر مجھے مارا کہ گنہگار نہ تھا

نفس کے آنے جانے پر بشر کی زندگی ٹھہری
یہ پوچھو تو مسافر تو نے کیا لطفِ سفر پایا

رہی ہے رات بھر تھم تھم کے رہ رہ کر چمک دلمیں
جگایا لے کے چٹکی درد نے جب بیخبر پایا

کل چھڑا لیں گے یہ زاہد آجتو ساقی کے ہاتھ
رہن اک چلو پہ ہمنے حوضِ کوثر رکھدیا

زندگی میں پاس سے دم بھر نہ ہوتے تھے جُدا
قبر میں تنہا مجھے یاروں نے کیونکر رکھدیا

پند گو لطفِ ملاقات اسے کہتے ہیں
خوش کبھی ہم نہوا شاد کبھی تو نہ ہوا

لطف فرما جو وہ رہتا تو ٹھکانا ہی نہ تھا
عین حکمت تھی وہ کافر جو دل آزار رہا

خاک میں دل کی صفائی نے ملایا مجکو
کہ مرا ایک جہاں واقف اسرار رہا

عجب اپنا حال ہوتا جو وصالِ یار ہوتا
کبھی جان صدقے ہوتی کبھی دل نثار ہوتا

جو تمھاری طرح تم سے کوئی جھوٹے وعدہ کرتا
تمھیں کہہ دو منصفی سے تمھیں اعتبار ہوتا

ترے وعدہ پر ستمگر ابھی اور صبر کرتے
اگر اپنی زندگی کا ہمیں اعتبار ہوتا

یہ مزا تھا دل لگی کا کہ برابر آگ لگتی
نہ تجھے قرار ہوتا نہ مجھے قرار ہوتا

خاطر سے یا لحاظ سے میں مان تو گیا
جھوٹی قسم سے آپ کا ایمان تو گیا

دیکھا ہے بتکدے میں جو اے شیخ کچھ نہ پوچھ
ایمان کی تو یہ ہے کہ ایمان تو گیا

کبھی مسجد میں جو وہ شوخ پریزاد آیا
پھر نہ اللہ کے بندوں کو خدا یاد آیا

میرے قابو میں نہ پہروں دلِ ناشاد آیا
وہ مرا بھولنے والا جو مجھے یاد آیا

دی مؤذن نے شبِ وصل اذاں پچھلی رات
ہائے کمبخت کو کس وقت خدا یاد آیا

جان لیجائے گا اب شبِ تنہائی کا
کون اب روکنے والا ہے مری آئی کا

ہو گیا پر تو رخسار سے کچھ اور ہی رنگ
میں نے منہ چوم لیا اُس کے تماشائی کا

رازِ دل کوئی کہے لاکھ میں کیونکر اپنا
داورِ حشر جدا چاہیے محشر اپنا

وہ زمانہ بھی تمہیں یاد ہے تم کہتے تھے
دوست دنیا میں نہیں داغ سے بہتر اپنا

میرے مرنے سے کیا ظالم نے کو سامانِ عیش
پرلبِ مطرب پہ آکر نغمہ شیون بن گیا

اُٹھنا ہی تیری بزم سے دشوار تھا ہمیں
اوسپر سنبھالنا دلِ بے اختیار کا

غش کھا کے داغ یار کے قدموں پہ گر پڑا
بیہوش نے بھی کام کیا ہوشیار کا

لطف آرام کا نہیں ملتا
آدمی کام کا نہیں ملتا

دل نے تری گلی سے نہ اٹھنے دیا مجھے
سو بار قصدِ دیر و حرم ہو کے رہ گیا

غم نے ترے نچوڑ لیا قطرہ قطرہ خوں
تھوڑا ہی درد دل میں کھٹکنے کو رہ گیا

نام اسکا تو میرے دل میں تھا پنہاں ناصح
ہائے کمبخت ترے منہ سے یہ کیونکر نکلا

بیدادتری دیکھ کے یہ حال ہوا ہے
عاشق کوئی دنیا میں کسی پر نہیں ہوتا

شب کو جلتا چھوڑ آئے تھے دل اس کوچہ میں ہم
وہ بھی قسمت سے چراغ راہ دشمن ہوگیا

اے داغ صدمہ غم ہجراں بجا درست
یہ سب سہی مگر تمھیں جینا ضرور تھا

جو عرض تمنا پر ظالم نے کہا مجھ سے
ابتک نہ ملا ہوگا سائل کو جواب ایسا

نومید کرم ہو کر ہم توبہ کریں مے سے
دوزخ میں پڑے زاہد بے لطف ثواب ایسا

پوچھا تھا محبت میں ہوتا ہے قلق کیسا
قسمت نے کہا دیکھ اے خانہ خراب ایسا

لوگ کہتے ہیں بنا دلی بگڑ کر لکھنؤ
پر کہاں اے داغ اس اجڑے ہوئے گل کا جواب

مہرباں ہو کے جب ملیں گے آپ
جو نہ ملتے تھے سب ملیں گے آپ

کم نہیں سامان میں ہنگامۂ محشر سے آپ
دیجئے دلکو دعا میں بنگئے اس گھر سے آپ

حضرت زاہد ہر ایک لغزش کو عادت شرط ہے
مر نہ جائینگے شراب چشمۂ کوثر سے آپ؟

حضرت زاہد نکل آیا فلک پر آفتاب
پیر و مرشد اب تو اٹھئے میکدے کے در سے آپ

ہے طرفہ تماشہ سر بازار محبت
سر بیچتے پھرتے ہیں خریدار محبت

اللہ کرے تو بھی ہو بیمار محبت
صدقے میں چھٹیں تیرے گرفتار محبت

ابرو سے چلے تیغ تو مژگاں سے چلیں تیر
تعذیر کے بھوکے ہیں خطاوار محبت

اسواسطے دیتے ہیں وہ ہر روز نیا داغ
اک روز کے خوگر نہ ہوں بیمار محبت

داغ کی زباں پر تو وہ کلمے ہیں کہ گویا
بخشے ہی نہ جائیں گے گرفتار محبت

کل تاب فغاں تھی تو یہ تاثیر کہاں تھی
کیا کیا لب خاموش پہ قرباں ہے اثر آج

اندیشۂ فردا نہ رہے حضرت زاہد
میخانے میں پی لیجئے تھوڑی سی اگر آج

وعدے پہ مری انکی قیامت کی ہے تکرار
اور بات ہے اتنی کہ ادھر کل ہے ادھر آج

اے شیخ جسکو جو نہ ملیگا بڑھیگا شوق
جنت کو میں پسند جہنم کو تو پسند

محشر میں خلق اپنی مصیبت میں مبتلا
یاں یہ تلاش آئے کوئی خوبرو پسند

وہی تو ہے شعلۂ تجلی کہ دشت ایمن سے تنگ ہو کر
جب اپنے اپنی نمود چاہی کھلا حسینوں پہ رنگ ہو کر

جھکی ذرا چشم جنگجو بھی نکل گئی دل کی آرزو بھی
بڑا مزا اس ملاپ کا ہے جو صلح ہو جائے جنگ ہو کر

یاں دلمیں خیال اور ہے واں مد نظر اور
ہے حال طبیعت کا ادھر اور اودھر اور

تمھیں تو ہو جو کہ خواب میں ہو تمھیں تو ہو جو خیال میں ہو
کہاں چلے آنکھ میں سما کر کدھر کو جاتے ہو دل میں آ کر

رقیب اچھے ہیں نے مانا برا مجھے تو نے دل سے جانا
بھلوں سے کرتے ہیں سب بھلائی کسی برے کا تو کچھ بھلا کر

مجھسے کہتے ہیں نکالیں گے ہمیں کچھ تدبیر
صاف کہدو کہ دل آیا ہے تمھارا کس پر

وہی قاتل وہی منصف ہے مرا
اقربا میرے کریں خون کا دعوے کس پر

کہاں کرشمہ برق جمال وطور کہاں
نظر پڑی تھی کسی دل جلے کی پتھر پر

چشم جاناں سے الگ ہو لے حیا
یوں جھکے پڑتے نہیں بیمار پر

وہ نازک کہ جامہ سے باہر نکل کر
تھکے اس طرح جس طرح کوئی چلکر

رہبر نے راہ عشق میں برسوں دئے چکر مجھے
ظالم سے جب پوچھا کہا اب آگئے منزل کے پاس

بیٹھے بٹھائے آئے جو شامت تو کیا علاج
دل نے کہا کہ آؤ چلیں یار کی طرف

کہتے نہ تھے وہ سن کے برا مان جائینگے
اے داغ اسنے اور کہو ماجرائے دل

ستم دیکھو بیان رنج پر کہتا ہے وہ ظالم
یہ صدمے تو نہیں آخر کسی پر ہم بھی مرتے ہیں

دلوں پر سینکڑوں سکے تھے جوبن کے بیٹھے ہیں
کلیجوں پر ہزاروں تیر اس چتون کے بیٹھے ہیں

کوئی چھینٹا پڑے تو داغ کلکتہ چلے جائیں
عظیم آباد میں ہم منتظر ساون کے بیٹھے ہیں

بھروں عجب ادائیں اس شوخ رعنا میں
ایک ٹیڑھ سادگی ہیں ایک سیدھا بانکپن ہیں

یہ شوق خودنمائی کیا کچھ جنوں سے کم ہے
بیتاب تجھکو لایا خلوت سے انجمن میں

میت پہ آئینگے وہ یاں مجھ میں دم ہے باقی
زندہ لپیٹ دینا یارو مجھے کفن میں

تھم تھم کے وار کر کہ مرا دوست نہ جائے
حب میں نہیں تو لذتِ زخمِ جگر کہاں

کیا کہا پھر تو کہو دل کی خبر کچھ بھی نہیں
کیوں یہ کیا ہے خمِ گیسو میں اگر کچھ بھی نہیں

اسکھ پڑتی ہے کہیں پاؤں کہیں پڑتا ہے
سب کی ہے تم کو خبر اپنی خبر کچھ بھی نہیں

کیسا جواب حضرتِ دل دیکھئے ذرا
پیغامبر کے ہاتھ میں ٹکڑے زباں کے ہیں

ہر چند داغ ایک ہی عیار ہے مگر
دشمن بھی تو چھٹے ہوئے سارے جہان کے ہیں

لطفِ مے تجھ سے کیا کہوں زاہد
ہائے کمبخت تو نے پی ہی نہیں

اڑ گئی یوں وفا زمانہ سے
کبھی گویا کسی میں تھی ہی نہیں

دل لگی دل لگی نہیں ناصح
تیرے دل کو ابھی لگی ہی نہیں

کبھی فلک کو پڑا دل جلوں سے کام نہیں
اگر نہ آگ لگا دوں تو داغ نام نہیں

چلا ہے کعبہ کو تو خاک چھانتے زاہد
فقط خدا ہی خدا ہے حرم میں خاک نہیں

ملے مجھ سے تو فرمایا تمھیں کو داغ کہتے ہیں
تمھیں ہو ماہ کامل ہیں تمھیں رہتے ہو لالے ہیں

بنے ہوئے ہیں وہ محفل میں صورتِ تصویر
ہر ایک کو یہ گماں ہے ادھر کو دیکھتے ہیں

اے آرزوئے تازہ نہ کر مجھ سے چھیڑ چھاڑ
میں پائے شوق و دستِ تمنا بریدہ ہوں

اجل کا نام لیں تقدیر کو روئیں مجھ کو سیں
مرے قاتل کا چرچا کیوں ہی میرے سوگوار نہیں

مرا ہی دل نہ ہو میں ہی نہوں اے مرگِ مایوسی
خدا جانے یہ کسکی فاتحہ ہے آج یاروں میں

وہ ہے افسردہ دل عالم بجا ہے یہ اگر کہیئے
کہ مردے ہیں میں پر اور زندے ہیں مزار و نہیں

دل کا کیا حال کہوں صبح کو جب اُس بُت نے
لیکے انگڑائی کہا ناز سے ہم جاتے ہیں

فلک دیتا ہے جنکو عیش انکو غم بھی ہوتے ہیں
جہاں بجتے ہیں نقارے وہاں ماتم بھی ہوتے ہیں

گلے شکوے کہاں تک ہونگے آدھی رات تو گذری
پریشاں تم بھی ہوتے ہو پریشاں ہم بھی ہوتے ہیں

زمانہ دوستی پر ان حسینوں کی نہ اترائے
یہ عالم دوست اکثر دشمنِ عالم بھی ہوتے ہیں

بظاہر رہنما ہیں اور دل میں بدگمانی ہے
ترے کوچہ میں جو جاتا ہے آگے ہم بھی ہوتے ہیں

جو کہتا ہوں کہ مرتا ہوں تو فرماتے ہیں مر جاؤ
جو غش آتا ہے مجھ پر تو ہزاروں دم بھی ہوتے ہیں

کوئی اب تجھ سے آرزو ہی نہیں
اب جو دیکھا تجھے وہ تو ہی نہیں

رات دن نامہ و پیغام کہاں تک ہونگے
صاف کہدیجئے ملنا ہمیں منظور نہیں

خدا شاہد خدا شاہد ہے کیوں کہتے ہو وعدوں پر
خدا کو کیا غرض میرے تمہارے درمیاں کیوں ہو

تم کو چاہا تو خطا کیا ہے بتا دو مجھکو
دوسرا کوئی تو اپنا سا دکھا دو مجھکو

دیکھئے سیر سر حشر میرے پاس آکر
کہتے ہیں کون ہوں میں جانتے ہو تم مجھکو

میں بھی حیران ہوں اے داغ کہ یہ بات ہے کیا
وعدہ وہ کرتے ہیں آتا ہے تبسم مجھکو

گرے ہوتے اُلجھ کر آستاں سے
چلے آتے ہو گھبرائے کہاں سے

جس میں لاکھوں برس کی حوریں ہوں
ایسی جنت کو کیا کرے کوئی

مریض عشق کی کیا پوچھتے ہو پوچھو
کہ زندہ کوئی بھی تیماردار باقی ہے

رُخ روشن کے آگے شمع رکھ کر وہ یہ کہتے ہیں
اُدھر جاتا ہے دیکھیں یا اِدھر پروانہ آتا ہے

دم تقریر نالے حلق میں پھر ہاں چبھوتے ہیں
زباں تک ٹکڑے ہو ہو کر مرا افسانہ آتا ہے

وہی جھگڑا ہے فرقت کا وہی قصہ ہے اُلفت کا
تجھے اے داغ کوئی اور بھی افسانہ آتا ہے

ہر دلمیں نئی طرح سے ہے یاد کسی کی
ملتی نہیں فریاد سے فریاد کسی کی

یار کا پاس نزاکت دل ناشاد رہے
نالہ تھمتا ہوا رکتی ہوئی فریاد رہے

رنج وہ رنج ہے جسمیں نہ بتوں کو بھولیں
عیش وہ عیش ہے جس میں نہ خدا یاد رہے

یوں تو برسوں نہ پلاؤں نہ پیوں اے زاہد
توبہ کرتے ہی بدل جاتی ہے نیت میری

تدبیر سے قسمت کی برائی نہیں جاتی
بگڑی ہوئی تقدیر بنائی نہیں جاتی

مے پی تو سہی توبہ بھی ہو جائے گی زاہد
کمبخت قیامت ابھی آئی نہیں جاتی

کیجئے اے قسمت برگشتہ تلاش دشمن
دوست کو ڈھونڈتے ہیں ہم تو عدو ملتا ہے

حق ہی کہا بات میں ناصح کا طرفدار ہوں میں
دل کی کہتا ہے جو اس دل کو بُرا کہتا ہے

یاد سب کچھ ہیں مجھے ہجر کے صدمے ظالم
بھول جاتا ہوں مگر دیکھ کے صورت تیری

غش آیا ہاتھ کانپے تیغ کے ٹکڑے ہوئے آخر
کہو تو سخت جانوں کا کروگے امتحاں پھر بھی

سچ ہے کہ یونہی ڈوب گئیں اپنی وفائیں
ہم منہ پہ کسی طرح کا دعویٰ نہیں رکھتے

دل دے تو اس مزاج کا پروردگار دے
جو رنج کی گھڑی بھی خوشی سے گذار دے

اپنی تصویر پہ نازاں ہو نہ تھا را کیا ہے
آنکھ نرگس کی دہن غنچہ کا حیرت میری

دوست خوش ہونے لگے دوست کے مر جانیسے
غم کا یہ کال پڑا ہے مرے غم کھانیسے

روح کسی مست کی پیاسی گئی میخانے سے
مے اڑی جاتی ہے ساقی تیرے پیمانے سے

قابل رحم ہے اُس شخص کی رسوائی بھی
پردے پردے ہی میں کمبخت جو رسوا ہو جائے

سنتے ہیں خوشی بھی ہے زمانہ میں کوئی چیز
ہم ڈھونڈھنے پھرتے ہیں کدھر وہ کہاں ہے

دل میں نے دیا تھا جسے دلدار سمجھ کر
کیوں تم وہی معشوق ہو یا مجکو گماں ہو

یہ میرے واسطے تاکید ہے دربانوں کو
کہ اسمیں بھی بلاؤں تو نہ آنے پائے

حور کے واسطے زاہد نے عبادت کی ہے
سیر تو جب ہے کہ جنت میں نہ جانے پائے

رہ رہ کے وہ پچتائیں کہ کیوں اسکو ستایا
تھم تھم کے میری آہ میں یارب اثر آئے

نہیں ہوتی کسیکو بھی گوارا اپنی ناکامی
جسے تو بخش دیتا ہے جہنم اس سے جلتا ہو

شفتگی کسی کی اثر کچھ تو کر گئی
بن بنکے زلف رخپہ تمھارے بکھر گئی

کیا کہیئے کس طرح سے جوانی گذر گئی
بدنام کرنے آئی تھی بدنام کر گئی

زاہد شراب ناب کی تاثیر کچھ نہ پوچھ
اکسیر ہے جو حلق کے نیچے اتر گئی

کچھ زہر نہ تھی شراب انگور
کیا چیز حرام ہو گئی ہے

داغ کو کون دینے والا تھا
جو دیا اے خدا دیا تو نے

بوسہ مانگا تو کہا اُسنے بدل کر چتون
آپکو یہ بھی خبر ہے میری عادت کیا ہے

تڑپنے سے دل بیتاب کوئی غم نکلتا ہے
ٹھہر جا صبر کر مضطر نہ ہو کیوں دم نکلتا ہے

پیغامبر کی بات پہ آپس میں رنج کیا
میری زباں کی ہے نہ تمھاری زباں کی ہے

سُنکر میرا فسانۂ غم اُس نے یہ کہا
ہو جائے جھوٹ سچ بھی خوبی بیاں کی ہے

اُردو ہی جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغ
ہندوستاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے

غم اُٹھانے کے واسطے دم ہے
زندگی ہے اگر تو کیا غم ہے

اچھی صورت پہ غضب ٹوٹکے آنا دِل کا
یاد آتا ہے ہمیں مائے زمانہ دِل کا

اِن حسینوں کا لڑکپن ہی رہے یا اللہ
ہوش آتا ہی تو آتا ہے ستانا دِل کا

حسینوں کی وفا کیسی جفا کیا
جو دل آیا تو پھر اچھا بُرا کیا؟

تو ہی اپنے ہاتھ سے جب دلربا جاتا رہا
دل کی بھی پروا نہیں جاتا رہا جاتا رہا

داغ ہر ایک زباں پر ہو فسانہ تیرا
دُون آتے ہیں وہ آتا ہے زمانہ تیرا

دُعا مانگ لو تم بھی اپنی زباں سے
کہ پورا ہو جو مدعا ہے کسیکا

قبضہ کرتا ہے ہر ایک حور شمائل اپنا
آج ہم وقف کیئے دیتے ہیں لو دل اپنا

اوپری دِل سے بپا گریہ وزاری رکھنا
آخری وقت ذرا شرم ہماری رکھنا

آئیں تھم تھم کے مرے دل کو جراحت کے مزے
تیغ بے آب ذرا کُند کٹاری رکھنا

عاشقی سے ملے گا اے زاہد
بندگی سے خدا نہیں مِلتا

نہ بدلے آدمی جنّت سے بھی بیت الحزن اپنا
کہ اپنا گھر ہے اپنا اور ہے اپنا وطن اپنا

اسپر بھی تو نہیں ہے غمِ عشق میں کمی
کھاتا ہے ایک جہاں تمھارا دیا ہوا

بیخود رہے وصال میں بیہوش ہجر میں
کیا جانے ہم سے کب وہ ملا کب جُدا ہوا

کس کس طرح سے اسکو جلاتے ہیں رات دن
وہ جانتے ہیں داغ ہے ہم پر مٹا ہوا

اِدھر دیکھ لینا اُدھر دیکھ لینا
کنکھیوں سے مجکو مگر دیکھ لینا

جسدن وہ مرے قتل کے سامان نہیں ہوگا
وہ دن بھی کبھی گردشِ دوران میں ہوگا

بزم دشمن میں نہ کھِلنا گُلِ تر کی صورت
جاؤ بجلی کی طرح آؤ نظر کی صورت

بزم میں دیکھا ہے کس حسرت سے میں نے سوئے دوست
مجکو دشمن سے گلے مل کر جو آئی بوئے دوست

آپ اپنے کو تو چشم شوق پہلے دیکھ لے
کیا ہنسی ہے کھیل ہے یوں دیکھ لیا روئے دوست

اے وعدہ فراموش رہی تجکو جفا یاد
یہ بھول بھی کیا بھول ہے یہ یاد بھی کیا یاد

اُستاد نے اچھا سبق عشق پڑھایا
جب اس کو بھلاتا ہوں یہ ہوتا ہے سوا یاد

حسرت آتی ہے دلِ ناکام پر
اس کو دے ڈالوں خدا کے نام پر

آئے کوئی تو بیٹھ بھی جائے ذرا سی دیر
مشتاق دید لطف اُٹھائے ذرا سی دیر

ہوتی ہیں اتنی بات کی برسوں شکایتیں
کوئی اگر کسی کو ستائے ذرا سی دیر

سب خاک ہی میں مجکو ملانے کو آئے تھے
ٹھیرے رہے نہ اپنے پرائے ذرا سی دیر

تم نے تمام عمر جلایا ہے داغ کو
کیا لطف ہو جو وہ بھی جلائے ذرا سی دیر

دلّی سے چلو داغ کرو سیر دکن کی
گوہر کی ہوئی قدر سمندر سے نکل کر

تمکو تو آرزو کی خلش بھی نہیں ہوئی
کیا جانو کیا گذرتی ہے اُمیدوار پر

جانچ لو بانکے ہیں پہلے دلِ شیدا لیکر
نہیں پھرنے کا مری جان یہ سودا لیکر

ناز ہوتا ہے اُنھیں مال پرایا لیکر
دُون کی لیتے ہیں میرا دلِ شیدا لیکر

دلِ کاسودا جو کرے تمسے وہ سودائی ہو
دام دیتے ہی نہیں مال پرایا لیکر

رکھدیا ہاتھ میرے مونہ پہ بُت کافر نے
صبح اُٹھنے نہ دیا نام خدا کا لیکر

اپنی آنکھوں سے تو دیکھی نہیں دلکی چوری
کیوں گنہگار ہوں میں نام کسی کا لیکر

مرے لوں دو کے میں تھوڑے تھوڑے ظلم سہ سہ کر
ستم کیجئے تو تھم تھم کر جفا کیجئے تو رہ رہ کر

حضرتِ زاہد ہماری چھیڑ کی عادت نہیں
گدگدی ہوتی ہے دل میں پارسا کو دیکھکر

ہم مٹے جس پہ تیری بیباختہ وہ بات تھی
تو بھی عاشق ہو ہی جاتا اس ادا کو دیکھکر

یہ حوروں پہ مرتا ہے بے دیکھے بھالے
نہیں کوئی عاشق مسلماں سے بڑھکر

اپنی نظر میں ہیچ ہے سارے جہانکی سیر
دل خوش ہو تو کس کا تماشا کہاں کی سیر

دیکھ کر فیاض کو کہتی ہے کیا طبع بخیل
موت تھی قارون کی ہوتا اگر حاتم کے پاس

دل ہے مرا ہر ایک رفیق کہن کے پاس
جتنا وطن سے دور ہوں اُتنا وطن کے پاس

کامل ہو عشقِ پاک تو پرویز سا رقیب
شیریں کو لائے شوق سے خود کوہ کن کے پاس

اے بیکسی رہیگی نہ بے پردہ اپنی لاش
میت خود اُڑ کے جائیگی گور و کفن کے پاس

غربت سے ہم پھریں تو کہیں پھر پلٹ نہ جائیں
احباب کچھ نشان بنا دیں وطن کے پاس

محبت میں تکرار کا ہے مزہ
گلے ہوں جو باہم دگر دیر تک

صبر کر اے دلِ مضطر وہ نہیں ملنے کے
کل سے آج اُنکی ہوئی ہوگی یونہی آج سے کل

آپ جن کو ہدف تیر نظر کرتے ہیں
رات دن ہائے جگر ہائے جگر کرتے ہیں

تھک گئے نامۂ اعمال کو لکھتے لکھتے
کیا فرشتوں کا بُرا حال بشر کرتے ہیں

ہو چکا قطع تعلق تو جفائیں کیوں ہوں
جن کو مطلب نہیں رہتا وہ ستاتے بھی نہیں

خوب خوش باش گذر اہل صفا کرتے ہیں
نہ خفا ہوتے ہیں ایسے نہ خفا کرتے ہیں

اُڑائی خاک تیری جستجو میں ہر کہیں برسوں
پھری بجلی سی بنکر مرے سر پر زمیں برسوں

نہیں تھا تو بھی تھا وہ بیوفا آغوش دشمن میں
کہ میری بدگمانی نے اُسے رکھا وہیں برسوں

آپ کا حال جو غیروں نے کہا ہی مجھ سے
ہیں مرے کان گنہ گار کہوں یا نہ کہوں

ہوش جب آیا تو یہ جانا قیامت آگئی
زندگی میری جبھی تک ہے کہ میں غفلت میں ہوں

دیکھیں تو کیسے تنگ ہیں نیچی نگاہ میں
آئینہ رکھدے کاش کوئی اُنکی راہ میں

اُمیدوار رحمت باری ہوں اس قدر
ہوتا ہوں میں شریک پرائے گناہ میں

محشر میں کس طرف سے یہ آنے لگی صدا
آنا ہوا ہے جسکو ہماری پناہ میں

نظر آتا ہوں نہ اُس بزم سے اٹھ سکتا ہوں
ناتوانی سے بڑے کام لئے جاتے ہیں

مول جنت کا ہوا نقد عبادت زاہد
ہے کہیں مال کہیں دام لئے جاتے ہیں

اپنے بسمل کا سر ہے زانو پر
کس محبت سے جان لیتے ہیں

کر چکے سب اپنی اپنی حکمتیں
دم نکلتا ہو تو ہمدم کیا کریں

معرکہ ہے آج حسن و عشق کا
دیکھئے وہ کیا کریں ہم کیا کریں

حیدرآباد اورنگ آباد ہے
اب کے دلی میں محرم کیا کریں

ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں
وہ نظریں نہیں جن کو ہم دیکھتے ہیں

غنیمت ہے چشمِ تغافل بھی اُن کی
بہت دیکھتے ہیں جو کم دیکھتے ہیں

بُرا نجانِ حسینوں کو مان اے واعظ
خدا گواہ یہ بندے خدا کے پیارے ہیں

وفا کرو کہ جفا اختیار ہے تم کو
بُرے ہیں یا ہیں بھلے جیسے ہیں تمہارے ہیں

زمیں پہ رشکِ مہ و مہر ہیں حسیں لاکھوں
فلک پہ دو ہی تو چمکے ہوئے ستارے ہیں

زمانہ کیا ستائے گا فلک آزار کیا دے گا
مصیبت اس سے بڑھکر اور کیا ہوگی کہ بیدل ہوں

کہاں کی دادخواہی حشر میں جب کہا اُس نے
ترا جی چاہتا ہے ہیں گنہ گاروں میں داخل ہوں

جتنی باتیں کام کی تھیں کر گئے سب اہلِ عشق
نو گرفتارِ محبت میں کروں تو کیا کروں

التجائیں جسقدر تھیں سب اس بتِ کافر کی ہیں
اب خدا سے عرضِ حاجت ہیں کروں تو کیا کروں

ہوش ہی جاتے رہیں تو آدمی کیا کر سکے
دیکھ لوں جب اچھی صورت ہیں کروں تو کیا کروں

دل سے وہ کافر صنم نکلے تو سب کچھ ہو قبول
جا کے مسجد میں عبادت ہیں کروں تو کیا کروں

تسلی مرے دل کو کیا دے رہے ہیں
مرے دل میں وہ چٹکیاں لے رہے ہیں

عجب خوبیاں خوبرویوں میں دیکھیں
بُرائی میں بھی سب سے اچھے رہے ہیں

جدھر سے وہ گذرے قیامت بپا تھی
کہ نقشِ قدم تک تڑپتے رہے ہیں

خطا میں لکھے ہوئے رنجش کے کلام آتے ہیں
کس قیامت کے یہ نامے مرے نام آتے ہیں

تابِ نظارہ کہاں دیکھے جوان کے جلوے
بجلیاں کوندتی ہیں جب لبِ بام آتے ہیں

نہ کسی شخص کی عزت نہ کسی کی توقیر
عاشق آتے ہیں تمہارے کہ غلام آتے ہیں

بتوں سے اب معافی چاہتا ہوں
خدا سے کچھ کہا تھا بے خودی میں

وہ لے کر کیا کریں عشاق کا دل
دم نہیں دل نہیں دماغ نہیں

کسی میں داغ ہے کانٹا کسی میں
کوئی دیکھے تو اب وہ داغ نہیں

دم شماری دل مہجور بُری ہوتی ہے
جان کی خیر اسی میں ہے کہ تو گن ہی نہیں

یہ تو نہیں کہ تمنا جہاں میں حسیں نہیں
اس دل کو کیا کروں یہ بہلتا کہیں نہیں

کیا ہے بوسہ کا وعدہ مگر ہے وہ احسان
کوئی یہ جانے کہ دونوں جہان دیتے ہیں

وہ رنج بندے کو اپنے خدا نہیں دیتا
جو مجھ کو ایک مرے مہربان دیتے ہیں

واعظ بڑا مزا ہو اگر یوں عذاب ہو
دوزخ میں پاؤں ہاتھ میں جام شراب ہو

یارب شمار جرم سے بس منفعل نکر
تنخواہ تو نہیں ہے کہ جس کا حساب ہو

در پردہ تم جلاؤ جلاؤں نہ میں چہ خوش
میرا بھی نام داغ ہے گر تم حجاب ہو

زاہد کو بڑا ناز ہے میکش کو بڑا عجز
اللہ کو مقبول مگر دیکھیے کیا ہو

یارب بنا دے تو اسی صورت کا اور کچھ
اس آسماں سے تنگ ہیں یہ آسماں نہ ہو

واعظ بجا ہے کہیے جو ویرانہ کو بہشت
جنت اُسی کا نام ہے آدم جہاں نہ ہو

آج مجھ سے حضرت ناصح یہ چلکر کہہ گئے
آسماں سے اب فرشتے آئینگے تعلیم کو

اپنے دل کا حال ہے دم بھر میں کچھ دم بھر میں کچھ
آگ لگ جائے الٰہی اس امید و بیم کو

اُنھیں یہ جستجو ہے مرنے والا کوئی پیدا ہو
مگر بہتر سے بہتر ہو مگر اچھے سے اچھا ہو

تری زلفیں بھی ہیں صیاد آنکھیں بھی شکاری ہیں
تماشا دیکھنے کا ہے جو میرے دل پہ جھگڑا ہو

کیوں کرتے ہو دنیا کی ہر اک بات سے توبہ
منظور تو ہے میری ملاقات سے توبہ

دُنیا میں کوئی بات ہی اچھی نہیں زاہد
اس بات سے توبہ کبھی اُس بات سے توبہ

اہل دول نہ دیکھیں مجھے چشم کم سے داغ
دولت لگی پڑی ہے میرے دم قدم کیساتھ

ظاہر میں تجھ سے لاکھ طرح کی باتیں ہوا کریں
دل میں اگر نہیں ہے محبت نہیں سہی

غم جگہ دل میں پا ہی جاتا ہے
آدمی کو یہ کھا ہی جاتا ہے

گر مرض ہو دوا کرے کوئی
مرنے والے کا کیا کرے کوئی

جب پڑا ہے وقت کوئی ہو گئے ہیں سب الگ
دوست بھی اپنا نہیں بیگانہ تو بیگانہ ہے

بُرائی نیکی ہے بُروں سے نباہ ہے
اگر ہے تو دنیا میں مشکل یہی ہے

تو بھی اے ناصح کسی پر جان دے
ہاتھ لا اوستاد کیوں کیسی کہی

کس طرح کہوں قیس تیرے دل کو لگی ہے
نالوں سے کبھی آگ بھی محمل کو لگی ہے

کس نے یوں پیار کیا کس نے وفا ایسی کی
کیوں کریں قتل کسی کو وہ ہمارے ہوتے

تارے گن گن کے گذاری شب دیجور فراق
کیا مصیبت تھی جو گنتی کے ستارے ہوتے

زلفیں بکھری ہوئیں تم نے جو سنواریں تو کیا
کام بگڑے ہوئے عاشق کے سنوارے ہوتے

ہر دم اُسکی دُھن ہے اوسکا خیال ہے
چھوٹے چھٹائے ربط پہ اب تک یہ حال ہے

دل لے ہی چکے ناز سے شوخی سے ہنسی سے
اب اُنکی بلا آنکھ ملاتی ہے کسی سے

کہتا ہے کہ مر جاؤ تو کچھ ہم کو یقیں ہو
بیدرد کی اس شرط وفا کو کوئی دیکھے

کرتا ہے امام آج بہت سہو کے سجدہ
پوشیدہ جماعت میں وہ کافر تو نہیں ہے

نظر کعبہ میں اس بُت پہ پڑی ہے
کہاں جاکر مری قسمت لڑی ہے

ناوک لگا جگر پہ تو دل پر سناں لگی
کاری لگی نظر تری کافر جہاں لگی

تو اگر سُن لے تو کیا جانے کرے کیسا غرور
دیکھکر سمجھا ہے جو تیرا تماشائی تجھے

جلوہ بے پردہ تو ہوتا ہے فقط ہوش ربا
وہ قیامت ہے جو چلمن کی جھلک ہوتی ہے

جسنے سونگھی ہے وہ خوشبو کوئی اُس سے پوچھے
باسی ہاروں کے جو پھولوں میں مہک ہوتی ہے

پی کر نہ توبہ کی ہو تو واعظ زباں چلے
یہ اعتراض کیوں ہے کہ مے خوار کیوں ہوئے

وہ دل پہ چھری پھیر گئے ناز و ادا سے
اب کوئی مرے کوئی جیئے اُنکی بلا سے

ہم تیرے سوا اور جوں کس چیز کے طالب
کیا چھوڑ دیا مانگنے والوں نے خدا سے

ہر بندہ خدا پر کب تک ستم رہے گا
تیرے دلمیں کافر کب تک ٹھنی رہیگی

نہ ہیں رنگ عاشقی کے جو اُنکو برتتے وہ اُن کو جانے
تمھیں کو ہم بیوفا کہیں گے تمھیں سے ہم التجا کرینگے

عداوت انکو ہی آج جس سے اُسی پہ کل مہربان ہیں
جو دشمنی کر سکیں نہ پوری وہ دوستی ہمسے کیا کرینگے

عکس بھی آئینہ میں چار گھڑی بعد آیا
بڑھ گئی حد سے سوا انکی نزاکت کیسی

جورِ معشوق کی پرسش ہی نہیں دنیا میں
اپنے بندہ سے خدا کو ہے محبت کیسی

لے ہی تو لینگے گنہگار و نکے ہوتے زاہد
یہ تو دو نرخ کے بھی قابل نہیں جنت کیسی

چھیڑ ہر وقت کی اچھی نہیں یہ یاد رہے
کبھی کیسی ہے کبھی اپنی طبیعت کیسی

کہتے ہیں وہ ہماری اطاعت کریگا کیا
جس بندۂ خدا سے نہ طاعت ادا ہوئی

حوصلہ چاہیئے انساں کو پائے جو عروج
پست ہمت کو بلندی بھی جو ہو پستی ہی

داغ دشمن سے بھی جھک کر ملیئے
کچھ عجب چیز ملنساری ہے

جو پوچھا کبھی شغلِ تنہائی اُن سے
کہا گنتے ہیں ہم خطائیں تمھاری

نگہ نکلی نہ دل کی چور زلفِ عنبریں نکلی
اِدھر لا ہاتھ مٹھی کھول یہ چوری یہیں نکلی

اُٹھی دستِ دعا کیا ضعف نے ایسا گھلایا ہے
جسے میں ہاتھ سمجھا تھا وہ خالی آستیں نکلی

چین سے آپ رہیں کچھ مری پروا نہ کریں
کیا شبِ ہجر بلا ہے کہ مجھے کھائے گی

دل نہیں مال تو اس کا تمھیں لالچ کیسا
تم نہیں چور تو دُزدیدہ نگاہی کیسی

اِس سے بڑھ کر تو گنہگار نہ دیکھا نہ سُنا
جب کیا عشق تو ناکردہ گناہی کیسی

بنایا اِن حسینوں کو تباہی کے لیئے ورنہ
ترقی سی ترقی عالمِ اسباب کو ہوتی

مَیں بُرا ہوں تو بُرا جان کے ملیئے مجھسے
عیب کو عیب سمجھئے تو کہاں رہتا ہے

لامکاں تک کی خبر حضرتِ واعظ نے کہی
یہ تو فرمائیں کہ اللہ کہاں رہتا ہے

انہیں قدموں نے تمھارے انہیں قدموں کی قسم
خاک میں اِتنے ملائے ہیں کہ جی جانتا ہے

داغِ وارفتہ کو ہم آج ترے کوچے سے
اِس طرح کھینچ کے لائے ہیں کہ جی جانتا ہے

ایک مہمان نے آتے ہی یہ گھر لوٹ لیا
وہ جو دل میں ہے تو باقی نہیں ارماں کوئی

کہتے ہیں وہ جلائیں گے ہم تجھکو حشر تک
دشمن کی قبر تیرے برابر بنائیں گے

وہ کم سنی میں کھیل بھی کھیلیں گے تو یہی
مٹی کی تیغ و ناوک و خنجر بنائیں گے

اپنی بھی شامت آگئی توبہ کے ساتھ ہی
عہدِ شباب کے جو کہیں آشنا ملے

اللہ دے تو فقر کی دولت ہے سلطنت
جتنے فقیر مجکو ملے بادشا ملے

بچھڑے ہوئے معشوق ملیں سبکو الٰہی
تنہا کوئی جنت میں نہ جائے میرے آگے

اِک چیز ہے اِس عالمِ ہستی میں بشر بھی
دنیا کا طلبگار بھی دنیا سے حذر بھی

ملے زاہد پیر کو حور توبہ
وہاں ہوں گے رعنا جوان کیسے کیسے

ترا ثانی کہاں پیدا فقط کہنے کی باتیں ہیں
اگر سارا زمانہ مان لیگا ہم نہ مانیں گے

بلا سے گر کوئی اسبات کا دِل میں بُرا مانے
مگر معشوق ہو وعدہ کا سچّا ہم نہ مانیں گے

سوال اُن کا یہ ہے دنیا میں کر لو فیصلہ ہمسے
اُٹھاؤ گے اگر عقبیٰ میں جھگڑا ہم نہ مانیں گے

بڑھے تکرار کیوں پہلے ہی اس کا فیصلہ کر لو
یہ کہنا مان لینگے ہم یہ کہنا ہم نہ مانیں گے

زور و زر سے بھی کہیں داغ خسیں ملتے ہیں
اپنے نزدیک تو ہے سب سے اطاعت اچھی

جب کہا میں نے کہ لو مرتا ہوں میں
بولے بسم اللہ اچھی بات ہے

محفل میں کس نے آپ کو دلمیں چھپا لیا
اِتنوں میں چور کون ہے پہچان جایئے

ہاں ہاں ٹھہر ٹھہر کے اُٹھا رُخ سے تو نقاب
بیدل طبیعتوں میں بہت جوش ہو گئے

نہیں کھیل اے داغ یاروں سے کہدو
کہ آتی ہے اُردو زباں آتے آتے

مجھکو مزا ہے چھیڑ کا دِل مانتا نہیں
گالی سُنے بغیر ستمگر کہے بغیر

اُٹھے ہیں آج صبح کو منہ کس کا دیکھکر
توڑا ہے آئینہ کو وہ بیزار سب سے ہیں

جو پارسا ہیں خوف اُنھیں اس قدر کہاں
ڈرتے گنہگار خدا کے غضب سے ہیں

دیکھئے اُن سے ملتا ہے خدا کون سے دن
کون سی رات ہو مقبول دعا کون سے دن

اَے نجومی تجھے دعویٰ ہے تو یہ جسکا لگا
کون سے وقت ملینگے وہ بتا کون سے دن

داغ سے عید کے دن بھی نہ ملے وہ آکر
یہ گیا وقت پھر آئیگا بھلا کون سے دن

رنج پر رنج دئے جاتے ہیں
اپنی کرنی وہ کیے جاتے ہیں

طور بے طور ہوئے جاتے ہیں
وہ تو کچھ اور ہوئے جاتے ہیں

یہ عنایت پہ عنایت ہے ستم
لطف بھی جور ہوئے جاتے ہیں

گھڑیوں بڑھتا ہے حسینوں کا جمال
اور سے اور ہوئے جاتے ہیں

کرے گا بیوفائی مجھ سے تو سامان ایسے ہیں
تری جانب سے مجھکو وہم میری جان ایسے ہیں

مرے دل میں یہ چبھی چبھو کر کہا
خبردار تو نے اگر آہ کی

یہ جرم وفا پر مجھے ارشاد ہوا ہے
بخشے جو تجھے بخشنے والے کی خطا ہے

اب داغ کے احوال سے مطلب تمھیں کیا ہے
اچھا ہے تو اچھا ہے برا ہے تو برا ہے

دنیا میں جانتا ہوں کہ جنت ملی مجھے
راحت اگر ذرا سی مصیبت میں مل گئی

اس کو ملجائے اگر چاہت کی داد
چاہنے والے کو پھر کیا چاہیئے

بہت تکلیف پائی ہے بہت صدمے اٹھائے ہیں
طبیعت اب کہیں بے اختیار آئے تو کیا آئے

خاک اس سے عشق نے چھنوائی تھی
دشت میں مجنوں کی مٹی لائی تھی

ہے یہی افسردہ دل کو لطف باغ
ہم نے چن لی جو کلی مرجھائی تھی

فاتحہ کو بھی لحد پر نہیں آتا ہے کوئی
جیتے جی سب سے ملاقات ہوا کرتی ہے

ہیں ادائیں سی ادائیں اس سراپا ناز کی
اک نیا انداز پیدا ہوگا جتنا دیکھیے

مجھ کو راہ عشق میں سوجھا نہ اپنا نیک و بد
رہنما کہنا ہمارا رستہ ہے ٹیڑھا دیکھیے

یہ بات بات میں کیا ناز کی نکلتی ہے
دبی دبی ترے لب سے ہنسی نکلتی ہے

ٹھہر ٹھہر کے جلا دل کو ایک بار نہ پھونک
کہ اس میں بوئے محبت ابھی نکلتی ہے

بجائے شکوہ بھی دیتا ہوں میں دعا اس کو
مری زباں سے کروں کیا وہی نکلتی ہے

ہزار بار جو مانگا کرو تو کیا حاصل
دعا وہی ہے جو دل سے کبھی نکلتی ہے

ادا ادا سے تری کھچ رہی ہیں تلواریں
نگہ نگہ سے چھری پر چھری نکلتی ہے

سمجھ تو لیجئے - کہنے تو دیجیے مطلب
بیاں سے پہلے ہی مجھ پر چھری نکلتی ہے

یہ دل کی آگ ہے یا دل کے نور کا ہے ظہور
نفس نفس میں مرے روشنی نکلتی ہے

صنمکدہ میں بھی ہے حسن اک خدائی کا
کہ جو نکلتی ہے صورت پری نکلتی ہے

غمِ فراق میں ہو داغ اسقدر بیتاب
ذرا سے رنج میں جان آپکی نکلتی ہے

بزم سے میرے اُٹھانے کے لیئے
پوچھتے ہیں آپ کو کچھ کام ہے

جو چبھیں ڈالے دل کو تمھاری نگاہ ہے
جو چبھیں ڈالے دل کو تمھارا خرام ہے

مجرم تو ہوں کا بھی ہوں خدا کا بھی چور ہوں
دونوں میں صند ہے ایک گنہ گار کے لیئے

ہمت کا مارنا نہ مصیبت میں چاہیئے
تھوڑا سا حوصلہ بھی طبیعت میں چاہیئے

آجائے راہِ راست پہ کافر ترا مزاج
اک بندۂ خدا تری خدمت میں چاہیئے

حاتم کا دل ہو - دولت قارون ہو - عمر خضر
اے داغ یہ کسی کی محبت میں چاہیئے

دل دو طرح کا تیری محبت میں چاہیئے
راحت میں ایک ایک مصیبت میں چاہیئے

کچھ لاگ کچھ لگاؤ طبیعت میں چاہیئے
دونوں طرح کا رنگ محبت میں چاہیئے

اپنا بھی کام نکلے وہ ناراض بھی نہ ہوں
ایسے مزے کی بات شکایت میں چاہیئے

نقشے ہیں یہ اب دیدۂ دیدار طلب کے
رہ جاتی ہے پلکوں میں نگہ ضعف سے دب کے

مسجد میں تو گنتی کے مسلمان ہی دیکھے
میخانے میں جلوے نظر آئے ہیں سب کے

کیا سخت گھڑی تھی کہ مری آنکھ لڑی تھی
یہ درد یہ آزار یہ آلام ہیں جب کے

لطفِ ایذا طلبی کیا کہیئے
درد آرام ہوا جاتا ہے

دل بیمار میں چٹکی لے لو
ابھی آرام ہوا جاتا ہے

قطعہ

اب تم سے کہوں جو کچھ ہو دلمیں میرے
سب تم سے کہوں جو کچھ ہو دلمیں میرے

پہلے یہ کہو کہ میں نہ مانوں گا برا
جب تم سے کہوں جو کچھ ہو دلمیں میرے

دانا

دانا منشی روشن لال خلف منشی رائے کالیسیتھ باشندۂ لکھنو نواب عاشور علی خان بہادر کے شاگردوں میں تھے اور ۱۲۷۴ھ میں حیات تھے۔ چند شعر ملے درج کئے گئے۔

آتی نہیں جو زلفِ گرہ گیر ہاتھ میں — سودائیو! لپیٹ لو زنجیر ہاتھ میں
دیکھے بغیر جن مجھے ایکدم نہیں — رہتی ہو رات دن تری تصویر ہاتھ میں
آہن کو مس کہ جس جو کیا بن گیا طلا — ایسی ہو میرے یار کی تاثیر ہاتھ میں

دانش

دانش منشی تصدق حسین دانش خلف مولوی لطف علی متوطن نواح جونپور میر تونس کے شاگرد اور رشتہ دار جج اعظم گڈھ ہیں، سن شریف قریب ۵۰ برس کے ہے یہ انکے اشعار ہیں۔

صفتِ حور کہاں تک میں سنوں واعظ سے — ذکر کرتا ہے صراحی کا نہ پیمانوں کا
اے شہِ حسن ہوا عصر کا قاروں میں بھی — دل سے نکلا نہ خزانہ مرے ارمانوں کا
وہ میری ملاقات کو آئے مرے گھر آج — مدت میں دعاؤں نے دکھایا ہے اثر آج
در پیش ہے بتخانہ و کعبہ کا دوراہہ — اب وحشتِ دل دیکھئے لیجائے کدھر آج
اُداسی چھا رہی ہے شمع بالیں کو ترستی ہو — مزارِ رشتۂ اُلفت پہ اک حسرت برستی ہے
تم اب تک واعظو! پتھر کے بوسے جا کے لیتے ہو — مقرر خانۂ کعبہ سے پیدا بت پرستی ہے
غرض کیا خضر سے بہر جنوں ہو دشتِ قرقیں — کھلیں ہیں صاف یہ راہیں بلندی ہو پستی ہے
اگر مریضِ عشق کا لاشہ اُٹھائیے — مردے کو اپنے آپ مسیحا اُٹھائیے

دانش

دانش حکیم احمد حسین خان دانش لکھنوی شاگرد احسان شاہجہاں پوری کلام معمولی درجہ کا ہے۔ انتخابِ کلام یہ ہے۔ باوجود کوشش حالات نہیں ملے۔

کہوں میں اُس سے دل کا ماجرا کیا؟ — جو جھلا کر کہے تو نے کہا کیا؟
رہی محمل نشیں بجا سلیلے — رہ گیا پردہ عنیں کے دل کا
تیر چھوڑا مرے سینے کی طرف نرگا — تو پسند آہی گیا آنکو نشانہ دل کا
الم میں، درد میں، آہ و بکا میں — پڑا ہے ایک دل کس کس بلا میں

خنجر یار کے گلے مل کے — ہم نکالیں گے حوصلے دل کے
گورسائی نہیں وہاں اپنی — رُوح پھرتی ہے گرد محفل کے
جوبن کا اشارہ ہے ڈوپٹے سے کسی کے — کس طرح چھپاؤ گے اگر ہم ابھر آئے

دانش

دانش ۔ قاضی محمد بشیر الدین خلف اصغر قاضی محمد رمضان علی، وطن قدیم سکندرآباد ضلع بلند شہر ہے۔ آجکل اجمیر میں جاگیر حضرت خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے کامدار ہیں۔ نوجوان شریف اور تیز طبع ہیں، قاضی نجم الدین برق شاگرد رشید مومن خان انکے حقیقی تایا تھے۔ قاضی صاحب کا ہنوز عنفوان شباب ہے اور فن سخن کی ابتدا ہے۔ آخر سہارنپوری سے تلمذ اختیار کیا ہے۔ کلام ملاحظہ ہو۔

وہ دل چرا کے نظر بھی چرائے بیٹھے ہیں — پرائے مال کو کیسے چھپائے بیٹھے ہیں
تماشا ہو ترے در پر ترے جانبازیوں آئیں — کسی کے ہاتھ میں دل ہو کسی کے ہاتھ میں سر ہو
وہاں پہلے ہی دو اپنے نگہباں آپ بن بیٹھے — بھلا پھر ہم غریبوں کی رسائی ہو تو کیونکر ہو
نہ خود آؤ نہ تم تصویر ہی اپنی یہاں بھیجو — تمہارے دیکھنے والوں کو پھر تسکین کیونکر ہو
اللہ رے درازی اس زلف دلربا کی — بڑھ بڑھ کے آج باتیں کرتی ہے آسماں سے
کچھ لب ہی جانتے ہیں کچھ دل ہی جانتا ہے — بوسونکی لذتوں کو پوچھو مری زباں سے
اب دل پہ آبنی ہے اب جاں پہ آبنی ہے — اس آپکے ستم سے اس جور آسماں سے

دانش

دانش ۔ حافظ محمد بشارۃ الحق صاحب دانش، مولوی نور الحسن نادش کے بیٹے اور حکیم سید اولاد علی صاحب کلامش مرحوم کے پوتے تھے۔ آپکے بزرگوں کا وطن جونپور رہے۔ صاحب گنج میں ایک مسجد کے امام تھے اور اسی مسجد میں اپنے اہتمام سے ایک مدرسہ تعلیم دینیات کا قائم کر رکھا تھا جس میں خود درس دیتے تھے۔ چند مذہبی کتابیں بھی تصنیف کی تھیں جو ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔ فن شاعری میں سید شاہ محمد اکبر صاحب ابوالعلائی دانا پوری سے استفادہ کرتے تھے۔ عین عنفوان شباب میں ۱۳۲۹ھ ہجری میں وفات پائی مختصر

کلام درج ذیل ہے۔

یہ دل محفوظ تھا سینے میں میرے کس حفاظت سے	چُورایا تیری آنکھوں نے اسے کیسی شرارت سے
جو یاد آتے ہیں صدمہ ہجر کے دل کانپ جاتا ہے	شبِ غم ہنسنے رونے اور کبھی سحر کی ہو کس آفت سے
قدم اٹھنے نہیں دیتی گناہوں کی گرانباری	نظر اونچی نہیں ہوتی ہے اے دانش ندامت سے

ساقی سے کہو دور میں ساغر آئے	ہاں دخترِ رز خوب نکھر کر آئے
لائی ہے انھیں بھی مئے انگور کی تاک	واعظ بھی یہاں آنکھ بچا کر آئے

دانش

دانش حکیم میر زافدا احمد صاحب خلف حکیم مرزا غلام عباس آپکی ولادت ۱۲۷۴ھ میں بمقام لکھنو ہوئی آپکے والد نے آپکو صغر سنی کی حالت میں یعنی صرف نو برس کی عمر میں چھوڑ کر قضا کی آنکے سوم کے روز جناب مرزا مہدی ناظم صاحب نے انکو تعلیم و تربیت کے لیئے مرزا محمد جعفر کے سپرد کیا آنکے داماد حکیم میر علی ضامن مشوق خلف رشک مرحوم کے فیض صحبت سے انھیں شاعری کا چسکا پڑ گیا اور شروع میں انھیں سے اصلاح کا سلسلہ رہا، اس عرصہ میں دیگر علماء سے استعداد علمی کی تکمیل کی۔ اور پھر کامل تیس سال تک طلباء کو درس دیتے رہے، تاریخ گوئی کی بھی مشق ہے جب خاصہ ملکہ ہو گیا تو جلال مرحوم سے اصلاح لینے لگے بیس پچیس شاگرد بھی ہیں۔ تلاش الفاظ اور بندش کا سلیقہ قابل داد ہے۔ اور مضمون پیدا کرنے کا خیال رکھتے ہیں اب مشق سخن کو ۳۰ برس کا زمانہ ہو گیا کمیٹی رسالہ معیار کے ممبر اور صاحب استعداد سخنے والوں میں ہیں۔

بجز اُس قاتلِ بیرحم کے دیکھے کا کیا کوئی	تڑپنا قلبِ مضطر کا پھڑکنا مرغِ بسمل کا
ہماری آہِ عالم سوز پر وہ خوب ہنستے ہیں	ابھی بھولا نہیں جنکا ہمیں بجلی سے ڈر جانا
سمجھاتے ہجر یار میں کس کسکو چشم تر	دل بیقرار تھا تو جگر نا صبور تھا
پابندِ حکم ضبط تھے بازو بڑے نہ اشک و درد	آنکھوں کی کچھ خطا تھی نہ دل کا قصور تھا

جگر سے قدرداں کے بعد لطفِ شاعری کیسا	غزل لکھنے کو اے دانش نہیں اٹھتا قلم میرا
بجز اُس قاتلِ بیرحم کے دیکھے گا کیا کوئی	تڑپنا قلبِ مضطر کا پھڑکنا مرغِ بسمل کا

سکھاتی ہے تمنائے شہادت میرے قاتل کو
جفا سے قتل تم کرنا وفا پوچھے مکر جانا

تا قیامت رہے یہ داغ محبت دل میں
گھر کی زینت ہے جدا روشنئ خانہ جدا

اُسکو کیوں بیہوش کرتی ہے ہوائے کوئے دوست
بس گئی جسکے مشامِ جان و دل میں بوئے دوست

جس جگہ ہے قبر مجھ سے عاشقِ ناشاد کی
آسمان کی جان ہے اتنی زمینِ کوئے دوست

آسماں کی ہر شکایت میں گلہ ہے یار کا
سمتِ دشمن آنکھ ہو رُوئے سخن ہو سوئے دوست

کچھ بھی پر نہیں موقوف سبھی دیتے ہیں رنج
درد بھی مجھکو ستاتا ہے تری خو ہو کر

ای گھٹا جلدی برس کس کا تجھے ہے انتظار
شور ہو پھر میکشوں کا خانۂ خمار میں

دل لیئے در پر کھڑے ہیں میرے عاشق حضور
پیشکش ہو جائے انکی نذر بھی سرکار میں

خوش نصیب اسمیں ہے معلوم نہیں کون ہے دل
جسکو وہ شاد کریں یا جسے ناشاد کریں

دیکھکر ہر حال میں مجنوں کو لیلیٰ نے کہا
کونسی اس مرے دیوانے میں ہشیاری نہیں

جل چکا پروانہ جب اے شمع پھر روئی تو کیا
قابلِ تسکین عاشق تیری غمخواری نہیں

پھول سی شکلوں سے پھولونکا سبق ملتا نہیں
موت سا گلچین گلزارِ جہاں کوئی نہیں

حکایت درد دل کی درد دل ہے
اے ظالم ہیں درگزر اایاں سے

ابتدائے شب ابھی تو ہے فراقِ یار کی
رات جتنی بڑھے گی داغ جلتے جائینگے

کیا کیا ہمنے یہاں آنے کے ہم کسواسطے
جائینگے دنیا سے جسدم ہاتھ ملتے جائینگے

جو شبِ وصل ان آنکھوں نے سماں دیکھا ہے
کہئے موسیٰ وہ سرِ طور کہاں دیکھا ہے

دل کو دنیا سے اُٹھائے ہوئے ہیں بیٹھا ہوں
نہیں معلوم وہ کس وقت مجھے یاد کرے

ضبط میں اُسکے بھی تاثیر کوئی ہے کہ نہیں
جو زمانے کے ستم سہکے نہ فریاد کرے

ہے اُسی کے لیے مخصوص زمانے کی خوشی
دل کو جو دیکھ کے آئینۂ غم شاد کرے

چیختا ہوں میں درِ کعبہ و بتخانہ پر
کوئی بت راہِ خدا میں مجھے آزاد کرے

ہزاروں حال بنے سیکڑوں پہلوئے غم نکلے
مریضانِ محبت کے بڑی مشکل سے دم نکلے

کلیجا کچھ ہوا ٹھنڈا اُسوقت میرے قاتل کا	اُنھوں دلکے جب ڈوبے ہوئے تیر ستم نکلے
ڈبو دیگا زمانے بھر کو وہ طوفان آئے گا	جو دو آنسو بھی تیرے اے غریق بحر غم نکلے

داؤد - ندیم الدولہ خلیفۃ الملک حافظ محمد داؤد خاں بہادر داؤد مستقیم جنگ دہلوی معروف بہ "حافظ داؤد" بہادر شاہ ثانی نے انکے والد حافظ محمد خلیل سے قرآن شریف پڑھا تھا۔ خود حافظ صاحب نہایت عالی حوصلہ سخی اور باہمت رئیس تھے۔ درگاہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی میں ایک وسیع باؤلی ۱۲۶۳ھ میں بنوائی جس میں قریب پچیس تیس ہزار روپیہ کے لاگت آئی ہوگی، بازار چاوڑی میں ایک وسیع مکان معروف بہ حافظ داؤد کا کمرہ ابتک اُنکی یاد دلاتا ہے۔ اب بیگم صاحبہ وجانہ کی ملکیت ہے۔ یہ خود ابتدائے تخت نشینی ابوظفر سے غدر تک داروغگی نذر و نیاز اور علاقہ خانسامانی شاہی سے مشرف رہے۔ دو چار غزلیں حافظ قطب الدین مشیر اپنے عزیز کے مشورہ سے کہیں تھیں ۱۲۸۳ھ میں انتقال کیا۔ طبیعت موزوں تھی مگر شعر کم کہتے تھے یہ چند شعر اُنکے نتائج افکار سے درج ہیں ✣

نگہ سے ناز سے غمزے سے اور ادا سے بھرے	بزور عشق نہ ہم کونسی بلا سے بھرے
گو بظاہر نہ مُنہ دکھاؤ گے	کیا کبھی خواب میں نہ آؤ گے
مرچکا داؤد کب کا اُسکے غم میں ہمنشین	دم چُرانے کا ابھی تک اُس صنم کو دھیان ہے

داؤد

داؤد - مولوی محمد داؤد ابن مولوی علی محمد صاحب وکیل عباسی متوطن امروہہ بتاریخ ۲۷ رمضان المبارک ۱۲۸۰ ہجری بمقام امروہہ پیدا ہوئے اور بتاریخ ۷ جون ۱۸۶۴ء بمقام فتح آباد انتقال کیا اور اُسی قصبہ میں احاطۂ عیدگاہ میں مدفون ہوئے۔ ابتدائے عمر میں عربی فارسی کی تحصیل کی۔ بارہ سال کی عمر میں محمڈن کالج علیگڈھ میں داخل ہوئے طبیعت کو درد و محبت و زندہ دلی کے عناصر کا بڑا حصہ ملا تھا۔ بارہ سال وہاں تعلیم پاکر ۲۴ برس کی عمر میں سند بی اے حاصل کی۔ ایام طالب علمی ہی میں شعر و سخن کا چسکا لگ گیا، اور طبیعت کی شوخی اُس رنگ کو اور سے اُڑی۔ اکثر نظمیں دوست احباب کی تفریح

طبع کے لیے لکھیں، بعد سندیافتی کالج ہی میں معلّم مقرر ہوئے، پھر صاحب پرنسپل کی سفارش سے نائب تحصیلدار مقرر ہوگئے اور تحصیل اترولی و آگرہ و کاسگنج و مین پوری میں قائم مقام نائب تحصیلدار رہے، اور بالآخر فتح آباد ضلع آگرہ میں جاکر مستقل عہدہ پایا، وہاں انھوں نے دو برس تک نہایت قابلیت سے کام انجام دیا۔ انکے حسن اخلاق، دیانت اور حفظ مراتب سے سب احباب ان سے رضامند رہتے تھے، شعر سے شوق تھا۔ اکثر مشاعروں میں شریک ہوا کیے، اور طرحی غزلیں پڑھیں۔ قدیم اور جدید دونوں شاہراہوں کے سالک تھے۔ اشعار سے خصوصاً مرثیہ سرداریوسف خاں سے انکی غیر معمولی لیاقت اور معاملہ بندی اور مضمون پسند فکر کا رنگ مترشح ہے، حق یہ ہے کہ یہ مرثیہ اپنے رنگ میں فرد ہے۔ مثنوی "شکوہ یار" نامی اور ایک سچے کی دوستی کا امتحان انکی تصنیف ہیں اور یہ دونوں تصانیف انکی چھپ کر شایع ہوئیں۔ مولنا حالی کے اکثر اشعار کو تضمین کیا ہے، بلا کے ذکی و ذہین تھے۔ انکے کلام سے انکی شوخی، اور طبیعت داری، ذکاوت ٹپکتی ہے، تھوڑی سی مشق میں بہت اچھا ملکہ پیدا کرلیا تھا، اگر زندگی وفا کرتی تو کیا عجب کہ اس فن میں بھی نام و نمود حاصل کرتے بڑی تلاش سے کچھ کلام ملا اس کا انتخاب درج ذیل ہے ؎

جب پئے سیر چمن وہ گل رعنا اٹھا
پائے بوسی کے لئے خواب سے سبزہ اٹھا

بزم میں غیر کے اٹھ جانے کی تشویش فضول
اس کا اب ذکر ہی کیا جو کوئی اٹھا اٹھا

ق

جب دم نزع مجھے پاؤں رگڑتے دیکھا
ہاتھ ملتا ہوا بالیں سے مسیحا اٹھا

میں نے جب وادیٔ غربت میں رکھا اپنا قدم
خار پا بوسی کی خاطر بہ تمنا اٹھا

پئے تسلیم درختوں نے جھکائیں شاخیں
میری تعظیم کو خجکل میں بگولا اٹھا

آندھیاں آئیں ہوا خواہی کا دم بھرنے کو
خیر مقدم کا ہر اک سمت سے غوغا اٹھا

پیشکش خاک نے اکسیر کی زر ذروں نے
کچھ نہ کچھ لیکے ہر اک سائل صحرا اٹھا

طرب و عیش کا سامان کیا تھا بھاری
کیا کہیں یہ بھی تقدیر سے ہلکا اٹھا

نقد دل دیکھے جو اندوہ و الم مول لیا
خود میں حیران ہوں یہ کیا مجھسے دا اٹھا

شوق و بیدار نے فرقت میں سزا دی اچھی
سیکڑوں بار میں بے چینی سے بیٹھا اٹھا

آج ہوگی مرے نالوں کی فلک سے مٹھ بھیڑ
اب کوئی دم میں سنو گے کہ یہ پردا اٹھا

زندگی تلخ ہے اب ضبط کئے سے حاصل
صبر کرتے تھے رہے صبر کے جبتک قابل

ہو گیا کثرتِ اندوہ سے جینا مشکل
حال بیحال کئے دیتی ہے بیتابیِ دل

اب خموشی سے زیادہ خفقان ہوتا ہے
آخر افسانۂ غم آج بیان ہوتا ہے

اس عشق کے طفیل لڑائی رہی سدا
تقدیر سے، رقیب سے، ناصح سے، یار سے

انصاف کی ہے بات میں پھر کیا گلہ کروں
جب ڈٹ الدے وہ ہاتھ گلے میں پیار سے

کیوں ہو نہ زلفِ یار کو تارِ کمر سے ربط
دستور ہے کہ ملتے ہیں سب رشتہ دار سے

رہزن ادھر اوہے اُدھر زلفِ پُرشکن
یارب بچائیو مجھے اِس لُوٹ مار سے

قربانِ عشق کے کہ ہم آزاد ہو گئے
قیدِ حیا سے، شرم سے، ذلت سے، عار سے

جانا وہ اُنکا صبح شبِ وصل ہائے ہائے
پیچی نظر کئے ہوئے اور شرمسار سے

کچھ کچھ وہ پیچ زلفِ سیہ کے کھُلے ہوئے
وہ لال لال آنکھوں میں ڈورے خمار سے

فرطِ حیا سے گردنِ نازک میں خم ذرا
جوشِ غضب وہ سینے پہ کچھ کچھ اُبھار سے

کب تھا وفورِ خواب سے کچھ تن بدن کا ہوش
بیخود سے، بیحواس سے، بے اختیار سے

برہم ہوئی وہ بزمِ شبِ وصل ہو چکی
بیٹھے ہیں پھر فراق میں ہم سوگوار سے

میری طرف سے آپکے دل میں ہے کیوں غبار
تقصیر کیسی کیا ہوئی اس خاکسار سے

ناصح کی گفتگو سے مرا ناک میں ہے دم
آتے ہیں دیکھئے شترِ بے مہار سے

یہ جھوٹ اور ہمسے بس اب رہنے دیجئے
ہم بھی تو رات جھانک رہے تھے دراڑ سے

سُن کر پیامبر سے مرا نام یوں کہا
وہ ہی نہ ڈوبے پتلے خفیف و نزار سے

معلوم ہے مجھے بڑے استاد ہیں جناب
یوں دیکھنے میں سیدھے سے پر ہیں گار سے

خود مجکو تجربہ ہے بس اب کیا بیاں کروں | | خالق بچائے ایسے شریروں کے وار سے

طاقت تو رنج اٹھانے کی ہم میں رہی ہے کب | بند خمسہ | تاب و توان و ضبط گئے دل کے ساتھ سب
غم جھیلنے کا آپ ہی کچھ پڑ گیا ہے ڈھب | | اک خو سی ہو گئی ہے تحمل کی ورنہ اب

وہ حوصلہ رہا نہیں صبر و قرار کا

تیرے نزدیک ہیں سب ایک سے کعبہ ہو کہ دیر | | تجھکو اپنوں سے کوئی انس نہ بیگانوں سے بیر
تیری محفل میں بھی رہتی ہے عجب طرح کی سیر | | یار کو یار سمجھتا ہے نہ تو غیر کو غیر

تو تو اچھا ہے مگر تیرے بُرے ہیں برتاؤ

ہو کے باہم عہد و پیماں رہ گئے | دیگر | پورے ہوتے ہوتے ارماں رہ گئے
مُنہ سے کہتے کہتے وہ "ہاں" رہ گئے | | وصل کے ہو ہو کے ساماں رہ گئے

مینہ نہ برسا اور گھٹا چھائی بہت

غور کر دل میں ستمگر یہ جفائیں کب تک | مسدس | ظلم کی حد بھی کوئی ہے ظلم اٹھائیں کب تک
شکوۂ جور و ستم لب پہ نہ لائیں کب تک | | دل میں جو آگ لگی ہے وہ دبائیں کب تک

شرح ایں آتش جاں سوز بگفتن تا کے
سوختم سوختم ایں برق بہفتن تا کے

گر کرے قصد کسی کام کا دل میں انسان | بند خمسہ | پہلے یہ دیکھے وہ اُس کام کے ہے بھی شایاں
مُنکے لوگوں سے کہ وہ کرتے تھے داؤد کے یہاں | | اُن کو حالی بھی بلاتے ہیں گھر اپنے مہماں

دیکھنا آپکی اور آپکے گھر کی صورت

گھبراہٹ

کیا بُری شے ہے یہ گھبراہٹ بھی جس میں آدمی | | آپ کچھ کہنا ہے مُنہ سے کچھ نکلتا ہے مگر
ایک منشی سے شتر خانے پہ جو مامور تھا | | پُوچھا اک انگریز نے نوکر ہو تم کس کام پر
بات تو کچھ بھی نہ تھی، لیکن نہیں معلوم کیوں | | ہو گئے اُسوقت وہ سُنکر پریشاں اسقدر

"مَیں فشتر خانے کا منشی ہوں" یہ کہتے تھے وہ لے | کہہ گئے گھبرا کے یوں "ہوں منشی خانے کا فشتر"

زمزم

ایک دن کچھ آدمی بیٹھے ہوئے | کر رہے تھے گفتگو باہم دگر
اُن میں تھا اک شخص ایسا بھی کہ جو | کر چکا تھا غیر ملکوں کا سفر
ہوتے ہیں چالاک ایسے لوگ سب | وہ مگر اوروں سے تھا چالاک تر
جھوٹ کہتا تھا مگر سچ کی طرح | اُسکی باتیں تھیں نہایت پُر اثر
ہو رہا تھا ذکر ہر قسم کا | کر رہے تھے بحث ہر مضمون پر
باتوں باتوں میں کہا سیاح نے | مَیں عرب میں بھی رہا ہوں سال بھر
سُنکے یہ بات اور تو سب چُپ رہے | سب نے اُسکا قول سچ سمجھا، مگر
ایک کے دل میں یہ شک پیدا ہوا | کیا تعجب جھوٹ کہتا ہو اگر
اِس سے کچھ حالات واں کے پوچھئے | سوچ کر یہ اُس نے قصہ مختصر
اُن سے پوچھا آپکا ہوتا تھا واں | خدمتِ زمزم میں بھی گاہے گذر
سُن کے اُسکے منہ سے یہ سیاح نے | سمجھا زمزم نام ہے کوئی بشر
بولے جی ہاں اُنکی خدمت میں تو میں | روز حاضر ہوتا تھا وقتِ سحر
آج دُنیا میں نہیں اُنکا جواب | ہے تقدس ختم اُنکی ذات پر
اتنے بوڑھے ہوتے جاتے ہیں بہت | کیوں نہیں ہیں بھی تو ستر سے اُدھر
سن کے یہ سب نے لگایا قہقہہ | اور کہا تم کو نہیں یہ بھی خبر
اِک کنوئیں کا نام ہے زمزم وہاں | آپ یہ سمجھے کہ ہے کوئی بشر
جب نہ بن آئی کوئی معقول بات | تب کہا سیاح نے یوں جھینپ کر
اُس زمانے میں تو تھے وہ آدمی | ہو گئے ہونگے کنوئیں اب کیا خبر

مرثیہ سردار یوسف خان بلوچستانی طالب علم علیگڈھ کالج ۱۸۹۶ء

خشک اور ویران صحرا میں بلوچستان کے — اِک کھلا تھا پھول نازک اور نہایت خوشنما
باغبانِ دہر نے دیکھا نہ ہوگا کوئی پھول — اُس سے بہتر پُر فضا اور دلفریب اُس سے سوا
گلشنِ عالم میں لاکھوں گل کھلے ہونگے مگر — کم ہوا ہوگا کوئی اُس سے زیادہ دلربا
لیکن اُسکے واسطے موزوں تھی وہ سرزمین — وہ گُلِ تر ایسے ریگستاں کے قابل نہ تھا
نامناسب تھی وہانکی خاک اُسکے واسطے — تھا مضر پانی وہاں کا اور مخالف تھی ہوا
کرکے اُسپر غور آخر ایک ذی تدبیر نے — وہاں کے خار و خس سے اُس گل کو علیحدہ کرلیا
سرزمینِ ہند میں اک باغ دیکھا پر بہار — مختلف اقسام کے پھولوں سے جو معمور تھا
بُوئے جنسیت وہاں کی آب و گل میں دیکھکر — اُس گلِ نوخیز کو اُس باغ میں لاکر رکھا
اُس چمن میں کھل رہے تھے پھول رنگا رنگ کے — جنکی بوئے خوش سے تھا سارا جہاں مہکا ہوا
مہرباں تھا باغباں اور بار آور تھی زمین — موسمِ گل جوش پر تھا راس تھی آب و ہوا
چونکہ واں سامان ایسے روح پرور تھے بہم — رات دن ہوتی گئی اُس گل کی شادابی سوا
حسن و خوبی میں ترقی دمبدم ہونے لگی — تازگی بڑھتی گئی ہوتی گئی زائد جلا
حیف چرخِ کینہ ور نے ظلم پر باندھی کمر — کردیا گلشن سے اُسکو وقت سے پہلے جدا
رنگ و بُو نے اُسکے دکھلائے نہ تھے جوہر ابھی — ہونے پایا تھا نہ کامل طور سے نشو و نما
لیگئی قسمت اُسے پھر کھینچکر سوئے وطن — جو کسی پہلو سے اُسکے واسطے موزوں نہ تھا
پھر وہی موجِ بلا انگیز تھی چاروں طرف — پھر اُسی طوفانِ آفت خیز کا تھا سامنا
لیکن اِس گل کو کہاں اُن سختیوں کی تاب تھی — ایک ہی جھونکے میں آخر کار وہ مرجھا گیا
جس چمن میں وہ گلِ رعنا رہا تھا چند روز — آج تک اُسکی جدائی کا ہے وہاں ماتم بپا
گل گریباں چاک ہیں اُسکے غمِ فرقت میں سب — ڈھونڈتی پھرتی ہے ہر سُو کی نکہت کو صبا
ہے یہ مجمل ہی بیاں کافی سمجھنے کے لیے — اِسکے کہنے کی ضرورت کیا کہ وہ گُل کون تھا

جسکی کل مسند نشینی کی سنی تھی خوش خبر
وائے قسمت آج ہم لکھتے ہیں اُس کا مرثیا

لُطف جینے کا اُٹھایا تھا نہ یوسف نے ابھی
اُس کا مرنا ہر طرح بیوقت و بے ہنگام تھا

حسبقدر ارمان دل میں تھے وہ دل میں رہگئے
زیست کا افسوس ہے کچھ بھی نہ حظ حاصل ہوا

رحم آیا اے فلک تجکو نہ اُس کے حال پر
تو نے کس موتی کو خاک و خون میں غلطاں کیا

کسکو دُنیا سے اُٹھایا اے خدا ناترس موت
دل بھر آتا ہے یہ کس سے جہاں خالی ہوا

کونسے تاریک بادل میں چھپا ہے چاند وہ
دفعۃً آنکھوں کے آگے کیوں اندھیرا چھا گیا

اے گلِ مشکیں نفس کیوں آگئی تجھ پر خزاں
اے خزاں اُس پھول کو پامال کیوں تو نے کیا

تیرے مرنیکا زمانہ تھا نہ یوسف خاں ابھی
کھائی ہوتی کوئی دن تو اور دنیا کی ہوا

باغِ عالم میں نہ دیکھی تھی ابھی تیری بہار
ہائے کھلنے بھی نہ پایا تھا کہ تُو مرجھا گیا

داستاں تیری کہے دیتی ہے دلکو پاش پاش
مُنہ کو آتا ہے کلیجا واقعہ سُن کر تیرا

وہ تنِ نازک ترا زخموں سے ہو کر چُور چُور
بے کفن بے گور خاک و خون میں ہوگا پڑا

جان دی ہوگی نہیں معلوم کس تکلیف سے
کیا اذیت ہوگی جب سینے میں دم ہوگا رکا

تیرے قاتل نے نکی بچپن پہ بھی تیرے نظر
جسنے تیرا خون بہایا کون وہ بیدرد تھا

چھوڑ کر کالج چلا تھا جبکہ تو سوئے وطن
ہے ہمارے سامنے اب تک سماں اُس روز کا

وہ دمِ رخصت ترا رو رو کے جانا یاد ہے
دل سے جانیکا نہیں اُس دن کا وہ جانا ترا

کہہ رہی تھیں حسرت آلودہ نگاہیں تیری صاف
ہو رہا ہے تو ہمیشہ کے لیے ہم سے جُدا

اپنے واپس آنے کا آنا نہ تھا تجھ کو یقین
سب تجھے سمجھا رہے تھے اور تو مایوس تھا

کچھ دلاسوں کا نہ ہوتا تھا ترے دل پر اثر
بند ہوتا تھا نہ ہرگز آنسوؤں کا سلسلا

اب یہ ثابت ہو گیا تیرا ہی کہنا تھا درست
تھا غلط جو کوئی کہتا تھا کہ پھر تُو آئے گا

غیر ممکن ہے کہ تجھ کو بھول جائیں جلد ہم
مدتوں ہوتا رہے گا ذکر کالج میں ترا

جس طرح کھیلوں میں اتھا حصہ لیتا تھا تجھے
ایسی ہی علمی ترقی کا بھی تجھکو شوق تھا

سربرآوردہ رہا اسکول میں تو جس طرح
کرکٹ و فٹ بال میں بھی ویسے ہی ممتاز تھا
اب نہ تُو ہے اور نہ کالج میں ترا کوئی نشاں
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سُنا افسانہ تھا

دبنگ

دبنگ ۔ حافظ سراج احمد پھکڑ باشندہ مُراد آباد یہ ایک شعر اُن کا قابلِ اندراج ہاتھ آیا

شیخ جی کا بھی انتقال ہوا
کوئی دنیا میں مستعار نہ رہا

دبیر

دبیر منشی محمد ابراہیم خلف منشی ذوالفقار علی، نکوڑ تحصیل رڑکی ضلع سہارنپور وطن ہے حضرت ظہیر دہلوی سے تلمذ ہے، بارہ تیرہ برس کا عرصہ ہوا حضرت ظہیر جب راقم کی استدعا پر کامل بتیس ۳۲ سال بعد دہلی اپنے وطن دس بارہ روز کے لیئے تشریف لائے اون ایام میں انکا کلام بھی حضرت ظہیر نے تذکرہ کے لیئے عنایت فرمایا تھا اور ارشاد کیا تھا کہ اگرچہ میری شاگردی کو ابھی زیادہ عرصہ نہیں ہوا، تاہم یہ نوجوان ذہین اور طباع اور ہوشیار معلوم ہوتا ہے، اسکے بعد کچھ کلام براہِ راست اور کچھ حضرت ظہیر نے وقتاً فوقتاً ارسال فرمایا جس کا خلاصہ درج ہے انکی عمر اب بیالیس سال کے قریب ہوگی، شعر کا سلیقہ اچھا ہے، اور مذاق پختہ اور سلیم پایا ہے، بندش چست اور تراکیب موزوں اور خوش اسلوب ہوتی ہیں، روزمرہ کی صفائی کے ساتھ نازکخیالی کا لُطف بھی موجود ہے، سنگلاخ اور مشکل زمینوں میں زورِ طبیعت سے اچھے اچھے مزیدار مضمون نکالتے ہیں،

بنے وا ماندگی سے کیوں دُعا کا تیر پتھر کا
مگر کھتا ہے دل وہ کافرِ بے پیر پتھر کا
گرا نبارِ غم کا جب بیاں کرتا ہوں حسرت سے
بنا دیتی ہے سامع کو مری تقریر پتھر کا
کیا ہے قتل مقتل میں ہزاروں بیگناہوں کو
کلیجا رکھتی ہے ظالم تیری شمشیر پتھر کا
صدائے شور و غل زنداں سے اب ہرگز نہ ہیگی
ترا دیوانہ ہو بیٹھا ہے زنجیر پتھر کا
خدایا بت پرست ایسا ہوں اپنی جان تک دیدوں
ذرا مانگے تو منہ سے چہرۂ تصویر پتھر کا
نہ صرف آنکھیں ہی پتھرائی ہیں اے بُت دیکھکر تجکو
سراپا ہو گیا ہوں صورتِ تصویر پتھر کا
اثر صحبت کا ہوتا ہے بلاشک اے بت کافر
بنا دے کیا عجب مجھکو تری تاثیر پتھر کا

اُچٹ جاتا ہے خنجر چلتے چلتے دستِ قاتل سے
بنایا سخت جانی نے نہ شمشیر پتھر کا

نکل آئی ہیں پتھر کی لکیریں سر نوشت اپنی
الٰہی دے مجھے اب ناخنِ تدبیر پتھر کا

داغ کھائے، رنج پائے، غم اُٹھائے، عندلیب
دل لگا کر گل سے کیا پھل پھول پائے عندلیب

دُور ہو کم بخت، بختِ نارسائے عندلیب
گوش گل تک بھی نہ پہنچائی صدائے عندلیب

کون سنتا ہے چمن میں نالہائے عندلیب
ہے عبث نقار خانے میں صدائے عندلیب

اُڑ گیا باغِ خزاں میں طائرِ رنگِ چمن
رہ گیا تکتا ہوا تیرِ دعائے عندلیب

ہمدمانِ چمن کو قیدیوں کی کیا خبر
کون پہنچائے چمن تک نالہائے عندلیب

ایک تو ہے بیوفا تجھ میں نہیں بوئے وفا
دیکھ تو ہر گل ہے پابندِ رضائے عندلیب

یہ غزل اپنی پسند خاطرِ عشاق ہے
ہے دبیر اس میں سراسر ماجرائے عندلیب

کسقدر ہو دلکش و جانکش مقامِ کوئے دوست
چلدیئے دنیا سے ہم سنتے ہی نامِ کوئے دوست

کس طرح رضواں سے ہو نا اہتمامِ کوئے دوست
خلد سے بڑھکر ہے عزو احترامِ کوئے دوست

اے فلک کیا پوچھتا ہے تو مقامِ کوئے دوست
سطحِ عرشِ بریں ہے زیرِ بامِ کوئے دوست

اللہ اللہ ازدحامِ خاص و عامِ کوئے دوست
ہو نہ ہو ہنگامۂ محشر ہے نامِ کوئے دوست

اہتمامِ خلد پر ہے نازِ رضواں کو اگر
دیکھ جائے آکے حسنِ انتظامِ کوئے دوست

سب طرف سے دیدۂ باطن کو جب یکسو کیا
پھر جدھر دیکھا نظر آیا مقامِ کوئے دوست

کر دیا محشر بپا اُسکے خرامِ ناز نے
نفسی نفسی کہہ اُٹھا ہر خاص و عامِ کوئے دوست

ہو مبارک زاہدوں کو نزہتِ گلگشتِ خلد
جھانکتے ہیں اسطرف کنجِ شخرامِ کوئے دوست

تعزیر کے قابل ہیں ابھی اہلِ زمیں اور
پامال انھیں شوق سے کر چرخِ بریں اور

للہ ذرا صبر کر اے جانِ حزیں اور
باقی ہے ابھی ایک دمِ بازپسیں اور

رہتے نہ ترے سائے میں اے چرخِ بریں ہم
اے کاش جو ہوتی کہیں دو ہاتھ زمیں اور

تم آئینہ خانے میں ذرا جا کے تو دیکھو
ہاں پھر بھی یہ کہنا کہ ہمارا سا نہیں اور

جس دل پہ مری جان ترا نام ہے کندہ
بہتر نہیں اُس دل کے نگینے سے نگیں اَور

واہ کیا کہنا ہے اِس گفتار اور رفتار کا
قابل تحسیں ہے نغمہ لائق انعام رقص
جی اُٹھے مردے ہزاروں شوخیٔ رفتار سے
قم باذنی سے بھی بڑھکر کر گیا ہے کام رقص
حرصِ دُنیا ہیچ تو یہ ہے سبکو کرتی ہے خراب
سیم و زر کیواسطے کرتے ہیں سیم اندام رقص

دیکھے ہیں جس کسی نے ترے پیرہن کے پھول
ننگ چمن ہیں اُسکی نظر میں چمن کے پھول
نازک بدن ہیں اتنے کہ اللہ کی پناہ
دشوار ہو گیا اُنھیں اُٹھنا پہن کے پھول
جنت کے سبز باغ دکھاؤ نہ واعظو!
وعدے ہیں آپکے شجرِ کرو فن کے پھول
یا تک اُڑا ہے رنگ چمن تیرے خوف سے
بن بنگئے ہیں لالہ و گل بھی سمن کے پھول
کیوں بات بات میں نہ کھلیں غنچہائے دِل
گویا کہ مُنہ سے جھڑتے ہیں اُس گلبدن کے پھول
کس کی بہار کس کا چمن اپنے وقت پر
ہر شے نظر کے سامنے آتی ہے بنکے پھول
فیضِ بہارِ باغ کلامِ ظہیر سے
کھلتے ہیں لے دبیر نہال سخن سے پھول

اُسکی صورت دلمیں ہے اور دل ہے مٹھی میں مری
میں لیے بیٹھا ہوں تصویر خیالی ہاتھ میں
دستِ مشاطہ میں رہتی ہے تری زلفِ دراز
ہتھکڑی پڑتی نہیں اِس لاؤبالی ہاتھ میں
نان جو بھی ہے بہ تنگدستی میں نعمت اے دبیر
ایک پیسہ اشرفی ہو جائے خالی ہاتھ میں
حالِ دل پُر درد نہ محتاجِ بیاں ہے
سب عرضِ مطالب مری صورت سے عیاں ہے
ہر چند کہ تُو خلق کی نظروں سے نہاں ہے
پر نُور کا جلوہ ترا ہر شے میں عیاں ہے
تو کیا نہیں پہلو میں نہیں دِل بھی ہمارا
ہے جائے تعجب نہ کہیں ہے نہ مکاں ہے
رکھتے تھے جو نخوت سے قدم عرش بریں پر
اب اِنکا زمین پر نہ کہیں نام و نشاں ہے
یہ لیجے نقدِ دل حاضر ہے اور موجود جاں تک ہے
گراں اِس بوسۂ لب کا بہا دیکھیں کہاں تک ہے
آنا ہے تو خدا کے لیئے جلد آ کہیں
آنکھیں لگی ہوئی ہیں یہاں فرشِ راہ سے
حظ تیرہ بختیوں کے وہی جانتا ہے خوب
پالا پڑا ہے جسے تری زلفِ سیاہ سے

بیکسی مفلسی نہیں جاتے سے خالی ہاتھ میں ۔ جام جم بھی ہو تو ہے ساغر خالی ہاتھ میں

ملتے ہیں ہم کسی سے تو ملتے ہیں اے دبیر — اُلفت سے، دوستی سے، محبت سے، چاہ سے
نہ مدفن کا نشاں باقی نہ خاک اُستخواں تک ہے — مٹایا اے فلک تُو نے یہاں تک ہے یہاں تک ہے

خاکساروں سے حذر ہے خاکساری سے گریز — جستجو اس پر ہوس ہے نسخۂ اکسیر کی
مَیں ہمہ تن وقفِ تسلیم و رضا ہوں عشق میں — مِلک ہے سر تیغ کی، جاگیر ہے دِل تیر کی
آپ اپنے ظلم سے رسوائے عالم تم ہوئے — کیا کیا تمنے جو میری نعش کی تشہیر کی
اے دبیر اب ہند میں یکتا ہیں مولانا ظہیر — دھوم تھی اگلے زمانے میں جناب میر کی

دبیر

دبیر۔ امام کعبۂ بلاغت ناظمِ عطارد تحریر حضرت مرزا سلامت علی دبیر مرحوم

خمخانۂ جاوید کا اک جام ہے یہ بھی

اِن باکمال مرثیہ گو کے جدِ اعلیٰ مُلّا ہاشم شیرازی نثار تھے جو مُلّا علی شیرازی کے بڑے بھائی تھے، مُلّا ہاشم کے بیٹے مرزا رفیع متخلص بہ رفیع۔ اُنکے فرزند مرزا غلام محمد مرحوم اُن کے بیٹے مرزا غلام حسین مغفور تھے، مرزا غلام حسین مغفور کے خلف الصدق مرزا سلامت علی دبیر مرحوم تھے، شمس الضحیٰ مطبوعۂ میر عابد علی صاحب میں وہ فرمان بھی ہیں جو شاہانِ دہلی نے مرزا صاحب کے بزرگوں کو لکھے تھے، اور جن فرمانوں سے ظاہر ہے کہ مرزا غلام محمد اور مرزا رفیع و ملا ہاشم شلمان دہلی کے میر منشی سلطنتِ ہندوستان تھے اور میرزا غلام حسین صاحب کے حقیقی [illegible] میرزا عنایت اللہ خاں ابن مرزا ابو ظفر خاں ناظم صوبۂ کشمیر کے تھے اور میرزا غلام حسین صاحب کے ماموں مرزا استہامت علی خاں شاہزادگانِ دہلی کے اتالیق اور خطِ نستعلیق لکھوانے پر مامور تھے۔

مرزا دبیر مرحوم کے والد ماجد (مرزا غلام حسین مرحوم) نے دہلی کے چند مرتبہ تاخت و تاراج ہو جانے کے بعد دہلی سے لکھنؤ میں آکر سکونت اختیار فرمائی اور اثاث البیت بیچکر شادی بھی لکھنؤ میں کی۔ مکانات بھی یہیں بنوائے جو اب تک محلّہ نخاس میں موجود ہیں اور آج وہ محلہ کوچۂ دبیر کہلاتا ہے، بعد شادی کے دہلی میں کسی قدر اطمینان ہو جانے پر

پھر مرزا غلام حسین مرحوم دہلی میں تشریف لیگئے، اور دہلی میں سات آٹھ برس تک متوطن رہے انکا مکان بلّی ماروں کے محلّہ میں تھا۔ وہیں مرزا دبیر مرحوم کی دو بڑی بہنیں اور اُنکے بڑے بھائی مرزا غلام محمد، نظیر مرحوم پیدا ہوئے آور ۱۱ جمادی الاولی ۱۲۱۸ھ کو دہلی ہی میں وہ آفتاب برجِ کمال طلوع ہوا جسکو آج تمام ملک "مرزا دبیر" مرحوم کہتا ہے، مرزا دبیر مرحوم کی ذات پر دہلی کو بھی اُسی طرح فخر حاصل ہے جس طرح لکھنؤ کو، مرزا دبیر پانچ سات برس کے تھے کہ انکے والد مرحوم پھر لکھنؤ مع اہل وعیال کے آئے اور اپنے انہیں تحاس والے مکانات میں رہے، اور یہ مستغنی المزاج بزرگ مدّۃ العمر خانہ نشین ہی رہے، یہ بھی قابل ذکر امر ہے کہ مرزا دبیر صاحب کو میر انشاء اللہ خان مرحوم کی نواسی بیاہی ہوئی تھیں، مرزا دبیر مرحوم کی ابتدائے مرثیہ گوئی ۵ سالے کہ نکوست از بہارش پیدا، ۱۲ برس کی عمر میں کہ مرزا صاحب ابھی درس وتدریس میں مشغول تھے، انکو شعر گوئی کا شوق ہوا۔ مگر اکثر مناقب بزرگانِ دین کہتے تھے انکے والد ماجد میر مظفر حسن ضمیر (مرحوم) کی خدمت میں ان (مرزا صاحب) کو لیکر پہنچے۔ کلام کی فرمایش پر یہ قطعہ مرزا دبیر نے پڑھا ؎

کسی کا کندہ نگینے پہ نام ہوتا ہے	کسی کی عمر کا لبریز جام ہوتا ہے
عجب سرا ہی یہ دنیا کہ جس میں شام وسحر	کسیکا کوچ کسی کا مقام ہوتا ہے

یہ قطعہ سُن کر تمام حاضرین اور خود میر ضمیر پھڑک گئے، اور میر ضمیر مرحوم نے ارشاد فرمایا کہ صاحبزادہ تم آیا کرو میں تم کو ضرور بتاؤں گا۔ میر ضمیر ہی نے دبیر تخلص مقرر کیا۔ اور مرزا دبیر مغفور کو ایک قدرتی نیچرل شاعر پاکر دل لگاکر خوب بنایا، ادہر مرزا صاحب کا سلسلۂ درس برابر جاری تھا، یہ بات تمام لکھنؤ میں مشہور ہے کہ مرزا صاحب نے باقاعدہ تحصیل علم فرمائی تھی اور عالم وفاضل جید تھے۔ ادھر علم کی قوت اُدھر طبیعت کی تیزی۔ ان سب پر طُرّہ لکھنؤ کے باکمالوں کی صحبتیں، رات دن کے علمی مباحثے۔ ان سب باتوں نے مِل جُلکر مرزا دبیر کو چند برسوں میں ایک شاعر کامل بنا دیا۔ سولہ سترہ برس کی عمر میں

ہی مرزا دبیر کا شہرہ ہوگیا، اور اب میر ضمیر صاحب نے یہ شیوہ اختیار فرمایا کہ جو کوئی اُن کا شاگرد کوئی تصنیف اصلاح کے لئے انکو دیتا وہ اول مرزا صاحب کو دیدیتے اور فرماتے کہ بھئی سلامت علی اول تم اسکو دیکھ کر عیوب سے پاک کردو۔ جو کوئی عیب انکی نظر سے رہجاتا اُسکو میر ضمیر مرحوم خود نکال دیتے تھے، مرزا صاحب کے علم اور نیک نفسی اور خلق و انکسار اور مہمان نوازی نے اِنکو اور بھی چمکایا اور ایسی شہرت ہوئی کہ اب دبیر کا نام لوگ چار مشہور مرثیہ گویوں، ضمیر، خلیق، فصیح۔ دلگیر، کے ساتھ لینے لگے، چنانچہ اس بات کی شاہد عادل مرزا رجب علی بیگ سرور مغفور کے فسانۂ عجائب کی مندرجہ ذیل عبارت ہے۔ یہ کتاب عہد غازی الدین حیدر و نصیر الدین حیدر شاہان اودھ میں تصنیف ہوئی ہے۔ اُس زمانہ تک کے تمام مشہور مرثیہ گو اس مختصر عبارت میں آگئے یہ سرور کا کمال قابلِ داد ہے۔

وہ عبارت یہ ہے

"مرثیہ گو بے نظیر، میاں دلگیر، صاف باطن نیک ضمیر، خلیق، فصیح، مرد مسکین، مکروہات زمانہ سے کبھی فسردہ نہ دیکھا، اللہ کے کرم سے ناظم خوب، دبیر مرغوب، سکندر طالع بصورت گدا، بار احسان اہل دول کا نہ اُٹھایا، عرصۂ قلیل میں مرثیہ و سلام کا دیوان کثیر فرمایا"

مرزا صاحب کی شہرت کا چرچا سُن کر نواب غازی الدین حیدر (اول شاہان اودھ) نے انکو یکایک بُلوا کر اپنے عزاخانہ خاص میں سُنا۔ مرزا صاحب نے رباعیوں کے بعد اور مرثیہ سے پہلے یہ مطلع فی البدیہ کہکر پڑھا۔

واجب ہے حمد و شکر جناب اِلٰہ میں	فضلِ خدا سے آیا ہوں کس بارگاہ میں
مجھ سا گدا، اور انجمن بادشاہ میں	چرچا یہ لوگ کرتے ہیں اسوقت راہ میں

ذرے پہ چشم مہر ہے مہرِ منیر کو
حضرت نے آج یاد کیا ہے دبیر کو

تھوڑے دنوں میں مرزا صاحب کا اسقدر شہرہ ہوگیا کہ بڑے بڑے رئیس اور شہزادے

اِنکے مکان پر حاضر ہوتے تھے، ادھر محلات میں کئی بیگمیں اور شہزادیاں اِنکی شاگرد ہوگئیں جن میں سے ایک نواب ملکہ زمانیہ زوجۂ نواب نصیر الدین حیدر شاہِ اودھ اور دوسری سلطان عالیہ دختر نواب ملکۂ زمانیہ اودھ تھیں، یہ دونوں شاہزادیاں مرزا صاحب کو ابّا جان کہتی تھیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ محلاتِ شاہی کی زبان قابل سند ہے اور درحقیقت ہے مگر مرزا صاحب کی زبان کا کمال یہ ہے کہ محلاتِ شاہی میں جب کسی لفظ یا محاورہ روزمرّہ کے متعلق بحث ہوتی تھی تو کلام مرزا صاحب سے سند لی جاتی تھی یا اُسکے فیصلہ کا حصر مرزا صاحب پر رکھا جاتا تھا، اِس شہرت سے جسقدر مرزا صاحب کو فائدہ پہنچا اُتنا ہی حاسدوں کا حسد بڑھتا گیا، یہاں تک کہ میر ضمیر کے بعض شاگردوں نے چاہا کہ اُستاد اور شاگرد میں ناچاقی ہوجائے، اِس اجمال کی تفصیل میر محمد رضا صاحب ظہیر لکھنوی (ارشد تلامذہ مرزا دبیر مرحوم) کی زبانی جو اُن تمام مجالس وغیرہ میں شریک تھے اور جنہوں نے تنقید آبجیات مرزا دبیر کے واقعات میں ۱۳۰۳ھ میں لکھی ہے) یہ بیان کرتے ہیں کہ مہاراج سیوہ رام افتخار الدولہ (لکھنؤ کے ایک نومسلم فیاض رئیس) نے ۱۹ ماہ شعبان کو میر ضمیر اور مرزا دبیر سے اصرار کیا کہ بجے اکیسویں ماہِ رمضان کی مجلس میں آپ دونوں صاحب نیا مرثیہ کہہ کر پڑہیں، دونوں صاحبوں نے وعدہ کرلیا کہ بشرطِ فرصت نیا مرثیہ کہیں گے، مرزا صاحب نے کہ اُنکی مشق اُس زمانہ میں مثل شباب کے زوروں پر تھی۔ رات بھر میں ایک نیا مرثیہ کہا جس کا مطلع یہ ہے "وہ ذرّہ ہے آفتاب درِ بوتراب کا"، ۲۰ کو علی الصباح میر ضمیر مرحوم کی خدمت میں حاضر ہوکر پوچھا، حضور نے کچھ فکر فرمائی۔ فرمایا کہ مجکو اتنی فرصت کہاں؟ ایک پہلے کا کہا ہوا مرثیہ ہے، اُس میں چند بند نئے کہکر لگا لئے ہیں اور مطلع بدل لیا ہے وہی پڑھ دونگا، مرزا صاحب نے اپنا مرثیہ پیش کیا۔ دیکھکر بہت خوش ہوئے، مرزا صاحب نے عرض کی یہ سب حضور ہی کا فیض ہے اِسے آپ پڑھیں۔ میں کچھ عذر کردوں گا اصرار کے بعد میر ضمیر نے منظور کرلیا، اور یہ قرار پایا کہ فضائل کا حصہ مرزا دبیر پڑہیں اور مصائب کا

حصہ میر ضمیر مشہور ہے کہ میر عابد علی بشیر شاگرد ضمیر نے عین مجلس میں میر ضمیر کو مرزا دبیر کی طرف سے بھڑکا دیا، مرزا صاحب نے چند رباعیاں پڑھکر وہی نیا مرثیہ شروع کیا، اہل مجلس نے تعریفوں کے پھول نثار کئے۔ جہاں تک استاد کا حکم تھا وہیں تک پڑھکر منبر سے اُترے میر ضمیر صاحب منبر پر تشریف لیگئے اور یہ فرماکر کہ یہ مرثیہ انھیں کا ہے میرا نہیں کسی پرانے مرثیہ کے چند بند اور نثر کے کچھ فقرے پڑھے اور منبر سے اُتر آئے، بعد مجلس دو خلعت دونوں صاحبوں کیواسطے آئے، میر ضمیر صاحب نے اپنی خلعت پر ٹھوکر مار کر فرمایا کہ اُٹھالے جاؤ، اور اُٹھ کھڑے ہوئے، مرزا صاحب نے بھی یہ فرماکر کہ جو اُستاد کے فائدہ پر اپنے فائدہ کو مقدم رکھتے ہیں اُسکو ملعون جانتا ہوں خلعت پھیر دیا۔

اب زمانے نے دوسرا پلٹا کھایا، میر ضمیر صاحب کے اکثر شاگرد نظم و نثر میں مرزا صاحب پر حملے کرتے تھے اُنھیں میں سے کسی صاحب کا یہ مصرع آجتک مشہور ہے ؎ بنام دبیر فلکِ پیر مٹا دوں" ہر مہینے کی گیارہویں کو مرزا صاحب اپنا نیا مرثیہ کہکر پڑھتے تھے چنانچہ اُسی زمانے کا اُنکے ایک سلام کا شعر ہے۔

نیا مرثیہ نظم ہوتا ہے ہر ماہ		دبیر اسکو سمجھو مہینا ہمارا	

مرزا صاحب کا کوئی شاگرد میر ضمیر صاحب کے کسی شاگرد کی بدزبانی مرزا صاحب سے بیان کرتا تھا تو وہ اُسکو جواب دیتے تھے کہ تم سخت بات کا ہمیشہ نرم اور ملائم جواب دو اور اصل واقعہ سمجھا دو۔ حیاتِ مستعار باقی ہے تو یہ سب شورشیں اور سوزشیں مٹ جائینگی چند سال یہی عالم رہا، اور اس درمیان میں مرزا صاحب کی شہرت کمال بڑھتی گئی یہانتک کہ وزیر شاہ اودھ نواب علی نقی خان مرحوم کی مجلس میں مرزا صاحب نے مرثیہ پڑھا سامعین مجلس میں تمام شاہزادے اور اکثر حکام اور معززین موجود تھے جن میں سے میر ضمیر صاحب بھی ایک سامع تھے، اثنائے مجلس میں جب حضور عالم (وزیر ممدوح) نے باآواز بلند تعریف فرمائی، تو مرزا صاحب نے میر ضمیر کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ یہ سب

تصدق جناب استاد کا ہے، بعد مجلس میر ضمیر صاحب نے مرزا صاحب کو اٹھکر گلے سے لگا لیا، اور وہیں سے اپنے گھر لے گئے، اگلی پچھلی باتیں دوہرائی گئیں، میر عابد علی بشیر کی خطا ثابت ہوئی۔ میر ضمیر صاحب نے فرمایا کہ اب یہ شخص اس لائق نہیں کہ ہمارے یہاں آئے مرزا صاحب نے دست بستہ عرض کیا کہ انکی خطا بھی میری خطا کے ساتھ معاف فرمایئے میر ضمیر صاحب نے سکوت فرمایا اور نادم ہوئے۔ اور اسکے بعد میر ضمیر صاحب کی گھر کی مجلس میں ہمیشہ مرزا صاحب پڑھتے رہے یہانتک کہ میر ضمیر صاحب کی سوم کی مجلس میں بھی مرزا صاحب نے مرثیہ پڑھا۔ میر عابد علی بشیر مرحوم بھی اپنا کلام مرزا دبیر مرحوم کو دکھلانے لگے اور مرزا صاحب کے خیر خواہ شاگرد ہو گئے تھے۔ مرزا صاحب کے مقابلہ پر جن شاعروں نے علم شہرت بلند کرنا چاہا اُن میں صرف میر انیس کو فروغ حاصل ہوا مرزا صاحب کی خوش فکری کا زمانہ سترہ برس کے سن سے ۱۲۳۵ھ میں شروع ہوا۔ اس کے کامل ۲۳ برس بعد یعنی ۱۲۵۸ھ میں جب مرزا دبیر کی چالیس برس کی عمر تھی میر انیس فیض آباد سے لکھنؤ آئے، حضرت امجد علیشاہ کا زمانہ تھا، یہ میر خلیق کے فرزند رشید تھے جو عناصر اربع مرثیہ گوئی کے ایک عنصر لطیف تھے، اُس وقت رزمیہ مرثیہ گو صرف مرزا ضمیر۔ میر فصیح، اور میرزا دبیر تھے، اپنے والد کی تحریک پر انھوں نے رزمیہ مرثیہ گوئی شروع کی۔ اور اسکے ساتھ ہی منبر پر بیٹھنا بھی شروع کیا۔ واقعات انیس میں درج ہے کہ میر انیس خود اس امر کے معترف تھے کہ انکے لکھنؤ آنے کے وقت میرزا دبیر کا لکھنؤ میں اچھا شہرہ تھا۔ میر انیس مرحوم میرزا دبیر کے ہم سن بھی تھے، اور لکھنؤ میں آتے ہی اُن کے فروغ کا بڑا باعث یہ ہوا کہ اکثر شرفا نواب زادے جو اُنکے والد کے شاگرد تھے اُنکے طرفدار تھے، لکھنؤ والوں کو بالمقابل کاملوں کی تعریف کرنے میں مزا بھی آتا تھا، اس لیئے دو فریق "انیسیے" اور "دبیریے" مشہور ہو گئے اور انکے روبرو بقیہ مرثیہ گو ماند ہو گئے۔

مرزا صاحب کے اکثر ہمعصر علما اور کمالات نے اُنکی تعریف کی ہے، مثلاً مسمّیٰ بالعلما مفتی

میر عباس "عشرۂ کاملہ" میں انیس اور دبیر کی نسبت لکھتے ہیں "دونوں صاحبوں کا مذاق جُدا جُدا ہے ایک کو دوسرے پر ترجیح نہیں دیجا سکتی، میر صاحب کا کلام فصیح و شیریں ہے اور مرزا صاحب کا دقیق اور نمکین ہے ؎ ہر پھول کی خوشبو ہے جُدا رنگ جُدا ہے"

اسی طرح شمس العلماء مولوی سید حامد حسین نے ایک مجمع میں مرزا صاحب کی مندرجۂ ذیل ٹیپ

طے ہر قدم پر ایک مہینے کی راہ تھی	رویت ہلالِ نعل کی سُم پر گواہ تھی

سُنکر فرمایا کہ کسی عرب و عجم نے بھی آجتک یہ مضمون اس خوبی سے نہیں باندھا، اسی طرح تدبیر الدولہ اسیر لکھنوی اور منشی امیر مینائی دونوں کا بیان تھا کہ ہم انیس اور دبیر دونوں کو اُستاد مانتے ہیں اور ایک کو دوسرے پر علانیہ ترجیح نہیں دے سکتے۔ قدر دانی کمال کے متعلق یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ ۱۲۹۱ھ میں مرزا دبیر نابینا ہو گئے تھے، حضرت واجد علیشاہ طاب ثراہ کلکتہ ٹیلیا برج میں تشریف فرما تھے کہ ایک جرمن کا ماہر آنکھیں بنانے والا ڈاکٹر اُن کا ملازم ہوا، بادشاہ کے اشارے سے ایک رفیق نے مرزا صاحب کو لکھا کہ بادشاہ کی خواہش ہے کہ اگر آپ یہاں آئیں تو آپکی آنکھیں بنوا دی جائیں۔ چنانچہ مرزا صاحب کلکتہ گئے اور نواب مؤنس الدولہ مصاحب شاہ جمجاہ کی کوٹھی پر مہمان ہوئے اور آنکھیں بنوائیں اور عرضداشت متضمن اطلاع شاہ جمجاہ کو بھیجی، اُس کی پیشانی پر شاہ ممدوح نے یہ شعر لکھا۔

گر بر سر و چشم من بیائی	بر قلب نہم کہ کیمیائی

۲۵ ذی الحجہ ۱۲۹۱ھ کو پھر سلطانخانۂ مبارک اور سلطین آباد کے امام باڑہ میں مرزا دبیر سے ملاقات ہوئی اور سلطانِ عالم نے مرزا دبیر کی تعریف اپنے مرثیہ میں فرمائی جس میں سے ایک ٹیپ مشہور ہے۔

بچپن سے اسکے دامِ سخن میں اسیر ہوں	میں کمسنی سے عاشقِ نظمِ دبیر ہوں

جبتک سلطنتِ اودھ قائم رہی باہر کے اُمرا باصرار مرزا صاحب کو بلاتے رہے مگر مرزا صاحب نے وطن کی مفارقت گوارا نکی، اور یہی جواب کہلا بھیجا کہ ہماری زبان کے سمجھنے والے دہلی

اور لکھنؤ کے باہر کہاں ہیں؟ مگر غدر ۱۸۵۷ء کے دو برس بعد نواب امام باندی بیگم صاحبہ کی طلب پر پٹنہ عظیم آباد تشریف لیگئے۔ اور پھر ہر سال وہاں جاتے رہے وہاں جو پہلی مجلس میں مرثیہ پڑھا اُس سے قبل مندرجۂ ذیل رُباعی بھی پڑھی جس سے اُنکے دلی خیالات ظاہر ہوتے ہیں۔ ؎

جو پھول کبھی نہ بوستاں سے نکلے	اِس دَور میں جورِ آسماں سے نکلے
صد شکر کہ شہرِ لکھنؤ جنت تھا	آدم ٹھہرے جو ہم جہاں سے نکلے

بالآخر ۳ محرم ۱۲۹۲ھ کو لکھنؤ میں مرزا صاحب نے انتقال فرمایا، اور اپنے ہی مکان میں دفن ہوئے، آپکے صاحبزادے حضرت آوج بڑے باکمال مرثیہ گو ہیں، اُنکی خدمت میں راقم کو بمقامِ لکھنؤ دو بار نیاز حاصل ہوا تھا۔ ہنگامِ مُلاقات حضرت نے بکمال توجہ جناب دبیر کے حالات بھی سُنائے تھے۔ مندرجۂ بالا حالات کے لیئے راقم منشی افضل حسین ثابت کا مشکور ہے جنھوں نے ایک پُورا رسالہ موسوم "خمخانۂ جاوید کا اک جام ہے یہ بھی" مرزا دبیر کے حالات میں بھیجکر خمخانۂ جاوید سے اپنی دلچسپی کا ثبوت دیا +

ہم طالعِ ہمامِ اوسم رسا ہُوا	طاؤس کلکِ مدح اُڑا اور رُما ہوا
مطلع ہمارا مطلعِ مہرِ سما ہُوا	اور دوحۂ کلام سراسر ہَوا ہوا
مصرع ہوا کہ سرو وہ دارِ سلام کا	عطرِ گلِ اِرم ہوا حاصلِ کلام کا
دِل کو پئے جمع زر پریشاں نکیا	سر کو شستہ بھر سامان نکیا
ہم تو ہیں ترے شکر گزار اے گردوں	احسان کیا جو ہم پہ احسان نکیا
بلبل یہ زمانہ ایک گل کا نہ ہوا	محکوم ائمہ و رسل کا نہ ہوا
بندوں کو عبث خیالِ یکتائی ہے	اللہ پر اتفاق کُل کا نہ ہوا

امام زین العابدین کی بیکسی۔ قید خانہ کا فوٹو

عابد نے سوائے خاک بستر نہ رکھا	تپ میں سر بالینِ شفا سر نہ رکھا

زندان میں نبض ہتھکڑی نے دیکھی | جز داغ کسی نے ہاتھ دل پر نہ رکھا

رباعی

کھانے کا مزہ فقط زبانی نکلا | باقی سامانِ عیش فانی نکلا
چاہا تھا کہ ہاتھ دھوئیں دنیا سے دبیر | اتنا بھی نہ اس کنوئیں میں پانی نکلا

نیرنگیٔ دنیا و عبرت

دنیا کا عجیب کارخانہ دیکھا | کس کس کا نہ یاں ہمنے زمانہ دیکھا
برسوں رہا جن کے سر پہ چتر زریں | تربت پہ نہ اُنکی شامیانہ دیکھا

رباعی

مر کر بھی نہ چین زیرِ افلاک ملا | اک تارِ کفن نہ گرد سے پاک ملا
اے خانہ خراب قبر تیری خاطر | کھویا بھی جو نقد جاں تو کیا خاک ملا

رباعی

کس عہد میں تبدیل نہیں دور ہوا | گہہ عدل گہے ظلم گہے جور ہوا
اللہ وہی ہے تو نہ مضطر ہو دبیر | کیا غم جو زمین اور فلک اور ہوا

نمرود کو خدائی کے دعوے سے کیا ملا | بندہ جدا ہوا جو خودی سے خدا ملا

بند

مصرع کے عوض آپ سے طوبیٰ نہیں لیتا | لو جنّتِ اعلیٰ بھی یہ ادنیٰ نہیں لیتا
اب پوچھیے کیا مانگتا ہے کیا نہیں لیتا | میں نام زباں سے کسی شے کا نہیں لیتا
جز نقدِ رضا کچھ مجھے منظور نہیں ہے | خادم ترا، مدّاح ہے مزدور نہیں ہے

رباعی

پہنچا جو کمال کو وطن سے نکلا | قطرہ جو گہر بنا عدن سے نکلا
تکمیلِ کمال کی غریبی ہے دلیل | پختہ جو ثمر ہوا چمن سے نکلا

بند

سمجھے ہیں نامرادی دنیا کو یہ مراد | غم انکے دل میں شاد ہے دل انکا غم میں شاد
ہر عضو میں ہے دل کی طرح سے خدا کی یاد | قرآن پڑھنا ختم ہے ان پر دمِ جہاد
بانوئے جنگ مثلِ ترازو تلے ہوئے | خود رحل زین پہ، گود میں قرآن کھلے ہوئے

بند

تن لوٹتا تھا یاں تو تڑپتا تھا سر اُدھر | زخمی پدر ادھر تھا تو بیجاں پسر اُدھر
اک بیجو اس طرف اک بے خبر اُدھر | دریا لہو کا بہتا تھا ان میں ادھر اُدھر

اِس نہرِ خوں میں سر جو دبیرؔ اُنکے گرتے تھے | | مثلِ حباب چاروں طرف بہتے پھرتے تھے

بیٹھے کر خاک پہ غلطاں ہوئے وہ دونو یتیم | بند | لپٹا یوں بھائی سے بھائی کہ ہلا عرشِ عظیم
تیغ چمکانے لگا بچوں کے سر پر وہ لئیم | | اُٹھ کے تعظیم سے کی دونوں نے جھک کر تسلیم
خوف سے بند تھے مُنہ بات نکی جاتی تھی | | استخوانوں سے لرزنے کی صدا آتی تھی

غزل کمیابِ میرزا دبیر منقول از مجموعہ مرسلہ

دفن کرنا مجھکو کوئے یار میں | | قبر بلبل کی بنے گلزار میں
اپنے یوسف کا عزیز و ہوں غلام | | چاہے مجھکو بیچ دے بازار میں
سر مرا لٹکا کے قاتل نے کہا | | پھل لگا ہے آج نخلِ دار میں
گرمیٔ خوں کی مری تاثیر دیکھ | | پڑ گئے چھالے تری تلوار میں
سر کے کٹنے کا مجھے کچھ غم نہیں | | خم نہ پڑ جائے تری تلوار میں
قبر میں روزن مری رکھنا ضرور | | مر گیا ہوں انتظارِ یار میں
میرا مرنا سُنکے گھر شادی ہوئی | | خون کے چھاپے لگے دیوار میں
بعد مردن میرے لاشے کو دبیرؔ | | دفن کرنا کوچۂ دلدار میں

رحمت کا تری اُمیدوار آیا ہوں | رباعی | مُنہ ڈھانپے کفن سے شرمسار آیا ہوں
چلنے نہ دیا بارِ گنہ نے پیدل | | تابوت میں کاندھوں پہ سوار آیا ہوں
ناداں کہوں دلکو کہ خردمند کہوں | // | یا سلسلۂ وضع کا پابند کہوں
اِک روز خدا کو مُنہ دکھانا ہے دبیرؔ | | بندوں کو میں کس مُنہ سے خداوند کہوں
خیالِ کربلا ہے، اور میں ہوں | | بہشتِ جاں فزا ہے، اور میں ہوں
چُنوں موتی بیابانِ نجف کے | | یہ دُرِّ مدعا ہے، اور میں ہوں
مثالِ دانہ پستا ہوں شب و روز | | فلک کی آسیا ہے، اور میں ہوں
صفِ دشمن سے حر نکلا یہ کہکر | | بس اب راہِ وفا ہے، اور میں ہوں

دعا بھی مال و دولت کی نہ مانگوں
ہمیشہ یہ دعا ہے اور میں ہوں

تمنا دولت و حشمت کی بے جا
دبیر آخر فنا ہے اور میں ہوں

ہے عکس گیسو و رخ اکبر کہاں کہاں
سنبل کہاں کہاں ہے گل تر کہاں کہاں

گلزار میں، جناں میں، ختن میں، تتار میں
پھیلی ہے نکہت گل حیدر کہاں کہاں

فرق عدو میں سینہ میں جوشن میں زین میں
در آئی ذوالفقار دوپیکر کہاں کہاں

بستی میں جنگلوں میں، ترائی میں کوہ میں
شہ کو لیے پھرا ہے مقدر کہاں کہاں

اس کشت روزگار میں تخم لبت نہیں
اس بوستاں کے پھولوں میں بوئے وفا نہیں

اس بزم کے چراغوں میں نور و لا نہیں
اس بحر کے صدف میں دُرِ مدعا نہیں

گھر کونسا بسا کہ جو ویراں نہ ہو گیا
گل کونسا ہنسا کہ پریشاں نہ ہو گیا

اگر وہ غیرت شمشاد جائے سیر گلشن کو
گلوئے سرو میں پہنائے قمری طوق گردن کو

چمن کی بے ثباتی پر جو اس کا دھیان جاتا ہے
تو کیا روتی ہے شبنم منہ پہ رکھکے گل کے دامن کو

رواں کرتا تھا خنجر گاہ گاہے روک لیتا تھا
عجب ناز و ادا سے اُسنے کاٹا میری گردن کو

میں کشتہ ہوں کسی گل کے مسی آلودہ دندان کا
چڑھانا باغباں تربت پہ میری برگ سوسن کو

دلا ان تنگ چشموں سے نہ چشم رحم تو رکھیو
کسی کے حال پر روتا نہ دیکھا چشم سوزن کو

سواد نامۂ اعمال کیا یہ اشک دھوئیں گے
نہ شبنم نے کیا تبدیل رنگ برگ سوسن کو

دبیر آئیگا کب وہ بھول کر گور غریباں پر
جو اکثر روندتا تھا ناز سے پھولوں کے خرمن کو

آتے تھے جوڑ توڑ غضب تیغ تیز کو
سر سے گری جدا کیا پائے گریز کو

اپنے سے گرم دیکھ کے اُس شعلہ ریز کو
برق و شرر نے نذر کیا حبت انگیز کو

گھر اپنا اُجاڑ کر بسایا تجھکو
ڈھانپا جو کفن سے منہ دکھایا تجھکو

اے قبر کہاں کہاں نکی تیری تلاش
جب خاک میں ملگئے تو پایا تجھکو

ادنی سے جو سر جھکائے اعلیٰ وہ ہے
جو خلق سے بہرہ ور ہے دریا وہ ہے

کیا خوب دلیل ہے یہ خوبی کی دبیر
سمجھے جو بُرا آپ کو اچھا وہ ہے
گلشن میں صبا کو جستجو تیری ہے
بلبل کی زباں پہ گفتگو تیری ہے
ہر رنگ میں جلوہ ہے تری قدرت کا
جس پھول کو سونگھتا ہوں بُو تیری ہے

بُوگل نے زنگ لالہ نے سرعت ہوا نے دی
یہ ہدیہ کیا ہے اپنی نیابت قضا نے دی
دِل کو مرے شغل غمگساری کا ہے
غفلت میں طور ہوشیاری کا ہے
گردوں کو ہے اگر سرکشی کا غرہ
ہمکو بھی غرور خاکساری کا ہے

یاں شور وہاں غل اودھر آئی اُدھر آئی
وہ چمکی، وہ تڑپی، وہ چھپی وہ نظر آئی
وہ تیر گئی خود میں وہ سر میں در آئی
گردن سے بڑھی سینہ لیا تا کمر آئی
سن اُسکا گھٹا تھا جو دلیرانہ بڑھا تھا
مُنہ کی وہی کھاتا تھا جو منہ اُسکے چڑھا تھا

چمکی جو خود سر پہ تو سر سے نکل گئی
شانے پہ جو پڑی تو جگر سے نکل گئی
سینے میں دم لیا تو کمر سے نکل گئی
حیراں تھا خود بدن کہ کدھر سے نکل گئی
اُونچی ہوئی تو فرق عدو کو فرو کیا
گر کر اُٹھی تو اکب و مرکب کو دو کیا

رباعی
جو پھول کبھی نہ بوستاں سے نکلے
اِس دور میں جو آسماں سے نکلے
صد شکر کہ شہر لکھنؤ جنت تھا
آدم ٹھہرے جو ہم جہاں سے نکلے

عباس کے غم سے چشم سرور نم تھی
حالت شہ بیکس کی عجب اُس دم تھی
اشک آنکھوں میں اور زباں پہ عباس کا نام
رُخ زرد، کمر پہ ہاتھ، گردن خم تھی

اے ابر تری گہر فشانی کیا ہے؟
آ، دیکھ کہ یہ دُرِ معانی کیا ہے
یاں گل ہے چراغ انوری کا بالکل
اے شمع تری چرب زبانی کیا ہے

بند
اے جل شانہ، وہ غفور الرحیم ہے
ہم سب ہیں درد مند وہ کامل حکیم ہے
رحمان و مستعان و رؤف و رحیم ہے
اُسکے سوا بھلا کوئی ایسا کریم ہے
ایمان بھی دے مُراد بھی دے عز و جاہ بھی
روزی بھی بخشے۔ خلد بھی بخشے گناہ بھی

جز حیف کیا جہاں سے سلیمان لے گئے
شاہانِ دہر کونسا سامان لے گئے

کن قافلوں کو خاک نہ اس راہ نے کیا

یہ سُن کے مطمئن ہوئے وہ غازی و غنی
تو کان کی مڑی، نہ پھری مُنہ پہ مُردنی
مرتے ہوئے غضب کی دلیری دکھاتے تھے

مجرئی ہے سوگوار ماہِ حیدر چاندنی
تا کمالِ چار دہ معصوم روشن سب پہ ہو
شمر نے چاہا کہ حضرت سے جُدا عباس ہوں
مال و زر کا کیا بھروسہ چاہیئے فکرِ مآل
ثابت شر و آفت سے شرافت نہیں ہوتی

پیشِ اُمرا طالبِ زر جھکتے ہیں
سنجیدہ ہیں یہ لوگ ترازو کی طرح

دریا پہ تو ظاہر میں علمدار گئے
تھا بیچ میں دریائے شہادت حائل

جز حیف کیا جہاں سے سلیمان لے گئے
شاہانِ دہر کونسا سامان لے گئے

کن قافلوں کو خاک نہ اس راہ نے کیا

ہیں وقف ہمیشہ مرے الفاظ و معانی
در دانِ مضامیں پہ نہ کر منع کی تاکید
مضمون نے کرنا ہوں ایجاد ہمیشہ

یُوسف بھی زیرِ خاک سب ارمان لے گئے
سب کچھ وہ لے گئے کہ جو ایمان لے گئے

کن یوسفوں کو غرق نہ اس چاہ نے کیا

منکہ ڈھلا، نہ اشک بہا، وقت جانکنی
پتھرا نا کیسا آنکھ میں دُونی تھی روشنی
رگ رگ سے دم نکلتا تھا اور مُسکراتے تھے

اشکِ شبنم ہیں بکا کرتی ہے شب بھر چاندنی
چودھویں[۱۴] شب کو رہا کرتی ہے شب بھر چاندنی
یہ نہ سمجھا۔ چاند سے چھوٹے گی کیونکر چاندنی
فی المثل ہے چار دن کی اے تو نگر چاندنی
کامل کی یہ پہچان ہے نخوت نہیں ہوتی

سجدے سے سوا مجرے کو سر جھکتے نہیں
ہے مال سو ادھر اُدھر جھکتے ہیں

باطن میں وہ کوثر کے طلبگار گئے
دو ہاتھ میں اس پار سے اُس پار گئے
یُوسف بھی زیرِ خاک سب ارمان لے گئے
سب کچھ وہ لے گئے کہ جو ایمان لے گئے

کن یوسفوں کو غرق نہ اس چاہ نے کیا

ہاں فلزمِ شیریں کا سبھی پیتے ہیں پانی
تو مجتہدِ نظم ہے، فرض اُن پہ ہے تقلید
کہتا ہے سخن حضرتِ اُستاد ہمیشہ

کہنے میں ہے تاثیر خدا داد ہمیشہ | بھولے سے بتا دوں تو رہے یاد ہمیشہ
شکر خدا کہ سرقہ کی حد سے بعید ہوں | ہر مرثیہ میں موجد طرز جدید ہوں
آمد شہِ عادل کی ہے انصاف کی رہبر | خرمن سے شرر بھاگتے ہیں شیشے سے پتھر
بلبل سے قفس، گل سے خزاں، شمع سے صرصر | شبنم سے جو سورج تو کتاں سے مہ انور
نیکی سے بدن، نام سے اب ننگ جدا ہے | توبہ سے شکست آئینہ سے زنگ جدا ہے
ہر جسم سے یہ دبدبۂ شہ کا بیاں ہے | آرام کہاں، ہوش کہاں، جاں کہاں ہے
تن کہتا ہے سب قافلہ دوزخ کو رواں ہے | دوزخ کی ندا ہے نہ یہاں ہے نہ وہاں ہے
اب عقل کہاں ہوش کہاں فوج لعیں میں | سب گرد ہوئے راہ سمند شہ دیں میں
اک دم میں یہ طے کرتا ہے دنیا کی حدیں سب | کیسی وہ حدیں آپ ہے باہر ہے یہ مرکب
خالی ہے رکابوں کی طرح چلنے میں قالب | نقرہ ہے، نہ سبزہ ہے، نہ ابلق ہے نہ اشہب
نام اس کا تصور میں گذرتا نہیں کوئی | شوخی کے سبب رنگ ٹھہرتا نہیں کوئی

درخشاں

درخشاں ماہتاب الدولہ کوکب الملک سید علیخاں بہادر درخشاں ستارہ جنگ منجم شاہی ولد میر مغل لکھنوی شاگرد تدبر الدولہ منشی مظفر علی خاں اسیر لکھنوی اور انکے باختصاص مقربوں میں شامل تھے۔ مشہور سبع سیارہ کے ایک رکن تھے۔ ستاروں کی مزاج شناسی کے ساتھ ساتھ فن سخن کو بھی خوب نباہتے تھے۔ انکی سخن سنجی پر استاد کو بھی ناز تھا۔ جب فتح الدولہ برق نے اپنے ایک خوش فکر شاگرد مرزا محمد رضا، طور کو دربار شاہی میں پیش کیا، تو منشی اسیر نے انکی تذہیب دلوادی۔ خود درخشاں نے مولوی حیدر علی طباطبائی سے جنہوں نے انکا مختصر حال رسالۂ ادیب میں شائع کیا ہے فرمایا تھا کہ میری اور آفتاب الدولہ قلق کی باریابی ساتھ ساتھ ہوئی تھی اور خطاب بھی ساتھ ہی ملے تھے، انتزاع سلطنت کے بعد برق اور درخشاں بادشاہ کے ہمرکاب کلکتہ گئے اور قلق و اسیر لکھنو رہ گئے درخشاں کا انتقال بھی مٹیا برج ہی میں ہوا، بڑے پُرگو اور زود فکر سخنور تھے، دیوان تیار تھا مگر گویا

کی غفلت سے برباد ہوگیا، مولوی علی حیدر نے بڑی کوشش سے کچھ اجزا اشعار ردیف الف کے بٹیارچ میں فراہم کیئے اور مضامین کی صورت میں رسالۂ ادیب میں شائع کرائے جس سے ہماری معلومات اور دستیاب شدہ کلام میں معتدبہ اضافہ ہوا جسکے لئے ہم مولٰنا مذکور کے ممنون ہیں، اُس کا انتخاب درج ذیل ہے، اِنکے تلامذہ میں رئیس الدولہ افسر خوشنویسان شاہی اچھا کہنے والوں میں تھے، روزمرہ بہت صاف لکھتے تھے اور نازک خیالی بھی انکے کلام سے آشکار ہے۔ آپکے اکثر اشعار میں اخلاقی مضامین صفائی سے نظم پائے جاتے ہیں، جو ناسخ کی طرز کے مقلد کے لیئے کچھ آسان بات نہیں، خود بادشاہ اور جملہ شعرائے لکھنؤ اُسی خشک اور بے تاثیر رنگ کے اسیر تھے۔ الغرض تغزل کا دلفریب رنگ اِن کے کلام میں موجود ہے، مضمون کی بندش ایسی چست ہوتی تھی کہ ردیف بول اُٹھتی ہے۔

اب کلام ملاحظہ ہو:

آثارِ صبحِ حشر ہیں شاید کہ اے اجل	میرا چراغِ عمر جو تو نے بجھا دیا
مرنا بھی اہلِ ہوش کا ہے غافلوں کو پند	ہم سوئے تو یاروں کو اپنے جگا دیا
ہم اُس سے نقد بوسے کے اُمیدوار تھے	قیمت میں دل کی یار نے خنجر لگا دیا
کہا یہ ساربان سے نجد کے وادی میں لیلیٰ نے	کہ پہچانا نہیں جاتا ہوا کیا حال مجنوں کا
بہو گی فکرِ معنی آشنا محتاجِ غواصی	گہر افشاں ہے خود دامن سے دریائے مضموں کا
ظلم کرتا ہے کتابی چہرہ	خطِ کوفی میں ہے قرآں میرا
خود پرستی ہے پرستش بت کی	کم نہیں کفر سے ایماں میرا
آدمیت کو فقط جوہرِ انسان جانا	جس میں اخلاق نہ پائے اُسے حیوان جانا
ہمکو یہ فیض ہوا عشقِ رخِ گیسو سے	گبر نے گبر مسلماں نے مسلماں جانا
شر سے نفرت ہے ہمیں خیر سے رغبت ہے ہمدم	کفر سمجھا اسے ہمنے اُسے ایماں جانا
حال ابنائے زماں ہے مثلِ سنگِ آسیا	ایک ہے آرام سے کھاتا ہی چکر دوسرا

نیک پر ہے فوق بد کو بحرِ عالم میں تو کیا
خس نظر آتا ہے مجکو ایک - گوہر دوسرا

کیوں پئے روزی کسی ناکس سے کرتا ہے رجوع
بند کر سکتا نہیں رزقِ مقدر دوسرا

دسترس میرا جو ہو پتھر سے توڑوں آئینہ
دیکھنے پائے نہ تیرا روئے انور دوسرا

ذبح کیا کرتے ہو چھوڑ و باندہ کر پر بام پر
ایک کو دیکھے تو آ بیٹھے کبوتر دوسرا

اے درخشاں جسکے مضمونوں سے ہے روشن اب جہاں
شاہ اختر سا نہیں دیکھا سخنور دوسرا

دریائے محبت کا نہ پوچھو حد و پایاں
جی ڈوب گیا جب مجھے ساحل نظر آیا

نازک ہے فنِ شعر نہایت ہی درخشاں
کہنے سے سمجھنا مجھے مشکل نظر آیا۔

کوئی میرے لیئے ہے دیجو رد خواب
ہمتیں اتنا خیال آیا تو ہوتا

کیا شرف ذات کا گر فیض کا جوہر نہوا
آبِ گوہر سے لبِ خشک کبھی تر نہوا

بخیہ درکار نہیں چشمِ مروت کے لیئے
آستیناز کی وحشت سے کبوتر نہوا

بیشتر حالِ جہاں ہمنے پریشاں دیکھا
گھر ہوا در نہوا، زور ہوا، زر نہ ہوا

بزمِ گلبوئے گل پہنچے سبکروحی سے اُس جا ہم
دکھائے برچھیاں سبزہ جہاں دیوارِ گلشن کا

ہمیشہ رنج میں رکھتی ہے اپنی ہمت عالی
ہمیں ہے دوست کا احسان، گویا ظلم دشمن کا

جامِ مہتی میں صورتِ دستِ سوال تھی
گردن کو اپنی شیشۂ مے نے جھکا دیا

آئی قریب گوشۂ ابرو جو زلفِ یار
اُتری ہوئی کمان پہ چلّا چڑھا دیا

کل وہ جو مجھ کو دیکھ کے بیگانہ بن گیا
میں بھی تو ہوشیار ہوں دیوانہ بن گیا

غفلت پہ اپنی کیوں نہ ہوں خونِ دل ادم
جامِ شرابِ عمر کا پیمانہ بن گیا

رونق فزا ہوا جو درخشاں وہ بت کبھی
آئینہ خانہ رشکِ صنم خانہ بن گیا

جب نگاہِ مست اُسکی غیر پر پڑنے لگی
ہو گیا نابت بہکنا نرگسِ مخمور کا

چارہ سازی خلق کی کرتا ہوں گو درماندہ لو
بے مرمت بیشتر رہتا ہے گھر مزدور کا

کہنے کیواسطے ہیں بہت یار آشنا
لاکھوں ہیں یاں نکلتے ہیں دو چار آشنا

ناحق بھنویں سمجھتے ہیں اغیار آشنا ہوتے نہیں کسی کے طرحدار آشنا
قاتل سے ہے اشارۂ ابروئے ماہِ نو دو دن تو ہو نیام سے تلوار آشنا
کب ہے برادرانِ حقیقی کا اعتماد بے فائدہ بدلتے ہیں دستار آشنا
پوچھوں میں لطفِ بوسہ دُرِ گوشِ یار سے کانوں سے ہو اگر لبِ گفتار آشنا
ہے جائے گریہ حالِ جہانِ خراب کا ہو چشمِ مہر و ماہ پہ دامن سحاب کا
تکیہ پہ لطفِ عارضِ رنگیں کو دیکھنا گویا روش پہ پھول پڑا ہے گلاب کا
کب تک پیوں میں ظلمتِ شب کے لہو کے گھونٹ چھلکائے شیر صبح قدح آفتاب کا
کیا آئینہ میں عارضِ رنگیں کی ہے بہار پانی میں پھول تیر رہا ہے گلاب کا
ہم حلّۂ بہشت پہن کے چلے گئے ڈھونڈا کیا کفن میں فرشتہ عذاب کا
رتبۂ اعلیٰ نہ پائے لاکھ گرادنی پڑھے قدِ آدم آئینہ کس دن سکندر ہو گیا
زخمیِ تیغِ ادا شب بھر تڑپ کر مر گئے چاندنی کا کھیت دو پھولوں کا زیور ہو گیا
زندگی بھر جز ندامت اور کیا حاصل ہوا مجھسے فعلِ نیک یارب تیرے قابل کیا ہوا
غالب ہوئی جو نکہتِ گل پر نسیم زلف غنچوں نے ٹہنیوں میں صبا کو اڑا دیا

وبال اس سر کے کٹنے کا نہ بالا جائے گا دھواں اسکو نہ اے قاتل سمجھنا شمع روشن کا
سکتے میں وہ آئینہ دکھا کر مجھے بولے پتھر پڑیں اے شخص تری بیخبری پر

صدمے سے بچاتی ہے طبیعت کی لطافت پانی پہ کرے کاٹ نہ شمشیر ہوا پر
جو پھول پھینکے مارا رقیبوں نے اسکو لگا ہے رشک کا کاری خدنگ سینہ پر
کس طرح چشمِ شوق کو آئے نظر کمر تارِ نظر سے اسکی ہے باریک تر کمر
معدوم کوئی چیز نہیں پردہانِ یار غائب کوئی جہاں سے نہیں ہے مگر کمر
آیا گرا کے راہ میں گرخطِ شوق کو میرا ہے ہاتھ اور تری نامہ بر کمر
آتا ہے انکو اپنی نزاکت کا جب خیال پاتے نہیں ہیں آپ وہ دو دو پہر کمر

دشتِ غربت میں جلائے خارِ خس نے برگ و بر
منعموں کے واسطے ہے رونقِ کاشانہ شمع

بے گنہ کے سر قلم کرنے پہ ہے کتنا دلیر
ہو اگر حاکم تو لے گلگیر سے جرمانہ شمع

سر برہنہ مو پریشاں چشمِ گریاں سینہ چاک
رکھتی ہے سامانِ رنج و ماتمِ پروانہ شمع

معرکہ میں عشق کے کی سر سے طے راہِ عدم
آفریں ثابت قدم تھی کس طرح مردانہ شمع

ناصحا دیکھ نہ عبث سے سوئے طفلِ پلک
تیری آنکھوں میں کھٹکتے ہیں مجھے پیارے ہیں

نہ ہے اس طرح سنگ آسیا ای چرخ گردش میں
نہ ہے یوں ساغر بادہ سدا اے چرخ گردش میں

یہ یوں تسبیح دست پارسا اے چرخ گردش میں
رہیگا نخمِ اختر تا کجا اے چرخ گردش میں

خاکساری کمال کی ہے دلیل
ہیں جو نافض غرور کرتے ہیں

وعدہ روزِ ازل کچھ یاد ہے
غافلو! آئے کیوں کیا کر چلے

طواف تھا جو کبھی دل کے گرد ہم پھرتے
جما دتھا جو کبھی خونِ آرزو کرتے

درد۔ ملک الشعرا خواجہ میر درد دہلوی خلف الصدق خواجہ میر ناصر عندلیب آپکا مادری سلسلہ خواجہ بہاء الدین نقشبند سے ملتا ہے۔ انکا خاندان قدیم الایام سے دہلی میں پیری مریدی کے باعث نہایت بارسوخ اور صاحب اثر سمجھا جاتا تھا، علوم رسمی سے بخوبی ماہر تھے مشہور مفتی دولت سے مثنوی مولانا روم کے سبق لیئے تھے، آپ نواب ظفر خان بہادر امیر عہد جہانگیر بادشاہ کی اولاد امجاد اور خاندان چشتیہ میں سجادہ نشین تھے۔ شاہ گلشن کے خلیفہ اور علم تصوف و باطنی میں وحید العصر اور یگانہ وقت سمجھے جاتے تھے، کلام انکا نہایت پاکیزہ، فصیح اور درد انگیز ہے اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں دیوان انکے موجود ہیں، میر تقی میر اور سودا کے ہمعصر تھے، خدائے سخن میر تقی میر نے ان کو آدھا شاعر مانا ہے، اسی طرح مرزا رفیع السودا بھی انکے کمال کے مقر تھے جس کا اظہار کئی مقطعوں میں کیا ہے۔ ؎

سودا بدل کے قافیہ تو اس غزل کو لکھ
اے بے ادب تو درد سے بس دو بدو نہ ہو

الغرض میر درد ایوان شاعری کے ایک بڑے جلیل القدر رکن ہیں۔ ہزار ہا آدمی انکے مرید

تھے۔ قدیم متانت اور تہذیب کی ایک مجسم تصویر تھے، یہ صبر و قناعت ہی کا کرشمہ تھا، کہ سودا میر، مصحفی، جرأت، انشا۔ حسرت، سوز، جیسے مشاہیر سلطنت کی تباہی اور رات دن کی غارتگری سے تنگ آکر تلاش روزگار میں دہلی کو خیرباد کہکے بلاد شرقیہ کو روانہ ہوئے۔ مگر انکے پائے استقلال نے جنبش نہ کی اور اپنی خانقاہ میں اسی طرح بیٹھے رہے دنیاوی عزوجاہ کی طرف بھی التفات نہ کیا، اس کا نتیجہ یہ تھا کہ تادم اخیر مرجع صغیر و کبیر رہے دربار شاہی سے کچھ تھوڑی سی جاگیر بزرگوں کی مقرر تھی اُسکی آمدنی اور نذر و نیاز سے بخوبی بسر اوقات ہو جاتی تھی، موسیقی میں چونکہ اچھی مہارت رکھتے تھے اس لیے بڑے بڑے گویئے اور کلانوت اپنی چیزیں بنظر اصلاح و استفادہ سُنایا کرتے تھے، محرم میں مرثیہ اور سوز خوانی کی محفل ہوتی تھی۔ خواجہ صاحب ہر مہینے کی ۲۰ اور ۲۱ تاریخ کو مشائخوں کی محفل کیا کرتے تھے، اور اس میں اکثر اُمرا و بزرگ اپنا فخر سمجھ کر آتے تھے، حتیٰ کہ خود بادشاہ حضرت شاہ عالم ثانی کئی دفعہ تشریف فرما ہوئے، ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت بلا اطلاع چلے آئے، اور چونکہ پاؤں میں درد تھا ضبط نہ کر سکے اور ذرا پاؤں پھیلا دیا، اب خواجہ صاحب کی نازک مزاجی دیکھئے کہ وہ اس بے ادبی کی متحمل نہ ہو سکی اور اُسی وقت بولے کہ "یہ امر فقیر کی واب محفل کے خلاف ہے" بادشاہ نے عذر کیا اور معافی چاہی، جسپر میر درد نے فرمایا کہ "اگر طبیعت ناساز تھی تو تکلیف کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ چھوٹی بحروں میں جو شعر کہتے تھے لاجواب اور بیمثل ہوتا تھا، میر تقی میر کے رنگ میں رنگ ملا دیتے تھے بلکہ تصوف اور اخلاق کی چاشنی کے اعتبار سے انکا کلام زیادہ مؤثر اور دلاویز ہوتا تھا، تصنیف اور تالیف کا شوق بچپن سے رفیق تھا، چنانچہ اُردو دیوان کے علاوہ ایک مختصر فارسی دیوان بھی ہے، ان دونوں کے علاوہ رسالہ اسرار الصلوٰۃ، واردات درد اسکی شرح میں علم الکتاب ایک بڑا نسخہ تحریر کیا جس میں ۱۱ متفرق رسالے ہیں۔ نالۂ درد، آہ سرد، درد دل، سوز دل، شمع محفل، حرمت غنا، وغیرہ جن کی شا بقین تصوف کی نگاہوں میں بڑی

قدر و منزلت ہے اُنکی اور تصانیف ہیں۔ اِن کے والد خواجہ ناصر عندلیب بھی شاعر تھے۔ چنانچہ اُنکا بھی ایک مختصر دیوان اور رسالہ "نالۂ عندلیب" موجود ہے، اسی طرح درد کے چھوٹے بھائی سید محمد میر اثر جن کا ذکر خیر پہلے جلد میں آچکا ہے صاحب دیوان و مثنوی "خواب و خیال" تھے۔ خواجہ صاحب کی غزل عموماً سات یا نو شعر کی ہوتی تھی، مگر مضامین سب چُنے پٹھکے ہوئے، گویا تلواروں کی آبداری نشتروں میں بھر دیتے تھے، البتہ جیسا اِنکے ہمعصر شعرا میر تقی میر، سودا اور درد کے شاگرد رشید قائم کے ہاں بعض الفاظ۔ جاگہ نت، ٹک، تئیں، جیدھر، جواب متروک ہیں مستعمل ہوئے ہیں اِنکے کلام میں بھی وہ پائے جاتے ہیں، اور یہ کوئی عیب کی بات نہیں، ہر عہد اور زمانہ کی زبان جداگانہ ہوتی آتی ہے۔ صفائی زبان، وسوز و گداز، و خوش اسلوبی محاورہ اور مضمون آفرینی پر شید اتھے، ۲۴ صفر ۱۱۹۹ ہجری یوم جمعہ کو انتقال کیا۔ کسی مُرید نے تاریخ کہی "حیف دنیا سے سدھارا وہ خدا کا مجنوں"

مقدور کسے ہے ترے وصفوں کے رقم کا
حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

بستے ہیں ترے کوچہ میں سب شیخ و برہمن
آباد ہی تجھسے ہی تو گھر دیر و حرم کا

ہے خوف اگر جی میں تو ہی تیرے غضب کا
اور دل میں بھروسا ہے تو ہی تیرے کرم کا

کبھی خوش بھی کیا ہے دِل کسی رندِ شرابی کا
بھرا دے مُنہ سے مُنہ ساقی ہمارا اور گلابی کا

اکسیر پر تمھوس اتنا نہ ناز کرنا
ہے کیمیا سے بہتر دل کا گداز کرنا

اے آنسو نہ آوے کچھ دلکی بات لب پر
لڑکے ہو تم کہیں مت افشار راز کرنا

ہم جانتے نہیں ہیں اے درد کیا ہے کعبہ
جیدھر ملے وہ ابرو اُدھر نماز کرنا

مدرسہ یا دیر تھا یا کعبہ یا بتخانہ تھا
ہم سبھی مہمان تھے تو آپ ہی صاحبخانہ تھا

ہو گیا مہمان سرائے کثرتِ موہوم آہ
وہ دلِ خالی کہ تیرا خاص خلوتخانہ تھا

وائے نادانی کہ بعد از مرگ یہ ثابت ہُوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سُنا افسانہ تھا

تجھسی کو جو یاں جلوہ فرمانہ دیکھا
برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا

اذیت، مصیبت، ملامت، بلائیں — ترے عشق میں ہمنے کیا کیا نہ دیکھا
حجابِ رُخِ یار بھی آپ ہم ہیں — کھُلی آنکھ جب کوئی پروانہ دیکھا
کیا مجھکو داغوں نے سروِ چراغاں — کبھو تُو نے آکر تماشا نہ دیکھا
مرا غنچۂ دل ہے وہ دل گرفتہ — کہ جسکو کسو نے کبھو وا نہ دیکھا
یگانہ ہے تو آہ بیگانگی میں — کوئی دوسرا اور ایسا نہ دیکھا
سینہ و دِل حسرتوں سے چھا گیا — بس ہجومِ یاس! جی گھبرا گیا
تجھ سے ہمنے کچھ نہ دیکھا جز جفا — پر وہ کیا کچھ ہے کہ جی کو بھا گیا
پی گئی کتنوں کا لو ہو تیری یاد — غم تیرا کتنے کلیجے کھا گیا
کھُل نہیں سکتی ہیں اب آنکھیں مری — جی میں یہ کس کا تصور آ گیا
ہیں تو کچھ ظاہر نہ کی تھی دل کی بات — پر مری نظروں کے ڈھب سے پا گیا

فلک پر کون کہتا ہے گذر آہِ سحر کرنا — جہاں جی چاہے وہاں جا پر کسی دل میں اثر کرنا

مثلِ نگیں جو ہم سے ہوا کام رہ گیا — ہم روسیاہ جاتے رہے نام رہ گیا
یارب یہ دل ہے یا کوئی مہمانسرائے ہے — غم رہ گیا کہو۔ کبھو آرام رہ گیا
ہم کب کے چل بسے تھے پر اِک مژدۂ وصال — کچھ آج ہوتے ہوتے سرانجام رہ گیا
مدت سے وہ تپاک تو موقوف ہو گئے — اب گاہ گاہ بوسہ بہ پیغام رہ گیا
ساقی مری طرف بھی ٹک اُنکی نگاہ کر — لبتشنہ تیری بزم میں یہ جام رہ گیا

جُگ میں آکر اِدھر اُدھر دیکھا — تُو ہی آیا نظر جدھر دیکھا
اُن لبوں نے نہ کی مسیحائی — ہم نے سو سو طرح مر دیکھا
جان سے ہو گئے بدن خالی — جس طرف تُو نے آنکھ بھر دیکھا

اگر تُوں ہی یہ دل ستاتا رہے گا — تو اِک دن مرا جی ہی جاتا رہے گا
ہیں جاتا ہوں دلکو ترے پاس چھوڑے — مری یاد تجھکو دلاتا رہے گا

کتنے بندوں کو جان سے مارا
کچھ خدا کا بھی تو نے ڈر نہ کیا
سب کے ہاں تم ہوئے کرم فرما
اِس طرف کو کبھو گذر نہ کیا
دیکھنے کو رہے ترستے ہم
نکیا رحم تو نے پر نہ کیا

قتلِ عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا
پر ترے عہد سے آگے تو یہ دستور نہ تھا
رات مجلس میں تری حُسن کے شعلہ کے حضور
شمع کے مُنہ پہ جو دیکھا تو کہیں نور نہ تھا
باوجودیکہ پر و بال نہ تھے آدم کے
وہاں پہنچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا
ذکر میرا تو وہ کرتا تھا صریحًا لیکن
مَیں نے پُوچھا تو کہا خیر یہ مذکور نہ تھا
محتسب آج تو میخانے میں تیرے ہاتھوں
دِل نہ تھا کوئی کہ شیشہ کی طرح چُور نہ تھا

کیا جفا کے سِوا تجھے کچھ اَور
اے ستمگار خوش نہیں آتا
دردِ ہمکو یہ رات دِن تیرا
نالۂ زار خوش نہیں آتا
یک بیک نام لے اُٹھا میرا
جی میں کیا اُسکے آگیا ہوگا

تو اپنے دل سے غیر کی اُلفت نہ کھو سکا
مَیں چاہوں اَور کو تو یہ مجھ سے نہو سکا
جُوں شمع روتے روتے ہے گذری تمام عمر
تو بھی تو دردِ داغِ دِل اپنا نہ کھو سکا

شاہ و گدا سے اپنے تئیں کام کچھ نہیں
لے تاج کی ہوس نہ ارادہ کلاہ کا

تیغ کعبہ ہو کے پہنچا ہم کنشتِ دِل میں ہو
دردِ منزل ایک تھی ٹک راہ کا ہی پھیر تھا

جگ میں کوئی نہ ٹک ہنسا ہوگا
کہ نہ سُننے میں رو دیا ہوگا
دِل کسکی چشمِ مست کا سرشار ہو گیا
کِسکی نظر لگی کہ یہ بیمار ہو گیا

کی تو تھی تاثیر آہ اُتشیں نے اُسکو بھی
جب تلک پہنچے ہی پہنچے راکھ کا یاں ڈھیر تھا

تم اوّل ہی آکر جو مجھ سے ملے تھے
نگاہوں میں جادو سا کچھ کر دیا تھا
تو ہی نہ اگر ملا کرے گا
عاشق پھر جی کے کیا کریگا

رہنے چاہا بھی پر اُسکو جی سے آیا نہ گیا
وہاں سے جوں نقشِ قدم دِل تو اُٹھایا نہ گیا

گذرا تھا بعد مدت وہ سامنے سے ہو کر — اے کوہتی نالہ یہ وقت تھا گئی تھا؟

اُسنے مقدر اب بھی میرے نالے کو — نہ سُنا ہوگا گر سُنا ہوگا
دل زمانے کے ہاتھ سے سالم — کوئی ہوگا کہ رہ گیا ہوگا
قتل سے میرے وہ جو باز رہا — کسی بدخواہ نے کہا ہوگا
دل کے پھر زخم تازہ ہوتے ہیں — کہیں غنچہ کوئی کھلا ہوگا
دل بھی اے درد قطرۂ خوں تھا — آنسوؤں میں کہیں بہا ہوگا

کسی سے کیا بیاں کیجے اس اپنے حال اتر کا — دل اُسکے ہاتھ دے بیٹھے جسے جانا نہ پہچانا

بے طرح کچھ اُلجھ گیا تھا دل — بیوفائی نے تیری سُلجھایا
ہم تو کہتے تھے مُنہ نہ چڑھ اُسکے — درد کچھ عشق میں مزہ پایا

مَیں اپنا دردِ دل جا کر کہا جس پاس عالم میں — بیاں کرنے لگا قصہ وہ اپنی ہی خرابی کا
گذروں ہوں جس خرابے پہ کہتے ہیں لوگ — ہے کوئی دن کی بات یہ گھر تھا یہ باغ تھا

جان پہ کھیلا ہوں مَیں میرا جگر دیکھنا — جی رہے یا نہ رہے مجکو اُدھر دیکھنا
گرچہ وہ خورشید رو نت ہی مرے سامنے — تو بھی میسّر نہیں بھر کے نظر دیکھنا
سو بھی نہ تو کوئی دم دیکھ سکا اے فلک — اور تو یاں کچھ نہ تھا ایک مگر دیکھنا
ذکرِ وفا کیجئے اُس سے جو واقف نہ ہو — کہتے یہ کس سے ہو تم ٹک اِدھر دیکھنا
نالۂ دل کا اثر دیکھ لیا درد بس — جی میں نہ رہ جائے یہ آہ بھی کر دیکھنا
بتخانہ برہمن کا مکرّر دیکھا — کعبہ کو بھی شیخ کے مَیں اکثر دیکھا
دل لگنے کی صورت نہ کہیں دیکھی ہائے — جو کچھ دیکھا سو خاک بیقرار دیکھا

رباعی

سیر باغ و بوستاں تو ہی میسّر ہر گھڑی — آیئے گا ہے فقیر و نکے بھی ٹیرانے کے بیچ
جو مزے ہیں مرگ میں سو ہمسے پوچھا چاہئے — کوئی جانے آہ کیا لذت ہے مر جانیکے بیچ

اسقدر تھا یا کرم یا ظلم رانی اسقدر — مہربانی اسقدر نامہربانی اسقدر

کیا کہوں دل کا کسی سے قصّہ آوارگی
کوئی بھی بے ربط ہوتی ہے کہانی اسقدر

جان کو آنے دے لبِ نک نزع میں کیا تک ہیں
دشمنی مجھ سے نکر اے ناتوانی اسقدر

ہنس قبر پہ میری کھل کھلا کر
یہ پھول چڑھا کبھی تو آکر

خارِ مژہ پڑے ہیں مرے خاک میں ملے
اے دشت اپنے کیجیو داماں کی احتیاط

دل کے تئیں گرہ سے کبھی کھولتی نہیں
ہے زلف کو بھی اپنے پریشاں کی احتیاط

داغوں کی اپنے کیوں نکرے درد پرسش
ہر باغباں کرے ہے گلستاں کی احتیاط

کیجے نہ قتلِ اہلِ وفا جتنے ہیں یہ سب
بارے کہیں ٹھکانے لگے جستجوئے تیغ

صیّاد اب رہائی سے کیا مجھ اسیر کو
ہے کس کو زندگی کی توقع بہار تک

لازم ہے گوشۂ شکنِ زلف میں تری
ظالم کوئی پڑا رہے مجھ سا شکستہ دل

ہمیں تو باغ تجھ بن خانۂ ماتم نظر آیا
اِدھر گل پھاڑتے تھے جیب روتی تھی اُدھر شبنم

اپنے ملنے سے منع مت کر
اِس میں بے اختیار ہیں ہم

رباعی

اے درد یہ دردجی کا کھونا معلوم
جوں لالہ جگر داغ سے دھونا معلوم

گلزار جہاں ہزار پھولے لیکن
میرے دل کا شگفتہ ہونا معلوم

ہمارے پاس ہے کیا جو فدا کریں تجھ پر
مگر یہ زندگی مستعار رکھتے ہیں

اُس نے کیا تھا یاد مجھے بھول کر کہیں
پاتا نہیں ہوں تب سے میں اپنی خبر کہیں

موت اکیلا آکے فقیروں سے تجھے لینا ہے
مرنے سے آگے ہی یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

دردیاں دو ہی پیمانوں پہ قناعت کیجے
خانہ چشم ہے یہ خانۂ خمّار نہیں

ہم تجھ سے کس ہوس کی فلک جستجو کریں
دل ہی نہیں رہا ہے جو کچھ آرزو کریں

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو!
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

سرتا قدم زبان ہیں جوں شمع گو کہ ہم
پر یہ کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

مدت تلک جہان میں ہنستے پھرا کیے
جی میں ہی خوب روئیے اب بیٹھکر کہیں

مژگانِ تر ہوں، یارگِ جانِ بریدہ ہوں
جو کچھ کہ ہوں سو ہوں غرض آفت رسیدہ ہوں

ہر شام مثلِ شام ہوں میں تیرہ روزگار
ہر صبح مثلِ صبح گریباں دریدہ ہوں

کھینچے ہے دُور آپ کو میری فروتنی
اُفتادہ ہوں پہ سایۂ قدِ کشیدہ ہوں

مرے دلکے شیشہ کو بیوفا تو نے ٹکڑے ٹکڑے ہی کر دیا
مرے پاس تو وہی ایک تھا یہ دکانِ شیشہ گراں نہیں

بلا ہے نشۂ دنیا کہ تا قیامت آہ
سب اہلِ قبر اسی کا خمار رکھتے ہیں

عشوہ و ناز و کرشمہ ہیں سبھی جان بخش لیک
درد مرتا ہے کوئی اُسکی دوا کرتا نہیں

داد کو تو پہونچنا معلوم ہے
کوئی یاں فریاد سنتا ہی نہیں

ہر دم بتوں کی صورت رکھتا ہی دل نظر میں
ہوتی ہے بُت پرستی ابتو خدا کے گھر میں

دِل تو سمجھائے سمجھنا ہی نہیں
کہیئے سودا ہے تو سودا بھی نہیں

کہیں ہوئے ہیں سوال و جواب آنکھوں میں
یہ بے سبب نہیں ہمسے حجاب آنکھوں میں

نہیں شکوہ مجھے کچھ بیوفائی کا تری ہرگز
گِلہ تب ہو اگر تو نے کسی سے بھی نباہی ہو

اپنے بندہ پہ جو کچھ چاہو سو بیداد کرو
یہ نہ آجائے کہیں جی میں کہ آزاد کرو

اے دردیاں نہ دل کو کسی سے پھنسائیو
لگ چلیو سب سے یوں تو پہ دل مت لگائیو

مانع نہیں ہم وہ بتِ خود کام کہیں ہو
پر اس دلِ بیتاب کو آرام کہیں ہو

ہر چند تجھے صبر نہیں درد و لیکن
اتنا بھی نہ ملیو کہ وہ بدنام کہیں ہو

تیری خوں آشامیاں مشہور ہیں ای تیغِ یار
ایک قطرہ چھوٹے تو پیوے ہمارا ہی لہو

اے دردِ بہت تو نے ستایا ہمکو
بیدردِ بہت تو نے ستایا ہمکو

جاتی ہے مری جان تو راضی رہنا
لے دردِ بہت تو نے ستایا ہمکو

جو جفا جو ہیں اُنہیں سنگدلی لازم ہے
کام تلوار کو رہتا ہے سدا اسان کے ساتھ

نظر جب دل پہ کی دیکھا تو مسجودِ خلائق ہی
کوئی کعبہ سمجھتا ہے کوئی سمجھے ہے بتخانہ

ہر طرح زمانے کے ہاتھوں سے ستم دیدہ
گر دل ہوں تو آزردہ خاطر ہوں تو رنجیدہ

دل بھی تیرا ہی ڈھنگ سیکھا ہے
آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے

لے خبر تیغ یار کہتی ہے
باقی اس نیم جان میں کچھ ہے

مرا جی ہے جب تک تری جستجو ہے
زباں تب تلک ہے تری گفتگو ہے

تمنا ہے تیری اگر ہے تمنا
تری آرزو ہے اگر آرزو ہے

ہمتیں چند اپنے ذمہ دھر چلے
جس لیئے آئے تھے سو ہم کر چلے

زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

ساقیا یاں لگ رہا ہے چل چلاؤ
چل سکے بس جب تلک ساغر چلے

درد کچھ معلوم ہے یہ لوگ سب
کس طرف سے آئے تھے کیدھر چلے

تیری گلی میں میں نہ چلوں اور صبا چلے
یوں ہی خدا جو چاہے تو بندہ کا کیا چلے

درد اپنے حال سے تجھے آگاہ کیا کرے
جو سانس بھی نہ لے سکے وہ آہ کیا کرے

جی کی جی میں ہی رہی بات نہ ہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہ ہونے پائی

ہم نہ کہتے تھے ہو جو مت عاشق
پائی دل اپنی کچھ سزا تو نے

ہوا جو کچھ کہ ہونا تھا کہیں کیا جی کو رو بیٹھے
بس اب اک ساتھ ہم دونوں جہاں سے ہاتھ دھو بیٹھے

ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے
اپنا ہی دل ہے یہ کہ جہاں تو سما سکے

غافل خدا کی یاد پہ مت بھول زینہار
اپنے تئیں بھلا دے اگر تو بھلا سکے

قاصد نہیں یہ کام ترا اپنی راہ لے
اس کا پیام دل کے سوا کون لا سکے

میں وہ فتادہ ہوں کہ بغیر از فنا مجھے
نقش قدم کی طرح نہ کوئی اٹھا سکے

دشوار ہوتی ظالم تجھکو بھی نیند آنی
لیکن سنی نہ تو نے ٹک بھی مری کہانی

گرچہ بیزار تو ہے پر اسے کچھ پیار بھی ہے
ساتھ انکار کے پردے میں کچھ اقرار بھی ہے

دل بھلا ایسے کو اے درد نہ کیونکر دیجے
ایک تو یار ہے اور تس پہ طرحدار بھی ہے

یہ کیا درد تجھ پر مصیبت پڑی ہے — کہ دن رات نالہ ہے اور آہ ہے
نہ ملئے یار سے تو دلکو کب آرام ہوتا ہی — وگر ملئے تو مشکل ہی کہ وہ بدنام ہونا ہی

فرصتِ زندگی بہت کم ہے — مغتنم ہے یہ دید جو دم ہے

روندے ہی نقشِ پا کی طرح خلق یاں مجھے — اے عمرِ رفتہ چھوڑ گئی تو کہاں مجھے
وحدت نے ہر طرف ترے جلوے دکھا دیئے — پردے تعینات کے جو تھے اُٹھا دیئے
کوئی بھی دوا اپنے تئیں راس نہیں ہی — جز وصل سو ملنے کی ہمیں آس نہیں ہی

آتشِ عشق جی جلاتی ہے — یہ بلا جان ہی پہ آتی ہے

اِن دنوں کچھ عجب ہے میرا حال — دیکھتا کچھ ہوں دھیان میں کچھ ہے
سلطنت پر نہیں ہے کچھ موقوف — جسکے ہاتھ آئے جام سو جم ہے
درد کا حال کچھ نہ پوچھو تم — وہی رونا ہے نت وہی غم ہے

درد

درد مسٹر عزیز الدین احمد صاحب بی۔ اے۔ رسالۂ معیار میں اپنا کلام شائع کراتے ہیں اِس سے زیادہ حال معلوم نہ ہوا شعر ملاحظہ ہوں ؎

اُن سے مِل بیٹھنے کی دیر تھی جب مِل بیٹھے — ساری بگڑی ہوئی باتوں کو بنا کر اُٹھے
وہ جبیں سائی سے پایا جو مقدر میں نہ تھا — لوحِ قسمت کو ہم اُس در سے مٹا کر اُٹھے
دیکھو اے درد کہیں تم سے احبا نہ کہیں — ایسے آئے تھے کہ ہستوں کو رُلا کر اُٹھے

دردمند

دردمند نقیہ صاحب نام، وطن آپکا دکن تھا، لیکن تربیت شاہجہاں آباد میں پائی تھی اور میرزا جانجاناں مظہر کی خدمت میں آکر آدابِ فقر کی ماہیت حاصل کی اور مرید بھی ہوئے، چند مدت عظیم آباد میں رہ کر نواب غلام حسین خان اور نواب اعظم خاں کے صاحبزادے کی رفاقت میں گذرا وقات کی، بعد ازیں پھر دلّی گئے اور کچھ عرصہ وہاں قیام کرکے مرشد آباد تشریف لیگئے۔ مرشد آباد آپ کا تشریف لیجانا نواب نوازش محمد خاں شہامت جنگ نواب آلہ وردی خان مہابت جنگ کے بھتیجے کی طلب کے باعث ہوا

سنہ ۱۱۸۳ھ میں وہیں مرشد آباد میں انتقال کیا میر علی لطف نے اپنے تذکرہ میں لکھا ہے کہ ایک سادہ اور دیوانہ سے یادگار ہے

پڑی اسکی خوبی کی از بسکہ دھوم	لیا ہاتھ قدرت کا صانع نے چوم
ارے ساقی اے جان فصل بہار	یہی تھا ہمارا و تیرا قرار
ہمارے بسرنے کی یہ فصل تھی	فراموش کرنے کی یہ فصل تھی
فلک چرخ مارے گا گر صد ہزار	نہ لاویگا مجھ سا کوئی رو بکار
نظر تو کرو ٹک چمن کی طرف	شگوفے کو آیا ہے مستی سے کف
چمن میں بھرا ہے نشہ یاں تلک	کہ جاتی ہے نرگس کی گردن ڈھلک
ادا سے لہکنے کی تجھکو قسم	نشہ سے بہکنے کی تجھکو قسم
تجھے ناز مستی کی اپنے قسم	تجھے خود پرستی کی اپنی قسم
ارے بیوفا بے مروت صنم	میں دیتا ہوں تجھکو قسم پر قسم
تجھے دختر رز کی حرمت کی سوں	تجھے مغبچوں کی شرافت کی سوں
تجھے وعدہ کر بھول جانیکی سوں	تجھے اپنی سوگند کھانے کی سوں
جو تو نے کیا مے کو مجھ پر حرام	تو اتنا تو کر ظالموں کے امام
کہ تو سرکشی سے نہ کر پائمال	مرے خون کو اپنے اوپر حلال
یقیں جانیو گر نہ ہو ایک آن	تری مہربانی کا مجھکو گمان
تو صورت نہ پکڑے ہماری حیات	نکل جائے جی نا امیدی کے ساتھ

دردی مفتی محفوظ علی باشندۂ بدایوں، جناب کشفی سے تلمذ تھا ایک شعر تذکرۂ قلمی مرسلہ شفیقی قاضی محمد خلیل سے اخذ کرکے درج کیا جاتا ہے۔ دردی

جب ہوگی تو ہوگی زندگانی	اب تو ہمیں موت بھی نہیں ہے

ورس منشی نمی لال باشندۂ شاہجہانپور، منشی احسان علی احسان مرحوم شاعر نامور شاہجہانپوری کے شاگرد تھے ۱۲۷۵ھ سے ۱۲۷۷ھ تک شاہجہانپور میں میں نے انھیں دیکھا تھا ورس

۳۵، ۳۶ سال کی عمر اور یہ کلام کا نمونہ ہے ؎

ہزاروں میں کوئی بہتر کوئی لاکھوں میں اچھا ہے
مری آنکھوں میں لیکن تو خدائی بھر میں یکتا ہے

جہاں میں گو ہر اک بت کو مسیحائی کا دعوی ہے
کرے مردے کو جو زندہ اسی کا نام عیسی ہے

مجھی سے ہے لگاوٹ بھی مجھی سے ہے تنفر بھی
مری نظروں میں رہتے ہیں مری آنکھوں سے پردا ہے

کسیکو ایک کی ہوگی ہمیں دونوں سے ہے الفت
خدا کی یاد ہے دل میں تو نکاسر میں سودا ہے

طبیعت کو جو خوش آئے وہی بہتر سے بہتر ہے
جو آنکھوں میں سما جائے وہی اچھے سے اچھا ہے

درویش

درویش میر شاہ علی دہلوی آپ کو میر نظام الدین فخر شعرا سے تلمذ تھا، شاہ اقمد دیا کی اولاد میں تھے آخر عمر میں شعر گوئی سے توبہ کرلی تھی۔ شاہ عالم ثانی کے آخر عہد میں بعالم ضعیفی انتقال کیا ؎

درویش کو مجنوں بھی لکھا کرتا تھا عرضی
اس مملکت عشق میں استاد سمجھ کر

ایک شب بیٹھے تھے جس گھر میں کبھی یار سے مل
روز روتے ہیں وہاں کے در و دیوار سے مل

درویش

درویش۔ درویش علی نام ولد خدا بخش سہارنپور، مہدی علی خاں صاحب زکی کے تلامذہ میں ایک آزاد، شوریدہ سر، موزوں طبع شخص تھے، اور دنیوی کاروبار سے حد درجہ نفور، ریاست رامپور سے بصیلۂ خدمت آبائی کچھ وظیفہ مقرر تھا اسی پر قناعت کرکے بیٹھ گئے مکان مذکورہ کا دروازہ بند کرکے تنہائی میں بسر اوقات کرتے تھے اور میل جول سے حتی الوسع گریز کرتے تھے، ۴۰ برس کے قریب گزرے چالیس سال کی عمر میں انتقال کیا، چند شعر بروقت ترتیب تذکرہ سہارنپور سے ایک مہربان نے بھیجے درج ذیل کیے جاتے ہیں جن سے انکی خوش مذاقی کا کامل ثبوت ملتا ہے

پڑا جو سایہ گیسو جھجک کے ساقی نے
یہ کہکے رکھدیا ساغر کہ ہے شراب میں سانپ

بند

ہوکے قربان میں کہا یار سے ادا کا فرکیش
ہے یہ انصاف کہ میں دلپہ ہوں تیر کے نشیں
طاقت آہ بھی رکھتا نہیں اب یہ دلریش
ہنس دیا سنکے ستمگر نے کہا لے درویش

ایسا ہی ہوتا ہے جب دل کہیں آ جاتا ہے

در پردہ ستم ہمپہ وہ کر جاتے ہیں کیسے
گر کیجے گلہ صاف مکر جاتے ہیں کیسے
جب ہم سے موافق نہ ہو تقدیر ہماری
کیا عقدہ کشائی کرے تدبیر ہماری

دریا

دریا۔ پنڈت رتن ناتھ دریا خلف پنڈت امرناتھ شعلہ جو سبحان علی خان کمبو کے دیوان تھے۔ باشندہ لکھنو اور شاگرد میر اوسط علی رشک ہیں، زبان فارسی اور دری ژند کی تحصیل عالمانہ درجے کی تھی اور بڑے زبردست ادیب اور محقق زبان تھے دس بارہ برس ہوئے پیرانہ سالی میں بمقام لکھنؤ انتقال کیا، یہ چند شعر نتائج افکار کے ہاتھ آئے تبرکاً درج تذکرہ کئے گئے ؎

ہے گوشِ گل کی یا کہ چراغِ قمر کی لو
اللہ جانے دل کو لگی تھی کدھر کی لو
دریا دلوں سے ڈرتے ہیں رو نضمیر بھی
ٹھہرے کیوں نہ پانی میں شمعِ قمر کی لو
وہ زخمِ پانی چراتے ہیں کیوں عبث
کم ہوویگی نہ آتشِ داغِ جگر کی لو

حرص کہتے ہیں کسے خواہشِ دنیا کیا ہے
بے اجازت نہ مرے گھر میں ہوا بھی آئے

دریا

دریا منشی سید محمد عباس ہیڈ کلرک کچہری کورٹ آف وارڈز متھرا، آجکل کے شعرا میں ہیں باوجود مکرر تحریروں کے حالات ہم نہ پہنچے ناچار کچھ اشعار درج کرنے پر اکتفا کیا گیا۔

کعبہ و دیر میں سنتے تھے نشاں ہے اُنکا
پائی اِن سب سے مگر منزلِ جانانہ جُدا
دیکھئے کھینچتا ہے کون مجھے اے دریا
درِ مسجد ہے جُدا اور درِ میخانہ جُدا
مَیں تو اِس طرزِ اس انداز کا دیوانہ ہُوں
زلف بکھری ہے الگ چال ہے مستانہ جُدا
اللہ اللہ یہ ہے اعجازِ خیالِ روی دوست
آپ اپنے پیرہن سے آرہی ہے بوئی دوست
ای خوشا قسمت نکلنے کو ہے اب ارمانِ قتل
حلق پر خنجر ہے سینہ ہے تہِ زانوئی دوست
بن گئے تصویرِ حیرت چشمِ حیراں دیکھ کر
خود پریشاں ہوگئے مجکو پریشاں دیکھکر
تو جفائیں اور کرلے کچھ دنوں پر میرے بعد
ظلم سہنے کو ترے ای آسمان کوئی نہیں

ہو بھلا تیرا شبِ فرقت امینِ غم ہے تو
خبر ترے دم کے ہمارا مہرباں کوئی نہیں

ناتواں پا کر مجھے سب قافلہ راہی ہوا
ساتھ دے بیکس کا ایسا کارواں کوئی نہیں

حشر میں ہوگا مزا جب میں کہونگا اُن سے
کیجئے اب کچھ یہ ستم دیدہ بھی فریاد کرے

دل میں آنکھوں میں تجھے جلوہ نما دیکھا ہے
پھر بھی یہ شوق ہے کہتا ہوں کہاں دیکھا ہے

نہ کلیسا پہ ہے موقوف نہ کچھ کعبہ پر
ہر جگہ ہمنے تجھے جانِ جہاں دیکھا ہے

دقیق - جناب میر واجد حسین صاحب وکیل ہائی کورٹ سرکار عالی نظام دکن شاید حضرت داغ سے اصلاح لیا کرتے تھے سنہ ۱۹۰۰ء کے مطبوعہ رسالوں سے کلام کا انتخاب حاضر ہے

دقیق

حسرت ہی یہی زانوئے دلدار پہ نکلے
للہ ٹھہر جا کہیں اے جانِ حزیں اور

بگڑے ہی سدا رہتے ہیں سفاک کے تیور
دل لیکے کہا رہتا ہے مگر درپئے کیں اور

آلودۂ خوں ہو نہ کہیں آپکا دامن
جلدی سے لگا لیجئے اک ہاتھ کہیں اور

گھبرائی ہوئی باتوں سے ہوتا ہے ظہیر
جاتے تھے کہیں اور چلے آئے کہیں اور

یہ ظرف ہمارا ہے کہ ہم کچھ نہیں کہتے
ورنہ تری باتوں سے تو ہے دل کو یقیں اور

دل - شیخ محمد عابد متوطن عظیم آباد، اپنے زمانہ کے بے مثل اور بے نظیر عالم تھے، شیخ محمد روشن جوشش تخلص آپکے بڑے بھائی مشہور شاعر تھے، صاحب سراپا سخن کا قول ہے کہ آپ شیخ نت رائے ناگر کی اولاد میں تھے، غرضکہ آپ سنجیدہ اطوار، حمیدہ خصال اور طریقہ یگانگی میں بے مثل سمجھے جاتے تھے، یہ آپکے اشعار ہیں +

دل

تیری زلفوں سے بہت دن ہی تقصیر ہوئی
نقد جاں لیجئے حاضر ہے گنہگاری دل

نالے ہی سدا بھر بھر دن عمر کے بھرتے ہیں
ہیں نزع میں ہم تجھ بن جیتے ہیں نہ مرتے ہیں

جُوں آئینہ یہ ستم رسیدہ
رہتا ہے مدام آب دیدہ

تنہائے در پہ جو درباں نے آہٹیں پکڑی
بزنگِ نقشِ قدم ہمنے بھی زمیں پکڑی

دل - منشی بینی پرشاد دل کایستھ متوطن عظیم آباد پٹنہ - مدت ہوئی کہ انتقال کیا - کچھ

دل

متفرق کلام دستیاب ہوا اُس کا انتخاب درج کیا جاتا ہے۔

پردہ اُٹھا کے تو نے ادھر کو گذر کیا	عالم کے دل میں تیری محبت نے گھر کیا
نالہ، شور، فغاں، بیطاقتی ہمراہ ہیں	ہمتو کوچے سے ترے نکلے بڑے سامان لئے
اور روٹھ کے ہمسے جانیوالے	مت رُوٹھ ہمیں گلے لگالے
دل چاہتا ہے بولیئے ہرگز نہ یار سے	پر بس نہیں چلے ہے دلِ بیقرار سے

دل

دل۔ زور آور خاں باشندۂ علی گڈھ متذکرہ مرسلہ قاضی محمد خلیل سے ایک شعر قابل انتخاب نظر آیا۔ درج ذیل ہے، حال باوجود تلاش دستیاب نہوا۔

ساقی نے جو پلایا مجھے میں نے پی لیا	واعظ مجھے خبر ہے حرام و حلال کی

دل

دل۔ عالیجناب والا خطاب اشرف الحکماء نواب لقمان الدولہ فلاطون جنگ محمد حمید جان دل طبیب خاص و مقرب باختصاص علیحضرت نظام الملک آصفجاہ والی دکن حضرت فصیح الملک بہادر داغ دہلوی کے تلمیذ رشید ہیں، انگریزی کا علم بھی اچھا ہے ڈاکٹری و جراحی سے اچھی طرح ماہر ہیں، خاص حیدرآباد کے باشندے ہیں، عمر ۵۰ برس کے قریب اور سٹاف سرجن ہیں، انکے والد حکیم محمد شریف صاحب حیدرآباد کے نامی طبیبوں میں تھے، مثنوی کا وعظ بہت اچھا بیان کرتے ہیں، صوفی مشرب ہیں، شعر و سخن کا بھی شوق ہے اور اس میں نواب فصیح الملک داغ مرحوم سے فیض پایا ہے۔

مثل نقش پا۔ برباد کیوں نشاں ہوتا	ہم نہ خاک میں ملتے۔ تو جو مہرباں ہوتا
افسانۂ گل قصۂ بلبل نہ سنا اور	اٹھکیلیاں کچھ اپنی دکھا باد صبا اور
اے شعلۂ سوزانِ دروں جی نہ جلا اور	اے رنج و غم و درد نہاں بس نہ ستا اور
اے گردنِ تسلیم و رضا سر کو جھکا اور	آ تیغ ستمگار پھر ایک وار لگا اور
اُس شوخ کی مہندی کا ہوا رنگ دوبالا	خونِ دلِ عشاق جو ہاتھوں میں ملا اور
اے خضر نہ ہادی ہو مرے راہ لو اپنی	اس منزل عشاق کا ہے راہنما اور

اے ہمتِ مردانہ قدم میں ہو لغزش — اے ابروئے خمدار پھر اک تیغ نگاہ اور
مجروح ہوا، خستہ ہوا، پس گیا، آخر — دل اس سے زیادہ تھا ستم اور سزا اور

مسیحا کا لہ گو جسکے ہیں وہ گفتار کیسی ہے — قیامت جسکی وارفتہ ہے، وہ رفتار کیسی ہے
شہیدِ غمزہ و ناز و ادا واقف نہ تھا پہلے — کہ خنجر کیا ہے، کیسا تیر ہے، تلوار کیسی ہے
پریشاں زلف و ابرِ قبا، مخمور ہیں آنکھیں — کہاں سے آئے ہو، لغزش دمِ رفتار کیسی ہے
بھروسے تیری رحمت کے، سہارے تیری بخشش کے — میرے جرمِ گنہ کی دھوم اے غفار کیسی ہے
تمہاری نرگسِ بیمار تو عینِ شفا ٹھیری — مسیحائی کا دعوی اور خود بیمار کیسی ہے
سنبھل جاؤ کہیں اے حضرتِ دل راہ پر آؤ — یہ رسوائی سرِ ہر کوچہ و بازار کیسی ہے

تڑپتے ہوئے چھوڑ کر غمزدوں کو — کس آرام سے ہو گئے سونے والے
غم و حسرت و رنج، یاس و تمنا — مری لاش پر رو گئے رونے والے
قرار و توانائی، تاب و طاقت — جدا ہے سب ہو گئے ہونیوالے
دل سے وصلِ جانانکی آرزو نہیں جاتی — خاک ہو گئے لیکن جستجو نہیں جاتی

دل

دل حکیم ضمیر حسن خان شاہجہانپوری۔ قوم کے پٹھان اور شاہ قاسم سلیمان کی اولاد میں ہیں، اگرچہ امیر مینائی کے شاگرد ہیں مگر خود اساتذۂ دہلی کے طرز تغزل کے پیرو ہیں جس میں درد و اثر طرز بیان کی نفاست کے ساتھ شاعری کی جان سمجھے جاتے ہیں۔ عربی فارسی کی استعداد معقول ہے، آجکل طبابت کا اشتغال رہتا ہے اور کچھ زمینداری بھی ہے، دلی جذبات کے اظہار کو شاعری کا حسن سمجھتے ہیں ناول "دردِ دل" و "دلسوز" آپکی تصنیف سے ہیں نظر ثانی کے وقت بھی کچھ کلام موصول ہوا وہ بھی سابقہ انتخاب میں شامل کر کے درج تذکرہ کیا گیا۔ کلام کے ملاحظہ سے صاف مترشح ہے کہ فی الواقع انکا دعوی سچا ہے۔ شاعری کا سچا مذاق انکے ہر ایک شعر سے ظاہر ہے اور کلام میں دلاویزی کے ساتھ بندش کی چستی، الفاظ کی برجستگی، خیالات کی لطافت [illegible]

بظاہر ہیں تو کہیں حضرت امیر کے تصرف کا نشان اِنکے کلام میں نظر نہیں آتا۔ غالباً ذاتی مطالعہ دواوین اساتذہ، فطری ذکاوت اور قابلیت اِنکے مذاقِ شاعری کے ممد و معاون ہوئے، ہر شعر پُر لطف اور با مزا سنجیدگی اور متانت سے معمور ہے۔

ہم اور سنگِ در ہے کسی دلنواز کا
اللہ رے عروج جبینِ نیاز کا

کیا کیا کیئے سلوک تپنگوں سے شمع نے
ایک ڈھیر تھا سحر کو شہیدانِ ناز کا

جس حال میں پڑا ہوں یونہیں کاش چھوڑ دے
مجھ پر بڑا کرم ہو میرے چارہ ساز کا

عاشق کی آہ برق تجلی سے کم نہیں
پردہ کہیں اُلٹ نہ دے اخفاءِ راز کا

جب دل میں دردِ عشق اُٹھا ہم اچھل پڑے
سمجھے کہ یہ کرم ہے کسی دلنواز کا

پہنچے تڑپ کے حضرتِ دل کوئے یار تک
دردِ جگر نے کام کیا چارہ ساز کا

بیٹھا ہے یہاں دل کو دو عالم سے اُٹھا کے
اب در سے ترے عاشقِ مضطر نہ اُٹھے گا

زور پر ہے ترا اُبھرا ہوا جوبن کیسا
ڈوب کیا اُٹھتی جوانی سے لڑکپن کیسا

پردۂ چشم میں چھپی ہوئی بیٹھی ہے حیا
کھیلتا ہی تری شوخی سے لڑکپن کیسا

اپنی قسمت ہی جو برگشتہ تو ای حضرتِ دل
دوست بھی ہم کو برا کہتے ہیں دشمن کیسا

کیا کہوں کس آرزو کا خون ہو کر رہ گیا
دل کی دل ہی میں رہی جب کھپکے خنجر رہ گیا

نارسائی کا سبب کیا ہے؟ یہی شوقِ طلب
بڑھ گئے ہم اسقدر آگے کہ رہبر رہ گیا

منزلِ مقصود پر پہنچا وہی آشفتہ حال
آستانِ یار پر جو کھا کے ٹھوکر رہ گیا

دل بھی مٹ جانا تمنائیں اگر مٹنے کو تھیں
رہنے والا کون ہے کسکے لئے گھر رہ گیا

جی ڈوب گیا جب یہ حقیقت ہوئی ظاہر
جس بحر میں کشتی ہے وہ ساحل نہیں رکھتا

کہوں کیا حال ای ہمدم شبِ غم کی مصیبت کا
یہ عالم تھا کہ اب نکلا، نہ نکلا پھر بھی دم میرا

مگر جمعیتِ خاطر ہے آرایش سے وابستہ
کھلے جب انکے گیسو کھل گیا سارا بھرم میرا

شامِ شبِ جدائی جو تھا قلق فزا تھا
تسکین دینے والا اک درد لا دوا تھا

مقتل میں رنگ لائی آخر میری خموشی — ہر قطرہ خونِ دل کا اک شرح مدعا تھا
محمل نشیں کے دل میں چبھتے تھے خارِ صحرا — پیشِ نگاہ جبتک قیسِ برہنہ پا تھا

رنگ لایا ہے یہ ضبطِ الفتِ گیسوئے دوست — آخر اپنے پیرہن سے پھوٹ نکلی بوئے دوست
رہنما کی کیا ضرورت عشق کامل چاہیئے — دل جہاں تڑپے سمجھ لینا یہی ہے کوئے دوست
بیخودی میں کچھ نہیں معلوم کس عالم میں ہوں — ڈھونڈتی پھرتی ہے مجھکو نکہتِ گیسوئے دوست
طالع بیدار کیا کہنا خوشی ہے اور ہم — صبح کو اٹھکر ہمیشہ دیکھتے ہیں روئے دوست
خیر کرنا آج یارب کیوں ہے دلکو اضطراب — گو وہی ہم ہیں وہی گھر ہے وہی پہلوئے دوست
تھک کے جب بیٹھے تو یہ کہکر تلاشِ دوست میں — ای دلِ حسرت زدہ وہ سامنے ہے کوئے دوست
یوں مٹے کارِ رنج فرقت کاٹ لیں ہم خود گلا — حضرتِ دل کون ہو منت کشِ بازوئے دوست

تن برسرِ زمیں ہے دماغ آسمان پر — یعنی سر نیاز ہے اُس آستان پر
اقرار وصل اور پھر اُنکی زبان پر — سو جان سے نثار میں اپنے بیان پر
اقرار وصل کرکے مکرنے سے فائدہ — ہاں ہاں وہی کہو جو ابھی تھا زبان پر
ساقی کی چشمِ مست نے بیہوش کردیا — یا خباب شیخ چلے آسمان پر
وعدہ خلاف، عہد شکن کون وہ کہ ہم — اچھا یہ فیصلہ ہے اُنھیں کی زبان پر
کمسن ہیں کیا ہوا اُنکو میری حسرتوں کا پاس — انکارِ وصل کھیل رہا ہے زبان پر
ساقی ہمیں کو تشنہ لبی کا گلہ رہا — سب کچھ ہے اور کچھ نہیں تیری زبان پر
اُس بت کے بام تک جو پہنچتے تو لطف تھا — نالے مرے گئے تو کہاں آسمان پر
ای دل یہ آپ ہی کا جگر ہے کہ عشق میں — صدمے ہزار جھیل لیئے ایک جان پر

اُنکی آرایش سے رنگِ بیخودی پائینگے ہم — آئینہ دیکھیں گے وہ تصویر بن جائینگے ہم
اُنکا زانو زیرِ سر، پھر چارہ سازی کا خیال — ہوش میں آچارہ گر اب ہوش میں آئینگے ہم
مجکو یہ غم سر نہیں تو عشق کا سودا نہیں — اُنکو یہ افسوس اب کس کی قسم کھائینگے ہم

کہتے ہیں چھپایا ہے مرا ناوکِ مژگاں
دل دیکھ کے وہ زخمِ جگر دیکھ رہے ہیں

دیکھو فریبِ زخمیِ تیغِ نگاہ کا
قاتل سے کہہ رہا ہے کہ میں بیخبر نہیں

مجھ سے کہاں چھپائیں گے دشمن کی چاہ کو
جو بات اُنکے دل میں ہے میری نظر میں ہے

کیا دیکھیں جامِ مے کیطرف ہمسے بادہ نوش
ساقی کی چشمِ مست ہماری نظر میں ہے

تنفر تجھکو کیا ہے مے سے زاہد
ہمیں بھی ایسی ہی نفرت کبھی تھی

بلا کے آنکھ جو اُس بت سے گفتگو کرتے
جنابِ خضر مسیحا کی جستجو کرتے

خرامِ ناز کا انداز یوں دکھانا تھا
کہ دل کے داغ بھی مٹنے کی آرزو کرتے

اُسے قلق ہے مرا حالِ غیر سن سن کر
یہ وقت تھا کہ کوئی فکرِ چارہ جو کرتے

نہیں علاج کے قابل مریضِ دردِ فراق
یہ سچ سہی مگر اپنی سی چارہ جو کرتے

بڑے ہیں نیک بڑے پاکباز حضرتِ دل
وہ جا رہے ہیں حسینوں سے گفتگو کرتے

خون کی ہر بوند میں جوشِ تجلی اک دل کا ہے
اس بھرے دسہرے پر ارادہ کوچۂ قاتل کا ہے

پاس رہکر یہ تکلف ساتھ رہکر یہ حجاب
میرے اُنکے فاصلہ گویا کئی منزل کا ہے

حسرتِ وصل اب کہاں باقی ہے بس یہ آرزو
کاش وہ کہدیں کہ تو مختار اپنے دل کا ہے

پیچھے پیچھے آ رہی ہے ہائے ظالم کی صدا
آگے آگے اک جنازہ حسرتِ بسمل کا ہے

حضرتِ دل اک نیا سر ہر قدم پر چاہیئے
تشنۂ خوں ذرہ ذرہ کوچۂ قاتل کا ہے

دل ۔ سید احمد اللہ حیدرآبادی مسکن ۔ مولانا بیدل سہارنپوری کے شاگرد ہیں ۱۸۹۵ء میں حیدرآباد کے مشاعروں میں شریک ہوا کرتے تھے اور اُس زمانہ میں نومشق تھے ۔ یہ کلام کا انتخاب ہے ۔

وہ دل نہیں جس میں کہ ہو سودا کسی کا
وہ دل نہیں جو دل نہ ہو دیوانہ کسی کا

جب دمِ قتل کہا جلوہ دکھا دو تو کہا
وعدۂ قتل تھا کچھ وعدۂ دیدار نہ تھا

خنجر چلا کے حلق پہ کہتے ہیں ناز سے
دیکھا نتیجہ تم نے حسینوں کی چاہ کا

عجب ہے یہ ہمارا چلبلا دل — جسے دیکھا اُسی کا ہو گیا دل

مست مدہوش و دیوانہ تمہارے پیارے — پھرتے ہیں دشت میں کہتے ہوئے پیارے پیارے
قتل کیوں کرتا ہے بیجرم و خطا تو ہمکو — ہم تو پہلے ہی سے ہیں عشق کے مارے پیارے

دل

دل۔ بابو سید احمد دل جعفری ساکن لاہور، کمال دہلی سے کلام نقل ہوا منشی وجاہت حسین وجاہت کے شاگرد ہیں ✣

عمر گذری ہے آہ و زاری میں — اُسکے دل پر اثر ذرا نہ ہوا
چلنے والے تیرے ہیں لاکھوں — سچ یہ ہے دل سا دوسرا نہ ہوا

تعریف کیا کروں تری چشم سیاہ کی — بے چین کر دیا اُسے جسپر نگاہ کی

دل

دل منشی محمد علی حسین خان دل، نوجوان، خوشخو، استعداد علم معقول، نوشت و خواند میں مایقدری محاورت رکھتے ہیں، حضرت ظہیر کے شاگرد رشید، صاحبزادہ احمد سعید خان عاشق کے شاگرد ہیں۔ یہ چند شعر اُنکے طبعزاد ہیں۔

دشمن سے ملو شوق سے اچھا کوئی دن اور — تم دیکھو ذرا اس کا تماشا کوئی دن اور
بیماری الفت سے میں ناحق ہوا اچھا — آتا تو عیادت کو مسیحا کوئی دن اور
روکا ہے دل زار کو یہ دیکے تسلی — کم بخت ذرا ٹھہر خدا را کوئی دن اور
وہ غیر تھا چھوڑا اُسے اچھا کیا لیکن — اس دل پہ تو رکھنا تھا اجارہ کوئی دن اور

دل

دل منشی سید علی حید رکنتوری۔ لکھنؤ میں بھی اکثر رہنے کا اتفاق ہوتا ہے نوجوان شخص ہیں آجکل کے موزوں طبع خوش فکر کہنے والوں میں ہیں اور معیار کی کمیٹی کی ہم طرح غزلیں کہتے ہیں جو کلام بروقت نظر ثانی ہاتھ لگا اُس کا انتخاب تحریر میں آیا ✣

سب کہتے ہیں کو کعبہ کو یہ خانۂ حق ہے — اللہ رے اے دل کوئی منزل نہیں رکھتا
حشر کے ہو نیسے منظور ہے دیدار ترا — کسکو منظور ہے انصاف کا خواہاں ہونا
جوش وحشت کی خبر دیتا ہے دیوانوں کو — آپ سے آپ مرا چاک گریباں ہونا

سنبھل اے دانۂ وصلِ یار کی شادی سے مر جانا
بُرا ہوتا ہے ہر اک بات کا حد سے گذر جانا

تری فرقت کا رنج و غم اُٹھایا تا دمِ آخر
نشاطِ وصل کیا شے ہے نہ ہنسے عمر بھر جانا

جس کے سبب یگانہ و بیگانہ چھٹ گیا
افسوس پھر بھی مجھ سے وہ جانا نہ چھٹ گیا

رہتا ہے وحشی ترا اُس وادیٔ پرہول میں
رُوحِ مجنوں کانپتی ہے جو بیاباں دیکھ کر

اُن پہ بھی جنگل کی تصویریں نظر آنے لگیں
یہ بڑھی وحشت در و دیوارِ زنداں دیکھ کر

ہونگے محو شادیٔ غم وہ ہماری لاش پر
ہنستے جائینگے کف افسوس ملتے جائینگے

دل

دل - جناب مرزا بہادر محمد جعفر علی خاں خلف اکبر نواب مرزا محمد عباس علی خاں بہادر جگر مرحوم سابق ڈپٹی کمشنر و رئیس اعظم و جاگیردار لکھنؤ آبائی ریاست کے علاوہ فنِ سخن بھی میراث ملا ہے، تیس پینتیس برس کی عمر اور ذکی و طباع نوجوان ہیں، ہنگامِ ترتیب تذکرہ حالات اور کلام منگائے مگر جواب آنیکے باوصف مطلب برآری نہیں ہوئی

تیرِ نگاہِ ناز ہوئے دونوں کارگر
اِک دل میں چُبھ گیا ہے مرے اِک جگر میں ہے

صبحِ شبِ وصال ہے یا صبحِ حشر ہے
اے دل کچھ آج اور ہی رنگ اس سحر میں ہے

دل

دل - خواجہ دل محمد ایم اے ابن خواجہ نظام الدین مولد و مسکن لاہور تاریخ ولادت ۹ فروری ۱۸۸۷ء علوم عربیہ اور تعلیم رائج الوقت حاصل کرکے ایک کامیاب طالبعلمانہ زندگی کے بعد ۱۹۰۹ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے امتحان ایم اے مضمون ریاضیات میں پاس کیا اور اُس وقت سے اسلامیہ کالج لاہور میں سینیر پروفیسر ریاضیات کی خدمات انجام دیرہے ہیں آپ کی طبیعت کو ادب اور فلسفہ کی طرف شروع ہی سے ایک لگاؤ ہے، اور شعر و اشعار کی طرف میلان لڑکپن کے زمانے سے ہے، غزل بہت کم لکھتے ہیں، نیچرل مضامین اور قومی یا ملکی نظمیں زیادہ تر لکھی ہیں، شعر و اشعار کے متعلق کسی خاص استاد سے تلمذ اختیار نہیں کیا۔ بلکہ اور طبیعت سے خود ہی جو آیا لکھا ہے۔ مونقہ تھوڑا سا کلام ہدیۂ ناظرین کرام ہے

لذتِ دیدار سے مجلس ہے سب سرشار آج
عکسِ مے سے کم نہیں ہے عکسِ روئے یار آج

نوکِ خامہ شوق سے منقارِ بلبل بن گئی | ہے صریرِ خامہ گرمِ لذّتِ گفتار آج

نرگسِ مخمور کا ساغر بنانا چاہیئے | تاکہ محفل ہووے مستِ شربتِ دیدار آج
دیدۂ احباب روشن ہیں ستاروں کی طرح | ہوگئی ہے چشمِ اعدا کی مگر بیمار آج
کیا عجب فرصت کے باعث گرمِ رقصِ ناز ہو | لوئے گردوں کی صورت چرخِ کجرفتار آج
گو نہاں آنکھوں سے وہ دو تین سالوں تک رہے | مل گیا آخر کو خط دیدِ آخر کار آج

حمد باری

وہ خالقِ سزاوارِ تحمید ہے | صریرِ قلم جسکی تمجید ہے
قلم سے ہوئے جسکے سب آفکار | جہاں کے نگارش کدہ کی بہار
اُسی سے عیاں نقش سارے ہوئے | جو چھڑکا قلم تو ستارے ہوئے
یہ سورج دیا جو خدائی کا ہے | یہ دھبا سا اک روشنائی کا ہے
یہ جاذب کا کاغذ ہے یا آسماں | یہ مشقِ شکستہ ہے یا کہکشاں
یہ قوسِ قزح جو نمودار ہے | یہ آدھا سا اک خطِ پرکار ہے
نہ کیوں اُسکے کاموں میں عقل دنگ | ہیں اک خط کے اندر بھرے ہفت رنگ
درخشاں نہیں چرخِ پر ماہتاب | کھلی سورۂ نور کی ہے کتاب
شعاعیں ہیں مسطر لگائے ہوئے | طلا کار جدول بنائے ہوئے
کریں تاکہ قدرت کو اُسکی رقم | ہیں پتے ورق اور شاخیں قلم
نظر کیجیے سطحِ نالاب پر | لکھی نظم ہے صفحۂ آب پر
جو جاری کوئی باغ میں نہر ہے | تو اک شعر گویا ہر اک لہر ہے
سُنو شورِ قمری فصاحت ہے یہ | قدِ سرو دیکھو بلاغت ہے یہ
جو نور اُسنے چشمِ بشر میں دیا | بُتِ خاک کو چرخِ پیما کیا
عجب اُسکی ہر شے بنائی ہوئی | ہے تِل میں خدائی سمائی ہوئی
ترے مُنہ میں باقی ہے جبتک زبان | کرے دل تو تحمید خلاقِ جان

جو فرد اوروں پہ ہو کسوٹی قدر اُسکی کریں ۔ چاہیئے بلبل کو پہناویں گلوں کا ہار آج ۔

اے کارواں وہ وقتِ طلوعِ سحر ہُوا
پرچم بلند صبح کا باکروفر ہُوا
طیارِ آفتاب اُٹھائے سریر ہوا
کیا شہسوارِ تیز عناں ہمسفر ہوا

ہمراہِ آفتاب درخشاں بڑھے چلو!

ہمت ہو جنکے پاس کریں صبر کس طرح
اِس رہگذر میں کھو دیں وہ خبر کس طرح
ہو طبعِ آتشیں پہ روا جبر کس طرح
اُٹھیں نہ ابر بنکے تو بنے ابر کس طرح

جوں دود و آب اُٹھ کے مریجاں بڑھے چلو!

چرخ و نجوم و مشتری و زہرہ و قمر
سب اپنی اپنی راہ میں بڑھتے ہیں سال بھر
اپنی زمیں سمجھتے تھے ساکن جسے بشر
کہتے ہیں وہ بھی چلتی ہے اپنے محیط پر

تم بھی بشکلِ گیتی دوراں بڑھے چلو!

نورجہاں کے مرقد پر جو راوی کے کنارے کس مپرسی کی حالت میں پڑا ہے دو حرف عبرت کہے ہیں

ہاں اے لبِ راوی بتا۔ کچھ رفتگاں کا ماجرا
کل تجھ پہ جن کا راج تھا۔ انجام اُنکا کیا ہُوا؟
ہے اب کہاں نورجہاں حورِ جنانِ عصمت کی جاں
وہ بلبلِ شیریں زباں۔ وہ قمریِ ہندوستاں

تیرے کنارے ہے پڑا ٹوٹا سا جس کا آشیاں
عبرت نشاں، عبرت نشاں،

شوکت تھی جسکی پاسباں۔ چاکر سے تھے جاہ و حشم
تھی بحر و بر کی سب سپہ۔ حاضر لیئے تیغ دو دم
خیل و خدم ناز و نعم، رخت و خیم طبل و علم
افسوس رکھے رہ گئے، خود چل دیئے سوئے عدم

عالم میں ہے کسکو بقا؟ نامِ بقا کہنے لیا
قصرِ فنا ہے آسماں

آئی کہاں سے موت تو، ایوانِ شاہی میں بھلا
کیا پاسباں حاضر نہ تھے، جو روکتے تیرِ قضا
ہاں پر تری پرواز کا، آیا نہیں اُن کو نظر
یوں کھینچ کر لیجاتی ہے انساں سے اسکی روح کو

اُڑ جاتی ہے جیسے مگس، گل سے عسل کو کھینچ کر
یا مِس ہو جیسے ہوا، بُطل سے ریشہ کھینچ کر

رہتا ہے باقی بر زمیں۔ مُردہ گل بے رنگ و بیں
بے جانِ جسمِ ناتواں

تصویرِ چرخِ پر جفا، دیکھو عیاں ہے برملا
ہے جس جگہ وہ مہ لقا، جالا ہے مکڑی نے بُنا

تا سائباں کا کام دے بیگم کے شاہی تاج پر
دو چار باقی پیڑ ہیں، یا ٹہنیوں کے ڈھیر ہیں

یا چر رہی ہیں بکریاں، یا بوم کاہے آشیاں
شاہی شکوہ و دوغروشاں، اڑ چلے ہیں شبنم صفت

باقی نہیں رہتا نشاں

دنیا نے گو چھوڑا مگر خدمت میں ہے نیچر ابھی
دیتی ہے ہر رات بھر، تربت پہ اُسکی چاندنی

وہ بیگم زہرہ جبیں - مرقد سے باہر آن کر
اور لیکے مشعل ماہ کی، جاتی ہے جانب شاہ کی

حالت نہ پوچھو راہ کی، آنسو نکلتے جاتے ہیں
اور پھول کھلتے جاتے ہیں، جب پھر طے ملنے جاتے ہیں

ہوتا غضب کا ہے سماں

اور جب اندھیری رات ہو، تربت بھی سکو بھاتی ہے
شبنم کہیں آ جاتی ہے، موتی کا سہرا لاتی ہے

دنیا ہے جگنو ٹمٹما، گورِ غریباں پہ دیا
شاخیں بڑھا کر ہاتھ کو، پڑھتی ہیں گویا فاتحا

پتے ٹپک ہجاتے ہیں، آتی ہے جب ٹھنڈی ہوا
حیرت کا بھی دھڑکے ہے دل، ہاں دیکھ کر ایسا سما

عبرت نگاہی چاہیئے، انجام ہے یہ بیگماں
گو اس میں ہو شانِ جہاں یا بادشاہانِ زماں

ہونا ہے تربت میں نہاں

میرِ کلک سے کیوں کر ادا ہو داستاں میری
یہ لے لائے کہاں سے مردِ دل میرا زباں میری

میں آوازِ جرس ہوں ہر گھڑی فریاد کرتا ہوں
جگاتے کارواں کو خواب سے شاید فغاں میری

تغافل ہائے ساقی کا گلا کیجے تو کس منہ سے
گرا دی ایک لغزش سے شرابِ ارغواں میری

میں حسنِ معنیِ صرفِ انالحق کی نزاکت ہوں
نہیں سمجھا نہیں سمجھا حقیقت کو جہاں میری

سبق لیتا ہوں مستانِ ازل سے بیں فصاحت کا
تو لے طائر سدرہ ہے یا طرزِ بیاں میری

میں حیرت بھی ہوں آئینہ بھی ہوں محو تماشا بھی
شرر بھی سوزِ دل بھی طور بھی برقِ تجلی بھی

دل شیخ ممتاز علی ابن شیخ شجاعت علی ضلع بارہ بنکی کے رہنے والے تھے مدت العمر بمبئی میں رہے اور وہیں سے تعلق رکھا۔ منشی فضل رسول خان واسطی در جناب قبلہ بلگرامی سے مشورہ کرتے رہے تعلقہ داری معقول ہے میرانہ بسر کرتے ہیں سنہ ۱۹۰۰ء ۵۴ برس کی عمر تھی

الاماں اسکی ڈھٹائی کچھ کہی جاتی نہیں
چاہنے والوں سے بھی وہ آنکھ شرماتی نہیں

دل

عطر آگیں آپکی پوشاک سے گلزار میں
نکہتِ گل ہوش میں وہ دو پہر آتی نہیں

چشمِ بد دُور آپ کی حاضر جوابی کی ہے دھوم
کونسی پھبتی ہے وہ ایسی کہ چھا جاتی نہیں

سُرخ غصّہ سے ہی چہرہ کیوں ہے جوش سے
چونے تلوؤں کو میرے کیوں حنا آتی نہیں

ہوش میں کیا خاک آئیں آپکے آشفتہ دل
اب صبا بھی بوئے زلفِ عنبریں لاتی نہیں

دل

دل منشی محمد حسین متصبہ بسواں ضلع سیتاپور کے باشندے اور جگر کے شاگرد ہیں گلچین ۹۹ء سے کلام منتخب ہوا۔

کوئی کیونکر سنبھالے اِس دلِ بیتاب کو جیسے
کھٹک ہو، درد ہو، ایذا ہو، بیتابی ہو، حسرت ہو

ہماری خاک شاید تیرے دامن تک پہنچ جائے
پسِ مردن تمنا ہے ترے کوچہ میں تربت ہو

چھڑکدے میرے زخموں پر نمک ہنس ہنس کے قاتل
وہ راحت ہے مجھے جو تیری باتوں سے اذیت ہو

وہ پہلو میں ہیں تو بھی دل ہے بیچین
نہوں پہلو میں تو کیونکر بسر ہو

کسی کے غمزہ و ناز و ادا پر
تصدق جان ہو صدقے جگر ہو

دلاور

دلاور منشی سید دلاور علی ولد سید قاسم علی شاگرد حضرت داغ۔ ترتیب تذکرہ انتخاب یادگار امیر مینائی کے ہنگام میں ریاستِ رامپور میں ملازم تھے اور بڑے ذکی الطبع اور فہیم کہنے والے تھے ۱۲۳۸ھ سال ولادت ہے، مذاق سخن سلیم تھا ۱۲۹۰ھ میں ۳۵ سال کی عمر تھی۔ باوجود کوشش کے حالات معلوم نہ ہوسکے نہ کلام ہی ملا۔

کی جو شکایت تو یہ پایا جواب
آتے ہی کیوں ہو جو ستاتے ہیں ہم

قبر پر فاتحہ کے حیلے سے
گالیاں کچھ سنانے آتے ہیں

عبث بیتاب ہو کر پیار ہوتے ہیں کہا ایدل
جگایا کیا کسے تو نے اٹھایا شورِ محشر کو

تم دور رہو اور یہ بے چین ہو جائے
اپنا سا سمجھتے ہو مریجاں مرے دل کو

منہ لگائیں غیر کو اتنا دماغ اُنکو کہاں
چھیڑتی یہ بھی فقط میرے جلانیکے لیئے

دلاور

دلاور۔ محمد دلاور حسین خاں باشندہ موضع اُنگا چاندپور۔ جناب تشنہ بلند شہری سے

اصلاح لی ہے اٹھارہ بیس برس کی مشق سخن ہے۔ کلام میں کوئی خاص بات قابل ذکر نہیں پائی جاتی۔ استعداد علمی بھی رسمی معلوم ہوتی ہے۔

کروں میں اُنکو رسوا دعوی خون کرکے محشر میں — دلاور میرے دل سے یہ گوارا ہو نہیں سکتا
نہوگی سرد یہ گرمی اُلفت خاک ٹھنڈے سے — رکھیگی سوزش دل مضطرب زیر زمیں برسوں
نکلتے ہمنے دیکھے ہیں بہت ارمان غیروں کے — ہماری حسرتیں خوں ہوکے بھی دلمیں ہیں برسوں
خیال ہمسری ہے تو کرے کسب ضیا پہلے — مہ نو عارض انور سے تیرے مہ جبیں برسوں
قدرداں دل کا خریدار دلاور ہو اگر — مفت اس جنس گرانمایہ کو ہم دیتے ہیں
اگر اُس فتنہ گر کی دل کو اُلفت ہونیوالی ہے — تو اُلفت کیا ہے اک خاصی مصیبت ہونیوالی ہے
عدو کو بھیجنے والے ہیں وہ رسم عیادت میں — ہمارے مارنے کی اب یہ حکمت ہونیوالی ہے
ذرا ہشیار ہوکر آئینہ پیش نظر رکھنا — مقابل دیکھ کر خود تم کو حیرت ہونیوالی ہے
لیئے جاتا ہے اُسکا شوق ہی خود اُسکو مقتل میں — تمھارے ہاتھ سے جسکی شہادت ہونیوالی ہے
ہنوز آغاز الفت تھا کہ دلکو ہاتھ سے کھویا — خدا جانے ابھی کیا اور حالت ہونیوالی ہے

دلاور — نواب دلاور حسین خان لکھنوی شاگرد مظہر آغا مظہر مرحوم — دلاور

ثنائے رُخ میں وہ رنگیں ہو داستاں میری — ملی نہ بلبل شیراز کو زبان میری
یہ تیغ حسن کا ہے زخم بے خرد جراح — جسے کہ داغ ہے سمجھا وہی ہے جان میری
نکل بھی جانے دے مجھکو کہ ہو تجھے بھی قرار — تڑپ تڑپ کے یہ کہتی ہے دل سے جان میری

دلخوش — لالہ بہادر سنگھ کہتری، راجہ خوشحال رائے دہلوی امیر عہد اکبر شاہ ثانی کے پوتے اور غدر کے بعد ۱۸۷۰ء تک حیات تھے۔ اِنکے دادا کا کڑہ ابتک مشہور ہے ✣ — دلخوش

ہوں ترے ہجر میں جوں دیدۂ نرگس حیران — چشم پوشی نہ کر آپنے گنہگار سے مل

دلریش — منشی اٹل بہاری لال صاحب مختار عدالت علی گڈھ آپ کو علیگڈھ کے نامور شاعر منشی بنواری لال صاحب شعلہ سے تلمذ ہے۔ شعر ملاحظہ ہوں ✣ — دلریش

رہا ہے کب کوئی دنیا میں دم بھر شاد ماں ہو کر — ملا ہے کب کسی کو چین دم بھر شادماں ہو کر
حقیقی عشق کی عشقِ مجازی پہلی منزل ہے — چلو سوئے خدا اے زاہد و کوئے بتاں ہو کر
یہی دلریش حسرت ہے یہی دل کی تمنا ہے — کہ گذرے عمر باقی خادمِ ہندوستاں ہو کر

دلسوز

دلسوز۔ خیراتی خان دلسوز، قوم کے افغان باشندۂ علیگڈھ شاہ نصیر مرحوم کے شاگرد اور نواب ظفر یاب خان خلف بیگم شمرو کی رفاقت میں تھے ۱۸۲۵ء کے قریب جیپور میں انتقال کیا، شراب بہت پیتے تھے، مزاج میں شوخی و ظرافت بدرجۂ انتہا تھی پرانے تذکروں سے کلام منتخب ہو کر درج ہوا۔

ارادہ پائے بوسی کا تھا اے بیداد گر اپنا — گرا قدموں ہی پر تیرے کٹا جو وقت سر اپنا
جگر فراق کے صدموں سے لالہ زار رہا — یہاں خزاں میں سدا موسم بہار رہا
ق
وہ تو کہتے ہیں راز دل اپنا — مت کسی اپنے یار سے کہنا
اور یہاں دل کی بیقراری سے — روز دو تین چار سے کہنا
رات تم اس طرف جو آن پھرے — دن مرے کچھ تو مہربان پھرے
سب سہیں گے ہم اگر لاکھ برائی ہوگی — پر کہیں آنکھ لڑائی، تو لڑائی ہوگی

دلشاد

دلشاد۔ خلیفہ عبدالرحمٰن دلشاد باشندۂ خورجہ، منشی فائق ساکن ہاپڑ سے اصلاح لیتے ہیں دس بارہ برس کی مشق بھی ہے۔

نوبت ترے بیمار کی پہنچی ہے یہاں تک — جو دیکھنے آتا ہے تو دیکھا نہیں جاتا
لے جلد خبر آ کے مری عیسیٰ دوراں — بیمارِ محبت سے اب اٹھا نہیں جاتا

دلگیر

دلگیر۔ منشی چھتو لال کایستھ سکسینہ باشندۂ لکھنؤ۔ ایامِ جوانی میں طرب تخلص کرتے تھے اور غزل میں بھی یہی تخلص لاتے رہے، اوائلِ شباب میں بڑے رندانہ منش اور رنگین مزاج تھے چنانچہ اسی لاابالی عالم میں مذہب آبائی کو ترک کر کے مسلمان ہو گئے اور غزل گوئی کی بجائے مرثیہ کہنا شروع کیا، اور چونکہ صاحب استعداد تھے اس میں اچھا نام پایا شروع میں مرزا

خانی نوازش سے تلمذ تھا، پھر شیخ ناسخ کی خدمت میں آئے۔ مراثی کا مجموعہ چھپ گیا ہے۔ میر خلیق اور فصیح انکے ہمعصر تھے، نواب سعادت علی خان اور غازی الدین حیدر کے زمانے کے مرثیہ گویوں کے سرتاج سمجھے جاتے تھے جب میر انیس نے مرثیہ کہنا شروع کیا ہے تو انکا عالم ضعیفی تھا

معطر اُسکے نہانے سے بسکہ آب ہوا	حباب بحر ہر ایک شیشۂ گلاب ہوا
کسکو دکھاؤں میں یہ بھلا ماجرائے چشم	ناسور بن گئے ہیں عزیزو بجائے چشم
باتیں تری سنا کریں اور دیکھیں تیری شکل	دار و ئے گوش یہ ہے تو وہ مدعائے چشم
آئے طرب ترا جو وہ خوش چشم باغ میں	نرگس کے دستے کیجیو تو بھی فدائے چشم

دلگیر

دلگیر ۔ ناثر بے نظیر سخنور خوش تقریر شاہ سید نظام الدین دلگیر اکبر آبادی۔ آپکے والد سید عبد القادر شاہ صاحب قیصر اکبر آباد کے شرفاء روسا میں سے تھے جن کا سلسلۂ نسب حضرت سید عبد القادر شاہ بغدادی تک پہنچتا ہے جو بغداد سے عَلَم خلافت سید عبد القادر جیلانی لیکر ہندوستان میں آئے۔ یہ عَلَم دو سیر سونے کا ہے اور شاہ دلگیر اب بھی گیارہویں کو اسے اپنی درگاہ میں استادہ کرتے ہیں، شاہ دلگیر کے پردادا سید منور علی شاہ جو صاحب علم کے پوتے تھے آخر اٹھارھویں صدی میں جب آگرہ میں مرہٹوں کی عملداری تھی صاحب کرامات مشہور ہوئے۔ نقل ہے کہ مہاراجہ سیندھیا کی ایک لڑکی جو عرصہ سے سخت بیمار تھی شاہ صاحب کی دعا سے بالکل تندرست ہوگئی اسکے صلہ میں مہاراجہ سیندھیا نے بطور شکریہ کئی گانو شاہ صاحب کو بطور معافی عطا کیئے۔ حضرت دلگیر کے والد اور دادا لاٹ صاحب کے درباری بھی رہے۔ شاہ دلگیر کی ولادت ۲۳ فروری ۱۸۸۳ء مطابق ۱۴ ربیع الثانی ۱۳۰۰ھ کو آگرہ میں میوا کٹرے کے محلہ میں ہوئی ابھی چودہ برس کی عمر ہونے پائی تھی کہ خاندانی تنازعوں کے باعث باضابطہ تعلیم کا سلسلہ مسدود ہوگیا۔ تاہم ذاتی شوق مطالعہ کی بدولت فارسی اُردو کا مذاق اعلیٰ درجے کا ہے اور انگریزی میں بھی فی الجملہ مہارت حاصل کرلی ہے، عربی سے بقدر ضرورت

واقف ہیں، نثر طرازی اور شعر گوئی کا مذاق بچپن سے رفیق رہا۔ چنانچہ سترہ اٹھارہ سال کی عمر سے برابر مختلف رسالوں اور اخباروں میں مضامین لکھتے رہے کچھ عرصہ آگرہ اخبار اور مفید عام کی ایڈیٹری کے فرائض بھی انجام دیئے فن شعر میں باوجود نغز گوئی اور شیریں گفتاری حیرت ہے کہ آپنے کسی سے باضابطہ طور پر اصلاح نہیں لی پڑھنے کا انداز دلکش اور موثر ہے ۱۹۰۹ء میں دہلی کے کئی مشاعروں میں تشریف لائے اور اپنے دلپذیر کلام سے شائقین کی سامعہ نوازی کی اُس زمانے سے مؤلف تذکرہ سے مراسم اتحاد قائم ہوئے جو بفضلہ قائم ہیں۔

دور موجودہ کے انشاپردازوں کے زمرہ میں ہماری رائے میں شاہ دلگیر کا پایہ صف دوم کے صدر نشینوں میں سمجھنا چاہیئے۔ آپکا تخیل ایک عجیب جدت و لطافت کا پہلو لیئے ہوئے ہے۔ آمد اور اس میں جا بجا انسانی جذبات اور مناظر قدرت کے دلفریب نمونے ایسی سلیس و شستہ زبان میں ملتے ہیں کہ خواہ مخواہ انسان تعریف کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ اب شروع ۱۹۱۳ء سے شاہ صاحب نے ایک رسالہ نظم و نثر موسومہ "نقاد" آگرہ سے شائع کرنا شروع کیا ہے جسکی گو ابھی پوری دو برس کی بھی عمر نہیں ہوئی تاہم وہ موجودہ رسالوں میں نہایت وقیع اور ممتاز سمجھا جاتا ہے اور امید ہے کہ اگر شاہ صاحب کی توجہ استقلال کے ساتھ اسکی ترتیب و تہذیب کی طرف منعطف رہی تو یہ رسالہ ادب اُردو کی خدمت کا ایک قابل قدر ذریعہ ثابت ہوگا۔ آپکے اشعار میں نزاکت و جدت خیال۔ تلاش مضمون، مناسب الفاظ۔ شستگی روزمرہ و طرز ادائے بیان الغرض جملہ خوبیاں موجود ہیں۔ پڑھیئے اور لطف اُٹھایئے

کیوں نہ دھوکا ہو دہکتے ہوئے انگاروں کا	شعلہ طور ہے جلوہ ترے رخساروں کا
سایۂ دامن رحمت میں ہیں عاصی زاہد	دیکھ کیا حشر میں رتبہ ہے گنہگاروں کا
جل اُٹھا آتش دل سے مری ہر سنگ مزار	ڈھیر ہے بعد فنا قبر پہ انگاروں کا
ہار پھولوں کے لیئے پھرتی ہیں حوران جناں	آج فردوس میں میلہ ہے گنہگاروں کا

ترے آنیکی خبر جب کبھی ملجاتی ہے
موت منہ دیکھ کے رہجاتی ہے بیماروں کا

انھیں دونوں سے الٰہی رہے زنداں آباد
غل ہو زنجیر کا نالہ ہو گرفتاروں کا

قصر جنت پہ بھی دیوانوں نے لاتیں ماریں
آگیا یاد جو سایہ تری دیواروں کا ✣

وہ میرا گھر سمجھ کر خانۂ دشمن سے پھر آئے
مرا مطلب نکل آیا بھلا ہو بدگمانی کا

کئے سیراب زخم اے تیر قاتل آب پیکاں سے
طریقہ تو نے مہمانی میں برتا میزبانی کا

جناب خضر سے کہدو عبث جینے پہ مرتے ہو
نہو کھٹکا اجل کا تو مزہ کیا زندگانی کا

مئے کہنہ کہاں ہے حضرت زاہد وہ آب پہنچے
نئے مہمان کو دے ساقی کوئی ساغر پرانی کا

گلے پر میرے خنجر رکھ کے پھر کچھ فکر کرتے ہیں
نتیجہ دیکھئے ہوتا ہے کیا تجویز ثانی کا

چلا ہے نجد کی جانب جو کھنچکر ناقۂ لیلیٰ
غبار قیس کو عہدہ ملا ہے پاسبانی کا

غزل میری بھی دلگیر کچھ توصیف کے قابل
مگر مشکور ہوں اہل سخن کی قدردانی کا

ہر طرف جاتی ہیں نظریں تری ترچھی ہوکر
کبھی سیدھے ہی نہیں تیر یہ سیدھا جانا

بند ہوتا ہی نہیں ملک عدم کا رستہ
رات دن رہتا ہے جاری یہی آنا جانا

کیا قیامت میں قیامت ہیں ادائیں انکی
دیکھکر مجھکو کن انکھیوں سے وہ شرما جانا

تبکدے دوڑ کے پہنچے کبھی کعبہ کو گئے
آج تک ہمنے ترے گھر کا نہ رستہ جانا

دم آخر ہے ٹھہر جاؤ میری بالیں پر
ابھی آئے ہو، ابھی جاؤگے، جانا جانا

وہ سمجھتے نہیں کچھ بھی یہ سمجھ ہے انکی
کہ مجھے غیر کیا غیر کو اپنا جانا

پہنچے دلگیر وہاں سنکے حسینوں کا ہجوم
عرصۂ حشر کو بھی کیا کوئی میلا جانا

میں لحد میں بھی جو یاد روئے انور میں رہا
کیا چمک کر نام لوح سنگ مرمر میں رہا

جیتے جی تھا چرخ دشمن بعد مردن ہے زمیں
جب بھی میں گردش میں تھا اور اب بھی چکر میں رہا

مجھ سے رخصت ہو کے پیری میں مرا عہد شباب
جنکے حسن شاعری شعروں کے تیور میں رہا

چین سے آکر جو بیٹھا پھر نہ نکلا حشر تک
تیر انکا بن کے ارمان قلب مضطر میں رہا

خانۂ دل کیوں نہو زاہد حسینوں کا مکاں
گھر بتوں کا مدتوں اللہ کے گھر میں رہا

چین کچھ ایسا دیا کنج لحد نے بعد مرگ
قبر میں جا کر بھی میں آغوشِ مادر میں رہا

جستجوئے یار نے مجکو پھرایا دربدر
میں نہ مسجد میں نہ کعبہ میں نہ مندر میں رہا

آتشِ عشقِ بتاں سے کوئی کیوں کر بچ رہے
یہ وہ شعلہ ہے شرر بنکر جو پتھر میں رہا

چشمِ حیرت بن کے ٹکٹکی یہ رہا ہر ایک شکل
حشر تک محوِ آئینہ - یادِ سکندر میں رہا

مرنیوالوں کے لیے بخیہ بُراں کسکا
راستہ دیکھتی ہے ہمت مرداں کسکا

پہلوئے غیر میں وہ چین سے سونیوالے
چاک ہے مثلِ سحر - دیکھیے گریباں کسکا

دل سا پروردہ آغوش ہو جب انکی طرف
پھر بھلا اور بھروسا کرے انساں کسکا

دہنِ زخم کی نیت نہیں بھرنے والی
چاہیئے کان نمک، مجکو نمکداں کسکا

عہد یہ ہے کہ کبھی خود نہ پئیں گے زاہد
کوئی گلرنگ دے پیمانہ تو پیماں کسکا

لدا ہوں ہوں داغوں کے پھولوں سے لالہ زار ہوں میں
خزاں کی بھی ہو جھلک جسمیں وہ بہار ہوں میں

مری جگہ ہے ہر اک دل میں خاکسار ہوں میں
کیا گھر آنکھ میں دشمن کی وہ غبار ہوں میں

غضب کا شوخ ہے دیکھو تمہارا تیرِ نگاہ
یہ ناک ہے کہ کسی کے جگر کے پار ہوں میں

اسی طرح سے نکل جائے حسرتِ پابوس
سرِ مزار ہو تم اور تہِ مزار ہوں میں

اُگا ہوں خاک سے میں بعدِ مرگ گل بن کر
جو دسترس ہو تو تیری گلے کا ہار ہوں میں

جو ہوں تو کچھ نہیں، ہونا مرا نہ ہونا ہے
کسی کے وعدۂ فردا کا اعتبار ہوں میں

سرِ محشر تری تیغ ادا کا کیوں نہ بسمل ہوں
ترا ہنس ہنس کے یہ کہنا کہ ہاں میں اسکا قاتل ہوں

مری اس بیخودی پر کیوں نہ آکر ہوش صدقے ہو
تمھیں غفلت میں پہچانا وہ بیخود ہوں وہ غافل ہوں

مری تقدیر میں دلگیر رہنا ہی مقدر ہے
نہ نکلی آج تک حسرت میں وہ حسرت بھرا دل ہوں

نہ پوچھا ہائے اُس ظالم نے اپنے دل فگاروں کو
رکھا اُمید ہی اُمید میں اُمیدواروں کو

ہمیشہ تیری فرقت میں تڑپتے ہی رہیں گذری
نہ پوچھا موت نے بھی ہائے تیرے غم کے ماروں کو

سروں پر میکشوں کی ابر کا سایہ تھا دنیا میں
عجب کیا اُسکی رحمت گھیرلے اُنکے مزاروں کو

نہ تھا ہمدرد کوئی دشت وحشت میں سوا اُنکے
ہماری آبلہ پائی پہ آیا رحم خاروں کو

شکستہ قبر اک میری بھی ہے گنج شہیداں میں
جو آ نکلو ادھر تم فاتحہ دیدے مزاروں کو

کلیجا کھا گئے رنج وغم واندوہ سب مل کے
ہجوم غم ہوا اتنا کہ حصے بٹ گئے دل کے

ستم توڑا غضب ڈھایا نگاہ ناز نے مل کے
پڑی اوپر مگر اندر سے ٹکڑے کر دیئے دل کے

نہ مرتے مجکو بنتی ہے نہ جیتے مجکو بنتی ہے
نہ دل ہی میرے قابو میں نہ میں قابو میں ہوں دل کے

دم نزع حسرت بڑی رہ گئی
نظر جانب در لڑی رہ گئی

نہ ڈھونڈا دل غیر میں آپ کو
یہ اک چال ہے بڑی رہ گئی

دم نزع اے جان آئے نہ تم
مری جان تم میں پڑی رہ گئی

اُٹھائے ہوئے ہیں ہم اک کوہ غم
مصیبت جو سر پر پڑی رہ گئی

ہوئے مرحلے زندگی کے تمام
بس اب ایک منزل کڑی رہ گئی

گئی مرتے مرتے نہ مژگاں کی یاد
یہ برچھی جگر میں گڑی رہ گئی

وہ آئے دم نزع بالیں پہ جب
اجل بھی کھڑی کی کھڑی رہ گئی

ہوئے آپ رخصت مگر مجکو یاد
قیامت کی وہ اک گھڑی رہ گئی

کیا ذبح تم نے نہ دلگیر کو
یہ اک حسرت اُسکو بڑی رہ گئی

باتوں میں ہے سحر فتنہ جو کی
دل لے لیا جس سے گفتگو کی

کٹ کٹکے دعائیں دیر ہی ہیں
خنجر کو رگیں مرے گلو کی

ہو قصۂ قیس یا کہ فرہاد
اک شرح ہے لفظ آرزو کی

دل لیکے کسی کا پوچھنا ہائے
کس دل سے ہماری آرزو کی

میں چشم عدو میں ڈالتا ہوں
چھانی ہوئی خاک کو بکو کی

لاکھوں کا نوالہ کر رہی ہے
ہے گور بھی کس بلا کی بھوکی

	کہتے ہیں تلاش اسکو دلگیر		خود کھو گئے ایسی جستجو کی

دلگیر سید اظہر حسین عرف مُنّا میاں مارہرہ کے باشندے اپنے بھائی جناب دلیر کے مشورہ سے شعر کہتے ہیں ۱۸۹۷ء سے مشق سخن کرتے ہیں اِنکے خاندانی حالات بہ تحت ترجمہ جناب دلیر درج ہیں دوبارہ اُلحاق اعادہ فضول ہے۔ خاصے شوخ طبع موزوں فکر ہیں زبان بھی شستہ وصاف ہے

رہا دلگیر یوں بھولا ہوا دنیا و دیں برسوں	کہ رگڑی اُس بتِ سفاک کے در پر جبیں برسوں
وہاں بھی جا کے روحِ قیس کو نالوں سے چونکایا	ہلائی خوب دشتِ نجد کی بھی سرزمیں برسوں
نہ چھوٹے گا ہمارے خون کا دعویٰ قیامت تک	بتِ سفاک ہوئے لاکھ اپنی آستیں برسوں
اِس طرز سے وہ چلتے ہیں وقتِ خرامِ ناز	گویا کہ اُنکے پاؤں کے نیچے زمیں نہیں
انداز گفتگو کا کچھ اُلجھا ہوا سا ہے	فقرہ پیامبر کا کوئی دلنشیں نہیں
عدو سے اُنکے لڑنے پر بجا ہے میرا یہ کہنا	دکھائی آپنے تو آج جنگ زرگری اچھی
خامالیدہ ہاتھوں نے سجھائی قتل عاشق کی	کیسے خون ہونے کے لیئے مہندی رچی اچھی
بُرا ہی نام ہی اُلفت کا پوچھا ہے تو کہتا ہوں	نہ الفت حور کی اچھی نہ اُلفت آپکی اچھی

دلگیر منشی عبد الوہاب خان صاحب آپکو حضرت امیر مینائی سے تلمذ رہا ہے ۱۸۹۸ء کے حدیقۂ ہادی سے کلام منتخب ہوا، امیر اللغات کے دفتر میں بھی کچھ دنوں مددگار رہے زیادہ حال باوجود مکرر دریافت معلوم نہوا کلام منتخب ملاحظہ ہو۔

	ندیتے تھے تم گالیاں اوّل اوّل		نہ تھی ہاتھ بھر کی زباں اوّل اوّل
	کوئی پھول مجکو بھی گلشن کا صدقہ		میں آیا ہوں اے باغباں اوّل اوّل
	ہمیں کچھ فائدہ اس سے جو چہرے سے نقاب اُٹھے		مزا اُسوقت ہے جب پردۂ شرم و حجاب اُٹھے
	جھپک جائیں فلک پر چاند سورج گر پڑے بجلی		تمھارے روئے تاباں سے مریخاں نقاب اُٹھے
	بوسوں کے بدلے مجکو وہ دیتے ہیں گالیاں		اچھی دوا ہے یہ دلِ بیمار کے لیئے
	دلگیر کہتے تھے کہ لگاؤ کہیں نہ دل		رونا پڑا نہ تمکو دلِ زار کے لیئے

غیر پر لوٹ ہیں اب چھوڑ کے چاہت میری — کچھ جو کہتا ہوں تو کہتے ہیں طبیعت میری
تھی جوانی تو انھیں ناز تھا کیا کیا کل تک — غیر کی سنتے تھے منت نہ سماجت میری
آج گردوں کی طرف دیکھ کے وہ کہتے ہیں — ہائے کیا ہو گئی وہ چاند سی صورت میری

دلیر دلیر

دلیر۔ نواب علی محمد خانصاحب لکھنوی۔ آپ کو حضرت عشق لکھنوی سے تلمذ رہا ہے۔ انجمن محمدی کے پریسیڈنٹ تھے ارمغان ۱۹۲۶ء سے کلام منتخب ہو کر نقل ہوا۔ بار بار لکھنو سے حالات دریافت کیے مگر کسی صاحب نے توجہ نکی صرف محشر صاحب کی زبانی اتنا معلوم ہوا کہ دس برس ہوئے انتقال کر گئے اور کلام ملنا اب ناممکن ہے۔ چند شعر حاضر ہیں۔

روح عاشق قفس جسم سے آزاد نہ ہو — ملک الموت اگر شکل پریزاد نہ ہو
دلکا جلنا کیا الفت میں گوارا کس نے — اپنا گھر پھونک کے دیکھا ہی تماشا کسنے
نور سے اس رخ تاباں کے ہوئیں آنکھیں بند — بے نقاب آئے بھی وہ تو نہیں دیکھا کسنے
لب جاں بخش پہ تہمت ہی سہی مان لیا — یہ بتاؤ تو کیا پھر مجھے اچھا کسنے
لاکھ جانیں ہوں تو اک نقش قدم پر صدقے — دل کے ٹکنے کا کیا آپسے شکوا کسنے

دلیر۔ نواب دلیر جنگ بہادر رئیس مدراس۔ شاید نواب کرناٹک کے خاندان کے رکن ہیں باوصف اہل زبان نہ ہونیکے اردو و فارسی کی طرف بھی توجہ رہی۔ یہ چند شعر نتائج افکار سے ملے درج کئے گئے ؛

دیکھنا انکو ہے ممنوع صنم خانوں کا — کچھ خفا ہو گیا اللہ مسلمانوں کا
دیکھیے عاشق و معشوق کی کیفیت کو — شمع کیا جلتی ہے جی جلتا ہے پروانوں کا
ایک گردش سے کیا مست تری آنکھوں نے — کام میخانہ میں ہے ایسے ہی پیمانوں کا
خفا کیوں ہو نکل آئے جو آنسو — یہ لڑکے ہیں نکل جاتے ہیں گھر سے

حسیں سب ایک دلیر اٹھے چلے جاتے ہیں دنیا سے — عدم آباد میں شاید کوئی دلچسپ بستی ہے

دلیر۔ نواب امراؤ بہادر ملقب بہ شمشیر بہادر ثانی۔ آپ نواب علی بہادر ثانی کے خلف دوم دلیر

اور نواب ذوالفقار بہادر والی ریاست باندہ کے پوتے ہیں جو خود مرہٹوں کے فرمانروا باجے راؤ اول پیشوائے پونا کے خلف اصغر شمشیر بہادر کے پوتے اور جانشین تھے، انکے خاندانی مطبوعہ حالات سے پایا جاتا ہے کہ ۱۷۲۵ء میں راجہ چھترسال رئیس پنّا نے پیشوا باجے راؤ سے غضنفر جنگ محمد خان بنگش صوبہ دار الہ آباد کے مقابلہ کے لیئے امداد طلب کی چنانچہ باجے راؤ خود فوج لیکر اُسکی حمایت کے لیئے بندیل کھنڈ آئے اور بنگش کو شکستِ فاش دیکر راجہ کے ملک کو اُسکے پنجگل سے آزاد کرایا۔ اِسی معرکہ میں رئیس پنّا کے اہلِ خاندان جن میں اُنکی لڑکی بھی تھی لشکرِ اسلامی کی ہزیمت کے بعد آزاد ہوکر راجہ کے پاس واپس آئی۔ مگر رئیس مذکور نے اِس خیال سے کہ یہ لڑکی کچھ روز مسلمانوں کے لشکر میں رہ چکی ہے اُسے اپنی دختر تسلیم کرنے میں پس وپیش کیا۔ ناچار باجے راؤ جو اُسکے حسن وجمال کو دیکھ کر دل باختہ ہوگیا تھا اُسے اپنے ہمراہ پونہ لیگیا اور داخلِ حرم کرلیا، وہاں اُسکے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوا، یہ بچہ شکل سے پانچ برس کا ہوا تھا کہ باجے راؤ کا انتقال ہوگیا، چونکہ اُسکے جوان ہونے پر سردارانِ ریاست نے اُسے ہندو تسلیم کرنے سے انکار کردیا لہذا بالاجی باجے راؤ پیشوائے اُسے باندا کا علاقہ مدد معاش کے طور پر دیکر مذہب اسلام اختیار کرنے کی اجازت دیدی۔ باوجود اس ترکِ مذہب کے یہ خاندان قیامِ سلطنتِ مرہٹہ تک برابر اپنے آپ کو مرہٹہ طاقت کا جزو سمجھتا رہا اور باجگذار مطیع رہا۔ نواب شمشیر بہادر بانی خاندانِ باندا اِس طرح باجے راؤ پیشوا کے خلفِ چہارم اور بالاجی باجے راؤ پیشوا کے برادر اصغر تھے ۱۷۶۱ء کی پانی پت کی لڑائی میں وہ زخمی ہوئے اور موقع واپسی افواج مرہٹہ جانب دکن بھرتپور میں انتقال کیا اور وہیں دفن ہوئے، اُنکے لڑکے علی بہادر نے بامداد مادھوجی سیندھیہ بندیل کھنڈ کے اکثر اضلاع فتح کیئے اور نمک حرام غلام قادر کو جس نے واجب التعظیم شہنشاہ دہلی شاہ عالم ثانی کی آنکھیں نکال لی تھیں گرفتار کرکے دہلی بھیجا اور اس کارنمایاں کے صلے میں ماہی مراتب و دیگر امتیاز حاصل کیئے، ایک یہ خاص رعایت بھی اُن سے کی گئی کہ اُن کے

خاندان کو شاہی مدفن قطب صاحب میں دفن ہونے کی اجازت سرکار شاہی سے عنایت کی گئی۔ چنانچہ جب نواب علی بہادر نے کالنجر میں انتقال کیا تو لاش قطب صاحب میں سپرد زمین ہونے کو دہلی بھیجی گئی، علی بہادر کے انتقال کے بعد نواب اُمراؤ بہادر کے دادا شمشیر بہادر پُونہ سے کالنجر آئے اور سرکار انگلشیہ سے ۱۸۱۲ء میں معاہدہ کیا جسکی رو سے خطاب نواب باندہ اور چار لاکھ روپیہ سالانہ کا علاقہ یا پنشن زیر حمایتِ سرکار ہمیشہ کیلئے مسلم ہو گیا اس زمانے میں بعض وجوہ سے پیشوا نے اِن کا علاقہ ضبط کر رکھا تھا، جب غدر ۱۸۵۷ء ہوا تو اِس زمانہ میں نواب اُمراؤ بہادر کے والد نواب علی بہادر ثانی رئیس باندا تھے، شروع بغاوت میں انھوں نے ۳۰، ۴۰ حکام انگریزی کی جانیں بچائیں، لیکن آخر کار فوج باغی نے اُنھیں اپنی امداد دینے پر مجبور کیا، بعد خاتمۂ فساد سرکار انگریزی نے علاقہ اور پنشن سابقہ ضبط کر کے تین ہزار روپیہ ماہوار پنشن مقرر کی اور اندور بھیج دیا، جسے یہ خاندان وہاں مقیم ہے حضرت دلیر کی پیدائش ۱۲۷۳ھ میں بمقام باندا ہوئی تھی۔ اور تعلیم راجکمار کالج اندور میں پائی آپ اور آپکے برادر کلاں نواب ذوالفقار بہادر ثانی پنشن بقدر گزارہ پاتے ہیں اور جیسی فراغبالی و آسودگی اِس قدیم خاندان کی رفعت برقرار رکھنے کو لازم ہے وہ حاصل نہیں۔

فنِ سخن میں آپ کو حضرت جلال لکھنوی سے فیض پہنچا ہے چنانچہ ۱۳۳۹ھ میں دیوان بھی شائع کر چکے ہیں، سیدھا سادہ کلام ہے مضمون آفرینی اور نزاکتِ خیال کی طرف توجہ کم ہے پُرگوئی البتہ ہے اور اساتذۂ سلف و حال کے کلام پر خوب ہاتھ صاف کیا ہے جس کا باعث غالباً یہی ہے کہ اُنکا کلام نظر سے نہیں گذرا ہنگام ترتیب تذکرہ مع حالات دیوان ارسال کیا۔ طرز تاسخ کے مقلد ہیں۔ کنگھی۔ چوٹی۔ محرم کے مضامین برابر نظم کرتے ہیں سرورق پر یہ شعر درج ہے۔

سخن بہتر سے بہتر اس کا ہمسر ہو نہیں سکتا		یہ دعوے سے میں کہتا ہوں کہ بہتر ہو نہیں سکتا

اِس دعوے کی صداقت کی بابت ناظرین خود فیصلہ کریں گے۔ ہم تو چند منتخب شعر

درج کرنے پر اکتفا کرتے ہیں ؎

دے ساقیا شراب ہوا چاند عید کا — محتاج میکدہ تھا فقط اس کلید کا
کیا سو رہا ہے چین سے مرقد میں بعد مرگ — زانوئے حور تکیہ ہے تیرے شہید کا
سرہانے ہے وہ رشکِ مسیحا — کریگی اب یہاں آکر قضا کیا
کیونکر نہ ہو زبان کا دعوی مجھے دلیر — شاگرد ہوں منیر کا سید جلال کا
کمبل بھی اوڑھنے کو انھیں بن نہیں نصیب — دیتے تھے جو فقیر کو رومال شال کا

زہد و تقوی کی بحث لیتے ہو زاہد ہم سے — پیتے دیکھا ہے تمھیں ہے اسی برسات کی بات

تیر مژگاں پڑا کیے دل پر — خوب کی تم نے چاند ماری رات
ہمسے مطلب ہی جب نہیں تم کو — کیوں کیا کرتے ہو ہماری بات

ہے جلوہ نیا کوئی تو چلمن کے اُدھر آج — جاتی ہے تو پھر کر نہیں آتی ہے نظر آج
تم اُٹھ کے کہاں جاتے ہو پہلو سے ہمارے — بیٹھو ابھی دنیا سے ہے اپنا بھی سفر آج
زاہد کو آب کوثر و حور و جنان پسند — ہمکو بتاں بندۂ مے ارغوان پسند
ہوئی فصل جنوں میں جو نشو و حشت کی نمو پیدا — کہ زنجیروں کی بیلیں چڑھ گئیں دیوارِ زندان پر
مے پی لو رہن رکھ کر زند و عبائے واعظ — سوچی ہے آج ہمنے کیسی سزائے واعظ

کم معاشی میں جو رکھتے ہو بہت خرچ دلیر — بات کرتے نہیں کچھ اپنے گھرانے کے خلاف
اُنکی زلفوں میں جو ہوتا ہے میرے دلپر بگاڑ — فیصلا کو بیچ میں دونوں کے آجاتی ہے مانگ

خوب جینے کا مزا پاتے ہیں ہم — خون دل پیتے ہیں غم کھاتے ہیں ہم
ہے یہ کیسا عمکدہ اے بزم آرائے جہاں — کتنے اِس محفل میں ہیں اور شاد واں کوئی نہیں

جو کعبہ میں شیخ حرم دیکھتے ہیں — وہی بتکدہ میں بھی ہم دیکھتے ہیں
بہت زہد و تقوے میں نازاں ہیں زاہد — گنہگار تیرا کرم دیکھتے ہیں
سنیں کیونکر دلیر کی فریاد — کانوں کو بالی پتے بھرتے ہیں

کوئی حسرت اگر برسوں میں نکلی بھی تو کیا نکلی
ہزاروں حوصلے وہ ہیں جو دل کے دل میں رہتے ہیں

دردِ دل کا مزا وہ کیا جانیں
جن کا دل عمر بھر دُکھا ہی نہیں

پھیر دیتے نہیں وہ کیوں دل کو
جب یہ کہتے ہیں کام کا ہی نہیں

مُرغ زیبا نہیں زلفِ رسا میں
یہ ہے اک صبح دو اسکی ہیں شامیں

یہ ایک نشہ محبت کا ہے وہ چارہ گرو
کہ جس کا سارے جہاں میں اُتار کچھ بھی نہیں

وہ لپٹے نشۂ مے میں عدو سے
یہ بیہوشی میں ہشیاری تو دیکھو

اِن روزوں خانداں کو کوئی پوچھتا نہیں
عزت ہے آدمی کی بس اب سیم و زر کے ساتھ

وختِ رڑکا کئی دن سے نہیں ملتا تھا سراغ
آج سنتے ہیں کہ قاضی کے وہ گھر بیٹھ گئی

سچ تو یہ ہے کہ بُری شے ہے تہیدستی بھی
رہن مے کے لیئے زاہد کی ردا آتی ہے

تڑپ جاؤ گے میرا دردِ دل تم
جو سن لوگے کبھی میری زبان سے

مے کو کیونکر نہ وہ بُرا جانے
واعظ اسکے مزے کو کیا جانے

چھوڑے اُلفت وہ کیا حسینوں کی
کوسنے کو بھی جو دعا جانے

ہماری جبیں کے لیئے کعبہ زاہد
کسی شوخ کا آستاں ہو رہا ہے

بیہوش ہے اک بیخبری آٹھ پہر ہے
کچھ عاشقِ جانباز کی بھی اپنے خبر ہے

اکلا سا وہ حیف اپنا زمانہ نہ رہا
دولت نہ رہی وہ کارخانہ نہ رہا

کھو بیٹھے اُسے ایک مکاں تھا جو دلیر
رہنے کا بھی افسوس ٹھکانہ نہ رہا

دلیر منشی سید امیر حسن مارہروی آپکے دادا میر داور علی داور مرحوم اُناؤ کے قدیم باشندے اور ایام غدر میں سرکار انگلشیہ میں تحصیلدار تھے بصلۂ خیر خواہی سرکار سے موضع سلیم پور انعام میں ملا ہوا تھا بعد ازاں اور کچھ دیہات نواح ایٹہ میں خرید فرما کر اور مارہرہ کو پسند کر کے یہاں مستقل سکونت اختیار کی اُس میں جناب دلیر کے والد سید الطاف حسین بھی حصہ دار ہیں اور مکانات درگاہ کے قرب میں بنائے۔ تحصیلداری سے ترقی پا کر غدر کے بعد ڈپٹی کلکٹر ہوئے اور ۱۸۹۶ء

تک پنشن پاتے رہے۔ اِن کا سالِ ولادت ۱۸۷۰ء مطابق ۱۲۸۸ھ ہے۔ فارسی اُردو میں خاص دستگاہ ہے۔ مڈل تک انگریزی بھی پڑھی تھی۔ خلیق، نیک خصلت شخص ہیں، طبیعت نہایت شوخ اور چلبلی پائی ہے ابتدائے شعور سے شعر و سخن کا ذوق ہے، شعر اچھا کہتے ہیں۔ فنِ موسیقی سے بھی ایک گونہ لگاؤ ہے، پہلے جناب مضطر کے شاگرد ہوئے بعد میں ضیغم الملک مرزا داغ سے بہ سلسلۂ خط و کتابت تلمذ اختیار کیا اور اس امر کی خاص کوشش کی کہ اُستاد کے رنگ میں کہیں۔ آجکل زمینداری کے انتظام کا شغلہ ہے۔ کثرتِ مشق سے اب زورِ قلم میں بے تکلفی کلام میں روانی زبان میں صفائی اچھی پیدا ہوگئی، اکثر مشاعروں میں اپنی خوش گوئی کی داد پاتے ہیں سندیلہ رسپور علیگڈھ کے مشاعروں میں شریک ہوئے راقم سے بریلی میں قاضی محمد خلیل کے مشاعرے میں ملنے کا اتفاق ہوا تھا شوخی مضمون اور طرزِ بیان قابلِ تعریف ہے اور جا بجا حضرت داغ کے فیضان کی جھلک انکے کلام سے آشکار ہے

رونا ہوں دیکھ دیکھ کے دیوار و در کو میں	بیٹھے بٹھائے آج مجھے ہو گیا ہے کیا
صورت نمائے حسن ہے آئینگی مری	جو مجھ کو دیکھتا ہے تجھے دیکھتا ہے کیا
اندیشۂ فراق سے کرتا ہے ترکِ عشق	ہمت کو اے دلیر تری ہو گیا ہے کیا
مجمعِ اہلِ شکایت سے یہ ہیں کیا مطلب	کوئی دل سے کوئی تقدیر سے نالاں ہوگا

تم نے بے پردہ سامنے آؤ	صبر مجھ سے ہوا ہوا ہوا
ہائے قسمت میرِ الفت کی	قید ہی میں رہا۔ رہا نہ ہوا
رشک یہ ہے کہ عارضِ لب لعلیں کو تیرے	کر دیا چوس کے برگِ گلِ سوسن کیسا

ترکش میں ہیں جو تیر وہ قاتل کے پاس ہیں	جو کھو گیا کہیں وہ مرے دل میں رہ گیا
ہیں سب خیال و خواب کی باتیں اے ہمنشیں	آنکھوں میں رہ گیا نہ کوئی دل میں رہ گیا
یہ سن لو اور جاؤ ہے اگر مدِ نظر جانا	تمھیں آنا ہے گھر جانا ہمیں آنا ہے مر جانا
نہ اپنے دل کو دل جانا نہ اپنے دم کو دم سمجھے	تمھیں کو عمر بھر سمجھے تمھیں کو عمر بھر جانا
کوئی دم کوئی ساعت یاد سے تیری نہیں خالی	ہمیں کیا بے خبر اپنا سا تو نے بے خبر جانا
دلیر خستہ جاں کی خودکشی کو سن کے فرمایا	خدا مرحوم کو بخشے اسے کہتے ہی مر جانا

گرہ اب کھولیے زلفوں کی لاؤ دل لگی ہوئی	بھلا تیرے سوا اے دلربا کس پر گماں ہوگا

کیا ضرورت تھی جو یہ زحمت گوارا کی گئی | کیوں مجھے ناپید ہونیکے لیئے پیدا کیا

عشق میں ضبط مدعا نہ ہوا | آدمی ہیں بہت کیا نہ ہوا | وہ بہت پوچھتے رہے لیکن | مجھسے اظہار مدعا نہ ہو

تمھیں یہ ضد ہے تو دنیا کو چھوڑ دینگے ہم | یہی جہان ہے کیا دوسرا جہان نہیں

ملیگی کیوں نہ ہمیں قبر میں ستم سے نجات | کہ اس زمین کے نیچے تو آسمان نہیں

یہ سودا تو دیکھو وہاں جا رہے ہیں | جہاں سیکڑوں ٹھوکریں کھا رہے ہیں

یہ کہکر مجھے اُنکے درباں نے روکا | کریں کیا ہم اس بات کا کھا رہے ہیں

کہیں تم، کہیں ہم، یہ اندھیر کیا ہے | مُرادوں کے دن اور یوں جا رہے ہیں

اثر دے الٰہی ہماری دعا میں | ترے سامنے ہاتھ پھیلا رہے ہیں

چڑھیں طور پر ہم کو اسکی ضرورت | یہیں سب کرشمہ نظر آ رہے ہیں

مستحق ہم بھی ہیں اس لطف کے دشمن ہی نہیں | اس طرف بھی تو ذرا آنکھ اُٹھا کر دیکھو

روکنا دیدۂ خونبار کو اے حضرت دل | داغ آجائے نہ دامانِ وفا پر دیکھو

کراہے کیوں نہ وہ جو آتش فرقت سے جلتا ہو | مجھے پروا نہیں اسکی سُنے جو کوئی سنتا ہو

جنازے کو ہمارے دیکھ کر تم سوچتے کیا ہو | جِلا دو اپنے کشتہ کو اگر رشکِ مسیحا ہو

تسمگر حشر ہے یہ آخری دن جسکو کہتے ہیں | قیامت ہے جو وعدہ آج بھی تیرا نہ پورا ہو

بسر ہوتی ہے کیونکر زندگی ایام فرقت میں | یہ اُس سے پوچھنے کی بات ہے جو مبتلا ہو

بہت تو نے ڈرا رکھا تھا مقتل اور خنجر سے | یہیں ہوا ور ابھی ہو فتنہ گر جو کچھ کہ ہونا ہو

خدا ناترس ہیں کافر حسیں تو جرم کیا اس کا | خدا کو جب نہ جانیں یہ تو پھر خوفِ خدا کیا ہو

مانگو دعا کہ حشر میں اللہ بخشدے | میرا قصور ہو کہ تمھارا قصور ہو

سُن کے تیغا نہ کو ہم شہرتِ اصنام چلے | کتنے دن دیکھئے اب مذہبِ اسلام چلے

دم نکلجائے تو ہو ہجر کی مشکل آسان | موت کام آئے اگر آج تو کچھ کام چلے

آج وہ میری عیادت کو جو آئے تو کہا | تم تو کل کہتے تھے ہم صبح چلے شام چلے

جو تیر آرہا ہے وہ پار جا رہا ہے
اب دل میں کیا دھرا ہے اب دل میں کیا دھرا ہے

وہ کھیل جانتے ہیں اُلفت کے مشغلوں کو
اِک بد نصیب اپنی ہستی مٹا رہا ہے

کیا بتاؤں کیا نگاہِ یار ہو کر رہ گئی
میری دلکی مالک و مختار ہو کر رہ گئی

اِس نقاہت کا بُرا ہو ہنسکے کہتا ہے وہ شوخ
ایک ہی فریاد لے بیمار ہو کر رہ گئی

ظلمتِ شامِ جُدائی کب ہٹائے سے ہٹے
سامنے آنکھوں کے اِک دیوار ہو کر رہ گئی

غیر کی گردن میں جب باہیں کسیکی پڑ گئیں
میری مایوسی گلے کا ہار ہو کر رہ گئی

کیا وہاں بھی جا کے پہنچی میری آہِ شعلہ ریز
کیوں ستارے گر رہے ہیں عرش سے ٹوٹے ہوئے

بخشدے تجھے اپنے عاشق کا قصور
بندہ پرور کیا کرے انسان ہے

زنداں میں فتنہ گرنے کی یہ تو دستگیری
جب پانوں میرے باندھے تب ہاتھ کھولڈالے

گل پیرہن ہزاروں سنتے زیادہ نازک
نظروں میں آزمائے آنکھوں میں تولڈالے

خونِ جگر سے اپنے لکھا تھا حال دل کا
واں خط شوق اُسنے پانی میں گھولڈالے

چودھویں سال میں پہنچے تو کہا اِترا کر
جیسے ہم آج ہیں ایسا ہی مہ کامل ہے

مجھ سے کہتے ہیں کہ تو حشر میں یہ کہدیجو
میرا دعوی ہے کسی پر نہ کوئی قاتل ہے

نثر کے شکوے ہیں کیا نشائے غم
نظم کی فریاد اک دیوان ہے

اِس قسم کھانیکے صدقے جائیے
آنکھ نیچی ہاتھ میں قرآن ہے

یہ فصاحت اور یہ آمد دلیر
داغ کے فیضِ کرم کی شان ہے

کبھی راہ پر وہ نہیں آنیوالے
سلامت رہیں اُنکو بہکانے والے

مری روح پر ہے قیامت کا صدمہ
تجھے کھیل ہے قبر ٹھکرانے والے

تفصیل وار ذکرِ ملاقات کیجئے
کس سے ملے کہاں ملے اور بات کیا ہوئی

یہ گلگشتیں یہ سیریں ہی تو سارے گُل کھلاتی ہیں
ستمگر تُو جو رسوا ہے انھیں باتوں سے رسوا ہے

بے رُخی میٹھی نظر کے ساتھ ہے
عیب کیا اچھے ہنر کے ساتھ ہے

آپ کا در بابِ کعبہ بن نجائے تو سہی
کچھ دنوں گھسنے تو دیجے اپنی پیشانی مجھے

آج سے وہ لطف راہ و رسم ظاہر بھی گیا
راز دل کہکر ہوئی کیسی پشیمانی مجھے

عقل کا کہنا سمجھ ہی میں نہیں آتا دلیر
کیا خدا جانے یہ سمجھاتی ہے دیوانی مجھے

مدعی کی تشنہ قسمت کھل گئی | کچھ نہ کہیے سب حقیقت کھل گئی | امتحان عشق بھی کیا سخت تھا | آدمی کی آدمیت کھل گئی

فریاد حشر میں ہے یہ اک درد خواہ کی
پرسش یہاں تو ہو مرے حال تباہ کی

رکھا نہ عشق تو نے کسی دین کا مجھے
دنیا تباہ کی مری عقبیٰ تباہ کی

افسوس دل کا حال کوئی پوچھتا نہیں
یہ کہرہے ہیں سب تری صورت بدل گئی

جو ہم نے کہدیا تھا وہی عشق میں ہوا
آخر ہماری جان ہی لیکر اجل گئی

عزت اسی کی اہل نظر کی نظر میں ہے
سب کچھ بشر میں ہے جو محبت بشر میں ہے

دلیر مرزا تصدق حسین خلف مرزا واجد حسین فن شعر میں حضرت اسیر مرحوم کے صاحبزادے جناب حکیم منصور سے مستفید ہیں کم و بیش ۳۰ برس سے مشق سخن کرتے ہیں ۵۰ سال سے عمر متجاوز ہے ؛ دلیر

مدت کے بعد دیکھنے آیا ہے وہ قمر
اے موت آج ہی تجھے آنا ضرور تھا

بجلی تڑپ تڑپ کے تھمی پر نہ یہ تھما
کس درجہ بیقرار دل ناصبور تھا

کہتا ہے درد مجھسے نہ بیتاب آپ میں
گھر سے وہ چل چکے ہیں کہیں ہونگے راہ میں

رحمت نے اسکو بڑھکے گلے سے لگا لیا
دیکھا مجھے جو حلقۂ شرم و گناہ میں

خوشی ہے قتل کی اپنے فقط اسواسطے دلکو
کہ خونریزی کا ارماں تو رہا باقی نہ قاتل کو

وہ قاتل فاتحہ پڑھنے کو آیا ہے جو تربت پر
یہ بیچارم و گنہ مقتول ہونے کی خوشی ہے

دلیر منشی علی شیر ساکن بمبئی رسالۂ معیار میں کچھ کلام نظر سے گزرا اسکا انتخاب ضبط تحریر میں آیا دلیر

گھٹا کے آتے ہی محفل میں آیا جام شراب
اک آفتاب گیا اور اک آفتاب آیا

طلسم حسن جو دیکھا اچٹ گئی مری نیند
لگی جو آنکھ تو عمر بھر نہ خواب آیا

دلیر میں نے تو خط انکو سینکڑوں بھیجے
مگر نہ نامے کا میرے کوئی جواب آیا

دماغ

دماغ منشی گنگا لال صاحب خلف منشی کنہیا لال میران پور ندرہ ضلع گیا کے رہنے والے ذی علم، خوش وضع اور نہایت متین و خلیق آدمی تھے اردو و فارسی کے علاوہ آپ کو بھاشا و سنسکرت میں بھی دستگاہ حاصل تھی فن شاعری میں حضرت عرش خلف میر تقی میر کے شاگرد تھے ۱۲۶۸ھ میں بعمر ۷۰ سال اس جہان فانی سے رحلت کی - ایک دیوان غیر مطبوعہ موسومہ گلشن بیخار آپکی یادگار ہے مگر غنا صفت ہے - بہزار کوشش یہ چند شعر دستیاب ہوئے جو ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں ؎

تیری زلفوں سے اماں ہے کسے یار آج کی رات
انھیں دو کالوں نے رکھا ہمیں مار آج کی رات

صاف ہو وصل میں عاشق سے کدورت کیسی
میرے جاں دور کرو دل سے غبار آج کی رات

درد دل سے جو کراہا تو وہ ہنس کر بولے
جاں بلب کون ہے آوارہ دیار آج کی رات

وہ شب ماہ میں آئے ہیں جو افشاں چنکر
چاندنی دوہری دکھاتی ہے بہار آج کی رات

گلشن حسن پر بہار نہیں
کنگھی چوٹی نہیں سنگار نہیں

قتل کو بس ہے خنجر ابرو
حاجت تیغ آب دار نہیں

باغ عالم میں گل کھلاتے کچھ
اے جنوں موسم بہار نہیں

ایک ہی شکل کو دو کر کے دکھاتے ہیں
جوہر آئینہ قاتل تری تلوار میں ہے

دماغ

دماغ سہسوانی مرزا سجاد علی لکھنوی - دور موجودہ کے خوش فکر ہیں چند غزلوں کا ماحصل ہدیۂ ذیل ہے -

کیا تری تیغ نے اے یار آنکھیں ہوگئیں
جو کوئی آیا پئے دیدار آنکھیں ہوگئیں

محو میں اتنا خیال دید جاناں میں ہوا
دست و پا سیسے ہوئے بیکار آنکھیں ہوگئیں

باغ میں وہ گل رخاں جب میری آنکھوں سے ہوا
مجکو آپ اپنی نظر میں خار آنکھیں ہوگئیں

انتظار دید کا اُنکی جو موقع بھی ملا
شومئی تقدیر سے دیوار آنکھیں ہوگئیں

دوپیازہ

دوپیازہ - ملا عبد المومن دہلوی معروف بہ ملا دوپیازہ خلف ملا ولی محمد - ہر گونہ علم و

فضل میں بہرۂ وافی و نصیبۂ کافی رکھتے تھے، ترکی زبان میں کامل عبور تھا چونکہ مستحضر اور مذاق سے آپ کی طبیعت پر غلبہ کر رکھا تھا اس سبب سے فضائل علمی نے شہرت نپائی۔ محمد جلال الدین اکبر شاہ بادشاہ عرش آشیانی کے جلیس خاص تھے، لطیفہ گوئی اور بذلہ سنجی کا یہ حال تھا کہ بات بات میں پھلجھڑی کی طرح مُنہ سے پھول جھڑتے تھے، خلوت و جلوت میں ایسی کل افشانیاں کرتے تھے کہ تمام حاضرین دربار مارے ہنسی کے لوٹ لوٹ جاتے تھے، انکے لطائف و ظرائف آجتک زبان زد خلائق ہیں، مشہور زمانہ راجہ بیربل سے ہمیشہ انکی چشمک رہا کرتی تھی اور آپس میں اکثر چوٹیں چلتی رہتی تھیں۔ ان دونوں کی نوک جھوک کے بیسیوں لطیفے اب بھی لوگوں کی زبان پر ہیں، ملّا صاحب موصوف عرصۂ دراز تک متھرا میں مقیم رہے اور وہی اُنکا اصلی وطن بھی تھا وہاں کے پنڈتوں سے اکثر گرمئ صحبت رہا کرتی تھی اور اسی وجہ سے زبان ہندی میں بھی آپنے طبع آزمائی کی ہے اکثر فقیروں کو انکے دوہے یاد ہیں۔ فارسی زبان میں ہمیشہ فکر سخن کرتے تھے اور اس فن میں علامۂ دہر ابوالفضل سے اصلاح لیتے تھے۔

اُن واقعات کے برخلاف ایک قدیم تذکرہ میں مفصلۂ ذیل حال نظر سے گذرا جسکی صحت میں ہمیں کسی قدر تامل ہے کیونکہ اکبر شاہ اور آصفجاہ مرحوم کے عہد میں تخمیناً دو سو برس کا تفاوت ہے۔ "کچھ دنوں بعد آصف جاہ نواب نظام الملک کے دامن دولت سے وابستہ رہکر آخر عمر میں قصبہ ہنڈیا ہر وہ جو نواح قصبۂ جھیپا نیر ضلع بھوپال میں واقع ہے وارد ہوئے لوگوں سے پوچھا کہ اس بستی کا کیا نام ہے۔ کسی نے کہا "ہنڈیا"، فرمایا کہ دوپیازہ ہنڈیا میں آکر اب باہر کہاں جائے آخر ایسے بیٹھے کہ مر کر ہی اُٹھے اور اسی خاک کے پیوند ہوئے آپ کا مزار اسی مقام پر ہے۔ ایک کتاب مسمی بہ اترا کے عالمگیری لغت ترکی زبان میں ان سے یادگار زمانہ ہے، انکے ایک سو ایک لطائف بزبان فارسی بھی شائع ہو چکے ہیں اور "الرّامۃ" ایک چھوٹا سا رسالہ جس سے عجیب مذاق حاصل ہوتا ہے ملّا نامہ کے ساتھ چھپ چکا ہے۔ زبان اُردو میں یہ چند شعر انکی موزونی طبع کا پتہ

وہ گورا گورا لڑکا بامن کا شوخ گھونا — ایسا لگے ہے مجکو جیوں کھانڈ کا کھلونا
موری کہتی ون مان کھیلی برج میں موری — ہیتم کے پیچھے ساری بیر نہم بہگونا
دکھڑا سناؤں کاسے دے چندرمکھ کہت سے — ایسو مہا کپٹ باسوں مری لگاؤں کیونا
پیاری کون جانے بوجھا سکے نگر ہوں سن ون — ہم روم وشام وروس ہم خیر و پلونا
شوخی نیٹ کرت ہے نکچھکنی ہاتھ مل کر — تیں تاک شیخ کیتی ایسی طرح ملونا
تانی بجی ہے کیا کیا کلھ شیخ جی کے پیچھے — رم ورب فعل ہیں بھاگا لے اور ضا بچھونا
دو پیازہ از دل و جان قربان چرا نباشم — جو بن لے مدہ کا ماتا وہ سانولا سلونا
آبے ہیں میں جو دو پیازہ چلے متھراسوں — تا بہ پرلو نہ نکالیں گے قدم ہند یا سوں
شاہِ ایراں ہے مہ چار دہم گو بالفرض — شاہ کعبہ کو ہلالِ شب اول سمجھو
کیونکہ اسکو ہے ہر اک رات ترقی اور اسے — دن بدن روز نئے طور تنزل سمجھو
پیالہ پیم وسکا چاکھ بیٹھے — ملت ہیں تن بدن پر راکھ دیکھو
نہ دو پیازہ کی ولداری کرتے — مگر صمد گونہا خواری کرتے
دو پیازہ اب نکن ہنڈیا میں سے کے — ماکھی کے ہاتھ پھنس گئے جائے ہیں کے

دوست شیخ غلام محمد عظیم آباد پٹنہ کے متوطن اور نظامت مرشد آباد میں اوائل انیسویں صدی میں ملازم تھے اس سے زیادہ حال معلوم نہ ہوسکا۔

کافر ہے جسکے دل میں ترحم ذرہ نہو — کس کام کی زبان اگر گفتگو نہ ہو
صنم جو دیکھ مجکو تو کہے دور آنکھوں سے — کچھ اپنا بس نہیں ظالم میں ہوں مجبور آنکھوں سے

دوست سید خواجہ ولد سید حیات حیدر آباد دکن کے رہنے والے نہایت نیک طینت آدمی ہیں شیخ فدا حسین صاحب مہر سے تلمذ ہے دیوان گلزار دوست چھپ گیا ہے بعض دیگر مشہور لکھنوی کے شاگرد ہیں اور تعلقہ دار جاگیرات دکن ہیں پچاس باون برس کا سن اور یہ کلام کا انتخاب ہے ؎

ناصح سُنتی ہیں میں نے جہاں کی حکایتیں — جاتا ہے کون کوچۂ جاناں کو چھوڑ کر
منعم عیش ہو دولتِ دنیا پہ یہ غرور — جانا ہی ایک دن سر و ساماں کو چھوڑ کر
کون کہتا ہے کہ جلتا ہے دلِ عاشق زار — خاک ہو جاتا ہے سب جسم پہ جلتا نہیں
لاکھ چاہا کہ کہوں اب ملوں گا تجھ سے — لڑکھڑاتی ہے زبان منہ سے نکلتا نہیں
چھپ گیا جب سے وہ شکل اپنی دکھا کر اے دوست — کسی صورت سے دلِ زار بہلتا ہی نہیں

دلوں میں یاد تھی دونوں طرف مرے اُنکے — مَیں اُنکے گھر میں رہا اور وہ میرے گھر میں رہے

جہاں ہے وہ دلِ مائل وہیں ہے — سخن ہے جس جگہ سائل وہیں ہے
نہ پوچھو حال ہم عاشق تنوں کا ✤ جہاں دلبر ہے اپنا دل وہیں ہے
جہاں پر آپ تنہا بیٹھ جائیں — وہیں ہے جگمگا محفل وہیں ہے
سفر ہم ناتوانوں کا نہ پوچھو — جہاں تھک کر گرے منزل وہیں ہے

دوست منشی دوست محمد خان پٹھان - موزونی طبع کی امداد سے شعر کہہ لیتے ہیں ورنہ کچھ خاص بات انکے کلام میں نہیں پائی جاتی - ایک دیوان بھی شائع کر چکے ہیں، یہ دیوان کا انتخاب ہے - دوست

پوچھتے کیا ہو شبِ فرقت کا حال — دل ہمارا رات بھر تڑپا کیا
جو تیری جدائی کا غم دیکھتے ہیں — وہی جادۂ راہِ عدم دیکھتے ہیں

سچ کہو! رہنے دو بہانے کو — کس نے روکا ہے آنے جانے کو
جو کیا ہم نے عشق میں تیرے — نہ کرے اب خدا کرے کوئی

بھلا یاد کیونکر بھلائی تمہاری — سمائی ہیں دل میں ادائیں تمہاری
زباں سے ہی کہتے ہیں مرتے ہیں تیرے — نہیں مرتے اے دوست مرجانیوالے

دولھا - نواب محمد حسن علیخاں صاحب دولہ بریلوی شاگرد نواب ہادی حسن خاں صاحب ہادی از خاندان حافظ الملک بہادر ۱۸۷۰ء میں جو بریلی میں مشاعرے ہوتے تھے اُن میں دولھا

شریک ہوکر داد غزلخوانی دیتے تھے، اُس زمانے کے ایک مجموعہ میں چند غزلیں نظر سے گزریں اور کچھ شعر منتخب ہوکر درج کیے گئے، کلام میں زبان کا لطف موجود ہے تلاش الفاظ و مضامین بھی بُری نہیں ؎

ذکر کس کا نہ تری بزم میں اکثر آیا
پر نہ تذکور ہمارا کبھی دلبر آیا

زلف کابل نگیا لاکھ جتن ہنسنے کیے
کوئی افسوں نہ کبھی کام نہ منتر آیا

رزق پہنچاتا ہے ہر روز وہ رازق ہمکو
گرچہ ہم لاکھ گنہ شام و سحر کرتے ہیں

دل میں عشاق کے کرتے ہیں ٹھکانا اپنا
گھر میں اللہ کے بُت دیکھ لو گھر کرتے ہیں

ابر ہو، دریا ہو، خلوت ہو، بُت بے پیر ہو
تب کہیں حاصل مرادِ عاشق دلگیر ہو

عشق پہ غش کھاتے ہیں تمکو دیکھکر جن و ملک
تم پری کی شکل ہو یا حور کی تصویر ہو

ہادیٔ معجز بیاں کے فیضِ صحبت کے سبب
کیا عجب دولہ ترے اشعار میں تاثیر ہو

محبت بتوں کی خدا کی قسم
رگِ جان کو نیشتر ہوگئی

چلے آئے وہ گھر مرے بن بُلائے
مری آہ کیا کارگر ہوگئی

خفا ہمسے دولہ وہ کیوں ہوگیا
یہ تکرار کس بات پر ہوگئی

دولہ

دولہ۔ نواب جہانگیر محمد خاں صاحب بہادر مغفور معروف بہ نظیر الدولہ۔ نواب سکندر بیگم صاحبہ والیہ بھوپال سے پہلے انکے بھائی کی نسبت ہوئی مگر نوبت نکاح کی نہ آئی اور آخر قدسیہ بیگم صاحبہ نے ان سے نکاح کر دیا۔ بعد بلوغ انھوں نے خان حکومت ہاتھ میں لینے کے لیئے بہت دست و پا مارے اور ایک حد تک کامیاب بھی ہوئے مگر نتیجہ انجام کو اچھا نہ ہوا اور غریزوں اور اہلکاروں کی سازشوں سے آرام سے بیٹھنا نصیب نہ ہوا۔ صرف ایک لڑکی نواب شاہجہان بیگم پیدا ہوئی تھیں اُسکے بعد سکندر بیگم صاحبہ سے اَن بن رہی انجام کار چھبیس سال کی عمر میں جام فنا نوش کرکے سفر آخرت اختیار کیا، اِنکے کلام میں جو انکی صاحبزادی نے ۱۲۸۸ھ میں اپنے دیوان کے ہمراہ چھپوا کر مشتہر کر دیا ہے عاشقانہ اور معاملہ بندی کے

مضامین کثرت سے ہیں اور اُن سے اُنکے دلی سوز و گداز کی جھلک آشکارا ہے جو کچھ قلب پر گذرتی تھی بیشتر وہی نظم کر دیتے تھے، تلمذ کا حال معلوم نہیں مگر کلام بامزا اور پُر لطف ہے چھ جزو کے دیوان کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

عبث ہے ساتھ پھرنا غیر کے اُس شاہِ خوبان کا
گدا کا ہر زہ گردی ہے ہنر، اور عیب سلطان کا

مساوی ہونگاہِ لطف شہ اپنی رعیت پر
برابر مہر تاباں کے ہو ہر ذرہ بیاباں کا

قمر کی طرح کب منت کش خورشید انجم ہیں
نہیں لیتے ہیں عالی طبع ہرگز بار احساں کا

رہیگا علم کی دولت سے جو محروم دنیا میں
نہیں انسان وہ ہمرتبہ کہیئے اُسکو حیواں کا

نہ کیوں وہ شاہِ خوباں تمکنت کو کار فرمائے
سُبک وضعی سے اُٹھ جاتا ہے اکثر رعب شاہاں کا

مرے سر کے تلے سے نزع میں زانو نہ تو سرکا
ہے تکیہ زندگی کا جان یہ تکیہ مرے سر کا

کہاں مخلوق کو ہو فائدہ شاہِ خود آرا سے
گرے کب خلق میں پیاسوں کے قطرہ آبِ گوہر کا

جوں خار دل میں تھی مژۂ یار کی خلش
فرقت میں اُسکی سانس بھی لینا عذاب تھا

خالی ہاتھ آیا ہوں منزل میں الٰہی کیا کروں
لُٹ گیا راستہ میں سے ساتھ جو اسباب تھا

قتل کرنا عاشقوں کا اک قدیمی رسم ہے
چھوڑ جانا بیکساں یہ آپ کا ایجاد تھا

رہی جہانگیر اسلیئے نام اُنکا ساری خلق میں
گھر عروسِ دہر کا دولہ سے جو آباد تھا

تم خفا مجھ سے ہوئے اچھا ہوا بہتر ہوا
میں بھی تو ہر جائی ہن سے آپکے بیزار تھا

تیری خاطر پاؤں اُن لوگوں کے اب پڑتے ہیں ہم
جن پہ ٹھوکر مارنے سے ہمکو ننگ و عار تھا

چوڑیوں میں بھی پسند دل جہانگیری ہی تھی
جن دنوں دولہ سے اُس پردہ نشیں کو پیار تھا

مت کہہ وہ اپنے گھر تھا وہ غیروں کے گھر تھا
کیا اس سے فائدہ مجھے اے ہمنشیں ہوا

میرا وصال اُسکے تصور میں ہو گیا
مجھ تک نہ آیا میری بلا سے کہیں ہوا

کب جدا ہے مجھ سے دلبر میں دلبر سے جدا
ہو نہ گوہر آب سے اور آب گوہر سے جدا

روح تن سے جان بدن سے ہوش ہے سر سے جدا
کیا کشاکش میں پھنسا ہوں جسکے دلبر سے جدا

جسکو غرض ہو جائے وہ طوبیٰ کی چھاؤں میں
بیٹھا ہوں میں تو سایۂ دیوارِ یار میں

تلووں لگی وہ آگ کہ سر سے نکل گئی
مہندی ملی جو غیر نے وہاں پائے یار میں

کاش وہ آرامِ جاں آئے تو جائے غم کہیں
اُسکی آنے کی اگر ٹھیرے تو ٹھیرے دم کہیں

ہیہات اُسکے ہاتھ میں غیروں کا ہاتھ ہو
آنکھوں سے ہم کو پاؤں نہ ملنا نصیب ہو

اِس انکسار پر ترے سہتا ہوں کیا ستم
پھر بھی یہ ہے دعا مری ایسا نصیب ہو

مَیں منتوں سے تجکو منایا کروں مجھے
تیری اُٹھانی رخنش بے جا نصیب ہو

حاجت نہیں ہے اور سے ملنے کی پھر تجھے
دولہ سا جبلہ چاہنے والا نصیب ہو

قطعہ

چاہت کو جو میری پا گیا ہے
ہر بات پہ اب وہ روٹھتا ہے
لو جور بھی دِل کو بھا گیا ہے
معلوم نہیں کہ کیا بلا ہے

اُسکے آنے کی نہ ٹھیری سو طرح غم کھا چکے
جان بھی جائے کہیں قصہ مٹے جھگڑا چکے

مجکو طعنہ اور مہرویوں سے ملنے کا دیا
میں بھی کچھ اب عرض کرلوں آپتو فرما چکے

جب نہ اک بوسہ ہی دو تم اور نہ اک دشنام دو
دِل بھتیں کیونکر ملے اور اُسکی قیمت کیا چکے

خدا نے کر دیا ہے موم تمکو حق میں غیروں کے
دِل نازک تمھارا پر مری جانب سے پتھر ہے

یہ تو میں کیونکر کہوں تم ہو رہو میرے اجی
فخر ہے میرا اگر تم کر رکھو اپنا مجھے

کیوں ذرا سی بات پر تم نے کیا رسوا مجھے
کہدیا ہوتا بُلا کر کان میں تنہا مجھے

آشنا ظاہر میں اور باطن میں بیگانہ صفت
تم نے در پردہ جلا کر خاک کر ڈالا مجھے

آنکھ پھر جاتے ہی اُسکے ہو گیا بیہوش میں
گردشِ چشمِ بتاں ہے ساغرِ صہبا مجھے

دِل کو مجھ سے توڑ کر اپنا اُسے بندا کیا
آہ ایسے آشنا کو یوں چھڑایا آپنے

دم قتل اپنی گردن کب بتِ بے پیر پھرتی ہے
نہ بے قسمت گلے پر جو تری شمشیر پھرتی ہے

دولہ

دولہ - مرزا علی نقی تخلص دولہ شاگرد مرزا اصغر علی خاں نسیم دہلوی - لکھنو کے رہنے والے اور حضرت نسیم کے شاگردوں میں بڑے خوش فکر تھے - حضرت تسلیم و اشرف کے ہم مشق

تھے مگر کلام اُنکے مرتبہ کو نہ پہنچا۔ عرصہ ہوا انتقال کیا۔ یہ چند شعر درج کیے گئے۔

عاشقوں کیواسطے حالِ پریشاں چاہیئے — آتے ہی فصلِ جنوں ٹکڑے گریباں چاہیئے
کل جو کی تھیں شرطیں اُنکا کیجئے ایفا ضرور — آج ہمکو بوسۂ لعلِ درخشاں چاہیئے
چارہ گر تنہا بہر دردِ ماں عاشقوں کے درد کی — ہمکو پہلوئے صنم آغوشِ جاناں چاہیئے
گر نہیں چادر تو دولہ مہ سے مانگو چاندنی — کچھ تو بہر پوششِ گورِ غریباں چاہیئے

دولہ

دولہ جناب منشی علی احمد صاحب بدایونی بیناؔ برس سے مشقِ سخن کرتے ہیں اور رسالوں میں اپنا کلام شائع کراتے رہتے ہیں، باوجود کوشش و دریافت نہ تلمذ کی کیفیت معلوم ہوئی اور نہ کچھ حال ملا اشعار ملاحظہ ہوں

جذبۂ دل اسے کہتے ہیں کہ مجنوں کے لیئے — لیلیٰ پردہ نشیں نے بھی بیاباں دیکھا
ایک ہی تیغ سے عالم کو کیا تو نے حلال — اُف رے کافر کوئی ہندو نہ مسلماں دیکھا
خیر گذری نہ ہوا شوق اُسے زینت سے — سرمۂ چشمِ صنم خلق کا قاتل ہوتا
کون ہمدم ہے یہاں کس پہ بھروسا کیجئے — دل تو دل جان بھی ہم اُنکے طرفدار نہیں
ٹھیریئے ٹھیریئے مژگاں کو نہ کیجے سیدھا — دل نہ چھد جائے ہمارا کہیں یہ وار نہیں
کبتک یہ سہیے درد و غم و رنج کے صدمے — اب صبر کی طاقت دلِ بسمل میں نہیں ہے
کس طرح ہجر میں بہلے گی طبیعت میری — کچھ تو کر دیجئے تسکیں دمِ رخصت میری
قبر پر پھول چڑھاتا ہے وہ گل لالہ کے — بارِ احساں سے دبی جاتی ہے تربت میری
آپ پڑھتے ہیں نہیں سورۂ یٰسین پڑھیں — آپکے سر کی قسم وہ نہیں حالت میری
عید کے دن وہ رقیبوں سے بغلگیر ہوئے — ہاتھ پھیلائے ہوئے رہ گئی حسرت میری

دیوانہ

دیوانہ۔ رائے سرب سنگھ دیوانہ ہمشیرہ زادہ حقیقی راجہ مہاراجہ این بہادر دیوان مخ مدار المہام نواب شجاع الدولہ صوبہ اودھ، یہ خود شاہجہاں آباد میں پیدا ہوئے اور عنفوانِ شباب میں ابتدائی عہد شاہ عالم ثانی کا تھا اپنے عم نامدار کے پاس گئے اور مدۃ العمر وہیں امیرانہ شان و شوکت سے بسر کی اپنے ہمعصر رؤسا میں داد و دہش اور سیر چشمی اور قدر دانی اہل علم و فن کی بدولت صاحب

امتیاز تھے ذات کے کھتری اور بڑے جامہ زیب نفیس مزاج، وجیہ و شکیل جوان تھے۔ فارسی شعر خوب کہتے تھے اور مرزا فاخر مکین سے ہنگام قیام لکھنؤ میں ہزار ہا روپیہ کا سلوک کر کے کامل ۱۲ برس اس فن میں مشق کی تھی اور مرتبۂ استادی حاصل کیا تھا۔ مشاعرے بھی بڑے کروفر سے کیا کرتے تھے بنارس اور لکھنؤ میں بہت رہے اور اپنے وقت میں مستند شاعر مانے جاتے تھے۔ چار دیوان فارسی اور ایک دیوان اردو میں ان سے یادگار ہیں۔ میر حیدر علی حیران اور جعفر علی حسرت استادِ جرأت انکے قابل فخر شاگرد تھے ۱۲۰۴ھ میں پیکرِ وجود کو آتشِ فنا کے سپرد کیا۔ فارسی کلام دس ہزار اشعار سے کم نہ ہوگا +

دِل سدا تڑپے ہے میرا مرغِ بسمل کی طرح
یا کہ سیکھی مرغِ بسمل نے مرے دل کی طرح

جان پر آبنی ہمدم مری خاموشی سے
بات کچھ بن نہیں آتی ہے اب اظہار بغیر

بزم میں رات بہت سادہ و پُر فن تھے ہے
گرمیٔ بزم کہاں اُس بتِ عیّار بغیر

دیکھ بیمار کو تیرے یہ طبیبوں نے کہا
ہو چکی اسکو شفا شربتِ دیدار بغیر

دل ہے کہ تیری تیغ کے آگے سے ٹل نجائے
رستم کا کب جگر ہے کہ زہرہ پگھل نجائے

وے یار کہاں کہ یار باشی کیجئے
وے وقت کہاں کہ خوش معاشی کیجئے

اِک گوشہ میں بیٹھکر دیوانہ تنہا
اب ناخنِ غم سے دِل خراشی کیجئے

دیوانہ مرزا محمد علی جان باشندۂ بنارس ۱۸۴۰ء کے قریب روشن الدولہ کو بلرک رزیڈنٹ کے وقت میں دہلی میں اُنکے پاس رہے پھر علیگڈھ میں تحصیلدار ہو گئے تھے اِس سے زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا۔ دیوانہ

اُس کا آخر ادھر کلام ہُوا
اپنا قصّہ اُدھر تمام ہوا

آیا نہ بعد مرنے کے بھی وہ مزار پر
خاک اُسکے پیچھے آپکو ہمنے کیا عبث

میری سرگشتگی کو دیوانے
پہنچے کب آسمان کی گردش

جلتے جلتے ایک دن دیوانہ بس بُجھ جائیگے
جون چراغِ صبحدم ہم سینۂ سوزاں سمیت

دیوانہ

دیوانہ میر طالب علی صاحب دیوانہ مقیم بنارس شاگرد رشید سید عبداللہ وحشی بنارسی ۱۸۶۲ء میں زندہ تھے اور بریلی کے چند مشاعروں میں تشریف لاکر داد سخنوری دی تھی۔ کلام بامزہ ہے اور آپکی چلبلی طبیعت کا آئینہ ہے یہ چند شعر ملے درج کئے گئے ✣

بندہ بے داموں بکا ہے آپکی سرکار میں — شوق سے بیچو کھڑا کر کے مجھے بازار میں
مجھ کو حیرت ہے لڑائی کیلئے چھوڑا ہو کیا — گالیاں دیتے ہیں وہ دشمن کو ہر دم پیار میں
ہوگیا ناز اُن کو اپنے حُسن پر حد سے سوا — جو نہ کہنا تھا کہا سب ہنسنے اُنسے پیار میں
مَیں بتا دوں تمکو اسکے مجھ سے گر تقصیر ہو — تم کو بھی لذت ملے ایسی مجھے تعزیر ہو
یہ مزا ہے یار کے لعلِ نمک آلود میں — لاکھ بوسے لیکے بھی نیت نہ اپنی سیر ہو
اپنے مرنے کا کیا دعویٰ تو بوجے نہ سکے وہ — بولتے ہو مرکے تم دنیا میں زندہ پیر ہو
وہ ہی دیوانے کو پہنا دو کہ وہ شاگرد ہے — حضرتِ وحشی کی جو اُتری ہوئی زنجیر ہو

کیا ہے دفن مجھے شاہراہ میں اُسنے — کہ ٹھوکروں میں ہمیشہ مرا مزار رہے
نہ دشمنوں کے لیئے دوستوں سے رنج کرو — کرو وہ بات کہ دشمن بھی دوستدار رہے
لڑی اشک کی حبب گہر ہوگئی — تو زردی مرے رُخ کی زر ہوگئی
جو محنت پہ میری نظر ہوگئی — محبت تجھے فتنہ گر ہوگئی ✣

دیوانہ

دیوانہ منشی بنسی گوپال باشندۂ شاہجہان پور ۱۸۹۳ء سے شعر کہتے ہیں اور جناب شاد دہلوی سے مشورہ کرتے ہیں زیادہ حال باوجود دریافت نہ مل سکا۔

اگر شان دیکھے مرے بُت کی زاہد — پڑھے اُس کا کلمہ مسلمان ہوکر
بتوں کی محبت نے کافر بنایا — چلے دَیر کو ہم مسلمان ہوکر
جنازہ اُٹھائیں گی پریاں ہمارا — مرینگے مقرر سلیمان ہوکر
مزا تو یہ ہے میرے دل میں رہو تم — مری آرزو میرے ارمان ہوکر
زندگی کی تھی شب ہجر نہ کوئی اُمید — آگئی جان میں جان آپکے آجانے سے

آپ بھی کچھ دل بیتاب سے کہتے جائیں — یہ سمجھتا ہی نہیں ہے مرے سمجھانے سے
اس سے بڑھکر مجھے اب اور خوشی کیا ہوگی — یار نے عہد کیا غیر کے گھر جانے سے
گھر بنے آپکا بازار ہمیں کیا مطلب — ہمکو کیا کام ہے آئے کوئی جائے کوئی

دیوانہ

دیوانہ - نسیم الدین احمد دیوانہ سنہ ۹۰ء میں عدالتِ کلکٹری گیا میں امین محکمۂ مال تھے مولنا کوثر خیر آبادی سے تلمذ تھا۔

ہوا ہے عشق میں وارفتہ ایسا — دلِ ناداں نہیں سنتا کسی کی
ہوئی برگشتہ ایسی میری قسمت — پھری ہے آنکھ مجھ سے اس پری کی
گزرتی ہے جو دل کیا بیان ہو — نہیں امید اپنی زندگی کی

دیوانہ

دیوانہ - جناب حکیم سید باقر علی صاحب جیپوری - آپ حکیم سید منور علی صاحب متوطن جیپور کے صاحبزادے ہیں اور عرصۂ تیس سال سے گویا سنہ ۸۰ء سے فکر شعر کرتے ہیں پہلے باقر تخلص کرتے تھے پھر دیوانہ تخلص اختیار کیا چند شعر نتائج افکار سے درج ذیل ہیں

فصلِ گل میں مرا کیوں چاک گریباں ہوتا — گر مرے ہاتھ میں اس شوخ کا داماں ہوتا
کرتے فرقت کا گلہ ہم نہ ستم کا شکوہ — غیر سے بھی جو یہ شیوہ ترا جاناں ہوتا
تمکو معلوم صنم حال ہمارا ہو جائے — دل تمہارا جو کسی پر کہیں شیدا ہو جائے
ناز و انداز پہ اس شوخ ستمگر کی دلا — زندگانی جسے دشوار ہو شیدا ہو جائے
دیکھ کر حسن خداداد کو اُن کے باقر — آدمی کیا جو فرشتہ ہو تو شیدا ہو جائے

دیوانہ

دیوانہ - سید محمد فاروق صاحب گورکھپوری، دور موجودہ کے خوش فکر اور طباع کہنے والوں میں ہیں، نیچرل نظمیں اکثر رسالوں میں نکلتی رہتی ہیں۔

کثرتِ مشقِ تماشا دیکھنا — اٹھ گیا آنکھوں سے پردہ دیکھنا
سب مزے دنیا کے ہیں نظروں میں خاک — لذتِ ترکِ تمنا دیکھنا
ہو کے محو دیدِ حسنِ گلرخاں — ہو گیا میں بھی تماشا دیکھنا

اِک نظر میں خاک کر ڈالا ہمیں
کہیے صاحب تھا یہ کیسا دیکھنا
میری رسوائی کے ہو کے درپے تم
ہو نہ جانا خود بھی رسوا دیکھنا

کیا کہیے شب جو حالِ دلِ بیقرار تھا
اب آئے اب وہ آئے یہی انتظار تھا
تیرِ نظر سے میں، مری آہِ رسا سے وہ
دونوں بہ سعی کہ برابر کا وار تھا
خارِ الم کی دل میں خلش رات ہی سے تھی
دیکھا جو صبح کو تو جگر بھی فگار تھا
اہلِ غرض سے دور جو صحرا میں جا بسا
دیوانہ سچ تو یہ ہے بڑا ہوشیار تھا



ردیف ڈال

ڈاکٹر

ڈاکٹر ڈاکٹر بھولا ناتھ صاحب ملازم ریاستِ رامپور ۱۸۹۹ء - حضرت امیر مینائی کے خرمنِ فیض سے بہرہ ور تھے جدتِ خیال کے ساتھ زود گوئی اور خوش کلامی کے جوہر بھی انکے کلام میں پائے جاتے ہیں، زبان بھی بُری نہیں، طبیعت بھی شوخ پائی ہے - اشعار ملاحظہ ہوں

نیم جاں چھوڑ کے مقتل میں نجانے قاتل
تیرے کشتے تو ابھی سانس ذرا لیتے ہیں

یادِ مژگاں کی جو ہے بادیہ پیمائی میں
خوب کانٹوں کے مزے آبلہ پا لیتے ہیں

وائے تقدیر کہ ہم پھرتے ہیں مارے مارے
غیر گھر بیٹھے محبت کا مزا لیتے ہیں

ڈاکٹر ہمکو نہیں اور کوئی بیماری
دردِ اُلفت کی جو دے کوئی دوا لیتے ہیں

اُدھر پھانسی گلے میں کاکلِ پیچاں نے ڈالی ہے
اُدھر ٹٹی لگائے آڑ میں کرتی کی جالی ہے

حیا کا ہائے یہ کہنا کہ خوابِ ناز سے اُٹھئے
نہیں تو اب یہاں بوسوں کی چوری ہونیوالی ہے

اے اجل تجھ سے بھی سخت اور مصیبت آئی
تو نہ آئی ترے بدلے شبِ فرقت آئی

تو نے اے چرخ کبھی چین سے رہنے نہ دیا
کٹ گیا دن تو بلائے شبِ فرقت آئی

بھولی صورت پہ یہ غصہ یہ ستم یہ شوخی
ڈھل کے کیا حُسن کے سانچے میں قیامت آئی

داورِ حشر سے فریاد بھی ہم کر نہ سکے
لب ہوئے بند زباں پر نہ شکایت آئی

ہو گئے فرطِ قلق سے مرے دل کے ٹکڑے
یاد اے زخمِ جگر جب تری صورت آئی

جو تصور میں بھی آئے تو قیامت آئی
وائے قسمت کہ اُسی پر ہے طبیعت آئی

ڈاکٹر سے نہ ہوا دردِ محبت کا علاج
چلد یا چھوڑ کے جس دم تپِ فرقت آئی

ردیف ذال

ذاخر

ذاخر جناب سید فرزند حسین صاحب لکھنوی عرف اچھن صاحب لکھنؤ کے مشہور خاندان مجتہدان کے ممبر ہیں، آپ کو اپنے ماموں نواب سید اصغر حسین خان صاحب فاخر سے ابتدائے مشقِ سخن سے تلمذ رہا ہے، مولانا مہدی حسن صاحب باہر آپکے رشتہ میں نانا تھے، مشقِ سخن خاصی ہے اور علمی استعداد بھی بُری نہیں قاضی خلیل کے مشاعرے میں بریلی میں ملاقات ہوئی تھی اب غالباً پینتالیس برس کا سن ہوگا، کلام اور حالات بھیجنے کا اقرار کیا تھا مگر باوجود تقاضوں کے ایفا کی نوبت نہ آئی کچھ اشعار جو رسالوں سے چُنے گئے درج ذیل ہیں ؎

آئے دنبالے مری شوریدہ سری کا عالم
کوئی مشکل نہیں شہروں کا بیاباں ہونا

آتشک یا دہِ زینت میں وہ غصّہ کی ادا
آئینہ توڑ کے پھروں وہ پشیماں ہونا

اُسے فریاد سے اپنی نہ تم بدنام کر جانا
نہ کالے کاٹ سکے طولِ شبِ فرقت تو مر جانا

اُتر کر قبر میں منہ سے کفن تم کیوں ہٹاتے ہو
لڑ کپن ہے ہماری دیکھ کر صورت نہ ڈر جانا

لاش ہوتی دوشِ قاتل پر تو تھا مرنیکا لُطف
لیکے بسمل کو لحد تک اضطراب آیا تو کیا

رہا کچھ تیغ پر کچھ آستیں پر
نہ گرنے پایا میرا خوں زمیں پر

سیہ بختوں کی جس جا تربتیں تھیں
نہ بجلی بھی گری اُتنی زمیں پر

لحد پر مہوشوں کا پا کے مجمع
ستارے ٹوٹے پڑتے ہیں زمیں پر

بیخودیٔ قیس کہتی تھی کہ کیوں پُھٹتی ہے تُو
شکل تیری خود اُسے لیلیٰ نظر آتی نہیں

تم پریشاں عاشقوں کی بھیڑ سے ہوتے ہو کیوں
ہوں اگر لاکھوں پتنگے شمع گھبراتی نہیں

کھنچ آیا خونِ دل آنکھوں میں اشکوں کی روانی سے
نکالی سوزِ داغِ دل نے آخر آگ پانی سے

یقینِ مرگِ قاتل کو نہیں ہے سخت جانی سے
گلے پر تیغ بعدِ ذبح بھی ہے بدگمانی سے

ہزاروں حسرتوں کا بسملوں کی خوں ہوا قاتل
تڑپنے بھی نہ پایا کوئی خنجر کی روانی سے

یہ خونِ قلب سے مہندی بھرے ہاتھوں کا نقشا ہے
جو مٹھی بند ہو دل ہے جو کھُلجائے تو دریا ہے

لیا ہے دِل کسیکا یا چمن سے پھول توڑے ہیں
ذرا ہم بھی تو دیکھیں آپکے دامن میں کیا کیا ہے

سرِطور اے کلیم اللہ کیجے ہوش کی باتیں
جسے دیکھے نہ کوئی اُسکے ملنے کی تمنا ہے

نزع میں وہ دیکھنے کو آئے ہیں
دم نکلتا بھی ہے دیکھا چاہیئے

جسکے گھر میں بعد مدت کے وہ آئے
شادمانی اُسکی دیکھا چاہیئے

آکے تڑپا جائیں جس دل کو وہ خود
بیقراری اُسکی دیکھا چاہیئے

لحد میں نیند تھی ایسی کہ کچھ ہوئی نہ خبر
جگا جگا کے تھکا مجکو شورِ محشر بھی

تجھے قریب اُسنے گر جگہ دی نہ کر غرور بخت میں اُسکی
یہ بچپنا ہے کہ عکس کو بھی وہ آئینہ سے بُلا رہا ہے

عیاں ہیں سامانِ سرور و غم کے ہیں ظلمت و نور گرد میرے
کوئی نہیں سر کے بال کھولے چراغِ مرقد جلا رہا ہے

کچھ ایسے کانپتے ہیں ہاتھ گردن پر ستمگر کے
رگوں سے خط الگ پڑتے ہیں وقتِ ذبح خنجر کے

مجھے کیا دخل دل کو جس طرح چاہو کرو برباد
مگر اتنا سمجھ لو رہنے والے ہو اسی گھر کے

نکلتے ہیں یہ جتنے اُتنی ہوتی جاتی ہے تسکیں
ہیں آنسو کیا شبِ فرقت میں راہ قلبِ مضطر کے

وہی احباب جن سے زیست میں کیا کیا اُمیدیں تھیں
چلے جاتے ہیں اپنے پاؤں میری قبر پر دھر کے

اثر یہ جذبۂ اُلفت کا بعد مرگ بھی تھا
وہیں وہ بیٹھ گئے قبر تھی جہاں میری

ذاکر ذاکر ہزار کوشش و تلاش کے باوصف اِس پُر گو شاعر کا نام معلوم نہ ہو سکا ضخیم دیوان کے معائنہ سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ دہلی سے آصف الدولہ کے وقت میں لکھنؤ گئے، اور اُنکی شاہانہ داد و دہش سے فیض اُٹھایا۔ امجد علیشاہ کے وقت تک زندہ تھے حضرت ناسخ سے ہمعصرانہ مراسم تھے۔ پُر گو از حد تھے اور مہینوں جزو کے قلمی دیوان میں فحش و غیر مہذب کلام کے جا بجا نمونے ملتے ہیں، ایک خصوصیت اور ہے کہ غیر مانوس ردیف اور قافیوں میں خوب خوب طبع آزمائی کی ہے۔ اِس سے شبہ ہوتا ہے کہ شاید شاہ نصیر کے شاگرد یا ہم مشق رہے ہوں، اِنکے قادر الکلام اور مشاق ہونے میں شبہ نہیں متروک الفاظ اکثر پائے جاتے ہیں۔ آخر عمر بہت غربت اور بے سروسامانی سے

کٹی۔ اب دیوان کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

ہمدموں کیا کہوں حوالِ دل اپنا مجھسے
سمجھے اپنا تھے جسے سو وہ پرایا نکلا

وہ دن تو مجکو ہنستے ہی بس کٹ گیا تمام
جس روز مجکو وہ گل خنداں نظر پڑا

موتی مونگا اُسے ملجاتا تھا دلی وہ تھی
سیپ میں کوڑی کو جسنے کہ نچوڑا کیا کیا

شاہ نصیر الدین حیدر کو خدا قائم رکھے
کون کون ہمنے نہ دیکھا اُس کا نائب ہوگیا

وہ نگاہِ لطف اب اُسکی نظر آتی نہیں
عشق اپنا اُسپہ شاید آشکارا ہوگیا

نام تو باقی رہا دینے سے اُس کا دہر میں
صرف گو حاتم کا سب مال و خزانہ ہوگیا

جب مری جانب وہ نظر کر گیا
سینہ میں سو ٹکڑے جگر کر گیا

منتیں کیں میں نے بہت شوخی
پر نہ مرے پاس ٹھہر کر گیا

ہم کہتے ہیں یا قتل کرو یا بوسہ دو لب اپنے کا
اِن دو باتوں میں تم سے اب یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

شیخ جی بھوکے تھے ایسے کہ سیسوں سے مانگ
تھا جو گھوڑے کا وہ تیا رہیلا کھایا

آیا پُرسے کو جہاں قاضی کی لونڈی جو مری
جب موئے قاضی تو پھر کوئی نہ دیکھا آیا

غور کر دیکھا تو ہے رُو و ریا کا یہ مقام
کوئی بیکس کا اُٹھانے نہ جنازہ آیا

گھر میں تو ہو اندھیرا اور یکے مسجدوں میں ہیں
ہمنے جلائے گھی کے جا کر دیئے تو پھر کیا

احسان کرے لاکھوں رکھے مُنہ پہ تو ہیں خاک
اِس طرح کا مُو بھر ترا احسان نہ اُٹھے گا

میٹھی نظروں سے وہ اُس کا دیکھنا
ہائے میرے واسطے کیا سم رہا

جبتک کہ پاس دل رہا اندیشہ ہی رہا
جانے سے دلکے اب مجھے آرام ہوگیا

ہمارے سینہ کا کیونکر نہ ہووے داغ نیا
نہ تیل بتی ہے جلتا ہے یہ چراغ نیا

دل دیکھ اُسے کس کا تا شام نہیں سپتا
ہر چشمِ سیہ کا یہ بادام نہیں سپتا

یہ بات جو ہیں سو نچا دیکھیگا ہر اک لیکر
تصویر بنا اُسکی بہزاد بہت رو دیا

پوچھا اُس شوخ سے مَیں نے یہ بھلا کسکے لیے
ق ٹال کر میو دبرابر کا بنایا میٹھا

ترشرو ہو کے لگا کہنے نہیں اِس سے کیا
جسکو جی چاہا اُسے ہنسنے کھلایا میٹھا
کیوں جور و جفا کرتے ہو پوچھا جو کسی نے
کہتا ہے یہ میرا ہے گنہگار محبت

یوں ہولی کھیلتے دیکھا ہے ہم نے آصف کو
گلال سیکڑوں من اُڑتا تھا عبیر سمیت
یہ ہوتا ہی نہیں معلوم کیوں یہاں سے رئیس
نکل گئے ہیں بہت مبلغ خطیر سمیت
جو بخشوانے گئے شیخ ماں سے اپنا گناہ
وہ بولیں بخش دیا میں نے بلکہ شیر سمیت
جو چار دن سے لگے کہنے شعر ہیں گے اب
وہ طعن کرتے ہیں سودا پہ بلکہ میر سمیت

دم غلامی کا جو کہ بھرتا ہو
بندگی اپنی سے نہ کر آزاد

عجب یہ ذاکر تماشا دیکھا کہ چند روز نہیں اپنے آگے
جنھیں نہ آتی تھی بات کرنی وہ کرتے باتیں بنا بنا کر
جو ہیں اُس شوخ نے پھینکا نگہ کا تیر گردوں پر
وہیں بس ہو گیا مرغِ سحر نخچیر گردوں پر
سُنا اُسکو جو ٹھوکر مار کر مرثے جلاتا ہے
مسیحا ہو گئے جی اپنے ہیں دیگیر گردوں پر
شفق پھولی نہیں ہر گز یہاں ہے خون دونوں کا
مہ و خور میں چلی ہے آج کیا شمشیر گردوں پر
یہ گل تو کیا ہیں باغِ جہاں کے منہ اُسکا دیکھ
کھاتے ہیں رشک سب گلِ باغِ جناں تلک
نازک مزاج جتنے ہیں وہ سونگھتے نہیں
چمپے کے کھلتے پھولوں کو ہیں دور سے کے پھول
مار کر منہ پہ طمانچوں کو چھڑا دیوے نسیم
اپنی منقار سے گر گل کو اُٹھا لے بلبل

کیا حُسن بیاں کروں میں اُسکا
بس دیکھ کے اُسکو مر گئے ہم
سمجھا نہ ہمیں وہ اپنا عاشق
جاں اپنی سے مفت پر گئے ہم

عیاں جو اُسنے کیا وہ عیاں تو سب پر ہے
نہاں جو اُسنے کیا وہ نہاں نہیں معلوم
موسم گل قید میں گذرا تو اے صبا دیکھ
کیا کرینگے اب قفس سے تیرے ہوا زادہم
خوف کے مارے جو منہ پر نہیں کہتے تجکو
جان لو دل میں وہ اپنے بخدا کہتے ہیں
پی کے مے زاہد تو گلیوں میں پڑے ہیں لوٹے
شیخ افیوں کے نشے میں بوتے ہیں ناک میں

رکھے اللہ امجد علی شاہ کو مدام
قطعہ
دیتا دعا ہر ایک اُسے راہ باٹ میں

لندن کے تو سوا ہمیں پُل ایسا تھا بنا ہوتی تھی گفتگو یہی شہ اور لاٹ میں
ذاکر نے بد کے سر کو قلم کر وہیں کہا بنوایا شہ نے آہنی پل راج گھاٹ میں

نہ آیا حیف وہ ظالم کہا تھا جسنے آنے کو بُری قسمت ہے اپنی دوس کیا دیجے نگانے کو
کو نیچے سے اپنے کھینچے ہے جو اُٹھانا مجکو بیٹھنے کا بھی بتا دیجے ٹھکانا مجکو

آنکھ اُٹھا کر تو دیکھو میری طرف بات کو مجھ سے اب بھلا نہ کرو
یہ میں جانوں ہوں دوگے آخر رنج باتیں کر دل کو مُبتلا نہ کرو
بات آگے نہ کر سکا کوئی آنکھیں ایسی دکھا گئے سب کو
مرنے کے بعد آب ندامت میں غرق ہوں تر کرتا بار بار پسینا کفن کو ہے

ہے یقیں مجکو یہ دل میں کریں اُسکے تاثیر پہنچیں اُس تک جو مری آہ رسا کے جھوکے
قشقا ہے کھینچا جب سے بُت پر حجاب نے اسلام تب سے ترک کیا شیخ و شاب نے
انگڑائی لیکے تو جو اُٹھا جی پھڑک گیا کیا پیاری میرے دل کو تری یہ ادا لگی
سب کالے بال ہوگئے ڈاڑھی کے شیخ کی ترکیب ایسی یاد ہے اُن کو خضاب کی
مجھ سے وہ آزردہ یار دیکھئے کب تک رہے دل یہ مرا بیقرار دیکھئے کب تک رہے

ذاکر مولوی ذاکر علی بنارسی خلف مولوی فضل علی شاگرد مصحفی صاحب دیوان گذرے ہیں مشاق شاعر اور بڑے سخن سنج مانے جاتے تھے ترکتِ خیال کے ساتھ مضمون آفرینی کا بھی شوق تھا۔ ذاکر

شب جو باتوں میں وہ مہ پیکر کہل کر رہگیا رنگ سو سو طرح سے گردوں بدل کر رہگیا
لیلیٰ کا جب کہ نجد سے محمل نکل گیا آرام قیس لاکھوں ہی منزل نکل گیا

لالہ صد رنگ پھولا کوہ پر تو کیا عجب کوہکن کا خون کیا کیا رنگ ابھی دکھلائیگا
شب جو نالاں مکیں سے یہ دلِ صد پارہ تھا آسماں سے خونفشاں ہر روز یہ تارہ تھا
چلنا ہے وہ قیامت اُس شوخ نوجواں کا برپا ہے ہر قدم پر اک شور الاماں کا
یہی ہے گر حالِ آہ سوزاں گریگے جلکر فلک زمیں پر بھی ہیں نعرے تو دیکھ لینا کہ حشر ہی حشر ہے زمیں پر

دِل پھر گیا حرم سے اب دیر میں بسا ہے
دِل میں صنم صنم ہے لب پر خدا خدا ہے

پُتلیوں تک خون ہو لختِ جگر آنے لگے
لعلِ احمر سنگِ موسیٰ میں نظر آنے لگے

جواہر خانۂ زنداں کو کیا ہے چشمِ پُرخوں نے
مری زنجیرِ پا میں رنگ جڑ دیئے ہیں اشکِ گلگوں نے

طوفانِ آتشیں پہ ہے عمرِ رواں مری
شورِ تنورِ آب زدہ ہے فغاں مری

تو دستِ برہمن سے مار اپڑے گا زاہد
ناقوس لے ستمگر ٹوٹا تو مکھیا ہے

ذاکر ذاکر میر جان مرحوم خلف میر فخر الدین ماہر لکھنوی، اپنے والد کے شاگرد تھے ۱۲۷۴ھ کے قریب انتقال کیا، اشعار مسخر آمیز کہتے تھے، اہلِ مشاعرہ اکثر انکا کلام سُن سُنکر لوٹ لوٹ جاتے تھے، یہ چند شعر انکے ہاتھ آئے، ہدیۂ ناظرین کیئے جاتے ہیں ✤

ہوتا ہے جنکو نزلہ تو ذاکر سُنا ہے یہ
سمجھے ہے ناس لینا وہ اکسیر ناک میں

اُس کو بھی کیسے خلق میں وہ زن مرید ہے
خلوت میں جوڑے کوئی اپنی دولہن کے پاؤں

دو دانت بڑھ کے آگے کے آئے ہیں یہ نکل
سمجھو تو شیخ جی کے یہ دو ہیں دہن کے پاؤں

ذاکر ہیں اُنکے در پہ یہ بیٹھا کہ رہ گئے
ہل سکتے اب ذرا نہیں مجھ خستہ تن کے پاؤں

ذاکر ذاکر مرزا ذاکر الدین بہادر گورگانی ازاولاد میرزا جواں بخت ولیعہد اول شاہ عالم ثانی چونکہ وہ خود بنارس جا رہے تھے اِس لیئے اِنکی اولاد وہیں محلہ شوالہ میں مقیم رہی۔ شاگرد مرزا فاد بخش گورگانی دہلوی، وقت پسند طبیعت پائی تھی اور اکثر مضامین اِس طرح باندھتے تھے کہ صفائی سے دُور جا پڑتے تھے تاہم مشاق سخنور تھے ۱۸۷۰ء تک زندہ سلامت موجود تھے اور سرکار سے اپنی خاندانی پنشن پاتے تھے ✤

کوکبِ کاسہ سمجھکر روئی وہ تقدیر پر
جب حباب آئے نظر شیریں کو جوئے شیر پر

اتنا لاغر ہوں کہ پھنس جاؤں میں اسمیں مثلِ دم
لپٹے گر تارِ نگاہِ مور مجھ دلگیر پر

وہ ہیں محوِ خود نمائی اور ہم محوِ خیال
دست اندازی ہو کیا تصویر سے تصویر پر

کھو دیئے ذاکر نے مایوسی و حرماں نے ہوش
گردشِ ساغر کا شک ہے گردشِ تقدیر پر

عشقِ صادق کا اثر ہے آہِ آتشبار میں
آبلے غنچے بنے بلبل تری منقار میں

چار آنکھیں اسکی ہوں چاٹے جو مجھ وحشی کا خون
دیدۂ آہو بنے جوہر تری تلوار میں

مہوشوں کے دھیان میں اکر کو استغراق ہے
ان دنوں مسکن بنایا ہے تجلی زار میں

خاک اُڑانے کی تمنا گر ہمیں وحشت میں ہو
پھر زمیں سو کوس اونچی تجھ سے چرخِ پیر ہو

عاشقوں کے ہاتھ پہلے کاٹتے ہیں وقتِ قتل
تا قیامت میں نہ کوئی اُن کا دامن گیر ہو

ہُوں وہ اُفتادہ جو بعدِ مرگ ہو اُٹھنے کا قصد
موجۂ ریگِ رواں کی پاؤں میں زنجیر ہو

بے وسیلہ وصلِ معشوقوں کا ہے مجھکو پسند
پونچھ ڈالوں آنکھ میں گر سرمۂ تسخیر ہو

روشنی ایسی نہ تھی ذاکر تمھاری نظم میں
دھیان میں شاید کسی کا روئے پُرتنویر ہو

مری حیات کا باعث وہی نگار رہے
بجائے رُوح بدن میں خیالِ یار رہے

دباؤ نقش کو گر دِ نگارہ گلرو ہیں
کہ میرا حُسن کے گلزار میں مزار رہے

دکھاؤ آتشِ رُخ پر ہلالِ ابرو تم
کہ جس سے نعلِ در آتش یہ دلفگار رہے

جُدا رُخ سے زلف اے قمر ہو گئی
تماشا ہے بے شب سحر ہو گئی

شبِ وصل دھوکا تھا کیا اے خدا
ذرا آنکھ جھپکی سحر ہو گئی

یہ تڑپے پس مرگ مدفن میں ہم
زمیں ساری زیر و زبر ہو گئی

ذاکر مولوی محمد ذاکر علی باشندۂ قدیم قصبہ شاہ پور ضلع فتحپور (مسوہ) بہ سبیل روزگار ابتدائے سن شعور سے مختلف اضلاع میں رہے چنانچہ ۱۸۸۶ء میں کئی سال سے آگرہ کی کمشنری میں سررشتہ دار تھے استعداد علمی معقول تھی، انکے کلام سے پایا جاتا ہے کہ فکرِ سخن میں مضمون پیدا کرنے کا خیال بہ نسبت ادائے بیان میں سلاست اور صفائی پیدا کرنے کے زیادہ رہتا تھا اس لیئے باوجود اسکے کہ بڑے پُرگو کہنے والے تھے کلام میں سادگی۔ روانی اور صفائی کا عنصر کم ہے، میرزا حاتم علی بیگ مہر کے مشورہ سے شعر کہتے تھے جو اُس زمانے میں آگرہ کے شعرا کے سرتاج مانے جاتے تھے، اور فی الواقع ایک مسلم الثبوت اُستاد اور اپنے

وقت کے مشاہیر میں ہر طرح ممتاز تھے، دیوان نغمۂ بہار نامی اٹھان ہیں جو دیر اُس زمانہ میں چھپا تھا، ذاکر منشی خادم حسین رئیس، صفی امروہوی، ماہ لکھنوی، بزم اکبرآبادی وغیرہ سے ہم صحبت رہتے تھے، فارسی میں بھی ایک مجموعہ مختصر ان سے یادگار ہے۔ طولانی غزلوں میں بھی مشکل ایک دو شعر مغلق اور پیچیدہ تراکیب سے معرا نکلتے ہیں، مگر ہمنے حتی الوسع صاف عاشقانہ زبان کے اشعار چنے ہیں دیوانِ مطبوعہ کا از سرتاپا انتخاب اپنی پسند کے موافق ضیافت طبع شائقین کے لیئے مہیا کیا جاتا ہے اس میں ہمنے اخلاقی مضامین ارادتاً زیادہ چنے ہیں۔

وہ شائق ہوں کہ اپنی جان شیریں دیکے کھاتا ہوں
بہت میٹھا ہے پھل قاتل تری شمشیر بُراں کا

سچ پوچھو تو کچھ جھوٹ سے حاصل نہیں ہوتا
سرسبز کبھی دعوئے باطل نہیں ہوتا

کہدو یہ خریداروں سے مول اسکا نہ پوچھیں
جو دے بسکے کوئی وہ بیعانہ ہے اُس کا

رہبر راہِ حقیقت ہے غمِ عشق بتاں
وہ مصیبت پڑی سر پر کہ خدا یاد آیا

میں غم کو، مجھے کھائے جاتا ہے غم
وہ میری میں اُس کی غذا ہوگیا

آجتک کیا نہ ہوا اور نہ ہوگا کیا کیا
دیکھا اور دیکھیں گے دنیا کا تماشا کیا کیا

دل ہی دل میں میری باتوں سے کٹے جاتے ہیں غیر
رکھتی ہے میری زباں قاتل اثر تلوار کا

عطر ہے جس کا پسینہ وہ بدن کیا ہوگا
گالیاں جسکی ہیں شیریں وہ دہن کیا ہوگا

بال بکھرے ہیں تو کیوں اتنے پریشاں ہیں حضور
نہ ہوا زلف میں شانہ تو بلا سے نہ ہوا

غیر سے ہم کنار کیا کہنا؟
مجھ سے ملنے میں عار کیا کہنا؟

نہ چلا دیکھے آسمان سے کبھی
میرے مشتِ غبار کیا کہنا؟

وہ خفا تم سے تم انہیں ذاکر
کئے جاتے ہو پیار کیا کہنا؟

پہلے کہاں تھا طرزِ جفا سے تو آشنا
اتنا ہمیں نے اوستم ایجاد کر دیا

آفتابِ رخِ پُرنور کی تابش ہے غضب
دھوپ جلنے لگے پڑ جائے جو سایہ اُنکا

ہم پری کہتے ہیں اُنکو وہ ہمیں دیوانہ
ایک مدت سے یہ جھگڑا ہے ہمارا اُنکا

ذاکر خوشی کے ساتھ نہ کیوں پی لیا کروں
کرتی ہے دِل سے دُور غمِ دو جہاں شراب

زاہد پی لو قسم کھائے کو اک ساغر شراب
ورنہ کب جنت میں دینگے ساقیٔ کوثر شراب

ہو کے ساقی نے تر شرو جو دیا جامِ شراب
سمجھے ہم سرکہ بھی ہے دخلِ اقسامِ شراب

مَیں نے یوسف جو کہا کہنے لگے پیارے سے آپ
کچھ مجھے مول نہیں لائے ہیں بازار سے آپ

تُو نے جو بھیرِ عیادت کل کا ہے وعدہ کیا
تندرستوں سے بھی اچھے ہیں ترے بیمار آج

دے چکا ساتھ خط کے صبر و قرار
اب مرے پاس کیا رہا قاصد

پھر نجائے خدا سے آئے ذاکر
ہو کے اُس بُت سے آشنا قاصد

ہوں وہ وحشی کہ نہیں چین مجھے گھر باہر
گھر ستاتا ہے جنوں پڑتے ہیں پتھر باہر

کریں تجویز کیا منشوحی تحریرِ قسمت کی
خدا کے گھر سے آیا ہے یہ جھگڑا فیصلہ ہو کر

چاہے جو اپنی خیر تو جائے نہ شر کے پاس ؎
ہو جس بشر میں شر نہ ہے اُس بشر کے پاس

ہو کے مفلس بھی نہ شاکی ہوئے تقدیر کے ہم
شکر ہے صبر کی دولت تو بچی زر کے عوض

واں پہنچکر سب مرے ہو جاتے ہیں بیکار خط
بھاؤ میں ردی کے بکتے ہیں سرِ بازار خط

کیا خاک ہو غمِ دلِ اندوہگیں غلط
لکھا نصیب کا بھی ہوا ہے کہیں غلط

نہیں ان دو بلاؤں سے کہیں چین
جہاں دیکھو زمین و آسمان ایک

رہا ذاکر نہ بعدِ حضرتِ مہر
زمانے میں سخن کا قدرداں ایک

کترا کے نکل جاتے ہو کیوں راہ میں ہمسے
عاشق ہیں تمہارے کوئی رہزن تو نہیں ہم

گانا سُن کے تراجی سے گزر جاتے ہیں
سینکڑوں ہی تری ہر تان پہ مر جاتے ہیں

اللہ رے بیخودی نہیں اتنا بھی ہمکو ہوش
بیٹھے ہیں کسکے پاس کہاں ہیں جنہ نہیں

ٹھیرے یہ پاس آپکے ممکن کبھی نہیں
لیجاتا میرے دلکا کوئی دل لگی نہیں

گھر آپکے بہتیم گہر بار آئے ہیں۔
ہم نذر دینے موتیوں کا ہار لائے ہیں

کردیں کس کس پہ دلکو مفتوں ہیچ بر کم سے کم ہزاروں
خدا ہی کو اپنے کیوں نہ مانوں کہ وہ تنہا صنم ہزاروں

کہوں میں کیا حال اپنے جی کا نہیں ہے پرسان کوئی کسی کا
خدا ہی اس میری بیکسی کا کہ ایک میں اور غم ہزاروں

مری مصیبت نہ پوچھو کیا ہے بلا کا ہر وقت سامنا ہے
دل اپنا اس زلف میں پھنسا ہے کہ جسمیں ہیں پیچ و خم ہزاروں

دل بیچتے ہیں ایک صنم خوش ادا کے ہاتھ
قیمت وہی خوشی سے جو دیدے اٹھا کے ہاتھ

دکھائے لطف یہ گردش نے مجکو غربت میں
جہاں رہے یہی سمجھے کہ ہم وطن میں رہے

تمام عمر سفر میں بسر ہوئی اپنی
مسافرانہ بھی اک دن نہ ہم وطن میں رہے

کہتے ہیں وہ دکھلا کے مجھے کاکل عارض
لو دیکھو کہ ہوتی ہے شب ایسی سحر ایسی

مثل اس کا نہ دیکھا نہ جواب اس کا سنا ہے
کس منہ سے کہیں ہم دہن ایسا کمر ایسی

عاصی ہوں لاکھ پھر بھی جو تو چاہے اے کریم
جنت کو فخر تیرے گنہگار سے ملے

پہچانو گے نہ کعبہ کا رخ بھی جناب شیخ
گھر تک جو ان بتوں کے خدا کی قسم گئے

بیان کیا ہو اسکے کہ سایہ تک جس سے دور بھاگے
ملا سکے آنکھ اس پری سے کسی بشر کی مجال کیا ہے

موت میری شکل سے بیزار ہے
زندگی کی کیا ہو صورت دیکھئے

پھیک دونگا پھاڑ کر فرد گناہ
واں مری دیوانگی کام آئے گی

تم کہے جاتے ہو میں خاموش ہوں
میں کہوں تو بات کیا رہ جائیگی

ذاکر

ذاکر شیخ برکت اللہ صاحب بلوی۔ صاحب دیوان ہیں، حالات باوجود کوشش مہیا نہ ہوسکے نہ دیوان سے کچھ پتہ چلتا ہے طباع اور ذہین شخص معلوم ہوتے ہیں، زبان اور بندش دونوں اچھی ہیں اور اس میں معرفت کا رنگ اچھی طرح نمایاں ہے، دیوان کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

کعبہ میں بتکدہ میں ڈھونڈا ہے خوب تجھکو
آخر کو ہمنے پایا دل میں مقام تیرا

روز الست اک سرشار ہم نہیں ہیں
عالم ہے مست پیکر وحدت کا جام تیرا

ہر رنگ میں عیاں ہے ہر شکل میں نہاں ہے
گر تو نہ دیکھے اسکو تو ہے قصور تیرا

بجلیاں دل پہ گراتا ہے ہزاروں ظالم
محفل غیر میں یہ آنکھ لڑانا تیرا

یہ بھی ہے جذب محبت کا کرشمہ کوئی
تیغ کھنچتی ہے کھنچا جاتا ہے کچھ دل میرا

پھر کہر رہی ہے آبلہ پائی جنوں سے آج
سوکھی زبان ہے سرِ ہر خار دیکھنا

بت سے نفرت ہے مگر بیخود ہیں شوقِ خور میں
شیخ صاحب کی ذرا پرہیزگاری دیکھنا

کٹوا کے سر کو خوش ترا رنجور ہو گیا
اک دردِ بے شمار روز کا اپ ور ہو گیا

اسقدر چمکے شبِ ہجراں کہ اختر بن گئے
دل کے داغوں سے اندھیرے میں بھی جالا ہو گیا

ہم نہ کہتے تھے نہ دیکھو آئینہ یہ کیا ہوا
کس لیے ششدر ہوئے کیوں تمکو سکتا ہو گیا

سیلِ گریہ میں تصور اُنکی مژگاں کا رہا
ڈوبنے والوں کو تنکے کا سہارا ہو گیا

بن گئی ہے دم بہ دم یہ کیا اے حضرتِ ذاکر کہو
تمکو کیوں دشوار اب راتوں کا سونا ہو گیا

پھر مجھے لیجا کے واں رسوا کیا
جو کیا اے دل بہت اچھا کیا

یہ سُنا ہے غیر سے شکوا کیا
شکر ہے کچھ ذکر تو میرا کیا

ملکے روئیں مجھ سے میری حسرتیں
حسرتوں سے ملکے میں رویا کیا

لختِ دل آنکھوں سے نکلے تو کہا
دیکھ آگے آگیا تیرا کہا

کہاں کسی میں یہ خود نمائی کہاں کسی میں یہ لن ترانی
اگرچہ دیکھی بہت خدائی پر ایک تمسا تمیں کو دیکھا

آئے ہیں بن سنور کر پہلو میں عاشقوں کے
ارماں بڑھا کیے ہیں کچھ اور رات ڈھل کر

زلف عارض پہ کھا رہی ہے بل
چھائی کالی گھٹا ہے گلشن پر

چار تنکوں نے گل کھلائے ہیں
بجلیاں لوٹ ہیں نشیمن پر

دلِ ذاکر تصدق ہو گیا تنہائے ہجراں پر
فغاں پر آہ پر فریاد پر حسرت پر ارماں پر

قیامت ٹھوکریں کھاتی ہے فتنہ پاؤں پڑتے ہیں
عجب انداز سے آتے ہیں وہ گورِ غریباں پر

نگاہِ لطف کی تیری یہ ادنیٰ کارسازی ہے
کہ میرے کام جو مشکل تھے آساں ہوتے جاتے ہیں

بے حجاب آج کس نے دیکھ لیا
بات کہیئے تو شیخ جی دل کی

کیوں تیغ دو دم آج تیرے زیبِ کمر ہے
خوں ریزیِ عشاق مگر مدِ نظر ہے

محیطِ آبِ غیرت ہوں غریقِ بحرِ عصیاں ہوں
مری تر دامنی سے ہو گئے لب خشک ساحل کے

ذاکر

ذاکر منشی عنایت خاں ذاکر سنہ ۱۹۰۰ء میں کراچی بندر میں ریلی برادرز کے دفتر میں کلرک تھے، اُس زمانے کی چند غزلیں ہاتھ آئیں اُنکا انتخاب موجود ہے۔

بتوں سے ہو دن رات صحبت ہماری — دکھاتی ہے کیا دیکھیں قسمت ہماری
چلو آج چلکر پئیں شیخ صاحب — کسی دن تو سن لو نصیحت ہماری
ہمارے شیخ کیا حور لیکر کرینگے — یلگی نہ اُس سے طبیعت ہماری
وطن جاکے باہم ملیں دوستوں سے — کہاں ایسی ذاکر کہ قسمت ہماری

ذائق

ذائق۔ جناب منشی عبدالعزیز لکھنوی عرصہ تک کراچی بندر کی نیوسٹار وکٹوریہ تھیٹریکل کمپنی میں ڈراما نویس رہے، اِس روزگار کے سلسلہ میں تمام ہندوستان کی سیاحت بھی کئی مرتبہ بخوبی ہوگئی اب ۴۰ برس کے قریب عمر ہوگی سنہ ۱۹۰۰ء میں نامی پریس کانپور میں بھی ملازم رہے مفصل حالات کے لیئے بارہا احباب لکھنؤ سے تقاضا کیا کسی سے جواب باصواب نہ آیا اشعار ہم رسیدہ کا انتخاب یہ ہے۔

نہ کہنا شب وصل مانا کسی کا — غضب ہوگیا ضد پہ آنا کسی کا
باقی ہے میرے دل میں خدا جانے کیا اُمید — فرقت میں دم لبوں پہ ہے مرتا نہیں ہوں میں
بے دین کردیا بتِ کافر کی چاہ نے — ڈر سے خدا کا نام بھی لیتا نہیں ہوں میں
شب بھر مجھے چھاتی سے لگائے تھا کوئی شوخ — اِس خواب کی تاثیر کا کیا دیکھیں اثر ہو
شوخی تو یہ دیکھے ستم ایجاد کی کوئی — کہتا ہے وہ ہمسے کہ تمھیں بانی شر ہو

وفا کیا کرینگے کسی باوفا سے — ستم کرنے والے جفا کرنے والے
شرمندہ ہے قمر ترے گالوں کے سامنے — سنبل کو پیچ و تاب ہے بالوں کے سامنے
شوخی تمام بھول گیا چرخ کج ادا — چکر میں آگیا تری چالوں کے سامنے

ذائق

ذائق شیخ مبین اللہ کانپوری شاگرد حاذق دور موجودہ کے شاعر ہیں اور یہ کلام ہے۔

شیدائے چشم میگوں مستانہ ہوگیا ہے — مجنوں ہیں جو ہیں کہتے دیوانہ ہوگیا ہے

مسجد میں بیٹھکر تُو پیتا ہے مے جو واعظ
تیرا طریق بالکل رندانہ ہوگیا ہے

ہم کو چہ بُتاں میں چکر لگا رہے ہیں
زاہد ہمارا کعبہ تجانہ ہوگیا ہے

دِل میں بتوں کی اُلفت ذکرِ خدا زباں پر
واعظ کی کچھ نہ پُوچھو دیوانہ ہوگیا ہے

ذبیح ۔ مرزا امان علی مقیم بہادر بقولِ نساخ شیعہ عقائد سے توبہ کرکے سُنی ہوگئے تھے اور ۱۸۷۰ء تک حیات تھے ۔

ذبیح

اسقدر تو ہو رجوعِ قلبِ عاشق سوئے دوست
مُنہ جو دشمن کا نظر آوے تو سمجھے روئے دوست

یہ وہی سر ہے کہ اب ہے اپنے زانو پر سدا
یا اِسی کو تھا میسّر تکیہ زانوئے دوست

ذبیح ۔ نواب اسمٰعیل خان ذبیح معروف بہ اچھے میاں، بریلی کے رؤسا میں نواب حافظ الملک رحمت خاں کی اولاد میں تھے، محمد ابراہیم خاں کے بیٹے اور نواب عبدالعزیز خاں عزیز مرحوم کے بھتیجے تھے ۔ سترہ اٹھارہ برس ہوئے پچاس برس کی عمر میں انتقال کیا ۔ یہ اُنکے کلام بہم رسیدہ کا خلاصہ ہے جو بڑی دقت سے معرفت شفیقی ومکرمی قاضی محمد خلیل صاحب رئیس بریلی دستیاب ہوا ۔

ذبیح

حافظ آتشِ حب سے ہے دِل بیتاب اپنا
آگ اُسپر ہوئی قائم وہ ہے سیماب اپنا

عشق نے ہمسے ازل ہی میں لیا تھا آرام
آنکھ بھی پائی نہ تھی جب سے گیا خواب اپنا

وہ ہوں حُباب کہ قطرہ مئے عدم کا تھا
اُبھار لائی ہے اِس نشہ میں ہوائے شراب

اثر شکستہ دلی کا ہے جسمِ لاغر پر
شکن کی طرح پڑا ہوں میں اپنے بستر پر

ملجائے کوئی بُت تو اُسے دل میں جگہ دیں
کعبہ کے لیئے ڈھونڈتے پھرتے ہیں صنم ہم

تسکین مجھ سے ہو جو کسی تشنہ کام کی
لے آبِ تیغ یہ بھی ہے اک بات کام کی

ذبیح ۔ مولوی سید محمد اسمٰعیل ساکن تحصیل جھپرا مؤضلع فرخ آباد ۱۲۶۲ ہجری سالِ ولادت ہے، نیک نفس خلیق، اور پاک باطن شخص ہیں ۔ عربی، فارسی کی قابلیت حاصل رکھتے ہیں ابتدائے عمر میں معلمی کرتے تھے ۔ معلمی کے بعد اپنے بھائی مولوی محمد مرحوم کی تحریک

ذبیح

سے وکالت کا امتحان دیا اور پاس ہو گئے، جب تک انکے برادر مذکور فتح گڑھ میں وکالت کرتے رہے یہ اور مقاموں میں رہے انکی رحلت کے بعد فتح گڑھ میں وکالت شروع کی اور آجتک وہیں وکالت کرتے ہیں، شعر و سخن کا ابتدائے عمر سے شوق ہے، فارسی زبان میں بھی فکر سخن کرتے ہیں بلکہ اردو سے زیادہ اس طرف توجہ ہے، نواب فصیح الملک جہاں استاد حضرت داغ دہلوی مرحوم کے جاں نثار شاگردوں میں ہیں، اگرچہ کسی وقت اپنے استاد کی زیارت سے مشرف نہیں ہوئے مگر انکی عقیدت اور ارادت کی وہ حالت ہے کہ جو ہر وقت کے حاضر باش کو بھی نہیں ہو سکتی، نہایت زندہ دل اور عجب بے فکر طبیعت پائی ہے، اگرچہ وکالت کا کام وہ ہے جو آدمی کو دوسری طرف متوجہ نہیں ہونے دیتا مگر جناب فتیح اسکے ساتھ ساتھ اپنے تمام دل چسپیوں کے مشاغل بھی نہیں چھوڑتے، شکار اور شاعری دونوں کا شوق برابر ہے۔ بلکہ یہ التزام ہے کہ سال کو تین فصلوں پر منقسم کر کے ایک ایک فصل کے لیئے اپنا ایک ایک کام مقرر کر رکھا ہے، یعنی چار مہینے قانونی خدمت چار مہینے شاعری، چار مہینے شکار، غرضکہ عجب رنگ کے آدمی ہیں۔ زندہ دلی میں فرد ہیں۔ اکثر شاعری بھی کرتے رہتے ہیں۔ ۳۰ برس سے مشق سخن ہے اور بدرجۂ اوسط سب خوبیاں انکے کلام میں موجود ہیں ؎

ہاں ہٹ کے ذرا سامنے سے اے گیسوؤں والے	بھڑ جائے نہ تجھ سے دل دیوانہ ہمارا
نگاہیں قیس کی ٹکرا رہی ہیں سر قیامت سے	اٹھا لے اے صبا للہ تو ہی پردہ محمل کا
ادھر شوق شہادت ہے ادھر خونی طغیانی	ادھر چل چل کے رکنا ادھر رک رک کے جانا گلے پر تیغ قاتل کا
ہزاروں بیکسانہ دن رات یوں قتل ہوتے ہیں	نہ دم رکتا ہی خنجر کا نہ دل دکھتا ہے قاتل کا
یار کے نام پہ لازم ہے فدا ہو جانا	اک اسی فرض کا باقی ہے ادا ہو جانا
پھر مجھے مورد الزام بنانا ناحق	غیر کی بات پہ پھر مجھ سے خفا ہو جانا
زلیخا نا شناسانہ تو جا پہنچی ہیں اب دور ہے کیا	تاکمر بڑھکے انھیں دام بلا ہو جانا

خلش نوکِ مژہ رنگیٔ دل میں پس کر
نہ تو وہ نکلی نہ ارمان ہمارا نکلا

ضبط نے بھر کے طبیعت کبھی رونے نہ دیا
داغِ غم دامنِ دل سے کبھی دھونے نہ دیا

اللہ اللہ تری بیگانہ مزاجی جس سے
غیر تو غیر ہیں اپنا مجھے ہونے نہ دیا

اے ہوا تیری غرض کیا ہے کہ تو نے دمِ صبح
شمعِ مرقد کو مرے حال پہ رونے نہ دیا

اے بتو بندہ پروری سیکھو
حوصلہ ہے اگر خدائی کا

ہوئی پھر جو فصلِ بہاری کی آمد
ہر پھر یہ زخمِ جگر دیکھ لینا

نظروں سے جو اترے ہیں تو سولی پہ چڑھے ہیں
اللہ غنی رتبہ شاہانہ ہمارا

اے فلک زور پہ اپنا جو ستارا ہوتا
پاس میرے بھی کوئی چاند کا ٹکڑا ہوتا

پرتوِ رخ نہ سہی سایۂ کاکل ہی سہی
کوئی تو آ کے انیسِ شبِ یلدا ہوتا

وہ مسیحا نہیں آتا ہے تو موت آجاتی
دردِ دل کا تو کسی طرح مداوا ہوتا

میرے مرنے پہ تو مخلوق نہ ہنستی مجھ پر
خوب ہوتا سرِ بالیں نہ مسیحا ہوتا

رخصت ای رشکِ ملک کہ ہم صلح عدو سے کر لیں
دیکھ لیں ہم بھی کہ لڑتی ہیں نگاہیں کیونکر

کوئی شے عالمِ بالا سے پلٹتی ہی نہیں
اے ذبیح آتی ہیں واپس تری آہیں کیونکر

پہلو سے تیر یار نکالا تو اس کے ساتھ
لپٹے ہوئے ذبیح کے تھے پارہ ہائے دل

یہ عجب بات ہے ساقی ترے میخواروں میں
مست مستوں میں ہیں ہشیار ہیں ہشیاروں میں

تھی مجھے اپنی دوا کے لیے عیسیٰ کی تلاش
وہ ملے بھی تو ملے آپ کے بیماروں میں

مناظر ہیں خدا کی صنعتوں کے
خدا رکھے خدا ساز ان کی آنکھیں

مجھ سے ظاہر ہیں فلک اور خفا تو دل میں
ایک عدو سر پہ سوا ایک بلا کو دل میں

پھر جاں زار بھی نہ تھی عندلیب سے
چھوٹا جو برگِ گل دہنِ عندلیب سے

جلوہ ہے ایک ہم سے نہ پنہاں قریب ہے
دیکھا ہے ہم نے دور سے اس نے قریب سے

کل میکدہ میں شیخ کی حالت تھی اور ہی
آتے ہیں آج تو یہ نظر کچھ ادیب سے

موسیٰ کی طرح ہوش ہم اپنے گنوائیں کیوں
ذکرِ حبیب خوش ہے لقائے حبیب سے

کچھ اُنکے رعبِ حسن سے کچھ میرے خوف سے
نکلی نہ ایک بات زبانِ رقیب سے

بیوجہ مُنہ پھُلائے نہیں ہیں چمن میں پھُول
بھڑکا دیا صبا نے انھیں عندلیب سے

اک آنکھ سوئے گُل تھی تو اک سوئے آشیاں
صیّاد جب چُھٹا تھا چمن عندلیب سے

مرے سینے کے ویرانے میں کیا جانے دھرا کیا ہے
نہ تیرا غم نکلتا ہے نہ میرا غم نکلتا ہے

ایک وہ خنجر جو چلنے کو کفِ قاتل میں ہے
ایک وہ حسرت نکلنے کو جو میرے دل میں ہے

آج خوش خوش جا رہا ہے قیس کیوں ناقہ کے ساتھ
کون تسکین بخش جنبش پردۂ محمل میں ہے

مجھ سے حاصل میری دلکی حسرتوں کا پوچھنا
تم وہی آخر کرو گے جو تمھارے دل میں ہے

مرگِ دشمن کی مجھے اُنکو مرے مرنے کی فکر
ایک ارماں اُنکے دل میں ایک میرے دل میں ہے

وسعت آبادِ جہاں میں جن کی گنجایش نہ تھی
جمع اُن سب حسرتوں کا خون میرے دل میں ہے

نہیں سمجھتے ہیں زلفِ سیہ کے دیوانے
کہ کھیلنی ہے سرِ یار پر قضا اُن کی

مجھے جو دیں وہ عقوبت تو مستحق ہو نہیں
جو بخشدیں وہ خطائیں تو ہے عطا اُنکی

شبِ وصل اُنکے چہرے کی ضیا کچھ اور کہتی ہے
لپٹ کر کالی زلفوں کی بلا کچھ اور کہتی ہے

بٹھائے دیتی ہے جی گرچہ کوتہ دستیٔ قسمت
مگر مجھ سے مری آہِ رسا کچھ اور کہتی ہے

لبِ جاں بخش کے عیسیٰ نفس ہونیکا کیا کہنا
مگر تیغِ تبسم کی ادا کچھ اور کہتی ہے

کسی کی موت قبل از وقت تو آتی نہیں ہرگز
مگر اُس کی ادا میری قضا کچھ اور کہتی ہے

ہیں اُنھیں حالِ زار جو سمجھاتا ہوں
ٹالنے کیلئے کہدیتے ہیں ہاں میں سمجھے

خاطرِ عزیز دونوں کی ہے تیرِ یار کو
دم بھر مقامِ دل میں تو دم بھر جگر میں ہے

میری بھلائیاں تو بُرائی میں ہوں شمار
دشمن کرے جو عیب وہ داخل ہنر میں ہے

تمھاری دلربائی کے تصدق
نیا دل روز میں لاؤں کہاں سے

تُم سے تو بنتِ حوا نہ سکی داد ہماری
اللہ سے بس اب تو ہے فریاد ہماری

لاغر بھی ہوئے ہم تو تماشے کی غرض سے
دم سادھے ہوئے اور ذبیح جگر افگار
اپنی ہستی کو اگر ہم نہ مٹاتے اے جاں

قطعہ

کچھ خواتے ہیں تصویر پر زیادہ ہماری
محنت کہیں ہو جائے نہ برباد ہماری
پھر یہ پیدا کہیں مضمون کمر کے ہوتے

نصیب اچھے اگر اے بلبل شوریدہ سر ہوتے
پھر آتی فصل گل اور پھر ہرے داغ جگر ہوتے
دھواں آہوں کا سیدھا چرخ تک پہنچا تو صاف کہا
کہیں ہے سرو کو دیکھا کسی نے بارور ہوتے
رقیب اپنے دلوں میں آپ ہی کٹ کٹ کے مر جاتے
ادھر ہم سر بکف خنجر بکف جب تم ادھر ہوتے
فرشتوں کوئے جانانی ہوا جو تم کو چھو جاتی
ہماری طرح تم بھی خاک اڑاتے دربدر ہوتے
قفس میں مجھکو بازو توڑ کر کیوں قید کرنا تھا
ہوس کچھ تو مجھا لیتا جو ثابت بال و پر ہوتے
کمال ضعف سے اب پاؤں لڑکھڑانے لگے
گر اگر امداد اے شوق لے سنبھال مجھے
دل رمیدہ وہیں پھر پھر کے آتا ہے
ہوا ہے نقطہ پرکار رخ کا خال مجھے

بوسہ بن مانگے رہا جاتا نہیں
گالیاں کھانے کی عادت ہو گئی
جانے آکر وہ غضب ڈھائینگے کیا
جن کی آمد اک قیامت ہو گئی
ذکر میرے کیوں شیخ سنکر پی گئے
کیا کہیں صاحب سلامت ہو گئی
بھول کر یاد وطن آئی نہیں
وادئ غربت میں مدت ہو گئی
کی دوا جب سے ترے بیمار کی
اور ابتر اسکی حالت ہو گئی

کسی سے وہ بگڑتے ہیں کسیکو وہ بناتے ہیں
خدا جب حسن دیتا ہے شرارت آہی جاتی ہے
ہلال عید کی حسرت تو ہوگی روزہ داروں کو
مجھے میرے گلے سے یار کی تلوار ملنے کی
کیوں شراب سخن اپنی نہ ہو خوشرنگ ذبیح
اسکو نسبت بھی تو ہے داغ کے خمخانے سے

بتوں کی اگر ایسی ہی چڑھ بنی ہے
کسی دن خدائی کا دعویٰ کرینگے

ذبیح منشی باقر حسین صاحب طبیعت دار اور ذکی شخص ہیں کلام سے مشاقی بھی پائی جاتی ہے اور علمی استعداد بھی معقول معلوم ہوتی ہے ہر شعر میں بات پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں تلمذ ذبیح

وغیرہ کی کیفیت نہیں معلوم ہوئی۔ الہ آباد کے رہنے والے ہیں۔ کلام بہت مزے کا اور تعقید سے پاک وصاف اور تلاش مضمون اور الفاظ سے بھی صاحب مذاق سلیم ہونا ثابت ہے ملاحظہ ہو

نہ بیٹھے چین سے اک دم کہیں ہم شادماں ہو کر
پھرایا گردش قسمت نے دور آسماں ہو کر

کروں عرض ہنر کیا جب نہو یاں قدر داں کوئی
کمال اپنا یونہیں مخفی رہا گنج نہاں ہو کر

بزنگ نخل بے برگ وثمر تھی قدر کب اپنی
رہے جبتک جہاں ہیں ہم رہے بار جہاں ہو کر

تواضع سے بنالیتے ہیں اپنا دوست دشمن کو
کبھی ہم دور کر دیتے ہیں تیروں سے کماں ہو کر

ملی یہ سربلندی جب مٹایا اپنی ہستی کو
ہوئے مسجود عالم اسکے خاک آستاں ہو کر

خزاں کے خوف سے بلبل ہوئی ہے سو کھکر کانٹا
رہیگی آشیاں میں بھی تو خار آشیاں ہو کر

یہ کیسی اپنی غفلت ہے کہ یاد حق سے غافل ہیں
عیاں ہے صبح پیری ہم ابھی ماہین منزل ہیں

دل بے مدعا قدر امید وبیم کیا جانے
نقوش کائنات اپنی نظر میں حرف باطل ہیں

رہے ہم سبزۂ بیگانہ بنکر باغ ہستی میں
حقیقت میں جدا سب سے مگر ظاہر میں شامل ہیں

ہوئی جب سلب طاقت کیا نتیجہ پرفشانی کا
ہماری کوششیں جتنی ہیں سعی مرغ بسمل ہیں

ذبیح ناتواں جو تھے کبھی آرام جاں اپنے
وہی افسوس دشمن کے فروغ خانۂ دل ہیں

تمہارے ظلم کا ہمکو خیال کچھ بھی نہیں
ملال دل سے ہے تم سے ملال کچھ بھی نہیں

ذبیح عمر سریع الزوال کچھ بھی نہیں
خزاں وہجر وبہار ووصال کچھ بھی نہیں

عبث ہو اُن سے توقع وفائے وعدہ کی
مآل کوشش امر محال کچھ بھی نہیں

یہ کیسی طرز عمل ہے خدا سے شرم نہیں
گناہ حد سے فزوں انفعال کچھ بھی نہیں

یوں ہی گذرتے ہیں غفلت میں دن جوانی کے
ذبیح آپ کو فکر مآل کچھ بھی نہیں

رہے پابند تسلیم ورضا ہم ایسے بسمل ہیں
گلے پر خنجر قاتل زباں پر شکر قاتل ہے

نہو کیوں عشق میں ڈوبی ہوئی طرز بیاں میری
جوانی گو نہیں لیکن طبیعت ہے جواں میری

عبث اس خاکدان تنگ وتیرہ میں پھنسے آکر
کہاں یہ قید تنہائی وہ آزادی کہاں میری

وہ مجکو بے وفا کہتے ہیں یہ تائید کرتی ہے — آہی ہوگئی اُنکی زباں گویا زباں میری
دکھایا داغ پیشانی جو اُنکو ہونس کے فرمایا — جبینِ فخر کی زینت ہو خاکِ آستاں میری
عیادت کے لیئے یہ کون آتا ہے دمِ آخر — چلی جوہر استقبال جانِ ناتواں میری
تمنّا ہے اُسی کی جان دی ہو جسکی فرقت میں — کھڑی ہیں کیلیئے مشتاق حورانِ جناں میری
گذرتا ہو اگر حرفِ طلب اپنے تصور میں — تو ہوجاتی ہو پنہاں شرم سے مُنہ میں زباں میری
یہ کیسی آہِ آتش بار یارب دل سے نکلی ہے — دگرگوں ہوگئی حالت وہاں اُسکی یہاں میری
بتھے احسان کی خو اُسکو عادت شکرِ احساں کی — ترے دل کی طرح ہو کام میں ہر دم زباں میری
مرے سوزِ نہاں کا ماجرا تم شمع سے پوچھو — حقیقت کہہ رہی ہو صاف وہ آتش زباں میری
وہاں وہ شانِ آمرزش یہاں شرمِ تہیدستی — کوئی گوشہ نہیں ملتا چھپے غیرت جہاں میری
ذبیح اِس عہد میں گو اور بھی ہیں مدعی اسکے — مگر حاصل کہاں یہ خوبیِ حُسنِ بیاں میری

ذبیح منشی محمد اسمٰعیل ذبیح باشندہ کیا مٹی سعید صاحب کے حقیقی بھتیجے اور اُنھیں کے شاگرد ہیں پندرہ سولہ برس سے مشقِ سخن کرتے ہیں۔ ذبیح

سنورتی ہے زلفِ پریشاں کسیکی — بلا میں کوئی مبتلا ہو رہا ہے
چمن میں جو اٹھکھیلیاں کر رہی ہو — یہ کس گل کا ذکر اے صبا ہو رہا ہے
وہ بُت دیکھ کر مجکو مسجد میں بولا — ذبیح آجکل پارسا ہو رہا ہے

ذبیح حکیم منشی محمد اسمٰعیل خان ذبیح دہلوی ابن مولوی ابراہیم خان سابق برانچ پوسٹ ماسٹر پہاڑ گنج پہلے دہلی میں مطب کیا کرتے تھے، اشعار میں ظریفانہ مضامین اکثر لکھا کرتے ہیں افضل الاخبار میں کئی سال تک برابر ضمیمہ میں انھیں کے مضامین نکلتے رہے اب دو تین برس سے نواب حامد علی خان صاحب طالب جاگیر دار لوہارو کی سرکار میں ملازم ہیں کبھی کبھی ساتھ برس کے قریب عمر اور استعداد علمی بقدر ضرورت اچھی ہے ذبیح

دلِ مایوس میں اپنے ہزار ارمان کا مدفن ہے — گماں ہوتا ہے اس پر گور غریباں کا

مجھکو چُپ کرنے میں رسوا یار تو ہو جائیگا
یہ سکوت آخر کو بڑھ کر گفتگو ہو جائیگا

وہ آیا حور پیکر فاختہ کو
بنا رشکِ جناں مدفن کسیکا

آئینہ نے جو کہا عکس ہوں حیرانوں کا
بول اُٹھی زلف کہ سایہ ہوں پریشانوں کا

میرے زخموں نے اُڑایا ہے ہنسی میں سبکو
شور سنتے تھے بہت اُنکے نمک دانوں کا

ہے زیرِ قدم سیل شہیدوں کے لہو کا
عالم قدِ قاتل میں ہے سروِ لبِ جو کا

موتی کی صفا زیر ہے دانتوں کی چمک سے
اِس تاب نے پُل باندھ دیا آب گہر پر

قیامت تک نہ ہوگی کُل تو اُن کی
جئیں اُمید وعدہ پر کہاں تک

تاثیر سے نالہ کی پلٹ دینگے مقدر
قسمت نئی لکھنے کو اُٹھاتے ہیں قلم ہم

ملجائے کوئی بُت تو اُسے دل میں جگہ دیں
کعبہ کیلئے ڈھونڈنے پھرتے ہیں صنم ہم

مُنہ سے لگا ہوا ترے جامِ شراب ہو
اِک دن تو ائے وصال مہ آفتاب ہو

اُڑا دے ہوش بے پر تیغ کے دو چلو پانی سے
دکھا منکر کو بھی پیرِ مغاں تاثیر میخانہ

نگہ میں رکھنا رندو محتسب چھپ چھپ کے آتا ہے
اُچکا ہے اُڑا لیجائے گا کفگیر میخانہ

رکوع و سجدہ کرتے دیکھنا مستوں کے رندوں کو
جو بانگِ قلقلِ مینا سے ہو تکبیر میخانہ

شرابِ پاک بندوں کو وہاں حوریں پلائینگی
کہیں جنت نہ ہو واعظ تری ہمشیر میخانہ

تسکین تجھ سے ہو جو کسی تشنہ کام کی
اے آبِ تیغ یہ بھی ہو اک بات نام کی

خنجر کی ادائیں نہ ہوئیں ختم گلو پر
کچھ دیر تو اے حضرتِ خوں تھم گئے ہوتے

خدا جانے جو خواہش اور کچھ ہوتی تو کیا ہوتا
ذرا سے ایک بوسہ پر تمھارا دم نکلتا ہے

ہمارے وصل کا وعدہ وہ کرتے ہیں تو مجمل سا
سخن منہ سے نکلتا ہو تو اک مُبہم نکلتا ہے

عبث اُسنے دلا کر مجھے کی رہبری عشق
ناصح بھی مرے واسطے گویا خضر آئے

جوہر نے عاشقِ مفلس کو کیا مالا مال
کہ دُرِ اشک کی سینے پہ لڑی رہتی ہے

کہتے ہو تم زخمِ دل سے مسکرانا کس لیئے
تیر کی اُنگلی سے پوچھو گدگدایا کس لیئے

جوشِ جنوں میں بھی نہ پھرے ہم برہنہ پا
یہ آبلے ہی پاؤں کے پاپوش ہو گئے

واعظ پہ بھی تصرفِ پیرِ مغاں ہوا
رندوں میں آ کے آپ قدح نوش ہو گئے

شوخی سے بے نقاب ہے وہ جو بزم میں
اتنی پڑیں نگاہیں کہ روپوش ہو گئے

ذبیح مولوی سید عبدالحی صاحب باشندہ دربھنگا دربھارہ کا کچھ حال معلوم نہ ہو سکا۔ کلام ملاحظہ ہو ذبیح

زندگی اپنی اسی شغل میں گذرے پیارے
لب پہ ہو ذکر ترا دل میں تری یاد رہے

کہیں معشوق بھی عاشق کی خبر لیتے ہیں
اُن کو کیا شاد رہے کوئی کہ ناشاد رہے

کہتا ہے شوقِ قتل میں ہر وار پر ذبیح
قاتل خدا کے واسطے اک وار اور بھی

ذبیح جناب خواجہ محمد اسمٰعیل صاحب ایڈیکانگ نواب ڈھاکہ تلمیذ جناب نسیم ابوالعلائی باشندہ بنگال بعد میں حضرت داغ سے تلمذ اختیار کیا، نوجوان شخص ہیں علمی قابلیت خاصی ہے موزونی طبع کے اقتضا سے گاہ گاہ فکرِ سخن بھی کر لیتے ہیں اپنے آقا کے ہمراہ ہندوستان کے مشہور مقامات کی سیر بھی کی ہے۔ یہ کلام ہے ذبیح

خدائے شوق کو کیا رہنما میرا بنایا ہے
ملا ہے منزلِ اُلفت میں یہ رہبر بہت اچھا

کبھی خالی نہیں ہیں چال سے عیار کی باتیں
یہ کہتا ہے دمِ عہد و وفا اکثر بہت اچھا

تم آئے اور ساری بیقراری ہو گئی رخصت
نہ گھبراؤ کہ ہے حالِ دلِ مضطر بہت اچھا

زمانے بھر میں کوئی غیر کو اچھا نہیں کہتا
کہو انصاف سے کہتے ہو تم کیونکر بہت اچھا

گلہ کیوں کروں کیا مرا سر پھرا ہے
گلے پر عنایت سے خنجر پھرا ہے

بہت دیکھے ہیں انقلابات عالم
فلک عمر بھر میرے سر پر پھرا ہے

ذبیح - مولوی محمد اسمٰعیل خان باشندہ بھوپال - آجکل کے شعرا میں ہیں - طرزِ سخن مندرجہ ذیل اشعار سے ظاہر ہے پینتیس برس کی عمر ہے۔ ذبیح

مانگتا ہوں پیکِ مے ہر دم دعا برسات کی
بھا گئی ہے کچھ ادائے جانفزا برسات کی

ایک جامِ مے کے بدلے رندِ مے آشام سے
لیگئی دل چھین کر بانکی ادا برسات کی

لُطف دخترِ رز کی اُلفت میں کچھ آیا ہے اسے
مانگتا ہے اب تو زاہد بھی دعا برسات کی

جمگھٹے رندوں کے ہیں سب میکدہ آباد ہیں	آرہی ہے کیا ہوائے جانفزا برسات کی

ذخیرہ میر قربان علی ساکن فیض آباد اودھ آپکا حال صرف اسقدر معلوم ہوا کہ نغمۂ بہار رسالہ میں جو ۱۸۸۶ء میں شائع ہوتا تھا آپکا کلام اکثر چھپتا رہتا تھا۔

وہ پاس تھا تو غمِ دلِ عاشق سے دور تھا	ساقی کے دم سے دورِ شراب سرور تھا
ہے اوشنئی طور پہ ناحق گمانِ برق	شمعِ جمالِ یار کا اک وہ بھی نور تھا
کل کیوں سوالِ دید پہ بھیں لن ترانیاں	عاشق بھی کیا ترا ارنی گوئے طور تھا
ہوتے ہیں فیضِ تواضع سے سرافراز بشر	چشمِ مردم پہ قدم رکھتے ہیں ابرو ہو کر
دلِ خود رفتہ تو جاناں کی گلی میں پہنچا	رہ گیا دردِ جگر زینتِ پہلو ہو کر
ہجر عاشق کو عدم میں یونہیں لیجائیگا	جس طرح لائی ہے ہستی میں محبت تیری

ذرّہ میر نے راجہ رام ناتھ خلف الرشید میرزا راجہ کدارناتھ۔ امیر عہد عالمگیر ثانی و شاہِ عالم ثانی، یہ خود آخر الذکر بادشاہ کے مقرب بااختصاص اور پنشکار و ناظر رہے اور چونکہ بادشاہ کا تخلص آفتاب تھا اس رعایت سے اپنا ذرّہ مقرر کیا، چاوڑی میں راجہ کدارناتھ کی گلی اب تک اس خاندان کی یادگار ہے

ترے کوچہ میں روز و شب پڑا پھرتا ہے یہ ذرّہ	بجا ہے ایسے دیوانے کے مطلب کو روا کرنا

ذرّہ میر ولایت علی در اصل کوئل علیگڈھ کے متوطن تھے مگر بسبب روزگار آگرہ میں زیادہ حصّہ عمر کا بسر ہوا، شیریں سخن فصیح البیان شاعر تھے اور اپنے اقران و اماثل میں ممتاز یہ ذکر ۱۲۶۸-۱۲۶۹ھ قبل غدر کا ہے، ڈپٹی عبد العلیم نصر اللہ خاں نے اپنے تذکرہ گلشنِ ہمیشہ بہار میں انکا تذکرہ کیا ہے اور انکی خوش خلقی اور مسافر نوازی کی تعریف کی ہے۔ یہ انکا کلام ہے

میں دعا دیتا ہوں تم گالیاں دیتے ہو مجھے	اس بُرا کہنے سے کہیئے تو بھلا حاصل کیا
کرتی پھرتی ہے جو مٹی کو ہماری برباد	تجھے اس خاک اُڑانے سے صبا حاصل کیا
کیا بنے کام مرے سودائی بنانے سے تجھے	پیچ دینے سے مجھے زلفِ دوتا حاصل کیا

قطع کرنا تھا مرے دستِ جنوں کو ناصح
کیوں گریباں مرا تو نے سیا حاصل کیا

دستِ قاتل کو مبارک رہے خونِ عاشق
پاؤں کیوں پڑتی ہے ناخق تو حنا حاصل کیا

عمر بھر خاک ہی چھانا کیا میں اے ذرّہ
اور ان مہروشوں سے تو ہوا حاصل کیا

استخواں میری نکھا مجکو ندامت ہوگی
لے ہما گر کبھی ہما سگِ جاناں ہوگا

ذرّہ منشی ہرپرشاد نقلنویس کلکٹری سلطان پور (سنہ ۱۹۰۲ء سنہ ۱۸۹۸ء) شاگرد جناب لکرش قمر لکھنوی مالک ذرّہ
سال کی عمر اور یہ کلام کا رنگ ہے۔ باوجود کمر تحریر حالات نہ ملے۔

اُمید و یاس کے جھگڑے وہ حسرتوں کا ہجوم
عجیب لطف رہا جب تک انتظار رہا

رحیم جان کے تجکو خطا ہیں کیں میں نے
کریم جان کے تجکو گناہ گار رہا ✣

زمانہ تھا جو موافق شریک حال تھے سب
پڑا جو وقت تو کوئی نہ غمگسار رہا

تمھیں کچھ اپنی یہ وعدہ خلافیاں دیکھو
تمھیں کہو کہ تمھارا اب اعتبار رہا

بڑھگئی حد سے سوا جب سے نقاہت میری
وہ خفا ہیں کہ اُڑائی ہے نزاکت میری

جسقدر غیر نے کی اُن سے شکایت میری
اُنکو ہوتی گئی اُتنی ہی محبت میری

باعثِ ترکِ ملاقات جو پوچھا تو کہا
آپ سے ملکے اُلجھتی ہے طبیعت میری

زاہد تو اب بڑی ہونڈیں قیامت کیواسطے
ہمتو گناہ کرتے ہیں رحمت کیواسطے

ای شیخ جو وہاں ہے وہی بتکدے میں ہے
کعبے کو جائیں کسکی زیارت کیواسطے

چاہو تو قیامِ حسن تو بوسہ عطا کرو
صدقہ ضرور چاہیئے دولت کیواسطے

کُند ہے خنجر بلا سے آپ چلنے دیجئے
کام کچھ تو تشنہ کاموں کا نکلنے دیجئے

شوق سے تیغ نگاہِ مست چلنے دیجئے
خوب میرے زخم کے انگور پھلنے دیجئے

سر کے نیچے ہو اگر تکیہ تو جلد آتی ہے نیند
اپنے زانو پر ہمارا دم نکلنے دیجئے

کہاں سے آئے ہو کسواسطے پشیماں ہو
یہ کیا ہے آج نہیں آنکھ روبرو ہوتی

ذرّہ منشی اتواری لال باشندہ کلکتہ، حضرت نساخ کے تذکرہ میں ان کا ایک شعر درج ذرّہ

ہے اُنکے دوست بھی تھے اور ۱۲۸۱ھ میں زندہ تھے۔

دِل دار کی خاطر سے دل آزار بھی چھوڑا	الفت میں سمن رویوں کی گلزار بھی چھوڑا

ذکار

ذکار، سید اولاد محمد خاں ولد سید غلام امام صادق، حضرت حسان الہند میر غلام علی آزاد بلگرامی کے حقیقی بھتیجے تھے۔ ۲۷ رجب ۱۱۵۱ھ میں بمقام بلگرام پیدا ہوئے انھوں نے حضرت آزاد کی خدمت میں تربیت و تعلیم پائی اور اُنھیں کی تحریک و طلبی پر حیدرآباد میں منصب عالی پر سرفراز ہوکر امتیاز خاں خطاب پایا اور بڑے اعزاز و آبرو سے بسر کی۔ آخر اُسی عالی منصبی کے ساتھ بمقام اورنگ آباد دکن ۱۲۱۵ھ میں انتقال کیا۔ فارسی شاعر تھے۔ اور انکا ذکر اکثر فارسی تذکروں میں موجود ہے مگر حسب رواج زمانہ تفننًا کبھی کبھی اُردو بھی کہہ لیتے تھے، یہ اُنکے کلام کا نمونہ ہے۔

ساقی تجھے قسم ہے کہ مے سے بھرے ہوئے	شیشے ہیں انتظار میں کسکے دھرے ہوئے
آوارگی سے باز نہ آوے گا دل مرا	کیا فائدہ ہے اسکو مقید کرے ہوئے
تو ہمسے دوستوں کو نہیں پوچھتا عزیز	معلوم ہوگی قدر ہمارے مرے ہوئے
ہمکو جلو میں دیکھتے ہی شاہد حسن کے	بولا نقیب حسن ادب سے پرے ہوئے
برسانہ مینہ اور نہ آ لنسو ترے چلے	جنگل ذکار کہاں سے ابھی سے ہرے ہوئے

ذکار

ذکار، منشی خوب چند دہلوی کایستھ ماتھر ساکن حویلی جگل کشور معروف گھنٹہ والی چاندنی چوک شاگرد رشید شاہ نصیر دہلوی، ایک بہت بڑا تذکرہ معروف بہ عیار الشعرا انھوں نے تالیف کیا تھا جس میں چار پانچہزار اُردو گو شعرا کا حال قلمبند کیا تھا۔ استعداد علمی معقول تھی۔ ملازمت پیشہ اور صاحب دیوان تھے، مگر وہ سب ذخیرہ اُنکی وفات کے بعد انکی اولاد کی غفلت سے ضائع ہوگیا، اُسکی ایک نقل ڈاکٹر اسپرنگر پرنسپل دہلی کالج کے پاس تھی۔ ممکن ہے کہ جرمنی میں ہو انکا دیوان راقم تذکرہ کے پاس موجود ہے، قدیم الفاظ مثل اُوتی، اُوٹھیں پھر کرکے، ہوئیگا، جتنے، کیدھر انکے کلام میں پائے جاتے ہیں ۱۸۴۳ء میں انتقال کیا۔

کر بنائے زندگی پر اپنی اے منعم نظر — فکر کیا کرتا ہے ناداں ہر گھڑی تعمیر کا
غافلو ڈھونڈتے پھرتے ہو جسے عالم میں — غور سے دیکھو وہ ہے دل میں تمہارے بیٹھا
بس نہیں چلتا کہیں زور آوروں سے اے ذکار — یار دل کو لے گیا میں سر پٹک کر رہ گیا

سمجھا میں جسے دوست ہوا وہ ہی مخالف — اخلاص کسی کا بھی مرے کام نہ آیا
آوارہ و بدنام ہوا قیس ہی آخر — لیلیٰ پہ کسی بات کا الزام نہ آیا
بیکسی پر نہ جلا میری کسی دوست کا دل — کوئی تربت پہ دیا بالنے والا نہ گیا
ہاتھوں سے میرے یارو مینا و جام لینا — بیہوش ہوں نشہ میں تک مجھکو تھام لینا

رکھوں ہوں خصلت طاؤس آشنا رے ہمدم — جہاں جائے قدم اپنا وہیں گلزار ہو پیدا

ابتو اُس بت سے ہم ہوئے ہیں جُدا — دیکھئے کب خدا ملاوے گا
عمر رفتہ نے پھر گذر نہ کیا — گئی ایسی کہ مُنہ ادھر نہ کیا
ہونا جو کچھ مرض کا تھا انجام ہو چکا — رخصت کرو طبیب کو یاں کام ہو چکا
ہے آپکا قیامت گلشن میں مسکرانا — لیتے ہو جی نکالے ہر ایک کلی کلی کا
کسی کا دل کوئی بیدرد گر ستاویگا — تو عاقبت میں بھی آرام وہ نپاویگا
جو توبہ کی ہے تو مجلس میں میکشوں کی نجا — کہ خواہ مخواہ پیالہ کوئی پلا دے گا
یہ کوہِ عشق تو فرہاد سے بھی اُٹھ نہ سکا — ذکا کی تاب ہے کیا جو اُسے اُٹھاویگا
آنکھیں کُھلی رہی تھیں کسواسطے ذکا کی — کیا جانے مرتے دم تک تھا انتظار کسکا

حال یوسف کا سُن چکے ہم — بھائیوں سے نہ چاہ کیجیے گا
گل کر دے چراغ کو ذکا اب — گھر میں ترے آفتاب آیا

مانگا جو اُن سے دِل تو وہ بولے کہ اے ذکا — لیتا ہے مال پھیر بھی کوئی دیا ہوا
روتا ہوں اے پیارے سواسطے میں ہر دم — مٹجائے تیرے دل سے تاسف غبار دلکا
مت چھوڑ یو تو ہرگز دل کا طواف اپنے — ہے تیرے حق میں غافل یہی مکہ اور مدینا

کوئی ٹھکانا مقرر نہ کوئی در اپنا
جہاں ہے یار ہمارا وہیں ہے گھر اپنا

حیرت سے بنگیا ہے تصویر اب سراپا
کوئی کچھ کہو ذکا کو چپکا سنا کریگا

خانہ زندگی خراب لگیا
کیا رہا لطف جب شباب گیا

مردِ تہیدست سے ہو خیر کیا
پاؤں گیا ٹوٹ تو پھر سیر کیا

سانولے کا لگے ہے خوش غصہ
ساتھ ہے ترشی اور سلونے کا

شغلِ مینا و مے مدام رہا
جیتے جی ہمکو یہ ہی کام رہا

انداز عجب طرفہ ادا آن تماشا
ہے سر سے قدم تک تو میر بجان تماشا

زہے طالع جسے یہ دولتِ دیدار ہو حاصل
قدم پر یار جانی کے سر اپنا دھر کے سو جانا

کیا گیا عہد نوجوانی کا
اُٹھ گیا لطف زندگانی کا

اہلِ دنیا کو رہے ہے رات دن دنیا کی یاد
اسقدر فرصت کہاں ہے جو کرے عقبیٰ کی یاد

لکھوں تھا خط میں تجھے لیکے دل ربا کاغذ
اُٹھا قلم سے یہ شعلہ کہ جل گیا کاغذ

گہ خیالِ زلف گہ یادِ رخِ گلفام کر
یوں خیالِ یار میں اے دل سحر کر شام کر

ہوا ہے ابر ہے گلگشت ہے اور سبز سبزہ ہے
سوالِ جامِ مے ساقی ہمارا آج رد مت کر

ذکا قسمت پہ شاکر رہ نصیحت تجکو کرتا ہوں
کسی کے جاہ و حشمت پر اے ناداں حسد مت کر

مُوئے سفید نکلے بعد از شباب مُنہ پر
دیتی ہے زندگانی دیکھو جواب منہ پر

اے ہمنشیں تو یار کا ذکر کمر نہ کر
بھولے ہوؤں کو راہ عدم کی خبر نکر

شعلۂ شمع کا یہ دُود ہیں جلوہ نما
کھولے بیٹھی ہے لٹا اپنی فرنگن سر پر

گھر سے تک اپنے نکل شوخ ستمگر باہر
منتظر بیٹھے ہیں عاشق ترے در پر باہر

ہے لطف یکیشی کا اُسی وقت سا قیا
بیٹھے ہوں جبکہ یار برابر کے آس پاس

یہیں خوشی کا یہاں انتو نام سو سو کوس
گیا وہ ساقی و مینا و جام سو سو کوس

شہر دہلی نہ کہو ہے یہ عزیز و فردوس
پوچھتے کیا ہو عمارات و مکانکی تعریف

سیر کرتا ہوں کبھی اسکی تو بیساختہ بس
منہ سے نکلے ہے مرے شاہجہانکی تعریف

نکلے ہے اشک چشم سے میری ٹپک ٹپک
ساغر سے مے یہ گر گئی آخر چھلک چھلک

چشم میں سرمہ کی تحریر تو ظالم مت کھینچ
ہے قیامت تری اس خنجر خونخوار کی نوک

آن نکلے ہے ادہر لالہ عذار ایک نہ ایک
سینہ کر جائے ہے داغوں سے نگار ایک ایک

اُس بُتِ شوخ کو دیکھا جو سحر وقت نماز
اہل اسلام کی نیت گئی یک بار بدل

کٹی رہتے ہوئے اک عمر باہم
حجاب اُس کا نہیں جاتا ہے تاہم

ہزار افسوس وہ بیگانہ نکلا
جسے سمجھے تھے اپنا آشنا ہم

نہ کیجے اسقدر بیگانگی آپ
کبھی تو تھے تمھارے آشنا ہم

خیال آتا نہیں اتنا بھی ہرگز
کہ آئے کیوں تھے اور کرتے ہیں کیا ہم

مئے گلنار کا پیکر پیالہ
ذکا سب فکر دیتے ہیں بھلا ہم

زنہار مرے قتل سے پیارے نہ ڈرو تم
سر آگے تمھارے ہے جو چاہے سو کرو تم

جگر ٹکڑے ہے کیوں اسکا ہوئی ہے کیسلیے پانی
کھلا ہمپر نہ کچھ حال پریشان گل و شبنم

مریض عشق کو صحت اگر ہووے تو میں جانوں
کرے لاکھوں دوا لیکن اثر ہووے تو میں جانوں

رخ تاباں پہ چھوڑو گیسوئے شبرنگ کو اپنے
قیامت تک پھرا ہی پیارے سحر ہووے تو میں جانوں

نہیں جام مئے گلنار کو حاجت کچھ اے ساقی
تصور میں تری آنکھوں کے ہم مخمور بیٹھے ہیں

دل وجان سے معتقد ہیں سی کے
صنم کو ہم اپنا خدا جانتے ہیں

ان بتوں سے تو ذکا دل نہ لگا کہتے ہیں
ہم ترے حق میں کہا مان بھلا کہتے ہیں

شہد و شکر سے وہ لب شیریں دو چند ہیں
اُنکی نہ بات پوچھ کہ ہونٹھ اپنے بند ہیں

کہتا ہے دیکھ سایہ مژگاں کو طفل اشک
خنجر نے مجکو یہ لب دریا پسند ہیں

نہ آیا یار او ریں صبح تک گنتا رہا گھڑیاں
لگا دیں چشم دریا بار نے ساون کی جھڑیاں

یہ بتان سنگدل ایکدم بھی کل پاوین نہیں
عاشقوں کو جب تلک وہ اللہ کلیا وین نہیں

جس کا دل جس سے ہو ایک جنس ہیں ہم کو ہے دوستی سے آشنا ہم ہیں ہم

ارادہ گر کسی کے دل میں ہو ترے سیر جنت کا
تو دیکھے اک نظر آکر جہان آب و گل کی گلیاں

جو دھوئے دست حنائی وہ اپنے دریا پر
تو آگ لگ اٹھے یکدست وہیں پانی میں

ذکا خیال ترا کیا کسی طرف آئے
لگا رہے ہے ترا جی تو یار جانی میں

دنیا میں سبکو خاطر مہماں عزیز ہے
جاتا ہو دل سے عاشق شیدا کے غم کہاں

جام مے دے ساقیا یہ ابر و باراں پھر کہاں
ابر و باراں گر ہوا تو بزم یاراں پھر کہاں

بے گنہ ہرگز کسی کو قتل اے ظالم نہ کر
آدمی ہوتا ہے پیدا آہ ناداں پھر کہاں

خواب ہو جائیگا ملنا کر ہم آغوشی شتاب
ہو زلیخا دیکھئے یہ ماہ کنعاں پھر کہاں

ہنسنے کیا ہو دیکھ دل اپنا تنے سوال کا بوسہ
تنے ہیں کیوں آپ خفا کچھ مفت نہیں خیرات نہیں

لخت دل یوں سرشک گاں پہ نظر آتے ہیں
جوں چراغان ہوں دریا کے کنارے روشن

بیوفائی جو یہاں دیکھی رفیقوں سے ذکا
ہمسے مت پوچھ کہ وہ قابل اظہار نہیں

آگیا وہ دور کوئی فکر سے خالی نہیں
ہو گئی خفا کہیں عالم میں خوشحالی نہیں

جلوہ گر وہ خوبرو ہوتا ہے گر بازار میں
رستے رہتے بند ہیں دو دو پہر بازار میں

بتوں کو جان و دل سے مانتے ہیں
خدا کو اپنے حاضر جانتے ہیں

روتے ہیں یاد کر کے ہم اُن دنوں کو پیارے
ڈالیں پھریں تھے کیسے ہم تم گلے میں باہیں

ڈھونڈا ہوں میں کہیں ترا پنجا لچک نجائے
گجروں کو مت پہن تو گل اندام ہاتھ میں

کسکی دیکھی چشم مخمور اے ذکا
خود بخود آنے لگیں انگڑائیاں

ہم پیتے ہیں وہ ابر سے خمیازوں کے
لڑیں دو ترک جوں لیکر کہیں تلوار آپس میں

گر وہیں کیا ہے مری ہو میں ذات کا کایستھ
پڑے ہیں ایک دو شیشے شراب کے گھر میں

گذارہ کسکے گھر میں ہو کسی انسان قابل کا
ذکا اب قدر دانوں کی ہوئیں برباد سرکاریں

ٹھہر دلی بھی اک تماشا ہے
آٹھ دن نو طرح کے میلے ہیں

جنبش ابرو سے اُسکے مل گئی کیسر زمیں
جس طرح بھونچال سے کرنے لگے تھرتھر زمیں

غم کے ہاتھوں تنگ ہوں یار بتا جاؤں کہاں
آسماں تو دُور رہے اور سخت ہے پتھر زمیں

نہیں رکھیں ہیں کدورت کسی سے اہلِ صفا
چُھپاتے عیب ہیں سب کے ہنر کو دیکھتے ہیں

حاکم اس دَور کے یہاں تک ہیں دنی اور ظالم
مانگے پیسا جو کوئی داغ درم دیتے ہیں

دلکو لیجاتا ہے وہ آنکھوں میں کچھ رکھتا ہے سحر
دیکھکر حیراں ہوں یارو اس ہنر کو کیا کروں

نظر بازی سے نہیں اتنی خبر مانندِ موج
گر کوئی پوچھے چلے اٹھکر کدھر کو کیا کہوں

یہ معجزۂ عشق ہے لاتی ہیں گل و شمع
ہنگامِ زیارت مرے مدفن پہ ہزاروں

جوابِ خط سے ہیں گذرا خبر تو لو یارو
گلی سے یار کی قاصد ابھی پھرا کہ نہیں

دیکھکر کیجو پیشمنی کا دعوی اُس سے
کہہ و نرگس سے کہ آنکھوں کے لوائے ناخن

مدت میں لگی ہے آنکھ مری کھٹ کھٹ تو نکالا ہے نگر میں
تعویذ گھڑ تربت کا جانید کے پایے سوتے ہیں

تم اہلِ دول کی غفلت کا احوال نہ پوچھو کچھ ہمسے
بجتے بھی رہیں کانوں پہ سدا گھڑیال تمھارے سوتے ہیں

یار کی بیخبری تو دیکھو ہم جو گئے ملنے کے لیئے
غصہ سے بولا یوں اے ہمدم گھر کو سدھارے سوتے ہیں

غم جس سے دلکا جائے مہیا وہ شے کرو
موجود یعنی بزم میں مینا و مے کرو

جز شمع کے سر کاٹے پہ زندہ ہو دوبارہ
دیکھا نہ کسی کو کہ کوئی مر کے جیا ہو

رات وہ مطرب بسر گانے لگا جب دیس کو
یاد کر رونے لگے پردیسی اپنے دیس کو

دل نہیں چاہے ہے کرنے کو کسی سے اختلاط
ہر کوئی اپنی غرض کا ہمیں بندہ نظر آیا ہمکو

ملے ہے ابر و خمدار دیکھئے کیا ہو
کہاں کہاں چلے تلوار دیکھئے کیا ہو

ہر طرف خبر و ہیں جلوہ نما
کب تلک دل کی پاسبانی ہو

کیوں نہ ہو اسپہ اک جہاں عاشق
جبکہ یہ حسن اور جوانی ہو

ذکار پنڈت سرکیشن ذکار کشمیری خلفِ پنڈت دیارام ابن عدالتِ دیوانی فرخ آباد ۱۲۸۱ھ کے قریب زندہ و سلامت موجود تھے۔ کلام بہم رسیدہ میں سے چند شعر درج ذیل ہیں ؎

ذرا دیکھ لے بتِ سفاک در پہ شور و غوغا ہے
ترے کوچہ میں قاتل رقصِ بسمل کا تماشا ہے

بہانے سے ہمارے خون کے غش تجکو آئیگا
اے قاتل تو کم سن ہے ابھی کیا تونے دیکھا ہے

زر و مال جہاں کی کچھ ہوس باقی نہیں دلکو
فقط دیدار کی اُس شوخ کی دل کو تمنا ہے

نہایت سخت جاں ہونیں نہایت سخت جاں ہوتیں
نہ ٹوٹے خنجر برّاں کہیں یہ مجکو خطرا ہے

نہیں اُس بُت سا کوئی سنگدل سارے خدائی میں
ہُوا عاشق تو کیوں اسکا ذکاؔ تجکو سودا ہے

ذکاء منشی بخشش محمد باشندہ گورکھپور شروع میں جناب بقا کو کلام دکھایا کرتے تھے، پھر حضرت امیر مینائی کی خدمت میں آکر فیضیاب ہوئے اب فی الجملہ اس فن میں معقول مہارت پیدا کرلی ہے مضمون اور زبان دونوں کی طرف طبیعت کو لگاؤ ہے، اشعار بہم رسیدہ کا انتخاب ملاحظہ فرمایئے ؎

تعظیم ہمپہ فرض ہے قرآن پاک کی
چومے جو ہمنے آپکے رُخسار کیا ہُوا

دِل لیکے دیکھتا بھی نہیں اب میری طرف
او مطلب آشنا وہ ترا پیار کیا ہوا

گھسوں گا سر در پردہ نشیں پر
مٹادوں گا جو لکھا ہے جبیں پر

نشاں ملتا نہیں لیکن ترا نام
ازل سے نقش ہے دلکے نگیں پر

کہے دیتی ہیں دُزدیدہ نگاہیں
گماں ہے دِل چُرانے کا تمہیں پر

پھر جاتے ہیں روز دن تک آکر
ترساتے ہیں جھلکیاں دکھا کر

ہیں تاک میں دخترِ رز کی ساقی
لیجائیں گے شیخ جی چُرا کر

دکھلا کے وہ زلف مجکو بولے
ان کالوں سے تو ذرا ڈرا کر

داغوں سے ہے لالہ زار یہ دل
باور نہ ہو دیکھیے لو تم آکر

بیوفا خلق میں گو سارے حسیں ہوتے ہیں
پر تری طرح جفا کار نہیں ہوتے ہیں

شیخ جی اچھا ہے میخانے میں جایا نہ کرو
بے ادب رند خرابات نشیں ہوتے ہیں

سمجھتا ہی نہیں کوئی یہ مضمون
دہن کے باب میں کیا گفتگو ہو

عدو کے سامنے یوں ظلم مجھ پر
عدو پر لطف میرے روبرو ہو

شب غم کی بلائیں دُور ہو جائیں — کر مفر ما جو تو اے ماہرو ہو

کہاں رنگِ حنا ای شوخ اتنا شوخ ہوتا ہے — مرے خونِ تمنّا کی ترے ہاتھوں لالی ہے
دِل کو آنکھ اُسکی جو بیمار بنا دیتی ہے — آکے یادِ لبِ جاں بخش شفا دیتی ہے
اُسکے گیسو کی گھٹا یاد دلا دیتی ہے — اور رونا مرا برسات بڑھا دیتی ہے
طلبِ بوسہ پر اے یار تری ایک نہیں — سارے ارمانوں کو مٹی میں مِلا دیتی ہے
لوگ کہتے ہیں جسے برق جمالِ معشوق — دِل میں عاشق کے یہی آگ لگا دیتی ہے

زندہ زیرِ چرخ جب تک ہم رہے — مورِ جور و ستم ہر دم رہے
ہوں شہیدِ سُرخیِ رنگِ حنا — دستِ رنگیں سے مرا ماتم رہے

کیوں غش نہ آئے صورتِ موسیٰ ہمیں ذکا — اِک رشکِ برقِ طور کا جلوہ نظر میں ہے

ذکائی

ذکائی - محمد ہاشم علی رامپوری - رامپور کے مشاعرۂ ۱۹۰۰ء کی غزل سے دو شعر نقل ہوتے ہیں

جو پوچھا کہاں کو چلے بن سنور کر — تو بولے تھیں کیا کہیں جا رہے ہیں
رقیبوں سے جوبن کو لُٹوا رہے ہیں — مجھے دیکھنے تک کو ترسا رہے ہیں

ذکی

ذکی - نواب محمد جعفر علیخان ذکی مغفور پنجہزاری منصبدار دربار شاہ عالم، شاہ موصوف - اور شجاع الدولہ صوبۂ اودھ کے ہمراہ بہار اور بنگالہ کی مہم ۱۷۶۰ء میں شریک اور نظامت مرشد آباد کے اُمیدوار تھے، آخرش ناکام ۱۱۷۸ھ میں مرشد آباد میں راہی ملکِ بقا ہوئے کبھی کبھی فکرِ سخن بھی کیا کرتے تھے یہ اُنکے نتائجِ افکار کا خلاصہ ہے -

سُن کے احوال مرا ناصح مشفق نے ذکی — ہاتھ سے ہاتھ ملے حیف سے سینہ کوٹا

خاکساری پر نہ کر موذی کی ہرگز اعتبار — جونک مٹی میں ملے تو بھی لہو پیتی رہے
عشق میں نسبت نہیں بلبل کو پروانہ کے ساتھ — وصل میں وہ جان دے یہ ہجر میں روتی رہے
چاک کو تقدیر کے ممکن نہیں کرنا رفو — سوزنِ تدبیر گو ساری عمر سیتی رہے

ذکی

ذکی - نواب اسد الدولہ رستم الملک مرزا محمد ذکی خاں بہادر فیل جنگ عرف نواب بہادر

خلف اکبر دلیر الدولہ دلاور الملک مرزا محمد علیخاں بہادر فیروز جنگ تخلص بہ حیدر متوطن نیشاپور۔ باشندۂ فیض آباد قدیم لکھنؤ پہلے اشرف علی قادر پھر میر اوسط علی رشک، پھر منیر شکوہ آبادی کے شاگرد ہوئے۔ ان استادوں کے فیض سخن سے صاحب دیوان ہو گئے یہ انکا کلام ہے۔

کرتی شکم صاف پہ ہے آب رواں کی — یا آپ کا گرمی سے پسینے میں ہے تر پیٹ
بل کھائے بال آگ پہ رکھے اگر کوئی — اس روئے آتشیں پہ نہ کیوں پیچ کھائے لف
اعمال بد نے مجھ کو نکالا بہشت سے — دوزخ بھڑک اٹھا مرے افعال زشت سے

لے زاہد و یہیں سے ہمارا سلام ہے — کعبہ کو کون جائے جوار کنشت سے
کوچہ میں اس صنم کے بھی ملجائیگا وہی — آدم کو جس خدا نے نکالا بہشت سے
توڑونگا میں نہ خاطر پیر مغاں کبھی — بنواؤ میکدہ مری تربت کی خشت سے
اٹھا نہ بار ضعف کا مجھ ناتواں سے — شرمندہ ایک خس کا نہیں میں جہان سے
شکوہ تمہارا سنتے ہیں ہم ہر زبان سے — آواز ایک آتی ہے سارے جہان سے
تیرے شہید ناز کو زندہ نہ کر سکیں — عیسیٰ اتر کے آئیں اگر آسمان سے

ذکی

ذکی ۔ شاعر خوش مذاق منشی مہدی علیخاں ذکی خلف شیخ کرامت علی۔ انکے بزرگ شیخ زادگان لکھنؤ سے تھے مگر انکا مولد و مسکن مراد آباد ہے۔ نواب محمد سعید خاں والی ریاست رامپور کے عہد میں برسوں وظیفہ خوار ریاست رہے پھر نواب غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ کے عہد میں لکھنؤ چلے گئے۔ وہاں جاکر شیخ امام بخش ناسخ کی شاگردی اختیار کی اور نواب صاحب موصوف کی شان میں قصیدہ کہکر سنایا خلعت و انعام سے مالا مال ہوئے، پھر تھوڑے دنوں کے لئے دہلی آئے اُن دنوں نواب مصطفی خاں بہادر متخلص شیفتہ کے ہاں بزم مشاعرہ منعقد ہوئی تھی آپ بھی اس جلسہ میں شریک ہو کر مورد تحسین و آفرین ہوئے، مگر ان دنوں دلی اپنے حال میں مبتلا تھی، یہاں سے بھی دل برداشتہ ہو کر سہارنپور پہنچے لیکن دل اچاٹ رہا

حیدرآباد دکن چلے گئے وہاں دولت کے فرشتہ نے جنم ہار دیا تھا، اور دن رات چاندی سونے کی گنگا جمنا بہتی تھی، وہاں انکے کمال کی بھی قرار واقعی قدردانی ہوئی۔ یہ بھی اپنے فن میں اُستاد مسلم الثبوت تھے، نواب ناصر الدولہ نظام الملک بہادر والی ریاست کی مدح میں وہ وہ عمدہ قصائد کہہ کہکر پیش کئے جن میں خوب خوب صنعتیں تھیں، ان کو سن کر اہل دربار کیا وہاں کے تمام رؤسا راد سے ساتھ پیش آنے لگے اور نواب صاحب بہادر نے خلعت وانعام سے مالامال فرمایا، آخر کشش حب وطن نے پھر اپنی طرف کھینچا اور مراد آباد آئے۔ چند روز بعد لکھنؤ پہنچکر قطب الدولہ کی وساطت سے واجد علیشاہ کی سرکار میں ملازم ہوئے اور ملک الشعرا کا خطاب پایا، چنانچہ اُنکی مُہر میں ملک الشعرا شیخ مہدی علیخاں ۱۲۶۵ھ کندہ تھا، غدر کے بعد وطن میں خانہ نشین تھے کہ نواب یوسف علیخاں نے انکے کمال کا شہرہ سُنکر اپنے دربار میں طلب کیا، چنانچہ یہ رامپور چلے گئے اور جب تک نواب ناظم زندہ رہے وہیں رہے۔ اُنکی وفات کے بعد وہاں سے دل اُکتا گیا اور ۱۳۸۱ھ میں انبالہ پہنچے دو برس کچھ مہینے وہاں قیام کو گذرے تھے کہ پیام اجل آگیا، ماہ ذیقعدہ ۱۳۸۳ھ میں قضا کی۔ انتخاب یادگار میں انکی تاریخ وفات ۱۳۸۱ھ درج ہے مگر غلط ہے، یہ صاحب سخن مورخ بے بدل۔ فاضل بیمثل شیریں سخن، ظریف اور زود فکر تھے، طرز سخن نہایت دلفریب اور پسندیدہ ہے، ایک رسالہ عروض وقوافی میں مسمی بہ یادگیر ۱۲۶۵ھ میں مرتب کیا تھا، کلیات ذکی عرصہ ہوا منشی نولکشور نے اپنے مطبع سے شائع کیا تھا۔

صرفہ اب پردہ دری میں دل ناداں کس کا
دامن یار ہی چھوٹا تو گریباں کس کا

لے اُڑی انجمن ناز میں دل کس کی نگاہ
چوریاں کرنے لگے غمزۂ پنہاں کس کا

بار پر غمزۂ خونریز کو کہتے ہیں حریف
دیکھئے آج نکلجائے گا ارماں کس کا

ہُوا ہے آفتاب صبح شعلہ داغ پنہاں کا
بنا تار شعاعی تار نا اپنے گریباں کا

غبار قیس ہیں جاں آگئی ٹھوکر سے لیلی کی
اُڑا جاتا ہے جگنو بنکے ہر ذرہ بیاباں کا

کھلا کھلنے میں گل کے مدعا رخصت کا گلشن سے
صدائے انصراف آئی جو ٹوٹا زخم کا ٹانکا

سمجھ کر ساقیٔ دریا دل ان پاؤں کے چھالوں کو
زباں سوکھی دکھاتا ہے ہر اک کانٹا بیاباں کا

بہار آئی ہے قاصد جی میں رہ کر یہ آتا ہے
کہ جائے نامہ بھیجیں یار کو پرزہ گریباں کا

نشہ نے شوق کے جو بد شرابی کا اثر بخشا
کچھ ایسا ہوش بگڑا شب دل مشتاق جانکا

بلائیں شمع کی لیں اس رخ تاباں کے دھوکے میں
لب ساقی سمجھ کر لے لیا بوسہ نمکداں کا

بگولے کی طرح اٹھتا ہوں میں صحرا نوردی کو
کیا ہے بے سر و پائی میں کیا پائے سفر پیدا

ذکی جوں شمع اپنی زندگی جلتے ہی کٹتی ہے
کیا ہے سوز دل کے واسطے ہمکو مگر پیدا

خون کا دریا جو تھا سینے میں اپنے موجزن
تیر کر نکلا خدنگ ناز اس سفاک کا

ناز معشوقانہ کو زیبندہ ہے شان حجاب
لن ترانی گو ہے جلوہ شاہد بیباک کا

کیا دکھاتا ہے بہار اب کے برس جوش خوں
گل کھلے دیکھئے کیا چاک گریبانی کا

کشمکش گردش دوراں کی ہے پے در پے کیا کیا
سخت مشکل ہے نباہ آہ تن آسانی کا

گر بگولے بھی اٹھے خاک سے تو خاک ہے لطف
زندگی میں ہے مزا بے سر و سامانی کا

حوریں جو آئیں جانے نکیرین قبر میں
کیا کیا مزا اٹھائیں سوال و جواب کا

بسمل تری نگہ کے تڑپتے نہیں کبھی
پانی بھی مانگتے ہیں تو خنجر کی آب کا

اے نامہ بر جو پڑھکے وہ خط ہو رہے خموش
زنہار تو سوال نہ کرنا جواب کا

کیونکر نہ خون ہو مری حسرت بھری نگاہ
آنکھوں میں کٹ گیا ہے زمانہ شباب کا

بے لطف زندگی کی بہاریں ہیں رنج میں
عیش و طرب کے ساتھ مزا ہے شباب کا

گذری فراق یار میں افسوس یہ بہار
دل پر رہیگا داغ شب ماہتاب کا

ہیں کافران عشق حرم میں سیاہ مست
دل میں صنم بغل میں ہے شیشہ شراب کا

وحشت ہے آشکار زلیخا کے حال سے
آنکھیں بیان کرتی ہیں افسانہ خواب کا

دام کے پھندے قفس کی تیلیاں توڑیں تو کیا
کاش رشتہ ٹوٹ جاتا الفت صیاد کا

لہ نوٹ کلیات بیخار میں یہ شعر مرزا گرشاگر کے نام سے درج ہے۔

مزے جہاں کے اُٹھائے یہ خاکساری میں
کہ بندگی میں تماشا کیا خدائی کا

قاصد کے ہوش گم تھے یہ طرفہ ماجرا تھا
کہتا تھا کچھ زبانی اور خط میں کچھ لکھا تھا

اِک بات پر تمہاری سَو جی سے ہم تھے قربان
کچھ بات اب نہ پُوچھو کیا جانے وہ کیا تھا

شبِ وصل اپنی گذر گئی تو سحر کو اپنا یہ حال تھا
دلِ دیدہ حیرت و غم میں تھے کہ یہ خواب تھا یہ خیال تھا

تا مرگ دردِ عشق نہ ہم سے جُدا ہوا
زیرِ کفن بھی ہاتھ ہے دل پر رکھا ہوا

بسے ہوئے تھے دلوں میں ہزار ہا نیرنگ
طلسمِ ہستی موہوم اک بہانہ ہوا

تو ہوا گرمِ سخن اور کھل گیا رازِ نہان
تو ہنسا اور غنچۂ تصویر گویا ہو گیا

کچھ اور ہے باقی ہوس کو مکن و قیس
یاد یکھ چکے کوہ و بیاباں کا تماشا

مہ کنعاں کی زلیخا نے خریداری کی
عشق نے حُسن کو رسوا سرِ بازار کیا

گو مگو بات ہے کچھ کہہ نہیں سکتا قاصد
کہ نہ انکار کیا اُسنے نہ اقرار کیا

جب سامنے کبھی وہ پریزاد آ گیا
دیوانہ پن کبھی کا ہمیں یاد آ گیا

شمع گل ہونے لگی یارانِ محفل اُٹھ چلے
ایک میں رونے کو تنہا انجمن میں رہ گیا

آج تو انداز باتوں کا تری کچھ اور ہے
پا گئے ہم بھی کہ ہے غیر و نکا سکھلایا ہوا

اِس آب و گل میں اپنی نوا اُلفت کا ہے خمیر
بیگانہ ہو نہ سبزہ بھی اپنے مزار کا

آثارِ صُبح ہے کہ مرا حال دیکھ کر
ٹکڑے جگر ہوا ہے شبِ انتظار کا

ہمارے حال پہ لازم ہے رحم او صیاد
کہ پر شکستہ ہیں اور شوق ہے رہائی کا

سوچ میں تعبیر کے یوسف کو نیند آنے لگی
ماجرا خوابِ زلیخا کا عجب افسانہ تھا

جلوہ گر آنکھوں میں ہے فتوحی نگاہِ یار کی
پتلیوں کا ناچ پریوں کا تماشا ہو گیا

زہر کھایا سبزہ رنگوں کی محبت میں فوکی
صندلی رنگوں کی غم میں دردِ سر پیدا کیا

دم بدم ہوتی ہے تغییر یہاں صورتِ حال
رنگ ہر حال بدلتی ہے تری یاد نیا

لے ہی پہنچا وہ جانِ دل طاقت و تواں
کیوں گئے اب یہاں تُجھے کیا کام رہ گیا

روشنی گر لبِ دریا ہو مرے جان پسند
ہم مژہ پر کریں اشکوں سے چراغاں پیدا

دیوانہ اُس گلی میں دلِ زار ہو گیا
سایہ پری کا سایۂ دیوار ہو گیا

ہنسی ہنسی میں کیا تنے زخمِ دل تازہ
نمک چھڑکتے تو ایسا کہاں مزا ہوتا

بیخود جمالِ ساقیٔ سرشار نے کیا
کارِ شراب شربتِ دیدار نے کیا

ہوئے بیخود غمِ تنہائی سے
کیسے کس سے ہمیں کیا یاد آیا

بے طرح دل کو عشق کا آزار ہو گیا
کسکی نظر لگی کہ یہ بیمار ہو گیا

لائقِ سزا کے کشتۂ دیدار ہو گیا
آنکھوں سے دیکھنے کا گنہگار ہو گیا

کیا عجب ہے کہ وہ پھر زندہ ہوں عیسیٰ نفس
لائے تو اپنے شہیدوں کا جو مدفن زیرِ پا

نشہ کی حالت میں جھپکا ڈر کے شوخ نازنیں
لَٹ جو اپنی زلف کی سمجھا وہ ناگن زیرِ پا

بوسہ لیتی ہے جو پاپوشِ نگاریں پاؤں کی
رشک سے کہتا ہے دل اپنا کہ دشمن زیرِ پا

یہ دا قاتل کی قابل دیدکے ہے وقتِ ذبح
ہاتھ ہے بسمل کی آنکھوں پر تو گردن زیرِ پا

غفلت میں کام دل ہمیں بے جستجو ملا
اپنی تلاش تھی کہ نصیبوں سے تو ملا

سب ہمصفیر قید سے چھوٹے بہار میں
اِک میں اسیرِ الفتِ صیاد رہ گیا

صیاد نے خبر بھی نہ لی مرغِ دل کی حیف
آخر تڑپ تڑپ کے تہِ دام رہ گیا

اک برق سی چمک نگہِ شعلہ فشاں میں
دیکھا جو جھجھو کا بدنِ اُس رشکِ پری کا

کیا کہا میں نے کہ جھڑکی کا سزاوار ہُوا
بات کیا مُنہ سے نکالی کہ گنہگار ہُوا

طرزِ سخن مرقعِ نیرنگ ہو گیا
کاغذ طلسم خانۂ ارژنگ ہو گیا

حُسن کی سیر ہے منظور تو رکھیے ہر آن
آئینہ پیشِ نظر چشمِ تماشائی کا

بوسہ عارض کا لیا ہمنے بلائیں لیکر
کس تکلف سے ترے حُسن کا صدقہ اُترا

ہنسی کے لطف اُٹھے جو غضب میں یار آیا
ملی جو بوسہ پہ گالی تو اور پیار آیا

پل بسے اہلِ جنوں خالی بیاباں رہ گیا
جا بجا اُلجھا ہوا کانٹوں میں داماں رہ گیا

تم کہو قصہ ہمارا بزمِ حسن و عشق میں
گل کہے روداد بلبل شمع پروانے کی بات

ہنستا ہو وہ کہ ہونٹوں پہ سُرخی ہو پان کی
آتش لگی ہے خرمنِ برقِ یمن میں آج

جوہر کی قدر کھلتی ہو معنی شناس سے
فہمِ سخن ہو نسخۂ علم و ہنر کی شرح

دل میں صبح شب وصل آگ لگا دیتا ہو
چھوڑ دیتا ہو جو خورشید کی چنگاری چرخ

ہر سحر طرزِ شفق سے یہ عیاں ہو کہ مدام
چشمِ خورشید کو کھلائے ہو خونخواری چرخ

آنکھوں میں اُسکی سرمۂ دنبالہ دار ہے
ہونے لگی نمود غزالِ ختن کی شاخ

خیالِ یار میں ہے چشمِ تر بند
پری شیشے کے اندر ہے نظر بند

لالہ رویوں کا جگر غم سے مرے داغ ہوا
تازہ گل باغِ محبت میں کھلا میرے بعد

عاشق کی بیخودی سے تو بگڑا ہوا ہو کیا
اے مستِ ناز اپنی طرف تو خیال کر

ہوئے ساقی سے جمل واہ رے کفِ رفی دل
بوسۂ لب کی طلب پہلے ہی پیمانے پر

غش ہے نگاہ شوخیٔ انداز ناز پر
جی لوٹتا ہے غمزۂ عاشق نواز پر

کشتۂ انداز سے آنکھیں پھرانا واہ وا
قہر ہے کھڑا اچھا انا جان کر پہچان کر

سبز تنوں سے شہیدانِ چمن کے زخم پر
مرہم زنگار کے پھائے لگاتی ہو بہار

پچھلے داغوں سے جگر پر ہیں نشاں باقی ہنوز
دیکھئے اب کے برس کیا گل کھلاتی ہو بہار

ہم دیکھتے ہی رہ گئے اور صاف نظر میں
دل لے ہی گیا وہ بتِ عیار اڑا کر

معنی کا لطف کچھ نہیں صورت پرست کو
بلبل نہو فریفتۂ عطرِ گلاب پر

جنوں نے غل مچا کر خاک اڑا کر
بیاباں رکھ لیا سر پر اٹھا کر

چھپا ظلمت میں آبِ زندگانی
دھڑی مسی کی ہونٹوں پر جما کر

کھلا ہستی کا پردہ جن کے دل پر
وہ بیٹھے زندگی سے ہاتھ اٹھا کر

نپائے خستہ جاں مجھ سا جو ڈھونڈے
فلک خورشید کی مشعل جلا کر

چوری سے بوسہ لیجئے پائے نگاہ کا
اس رنگ سے کہ دزدِ حنا کو نہو خبر

پردے میں آنکھ لڑتی ہے اُس رشکِ حور سے
پر ڈر یہ ہے کہ شرم و حیا کو نہ خبر

وہاں پھولوں کے بستر ہیں یہاں کیا چین کی نیند لیں
کانٹوں کا یہاں فرش ہے کروٹ کے برابر

منزلِ گہِ فنا کی خبر کس سے پوچھئے
جا کر وہاں پھرا نہ کوئی کاروان ہنوز

وصلِ محبوب میں ہو جاتا ہے آسان وصال
ناز و غمزے کے جو پاتے ہیں سہارے عاشق

کیونکر دلِ بیتاب پہ لگتا ہے نشانہ
ہیں سب قدر انداز ترے تیر کے مشتاق

خوں ہو دلِ بیقرار کب تک
آنسو ہوں گلے کا ہار کب تک

عشق کی آگ سے بھڑکی دلِ بیتاب میں آگ
برقِ سوزاں سے لگی چشمۂ سیماب میں آگ

آب پاشیٔ مژۂ تر کی نہ آئی کچھ کام
سوزِ فرقت سے جو بھڑکی دلِ بیتاب میں آگ

واقعی قابلِ سزا ہیں ہم
یعنی دیرینہ آشنا ہیں ہم
ای صنم تیم خدا سے ڈر
عاقبت بندۂ خدا ہیں ہم

قافلے والو اک ذرا ٹھیرو
پھر کے دیکھو شکستہ پا ہیں ہم

عینِ غفلت ہے زیست شکلِ حباب
آنکھ کھولی تو بس ہوا ہیں ہم

مرتے رہتے ہیں بلکہ مرتے رہے ہم
مگر دمِ محبت کا بھرتے رہے ہم

بہت زندگی کے مزے ہم نے لوٹے
بہت بچھڑے اے جان مرتے رہے ہم

شبِ آئے نہیں قاتل کے جو دیر گذری
تجھے اے اجل یاد کرتے رہے ہم

نہیں تاب دیکھوں جمالِ صنم مجھے خوئے دیدہ وری کی قسم
رخِ حسن کی جلوہ گری کی قسم غمِ عشق پردہ دری کی قسم

تجھے عارضِ رشکِ قمر کی قسم تجھے شعلۂ داغِ جگر کی قسم
تجھے شوخیٔ برقِ نظر کی قسم تجھے گرمیٔ جلوہ گری کی قسم

مگر اتنا ذکی دلِ زار کو خوں کہ ذوقِ سخن ہے مذاقِ جنوں
تری طرز سے آتی ہے بوئے جنوں مجھے تیری ہی بیخبری کی قسم

ہر چند گناہ گار ہیں ہم
رحمت کے اُمیدوار ہیں ہم

اے خضر خبر شتاب لینا
بیتاب تہِ مزار ہیں ہم

ہو خاک سے اپنی لالہ پیدا
خونیں جگر بہار ہیں ہم

بوسے غنچہ میں نہاں یا تھے ہونٹوں پہ ہنسی
قید شیشے میں پری ہے کہ حیا آنکھوں میں

اب سبب کیا ہے کہ کانٹا سا کھٹکتا ہے ذکی
یہ وہی دل ہے کہ رہتا تھا سدا آنکھوں میں

کہا قضا نے کہ سرگرمِ انتظار ہوں میں
پیامِ حشر ہے مجھکو کہ بے قرار ہوں میں

چمن میں سبزۂ پامال گرچہ ہوں لیکن
نظر میں گل کی کھٹکتا یہ ہوں کہ خار نہیں

وہ آدمی ہی کیا جو نہو درد آشنا
پتھر سے کم ہے دل میں شرر گر نہاں نہیں

درکار کیا ہے عاشق و معشوق میں تمیز
دو دل جو ایک ہیں تو دوئی درمیاں نہیں

وحدت ہے درمیاں تو پھر اے دل دوئی کہاں
شوقِ وصال ہے تو سمجھ لے کہ تُو نہیں

درپیش ہے ہزار مصیبت اُمید سے
کچھ غم نہیں ہے دل کو جو کچھ آرزو نہیں

ہم لیکے دل بغل میں بزمِ صنم میں آئے
شیشہ چھپا کے لائے پریوں کی انجمن میں

کیوں یادِ زلفِ جاناں قیدی ہمیں بنایا
کیوں رشتۂ محبت باندھا ہمیں رسن میں

عرسِ مجنوں ہے کہ صحرا میں بگولے بن کر
وجد کرتے ہوئے مستوں کے غبار آتے ہیں

دیر سے کچھ خبرِ خاطرِ ناشاد نہیں
دل کہاں بھول اٹھا ہوں مجھے کچھ یاد نہیں

اِس پتہ سے پوچھنا قاصد مکانِ یار کو
چاندنی کہتے ہیں کسکے سایۂ دیوار کو

کچھ سُنو چھیڑو تپشِ دل کا ہمارے احوال
ہے وہ عالم کہ قیامت بھی تماشائی ہو

آشنا سب کا ہے تو اور کسیکا بھی نہیں
کوئی کیا تجھسا فدا اے بتِ ہرجائی ہو

ننگ ہیں ننگ سے اب دل میں یہ آتی ہے ترنگ
مَیں ہوں اور یار ہو اور عالمِ رسوائی ہو

قاتل کے ڈر سے بات بھی منہ سے نہ کہہ سکا
ہونٹوں پہ خوں ہوئی دلِ بسمل کی آرزو

لُطفِ جاں بخش بھی ہے غمزۂ بیداد کیساتھ
مژدہ اے دل کہ مسیحا بھی ہے جلّاد کے ساتھ

شرما کے، طیش کھا کے، خفا ہو کے، ہنس پڑے
پاؤں پہ میں گرا جو بدن پر لگا کے ہاتھ

مُدّت مرے جل مرنے کی پوری ہوئی لیکن
تم شمع چڑھانے کو بھی مدفن پہ نہ آئے

برقِ طپش آہ سے پہنچے نہ کہیں آنچ
کہدو کہ قیامت مرے مدفن پہ نہ آئے

جو ہر تھے مجھ میں سب ملکوتی خصال کے
انساں بنا کے کیوں مری مٹی خراب کی

ماہتابی پر جو وہ خورشید رو ہی بے حجاب
اپنے جامہ سے ہوئی جاتی ہے باہر چاندنی

دکھلائے ہیں رنگ گلستاں نئے نئے
پتے ہرے ہرے گل و ریحاں نئے نئے

آغازِ عشق میں یہ مزا ہے کہ اے جنوں
دامن نئے نئے ہیں گریباں نئے نئے

آوارگی کی سیر ہے اور آمدِ بہار
سودا ہے تازہ تازہ بیاباں نئے نئے

ہوئی لطفِ تصور میں یہاں تابِ سخن
ورنہ شکوے تو بہت اے غمِ تنہائی تھے

خیالِ زلف میں کب دل کا داغ جلتا ہے
کہیں بھی کالے کے آگے چراغ جلتا ہے

افسردہ اشک و آہ نے ایسا کیا مجھے
جنگل کا شوق ہے نہ چمن کی ہوا مجھے

دل بستگی کسی سے مسافر کو کیا ضرور
جب دل لگا تو رہ گئے جب دل اٹھا چلے

شاید چلی ہے جنبشِ دامانِ یار سے
آتی ہے بوئے ناز نسیمِ بہار سے

کہنا پیا مبر کہ فراموش ہے کیا
وعدہ بھی کچھ کیا تھا کسی بیقرار سے

گلدستہ بن کے آنکھوں سے گرتے ہیں لختِ دل
یہ ہار گوندھے جاتے ہیں اشکوں کے تار سے

جب یہ سنا کہ پاؤں میں مہندی لگی ہے وہاں
یہاں خوں ٹپک پڑا نگہِ انتظار سے

ہم کو ملا کے خاک میں بھی تم ہوئے نہ صاف
دل میں وہی غبار ہے اس خاکسار سے

دل پھانسنے میں دیکھئے اب کس کی بن پڑے
پھولوں کے ہار تو نہ لچھے تو نہیں لفِ یار سے

اس دم ہوا مقابلہ صبحِ امید کا
آنکھیں سفید ہو گئیں جب انتظار سے

تاثیرِ داغِ عشق یہ دیکھو کہ بعدِ مرگ
ہر ذرہ آفتاب ہے اپنے غبار سے

بدلی اٹھی ہے موجِ ہوائے بہار سے
بجلی چمک رہی ہے فغانِ ہزار سے

طرزِ سخن سے رنگ ٹپکتا ہے اے ذکی
گویا زبان دھوئی ہے خونِ ہزار سے

اک ذرا تیغ نگہ کا جو اشارا ہو جائے
آپکا نام ہو اور کام ہمارا ہو جائے

یہ حسنِ سبز ہے زہر ہلاہل حنا نوں کو
یہ رنگاری ڈوپٹہ اور زہر آسمانی ہے

دیکھو ذکی کہ اب وہ چرانے لگے نگاہ
آنکھوں کو جنکی دیکھ کے بیمار ہم ہوئے

یہ چمن کی خاک میں ہے اثر نم اشکِ بلبلِ زار سے
کہ جنوں کی لہر سی اٹھتی ہے رگِ گل میں خونِ ہزار سے

میری آنکھوں میں ہے وہ شوخ طرحدار پری
زلف ہے بالِ پری شعلۂ رخسار پری

نشۂ بادۂ گلرنگ سے دیکھا نیرنگ
انگڑیاں شیشہ میں برق نگہِ یار پری

دامِ تحریر میں مضمونِ دلآرا ہے اسیر
یا خمِ زلفِ سخن میں ہے گرفتار پری

لکھنؤ جلوہ فروشوں سے پریشاں ہے ذکی
نظر آتا ہے ہر اک شاہدِ بازار پری

شعلۂ خیار کو دیکھا جو ادھر سے برہم
اور بھڑکانے لگے آگ لگانیوالے

ایک نشتر ہے کہ دنیا ہے رگِ جاں کو خراش
ایک کانٹا ہے کہ پہلو میں چبھوتا ہے کوئی

ہر ایک دیکھکر اُسے کیوں بے قرار ہے
خورشیدِ حشر کیا کہیں تصویرِ یار ہے

پیری میں بھی مزا ہے میسر اگر ہو عیش
دل کو سرور ہو تو خزاں بھی بہار ہے

مطلعِ صبحِ قیامت ہے شبیہ زخمِ دل
آفتابِ صبحِ محشر داغ کی تصویر ہے

اے ذکی پوچھو نہ باعث گرمیِ اشعار کا
سوزِ دل کا حال نوکِ شعلہ سے تحریر ہے

محشر نے آکے قبر میں تڑپا دیا مجھے
کس کی خرامِ ناز کا دھوکا ہوا مجھے

بیٹھکر گورِ غریباں سے جو یار اُٹھتا ہے
اُسکے دامن کے پکڑنیکو غبار اُٹھتا ہے

پیشوائی کو شتاب آئے قیامت سے کہو
کہ جہاں سے کوئی بے صبر و قرار اُٹھتا ہے

نجد میں ناقۂ لیلیٰ جو کبھی گذرا تھا
اب تلک تربتِ مجنوں سے غبار اُٹھتا ہے

مستیِ لبِ گلگوں پر تصویر نظر آئی
یاقوت میں نیلم کی تحریر نظر آئی

پیشِ نظر اُس رُخ کی تنویر نظر آئی
پروازِ تصور کی تصویر نظر آئی

جو دونکی لگاوٹیں ہوویں ہم تو جفا سے چھٹے نہ تسم سے چھٹے
ہوئے لاکھ طرح کے بگاڑ مگر نہ ہم اُن سے چھٹے نہ وہ ہم سے چھٹے

کبھی دیکھیں جو ابرو چشم صنم تو رہینگی نہ خواہشیں اُنکی ہم
دلِ برہمنِ الفتِ بت سے چھٹے دلِ شیخ ہو ہے حرم سے چھٹے

تنگ ہوں میں تمنائش سے تیری اے دستِ جنوں
دامنِ دلدار کا صدقہ گریباں چھوڑ دے

بنتی ہیں مٹی کی پریاں نور کی صورت یہاں
لکھنؤ دیکھے تو دیوانہ پرستاں چھوڑ دے

بیقراری سے ہوا خوب کٹے پر و بال
اب تو اُمید رہائی سے رہائی ہو گی

زیں سے لالہ نکلتا ہی داغ کھائے ہوئے
بہارِ عشق کے ہیں یہ بھی گُل کھلائے ہوئے

ذکی مرے دلِ وحشی کو مثلِ طائرِ رنگ
ہوائے طوق لیئے جاتی ہی اُڑائے ہوئے

رات دیوانگیِ شمع بھی ہم دیکھ چکے
گریۂ و خندۂ جانسوز بھی ہم دیکھ چکے

جی یہی چاہتا ہی پھر بھی کہ دیکھا ہی کریں
لاکھ باری تجھے سر تا بقدم دیکھ چکے

پیری و عہدِ شباب آہ خرابی میں کٹے
شبِ غم دیکھ چکے صبحِ الم دیکھ چکے

اب تڑپنے کی تمنا ہی تہ تیغ نگاہ
خنجرِ غمزۂ دمساز کے دم دیکھ چکے

اب بھی ہو جاتا ہے پیمانِ وفا میں ہو کا
جھوٹے سو بار ترے قول و قسم دیکھ چکے

اب ہوس کیا ہی کہ آغوشِ تصور میں دبے
لب بلب سینہ بسینہ اُسے ہم دیکھ چکے

دیکھے داغ تو اب آہ و فغاں بھی سُنئے
دل بھی دیکھو گے مرا تم کہ جگر دیکھ چکے

جو کوئی دن کو چلے شکوہ ٹھہر جاتا ہے
قاصدِ عمرِ رواں آٹھ پہر جاتا ہے

ہیں تڑپتا ہوں پڑا نیم نگہ کا مشتاق
ای مری جان کے دشمن تو کدھر جاتا ہے

چشمِ جادو میں تری زہر ہے اور آبِ حیات
زندگی پاتا ہی کوئی کوئی مر جاتا ہے

ہنس ہنس کے زخمِ دل پہ چھڑکتے تو ہو نمک
پر یہاں تلک مزا ہی کہ باقی مزا رہے

زیبندہ ہی غرورِ بتِ مستِ ناز کو
اِس شرط پر کہ حسن کا عالم سدا رہے

جوہر کی قدر خاک نہو جب ترے حضور
ق پھر عاشقوں کی بات مری جان کیا رہے

دزدِ حنا کا سرقہ تو اُڑ جائے ہاتھوں ہاتھ
مضمونِ خونِ دل کا پڑا پیش پا رہے

گاہے غمِ فراق گہے آرزوئے وصل
کیا کیا ہو دل لگی جو کہیں دل لگا رہے

ہے وُہی عہدِ انتظار وہی
ہم وُہی، تُم وہی، قرار وہی

یہاں تو جز مشتِ خاک کچھ نہ رہا
یار کے دل میں ہے غبار وہی

ہو عکس جلوہ گر جو لبِ لعلِ یار کا
نہریں لہو کی جاری ہوں خنجر کی آب سے

رات میں آئیں نظر تارِ شعاعِ خورشید
زلفِ مشکیں میں جو وہ طرۂ زرتار لچھے

وقفہ ہماری خاک پہ اک دم ضرور تھا
کیا آئے، کیا کھڑے ہوئے، کیا ٹھہرے، کیا چلے

ہر رگِ مژگاں میں قطرے آنسوؤں کے ہیں مرے
دیکھ لے رونے میں کیا موتی پروتا ہوں کوئی

ناصحا! کیوں منع کرتا ہے تو رونے سے مجھے
آہ ظالم کیا تری آنکھوں سے روتا ہوں کوئی

ہر گل کو دلفگار جو دیکھے بہار میں
کیونکر نہ آہِ سرد نسیم و صبا بھرے

یہ کیا سبب کہ تلخ تر اُس لب سے بات ہے
شیریں زباں تو غیرتِ شاخِ نبات ہے

ہے سنگِ سیاہ کعبۂ حُسن
ابرو پہ جو اُس صنم کی تل ہے

لی چہرہ پہ آستین فانوس
پروانہ سے شمع کیا خجل ہے

معشوق چھپائے کیوں نہ مکھڑا
چوری سے نگہ کی منفعل ہے

دل ہم سے جُدا رہا ہمیشہ
گویا وہ ضمیرِ منفصل ہے

ذکی حکیم سید عبدالاحد صاحب ولد حکیم میر خادم علی صاحب مرحوم اصل وطن انکا نورنگ آباد ضلع بلند شہر ہے مگر میر خادم علی صاحب مرحوم بوجہ قرابت قصبہ مارہرہ ضلع ایٹہ میں جا رہے تھے اور وہیں انتقال کیا، جناب ذکی اسم بامسمّی شخص ہیں ذہانت اور ذکاوت بات بات میں ظاہر ہوتی ہے فنِ طب میں نہایت عمدہ دستگاہ رکھتے ہیں، علمِ مجلسی سے خوب واقف ہیں اور نہایت خوش تقریر ہیں، عرصۂ دراز سے قصبۂ کاسگنج ضلع ایٹہ میں مطب کرتے ہیں۔ ابتدائے عمر میں اکثر اور اب بھی کبھی کبھی کسی خاص فرمایش سے شعر و سخن کی طرف توجہ ہو جاتی ہے۔ ترتیبِ تذکرہ کے وقت جو اشعار انکے وصول ہوئے وہ درج ذیل ہیں چھتّن ستاون سال کی عمر ہے

شبِ فرقت میں رو رو کر خیالِ گلبدن دھونا
پڑا ہے ہمکو موجِ اشک سے صحنِ چمن دھونا

کدورت دل کی مٹ جاتی ہے اشکوں کے بہانے سے
مری آنکھوں سے سیکھو دفترِ رنج و محن دھونا

یہ کس خورشید وش کی آمد آمد ہے کہ گلشن میں
ہوا دشوار شبنم کو گلوں کا پیرہن دھونا

عزیز و بعدِ مُردن مجکو نہلانا تو یوں کرنا
مٹانا داغ حسرت پہلے پھر سارا بدن دھونا
پھر گر کوچۂ قاتل سے مِل لینگے ذکی ورنہ
ہماری زندگی سے ہاتھ لے اہلِ وطن دھونا

عاشق کو اک اشارہ میں گردش میں ڈالدیں
آنکھیں تری ہیں نونہ لیل و نہار ہیں
سرگرمیٔ ہجوم نظارہ تو دیکھ لیں
مثلِ نقاب رخ پہ نگاہوں کے تار ہیں
کُشتے تمہارے دینگے لبِ گور سے جواب
اتنا تو پوچھ آکے یہ کس کے مزار ہیں
نرگسی آنکھ نے مارا تری او یار مجھے
آپ ساکر لیا بیمار نے بیمار مجھے
تجھکو ہر روز گریبان کہاں سے لادوں
اے جنوں اتنو میسّر نہیں اک تار مجھے

خدا سے ملکوہ جورِ بتاں کیجے تو کیا کیجے
شکایت گل کی پیشِ باغباں کیجے تو کیا کیجے
جفا جو، بے مُروّت، بیوفا، بے مہر، بے پروا
ذکی یہ ہے شعارِ گلرخاں کیجے تو کیا کیجے

ذکی

ذکی منشی محمد کریم لکھنوی، آپ بہ سلسلۂ ملازمت ریاستِ بھوپال میں سنہ ۱۹۰۰ء میں برسرِ روزگار تھے اور منشی سراج میر خان ہجر سے اصلاح لیتے تھے۔

مجھے صدہے کہ وعدہ یکے اُٹھوں
وہاں تار اُسنے باندھا ہے نہیں کا
کیا اُس بُت نے وعدہ بھی تو ہنس کر
مکالا ہاں "میں بھی پہلو "نہیں" کا

وابستہ دل ہے یوں تری زلفِ رسا کے ساتھ
اقبال جیسے سایۂ بالِ ہُما کے ساتھ
خوش ہیں جہاں میں جام و مئے و لب کے ساتھ
روزِ جزا کی دیکھیں گے روزِ جزا کے ساتھ
دیکھے ادا و ناز و کرشمہ تو کھو گیا
رو بیٹھے دل کو ہم تری محفل میں لا کے ساتھ
بسمل ہوا کوئی تو کوئی لوٹنے لگا
تیغِ نظر چلی جو کسی کی ادا کے ساتھ
صیاد کی نگاہِ غضب اُس پہ جب پڑی
بجلی بھی آسماں سے گری تلملا کے ساتھ
تم نے ہمارا حالِ محبت سُنا ذکی
اب کیا وفا کرے کوئی اُس بیوفا کے ساتھ

ذکی

ذکی میرزا کبیر الدین گورگانی متخلص بہ ذکی سنہ ۱۸۸۲ء میں جو دہلی میں مشاعرے ہوتے تھے اُن میں غزل خوانی کیا کرتے تھے شاید اپنے عزیز مرزا ارشد گورگانی سے اس فن میں مستفید تھے

کل پرسوں کبھی ہم تو ہیں حاضر ابھی صنم — خنجر نکالیے کہیں صاحب کمر سے آپ
عاشق تو میں ہوں یہ تو بیچارا ہے ایلچی — بیفائدہ الجھتے ہیں کیوں نامہبر سے آپ
آپ حور وش ہیں آپکے غلماں نہینگے دوست — ہاں ہم بشر ہیں کیونکہ ملینگے بشر سے آپ
کیا میرے ذبح کرنے میں خنجر کی جستجو — کرو تجھے فیصلہ مرا ترچھی نظر سے آپ

ذکی منشی اشفاق حسین صاحب قوم کمبوہ ساکن قصبہ مارہرہ ضلع ایٹہ محکمۂ بندوبست میں ملازم اور ابتدائے عمر سے شعر و سخن کے شائق ہیں پچاس برس کے قریب عمر ہے پرانی طرز میں شعر کہتے ہیں، فارسی کا مذاق بھی رکھتے ہیں ترتیب تذکرہ کے وقت جو انکا کلام وصول ہوا اُس کا انتخاب لکھا جاتا ہے ۱۸۹۷ء میں بہ سلسلۂ ملازمت بدایوں میں تھے اور زیادہ حال معلوم نہیں۔ ذکی

سُنکر یہ بار بار تمہاری نہیں نہیں — ہاں کا بھی اعتبار اب اے نازنیں نہیں
چھوڑ آئے کر مدام میں تو رہتے تو چین سے — دنیا میں آئے کیوں دلِ مضطر لیئے ہوئے
وحشت کا جوش پھر رہی مجھے کوہ و دشت میں — پھرتا ہے میرے بخت کا چکر لیئے ہوئے
کشتے تمہاری تیغ نظر کے تمھیں ضرور — جاوینگے پیش داورِ محشر لیئے ہوئے
ساتھی تمھارے پہنچے کہاں سے کہاں ذکی — بیٹھے رہو تم اپنا مقدر لیئے ہوئے

ذلیق۔ مولوی محمد نصر اللہ خان مدرس مدرسۂ اسلامی عربی حسن پور۔ چند شعر ملاحظہ ہوں۔ ذلیق

اجل تو بیٹھی ہے روزِ ازل سے تاکے مجھے — حیات رکھتی ہے لیکن بچا بچا کے مجھے
تمھارے دل کی تمنا بھی ہو گئی پوری — شبِ وصال وہ بولے گلے لگا کے مجھے
اُٹھاؤ ہاتھ مرے وردِ دل سے چارہ گرو! — خدا پہ چھوڑ دو اب واسطے خدا کے مجھے
دلِ حزیں سے مرے سختیاں نہیں اُٹھتیں — بتو! معاف کرو واسطے خدا کے مجھے

ذوق۔ الف خان ابنِ دلیر خان معروف بہ فتح محمد نشان بہ بخشی اعظم نواب سعد اللہ خاں آپ اہلِ مروت، آشنا پرست، صاحبِ حوصلہ، خوش سلیقہ، خوش تلاش، خوش فکر تھے۔ اگرچہ ذوق

مشق کم تھی مگر ذہن رسا اور فکر بسیار رکھتے تھے، قدرت اللہ شوق کہتے ہیں مجھ پر انکا حق نمک بدرجۂ غایت ہے۔ الغرض شاہ عالم ثانی کے آخر عہد میں ایک خوش باش، خوش گذران رئیس تھے۔ اور علم و ہنر کے قدر دان۔ یہ انکا کلام ہے۔

لگی ہے آخرش جاکر یہ ظالم تیرے قدموں سے
چلا قابو نہ کچھ اس خاک دامنگیر پر تیرا

اگر میری طرح سیماب دل مارے تو میں جانوں
مہوس ناز بیجا ہے اب اس اکسیر پر تیرا

جب سے ان ماہ وشوں سے یہ مری آنکھ لگی
شیوا پکڑا ہے سدا چشم نے بیداری کا

کچھ ستم سا جو ستم ہو تو میں تقریر کروں
ہائے کیجے بیاں تیری ستم کی صورت

ہائے شب پوچھے تھا وہ مجھ سے کس انداز سے راز
کہہ سکا ایک نہ میں خطرۂ غماز سے راز

پہنچا ہے جب سے گوشۂ دستار پر ترے
ہے کچھ بلند عرش بریں سے دماغ گل

لخت دل اشک سے اب رہتے ہیں پانی میں
گرچہ آتش نہیں آتی ہے نظر پانی میں

عکس ابرو کا تری دیکھ کے مثل شمشیر
موج دریا کی ہوئی زیر و زبر پانی میں

خدا ہی جانے کہ طفلی میں کیا بلا ہوگا
مجھے تو مار گئی یہ ادا جوانی کی

برنگ مہر شبنم مت مری اوقات کٹتی ہے
جو سر گرداں پھروں ڈنکو تو روتے رات کٹتی ہے

اہل چمن کو کسکی گلشن میں جستجو ہے
ہر سرو جو کھڑا واں جھانکے ہر ایک سو ہے

ملے کیا کیا جواہر عشق کے ہمکو خزینہ سے
جھڑے ہیں داغ اور گل کھائے سینہ پر نگینے سے

کہاں وہ دن کہاں وہ دل کہاں ہے تیرا وہ عالم
سفر کر آئے ہیں مدت میں لگجا اب تو سینے سے

جو خط کوکب لکھتا ہے جنے پڑھتے ہی نامہ
مرا نام ہے ترا شا یک قلم لکھے سفینہ سے

نکلتے ہیں ستارے دن کو بھی خورشید کے آگے
ہوئی یہ بات اب روشن ترے منکے پسینے سے

در گوش خوباں تو ہے آفت جان
پر اس کان خوبی کا بالا بلا ہے

پری، یا حور، یا غلماں، کہ نور حق تعالیٰ ہے
کہ چپ رہنے کی جا ہے اسکا عالم ہی نرالا ہے

بلا، آفت، غضب، قہر خدا وہ قد بالا ہے
فلک نے بیکسوں کیواسطے یہ فتنہ پالا ہے

نیا انداز، نئی طرزیں، نیا جوبن، نئی باتیں
بلا کٹھا ستم یہ ہے غضب چمپہ کلی تس پر

الٰہی چشم بد دور ہوش ابھی اُسنے سنبھالا ہے
گلے میں دُھدگی آفت پڑی سینہ پہ مالا ہے

شب قصہ میں اپنے درد کی بات
سُن سن کے لگا وہ کہنے ہاں ہاں

میں نے جو سُنائی ناگہانی
آگے بھی سُنی تھی یہ کہانی

ذوق

ذوق — عندلیب شکرستان فصاحت وطوطی چمنستان بلاغت ملک الشعرا خاقانی ہند شیخ محمد ابراہیم دہلوی ولد شیخ محمد رمضان ۱۱ ذی الحجہ ۱۲۰۴ھ کو پیدا ہوئے، اِنکے خاندان کے لوگ اب بھی دہلی میں حراجی کرتے ہیں، اسکے علاوہ کچھ قطعات تاریخ وفات سے بھی یہ بات ثابت ہے، نیز یہ امر کہ کسی ہمعصر تذکرہ نویس مثل شیفتہ، آزردہ، نساخ۔ صابر، محسن، منشی کریم الدین، کسی نے ولدیت کا اشارہ تک نہیں کیا جو غالباً عمداً معلوم ہوتا ہے مگر مولوی محمد حسین آزاد اُستاد پرستی کی ترنگ میں شیخ محمد رمضان کو سپاہی زادہ بتاتے ہیں، اُنکا بیان ہے کہ انکی زبانی تقریریں تاریخی معلومات سے لبریز ہوتی تھیں، وہ دلّی میں کابلی دروازے کے قریب رہتے تھے اور نواب لطف علیخاں نے اُنھیں معتبر سمجھ کر اپنے حرم سرا کے کاروبار سپرد کر رکھے تھے شیخ ابراہیم ذوق جب پڑھنے کے قابل ہوئے تو حافظ غلام رسول نام ایک شخص بادشاہی حافظ انکے گھر کے پاس رہتے تھے، محلّے کے اکثر لڑکے اُنھیں سے پڑھتے تھے، انھیں بھی وہیں بٹھا دیا۔ حافظ غلام رسول شاعر بھی تھے، شوق تخلص کرتے تھے شیخ مرحوم کو اُنکی صحبت میں بہت شعر یاد ہو گئے، نظم کے پڑھنے اور سننے میں دلکو روحانی لذت ہوتی تھی شیخ مرحوم کا قول تھا کہ میں ہمیشہ اشعار پڑھا کرتا۔ دِل میں شوق تھا اور خدا سے دعائیں مانگتا کہ الٰہی مجھے شعر کہنا آجائے، اِسی زمانے کا ایک مصرع ہے ؎ مزا انگور کا ہے رنگترے میں، یہ فقرہ آجتک دہلی میں میوہ فروشوں کی زبان پر ہے ایک دن خوشی میں آکر خود بخود میری زبان سے دو شعر نکلے اور یہ فقط حسن اتفاق تھا کہ ایک حمد میں ایک نعت میں، اِس عمر میں مجھے اتنا ہوش تو کہاں تھا کہ اس مبارک مہم کو خود اِس طرح سمجھ کر شروع کرتا کہ پہلا حمد میں ہو دوسرا نعت میں، جب یہ بھی خیال نہ تھا کہ اس قدرتی اتفاق کو مبارک

فال سمجھوں، مگر ان دو شعروں کے موزوں ہو جانے سے جو خوشی دل کو ہوئی اُس مزہ کو کبھی نہیں بھولا۔ غرضکہ شیخ مرحوم اِسی عالم میں کچھ کچھ کہتے اور حافظ جی سے اصلاح لیتے رہے۔ اِسی محلے میں میر کاظم حسین نام ایک اِن ہی کے ہم سبق تھے اور نواب سیّد رضی خاں وکیلِ سلطانی کے بھانجے بقرار تخلص کرتے تھے، اور حافظ غلام رسول سے اصلاح لیتے تھے، ایک دن میر کاظم حسین نے غزل لاکر سُنائی، شیخ مرحوم نے پوچھا یہ غزل کب کہی، خوب گرم شعر نکالے ہیں، اُنھوں نے کہا کہ ہم تو شاہ نصیر کے شاگرد ہو گئے، شیخ مرحوم کو بھی شوق پیدا ہوا اور اُنکے ساتھ جاکر شاگرد ہو گئے۔ کچھ دنوں بعد غزلوں کی اصلاح میں۔ بے توجہی اور علی الخصوص تمیز خلف شاہ صاحب کے کلام میں نہیں مضامین کے بندھنے سے شاہ نصیر سے بگاڑ ہو گیا۔ اِنکی طبیعت بھی قادر الکلامی کا سارٹیفکیٹ حاصل کر چکی تھی رُو در رُو مشاعروں میں مقابلہ ہونے لگا۔ اور صلاح کا سلسلہ بند ہو گیا۔ اِن کی قدرتی طبیعت کی شوخی اور شعر کی گرمی سننے والوں کے دلوں میں اثر برقی کی طرح دوڑی اور کلام کا چرچا بڑھا۔ غزلیں ارباب نشاط کی زبان سے نکل کر کوچہ و بازار میں رنگ اُڑانے لگیں۔ اکبر شاہ بادشاہ تھے اُنھیں تو شعر سے رغبت نہ تھی۔ مرزا ابوظفر ولیعہد کہ بادشاہ ہو کر بہادر شاہ ہوئے شعر کے شیدا تھے اور ظفر تخلص سے ملکِ شہرت کو تسخیر کیا تھا۔ اِس لیئے دربار شاہی میں جو کہنہ مشق شاعر تھے مثلاً ثناء اللہ خان فراق، میر غالب علیخاں سیّد، عبدالرحمن خان احسان، برہان الدین خاں زار حکیم قدرت اللہ خاں قائم اور اُنکے صاحبزادے حکیم عزت اللہ خان عشق، میاں شیکیبا شاگرد میر تقی مرحوم۔ میرزا عظیم بیگ شاگرد سودا، میر قمر الدین منّت اور اُنکے بیٹے میر نظام الدین ممنون وغیرہ سب شاعر وہیں آکر جمع ہوتے اور اپنا اپنا کلام سناتے تھے، میر کاظم حسین بقرار کہ ولیعہد موصوف کے مصاحب تھے اکثر اِن صحبتوں میں شامل ہوتے تھے، شیخ مرحوم کو خیال ہوا کہ اِس جلسے میں طبع آزمائی ہوا کرے تو قوتِ فکر کو خوب بلند پروازی ہو۔ اُس عہد میں کسی امیر کی ضمانت کے بعد بادشاہی اجازت ہوا کرتی تھی جب کوئی قلعہ میں جانے پاتا تھا، چنانچہ میر کاظم حسین کی وساطت سے یہ قلعہ میں پہنچے اور اکثر دربار ولیعہدی میں جانے لگے، رفتہ رفتہ اُنکی قادر الکلامی نے

سکّہ بٹھایا اور کچھ اسباب ایسے فراہم ہوئے کہ مرزا کاظم حسین بیقرار جو مرزا ولی عہد کی غزل شاہ نصیر کے دکن چلے جانے کے باعث دیکھا کرتے تھے الفنسٹن صاحب کے میر منشی ہو کر چلے گئے اور میرزا ابوظفر انکے شاگرد ہو گئے، ابتداءً سرکار ولیعہدی سے شیخ مرحوم کا مشاہرہ چار روپیہ ماہوار مقرر ہوا۔ مولنا آزاد نے جوش عقیدتمندی میں آب حیات میں یہ ذکر بھی کر دیا ہے کہ نواب الٰہی بخش خان معروف جو شاہ نصیر کے پرانے شاگرد اور اس وقت ۶۶ سال سے زائد بھی عمر تھی اُنہوں نے حضرت ذوق کو جو بمشکل اٹھارہ برس کے تھے اپنا اُستاد بنایا اور اپنے دونوں دیوان درستی کے لیئے دیئے۔ اس واقعہ کی تکذیب نواب ضیاء الدین احمد خان نیر و رخشان اور نواب احمد سعید خان صاحب طالب نے خود مولانا آزاد سے مباحثہ کر کے بہ براہین قاطع کر دی تھی، مگر افسوس کہ مولانا نے اقرار کر لینے کے باوصف طبع ثانی میں اس بیان کی تردید نہ کی بلکہ جب کئی برس بعد دیوان ذوق خود شائع کیا تو اُس میں فخریہ اس عبارت کو نقل کر دیا۔

اگلے سال شیخ مرحوم نے ایک قصیدہ اکبر شاہ کے دربار میں سنایا کہ جسکے مختلف شعروں میں انواع و اقسام کے صنائع و بدایع صرف کئے تھے اس قصیدہ پر بادشاہ نے "خاقانی ہند" کا خطاب عطا کیا۔ اُس وقت شیخ مرحوم کی عمر بقول حضرت آزاد اُنیس ۱۹ برس کی تھی، اِن ایام میں میر کلو حقیر حضرت ذوق کے بڑے ممد و معاون رہے۔ ۳۶ برس کی عمر میں آپنے جملہ منہیات سے توبہ کر لی تھی اور اُسکی تاریخ یہ کہی ع "اے ذوق بگو سہ بار توبہ"

مرزا ابوظفر بادشاہ ہوئے تو اُنہوں نے یہ قصیدہ پہلے گزرانا۔

رو کش ترے رُخ سے ہو کیا نور سحر رنگ شفق	ہے ذرہ تیرا پرتو نور سحر رنگ شفق

اِس قصیدہ کی فصاحت اور پرواز تخیل و شوکت الفاظ و نزاکت خیال قابل داد ہے۔ اگرچہ مرزا ابوظفر ہمیشہ انھیں دل سے عزیز رکھتے اور دلی رازوں کے لیئے مخزن اعتبار سمجھتے تھے مگر ولیعہدی میں مرزا نوشہ بیگ مختار تھے، جب کبھی بڑی سے بڑی ترقی یا انعام کا موقعہ آیا تو اُستاد ذوق کے لیئے یہ ہوا کہ چار روپیہ مہینے سے پانچ روپیہ ہو گئے پانچ سے سات روپے

ہو گئے۔ جب وہ بادشاہ ہوئے اور میرزا مغل بیگ وزیر، تو وزیر شاہی کا سارا کُنبہ قلعہ میں بھر گیا مگر اُستادِ شاہی کا صرف تیس روپیہ مہینا مقرر ہوا۔ فطرتی طور پر ذوق بہت متین و مہذّب اور منکسر مزاج تھے اِس لیے انھوں نے حضور میں اپنی زبان سے ترقی کے لیے کچھ نہ کہا۔ اور نامساعدتِ تقدیر سے اِس رتبۂ جلیلہ اُستادی پر مشرف ہونے کے باوصف کبھی خوشحالی یا امیرانہ زندگی بسر کرنے کے وسائل میسّر نہ ہوئے۔ اِنکی عادت تھی کہ فکرِ سخن میں ٹہلا کرتے تھے اور اسی حالت میں شعر بھی کہتے جاتے تھے، چنانچہ اُن دنوں میں جب کوئی عالی مضمون چستی اور درستی کے ساتھ موزوں ہوتا تو اُسکے سرور میں آسمان کی طرف دیکھتے اور کہتے پھرتے۔

یوں پھریں اہلِ کمال آشفتہ حال افسوس ہے	اے کمال افسوس سے تجھ پر کمال افسوس ہے

چند روز کے بعد مرزا مغل بیگ کی ترکی تمام ہو گئی، نواب حامد علیخان مرحوم مختار ہوئے تب اُستادِ شاہی کا سو روپیہ مہینا مقرر ہوا۔ ہمیشہ عیدوں اور نوروزوں کے جشنوں میں قصیدے پڑھتے تھے اور خلعت سے اعزاز پاتے تھے۔ آخر ایام میں ایک دفعہ بادشاہ بیمار ہوئے جب شفا پائی اور انہوں نے ایک قصیدۂ غرّا کہہ کر پیش کیا تو خلعت کے علاوہ خطاب خان بہادر اور ایک ہاتھی مع حوضۂ نقرئی انعام میں ملا۔ پھر ایک بڑے زور شور کا قصیدہ کہکر گزرانا جس کا مطلع ہے

شب کو میں اپنے سرِ بستر خواب راحت	نشۂ علم میں سرمست غرور و نخوت

حضرت ذوق کا سانولا رنگ تھا متوسط اندام اور چہرہ چیچک کے داغوں سے پُر تھا آنکھیں تیز اور روشن تھیں اور آواز بلند اور خوش آیند جس سے مشاعرے میں رنگ تاثیر دوبالا ہو جاتا تھا۔ اپنی غزل کسیکو پڑھنے کے لیے ہرگز نہ دیتے تھے۔ ابتدائے عمر میں شیخ مرحوم نے معمولی درسی تعلیم پاکر شعر گوئی کی طرف توجہ کر دی تھی مگر پھر رفتہ رفتہ مشاعروں کی معرکہ آرائیوں اور حریفوں کے اعتراضوں نے اِنھیں تکمیلِ علوم اور سیرِ کتب کی طرف متوجہ کیا اور فطری شوق کی مدد سے قلیل عرصہ میں وہ ایک جیّد فاضل ہو گئے اور معلومات کا دائرہ وسیع کر لیا جس کا قدرتی سامان یہ ہوا کہ راجہ صاحب رام جو مختارِ اِملاکِ شاہ اودہ تھے اُنکے بیٹے کے لیے ایک فاضل کامل مولوی

عبدالرزاق نامی اُستاد مقرر ہوئے۔ اتفاقاً ایک دن یہ بھی مولوی صاحب کے ساتھ چلے گئے چونکہ ان کی تیزی طبع کا شہرہ ہوگیا تھا راجہ صاحب رام نے اِن سے کہا کہ میاں ابراہیم تم ہمیشہ درس میں شریک رہو، چنانچہ اس بہانہ سے اِنکی تحصیل علمی بھی مکمل ہوگئی، مولوی محمد حسین صاحب آزاد کہتے ہیں کہ شیخ مرحوم فرماتے تھے کہ میں نے ساڑھے سات سو دیوان اساتذۂ سلف کے دیکھے اور اُنکا خلاصہ کیا، اساتذہ کی تصنیفات ٹیک چند بہار کی تحقیقات اور اس قسم کی صدہا کتابیں گویا اُنکی زبان پر تھیں مگر مجھے اِس کا تعجب نہیں۔ اگر شعرائے عجم کے ہزاروں شعر اُنھیں ازبر تھے تو مجھے حیرت نہیں۔ گفتگو کے وقت جس تڑاقے سے وہ شعر سند میں دیتے تھے مجھے اِس کا بھی خیال نہیں کیونکہ جس فن کو وہ لیئے بیٹھے تھے یہ سب اُسکے لوازمات ہیں۔ ہاں تعجب یہ ہے کہ تاریخ کا ذکر کرے تو وہ ایک صاحب نظر مورخ تھے۔ تفسیر کا ذکر آئے تو ایسا معلوم ہوتا تھا گویا تفسیر کبیر دیکھ کر اُٹھے ہیں خصوصاً تصوف میں ایک عالم خاص تھا۔ رمل و نجوم کا ذکر آئے تو وہ نجومی تھے، خواب کی تعبیر ہیں اُنھیں خدا نے ایک ملکۂ راسخہ دیا تھا اور لطف یہ کہ احکام اکثر مطابق واقع ہوتے تھے، علم طب کو خوب تحصیل کیا۔ مگر کام نہ کیا۔ خوف آتا کہ ایسا نہ ہو بے پروائی سے کسی کا خون ہو جائے۔ کچھ دنوں تک موسیقی کا بھی شوق رہا مگر پھر اس سے دل برداشتہ ہوگئے"

مرزا جواں بخت کی شادی کے موقعہ پر استاد شاہی نے وہ مشہور سہرا پیش کیا جس کا جواب مرزا غالب نے بہ تحریک نواب زینت محل بیگم تحریر کیا۔ سہرے کی ایجاد کا فخر اِس حساب سے حضرت ذوق کا حق ہے یہ دونوں سہرے اپنی نوعیت اور زاکت مضمون و خیال کے اعتبار سے اپنا جواب آپ ہیں۔ مثنوی جانسوز بھی تصنیف کی تھی۔ لوگوں کو تعجب ہوگا کہ اتنا بڑا شاعر جو رات دن اسی شغل میں رہتا ہو اور اُس کا دیوان اتنا مختصر اسکے متعلق پروفیسر آزاد لکھتے ہیں کہ "اس کا بیان ایک مصیبت کا افسانہ ہے، خود شیخ مرحوم فرماتے تھے کہ بچپن میں جبکہ پندرہ سولہ برس کی عمر تھی ہم نے اپنا دیوان مرتب کیا تھا اور اُسے بڑے شوق سے لکھا تھا۔ پھر زمانے نے فرصت ندی۔ جو غزل ہوتی جُدا کاغذ پر لکھی جاتی اسی طرح طاق میں رکھدیتے کہ فرصت میں نظر ثانی کرینگے۔ جب طاق بھر گیا

سو دے تکیے کے غلاف میں بھرے اور گھر میں دیکر کہدیا کہ احتیاط سے رکھنا، کبھی ٹسکے میں کبھی ٹھلیا میں بھرے اور گھر میں بھجوا دیئے کہ ضائع نہو۔ اِس طرح بہت سے تھیلے اور ٹسکے ٹھلیاں بھر لیے تھے۔ وفات کے چند روز بعد میں نے اور خلیفہ اسمٰعیل مرحوم نے چاہا کہ کلام کو ترتیب دیں سب ذخیرہ نکالا محنت نے اُسکے انتخاب میں پسینہ کی جگہ لہو بہایا۔ کیونکہ بچپن سے لیکر دم واپسیں تک کا کلام اُنھیں میں تھا، چنانچہ اول اُنکی غزلیں اور قصائد انتخاب کر لیے، یہ کام کئی مہینہ میں ختم ہوا۔ پہلے غزلیں صاف کرنی شروع کیں۔ اِس خطا کا مجھے اقرار ہے کہ کام کو میں نے شروع کیا مگر باطمینان کیا، مجھے کیا معلوم تھا کہ اِس طرح یکایک زمانہ کا ورق اُلٹ جائیگا۔ عالم تہ و بالا ہو جائیگا۔ دفعۃً ۱۸۵۷ء کا غدر ہو گیا۔ کسی کا کسی کو ہوش نہ رہا۔ چنانچہ خلیفہ محمد اسمٰعیل اُنکے فرزند جسمانی کے ساتھ اُنکے فرزندانِ روحانی بھی دنیا سے رحلت کر گئے" مندرجۂ بالا حال بہ تغیّر مناسب تذکرۂ آبِ حیات سے اخذ کیا گیا ہے۔ یہ جو کچھ کلام اِس وقت چھپا ہوا ملک میں موجود ہے یہ اُس پُرگو اُستاد کے تمام و کمال کلام کا عشر عشیر بھی نہیں ہے۔ اِسکی تدوین و ترتیب کی حقیقت یہ ہے کہ غدر کے بعد جب دہلی دوبارہ آباد ہوئی اور کسیقدر اطمینان ہوا تو اُستادِ مرحوم کے تلامذہ رشید مولانا ظہیر، حضرت انور، اور حافظ ویراں نے جمع ہو کر مشورہ کیا کہ اگر اِس وقت اُستادِ مرحوم کا کلام جمع نہ ہوا تو پھر کوئی نام لینے والا بھی نہ رہیگا۔ غرض حافظ ویراں جو شاگرد ہونے کے علاوہ ہر وقت کے رفیق اور ہمنشین تھے اُنھوں نے اپنے حافظہ سے کلام لکھوانا شروع کیا اور مولانا ظہیر اور انور نے اُسکی کتابت کی اور اِدھر اُدھر جہاں کہیں سے اشعار فراہم ہو سکے مہیا کر کے ۱۸۶۰ء میں دیوان جو آجکل رائج ہے چھاپکر شائع کر دیا۔ اُستادِ ذوق کی محاورہ بندی، مضمون آفرینی، کلام کی پختگی، صحتِ زبان، سلاستِ بیان، شہرت محتاجِ بیان نہیں، ہر ایک مذاقِ سخن کا لذت یاب اِس مزے سے واقف ہے اُسکے کلام میں جو زبان کے چٹخارے تھے اُسکا اثر پڑھنے والوں کے دلوں میں موجود ہے۔ خاقانیٔ ہند کے شاگردوں میں۔ شاہ ظفر، حافظ ویران، مولوی محمد حسین آزاد، ظہیر، انور، فیر اور سب سے زیادہ فصیح الملک مرزا داغ مرحوم اشہر

زمانہ ہوئے، ذوق اگرچہ نازکخیالی اور مضمون بندی میں غالب اور حکیم مومن خاں کے رتبہ کو نہیں پہنچے مگر انکی خداداد ذہانت اور ہمہ دانی نے اِس کمی کو جیسا کہ چاہیئے پورا کر دکھایا۔ اسی وجہ سے مشاعروں میں جب غزل ہم طرح پڑھتے تو کوئی یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ یہ مذکور الصدر نامور شعرا سے پست رہے ہیں، ابتدا میں سودا کا رنگ اختیار کیا پھر شاہ نصیر اور جرأت کی طرز پر کہنے لگے حتیٰ کہ کثرتِ مشق سے اپنا رنگ پیدا کر لیا جس میں محاورے کے نظم کرنے کا اسلوب صحتِ الفاظ وزبان چستیٔ بندش، فصاحت، شگفتگی مضمون اور حسن ادائے بیان بدرجہ اتم موجود ہیں، انھیں خوبیوں کی بدولت یہ ہر طرح اپنے ہلنپایہ ہمعصروں کی ٹکر تھے اور بعض وصفوں میں اُن سے افضل۔ ایک خاص وصف جن سے انکی اُستادی مسلّم ہوتی ہے یہ تھا کہ اکثر پامال مضامین اِس خوبی سے اور ایسے الفاظ میں باندھتے تھے کہ اپنی جدت طرازی سے نئے خیال کا لطف اُس میں پیدا کرتے تھے، روزمرہ نہایت بے تکلفی اور صفائی سے برتتے تھے۔ بنگلاخ زمینوں میں اپنے اُستاد شاہ نصیر کی تحریک سے خوب خوب زور طبع دکھایا۔ قصیدے بھی بڑی شان اور آن وبان کے کہے اور اپنی مسلم الثبوت اُستادی کا سکہ تمام معاصرین کے دلوں پر بٹھا دیا سوائے میر ممنون کے اُنکے معاصرین یا متقدمین میں سے کسی نے اِس زور اور شان وشوکت کے قصائد نہیں کہے، نساخ۔ گارسن ڈی ٹیسی، شیفتہ، صہبائی۔ آزردہ، جیسے منصف مزاج باکمالوں نے انھیں فن شعر کا بادشاہ اور قادر الکلام اُستاد تسلیم کیا ہے۔ فن شعر سے ازلی مناسبت قسام ازل نے دی تھی اور رات دن سوائے فکرِ شعر کے کوئی دوسرا مشغلہ نہ تھا۔ شاہ ظفر کی رضاجوئی عقیدت کے درجے پر پہنچی ہوئی تھی۔ جسقدر کمال کا درجہ بلند ہوا اُسی قدر پندار کو پست اور خاکساری کو بلند تر کیا۔ اور اسی میں خوش تھے، قناعت وسادگی مزاج کا یہ عالم تھا کہ اگرچہ متعدد مکانات اُنکی املاک میں تھے مگر خود یہ ایک تنگ و تاریک مکان میں عمر بھر رہا کیے جسکی انگنائی اسقدر مختصر تھی کہ بمشکل ایک چارپائی اُس میں بچھتی تھی دو طرفہ اتنی جگہ رہتی تھی کہ ایک آدمی بدقت چل سکے، کھڑکی چارپائی پر رات دن بیٹھے رہتے تھے اور مطالع اور فکر

شعر میں اپنا وقت صرف کرتے تھے، گرمی، جاڑا، برسات، تینوں موسم اس حالت میں بسر کر دیتے تھے، کسی میلے ٹھیلے، عید، تہوار سے انھیں سروکار نہ تھا۔ جہاں اول روز بیٹھے وہیں سے مر کر اُٹھے، انکے اکثر اشعار قبولِ عام کی سند پاکر آجکل خواص وعوام کی زبانوں پر جاری اور دلوں میں جاگزین ہیں۔ شبانہ روز شاگردوں کے کلام کی اصلاح اور دقائق ورموز سخن کی تعلیم کے لیئے وقف تھا، آخر عمر میں اکثر بیمار رہتے تھے، آخر ماہِ صفر ۱۲۷۱ھ میں مرضِ اسہال اور ضعف نے غلبہ کیا اور شب چہار شنبہ آخری کو عالمِ بقا کا رخ کیا، دوسرے روز جنازہ بڑے تزک واحتشام سے اُٹھا۔ خواجہ باقی باللہ کے قرب میں دفن کیا۔ بادشاہ کی تاریخ لوحِ مزار پر کندہ ہے۔ بادشاہ نے غمِ اُستاد سے اُس روز جشن موقوف کیا۔ اور اگرچہ دابِ سلطانی کے خلاف تھا قطعۂ تاریخ زبانِ الہام ترجمان سے ارشاد کیا اور بار بار مرحوم کے حقوق جان نثاری کو یاد کرکے افسوس فرماتے رہے

شب چار شنبہ بماہِ صفر		بہ حکم خداوند جان داد ذوق	
ظفر روئے اُردو بناخن زغم		خراشید و فرمود اُستادِ ذوق	

تخمیناً چار سو تاریخیں اِنکے انتقال کی کہی گئیں جن میں نظم "واقعۂ تعب خیز" مصنفہ عبدالکریم سوز خلف الرشید حضرت صہبائی بہت مشہور ہوئی۔ اب دیوانِ مطبوعہ کا انتخاب ملاحظہ ہو ٭

نیچہ جب مول وہ بانکا جواں لینے لگا		موت کے جی میں مزے یہ نیچاں لینے لگا	
مجکو ہر شب ہجر کی ہونے لگی جوں روزِ حشر		مجھ سے یہ کس دن کے بدلے آسمان لینے لگا	
تیر چٹکی میں لیا اُسنے پیئے جانِ عدو		شوق کیا کیا میرے دلمیں چٹکیاں لینے لگا	
ہاتھ تو ہلکا پڑا انھایا رکی شمشیر کا		زخم پر قسمت سے میری کارگر اچھا ہوا	
ذوق کے مرنے کی سُن کر پہلے تو کچھ رک گئے		پھر کہا تو یہ کہا مُنہ پھیر کر "اچھا ہوا"	
پانی طبیبو ہے ہمیں کیا بجھا ہُوا		ہے دل ہی زندگی سے ہمارا بجھا ہُوا	
جینا ہمیں صلا نظر اپنا نہیں آتا		گر آج بھی وہ رشکِ مسیحا نہیں آتا	
ذکر تری بزم میں کس کا نہیں آتا		پر ذکر ہمارا نہیں آتا نہیں آتا	

قسمت ہی سے لاچار ہوں اے ذوق وگرنہ ہر فن میں ہوں میں طاق مجھے کیا نہیں آتا

آنکھیں مری تلووں سے وہ ملجائے تو اچھا ہے حسرتِ پابوس نکل جائے تو اچھا

کب لباسِ دنیوی میں چھپتے ہیں رشونفیر جامۂ فانوس میں بھی شعلہ عریاں ہی رہا

آدمیت اور شے ہے علم ہے کچھ اور چیز کتنا طوطے کو پڑھایا پر وہ حیواں ہی رہا

سبکو دیکھا اُس سے اور اُسکو نہ دیکھا جو نگاہ وہ رہا آنکھوں میں اور آنکھوں سے پنہاں ہی رہا

بل بے گدازِ عشق کہ خوں ہو کے ولکے ساتھ سینے سے تیرے تیر کا پیکان بہ گیا

تھا ذوق پہلے دہلی میں پنجاب کا سا حُسن پر اب وہ پانی کہتے ہیں ملتان یہ گیا

ہم ہیں اور سایہ ترے کوچے کی دیواروں کا کام جنت میں ہی کیا ہے سے گنہ گاروں کا

محتسب گرچہ دل آزار ہے میخواروں کا دیجے اک جام تو ہے یار ابھی یاروں کا

اتنا تو شور و فغاں ہو کہ چمن میں بلبل خرمنِ گُل کی جگہ ڈھیر ہو انگاروں کا

چرخ پر بیٹھ رہا جان بچا کر عیسے ہو سکا جب نہ مداوا ترے بیماروں کا

لختِ دل اور اشک تر دونوں ہم، دونوں جُدا ہیں رواں دو ہمسفر، دونوں ہم دونوں جُدا

وصل کی شب نکہت و گل کی طرح ہم اور وہ رہتے ہیں باہم دگر، دونوں ہم، دونوں جُدا

پیرِ مغاں کے پاس وہ دارو ہے جس سے ذوق نامرد، مرد، مرد جواں مرد ہو گیا

کریں جُدائی کا کس کس کی رنج ہم سے اے ذوق کہ ہونے والے ہیں ہم سب سے عنقریب جُدا

نہ پکڑیں دامنِ الیاس گرداب بلا میں ہم کہ بد تر ڈوب کے مرنے سے ہے جینا سہارے کا

کہتے ہیں ذوق آج جہاں سے گذر گیا حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

کسی ہیکیں کو لے بیداد گر مارا تو کیا مارا جو آپ ہی مر رہا ہو اُسکو گر مارا تو کیا مارا

تفنگ و تیر تو ظاہر نہ تھا کچھ پاس قاتل کے الٰہی پھر جو دل پر تاک کر مارا تو کیا مارا

گیا شیطان مارا ایک سجدے کے نکرنے سے اگر لاکھوں برس سجدے میں سر مارا تو کیا مارا

وہ کون ہے جو مجھ پہ تاسف نہیں کرتا پر میرا جگر دیکھ کہ میں اُف نہیں کرتا

ای ذوق تکلف میں ہے تکلیف سراسر
آرام سے ہے وہ جو تکلف نہیں کرتا

گل اُس نگہ کے زخم رسیدوں میں لگ گیا
یہ بھی لہو لگا کے شہیدوں میں مل گیا

تُو ہماری زندگی پر زندگی کی کیا اُمید
تو ہماری جان لیکن کیا بھروسہ جان کا

چشم و نگہ کو تیری بدنام کیوں کریگا
مرگ و قضا کو تیرا عاشق نہ لے مریگا

عبث جان منتظر ہونٹوں پہ ہے وہ شوخ کب آیا
اگر چہلم کو بھی آیا تو ہم جانیں گے اب آیا

لگائی زلف کو شانے نے جب تُو نے پکارا دل
یہ گستاخی بھلا رہ تو سہی اے بے ادب آیا

ہے قفس سے شور اک گلشن تلک فریاد کا
خوب طوطی بولتا ہے اِن دنوں صیاد کا

واہ کیا مرہم زخم دل بیتاب بنا
آب سے نیشتر تیز کے تیزاب بنا

تو اگر آپ کو دیکھے تو مری آنکھ سے دیکھ
اپنا آئینہ مرا دیدۂ پُر آب بنا

محفل میں شور قلقل مینائے مُل ہُوا
لا ساقیا پیالہ کہ توبہ کا قُل ہُوا

آتا تو خفا آنا جانا تو رو لا جانا
آتا ہے تو کیا آنا، جانا ہے تو کیا جانا

کہے ہے خنجر قاتل سے یہ گلو میرا
کمی جو مجھ سے کرے تو پئے لہو میرا

یُوں لائے والسے ہم دل صد پارہ ہو بکر
دیکھا جہاں پڑا کوئی ٹکڑا اُٹھا لیا

موت نے کر دیا ناچار و گرنہ انسان
ہے وُہ خود بیں کہ خدا کا بھی نہ قائل ہوتا

مسجد میں اُسنے مجکو آنکھیں دکھا کے مارا
کافر کی دیکھ شوخی گھر میں خدا کے مارا

ہزار دم میں اُسے یاد تو نے دیکھا ذوق
گیا وہ غیر کے گھر مجکو ٹال کر کیسا

شکر پردے ہی میں اس بت کو خدا نے رکھا
آج ایمان گیا ہی تھا خدا نے رکھا

کر کے بسمل مجھے کس ناز سے کہتا ہے وہ شوخ
دیکھ تڑپیو نہ خوں سے کہیں داماں میرا

رکھتے تھے جو کشور کسریٰ و قیصر زیر پا
ہُوا انھیں کا آج سر تاج افسر زیر پا

آتی ہے صدائے جرس ناقہ لیلیٰ
پر حیف کہ مجنوں کا قدم اُٹھ نہیں سکتا

ہنگامہ گرم ہستیٔ ناپائدار کا
چشمک ہے برق کی کہ تبسم شرار کا

نالہ اس زور سے کیوں میرا دُہائی دیتا
اے فلک گر تجھے اُونچا نہ سُنائی دیتا

آئے تو کہاں جائے نہ تاجی سے کوئی جائے
جبتک نہیں آتا اُسے غصہ نہیں آتا

ہنسنے اُن سے دوستی کی، وہ ہیں کرنے دشمنی
دیکھو کیا سوچا تھا ہنسنے اور وہاں کیا ہو گیا

تری چشمِ فسوں گر نے کہاں سیکھا تھا یہ جادو
کیا ہے اک نگہ میں اے پری تسخیر دل میرا

اُنسے کچھ وصل کا ذکر اب نہیں ہونا اچھا
وہ جو کچھ کہویں تو تم بھی کہے جانا اچھا

تم نے دشمن ہی جو اپنا ہمیں جانا اچھا
یارِ ناداں سے تو ہی دشمنِ دانا اچھا

یہانتو دم میں نہیں دم اور وہ لیئے تیغ دودم
کہتے ہیں دیکھو نہیں دم کا چُرانا اچھا

آگ ہے دلمیں، درد جگر میں، آنکھ میں آنسو لب پہ فغاں
عشق نے اُنکے ذوق ہمارا دیکھ لو یہ ہے حال کیا

ترے ہاتھوں کوئی آوارہ اے گردوں نہ ٹھیریگا
ولیکن تو بھی گر چاہے کہ میں ٹھیروں نہ ٹھیریگا

دو دولت کر طلب جس سے کہ دل ہو جائے مستغنی
اگر ہاتھ آئیگا گنجینۂ قارون نہ ٹھیرے گا

کعبہ کے دیوار و در سے نور کے جلوے اُٹھیں
گر پڑے سایہ مرے میخانہ کی دیوار کا

دُنیا گئی کہ عشق میں ایمان و دین گیا
وہ مل گیا تو جانئے کچھ بھی نہیں گیا

آخر گل اپنی خاکِ درِ میکدہ ہوئی
پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا

مجنوں! سیاہ خیمۂ لیلیٰ کے گرد پھر
اے خوش نصیب تجکو طوافِ حرم نصیب

بیمارِ عشق کا جو نہ تجھ سے ہوا علاج
کہہ اے طبیب تو ہی کہ پھر تیرا کیا علاج

ریشِ سفیدِ شیخ میں ہے ظلمتِ فریب
اِس مکر چاندنی میں نکر ناگمانِ صبح

تھی زلف تیری سنبلِ صحنِ چمن کی شاخ
قطروں سے پر عرق کے بنی یاسمن کی شاخ

بدخصلتوں کو کرتا ہے بالا نشیں فلک
اُونچی ہے آشیانۂ زاغ و زغن کی شاخ

ماتھے پہ ترے چمکے ہے جھومر کا پڑا چاند
تھا وعدہ چڑھے چاند کا لا بوسہ چڑھا چاند

تُہرو وہ کرتا ہے نامہ پہ مجھے آتا ہے رشک
ہائے یُوں چُوسے لُعاب اُسکے دہن کا کاغذ

نکہ نہیں حرفِ دل نشیں تھا، دہن کی تنگی سے تنگ ہو کر

نکل کے رشتہ سے چشمِ فتاں کے دل میں بیٹھا خدنگ ہو کر
وہ چشمِ مخمور اک نظر سے، چبھوئے لاکھوں جو نیشتر سے
تو ہو رواں ہر رگِ جگر سے، لہو مئے لالہ رنگ ہو کر

کل گئے تھے تم جسے بیمارِ ہجراں چھوڑ کر
چل بسا وہ آج سب ہستی کا ساماں چھوڑ کر

اہلِ جوہر کو وطن میں رہنے دیتا گر فلک
لعل کیوں اس رنگ سے آتا بدخشاں چھوڑ کر

دل تو لگتے ہی لگیگا حوریانِ عدن سے
باغِ ہستی سے چلا ہوں ہائے پریاں چھوڑ کر

ان دنوں گرچہ دکن میں ہے بڑی قدرِ سخن
کون جائے ذوق پر دلّی کی گلیاں چھوڑ کر

کہا پتنگ نے یہ دارِ شمع پر چڑھ کر
عجب مزا ہے جو مریئے کسی کے سر چڑھ کر

ذبح کرنے کو مرے پوچھتے کیا ہو تکبیر
تم چھری پھیر بھی دو نام خدا کا لیکر

لے گیا دل کون میرا ذوق کس کا نام لوں
سامنے آجائے تو شاید بتا دوں دیکھ کر

بلبل ہوں صحنِ باغ سے دور اور شکستہ پر
پروانہ ہوں چراغ سے دور اور ٹنگ تہ پر

وہ کہے کون ہے قربان مری چتون پر
مَیں کہوں مَیں تو کہے "مَیں کے چھری گردن پر"

ہوں سرد ہو چکا نہ دوبارہ حلال کر
مَیں اور دم چراؤنگا، یہ تو خیال کر

پوچھو! چلے ہیں کونسے کعبہ کو اہلِ درد
ملکِ فنا ہی جائیں ذرا دل سنبھال کر

تصویر اُنکی حضرتِ دل کھینچ لائے گر
رکھدینگے ہم بھی پاؤں پہ آنکھیں نکال کر

قاتل ہے کس مزے سے نمکپاشِ زخمِ دل
بسمل ذرا تڑپ کے نمک تو حلال کر

مجھ میں کیا باقی ہے جو دیکھے ہے تو آن کے پاس
بیوفا وہم کی دار و نہیں لقمان کے پاس

ہیں تو ایسی جھپک پہ فدا ہوں کہ کان کو
شب کیا ہٹا لیا مرے موئے دہن کے پاس

صفحۂ دہر پہ یک دل نہ ہوا ایک سے ایک
دسکے دو حرف ہیں وہ بھی ہیں جدا ایک سے ایک

ہم انکی چال سے پہچان لینگے انکو بر قضا میں
ہزار اپنے کو وہ ہمسے چھپائیں سر سے پا تک

مرا دل ایک، دو دل اس خوش ادا کی کس ادا کو میں
کہیں وہاں تو ادائیں ہی ادائیں سر سے پا تک

بنایا اسلئے اس خاک کے پُتلے کو تھا انسان
کہ اسکو درد کا پُتلا بنائیں سر سے پاؤں تک

سوٹکڑے ہیں ہڈی کے بزنگِ گلِ صابرگ
کیا وحشت نوردی میں کرتا ہے جنوں گل

ہے روشنیٔ خانۂ دل - سوزِ محبت
زاہد تو بتا شمع حرم کیونکہ کروں گل

بزنگِ غنچۂ پیکان و غنچۂ تصویر
نہ دیکھا اپنا شگفتہ کسی بہار میں دل

کٹ سکا صیدِ محبت کا نہ قاتل سے گلا
اُسنے پتھر سے یہ رگڑا کہ ہوا چاقو گرم

ہاں تأمل دمِ ناوک فگنی خوب نہیں
ابھی چھاتی مری تیروں سے چھنی خوب نہیں

یہ نہیں شیشۂ مے، ہے کسی میخوار کا دل
محتسب دیکھ نکر دل شکنی، خوب نہیں

ساقی لڑائیوں سے تری چاہتا ہے دل
باہم لڑا کے شیشۂ دساغر کو توڑ دوں

احسان ناخدا کے اُٹھائے مری بلا
کشتی خدا پہ چھوڑ کے لنگر کو توڑ دوں

پھر اُس مژہ کی یاد کرے ہے تو دلمیں ذوق
نشتر چبھو کے میں ہر نشتر کو توڑ دوں

گو اضطرابِ دل کو بیاں کرتے ہم نہیں
پر جو نگاہ ہے رگِ بسمل سے کم نہیں

دیتا ہو دورِ چرخ کسے فرصتِ نشاط
ہو جسکے پاس جام وہ اب جم سے کم نہیں

مشکل ہے میرے عہدِ محبت کا ٹوٹنا
اے بیوفا یہ تیری خدا کی قسم نہیں

رُکا وٹ نہیں طبع کی روانی میں
کہ بُو فساد کی آتی ہے بند پانی میں

کہانیاں ہیں حکایاتِ خضر و آبِ بقا
بقا کا ذکر ہے کیا اس جہانِ فانی میں

وفورِ اشک اگر سر باوج ہوا اپنا
فلک بزنگِ گلِ نیلوفر ہو پانی میں

لگاتے تہمتِ گریہ ہیں دل جلوں کو تے
یہ ہیں وہی جو لگاتے ہیں آگ پانی میں

مزا ہے تیغِ محبت کے زخم کھانے کا
کرے جو صرفہ نہ قاتل نمک فشانی میں

ہفتاد و دو طریق حسد کے عدد ہیں
اپنا ہے یہ طریق کہ باہر حسد سے ہیں

وہ ایک دم کہ جس میں میسّر ہو وصلِ یار
بہتر سمجھتے ہم اُسے عمر ابد سے ہیں

خورشید وار دیکھتے ہیں سبکو ایک آنکھ
روشن ضمیر ملتے ہر اک نیک و بد سے ہیں

وہ مست ہوں کہ رکھتے قدح کش تیمناً
بنیادِ میکدہ مری خشتِ لحد سے ہیں

ہو جاتا دِل ہو بیٹھ کے خود گلرخوں میں گُل
تاثیر باغِ خلد ہے تاثیرِ باغِ حُسن

گئی یاروں سے وہ اگلی ملاقاتوں کی سب سیمیں
پڑا جس دن سے دِل بس میں ترے اور دلکے ہم سیمیں

مجھے ہو کس طرح قول و قسم کا اعتبار اُنکے
ہزاروں دیچکے وہ قول لاکھوں کھاچکے قسمیں

مستی و نا آشنائی وحشت و دیوانگی
یا تری آنکھ میں دیکھی یا ترے دیوانے میں

اِس گلستانِ جہاں میں کیا گُلِ عشرت نہیں
سیر کے قابل ہے یہ پر سیر کی فرصت نہیں

کھا کے زخمِ تیغِ قاتل جو بجا لائے نہ شکر
کوئی بھی اُس سے زیادہ کافرِ نعمت نہیں

وقتِ پیری شباب کی باتیں
ایسی ہیں جیسے خواب کی باتیں

پھر مجھے لے چلا اُدھر دیکھو
دِلِ خانہ خراب کی باتیں

واعظا! چھوڑ ذکرِ جنت و حور
کر شراب و کباب کی باتیں

سُنتے ہیں اُن کو چھیڑ چھیڑ کے ہم
کس مزے سے عتاب کی باتیں

ہم اپنے جذبۂ دِل کے اثر کو دیکھتے ہیں
وہ پہلے بزم میں دیکھیں کدھر دیکھتے ہیں

مے مِلا کر ساقیانِ سامری فن آب میں
کرتے ہیں جادو سے اپنے آگ روشن آب میں

دیکھنا آبی ڈوپٹہ مُنہ پر اُسکے وقت خواب
بُرجِ آبی میں ہو مہ یا مہر روشن آب میں

کہتے تھے آنے کو خاطر سے ہماری پرسوں
ہُوئی برسوں نہ ہوئی پر وہ تمھاری پرسوں

جیتے ہی جی کیا ملکِ فنا میں سا تھ بشر کے جھگڑے ہیں
مر کے اِدھر سے جبکہ چھُٹے تو جا کے اُدھر کے جھگڑے ہیں

کیسا مومن، کیسا کافر کون ہے صوفی۔ کیسا رند؟
سارے بشر ہیں بندے حق کے سارے یہ شر کے جھگڑے ہیں

ایک ایک جور و ستم پر اُنکے سو سو داغ دل ہیں گواہ
ہم جو اُس سے جھگڑے ہیں، حق ثابت کر کے جھگڑے ہیں

غم کہتا ہے دشمن ہوں میں جلوۂ جاناں کہتا ہے میں

کسکو نکالوں کسکو رکھوں یہ تو گھر کے جھگڑے ہیں

بحر میں موتی پانی پانی، لعل کا دِل خوں پتھر ہیں

دیکھو لب و دنداں سے تمھارے لعل و گہر کے جھگڑے ہیں

حضرتِ دل کا دیکھنا عالم ہاتھ اُٹھائے دُنیا سے

پاؤں پسارے بیٹھے ہیں اور سر پہ سفر کے جھگڑے ہیں

ذوقؔ مرتب کیونکہ ہو دیواں، شکوۂ فرصت کس سے کریں

باندھے گلے ہیں ہم نے اپنے، آپ ظفر کے جھگڑے ہیں

چشمِ گریاں نے اگر کی اس برس برسات خوب
سبز ہو جائیں گی سب میری قفس کی تیلیاں

جس جگہ بیٹھے ہیں، بادیدۂ نم اُٹھے ہیں
آج کس شخص کا منہ دیکھ کے ہم اُٹھے ہیں

سینہ و دل پہ مرے زخمِ جگر ہنستے ہیں
ہنسنے دو چارہ گرو ہنستے ہی گھر بستے ہیں

یاں لب پہ لاکھ لاکھ سخن اضطراب میں
واں ایک خامشی تری سب کے جواب میں

جو ہے سو پہلے میرے اٹھانیکی فکر میں
محفل میں اُسکی میں کوئی چوسر کا رنگ ہوں

نہیں تدبیر کچھ بنتی پڑے سر کو پٹکتے ہیں
نہ دل چھوڑے ہے اُسکو اور نہ ہم دل چھوڑ سکتے ہیں

مر گئے پر بھی تغافل ہی رہا آنے میں
بیوفا پوچھے ہے کیا دیر ہے لیجانے میں

ہیں دہن غنچوں کے وا کیا جانے کیا کہنے کو ہیں
شاید اُس کو دیکھکر صلِ علیٰ کہنے کو ہیں

ہائے کل سب آشنا تیرے مریضِ عشق کے
قطعہ
تھے علاجِ ضعفِ دل و ضعفِ تن کی فکر میں

آج گھبرائے ہوئے پھرتے ہیں با چشمِ پُرآب
گاہ تدبیرِ لحد میں گہ کفن کی فکر میں

زاہدِ گمراہ کے میں کس طرح ہمراہ ہوں
وہ کہے "اللہ ہو" اور میں کہوں "اللہ ہوں"

کبھی کرتا ہوں فغاں اور کبھی ضبطِ فغاں
نہیں معلوم وہ خوش اس میں ہے یا اُس میں ہیں

خضر ساقی ہو تو میں جام نہ لوں گر جانوں
کہ نہیں جام میں مے آبِ بقا اس میں ہیں

اُس جفاکیش کے نامے کو پڑھوں کیا قاصد
جو کہ قسمت میں لکھا تھا وہ لکھا اس میں ہیں

جا پڑا پانوں پہ قاتل کی تڑپ کر کشتہ
سرد ہونے پہ بھی گرمیٔ وفا ہے اس میں

دین کیا ہے بلکہ دنیائے ایمان بھی نہیں
زاہد یہ بت خدا کی قسم ایسے شخص ہیں

خانقاہ میں بھی وہی ہے جو خرابات میں ہے
فرق پر یہ ہے یہاں منہ پہ ہے اور واں دل میں

ایک پتھر پوجنے کو شیخ جی کعبے گئے
ذوق ہر بت قابلِ بوسہ ہے یاں بتخانے میں

یہ طوق اس واسطے چھوٹا ہوا قمری کی گردن میں
کہ تھا بلبل کی قسمت کا پڑا قمری کی گردن میں

باعثِ رشک ہوا عشق ہمارا ہم کو
بخشہ بے دیکھے ہے غش جسنے کہ دیکھا ہمکو

دانہ خرمن ہے ہمیں قطرہ ہے دریا ہمکو
آئے ہے جز میں نظر کل کا تماشا ہمکو

کس بلندی پہ دیا عشق نے پہنچا ہمکو
کہ فلک آیا نظر خال سے چھوٹا ہمکو

ہم تبرک ہوئے اب کرلے زیارت مجنوں
سر پہ پھرتا ہے لیئے آبلۂ پا ہمکو

کرتے جوں کو نہیں ہم تو سخن میں سبقت
پر وہ کچھ ہم سے سُنے گا جو کہے گا ہمکو

کھانے پینے کی قسم کھائی ہے تجھ بن ہمنے
ورنہ تھا زہر تو ہر طرح گوارا ہمکو

اِس پہ مرتے ہیں کہ کیوں غیر کو تو نے مارا
وہ نصیب اُسکو ہوئی جو تھی تمنّا ہمکو

اِک حلاوت ہے عداوت میں بھی اُس ظالم کی
کہ اگر زہر بھی دیتا ہے تو میٹھا ہمکو

سنگدل تین دن اب گور میں بھی بھاری ہیں
ہے سوم میں جو نرے آنیکا دھوکا ہمکو

دیکھا آخر کہ نہ پھوڑے کی طرح پھوٹ بہے
ہم بھرے بیٹھے تھے کیوں آپنے چھیڑا ہمکو

اور ہمدم تو کہاں ہونہ ہوا حضرتِ دل
درد اب ہم کو تمھارا ہے تمھارا ہمکو

موت ہی سے کچھ علاج دردِ فرقت ہو تو ہو
غسلِ میت ہی ہمارا غسلِ صحت ہو تو ہو

آتشِ فرقت میں پروانہ سا کیڑا جل مرے
آدمی سے کیا نہو لیکن محبت ہو تو ہو

رندِ خراب حال کو زاہد نچھیڑ تو
تجکو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو

جس ہاتھ میں خاتمِ لعل کی ہے اُس تھ میں زلف مکش ہو
پھر زلف رہے وہ دستِ موسیٰ جس میں اخگر آتش ہو

اک خون کا دریا جذب کیا ہے خاکِ کوئے قاتل نے
ہاں دفن کو ایسے کشتوں کے ایسی ہی زمینِ دلکش ہو

بجا کہے جسے عالم اُسے بجا سمجھو
زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو
نفس کی آمد و شد ہی نمازِ اہلِ حیات
جو یہ قضا ہو تو ای غافلو قضا سمجھو

رہائی قتل پر موقوف ہو گر ہم اسیروں کی
روانی تیغ کی پابستۂ زنجیر جوہر ہو
ترے بیمار کو گر اپنے جینے کی تمنا ہو
فلک پر سُنکے ہنستے ہنستے شادی مرگ عیسیٰ ہو

دیکھا دمِ نزع دلآرام کو
عید ہوئی ہو ذوق وصلے شام کو
عبث تم اپنا رکاوٹ سے مُنہ بناتے ہو
وہ آئی لب پہ ہنسی دیکھو مُسکراتے ہو
ہوش و خرد گئے نگہِ سحر فن کے ساتھ
اب جو ہے بات اپنی سو دیوانہ پن کیساتھ
افسردہ دل کے واسطے کیا چاندنی کا لطف
لپٹا پڑا ہے مردہ سا گویا کفن کے ساتھ
تو جان ہی جہاں کی اور جان ہی تو سب کچھ
ایمان کی کہیں گے ایمان ہی تو سب کچھ

چھوڑا نہ دل میں صبر، نہ آرام، نہ شکیب
تیرِ نگہ نے صاف کیا گھر کے گھر پہ ہاتھ
ترے کوچے کو وہ بیمار غم دار الشفا سمجھے
اجل کو جو طبیب اور مرگ کو اپنی دوا سمجھے
مجھے آتا ہے رشک اُس رندِ مے آشام پر ساقی
نہ جو دعا مانگ کر جانے نہ جو خُدا صفا سمجھے
حسابِ صلا نہ پوچھے مجھ سے میرے لگے زخموں کا
حسابِ دوستاں در دل اگر وہ دلربا سمجھے
ساقیا ہوں نہ صبوحی کے جو عاوت والے
شورِ محشر سے بھی چونکیں نہ ترے متوالے
کس مرض کی ہیں دوا یہ لبِ جاں بخش ترے
جاں بلب ہیں ترے آزار محبت والے
نہیں جز شمع مجاور مرے بالینِ مزار
نہیں جز کثرتِ پروانہ زیارت والے
حرص کے پھیلتے ہیں پاؤں بقدر وسعت
تنگ ہی رہتے ہیں دنیا میں فراغت والے
ہم نے اُس بت کو جو دیکھا ہے نہیں کہہ سکتے
کہ مبادا کہیں سُن پائیں شریعت والے
کیا غرض لاکھ خدائی میں ہوں دولت والے
اُنکا بندہ ہوں جو بندے ہیں محبت والے
ہائے رے حسرتِ دیدار میری ہائے کو
لکھتے ہیں ہائے دو چشمی سے کتابت والے
ناز ہے گل کو نزاکت پہ چمن میں اے ذوق
اِسنے دیکھے ہی نہیں ناز و نزاکت والے

خوب روکا شکایتوں سے مجھے
تو نے مارا غنایتوں سے مجھے
واجب القتل اُس نے ٹھہرایا
آیتوں سے روایتوں سے مجھے

کل جہاں سے کہ اُٹھالائے تھے احباب مجھے
لیچلا آج وہیں پھر دلِ بیتاب مجھے
مَیں نہ تڑپا جو دمِ ذبح تو یہ باعث تھا
کہ رہا مدِّ نظر عشق کا آداب مجھے
ورنہ وہ شوخ کہ جو گل سے بھی نازک ہو سوا
لیوے اِس طرح سے زانو کے تلے داب مجھے
قسمت اُس بت سے جا لڑی اپنی
دیکھو احمق خدا سے لڑتی ہے
دیکھو اُس چشمِ مست کی خوبی
جب کسی پارسا سے لڑتی ہے

کوئی ہو کافر کوئی مسلمان جدا ہر اک کی ہو راہ یہاں
جو اسکے نزدیک ہیچری ہو وہ اسکے نزدیک ہیچ نی ہے
زمیں پہ نورِ قمر کی گرمی میں صاف ظہار روشنی ہے
کہ جو ہیں روشن ضمیر انکو فروغ انکی فروتنی ہے
غمِ جدائی میں تیری ظالم کہوں میں کیا مجھپہ کیا بنی ہے
جگر گدازی ہے سینہ کاوی ہے دخمہ اشی ہے جانکنی ہے

مزے جو موت کے عاشق بیاں کبھو کرتے
مسیح و خضر بھی مرنے کی آرزو کرتے
یقیں ہے صبح قیامت کو بھی صبوحی کش
اُٹھیں گے خواب سے ساقی سُبو سُبو کرتے

مزے یہ دل کے لیئے تھے نہ تھے زباں کے لیئے
سو ہیں نے دل میں مزے سوزشِ نہاں کے لیئے
بیانِ دردِ محبت جو ہو تو کیونکر ہو ؎
زباں نہ دل کے لیئے ہے نہ دل زباں کے لیئے
چلے ہیں دیر کو مدت میں خانقاہ سے ہم
شکستِ توبہ لیئے ارمغاں مغاں کے لیئے
دعا بلا تھی شبِ غم سکونِ جاں کے لیئے
سخن بہانہ ہوا مرگِ ناگہاں کے لیئے
وہ مول لیتے ہیں جب دم کوئی نئی تلوار
مجھی پہ پہلے لگاتے ہیں امتحاں کے لیئے
مثال نے ہے مراجب تلک کہ دم میں دم
فغاں ہے میرے لیئے اور میں فغاں کے لیئے
جو پاسِ مہر و محبت کہیں یہیں سکتا
تو ہم بھی لیتے کسی اپنے مہرباں کے لیئے
بنایا آدمی کو ذوق ایک جسدِ ضعیف
اور اس ضعیف سے کل کام دو جہاں کے لیئے

جو دل قمار خانہ میں ہتے سے لگا چکے
وہ کعبہ بن چھوڑ کے کعبہ کو جا چکے

کیا لیچلے گلی سے تری ہم کہ جوں نسیم
آئے تھے سر پہ خاک اُڑانے اُڑا چلے

لیجائیں تیرے کشتہ کو جنت میں بھی اگر
پھر پھر کے تیرے گھر کی طرف دیکھتا چلے

لیتے ہی دل جو عاشقِ دلسوز کا چلے
تم آگ لینے آئے تھے کیا کے کیا چلے

نگہ کا وار تھا دل پر پھڑکنے جان لگی
چلی تھی برچھی کسی پر کسی کے آن لگی

کب حق پرست زاہد جنت پرست ہے
حوروں پہ مر رہا ہے یہ شہوت پرست ہے

یہ ذوق مے پرست ہے یا ہے صنم پرست
کچھ ہے بلا سے لیک محبت پرست ہے

الفت کا نشہ جب کوئی مرجائے تو جائے
یہ دردِ سر ایسا ہے کہ سر جائے تو جائے

تیغ تو اُوچھی پڑی تھی گر پڑے ہم جانکر
دل کو قاتل کے بڑھانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

زخمی ہیں ہواہوں تری وزدیدہ نظر سے
جانیکا نہیں چور مرے زخمِ جگر سے

اے ذوق کسی ہمدم دیرینہ کا ملنا
بہتر ہے ملاقات مسیحا و خضر سے

گاہ ہجوم یاس میں ہے دل گاہ ہجوم حسرت میں
ہے یہ مرد سپاہی پیشہ پھرتا لشکر لشکر ہے

ہاتھ اُٹھاؤ عشق کے بیمار سے
کوئی بچتا بھی ہے اس آزار سے

صاف اک ابر شفق آلودہ ہے
زلف اُسکی سرخیٔ رخسار سے

لبریز صد نشاط بر نگِ ہلالِ عید
سینہ میں میرے ناخنِ غم کی خراش ہے

تمکو کچھ یاد بھی ہیں پہلے وہ الفت کے مزے
بے مزہ ہونیکے لطف اور شکایت کے مزے

دیکھ کر اُسکو گیا عالم حیرت میں جو میں
لیک میں کیا کہوں اُس عالم حیرت کے مزے

بے محبت نہیں اے ذوق شکایت کے مزے
بے شکایت نہیں اے ذوق محبت کے مزے

بل بے استغنا کہ وہ یاں آتے آتے رہ گئے
اُف رے بیتابی کہ یا تو دم ہی نکلا جائے ہے

کیوں غنچہ پریشاں نہ ہو ہوتے ہی شگفتہ
اِس باغ میں ہونا ہی دلِ شاد غضب ہے

وہ کونسا غم ہے کہ جو دنیا میں نہیں ہے
اور اس پہ بھی دلکش یہ غم آباد غضب ہے

دروازہ میکدہ کا نہ کر بند محتسب
ظالم خدا سے ڈر کہ در توبہ باز ہے

اڑتے ہے خوب گلچھرّے نکل مجنوں نے زنداں سے
کہ ہر سو گلفشانی ہے شرارِ سنگِ طفلاں سے

شرارے متصل نکلے یہاں تک سنگِ طفلاں سے
کہ چمکے ہے سرِ مجنوں پہ بجلی سنگِ باراں سے

اے شمع تیری عمر طبیعی ہے ایک رات
ہنسکر گذار یا اسے رو کر گذار دے

اس جبر پر تو ذوق بشر کا یہ حال ہے
کیا جانے کیا کرے جو خدا اختیار دے

پئیں مے آشکارا کسکی ہمکو ساقیا چوری
خدا کی جب نہیں چوری تو پھر بندے کی کیا چوری

بد نہ بولے زیر گردوں گر کوئی میری سُنے
ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سُنے

وشاہو کالی نے جسکی دلکو تو وہ فسوں کے اثر سے کھیلی
وہاں کا کُل کا تیری مارا نہ مُنہ سے بولی نہ سر سے کھیلی

دردِ دل سے لوٹتا ہوں کسکو میرا درد ہے
ہوں میں لفظِ درد جس پہلو سے اُلٹو درد ہے

کُھلتا نہیں دل بند ہی رہتا ہے ہمیشہ
کیا جانے کہ آجائے ہے تو اسمیں کہ ہر سے

یہ اقامت ہمیں پیغامِ سفر دیتی ہے
زندگی موت کے آنیکی خبر دیتی ہے

یوں نگہ نکلی ہے چشمِ یار سے
مست جیسے خانہ خمّار سے

تم دو گھڑی کو آؤ تو میں لب پہ جان کو
ٹھیرا رکھوں کہ اور بھی یاں دو گھڑی سہی

ابتو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائینگے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائینگے

ہم نہیں وہ جو کریں خون کا دعویٰ تجھپر
بلکہ پُوچھے گا خدا بھی تو مکر جائیں گے

لائی حیات آئے قضا لیچلی چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

غنچے تری غنچہ دہنی کو نہیں پاتے
ہنستے ہیں مگر تیری ہنسی کو نہیں پاتے

ہم مُتاعِ دو اپنا کسیکو نہیں پاتے
تم پاتے ہو ہمکو تو چھپری کو نہیں پاتے

جا کے اک بار نہ پھرنا تھا جہاں سے ہمکو
بیقراری ہے کہ سو بار لیئے پھرتی ہے

دم کو ہمارے سینے میں اک دم نہیں قرار
یہ وہ غریب ہے کہ مسافر وطن میں ہے

ہمارے سینہ میں وہ آہِ آتشیں ہے ذوق
جو برق دیکھے تو نی النار والسقر ہو جائے

راتوں کو نہ ہُو حق کرا اے شیخ مناجاتی
سوتے ہوئے چونکیں گے رندانِ خراباتی

بیقراری کا سبب ہر کام کی اُمید ہے
نا اُمیدی ہو تو پھر آرام کی اُمید ہے

شبِ ہجراں بسر نہیں ہوتی
نہیں ہوتی سحر نہیں ہوتی

ہوس میں کعبہ کی کیوں شیخ بتخانے سے گم رہے
یہاں تو کوئی صورت بھی ہو واں اللہ ہی اللہ ہے

مری طاعت سے ابتو معصیت بھی عار کرتی ہے
مری توبہ پہ توبہ توبہ استغفار کرتی ہے

باقی ہے شیخ کو ابھی حسرت گناہ کی
کالا کرے گا منہ بھی جو ڈاڑھی سیاہ کی

مرچیں سی لگ رہی ہیں زخمِ جگر کو میرے
مصروفِ چارہ دیکھا کیا چارہ گر کو میرے

نہ پُوچھو کہ دل شاد ہے یا حزیں ہے
نہیں یہ بھی معلوم ہے یا نہیں ہے

گل تو کھِل کھِلکر بہار اپنی صبا دکھلا گئے
حسرت اُن غنچوں پہ ہے جو بن کھِلے مرجھا گئے

لاشے کو پھینک دیجے میرے کہ دفن کیجے
مردہ بدستِ زندہ جو چاہیے سو کیجے

اے ذوق بس نہ آپ کو صوفی بنایئے
ق
معلوم ہے حقیقتِ ہو حق جناب کی

نکلے ہو میکدے سے ابھی منہ چھپا کے تم
دابے ہوئے بغل میں صراحی شراب کی

تُو بھلا ہے تو بُرا ہو نہیں سکتا اے ذوق
ق
ہے بُرا وہ ہی کہ جو تجکو بُرا جانتا ہے

اور اگر تو ہی بُرا ہے تو وہ سچ کہتا ہے
کیوں بُرا کہنے سے تو اُسکے بُرا مانتا ہے

ساقیا عید ہے لا بادہ سے مینا بھر کے
کہ مے آشام پیاسے ہیں مہینا بھر کے

ذوقا۔ ذوقا شاہ بنارسی مجذوب تھے غدر سے پیشتر شرف الدین احمد کے پاس میرٹھ میں آکر رہے تھے وہیں انتقال کر گئے۔ ذوقا

نے بام کی ہیں زیب نہ زینت کسی در کے
ہم باٹ کے روڑے ہیں اِدھر کے نہ اُدھر کے

قدر تم نے صاحب نجانی ہماری
گئی رائگاں جانفشانی ہماری

ذوقی۔ شاہ ذوقی درویش خانہ بدوش شعر درمندانہ کہتے اور صاحبِ تصوف و اخلاق برگزیدہ تھے اٹھارھویں صدی کے وسط میں حیات تھے، یہ چند شعر اُنکے ہیں۔ ذوقی

اُس کا شکوہ نہ گاہ کیجئے گا
جس طرح ہو نباہ کیجئے گا

اپنی یہ چاہ اسکی وہ صورت — اے عزیزاں نگاہ کیجئے گا
اُسکے دیوانہ پن کے عالم کو — دیکھ کر واہ واہ کیجئے گا
اپنے ذوقی کے گھر میں شفق من — گہ کرم گاہ گاہ کیجئے گا

ہے ہاتھ کماں اُسکے اب تیر ہے اور میں ہوں — تدبیر ہے لاحاصل تقدیر ہے اور میں ہوں
ہر شب وہ کماں ابرو کہتا ہے سرِ مجلس — کل صبح کو میداں میں نخچیر ہے اور میں ہوں
رکھ ہاتھ وہ قبضہ پر برہم ہو لگا کہنے — اب تُو ہے ترا سر ہے شمشیر ہے اور میں ہوں
یوں ریختہ کہنے کو عالم میں ہزاروں ہیں — بدنام پر اے ذوقی اِک میر ہے اور میں ہوں

جلد آ مِل جو تجھکو آنا ہے — ورنہ کوئی دم میں دم روانہ ہے
تمکو ڈھونڈے کہاں کوئی ذوقی — نہ ترا ٹھور نے ٹھکانا ہے

ترے کوچے میں ہم بھی آج لے تلوار بیٹھیں گے — رقیبِ روسیہ کو بیدھڑک ہی مار بیٹھیں گے
جو غیروں کو تم اپنے مُنہ لگاؤ گے تو بولیں گے — نہیں تو شل نے خاموش ہو لاچار بیٹھیں گے
یہ ذوقی بھی ترے عضہ سے ڈرنیکا نہیں ہرگز — اُٹھاؤ گے جو در سے جا پسِ دیوار بیٹھیں گے

عشق میں نہ سیم نہ زر چاہیئے — آہ میں کچھ اپنی اثر چاہیئے
ذوقی آوارہ ترے قتل کو — خاص کوئی تیغ و تبر چاہیئے

ذوقی - سید عبدالواحد خلف سیّد اشرف درگاہی بلگرامی، ولادت انکی ۲۹ ربیع الاول ۱۱۷۲ھ بمقام بلگرام واقع ہوئی۔ مولوی سیّد محمد مؤلف تذکرہ تبصرۃ الناظرین خلف الصدق علامہ بعدیل میر عبدالجلیل بلگرامی لکھتے ہیں کہ سید ذوقی خوش طبع اور شیریں زبان تھے طبیعت بر جستہ رکھتے تھے۔ فارسی شعر خوب کہتے تھے اور تخلص اپنا واحد کرتے تھے آپنے اوایک دیوان ابو اسحاق اطعمہ ولایتی کے مذاق میں لکھا ہے (ابو اسحاق ایک ولایتی شاعر ہے جس نے اپنے اشعار میں کھانوں کا بہت تذکرہ کیا ہے، یہ انھیں کا شعر مشہور ہے ؎

پس از سی سال بر اسحاق شد تحقیق این معنی — کہ بورانی ست باد نجان و باد نجان بورانی)

سید ذوقی نے بھی شیرینی کے ذکر سے اپنے کلام میں حلاوت پیدا کی اور دیوان کا نام شکرستانِ خیال رکھا، وہ دیوان چھپ بھی گیا ہے دو چار شعر اس میں سے ضیافتِ ناظرین کے لیئے لکھے جاتے ہیں ؎

ببیں بسوئے چپاتی بدیدۂ انصاف	کہ بے وصالِ شکر حالتِ نزاراں چیست
غرض ز موسمِ برسات اولہ بندی است	وگرنہ ایں ہمہ تمہیدِ ابر و باراں چیست
در کارِ خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست	اہمال در تناولِ فرنی چرا کنید
مژعفر بادیم برخوانِ نعمت	مُرتا گر بود نورٌ علےٰ نور

غرض اِس طرز میں کہتے کہتے اُردو کی طرف بھی عنانِ توجہ مبذول کی، اِن دنوں ریختہ غزل سرائی کی ابتدا تھی، خانِ آرزو، آبرو وغیرہ کا زمانہ تھا۔ جناب ذوقی خود صاحبِ منصب تھے، اور قصبۂ راہون ضلع لدھیانہ میں حاکم تھے، اُنھیں ایام میں زمینداروں سے کسی معاملہ میں تکرار ہوگئی اور ۱۱۳۴ھ میں مارے گئے، یہ اُن کا اُردو کلام ہے۔

عشق کا دل پر ستم اچھا ہوا	مر گیا بیمارِ غم اچھا ہوا
بہ نہو گا یہ دوا اے ہی طبیب	جب کیا اُس نے کرم اچھا ہوا
زور ہی آباد تھا دل کا نگر	کر گیا تاراج غم اچھا ہوا

ذہین

ذہین - حافظ محمد اسمٰعیل خان ذہین دہلوی نبیرۂ حافظ محمد داؤد خاں مرحوم داروغۂ نذر و نیاز حضرت بہادر شاہ ثانی (جن کا ذکر داؤد تخلص کے تحت میں آچکا ہے) شاگرد حافظ غلام دستگیر مبین، بڑے وجیہ اور شکیل جوان تھے مگر صحبتِ بد نے ایسا خراب کیا کہ چند ہی روز میں اپنے دادا کی ہزار ہا روپیہ کی املاک برباد کر کے تباہ و خستہ ہو گئے، بیگم صاحبہ بھوپال کی سرکار سے کچھ وظیفہ ملتا ہے اُس سے بسر اوقات کرتے ہیں۔ بازار چاؤڑی میں جو وسیع دیوانخانہ اب نواب دوجانہ کی ملکیت ہے اُنکے دادا کا تعمیر کردہ ہے۔

نام اُس صنم کا دل سے بھلایا نہ جائیگا	ہے نقش کالحجر یہ مٹایا نہ جائے گا

شعلہ ہوں برق کا جو مجھے چھیڑے وہ جلے
ہستی کا نقش میری مٹایا نہ جائے گا
عشاق صدمہ ہائے قیامت اٹھائینگے
جب تک فلک زمیں پہ گرایا نہ جائے گا

ذہین

ذہین۔ حافظ مولوی حکیم نورالحسن صاحب کیرت پور نہٹور ضلع بجنور کے سادات رضوی سے آپکے والد ماجد مولانا محمد ظہور الحسن صاحب مشہور اور بے مثال فضلا میں تھے، آپ پیدائش کے پانچویں سال نابینا ہو گئے تھے پھر بھی قرآن مجید حفظ کر لیا۔ کتب درسیہ کی تکمیل کے بعد علم طب حکیم مولوی رحیم اللہ صاحب بجنوری سے حاصل کیا۔ عربی۔ فارسی، اردو، تینوں زبانوں میں نظم و نثر تحریر فرماتے ہیں، کلام بطور نمونہ ہدیۂ ناظرین ہے اُن کا بیان ہے کہ کئی برس اخبار کے اڈیٹر بھی رہے ہیں۔

فتنے پس پس گئے دب دب گئے محشر کیا کیا
فتنہ قامت جو مرے گھر سے خراماں نکلا
آبلے پھوٹ کے روئے مری تنہائی پر
کفِ پا سے جو کوئی خارِ مغیلاں نکلا
بعد مُردن وہ عیادت کے لیئے آتے ہیں
جان نکلی ہوئی آئی میرا ارماں نکلا
ترے فراق میں دریا بھی قتل کرتا ہے
دکھائی موج صبا نے حباب میں تلوار

فتنہ زا ہے تری دزدیدہ نگاہی کیسی
لاتی ہے مملکتِ دل پہ تباہی کیسی
مجھ سیہ بخت کا جب نام لکھا دفتر میں
پھیلی تقدیر کے دفتر میں سیاہی کیسی
حسرت و یاس و الم ساتھ چلے قبر میں بھی
دیکھنا میرے رفیقوں نے نباہی کیسی
کیا اسی رات سے ہی صبح قیامت کی نمود
شبِ فرقت میں ہے اللہ سیاہی کیسی
سیرِ نازِ لن ترانی آج موسیٰ دیکھئے
طور پر جو کل نہ دیکھا تھا وہ جلوہ دیکھئے
میرا رونا دیکھئے اور اُنکا ہنسنا دیکھئے
مینہ برسنا دیکھئے بجلی کا گرنا دیکھئے
جانِ دم بدم لیتے ہیں وہ آنکھوں کو مل کے
اشارہ ہی مری جانب کہ آؤ سو رہیں چل کے
دل و جان دین و ایماں اک ادا میں چھین لیتا ہے
کوئی دیکھے ترا شیوہ اُس بتِ کافر کی چل بل کے

ذہین

ذہین۔ نواب مرزا کاظم علیخاں صاحب بیرسٹر ایٹ لا۔ آپ انگریزی، عربی، ناگری وغیرہ

میں کامل دخل رکھتے ہیں۔ ۴۶ - ۴۷ برس کی عمر ہے، نواب مرزا باقر علیخاں صاحب بہادر دام اقبالہم نواب صاحب شہیش محل کے منجھلے صاحبزادے ہیں۔ آپنے ایک مثنوی بھی تصنیف فرمائی ہے ۱۸۹۸ء میں ولایت تشریف لیگئے وہاں سے جون ۱۹۰۱ء میں ہیرسٹری پاس کرکے تشریف لائے، آپ کو پولیٹیکل معاملات میں نہایت دلچسپی ہے، راقم تذکرہ کے محب بے ریا ہیں، بارہا ہنگام قیام دہلی اور لکھنو میں صحبتیں رہیں۔ خلیق، زندہ دل، متواضع، امیرزادے ہیں۔ کچھ کلام آپنے عنایت فرمایا اُس کا انتخاب حاضر ہے ؎

دیا دل ذہین اُس ستمگر کو اپنا — کہا ہائے تم نے نہ مانا کسی کا

تیرے ہی در کے ہیں گدا، مالِ جہاں کا ذکر کیا — اور تو کچھ نہیں رہا، نذر کو تیری لائیں کیا

نزع میں آئے ہیں عیادت کو — اے قضا تو ذرا توقف کر

مَیں تو حرم میں زاہدا راہ بھٹک کے آگیا — بہرِ خدا نہ جی جلا، یاں ہے کہاں وہ آؤ دل

چشم و رخ و دہانِ یار، سب کریں دل طلب ہزار — ایک تھا کر دیا نثار، اتنے کہاں سے لائیں دل

ترس کھانا تو کیسا قصِ بسمل کی ہوں تعریفیں — خدا شاہد بڑا ہی ظلم یہ صیاد کرتے ہیں

ہے وقتِ نزع میرا آرہی ہے آخری ہچکی — ذرا تو اے قضا تھم جا وہ مجکو یاد کرتے ہیں

مسیحا ہو اگر آؤ کہو تم میری میت پر — نہیں کہدو کہ سب کچھ یوں ہی ہم ارشاد کرتے ہیں

بے سبب کب فلک کو گردش ہے — میری تقدیر اس میں شامل ہے

دل نہیں، پوچھتے ہو کیا یارو — میرے پہلو میں مرغِ بسمل ہے

کوہکن! کیوں؟ وہی ہوا آخر — ہم نہ کہتے تھے چاہ مشکل ہے

رات کا حال جھوٹ کہتا ہوں — آنکھ مجھ سے ملائیے تو سہی

کیا ذہین پھر کسی پہ دل آیا — چپ ہیں کیوں کچھ بتائیے تو سہی

مَیں تو ہندو نہ تھا مسلماں تھا — بت کو سجدہ کرا دیا کس نے

تڑپتا ہوں میں اک مدت سے دخترِ رز کی خواہش میں — پلا دے آج تو للہ مجکو یار تھوڑی سی

اِک تو کرِ ظالم اُس پر پُوچھنا کیا حال ہے | اب نہ مُنہ کھلوایئے سرکار رہنے دیجئے

مثنوی

خط کو پڑھتا ہوں گو میں سو سو بار | سیر ہوتی نہیں طبیعت یار
کل بھی شادی کی دھوم دھام جہاں | صفِ ماتم بچھی ہے آج وہاں
مُنہ جو ڈھک کر کبھی نہ سوتے تھے | ننگ گوشے میں گور کے ہیں پڑے
کل جہاں تھا بہار کا جوبن | آج باد خزاں کا ہے مسکن
اب نہ شیریں ہے اور نہ ہے فرہاد | اب نہ وہ باغ ہے نہ ہے شداد
ہے کہاں قیس اور کہاں لیلیٰ | قبر تک کا پتہ نہیں لگتا
موت کے آگے کیا بشر کی چلے | پیر و پیغمبر اس سے جب نہ بچے

ذہین

ذہین - مولوی سید واجد علی لکھنوی شاگرد محمد مصطفےٰ خورشید لکھنوی مرحوم - یہ چند شعر اُنکے ملاحظہ ہوں -

نہ سنگدل کوئی تم سا ملا زمانے میں | ہزار دیکھے جفا پیشہ بھی ستمگر بھی
خدا بچائے یونہیں روز قتل کرتے تھے | کمر میں آج تو شمشیر بھی ہے خنجر بھی
اِس ایک تیر نظر نے کیئے ہیں دو بسمل | جگر کے ساتھ تڑپتا ہے قلبِ مضطر بھی

ذہین

ذہین منشی سید غلام مصطفےٰ مخزن اور ادیب وغیرہ رسالوں میں انکی نظمیں شائع ہوتی ہیں عموماً اخلاقی مضامین نظم کرتے ہیں اور حق یہ ہے کہ حق شاعری ادا کر دیتے ہیں، الفاظ صاف و شستہ و تراکیب دلنشیں اور مناسب موقع مسلسل نظمیں جن میں قوتِ فکر کا پورا امتحان ہوتا ہے اکثر بہت اچھی لکھتے ہیں، ایک نظم موسومہ "شعور" قابلِ دید ہے - معرفت اور تصوف کے رنگ میں اکثر طبع آزمائی کرتے ہیں اور فوائد انسانی و طرز معاشرت و تمدن وغیرہ کے مسائل پر بھی اُنکی متعدد نظمیں ہیں ۳۵، ۳۶ برس کی عمر اور یہ کلام کا انتخاب ہے -

عہد قیصری

جسے تو چاہے عزت دے جسے تو چاہے ذلت دے | کسیکی فہم میں کب راز یہ آتا ہے قدرت کا

سبب امن و اماں کا عہدِ شاہِ عدل گستر ہے — زمانہ جارحِ پنجم کا ہے آرام و راحت کا
سبب آرام و راحت کا عدالت ہے کہ سلطاں کو — اسی کی ہی ضرورت ہے یہی شیوہ حکومت کا
رعایا پر رعایت کی نظر ہے شاہ پر واجب — اطاعت شاہ کی کرنا فریضہ ہے رعیت کا
عدالت ہی ہے تالیفِ قلوبِ خلق کا باعث — عدالت ہی سبب ہے حق تعالیٰ کی عنایت کا
سمجھنا حق کو حق ناحق کو ناحق سخت مشکل ہے — اہم ہے کام سب کاموں میں انصاف و عدالت کا
زمانہ جارحِ پنجم کا کیا اچھا زمانہ ہے — کہ باعث امن عالم کا ہے دورِ اسکی حکومت کا
مُرقعے ہمنے شاہانِ سلف کے غور سے دیکھے — نظر آتا نہیں قیصر کوئی اِس شان و شوکت کا
ہوتے ہیں اپنے مقاصد میں وہ اکثر کامیاب — نامرادی میں بھی ہوتے ہیں جو ہمّت آشنا
طالبِ دُنیا پریشاں حال رہتے ہیں مدام — ہیں بڑے آرام و آسایش میں عُزلت آشنا
اولبشر اوخاک کے پُتلے تجھے اتنا غرور — انسان — تیرے ہمجنس اور پھر تُو ہی رہے اُن سے نفور
نشۂ زرنشۂ رز کی طرح کیوں چڑھ گیا — ہو گئی اُلٹی سمجھ کیوں؟ کیا ہوا تیرا شعور
تجھسے ہیں محروم سائل سہکے ذلت کا بھی غم — .... مفلسوں کو کب سمجھتا ہے تو او منعم! غیور
اے بشر تجھ پر نہ ہوتا فضل اگر اللہ کا — تجکو کب ملتی یہ عزت، یہ شرافت، یہ شعور
کر خدا کا شکر کیا تھا کیا سے کیا تُو ہو گیا — جو ہو کرنا آج کرلے کل تو ہے روزِ نشور
ہو کے انسان پھر کرے تو ہی جفا انسان پر — کیا یہی ہے آدمیت کا شعار اے بے شعور

نکالا کرتے ہیں جو لوگ مکر و زور سے کام — زمانہ ساز — سمجھنے لگتے ہیں وہ آپ کو زمانہ ساز
کچھ ایسے کاذب و مکار و چلتے پُرزے ہیں — کہ خیر و شر کو بنا لیتے ہیں نشیب و فراز
سمجھتے ہیں وہ یہ معنے زمانہ سازی کے — کہیں رہینِ تملق کہیں بنیں غمّاز
بُرائیوں پہ عمل کر کے پھر یہ کہتے ہیں — زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بساز
جو ایسے لوگ ہیں وہ سرخرو نہیں ہوتے — بُرا ہو اُنکا جو کرتے ہیں اِس بُرائی پہ ناز
مصیبتوں میں جو رہتے ہیں صابر و شاکر — وہی ہیں قابلِ تکریم و لائقِ اعزاز

لالہ کو بے ثباتیٔ عالم کا داغ ہے — یوں دیکھنے کو باغ میں خنداں ہے چند روز
گل کی طرح گذار یئے یاں جبکے زندگی — باغ جہاں میں صحبتِ یاراں ہے چند روز

جیسا ظاہر ویسا باطن اسکا ہو کیونکر یقیں — ہو نہ جبتک امتحانِ ظاہر و باطن نہیں
دیکھکر صورت کو ہو ظاہر کیسے دلکا حال — ہو نہ جبتک اُسکی سیرت کا ہمیں علم و یقیں
بعض مکّار اپنا ظاہر گو بنا لیتے ہیں خوب — اور کھلتا ہی بمشکل ہو جو انکے دلنشیں
آزمانے پر مگر ہوتا ہے ظاہر اُسکا حال — جعلساز اُنسے زیادہ کوئی دنیا میں نہیں
ظاہری اخلاق پر لوگوں کے کیا ہو اعتبار — ہو نہ باطن کی بھی جبتک آزمایش اے ذہین
ایسی لذت ہی نہوتے ہیں کہ ہو نہیں نہیں — لطف جو دوری میں ہی قربت میں آتا ہی کہیں
بُعدِ فرقت گر نہو تو لطفِ قربت میں نہیں — اور عسرت گر نہو تو لطفِ عشرت میں نہیں
پاس جو ہو دولت اُسکی قدر کم کرتے ہیں ہم — دُور جو ہو یاد اُسکی ہر گھڑی کرتے ہیں ہم
ہی یہی باعث وطن میں قدر جو ہوتی نہیں — کوئی ہم میں سے نکلتا ہو جو فرد بہتریں
ہمکو اچھی ہی نظر آتی ہی ہر شے دُور سے — ہی جو پنہاں شاد ہم ہوتے ہیں ذکر حور سے

سب ہیں فانی کیا زمیں کیا آسماں کچھ بھی نہیں — فنا اک خدا کو ہے بقا دونوں جہاں کچھ بھی نہیں
آہ سے مظلوم کی ڈر ظالمِ نخوت پرست — سامنے جسکے زمین و آسماں کچھ بھی نہیں
ظاہری احسان سے جب ممنون کرنا ہے غرض — مہربانی یہ تو اے نامہرباں کچھ بھی نہیں

جہاں میں ہی یہ دلیلِ شرافتِ انساں — اُمید خیر پہ مبنی ہو عادتِ انساں
گزارے عمر دو روزہ وہ نیک نامی سے — یہی ہے باعثِ آرام و راحتِ انساں

ہو جو چھوٹا تم سے اُسپر چاہیئے لطف و کرم — جو بڑا تم سے ہے خاطر اُسکی اور عزت کرو
جو بُری ہی بات نفرت اُس سے ہو جائیگی خود — نیک کاموں ہی کی تا مقدور تم عادت کرو

کرتی ہے عیب و ہنر کو آشکار اگفتگو — جوہر انساں کا ہے آئینہ گویا گفتگو
غور پہلے کرتے ہیں بعد اُسکے دانا گفتگو — تا نہ آفت میں پھنسائے بے محابا گفتگو

لالہ کو بے ثباتیٔ عالم کا داغ ہے
یوں دیکھنے کو باغ میں خنداں ہے چند روز
گل کی طرح گذار یئے یاں نیکے زندگی
باغ جہاں میں صحبتِ یاراں ہے چند روز

جیسا ظاہر ویسا باطن اسکا ہو کیونکر یقیں
ہو نہ جبتک امتحانِ ظاہر و باطن نہیں
بھیکر صورت کو ہو ظاہر کیسے دلکا حال
ہو نہ جبتک اسکی سیرت کا بہم علم و یقیں
بعض مکار اپنا ظاہر گو بنا لیتے ہیں خوب
اور کھلتا ہی بمشکل ہو جو انکے دلنشیں
آزمانے پر مگر ہوتا ہے ظاہر اسکا حال
جعلساز اُسنے زیادہ کوئی دنیا میں نہیں
ظاہری اخلاق پر لوگوں کے کیا اعتبار
ہو نہ باطن کی بھی جبتک آزمایش ذی ذہین
ایسی لذت ہی ہوئے ہیں کہ ہو نہیں نہیں
لطف جو دوری میں ہے قربت میں آتا ہو کہیں
بُعد وقت گر ہو تو لطف قربت میں نہیں
اور عشرت گر ہو تو لطف عشرت میں نہیں
پاس جو ہو دولت اُسکی قدر کم کرتے ہیں ہم
دور جو ہو یاد اُسکی ہر گھڑی کرتے ہیں ہم
ہو یہی باعث وطن میں قدر ہو نی نہیں
نہ کی ہم میں سے نکلتا ہو جو فرد نہیں
ہمکو بھی ہی نظر آتی ہو یہ شے دور سے
دور جو نہاں شاد ہوتے ہیں نزدیک سے

سب ہیں فانی کیا زمیں کیا آسماں کچھ بھی نہیں
فنا کل خاکلو بے بقا دونوں جہاں کچھ بھی نہیں
آہ سے مظلوم کی ڈر ظالم طوت پرست
سامنے بیکسکے نہ زمین و آسماں کچھ بھی نہیں
ظاہری احسان سے جب ممنون کر لیتے ہو فضل
جو باطنی پر تو سے نامہرباں کچھ بھی نہیں
جہاں میں ہی یہ دلیل شقاوت انسان
کہ سیر نہ ہو طاعت انسان
گزرے عمر و روز و دو نیک نامی سے
یہی ہے باعث ام و لعنت انسان
ہو جو چھوٹا تم سے اُسپہ چاہیئے لطف کرم
جو بڑا تم سے ہے نا حق سہل و مروت کرو
جو بری ہو بات نفرت اُس سے ہو جائیگی خود
نیک کاموں ہی کی تا مقدور تم عادت کرو
کرتی ہے عیب و ہنر کو آشکارا کفتگو
جوہر انسان کا ہے آئینہ گویا گفتگو
خود پسند کرتے ہیں لوگ سے نا گفتگو
اتباع نفرت ہیں بیساختہ بے معنا گفتگو

ردیف رائے مہملہ

راجہ

راجہ۔ راجہ راج کشن مغفور رئیس کلکتہ، آپکے والدِ مرحوم مہاراجہ نبا کشن بہادر جو کلائو کے دیوان اور اپنے وقت کے معتمد اور معزز امرا کے سرتاج تھے، مرزا جان طپش دہلوی سے تلمذ تھا۔ نساخ اور مولنا حبیب الرحمٰن کا بیان ہے کہ انکا ایک ضخیم دیوان اُردو میں تھا، مگر جس تذکرہ کو دیکھا اُس میں صرف ایک ہی شعر نظر سے گزرا، انکے بیٹے راجہ انوپ کشن بہادر بھی شعر کہتے تھے اور کنور تخلص کرتے تھے۔

گر شب کو نہ تم پاس مرے آؤ گے صاحب	تو مجکو سحر تک نہ یہاں پاؤ گے صاحب

راجہ

راجہ۔ راجہ بہادر نام خلف راجہ شتاب رائے صوبہ دار پٹنہ عظیم آباد۔

یہ زخم دل ہمارے مرہم تلک نہ پہنچے	ہم اُن تلک نہ پہنچے وہ ہم تلک نہ پہنچے

راجہ

راجہ۔ بلاس رائے پسر دیوان مانرائے۔ شوق لکھتے ہیں کہ صاحب اقتدار عالی ہمت از شاگردان حسن علی شوق، طبیعت مناسب اور موزوں پائی تھی۔ یہ اُنکا کلام ہے۔

اِس واسطے کسی کی نہ تجکو نظر لگے	انجم بنے سپند بنا مجمر آفتاب
سُنکر ترے جمال کو اب ڈھونڈتا پھرا	لیکر سحر سے شام تلک گھر گھر آفتاب
یہانتک ہی تیرے چہرے کا اب لیں سکے ہے رشک	آتش میں جل کے ہوگیا جو ان خگر آفتاب

راجہ

راجہ۔ رئیس باتمکین مہاراجہ بلوان سنگھ بہادر راجہ خلف ارشد مہاراجہ چیت سنگھ تاریخ میں انکا حال اس طرح درج ہے کہ جب راجہ چیت سنگھ کے والد راجہ بلونت سنگھ نے وفات پائی نواب شجاع الدولہ نے تمام عہدناموں کے برخلاف چاہا کہ علاقۂ بنارس پر اپنا دخل کرلیں لیکن سرکار انگلشیہ نے قدیم شرائط کی پابندی ملحوظ خاطر رکھکر راجہ چیت سنگھ کو مسندِ موروثی پر متمکن کردیا۔ راجہ موصوف حسب قرارداد سابقہ سالانہ زرِ خراج معینہ ادا کرتے رہے لیکن ۱۷۷۸ء میں سرکار انگریزی نے کچھ فوج کمکی طلب کی اور اخذ زر بھی کرنا چاہا

راجہ نے اِن اُمور کو اپنی مقدور سے خارج پاکر عذر کئے جو مسموع نہ ہوئے اور وارن ہسٹنگز گورنر جنرل خود اس معاملہ کے تصفیہ کے لیئے بنارس آئے اور راجہ کی گرفتاری کا قصد کیا، اِس امر سے تہلکۂ عظیم مچ گیا اور چارونا چار جانبین سے فوج کشی کی نوبت آئی آخر الامر والیٔ بنارس مہاراجہ چیت سنگھ نے ۱۷۸۱ء میں شکست پاکر گوالیار کو پناہ گاہ مقرر کیا تو عالیجاہ نے طریقہ مہمانداری کا مسلوک کرکے پانچ لاکھ سالانہ کی جاگیر علیحدہ کردی۔ بعد وفات مہاراجہ چیت سنگھ مہاراجہ بلوان سنگھ چالیس سال تک آگرہ میں تشریف فرما رہے، نظیر، اور مرزا حاتم علی مہر کے شاگرد تھے بڑے قادر الکلام، مشاق، ذکی اور طباع سخنور تھے تلاشِ مضامین نو کی طرف میل خاص تھا اور اُسکے ساتھ ہی زبان کی صفائی کا اسقدر خیال تھا کہ کیا مجال کہ اسلوب بیان میں ذرا بھی دقت یا اُلجھاؤ پیدا ہو، مشکل زمینوں میں خوب خوب شعر نکالتے تھے شاعروں کے بڑے قدردان تھے ہمیشہ دو تنخانے پر مشاعرے ہوا کرتے تھے اور شعراء سے ہر طرح سے مسلوک ہوتے تھے قوم کے ترکمار برہمن تھے اِنکے مورثِ اعلیٰ راجہ منسارام کو محمد شاہ نے پندرہ لاکھ سالانہ خراج پر علاقہ جات جونپور، غازیپور، بنارس کا صوبہ دیا تھا، سرکار انگلشیہ سے دو ہزار روپیہ ماہوار پنشن مقرر تھی، ۱۷۹۹ء سال پیدائش تھا۔ صاحب دیوان مسمّٰی بہ گل ریاض مطبوعہ عظیم الاخبار پریس آگرہ ۱۲۷۰ھ تھے، ایک کتاب موسوم بہ چترچند کا بھی اِن سے یادگار ہے، دیوان نہیں ملا، البتہ تلاش سے بیس پچیس غزلیں ہم پہنچیں اُنکا انتخاب حاضر ہے اُنکے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مختلف و مشکل زمینوں میں کس قابلیت اور ذہانت سے فکر کیا ہے، اِنکی قادر الکلامی اور مشاقی قابلِ داد تھی۔ کیوں نہو استعداد علمی کے علاوہ ذہانت اور خوش فکری خداداد تھی۔ انتخاب کلام سے لُطف اُٹھایئے ؎

تُو ہے وہ گل کہ نام ترا باغِ دہر میں	دو دو پہر وظیفۂ مرغِ سحر ہُوا
خانۂ دل میں خدا دخل بتوں کا نکلا	کعبہ ہم سمجھے تھے جسکو وہ کلیسا نکلا
صاف قاتل سے ہُوں اتنا کہ یقیں ہے دمِ قتل	میرے خوں کا بھی نہو تیغ پہ دھبّہ پیدا

کالا ہے ماہتاب کہ گورا ہے ماہتاب
پردہ نشیں سے پوچھیں گے کیسا ہے ماہتاب

یہ پیر چرخ خادم دیرینہ ہے ترا
دستِ فلک میں پھولو مکا پنکھا ہے ماہتاب

حسرت سے قیس دیکھتا ہے چاند کیطرف
کیا نقش پائے ناقۂ لیلیٰ ہے ماہتاب

آنچ تھی تلوار کی برقِ غضب
ہو گیا کشتہ ترا قاتل کباب

آیا وہ مہکش تو سیخ شمع پر
ہونگے پروانے سرِ محفل کباب

کیا سوتی ہے لیلیٰ تو پڑی خوابِ لحد میں
رونا ہے کھڑا قیس بچارا سرِ تربت

اے قیس تری جاں کی نہیں خیر نہیں خیر
خالی ہے کھڑا ناقۂ لیلیٰ سرِ تربت

ہلال کرتا ہے کسکو ہلال شام کیوقت
فلک پہ خون ہے کچھ لال لال شام کیوقت

نصیبِ اعدا نہ ہو سایۂ پری سر پر
چمن میں پھرتے ہو تم کھولے بال شام کیوقت

خیالِ زلف میں آجہ نگہ کے مرتا ہوں
تو ایسی باتیں نہ منہ سے نکال شام کیوقت

مطیع خوبوں کی خلق پائی خدا کی قدرت خدا کی قدرت
صنم بھی کرنے لگے خدائی خدا کی قدرت خدا کی قدرت

جنھیں تھا دعوائے میرزائی خدا کی قدرت خدا کی قدرت
نصیب ہے اب برہنہ پائی خدا کی قدرت خدا کی قدرت

صنم کدے سے کسے تھی فرصت حرم میں آنا ہے اتفاقاً
غضب ہے ہم اور پارسائی خدا کی قدرت خدا کی قدرت

شروع کی میں نے چھیڑ اسنے تو مجھسے بتوری چڑھا کے بولے
تو ہمسے کرتا ہے ہاتھا پائی خدا کی قدرت خدا کی قدرت

مری تو قسمت میں گالیاں ہیں رقیب کو ہو نصیب بوسہ
مجھے تو دم دے اسے مٹھائی خدا کی قدرت خدا کی قدرت

فقط مجھی کو نہیں ہے الفت مطیع شاہ و گدا ہیں آجہ
صنم بھی کرنے لگے خدائی خدا کی قدرت خدا کی قدرت

کعبہ نہ گئے دیر سے تکفیر کے باعث
اللہ کو بھولے بتِ بے پیر کے باعث

سب بے یار کوئی کام ہو ممکن نہیں ناصح
جی لگ گیا فرہاد کا تصویر کے باعث

روشن دماغ جدائی کی فقط کافی ہے
ڈھیر مجنوں کا نہیں شمع لگن کا محتاج

آبلہ گنبدِ مرقد ہے کفن دامنِ دشت
نہ تو میں طالبِ تربت نہ کفن کا محتاج

عرق آلودہ رخِ یار کو لے راجہ دیکھ
گلِ جنت نہیں یہ نہرِ لبن کا محتاج

جیتے جی حال پوچھا نہ بیمارِ عشق کا
اٹھتی ہے نعش اب تو ذری چل کسی طرح

ہونٹوں پہ جانِ شوق شہادت سے آگئی
قاتل دکھادے مجکو تو مقتل کسی طرح

گردش لکھی ہے سر میں تو چکر ہے پاؤں میں
اک قصہ برزمیں ہے نواک داستان چرخ

عاشق کا رنگ زرد ہے پوشاکِ یار زرد
پھولی بسنت باغ میں آئی بہار زرد

کیسا خیالِ ہجر شبِ وصل آگیا
یا سرخ تھا میں یا کہ ہوا ایکبار زرد

عاشق کا رنگ زرد نہ ہو کیونکہ ہجر میں
کردیتی ہے خزاں شجر و برگ و بار زرد

کچھ مزا دیگی جو بوسہ کی حلاوت لب پر
جاں دمِ مرگ رہیگی کئی ساعت لب پر

حالتِ نزع میں ہے قہقہ کی حکایت لب پر
دم نکلنے نے مچائی ہے قیامت لب پر

ضعف کیسا ہے یہ کیسی ہے نقاہت مجھ کو
نالہ دل سے نہیں آتا ہے سلامت لب پر

عزم بوسہ کا تصور میں اگر میں نے کیا
پڑ گیا نیل ہوئی ختم نزاکت لب پر

عشوہ و ناز اس انداز کا دیکھا نہ سنا
شوخی آنکھوں میں ہے ظاہر ہے شرارت لب پر

دل پہ صدمہ ہو کہ ہو جاں پہ اذیت راجہ
آنے پائے نہ مگر حرفِ شکایت لب پر

اے آئینہ رُو جھانک کے غرفہ سے ذرا دیکھ
ایک خلق کھڑی نقش بدیوار ہے باہر

قاتل سے کہیں کیا دلِ افگار کا احوال
ہر وقت وہاں میاں سے تلوار ہے باہر

کہتے ہیں جسکو دختر زمیری جان ہے
دل کا گمان ہے مجھے بوتل کی ڈاٹ پر

ہوتے ہو تلخ اب لبِ شیریں کے بوسہ سے
تمنے ہی دل کو پہلے لگایا تھا چاٹ پر

اے راجہ باغبان نے صیاد سے کہا
قمری کا سر اڑا دے غادل کی کاٹ پر

صرف بالش نہ ہوئے بلبل گلزار کے پر
کچھ بھی کام آئے نہ اس طائر بے کار کے پر

وہ سیہ بخت ہوں روشن ہو اگر شمع مزار
جمع پروانے ہوں گل کردیں اسے مار کے پر

شش جہت میں ہے یہی ظلم غادل کے نصیب
دو کے پر باندھے گئے کترے گئے چار کے پر

اب کبوتر کو مرے طاقت پرواز نہیں
گر پڑا چونچ سے خط ڈال دیئے ہار کے پر

شیخ ناراض ہو ہم سے کہ برہمن روٹھے
ہونگے پابند نہ ہم سبحہ و زنّار کے پر

موتی پہ گماں ہوتا ہے سبزے کا ہر اک کو
ہے عکسِ خطِ سبز سے بُندے کا گہر سبز
میں ابرِ تنک کا کبھی احسان نہ لونگا
کر دے مرے صحرا کو تو اے دیدۂ تر سبز
اِک جھاڑ زمرد کا بنا سر و چراغاں
داغِ تنِ ہم خوردہ ہوا آجہ یہ سر سبز

مانی اُس نے منگائی ہے تصویر
کھینچ دے جائے جسم لاغر خط
اُسکی صورت تو جا کے دیکھے گا
مَیں ندوں گا تجھے کبوتر خط

بعد مُردن بھی کھلی رہگئیں آنکھیں میری
تھا مری چشم کو ازبس ترے دیدار کا حظ
ہم تو حیران رہیں صورت کو تری پردہ نشیں
آئینہ روز اُٹھائے ترے رخسار کا حظ
میر و سودا و حزیں، آتش و ناسخ ہوتے
روبرو اُنکے تھا راجہ ترے اشعار کا حظ

معلوم نہیں ہاتھ کریگا وہ کدھر صاف
تلوار ملی جاتی ہے ہوتی ہے سپر صاف
مرغانِ قفس کو نہ تو دانا ہے نہ پانی
صیّاد گذرتے ہیں انھیں آٹھ پہر صاف

شاید کہ بہار آئی جو مرغانِ گرفتار نے پوچھا کہ قفس کے لئے کیا کرتے ہیں پرصاف

یہ کسکو ڈھونڈتی پھرتی ہے اضطراب میں برق
گہے زمیں گہے گردوں گہے سحاب میں برق
کسی کے نورِ رُخِ مہروش پہ عاشق ہے
یہ گرتی پڑتی جو پھرتی ہے اضطراب میں برق
اے قضا اور دے دو چار قدم کی مہلت
مُجھ تنِ زار سے ہے کوچۂ جاناں نزدیک
ضعف سا ضعف ہے اب چاک نہیں ہو سکتا
دستِ وحشت سے ہے ہر چند گریباں نزدیک
چشمِ بد دُور تری آنکھوں سے نسبت کیا ہے
چل دکھا دوں میں ہرن یاں ہے بیاباں نزدیک
مرنے کا تو کچھ غم نہیں پر غم ہے یہ راجہ
مہمان ہے درد جگری اور کوئی دم

آستانِ یار پر ہم جبہہ سائی کرتے ہیں
دیکھیں کیا ہوتا ہے قسمت آزمائی کرتے ہیں
کوئی مرتا ہے کوئی جیتا ہے اُنکے حکم سے
اللہ اللہ آجکل بت بھی خدائی کرتے ہیں
شر بڑھے گا روٹھنے میں راجہ صاحب خیر ہے
آپ معشوقوں سے بھی اب میرزائی کرتے ہیں

کیا جانے کہاں قافلہ ہمسفراں ہے
یارانِ عدم کی نہیں آتی ہے خبر کچھ

شعر چوٹی کے سنکے کہتا ہے — میرے پیچھے بلا پڑی کیسی
میں نے دشمن بغل میں پالا تھا — آہ اس دل نے کی دغا کیسی
سُرخ ہاتھوں کو کر چکے خوں سے — اور پھر چاہیئے حنا کیسی
مٹ گئی مشکل نقشِ پا کیسی — پس گئی چال پر خنا کیسی

اقلیم کبھی زیرِ نگیں رہتی تھی راجہ — اب حرف بھی غالب ہو نگیں پر نہیں گے
دستِ مشتاق نے زلفوں کو بنایا افعی — صاف پیدا کفِ موسیٰ کا اثر ہاتھ میں ہے
دانتوں پر موتی تصدق کر کے جانی بھیجئے — جاں بلب ہوں ابتو آبِ زندگانی بھیجئے
کشتۂ ابرو کو کیجے دفن بیت اللہ میں — قیدیٔ گیسو کو صاحب کالے پانی بھیجئے
ہنستے ہی ہنستے یقیں ہے مجکو شادی مرگ ہو — آپ اگر اپنا دوپٹہ زعفرانی بھیجئے
ہیں بے خبر ایسے کہ جنبر ہم نہیں رکھتے — دل ہم نہیں رکھتے ہیں جگر ہم نہیں رکھتے
جس جا پہ گرے تھک کے وہی گھر ہے ہمارا — دیوانے ہیں، سودائی ہیں، گھر ہم نہیں رکھتے
کیا منہ پہ تصدق کریں کیا نذر دیں تمکو — دل ہم نہیں رکھتے ہیں جگر ہم نہیں رکھتے
کس تاک پہ آتا ہے تو اے دردِ محبت — دل ہم نہیں رکھتے ہیں جگر ہم نہیں رکھتے
روئے روئے لیلیٰ جان کر ڈوڑا عبث مجنوں — بھلا کب چادر مہتابِ راجہ ہاتھ آتی ہے

زلف کی یاد حکایت آئی — اور شب بڑھ گئی آفت آئی

وہ پیام یار لایا اسنے کھولی فالِ نیک — پائے قاصد چومئے اور دستِ عامل چومئے

یہ سچ ہے کہ تلوار کی ہوتی ہے بُری آنچ — کیا قہر ہے تیغِ نگہِ یار کی گرمی
بُت اگر سنگدل ہے اے راجہ — کرلے باتوں میں اُسکو تو پانی
دوستو ارشک کے ہم خوبجانی سمجھے — سایۂ یار کو بھی دشمنِ جانی سمجھے
نامہ لکھے کوئی کیا، کیا کوئی قاصد بھیجے — وہ نہ خط سمجھے نہ پیغام زبانی سمجھے
سُن کے افسانۂ حالِ دلِ مضطر بولا — قصہ خواں دُور ہو چل تیری کہانی سمجھے

راجہ

راجہ۔ مہاراجہ سر دیبی سنگھ صاحب بہادر کے، سی۔ ایس۔ آئی۔ ولیٔ ریاستِ بلرامپور و تلسی پور اودھ آپ قوم کے جوار راجپوتوں میں سے تھے، اور انکے بزرگ گجرات چمپانیر سے اودھ آکر یہاں کے علاقہ جات کے بزور شمشیر مالک ہوئے، تاج الدین غوری کے وقت میں سرکار شاہی سے انکے بزرگوں کو بہڑائچ کا علاقہ واسطے آبادی و کاشت کے انتظام، خراج پر عنایت ہوا، یہاں اکونہ کا قصبہ انہوں نے آباد کیا اور ریاست کی بنیاد ڈالی۔ راجہ جے نرائن سنگھ برادر سر راجہ صاحب کے وقت تک ۱۸ راجہ یکے بعد دیگرے مسند نشین ہوئے۔ آبائی زمینداری پر مسند نشینی کے وقت مہاراجہ صاحب عمر صرف اٹھارہ سال کی تھی۔ اترولہ کے تعلقہ دار راجہ محمد خاں نے ان پر فوجکشی کا ارادہ کیا تو یہ خود اسپر جا چڑھے اور اسکی گڑھی کو لوٹ لیا، سمت ۱۸۹۷ میں راجہ درشن سنگھ شاہ اودھ کی طرف سے ناظم مقرر ہوئے انہیں مہاراجہ سے پرخاش تھی، انھوں نے انکے نائب گجادر سنگھ سے بذریعۂ تہدید بلرامپور خالی کرالیا مہاراجہ اُن ایام میں اپنی شادی کرنے بالنسی گئے ہوئے تھے، یہ سنکر بہت مغموم ہوئے اور نیپال چلے گئے، وہاں مہاراجہ جنگ بہادر نے بہت مدارات سے رکھا اور امداد کا وعدہ کیا رزیڈنٹ نیپال کی تحریک پر شاہِ اودھ نے درشن سنگھ کو معزول کردیا اور مہاراجہ پھر اپنے علاقہ پر قابض ہوگئے، سمت ۱۹۰۵ میں ملتی پور کے راجہ وگراج سنگھ کو اُسکے بیٹے دگ نرائن سنگھ نے معزول کردیا، واجد علیشاہ کے حکم سے مہاراجہ نے انکی امداد کرکے وگراج سنگھ کو پھر قبضہ دلادیا اور اپنا باقی مقررہ معہ ایک گانو کے لے لیا۔ اسی طرح سے مختلف معرکوں میں مہاراجہ نے اپنی بہادری اور اولوالعزمی کے جوہر دکھائے۔ ۱۸۵۶ء میں سرکار اودھ پر انگریزی تسلط ہوگیا انہوں نے فوراً چارلس ونگ فیلڈ کمشنر بہڑائچ کے پاس حاضر ہوکر علاقہ بلرامپور کی قبولیت داخل کردی اور اپنی حسن خدمات سے صاحب کو از حد رضامند رکھا۔ تھوڑے دن بعد جب غدر ہوا، مہاراجہ حسب الطلب پانچسو سوار لیکر کمشنر کی امداد کو گئے اور قریباً سو انگریزی خاتون اور بچوں کو اپنی زیر حفاظت رکھکر سرکاری علاقہ میں بھیجدیا، اور قلعۂ پٹوہان کا قبضہ

بھی کرلیا۔ ۱۸۵۸ء میں جب سرکار نے دوبارہ گونڈا فتح کیا، مہاراجہ فسروں سے ملے اور چونکہ تلسی پور اور بانسی کے راجہ باغی ہوگئے تھے اُن کا علاقہ بھی بطور انعام خیر خواہی حاصل کیا اور لکھنو کے ۱۸۵۹ء کے دربار میں اول نمبر کی کرسی پائی، سات ہزار کا خلعت اور مہاراجہ بہادر کا خطاب عطا ہوا، اور اختیارات دیوانی و کلکٹری بھی عطا ہوئے، برٹش انڈین ایسوسی ایشن (انجمن تعلقہ داران اودھ لکھنو) کے روز اجراسے آخر زمانۂ حیات تک والیس پریسیڈنٹ رہے اور جملہ مہمات ملکی و انتظامی میں حکام وقت کے معتمد علیہ اور ممتاز مشیر سمجھے جاتے تھے خود مختار والیان ملک سے بھی اچھے مراسم قائم کیئے، وبسیرائے کی کونسل کی ممبری کا اعزاز بھی غایت ہوا الغرض اودھ کے تعلقہ داروں میں اپنی دوراندیشی، حزم و احتیاط، نکتہ رسی، قابلیت حسن انتظام کی بدولت سربرآوردہ رکن تھے، علوم و فنون کے بھی بڑے قدردان تھے، چنانچہ لکھنو کی سلطنت کے مٹنے کے بعد اکثر پرانے رئیسوں کی خاندانوں کی پرورش اور باکمال لوگوں کی غور و پرداخت آپکی سرکار سے ہوتی رہی، اپنے حسن انتظام سے علاقہ کا بندوبست بھی بہت اچھا کیا اور اس میں معقول اضافہ کرتے رہے۔ اُردو شعر و سخن کی طرف بھی توجہ تھی اور صاحب دیوان تھے منشی جواہر سنگھ جوہر شاگرد خواجہ وزیر سے جو آپکے مصاحب تھے تلمذ تھا شکار کا بیحد شوق تھا، انکی قدر اندازی اور دلیری کے بڑے بڑے انگریز معترف تھے، تمام اوقات فرصت اس مشغلے میں صرف فرماتے تھے، بلرامپور جو ایک گاؤں تھا انکے حسن انتظام سے ایک شاندار قصبہ بن گیا، اسی طرح اپنے علاقہ میں جابجا چاہات، تالاب، پل اور سرائے بنواکر اولوالعزمی کے ثبوت کے علاوہ علاقہ کو آباد اور رعایا کو خوش کیا ۱۸۸۴ء میں مہاراجہ نے (جن کا صلبی فرزند انکی حیات ہی میں قضا کر گیا تھا) لاولد انتقال کیا اور دو مہارانیاں بیوہ وارث چھوڑیں جن میں سے مہارانی خورد نے حسب وصیت مہاراجہ مرحوم مہاراجہ صاحب جال کو متبنّٰی بنالیا اور مہاراجہ کی ریاست کو برقرار رکھا۔ احسن التواریخ اور چند اور کتابیں بلرامپور کے متعلق آپکی زیر سرپرستی شائع ہو چکی ہیں، موزونی طبع کے اقتضا سے شعر کی طرف بھی کبھی

توجہ ہو جاتی تھی اور کثرتِ اشتغال اور عدیم الفرصتی کے دیکھتے یہ امر کچھ کم باعثِ حیرت نہیں ہے کہ آپکے اشعار اسقدر صاف شستہ فصیح و بلیغ ہیں، کلام ہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے۔

تیری صورت دیکھکر لیلیٰ کو آئیگا حجاب
میری صورت دیکھ کے مجنوں بہت شرمائیگا

گئے وہ دن کہ حسینوں کو پیار کرتے تھے
نہ ولولے رہے اپنے نہ وہ شباب رہا

خم کھلے شیشے کھلے ہے میکدہ کا در کھلا
مغبچوں ہم پر نہ مضمونِ خطِ ساغر کھلا

خوابِ مخمل جن گل اندامو کو فرشِ خار تھا
موت نے تربت میں انکو خاک بستر کر دیا

گیا صحبت میں جب سے مفسدوں کی
مزاج اصلاح پر آیا نہ اُس کا

اے صبا ہے کسی عارض کا انھیں بھی سودا
باغ میں ہوتے ہیں گل چاک گریباں پیدا

اللہ غنی حسن پہ کسدر جہ ہے مغرور
وہ اپنا کبھی پاؤں زمیں پر نہیں رکھتا

راجہ بھلا ہے دزدِ حنائی کا کیا قصور
دل اپنا اپنے ہاتھ سے خود ہمنے کھو دیا

حُسن سے عشق نہ ہو جسکو وہ انسان کیسا
منکرِ قدرتِ حق صاحبِ ایماں کیسا

عشق میں تیرے ہوا ہے اے صنم
ایک مذہب کا فروغ دیندار کا

رنج و غم دلکو مرے دیتے ہو یہ تو سمجھو
ہمنے کس ناز و نعم سے اسے پالا ہوگا

ہم جو گھر اُسکے لگے جانے شبِ تاریک میں
شعلۂ دل آگے آگے مثلِ مشعل ہو گیا

مجھے بھی ہر گھڑی کی بدمزاجی خوش نہیں آتی
کہونگا پھر جو میں کچھ طبعِ نازک پر گراں ہوگا

اپنی نظر بھی اکثر انسان کو لگی ہے
آئینہ میں نہ دیکھو منہ بار بار اپنا

جیسی کہوگے ہمکو ایسی سنوگے ہمسے
کب چپ رہیگا وہ جو حاضر جواب ہوگا

دیکھ کر لیلیٰ کو یہ خوش ہو کے مجنوں نے کہا
دو گھڑی دم سے ترے جنگل میں منگل ہو گیا

نام مشہور ہوا راشک مسیحا راجہ
پر اُنھیں فکرِ علاجِ دلِ بیمار ہے کب

محتسب ٹوٹیں گے ساتھ اُسکے کئی کاسہ سر
سُن لے رندوں پہ بہت کچھ ہے حقِ جامِ شراب

کیا تلون ہے مزاجِ یار میں
شام کو اقرار تو انکار صبح

انساں چلے وہ چال کہ جو ہو جہاں پسند
مہماں سے ہو وہ کام جو ہو میزباں پسند

دِل بیچنے کھڑے ہیں ترے گھر کی راہ پر
ارزاں ہے مول لے جو اسے اک نگاہ پر

ہے نمودِ سبزۂ خطِ عارضِ جاناں کے پاس
آئے خضر تشنہ لب یا چشمۂ حیواں کے پاس

کس طرح ہم نہوں اُس پر وئے خمدار سے خوش
جو دلاور ہیں سدا رہتے ہیں تلوار سے خوش

آپ ہی آپ کچھ اغیار جلے مرتے ہیں
خود بخود اب جو ہوا آپ کو ہمسے اخلاص

روشنی ہے عاشقوں کے دم سے باغِ دہر میں
بلبلوں کو لے گلو سمجھو گلستاں میں چراغ

پامال آج وہ ہیں جو کل تک نہال تھے
کھلتا نیا ہے روز تری انجمن میں گُل

یاد آئی جو اُسکی جنت میں
حور کو دھیان میں نہ لائینگے ہم

بال کھولے ہیں کسنے چوٹی کے
کیا پریشان دن گذرتے ہیں

صغر سن میں پہنو پھولوں کے نہ ہار
تم ابھی ایجانِ من خود پھول ہو

یار کے پاس اُڑ کے چلا جائے گا نامہ
ابتو خود سیکھ گیا کار پیبر نامہ

بے یار کیا بیان ہو تقریرِ خواب کی
یُوسف سے چلکے پُوچھئے تعبیر خواب کی

راحت - مرزا محمود بیگ خلفِ مرزا احمد بیگ سپاہی پیشہ تھے - آبا و اجداد کا اصلی وطن روم تھا مگر دلّی میں رہتے تھے، غدر سے پیشتر فوجی ملازمت ترک کر کے خانہ نشین اور علائق سے دست بردار ہو گئے تھے، فنِ سخن میں مومن خان دہلوی سے تلمذ تھا - ایک مثنوی موسوم بہ دہشت عدل اور ایک واسوخت علاوہ غزلیات کے اِن سے یادگار ہیں، یہ اُنکے پاکیزہ اور صاف شستہ کلام کا انتخاب ہے - راحت

کچھ جان سی آتی ہو مریجاں میں قاتل
پانی ترے خنجر میں ہو کیا آبِ بقا کا

کھلایا مجھے غم پلایا مجھے خون
ہوا جب میں ناکام مہماں تمھارا

غیروں سے جو اشارے محفل میں ہیں تمھارے
سمجھیں وہ یا نہ سمجھیں پر یہ غلام سمجھا

صبر و قرار تاب و تواں رفتہ رفتہ سب
آجائیں گے کہیں سے دِلِ فتنہ گر ملا

اشک آنکھوں سے نکلکر زیر مژگاں تھم گیا — دم نہ لے سایہ میں کیونکر تھا مسافر دور کا
ہم سے وہ بھی چھٹے اور یہ دل شید اچھوٹا — یاد کس کس کو کریں خیر جو چھوٹا چھوٹا
لے گیا رات کو باتوں میں لگا کر اُن کو — کیونکہ قائل نہوں راحت تری تقریر کے ہم
اجل پہلے آوے کہ وہ پہلے آویں — یہی راہ مدت سے ہم دیکھتے ہیں
روئے قاتل سے خجالت کیوں نہو روز جزا — ساتھ میرے ایک عالم ہو لیا فریاد کو
آنکھیں بھر آئیں مہر سے اُس رشک ماہ کی — سینے پہ رکھ کے ہاتھ جو اک میں نے آہ کی
قاتل تو ایک بوسہ مجھے دے کے قتل کر — لازم ہے کچھ تو دینی و یت بے گناہ کی

راحت

راحت منشی بشیر محمد خاں صاحب دلی کے رہنے والے اور حکیم ثناء اللہ خان صاحب کے پڑوتے ہیں ۱۲۸۰ھ میں پیدا ہوئے اور اپنے دادا حکیم محمد علیخاں صاحب کے سایۂ عاطفت میں تعلیم و تربیت پائی اور انھیں سے فن سخن میں اصلاح لینے لگے۔ کچھ دنوں ریاستہائے جودھپور اور بالنسواڑہ میں تقریب ملازمت بسر اوقات کی۔ اب ریاست اودیپور میں انسپکٹر مقرر ہیں۔ آپکی طبیعت میں تاریخی واقعات کے نظم کرنے کا شوق خداداد ہے اور اس صنف میں معقول بہتر سے بہم پہنچائی ہے، کئی مثنویاں آپکی تصنیف کردہ ہیں جس میں ایک موسومہ "درشاہنامہ سخن" ۱۹۰۰ء میں مہاراجہ سردار سنگھ بہادر والئے جودھپور کی تقریب تخت نشینی پر تصنیف کی تھی۔ ایک اور ضخیم مثنوی بھی آپ نے لکھی ہے جس میں انیس ہزار اشعار ہیں اور ابتدائے آفرینش سے خاندان لودہی تک کے حکمرانوں کے واقعات نظم ہیں، مثنوی ہذا کا نام "شاہنامہ جدید" ہے اسکے پانچ حصہ ہیں۔ غزنین نامہ، غوری نامہ، خلجی نامہ، تغلق نامہ، لودہی نامہ، آپنے اس مثنوی میں قدیم راجگان ہند کے طرز حکومت پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ اور رزم و بزم کے واقعات اور مسلمان حملہ آوروں سے ہندو راجاؤں کی معرکہ آرائیوں کو بوضاحت قلم بند کیا ہے۔ آجکل سلطنت مغلیہ اور زمانہ موجودہ کی تاریخ کہہ رہے ہیں۔ چونکہ آپکی طبیعت کو وقائع نگاری سے مناسبت خاص

ہے اس وجہ سے کسی اور صنف شاعری میں طبع آزمائی نہیں کرتے۔ انتخاب کلام حسب ذیل ہے

مہاراج پرتھوی راج اور سلطان شہاب الدین غوری کی پہلی معرکہ آرائی نہر سرستی پر

لگی چلنے باہم چھری اور کٹار ہوئے سرتنوں پر ہزاروں نثار
پڑا زن سے خنجر چلی سن سے تیغ ہزاروں ہی کشتہ ہوئے بیدریغ
جواں زخم پر زخم کھانے لگے شجاعت کے جوہر دکھانے لگے
کسی نے رنگے خون میں اپنے ہاتھ عدم کو گیا کوئی آقا کے ساتھ
زمیں پر تھا کشتوں کا پشتہ بندھا ہر اک سمت تھا خون کا دریا بہا
بدلنے لگا جب لڑائی کا طور کیا اپنے لشکر پہ راجہ نے غور
یکایک بڑھی ہاتھیوں کی وہ صف جواں نکلے پیچھے سے تیرہ بکف
وہ تھے قوم کے سب کے سب راجپوت وہ بانکے دلاور بہادر سپوت
گرے فوج شہ پر وہ سب ایکبار ہوئے قلب تیروں سے انکے فگار
کمانوں نے گوشہ لیئے اپنے موڑ دیا تیروں نے اپنے ترکش کو چھوڑ
جوافغاں تھے فوراً وہ پیچھے ہٹے اُدھر خلجیوں نے بھی گھونگٹ لئے
لڑائی کا جب یہ ہوا بندوبست ہوئی فتح سے شاہ کی پھر شکست
شکستہ ہوا میمنہ میسرہ ہوا قلب کی فوج کا فیصلہ
لڑائی سے تیروں کی عاری ہوئے نمک خوار سارے فراری ہوئے
نہ مطلق ہوا شاہِ غزنیں ملول گھرا ایسا تھا جیسے کانٹوں میں پھول
نظر کھانڈے راؤ کی اُس پر پڑی سپہدار کی آنکھ اُس سے لڑی
سپہدار نے بھی بجرأت تمام کیا رستمی کا وہاں پر یہ کام
دیا ہاتھی کے منہ پہ نیزہ لگا حریفوں کو دی اپنی جرأت دکھا
کیا کھانڈے راؤ نے پھر اُس پہ وار تو شانہ نشانہ بنا ایک بار

نہایت ہی سخت اسکو پہنچا گزند — جھکا اپنے گھوڑے پہ وہ ارجمند
مدد غیب سے اُسکی فوراً ہوئی — یکایک غلام آن پہنچا کوئی
لیا اپنے مالک کو فوراً سنبھال — کسی پہ نہ ہرگز کھلا اس کا حال
سپہدار کا پھر نہ پایا نشاں — نہ آیا نظر کوئی غزنیں جواں

جس باغ میں مہاراجہ سردار سنگھ صاحب بہادر جودھپور کی برات اُتاری گئی تھی اُس باغ کی تعریف

مقام اِک جداگانہ ہے شہر سے — سہیلی کی ہاڑی سے موسوم ہے
تمام اُس کا سبزہ ہے زیر نظر — کھڑے جھومتے جابجا ہیں شجر
نئے رنگ کا ہے وہاں کا چمن — کہیں پر ہے نسریں کہیں نسترن
نمودار ہیں صاف قدرت کے کھیل — کہیں ہے چنیلی کہیں رائے بیل
گلاب اور گیندے کی رونق ہے خاص — چمن میں ہی حاصل اُنھیں اختصاص
نمودار نرگس کا ہے امتیاز — عیاں چشم ہے اُسکی واں نیمباز
صحن میں نمایاں ہے حوض کلاں — وہ ایسا ہے جیسے کہ دریا رواں
لگے اُس میں فوارے ہیں بیشمار — نئے طور کے ہیں وہاں آبشار
غرض ایسا ہے پُر فضا وہ مقام — ہُوا دولھا کا اِس جگہ پر قیام

راحت

راحت سید عابد حسین بریلوی ۱۸۲۰ء میں زندہ تھے اِس سے زیادہ کچھ حال معلوم نہ ہوا، یہ چند شعر اُنکے ہیں۔

حشر کے دن یہ کہونگا میں خدا سے پہلے — شکل محبوب دکھا اپنی لقا سے پہلے
پہلے مُنہ چوم لوں میں گالیاں دینا پیچھے — چاہیئے جرم کا اثبات سزا سے پہلے
عارض حور کی تعریف نکرا ے واعظ — کر مقابل مرے گل کے کفِ پا سے پہلے

راحت

راحت لالہ بھگوت رائے راحت ولد منشی دیندیال رئیس قصبہ کاکوری نواح لکھنؤ آپ کو حضرت آغا حسن امانت لکھنوی سے تلمذ تھا اور فن سخن میں اچھی مہارت حاصل تھی

صاحب علم وفضل وناز کخیال وطبیعت دار شخص تھے، آپنے مثنوی "زہرہ وبہرام" اور مثنوی "نلدمن" لکھی تھیں جواب کمیاب ہیں۔ بصد تلاش ایک مثنوی "سوزِ عاشقانہ" دستیاب ہوئی۔ جس کا انتخاب ہدیہ ناظرین کیا جاتا ہے واجد علیشاہ کے زمانہ سلطنت میں حیات تھے بعد غدر انتقال کیا ٭

مظہرِ عشق یا خدا ہو دل
مصدرِ صد مئہ جفا ہو دل

کوچہ عشق کا ہو رسوائی
روئے زیبا کا ہو تماشائی

گل پہ گل روز سینکڑوں کھائے
بے کلی سے ذرا نہ گھبرائے

لاکھ زخمی ہو خنجرِ غم سے
سیکڑوں کوس بھاگے مرہم سے

سیچے ہر دم لہو سے خاروں کو
خار دیتا رہے ہزاروں کو

گل پہ گل کھا کے مایۂ غم ہو
سر بسر شاخ نخلِ ماتم ہو

زخم اُس کا ہو رفو برسوں
اور ٹپکا کرے لہو برسوں

بس رہے غم کی آرزو برسوں
عیش کی ہو نہ جستجو برسوں

قبلۂ رُخ کے روبرو برسوں
چشمِ تر سے کرے وضو برسوں

بدلے رونے کی پھر نہ خو برسوں
پائی شکوں سے آبرو برسوں

مثلِ گل روئے زخمِ خنداں ہو
سوزشِ عشق سے نمک داں ہو

تڑپے اِس طرح خاک پر مضطر
طعن کی جا ہو رقص بسمل پر

روز ٹھنڈا ہو تیرِ مژگاں سے
موئے سیراب آبِ پیکاں سے

آبِ شمشیر سے بجھائی پیاس
چاہ سے غرق خوں ہو بے وسواس

بیٹھے بیٹھے نمد نگِ مژگاں کھائے
تودۂ خاک شوق سے بن جائے

شمعِ رخسار کا خیال رہے
غم سے پروانۂ جمال رہے

زلفِ خمدار کا خیال رہے
غم سے پروانہ جمال رہے

بحرِ اُلفت میں آشنا ہو کر — کشتیٔ درد کا بنے لنگر
مثلِ غواص بید مطرک ہو کر — جی پہ کھیلے وہ اپنے آٹھ پہر
اسقدر عشق میں فنا ہو جائے — اپنے خالق کا آشنا ہو جائے
دامنِ دشت میں اُڑائے خاک — بیکلی سے کرے گریباں چاک
آبلوں سے نقش اپنا جمائے — ہر سرِ خار سے پتا ملجائے
غم سے ہر داغ لالہ زار رہے — درد و حرماں سے دردوزار رہے
جوش پیدا ہو اس قدر غم کا — گل سوسن ہو باغ ماتم کا
زلفِ خوباں ہو پاؤں کی زنجیر — حلقۂ طوق ہو گریباں گیر
چشم سے اسقدر ہو خوں افشاں — رشکِ گلزار ہو تنِ عریاں
وہ ترقی پہ زورِ سودا ہو — جسکے نالے میں شورِ دریا ہو
وہ مزہ کوہ و دشت کا پائے — رشکِ فرہاد و قیس بن جائے
عاشقِ رنگ عارضِ گل ہو — گلشنِ درد و غم کا بلبل ہو
عشقِ زہرہ جبیں ہو دامن گیر — مثلِ ہاروت چاہ میں ہو اسیر
سروِ قد پر فدا ہو سو سو بار — مثلِ قمری کرے نہ طوق سے عار
اشک برسائے چشمِ گریاں سے — برق چمکائے آہِ سوزاں سے
آتشِ عشق سے جلے ہر تن — خرمنِ ننگ پر ہو شعلہ فگن
فخر سمجھے سدا ملامت کو — کھوئے سرمایۂ ندامت کو
شکلِ دولاب چرخ سی بنجائے — درِ جاناں پہ روز چکر کھائے
ایسا سوزِ دروں سے ہو بیتاب — غم سے بنجائے ماہیِ بے آب
کوئے دلدار کو حرم سمجھے — جائے سجدہ درِ صنم سمجھے
اُسکے کوچے میں جب گذر ہو جائے — صاف مرمر کے خاکِ در ہو جائے

شمع ساں ہو فدائے بیداری — اشک ستتے میں بھی رہیں جاری
ہو نمک پاش زخم پر ہر دم — پر نہ دکھلائے صورتِ مرہم
سر میں ہر دم جنوں کا جوش رہے — دستمن صبر و عقل و ہوش رہے
ہر گھڑی صید چشم یار رہے — چنگل باز کا شکار رہے
الغرض عشق ہو ترا یارب — اپنا سودائی تو بنا یارب
طاقتِ زورِ عشق دل پر دے — بے پر و بال ہوں مجھے پر دے
جبتلک اپنے تن میں جان رہے — رات دن بس ترا ہی دھیان رہے
دل میں اس لطف سے سما جائے — جس طرف دیکھوں تو نظر آئے
پی کے مے ساغرِ محبت سے — مست ہو جاؤں جامِ وحدت سے
عاشقِ زار اب ترا ہوں میں — ترے کوچے کا بس گدا ہونمیں
رائگاں کر نہ میری محنت کو — ذوق دے اپنے غم سے راحت کو

راحت - دہلی کے ایک نامعلوم ریختی گو تھے، کچھ منتخب کلام درج تذکرہ کیا جاتا ہے۔ راحت

جب سے وہ بانکا سجیلا دل کو ہی بھایا ہوا — انگ لگتا ہی نہیں گویا مرا کھایا ہوا
میں اپنی لیڑی چوٹی پہ صدقہ کروں اسے — یہ مرد وانگوڑا تو لٹھ ہے گنوار کا
روگی تم تو وہ آجائیگا بیٹھا پھر ابھی — تم جو چپکی ہو رہی ہو آ کے ہوا پھر گیا

دودھ لینے کا ارادہ تھا جو دوڑایا تھا ہاتھ — نوچ لی انگیا مری دیکھو موئے بندر کی بات
جورو بیٹی ماں بہن کا کچھ نہیں کرتے خیال — گھر میں آکر صاف کہدیتے ہو تم باہر کی بات
گونگی بہری کب تلک لوگو بنی بیٹھی رہوں — نند کی باتیں سنوں ہے ہے کہ میں دیور کی بات
پوتی پوتوں والی ہو کر لال جوڑا پہنوں میں — مجکو تو بچی یہ پڑھا چوچلا آتا نہیں

کھلا تو پوتے، ہوئی پوری آرزو تیری — دوگانا لعل سا بیٹا جنی بہو تیری
لحاظ آیا کسی کا نہ تجکو عصمت جان — غلام سے گئی پکڑی جنم میں تھو تیری

راحت

راحت۔ سید عابد حسین صاحب بریلوی ۱۸۷۰ء میں زندہ تھے اس سے زیادہ کچھ حال معلوم نہوا یہ چند شعر انکے ہیں۔

حشر کے دن یہ کہونگا میں خدا سے پہلے
شکل محبوب دکھا اپنی لقا سے پہلے

پہلے منہ چوم لوں میں گالیاں دینا پیچھے
چاہیئے جرم کا اثبات سزا سے پہلے

عارض حور کی تعریف نکر اے واعظ
کر مقابل مرے گل کے کفِ پا سے پہلے

راحت

راحت۔ محمد نثار علی صاحب رامپوری آنجہل کے شعرا میں ہیں، تلمذ کا حال معلوم نہوا کہ کس سے ہے۔ یہ کلام ہے۔

کہتے ہیں جسکو محشر وہ دن بھی آرہا ہے
بیداد کرنے والے کیا تو سنا رہا ہے

رنج والم مصیبت درد فراق، الفت
وہ کیا جئے جو اتنے صدمے اٹھا رہا ہے

میں نے ہی انکو چاہا دنیا سے کیا نرالا
مجھ ہی پہ یہ ستم کیوں اے چرخ ڈھا رہا ہے

ناز و نیاز دونوں کی لطف دے رہے ہیں
وہ تیغ اٹھا رہا ہے یہ سر جھکا رہا ہے

ویران ہوگئے ہیں ان روزوں دیر و کعبہ
جو ہے وہ انکے در پر چکر لگا رہا ہے

راحت

راحت۔ محمد رئیس الدین خان، حضرت فیروز شاہ خاں فیروز رامپوری سے مشورۂ سخن کرتے ہیں ۱۸۹۸ء میں جوان تھے۔

اُدھر سے محتسب جب آج بہر احتساب اٹھے
تماشا ہوا دھر سے رند بھی پیکر شراب اٹھے

بھلا دنیا میں کیا ندکور ہو اب اُسکے اٹھنے کا
جو اٹھے بھی ترا مقتول تو روز حساب اٹھے

کوئی تدبیر ایسی ہو کہ وہ خلوت میں کھل کھیلے
ادھر دل سے حجاب اٹھے اُدھر رخ سے نقاب اٹھے

راحم

راحم منشی شیخ رحیم بخش راحم تاجر باوقار و رئیس شہر کانپور وطن آبائی لکھنؤ ہی، مگر اب مدت سے کانپور مسکن ہی انکا کارخانہ تجارت اسباب چرمی مشہور دیار و امصار ہی، اوائل عمر سے فن سخن کا ذوق رہا ہی منشی سید آغا علی متش شاگرد ملک الشعرا قاضی محمد صادق خان سے تلمذ اختیار کیا، صاحب دیوان مطبوعہ ہیں شعرا کانپور میں اچھے ہیں موزونی طبع اور خوش زبانی کلام سے آشکارا ہی، انتخاب دیوان ہدیہ ناظرین ہی۔

اے مسیحا ہو بُرا اِس حسرتِ دیدار کا
دم لبوں پر آ گیا آخر ترے بیمار کا

کب تک اے قاتل نہ نکلے گی تمنا قتل کی
حشر تک دامن نچھوڑوں گا تری تلوار کا

خشک کامانِ شہادت کے گلے ہو جائیں تر
پانی اے قاتل جو لجائے تری تلوار کا

ق

ترے مجروح کو شبِ مہ میں
ذوقِ جامِ شراب نے مارا

چاندنی گو ہے مہلکِ زخمی
پر مجھے آفتاب نے مارا

مُنہ اگر چوم لیا کیجئے عفوِ تقصیر
جُرم ہوتے نہیں دنیا میں بشر سے کیا کیا

طفلِ اشک آنکھ میں میری ہے کبھی دامن میں
ناز کرتا ہے پسر اپنے پدر سے کیا کیا

بیکسی روئی سرِ تربت مجاور غم ہوا
دُھوم سے اُسکے شہیدِ ناز کا ماتم ہوا

اُس کا حامی ہو ساقیٔ کوثر
مجھکو دے جو بجائے آبِ شراب

شرم تھی آنکھ میں پردے سے نکلتے کیونکر
نہی شرم نزاکت سہی چلتے کیونکر

نہ نزاکت سہی مہندی وہ لگائے ہونگے
آ کے تلوؤں سے دلِ زار کو ملتے کیونکر

نہی مہندی کسی غیر سے وعدہ ہوگا
صادق القول ہیں وعدے کو بدلتے کیونکر

نہی وعدہ لٹیں شانوں پہ لٹکی ہونگی
بوجھ اُٹھا کر جو وہ چلتے تو سنبھلتے کیونکر

نہ کھلی لٹ سہی گیسو کو بناتے ہونگے
کنگھی چوٹی کے وہ پیچوں سے نکلتے کیونکر

لو فرضنا کہ نکلتے بھی تو دانائی سے
مونگ چھاتی پہ رقیبوں کی وہ دلتے کیونکر

ساغر و شیشے کو کیوں توڑتا ہے عہد شکن
توڑتا ہے جو تجھے تو دلِ اغیار کو توڑ

بُجھائیں تشنگانِ دشتِ الفت پیاس مقتل میں
سبیل اک فی سبیل اللہ رکھدی آبِ خنجر کی

راز - مرزا حاجی رازؔ گورگانی دہلوی - مرزا مضافی کے بیٹے اور مرزا صابر کے شاگرد تھے نظام الدین اولیا کی درگاہ کے قریب رہتے تھے - کئی برس ہوئے انتقال کر گئے -

راز

پھر دل سودائی کو اُس زلف کا سودا ہُوا
بیٹھے بٹھلائے یہ کیسا دردِ سر پیدا ہوا

ابتو میری طرح سے بے چین وہ رہنے لگے
یہ ہمارے آہ و نالہ کا اثر پیدا ہُوا

کوچہ و بازار میں جن کے سبب رسوا ہوا	پھر اُسی غارتگرِ دل پر یہ دل شیدا ہوا
جان و دل دونوں فدا کر دیئے اُس پر ہمنے	اِس طرح کوئی سہے گا نہ جفا میرے بعد
میرے ہی دم تلک آباد رہے گا گلشن	کو بکو خاک اُڑائے گی صبا میرے بعد

راز

راز۔ عالیجناب صاحبزادہ محمد عبید اللہ خاں صاحب بہادر فیروز جنگ، سی، ایس، آئی فیلو پنجاب یونیورسٹی متخلص بہ راز خلف نواب وزیر الدولہ مرحوم والی ٹونک و ایس پریسیڈنٹ کونسل و مدار المہام ریاست ٹونک، نواب ابراہیم علیخاں بہادر والی حال ٹونک کے عم بزرگوار تھے جنگِ کابل ۱۸۷۹ء میں جبکہ ان کی صرف تیئس برس کی عمر تھی صاحبزادہ موصوف نے سرکار انگلشیہ کی نمایاں خدمات کی تھیں۔ جس کے صلہ میں خلعتِ فاخرہ و خطاب دولت انگلشیہ نے عطا کیے، صاحبزادہ موصوف غالباً فنِ شعر میں منشی سلیمان خان اسار لکھنوی سے مشورہ کرتے تھے۔ نواب صاحب کی اپنی ذاتی جاگیر انیس ۱۹ ہزار سالانہ کی تھی علاوہ ازیں آٹھ سو روپیہ ماہوار کا وظیفہ ریاست سے ملتا تھا۔ سر نیویل چیمبرلین کی سفارت کے ہمراہ ۱۸۸۱ء میں کابل گئے واپسی پر ریاست کی طرف سے افتخار الامرا فخر الملک فیروز جنگ کے خطاب سے مفتخر ہوئے۔ ستمبر ۱۹۰۰ء میں انتقال فرمایا۔ تا دمِ رحلت وزارت کے عہدے پر فائز رہے پچاس برس سے کچھ کم عمر پائی۔

جو دوست تھے دلی وہ سب اغیار بن گئے	بہکانے والے آپکے سب یار بن گئے
روئے جو ہم تصوّرِ رخسارِ یار میں	آنسو کے قطرے موتیوں کے ہار بن گئے
بیٹھے بٹھائے رنج اُٹھائے ستم سہے	دل دیکے تم کو مفت گنہگار بن گئے
چتون وہاں پھری کہ یہاں دل ہوا دو نیم	ابرو وہ میرے واسطے تلوار بن گئے
مجھسے کس روز ہوئی آپکی چتون سیدھی	کس دن انداز ادھر کج نظری کے نہ رہے
یا کلیم ایک ہی جلوے نے یہ ہیبت چھائی	دل میں پھر حوصلے باقی ارنی کے نہ رہے
آبِ خنجر نے ترے پیاس بجھائی دم نزع	شاکیٔ اوترک ہم اب تشنہ لبی کے نہ رہے

راز

راز۔ عالیجناب نواب مرزا عباس علیخان بہادر راز عرف نواب سلطان صاحب خلف نواب محمد رضا خان عرف نواب شمشاد الدولہ بہادر رئیس لکھنؤ شاگرد حضرت جلال لکھنوی۔ کلام میں کوئی خاص بات قابلِ ذکر نہیں موزوں طبع بیشک ہیں۔ دس برس ہوئے انتقال کیا۔

تجھے بھی کچھ خبر او بے خبر ہے — کہ کیا کیا تیرے چرچے ہیں جہاں ہیں
خدایا خیر ہو دل آج میرا — لیے جاتا ہے پھر کوئے بتاں میں
نظر ملتے ہی پہلو میں نہ تھا دل — غضب کا سحر ہے چشمِ بتاں میں

وفا کے نقش بھی دل سے مٹائے دیتے ہیں — مجھے وہ یاد سے اپنی بھلائے دیتے ہیں
میں باز آیا نصیحت سے آپ کی ناصح — مرا تو آپ کلیجہ پکائے دیتے ہیں
خیال اُنکا کروں یا گناہ کو دیکھوں — لبوں سے وہ مرے ساغر ملائے دیتے ہیں

جسکو تلووں سے تو نے مل ڈالا — تھی اُسی دل میں آرزو تیری
یُوں کیا ایک بے گناہ کو قتل — مچ گئی دھوم چار سُو تیری

راز

راز۔ سیّد فیاض احمد راز سب انسپکٹر پولیس کھیڑی ہنشی طفیل احمد کے بیٹے اور ریاض خیرآبادی کے حقیقی بھائی خیرآباد کے قدیم باشندے اور منشی امیر مینائی کے تلامذہ میں ہیں سنہ ۱۸۶۰ء سالِ ولادت ہے، آدمی ذہین اور خوش فکر ہیں۔ یہ کلام کا انتخاب ہے۔

تم جو اُٹھے جگر میں ٹیس اُٹھی — درد بھی اُٹھ کھڑا ہوا دل کا
دلِ عاشق میں ناز سے آؤ — لُطف خلوت میں آئے محفل کا
سخت جانی یہ تھی کہ مان گئی — تیغ لوہا تمہارے سِل کا

کوچۂ دشمن میں دل اے دلربا جاتا رہا — ہاتھ سے میرے تمہارا آشنا جاتا رہا
خونِ دشمن کی ملی مہندی نہ تو نے ہاتھ میں — بعد میرے کیا تجھے شوقِ حنا جاتا رہا
طور پر بیخود ہوئے موسیٰ تو کیا اے برقِ طور — دیکھنے والوں کا اُسکے حوصلہ جاتا رہا
ہے آج شب وصلِ عدو اِس کی سحر ہو — راضی ہوں نہ ہو میری شبِ غم کی سحر آج

یہ کس کے کوچے سے پامال ہو کے اُٹھی ہے — کہ چھا رہی ہے مری خاک آسماں ہو کر

اُلجھائے ہوئے چلتے ہیں دل لفِ ساں — ہم لوگ لگاتے ہیں گرہ موجِ ہوا میں
چیخے تو بہت زور سے کعبے میں مؤذن — پر اُس سے نکلتا رہا ناقوس صدا میں
اُڑ چلنے کو جوبن نے انھیں اور اُبھارا — آئی جو جوانی تو بھرے اور ہوا میں
کس پیار سے کس شوق سے سو بار بُلایا — اے راز نہ آیا اثر آغوشِ دعا میں

سب ندیا فلک پیر مرے دشمن کو — تھوڑی تھوڑی رہے ہر رنج میں شرکت میری

تیغِ نظر سے پھولوں کے ٹکڑے اُڑا دیئے — لڑوا گئے چمن میں مجھے عندلیب سے
اظہارِ درد دل پہ کہا مسکرا کے یہ — کہدینگے جا کے حال تمہارا طبیب سے
جلوہ کسیکی برقِ تجلی کا اے کلیم — دیکھا ہے تمنے دُور سے ہیں نے قریب سے
حضرتِ دل مچلے ہیں جنکے لیئے — کچھ کریں وہ بھی علاج اسکے لیئے
شیخ جی! تقوی جوانی میں ہو کیا — ہے تقدس آپکے سن کے لیئے
مرغوب کسی بُت کو ہے فریاد کسیکی — محبوب کسی دل کو ہے بیداد کسیکی
تُو بھی کوئی معشوق ہے شوخی و ادا میں — تجھ میں بھی ہے خُو بُو دلِ ناشاد کسیکی

راز

راز منشی امتیاز احمد خاں صاحب عرف پیارے خاں رامپوری، ریاستِ رامپور وطن ہے اور وہیں رہتے ہیں۔ آپکا عرف بہت مشہور رہے، آپ پہلے میاں احمد علی صاحب رسا سے تلمذ رکھتے تھے، پھر منشی امیر احمد صاحب امیر مینائی لکھنوی کے زمرۂ تلامذہ میں داخل ہو گئے۔ آپ مدتوں منشی صاحب مرحوم کے رفیق ہم صحبت رہے اور مشاعروں میں ساتھ شریک ہوئے ہیں آپنے جسقدر اپنے اُستاد سے فیض حاصل کیا ہے چند خاص تلامذہ کے علاوہ اور کسی کو حاصل نہیں ہوا، آپکے کلام کا رنگ امیر مینائی کے کلام سے بہت ملتا ہے اور چستی بندش اور شوکتِ الفاظ بہت ہے ہمیشہ مضمون لکھتے ہیں اور بہت اچھا لکھتے ہیں۔ آجکل ٹھیکہ داری دیہات کا شغل ہے۔ کسی خاص وجہ سے آپنے پانچ چھ سال سے شاعری کی طرف توجہ کم کر دی

ہے۔ کبھی شاذ و نادر شعر کہہ لیتے ہیں، ہاں اپنے تلامذہ کو برابر اصلاح دیتے ہیں۔ آپ مشاعرہ میں کبھی شریک نہیں ہوتے اور اپنے کلام کی شہرت سے بہت بچتے ہیں، آپنے کلام کے جمع کرنے کی طرف کبھی توجہ نہیں کی، جس دوست یا شاگرد کے ہاتھ لگا وہ لیگیا، بڑی کوشش سے جسقدر ہاتھ لگا اُس کا انتخاب درج ذیل کیا جاتا ہے۔

ہوا ازل میں جو تقسیم حسن اعضا کو — تری کمر کے بھی حصہ میں بال بھر آیا
خیال میں بھی جو آئی ہے شکل عاشق کی — جھجک کے کہتے ہیں تو کون ہے کدھر آیا
خبر بتوں کی جو لایا ہزاروں سجدے کیے — صنم کدے سے خدا ہو کے نامہ بر آیا
نکل کے شانہ کی گلیوں سے جب چلا گیسو — اُلٹ کے شانے پہ دل میں مرے اُتر آیا
یہ کون حشر میں فریاد کرنے آتا ہے — پکارتی ہے خموشی ارے کدھر آیا
قصور عشق دم قتل بخشوانا ہے — لٹک کے سر مرا قاتل کے پاؤں پر آیا
ہوائے شوق میں دونوں تھے تیز رو لیکن — تمھارے کوچے میں پہلے قدم سے سر آیا
اُٹھے جو بزم سے در پر لگا لیا بستر — کہ راز دل سے نکل کر زبان پر آیا
صنائے رُخ نے چڑھائی ہے نور کی چادر — مرادیں مانگنے یہ کون قبر پر آیا
ہوئی جو راہ خودی طے تو یار تک پہنچے — بڑھے جو آپ سے آگے تو ان کا گھر آیا
باہیں گلے میں ڈالکے منہ چوم ہی لیا — فرمایئے وہ آپ کا انکار کیا ہوا

رولا کر مجھکو وہ بے درد بولا — ہنسی کی بات کا شکوہ نکرنا
وہ منت سے ترا محشر میں کہنا — ترے صدقے مجھے رسوا نکرنا
محبت راز کی تم دل میں رکھنا — کبھی اِس راز کو افشا نہ کرنا
اے عشق قبر حسرت مردہ کی یوں بنا — چھوٹا سا آبلہ ہو دل بیقرار کا
لڑے جو اُنسے نظر ضبط آہ کر لینا — کلیجہ تھام کے نیچی نگاہ کر لینا
بُرے ہیں ہم تو پھر اچھا بُرے کہاں جائیں — بُروں سے بھی ہے مناسب نباہ کر لینا

پرانی رسم ہے زاہد نچھوڑنا اسکو
ارے بہشت میں بھی کچھ گناہ کر لینا

عصا بھی چاہیئے بیمار کے سہارے کو
اُٹھے جو آنکھ تو نیچی نگاہ کر لینا

وہ دل میں آتے ہیں اے چشم خاک آلودہ
بہا کے اشکِ طرب صاف راہ کر لینا

کسی کا آنکھ چُرانا وہ چھپ کے غیروں سے
وہ مجھکو دیکھ کے نیچی نگاہ کر لینا

سلام

عباس کو دریا کی لڑائی تھی تماشہ
پانی میں نظر آتے تھے خنجر تہ خنجر

بلبل کیطرح مست تھا قاتل بھی مہک سے
حضرت کا گلا تھا کہ گلِ تر تہ خنجر

ڈوبے جو لہو میں شہ دیں شمر پکارا
مریخ بنا مہرِ منور تہ خنجر

حضرت کا گلا موج تھا دریائے کرم کی
فوارۂ رحمت ہوا آکر تہ خنجر

اے راز ہے یوں مصرعِ روشن مصرعِ
جس طرح چمکتا ہوا خنجر تہ خنجر

لپٹے تھے ایک روز کسی کی کمر سے ہم
اب تک چھپے ہوئے ہیں خود اپنی نظر سے ہم

دب دب گئے ہیں ضعف میں بارِ نگاہ سے
کٹ کٹ گئے ہیں جنبشِ تیغِ نظر سے ہم

آکر شبِ وصال اجل کیا بنائیگی
چھپ جائینگے لپٹکے تمہاری کمر سے ہم

حسرت نہ تھے رقیب کے دل کی گرہ نہ تھے
حیراں ہیں کیوں نکالے گئے اُنکے گھر سے ہم

گیسو نہ تھا جو سر پہ چڑھایا رقیب کو
آنسو نہ تھے جو گر پڑے اُنکی نظر سے ہم

وہ وہ سُنائی ہیں کہ بہت ہی کرے گا یاد
اے راز آج خوب ہی دشمن پہ برسے ہم

ستم میں بھی تو پہلو اُنکی زینت کے نکلتے ہیں
ہمارے خوں شدہ دلکو حسیں تلووں سے ملتے ہیں

سہارے سے کسی کے ناتواں رستے میں چلتے ہیں
عصا نہ تھا مے مژہ کا آنکھ سے آنسو نکلتے ہیں

شگافِ سینہ، سوراخِ جگر، چاکِ دلِ عاشق
محبت کی گلی سے سیکڑوں رستے نکلتے ہیں

تمہاری مانگ کے عاشق ہیں شیخ و برہمن دونوں
یہ وہ رستہ ہے جس میں دوست دشمن ملکے چلتے ہیں

یہ کس بدمست کی ہے پیشوائی کون آتا ہے
کہ اُٹھا ابر نکلی شیشے سے مے جام چلتے ہیں

کھٹک آج آنسو نکلی دے رہی ہے یہ خبر مجھکو
چُبھے تھے دل میں جو کانٹے وہ آنکھوں سے نکلتے ہیں

پڑی پھر دستِ نازک پر مصیبت کنگھی چوٹی کی
وہ کیا پچھتائے ہیں مہندی چھڑا کر ہاتھ ملتے ہیں

وہ بولے کیا ہی جلکر وصل کی شب جب یہ چھیڑا
الٰہی ٹوٹ جائیں ہاتھ ظالم کیسے چلتے ہیں

کوئی حسرت نہیں نکلی کوئی ارماں نہیں نکلا
محبت میں حسینوں کی فقط آنسو نکلتے ہیں

میں اس الفت کے صدقے ہوں میں اس نفرت کے قربان ہوں
جگر ہی داد کی دل ہیں مگر صورت سے جلتے ہیں

انکارِ وصل جان ہی لیکر رہیگا آج
لیکے "نہیں" زباں پر آئی کہ ہم نہیں

آئینے میں کہے آپ ہی ہیں ہم نہیں رہے
جب وہ نہ تھے تو ہم تھے جو وہ ہیں تو ہم نہیں

اب کیا کروگے آکے وہ جھگڑا ہی مٹ گیا
جو کھیں ڈھونڈتی تھیں تمھیں ہمیں دم نہیں

ہے اپنے بعد بھی وہی رنگ انکی بزم کا
جلسے وہی ہیں لوگ وہی ایک ہم نہیں

عکسِ رخِ نگار ہے جامِ شراب میں
یا آفتاب ہے قدحِ آفتاب میں۔

جب کہا "جان ہو قربان" تو جلکر بولے
"جاں تو ہم ہیں تمھاری ہمیں قربان کرو"

یہ جو منہ پھیرے دمِ نزع الگ بیٹھے ہیں
اُنسے کہدے کوئی "دشکل مری آسان کرو"

صدقے ساقی چشمِ مے آشام کے
ایک دو گھونٹ اس چھلکتے جام کے

راز کو سب دل میں دیتے ہیں جگہ
آپ کیوں دشمن ہیں میرے نام کے

چاہنے والے کی ہر ایک تمنا ہے بھلی
آپ پورا جسے کردیں وہ سوال اچھا ہے

لاکھ جانیں مری قرباں ہوں اس رونے پر
آپ آنسو نہ بہائیں مرا حال اچھا ہے

وہ عجب در ہے کہ مانگے نہیں عزت جاتی
اپنے اللہ سے ہر ایک سوال اچھا ہے

بٹھایا ہے کس کسکو پہلو میں اُنکے
اُٹھانا ہے حشر آسمان کیسے کیسے

بُرا ہو ترا گردشِ آسمانی
کہ وہ پھر گئے پھر یہاں آتے آتے

دمِ واپسیں منتظر ہوں کسیکا
تھیں اس لئے ہچکیاں آتے آتے

قتل کرکے میرے قاتل کو پشیمانی ہوئی
نیچی نظریں کہہ رہی ہیں سخت نادانی ہوئی

شغلِ مے نے رنگ و روغن شیخ کا چمکا دیا
لوگ سمجھے ذکرِ حق سے شکل نورانی ہوئی

اُن کو آنکھوں میں جو رکھا ہو تو نظریں لوٹیں
ایسے للچائے ہوؤں سے بھی نگہبانی ہوئی

بے سبب اُس در پہ اپنی جبہہ فرسائی نہ تھی
مٹ گیا قسمت کا لکھا صاف پیشانی ہوئی

دشت سے جاتا ہوں گھر کو کچھ تو تحفہ چاہیئے
خاک تھوڑی سی گرہ میں باندھ لوں چھانی ہوئی

ہوش میں آیا دلِ بے خود تو وحشت بڑھ گئی
ڈوب کر کشتی مری اُچھلی تو طوفانی ہوئی

دل جگر دونوں کو غم اُس دوست کا چٹ کر گیا
خانہ ویرانی ہوئی اچھی یہ مہمانی ہوئی

رو رہا ہوں دوستوں کی سرد مہری دیکھکر
جسقدر گاڑھی چھنی تھی اُتنی ہی پانی ہوئی

اللہ اللہ آپ کی زلفِ پریشاں کا اثر
میں نے گر سر کی قسم کھائی پریشانی ہوئی

کھنچ گئے دل سب کے کچھ ایسی کھنچی تصویر یار
صدقے خاموشی ہوئی قربان حیرانی ہوئی

راز نے کیا کہدیا چپکے سے اُنکے کان میں
اُٹھ گئے شرما کے کچھ ایسی پشیمانی ہوئی

جمعی جس دن سے آکر خانہ دل میں نہیں نکلی
کسی پردہ نشیں کی یاد بھی پردہ نشیں نکلی

راز منشی محمد حسین خاں راز جلال آبادی شاگرد حضرت احسان شاہجہاں پوری باوجود تلاش حال نہ ملا۔ یہ غزلوں کا خلاصہ ہے۔

ہمیں وہ خانۂ صیاد میں ملا آرام
خیال دل میں نہ آیا کبھی رہائی کا

تمنا اُن کی بر آئے الٰہی
بلا سے جان جائے عاشقی میں

فصل بہار میں تو اسیروں کو چھوڑ دے
صیاد تیرے دل میں ترحم ذرا نہیں

کرو تم گرفتار زنجیرِ گیسو
کہ ہم وحشیوں کی سلاسل یہی ہے

دیوانہ ہوا جاتا ہے مجنوں کی طرح دل
بیچینی کسی صاحبِ محمل کے لیئے ہے

راز جناب شیخ عنایت اللہ صاحب سکندر آبادی تلمیذ حضرت خورشید سکندر آبادی۔ رسالۂ "بید بینیا" میں چند غزلیں نظر سے گذریں اُن کا انتخاب ضبطِ تحریر میں آیا۔

اذیت پاک باطن کو نہیں ہوتی ہے دشمن سے
کہ دامانِ نگہ کسدن ہے اُلجھا خارِ مژگاں میں

غضب ہے راز اتنی بات پر تم جان دیتے ہو
کہ بہر فاتحہ وہ آئیں گے گورِ غریباں میں

بہت دیکھا مگر اے بیوفا تجھسا نہیں دیکھا
حسینوں میں حسیں کوئی جوانوں میں جواں کوئی
یہ سچ ہے راز تم کو اُس بتِ بدخو سے اُلفت ہے
بھلا بے وجہ کھاتا ہے کسی کی گالیاں کوئی

راز حکیم محمد باقر صاحب لکھنوی شاگرد جناب رشید لکھنوی۔ بارہا راحباب لکھنو سے اِن کے حالات دریافت کئے اور خود انکو بھی رشید صاحب کی معرفت خط بھیجے مگر کوئی جواب نہ ملا۔ لاچار صرف کلامِ منتخب پر اکتفا کیا جاتا ہے، ذکی، طبّاع اور خوش کلام سخنور معلوم ہوتے ہیں اور اُستاد کے فیضانِ صحبت کا اثر بھی کلام سے پیدا ہے۔

کافی ہے یہ کہ آپ پہ دل مبتلا ہوا
اب کیا بتائیں آپ سے ہم اور کیا ہوا
دِل پر جو ہاتھ آپنے رکھا تو کیا ہوا
پہلے سے اور دردِ محبت سوا ہوا
اُٹھ اُٹھ کے خفتگانِ زمیں دیکھنے لگے
کس کے خرامِ ناز سے محشر بپا ہُوا
یارب یہ کیسی آگ تھی دل میں کہ روزِ حشر
نکلا مزار سے مرا لاشہ جلا ہوا
ہے دل کا حال چہرے کی زردی سے آشکار
اے راز درد عشق چھپایا تو کیا ہوا
جو چپ[1] ہو گی زبانِ تیغ محشر میں تو کیا ہوگا
پکاریگا شفق بن کر لہو قاتل کے دامن کا
تغافل کی کوئی حد ہے لحد پر فاتحہ پڑھنے
وہ کب آئے نشاں جب مٹ گیا گورِ غریباں کا
الٰہی خیر ہو کیوں خود بخود دل منہ کو آتا ہے
بندھا ہے ہچکیوں کا تار گھبراتا ہے دم میرا
کہوں اے شمع کس سے قصۂ سوز دروں اپنا
نہیں غیر از یکسی کوئی انیسِ شامِ غم میرا
یہ بہار خار بنکر تری آنکھ میں کھٹکتی
جو ہماری طرح نرگس تجھے انتظار ہوتا
کشتگانِ نرگسِ مخمور کو ہنگامِ حشر
فرشِ خوابِ مرگ سے اُٹھنا گراں ہو جائیگا
وقتِ پیمان وفا تنا بھی آنے کہدیا
دِل سلامت ہے تو اکدن امتحاں ہو جائیگا
تیرِ جاناں جبکہ کھٹکا دل میں مجھسے بولے تو
اب علاجِ شدّتِ درد نہاں ہو جائیگا

کہیں سودائیانِ عشق بھی پابند ہوتے ہیں
بچھائے لاکھ کوئی سلسلہ زلفِ پریشاں کا
اے کیوں مرے دل میں خلش وہ کے ہوتی ہے
ملا ہے خارِ حسرت میں مزہ کیا تیرِ جاناں کا

[1] ہیر مینائی کے مشہور مطلع سے مضمون لڑ گیا ہے ۔

چمن میں آبگینوں بیسیا ختہ گل کو ہنسی آئی
کوئی ٹانکا جو ٹوٹا جیبِ چاکِ گریباں کا

پسِ مردن چڑھائے بیکسی نے پھول حسرت کے
بندھا تربت پہ سہرا تار اشکِ شمعِ گریاں کا

دل وجاں کوچۂ کاکل میں ہم اے راز کھو بیٹھے
لُٹا تاریک شب میں قافلہ اُمید واراں کا

خیر ہے یہ آپ کیوں گھبرا گئے ہنگامِ حشر
ہاتھ میں مجنوں کے لیلیٰ کا گریباں دیکھکر

کیا کریں کیونکر بچیں مینا و مے سے ناصحو
ٹوٹ ہی جاتی ہے توبہ بزمِ رندان دیکھکر

ایکسے دو دن تھے یہ اپنی زندگی کی کائنات
صبحِ محشر ہنسے دیکھی شامِ ہجراں دیکھکر

شہر سے گھبرا کے نکلا تھا کہ آفت آگئی
پاؤں پھیلانے لگی وحشت بیاباں دیکھکر

بات کیا ہے کوئی پوچھے تو مسیحا سے ذرا
روئے دیتے ہیں رُخِ بیمارِ ہجراں دیکھکر

غضب ہے جان لے لیتے ہیں یہ بت دلربا ہوکر
الٰہی دی یہ قدرت تو نے بندوں کو خدا ہوکر

یہ کیا آخر ہوا ناکام کیوں خنجر لٹکے جاتے ہو
بڑے دعوے سے تم تو آئے تھے تیغ آزما ہوکر

یہ تھی اُمید لیکن بعدِ مردن روحِ عاشق کو
کیا مسرور بارے رونقِ بزمِ عزا ہوکر

بس اس اُمید پر عاشق تمھارے مٹے آخر
کہ شاید ہو کبھی اپنی رسائی خاکِ پا ہوکر

وہ بت اور اے دلِ پیسے کسی سے
یہ ہم ہیں کہ پتھر کو پگھلا رہے ہیں

عدم کے جانیوالو اک ذرا دم بھر ٹھہر جاؤ
کہ ہم بھی ساتھ چلنے کے لیے تیار بیٹھے ہیں

بہت کچھ دلمیں لیکر آئے تھے لیکن کہیں کیونکر
کوئی اپنا نہیں محفل میں سب اغیار بیٹھے ہیں

پُوچھا جو میں نے دلکا پتہ کچھ بتایئے
بولے مجھے خبر نہیں رہتا ہوگا یہیں کہیں

اے نیند ایک چشمِ زدن کو تو آ کبھی
شاید کہ آئے خواب میں وہ نازنیں کہیں

دل سے چلے ہیں اشک بجھانیکے واسطے
سوزِ جگر سے آگ لگی بالیقیں کہیں

چلا جب خاک اُڑانے تیرا سودائی بیاباں کو
پکاری روحِ مجنوں چاک کر وحشی گریباں کو

پسِ مردن وہ کب آئے لحد پر فاتحہ پڑھنے
فلک جب بے نشاں بھی کر چکا گورِ غریباں کو

نہ جنت سے غرض اے راز مطلب ہے نہ دوزخ سے
یہ کس کافر کے پیچھے چھوڑ بیٹھے دین و ایماں کو

نہ آئے نیچنے کو، آیئے جنازے پر
نیازمند کی کوئی تو آرزو نکلے

وہ دل جلا ہوں چھری پھیریئے جو گردن پر
کٹیں رگیں تو عوض خون کے دھواں نکلے

پان کھا کر جو کوئی آتا ہے
خون ہنس ہنس کے وہ رُلاتا ہے

کس سے پوچھے کوئی حقیقتِ عشق
دیکھئے جس کو اپنی گاتا ہے

چل بسا اب ترا مریضِ فراق
اور دم بھر دم آتا جاتا ہے

نشۂ مے سے نہ تھے ہوش بجا بھول گئے
رات کی بات بھی کچھ یاد ہے یا بھول گئے

میرا افسانہ انھیں اور تو سب یاد رہا
حرفِ مطلب پہ جب آئے تو کہا بھول گئے

میری قسمت! میری تقدیر! امقدر میرا!
دل کے دیتے ہی وہ سب عہد وفا بھول گئے

یہ جو فسوں ناک حالتیں ہے
حضرتِ عشق کی بدولت ہے
شورِ ہنگامۂ قیامت ہے

کھینچکر تیغ وہ یہ کہتے ہیں
کون آمادۂ شہادت ہے
اور نہ کچھ عرض ہے نہ حاجت ہے

راز۔ جناب علی احمد صاحب راز سکندرہ حال باوجود کوشش نملا طبیعت کا رنگ کلام سے ظاہر ہے

راز

آنکھیں تو گئیں ہائے مگر دیدۂ دل میں
باقی ہے وہی حسرتِ دیدار کسی کی

آندھی کی ہوا برق کا دم دیکھ چکے ہیں
آگے نہ بڑھی عمر سے رفتار کسی کی

وہ چور ہے نخوت میں کسے چھیڑ رہے ہو
مارے گا نہ مستِ مئے پندار کسی کی

اے راز ضعیفی ہے مگر جی کو نہ ہارو
دیکھ آئیں چلو گرمیٔ بازار کسی کی

راسخ۔ سخن سنج باکمال شیخ غلام علی صاحب راسخ عظیم آبادی، شاگرد رشید ملک الشعرا میر تقی میر دہلوی، نامور شعرائے سلف میں سے گذرے ہیں، صاحب دیوان تھے اور اپنے وقت کے استادوں میں شمار کیے جاتے تھے، بزرگوں کا وطن شاہجہاں آباد تھا۔ لیکن انکی ولادت پٹنہ عظیم آباد میں ہوئی، ابتدائے مشق میں میر و سودا کے ہمعصر، شاہ گھسیٹا عشق کے شاگرد میرزا محمد علی فدوی اور میرزا شرر کو غزلیں دکھائیں لیکن صدائے سخن میر تقی میر سے شرف تلمذ حاصل کرنے کے بعد اس امر کا اعلان پسند نہ کیا اور تادم اخیر

راسخ

میر صاحب مغفور کی عقیدتمندی کا دم بھرتے رہے جسکا نیازمندانہ اعتراف انکی غزلیات کے متعدد مقطعوں سے ہوتا ہے، میر صاحب موصوف کی خدمت میں پہلی مرتبہ شرف باریابی حاصل کرنے کا حال بیان کرنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ مشہور ہے کہ جب شیخ صاحب دلّی میں وارد ہوئے اور میر صاحب کے اشتیاق ملاقات میں اُنکے درِ دولت تک پہنچے تو باریابی کی کوئی صورت نظر نہ آئی۔ کیونکہ میر صاحب جس طرح سخنوری میں بیدل تھے اسی طرح نازک دماغی اور تنک مزاجی میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے پھر شیخ صاحب جیسے گمنام مسافر کی رسائی انکے حضور تک کیونکر ممکن تھی، آخر جب کوئی صورت نظر نہ آئی تو شیخ صاحب نے یہ شعر بہ تقریب حصولِ ملاقات ایک ماما کے ہاتھ لکھکر ارسالِ خدمت کیا۔

خاک ہوں پر تو تیا ہوں چشم مہر و ماہ کا	آنکھ والا رتبہ سمجھے مجھ غبارِ راہ کا

میر صاحب ہزار مغرور اور مستغنی المزاج آدمی تھے مگر کمال اور اہلِ کمال کے قدردان تھے۔ بیتابانہ باہر نکل آئے، ڈیوڑھی میں بوریہ کا فرش بچھایا گیا اور دونوں باکمال ایک جا ہوئے۔ راسخ مرحوم نے اپنا دیوان بنظر اصلاح پیش کیا۔ میر صاحب نے جابجا سے دیکھکر فرمایا "دیکھی تم سمجھے بوجھے آدمی ہو تمھیں اصلاح کی کیا ضرورت" شیخ صاحب نے اصرار کیا کہ کچھ تو دستِ مبارک سے بناکر عزت افزائی فرمایئے۔ صاحبِ "نوائے وطن" لکھتے ہیں کہ میر صاحب نے دستِ خاص سے اس شعر کو مرتے دم اُن کا ذکر جب آیا زبان پر ۔ نیند آگئی ہمیں تب اسی داستان پر، یوں اصلاح فرمائی ؎

تا خوابِ مرگ ذکر تھا اُن کا زبان پر	نیند آگئی ہمیں تو اسی داستان پر

اور اپنا دیوان عنایت کرکے کہا کہ "یہی تمہاری اصلاح کیا کرے گا"

حضرت راسخ ۱۱۶۲ھ میں پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ ایک یہ بھی روایت ہے کہ موضع "سائین" جو پٹنہ سے دس کوس کے فاصلہ پر ہے آپکا مولد ہے۔ ۱۲۲۱ھ تک مختلف مقامات مثلاً کلکتہ غازیپور، لکھنؤ اور دہلی کی سیاحت میں مصروف رہے، آخر کار ۱۲۲۲ھ میں اپنے وطنِ مالوف

کی طرف مراجعت کی، اُس زمانہ میں پٹنہ مرجع اربابِ کمال تھا اور شاعری کا تمام امیرزادوں اور رئیس زادوں میں رات دن چرچہ تھا، ایسی پُرلطف صحبت پاکر یہیں کے ہوگئے، اور عمر کا بقیہ حصّہ یہیں گذرا۔ آپ میانہ قد، گندمی رنگ، آزاد طبیعت انسان تھے عظیم آباد پٹنہ کے اکثر مشاعروں میں شریک ہوکر داد سخن دیتے رہے، بزم سخن میں دوزانو بیٹھے رہتے تھے اور جب شعرا غزلیں پڑھتے تھے تو یہ آنکھیں بند کئے جھوما کرتے تھے، اپنی غزل پڑھتے وقت آنکھوں سے آنسوؤں کا تار بندھ جاتا تھا اور اکثر ایسا ہوتا تھا کہ دو چار ہی شعر پڑھکر رک جاتے تھے۔ بیشتر کلام تصوف کے رنگ میں ڈوبا ہوا ہی جس سے آپکے صوفی المشرب ہونے کا پتہ چلتا ہے، بعہد پیرانہ سالی ۷۶ برس کی عمر پاکر ۲۲ جمادی الآخر ۱۲۳۸ھ میں واصل بحق ہوئے اور محلہ لودی کٹرہ عظیم آباد میں دفن ہوئے ۱۳۱۱ھ میں انکا کلیات خیر المطابع عظیم آباد سے چھپکر شائع ہوا ہی۔ ۶ مثنویاں بھی اِن سے یادگار ہیں، جملہ اصناف سخن میں دسترس تھی۔ مثنویوں کی وہی زبان ہے جو میر کی ہے۔ فصاحت و شیریں زبانی مضمون کی پاکیزگی و سلاست بیان انکی شاعری کا خاص جوہر ہیں اور زبان اور مضمون کی متانت دوش بدوش ہے۔ حضرت راسخ بڑے آزاد مزاج تھے مرتے دم تک کرایہ کے مکان میں رہے، موسیقی سے کچھ لگاؤ تھا۔ چنانچہ سنا ہی کہ جبتک سُروں سے دل گداز نہو جاتا شعر گوئی کی طرف متوجہ نہوتے تھے، یہ بھی سنا ہے کہ جب مہین کُرتہ پہنے ہوتے تو انکے قلب کی تڑپ لوگوں کو محسوس ہوتی۔ مشاعرہ میں غزلخوانی کے وقت شاعر کی تعریف کرنا خلاف ادب مشاعرہ سمجھتے تھے، البتہ بعد اختتام صحبت کلمات تحسین و آفرین ادا کرنے میں دریغ نفرماتے اولیا اللہ کے مزاروں سے بھی بڑی عقیدت تھی اور اکثر گھنٹوں ایسے مقامات پر اپنا کلام پڑھا کرتے تھے، کلام کا انتخاب ہدیۂ ناظرین ہے۔

رُخ زیبا دیا گل کو، دلِ بے صبر بلبل کو
اسے خنداں کیا پیدا، اُسے نالاں کیا پیدا

نہالِ حُسن کو کس کس روش بخشی ہے زیبایش
چمن میں عشقبازی کے گلِ حرماں کیا پیدا

مدّعا عالم سے اپنا ہی فقط دیدار تھا
دید کو اپنی یہ آئینہ اُسے درکار تھا

دل سے آگے کیوں بڑھا تو اے جلبگارِ وصال
پھر اُدھر ہی جا وہی گھر جلوہ گاہ یار تھا

کفر بھی اک شان جلوہ کی اُسی دلبر کی ہے
شیخ کیوں تو برہمن سے برسرِ انکار تھا

کب وہ یت خواہ پنا آسنج اپنے قاتل سے ہوا
وہ تو دست و تیغ قاتل ہی کا جانبدار تھا

شوق کی باتوں کا کس نامہ بیں ظہانہ تھا
ہمنے کب خط اُنھیں لکھا کہ وہ طومار تھا

دُکھ سہے ترک جو نظارہ ولدار کیا
آہ پرہیز نے دُونا ہمیں بیمار کیا

برسوں رہا ہے صدمہ کش رشک آہ دل
یہ نسخہ ہے کچھ آب زدہ کچھ جلا ہوا

استادوں کا استاد ہے راسخ ہمارا

ہوا دیوانہ ہر فرزانہ تیرا
بہت فرزانہ ہے دیوانہ تیرا

دل مینتی ہوا جو شکست آشنا ہوا
یہ شیشہ ٹوٹنے سے جواہر بہا ہوا

مت پوچھئے مجھ سے حال میرا
حیرت زدہ کیا بیاں کرے گا

جاں جسم پہ اب گراں ہے اے غم
کتنا مجھے ناتواں کرے گا

آتا ہے نظر کچھ اور رنگ آہ
کیا دیدۂ خونفشاں کرے گا

غافل تو بھی تو رفتنی ہے
کبتک غم رفتگاں کرے گا

ہے بندگی آزادی میں ایجاد ہمارا
کرتے ہیں ادب مردم آزاد ہمارا

دل کی قیمت شکستگی سے بڑھی
قلب تھا کامل العیار ہوا

معمورِ طرب رکھے دل دوست نے دشمن کے
آنکھوں کو محبّوں کی آنسو سے بھرا رکھّا

عقل والوں کے نہ آیا بیچ میں رسنج کبھو
یہ بھی اُسکی ذی شعوری تھی کہ سودائی رہا

پیشتر تم تھے جہاں اب سبب تسکین ہے
اِس مکاں کے در و دیوار کو دیکھا کرنا

اپنے دیوانوں کا سرخیل بنایا مجکو
ہُنوا پر اُنھیں منظور تماشا کرنا

متصل دل کو اضطراب رہا
جان پر تجھ بن اک عذاب رہا

بے حجابی کے بعد بھی مجھ سے
اسکو اک طور کا حجاب رہا

وے تھے خواہاں مری خرابی کے
مَیں اِسی واسطے خراب رہا

وے رہے ہم شراب غیر کے ساتھ — راسخ اپنا جگر کباب رہا
راسخ کو ہے میر سے تلمذ — یہ فیض ہے اُنکی تربیت کا

دشمنی در پردہ کی ای وائے تُو نے کیا کیا — آپ تو پردے میں بیٹھے اور ہمیں رسوا کیا
کب میرا خریدار ہو موجد وہ جفا کا — بندہ تو ہوں ہی عیب ہے مجھ میں وفا کا
سونپا ہوا داغ اُنکا تازہ ہی سدا رکھا — ہمنے اِس امانت کو چھاتی سے لگا رکھا

ملیں حضرت راسخ ہمسے اگر تو یہ پوچھینگے اُنکی جناب میں ہم — کہو قبلہ و کعبہ وہ کیسا تھا کل بھٹیل کا ٹٹا سا جسکی ہوئے کیا

قطعہ

علائق سے آزادی کی تھی میسّر — جنوں جن دنوں اپنا زنجیر پا تھا
نہ تھی فکر پوشش کی دیوانگی میں — اِس اندیشہ کو میں نے تہ کر رکھا تھا
نہ بالیں کی خواہش نہ بستر کی حسرت — نہ پروا کُلہ کی نہ فکرِ قبا تھا
فقط گرد کی تہ تھی پیراہن تن — نہ کچھ پاس اپنے کچھ اسکے سوا تھا
کیا ہائے کیا تو نے ای ہوشیاری — لباس اپنے تن پر وہی خوشنما تھا

حیا کے پردے میں مارا ہے ایک عالم کو — شہید میں تو ہوں اُن شرمگیں نگاہوں کا
گذرے جو وہ خیال میں تو نازکی سے ہائے — یہ رنگ ہو کہ پھول ہو جیسے کھلا ہوا

ہو ضبطِ آب ٹوٹے ہوئے ظرف میں کہاں — دل چاک ہو گیا ہے جو آنسو رواں ہے اب
راسخ اِس عہد میں متاعِ وفا — کیمیا کی طرح سے ہے نایاب

صورت ہمارے حال کی بگڑی سی دیکھ کر — قاصد نے اُنکے آگے کی ویسے بنائی بات
زندہ ہے نام میر راسخ سے — کوئی ہے شاعروں میں ایسا آج

کہاں کا دام فقط ہے ترنّمِ نظر صیاد — جو چاہے صید رہوں ہم دیکھ ٹک اِدھر صیاد
جفا یار کی گر ہو مخصوص تیری — تو ہرگز نہ شاکی ہو شکرِ جفا کر
فلک تجھ سے خواہاں وفا ہی نہیں ہم — ہمیں کو جو چاہے یار کیا تو گدا کر

کب [illegible] بندہ کو سوجھتے تھے [illegible] — پر تجھ کو پر نہ سوجھتے تھے گھر کو گھر

دیکھتے سر پہ کمینے کے اگر رکا تاج — قطعہ — کفشِ پا سے بھی ٹھہرتا تھا نظر میں کمتر
خاک آلودہ نظر اہلِ ہنر کر آتا — اُسکو دیتے تھے بتوقیر جگہ آنکھوں پر
کیا زمانہ تھا کہ تھی اہلِ لیاقت کی قدر — سنگ گوہر سے نہ ہوسکتا تھا ہرگز ہمسر
وضعداروں سے مبک وضع دبے رہتے تھے — دخل کیا سفلہ چلے محترموں سے بڑھکر
وہ نسق ہی نہیں بالعکس ہے اس کا اہتو — بے ہنر خوش ہیں خراب و رذیل اہلِ ہنر
ننگ ہیں وے جو حقیقت میں صفِ پائیں کے — بزم میں صدر نشیں ہوتے ہیں جاکر اکثر
قابلِ صدر نشینی ہیں مجالس میں جو لوگ — سخت مشکل سے ہے تمیز صفِ نعالِ مکا گذر
چغد اور بوم نے پایا ہے ہما کا رتبہ — زاغ کے آگے ہے طوطی یوہیں اک مشتِ پر
اِس زمانے کے بھی کیا مرتبہ داں ہیں امیر — فہم کا اُنکی بھلا وصف نہ کیجے کیونکر
قتلباں کے تئیں دیں بخش کہ تا نامی ہوں — ہے سلیمان کی انگشت کا گر انگشتر
کوئی محتاج جو سائل ہو تو ہوں چین بجبیں — دیکھے دشنام کہیں اسکو نکالو باہر
بوعلی سامنے گر آکے سلام اُنکو کرے — سرسری سے ہوں اُسے دیکھ کے کچھ دست بسر
آوے ملنے کو اگر کوئی سفاہت پیشہ — تا درِ خانہ اُسے لانیکو جاویں اُٹھ کر
سُنکے اِن باتوں کو مجھ سے لگا کہنے وہ دوست — جو کہا تو نے نہیں فرق ہے اس میں یکسر
چشم قربان کی مانند ہوں حیراں ہمہ تن — دل ہوں مفلس کا پریشاں ہوں میں سرتاسر
ربط کچھ بالش و بستر سے بھی باقی نہیں اب — سوؤں ہوں وڑھ کے مہتاب کی شب چادر
آہ صدموں سے غموں کے ہوں زخود رفتہ سدا — محو اندوہ ہوں ایسا کہ نہیں اپنی خبر
ہو نشہ طرفہ مزے سے ہے کہ پیتا ہو نہیں — ہر سحر اُٹھ کے مے خون جگر کا ساغر
کثرتِ غم سے دل زلیسکہ ہے ویران و خراب — کیا کہوں گذرا ہے اس راہ سے گویا لشکر
داغ پر داغ ہیں سینہ میں ستاروں کی طرح — آسمان غم کا غرض ٹوٹ پڑا ہے مجھپر

غموں کا کاش محو جلوہ فرمائی نہ ہونے تم — جگہ دل میں مرے کرتے جو ہرجائی نہ ہوتے تم

تمھاری التفاتِ خاص ہی وجہ جنوں تھی یاں
تماشا ہم نہ بنتے گر تماشائی نہ ہوتے تم

نہ پہنچے حیف دل تک اے مقیمانِ درِ کعبہ
جو یاں آتے تو واں محوِ جبیں سائی نہ ہوتے تم

جہاں ہے قبلۂ رغبتیں گر ہوتی بینائی
تو اے اہلِ جہاں اسکے تمنائی نہ ہوتے تم

جز داغ ہے کیا دلِ حزیں میں
لالہ ہی اُگے ہے اِس زمیں میں

گالی میں بھی اُنکی جو مزا ہے
کب ہے وہ حلاوت انگبیں میں

ابا ور لگا ہوئے ایجادِ گلستاں میں
راتوں کو لگا رہنے صیادِ گلستاں میں

کافی ہے اے ابرہائے دیدہ میری چشمِ تر
دامن آگے تم سمندر کے نہ پھیلایا کرو

آغوش کے بھی جاگیں ہماری کہیں نصیب
کیا ہو کسی جو لگ کے گلے سو رہا کرو

ملتا ہوں اُنکے حسرتِ پابوس میں جو ہاتھ
کہتے ہیں بیٹھے ہاتھ تم اپنے ملا کرو

راسخ علاقہ دل کا نہو دلبروں کے ساتھ
تم اہلِ دل ہو حق میں مرے یہ دعا کرو

گردوں نے طرفہ قلبِ ورد آشنا دیا ہے
یعنی ہمیں یہ شیشہ ٹوٹا ہوا دیا ہے

کتنی گراں بہا ہے پاؤں کی ٹھوکر
قیمت میں اُسکی سر کو ہمنے جھکا دیا ہے

کبتک غبار ہے جی میں رکھوگے صاحب
ان نے تو خاک ہی میں ہمکو ملا دیا ہے

سنتے تھے ہوش افزا جلوہ کو ہم تمھارے
سو ہمکو تو دوانا ان نے بنا دیا ہے

آدمِ عالم کی ہم اس وضع سے حیران ہوئے
دشت یاں شہر ہوئے شہر بیابان ہوئے

کیوں نہ وے مدعیِ معرفتِ حق ہووے
جو شناسندۂ ماہیتِ انسان ہوئے

دم میں آزاد کیا قید سے ہستی کی ہمیں
تیغِ قاتل کے تو ہم بندہ احسان ہوئے

عبث اُس سے بیٹھے ہو دل لگا چلو راسخ اب کہیں یاں سے تم
روش اُن عزیزوں کی خوب تھی جو دل اس چمن سے اُٹھا گئے

ہوئے ہیں ہم ضعیف اب دیدنی رونا ہمارا ہے
پلک پر اپنی آنسو صبح پیری کا ستارا ہے

قطعہ

شرفِ میکدہ بیاں کیا ہو
یہاں کے رند افضلِ زمانہ ہوئے

غمِ شریفِ حرم کو یہ ہے کہ حیف
نہ گدائے شہ ابخانہ ہوئے

وقت چلنے کے علاقوں کی خلش تا رہے
خواہشیں جمع تھیں دل میں سو کیا انکو دفع

اسبابِ جی کو ہر اک شے سے اٹھایا ہمنے
کوچ سے آگے ہی سامان لٹایا ہمنے

مثنوی

اے عشق امام ہے تو میرا
دیں ہے اسلام ہے تو میرا

تو جاں ہے جسمِ ناتواں میں
ہوئے جو نہ تو تو پھر کہاں میں

ہے اک کفنی سو زعفرانی
اشکوں کا ہے رنگ ارغوانی

کپڑوں کے نہ بند میں رہا میں
اس قید سے ہو گیا رہا میں

پوشش سے تو میں نے ہاتھ اٹھایا
عریانی کو پیرہن بنایا

جب سے ہوئی تجھ سے آشنائی
بیگانگی بسکہ مجھکو بھائی

ہے طرفہ مزا تیری جفا کا
جی جانتا ہے مری وفا کا

تو حاکمِ کشورِ وفا ہے
محکومِ شہانِ نارسا ہے

تھے وے جو بہت لطیف و رعنا
چھنوائی انھیں سے خاکِ صحرا

آتش دی دلوں کو آہ تو نے
گھر لاکھوں کیے سیاہ تو نے

شعلے سینوں سے گہہ اٹھائے
گاہے جگر آب کر بہائے

شاہوں کی تباہی تو نے چاہی
کشکول بنائے تاجِ شاہی

وارفتہ کفر تجھ سے دیندار
تسبیحیں بنائیں تو نے زنار

سجادوں سے خلوتی اٹھائے
صحرائیں برہنہ پا پھرائے

درہم ہوا دہر تیرے ہاتھوں
برہم ہوئے شہر تیرے ہاتھوں

پاتی میں ہی آگ تو لگا دے
گر تری رشت کو جلا دے

تو عقل کے ہوش کھو سکے ہے
جو چاہے سو تجھ سے ہو سکے ہے

تجھ سے ہوا دستِ کفر بالا
تو چاہے اگر تو دخترِ ترسا

دیں چھین لے سامنے زاہدوں کے
نظارہ اتارے زاہدوں کا

راسخ

راسخ۔ نواب ظفر یاب خان راسخ مقیم لکھنؤ خلف المخاطب بہ نواب جانفظا الملک نواجا حافظ رحمت خاں والی کھٹہر کی اولاد میں اور صاحب دیوان تھے ۱۲۸۵ھ میں انتقال کیا، نواب منصور خان مہر سے تلمذ رکھتے تھے، فن شعر سے عشق تھا، شب و روز یہی مشغلہ رہتا تھا، خواجہ آتش اور شیخ ناسخ کے ہمعصر تھے اور اپنی کثرت مشق کے باعث عزّ و وقار کی نظروں سے دیکھے جاتے تھے۔ طرز سخن میں ناسخ کے مقلد معلوم ہوتے ہیں۔ بڑی تلاش سے کچھ کلام ہاتھ آیا اُس کا انتخاب حاضر کیا جاتا ہے۔

منزلِ مقصود کا پایا سُراغ — خضر میرے پاؤں کا چکّر ہوا

گو مگو اُس شوخ کا اقرار ہے بھی اور نہیں — میرے ملنے سے اُسے انکار ہے بھی اور نہیں
لاغری سے ضعف ایسا ہو گیا مثلِ عکسِ خس — بسترِ غم پر یہ بیمار ہے بھی اور نہیں
چین بے دیکھے نہیں اور دید سے جاتی ہو جان — وہ تجلّی قابلِ دیدار ہے بھی اور نہیں
خامشی سے دل جلے کہنے سے جلتی ہے زبان — حال اپنا قابلِ اظہار ہے بھی اور نہیں
گہہ اُٹھا لیتا ہو گہہ سینہ پہ رکھتا ہے وہ ہاتھ — سانس لینا اب ہمیں دشوار ہے بھی اور نہیں

اُس آبِ حیات سے جُدا ہوں — مچھلی کی طرح تڑپ رہا ہوں

دکھایا صانعِ قدرت نے اب تیرے کفِ پا کو — سُنا کرتے تھے ہم اعجازِ روشن دستِ بیضا کو
دلِ بے آرزو کون و مکاں کہتے تماشائی — رکھا خالی ازل سے ہمنے آغوشِ تمنّا کو
تو رہ چڑھا کے رہ گئے تم کیوں اُٹھا کے ہاتھ — چھوٹا ہے نیچہ تو لگاؤ بڑھا کے ہاتھ
دریائے حسن اور بھی دو ہاتھ بڑھ گیا — انگڑائی اُس نے نشہ میں لی جو اُٹھا کے ہاتھ

مفتونِ صنم ہو دل دیوانہ ہوا ہے — یہاں کعبہ نثارِ درِ میخانہ ہوا ہے

دیکھنے نکلا جو وہ خورشید منظر چاندنی — دھوپ سے بھی ہے چمک میں آج بہتر چاندنی
اب اندھیرے اور اُجالے پھرتے ہیں وہ در بدر — دھوپ دکھلاتا پدر جن کو نہ مادر چاندنی
خیالِ زلفِ پیچاں شامِ غربت کی سیاہی ہے — تصورِ روئے تاباں کا خیالِ صبح گاہی ہے

دلِ وحشی کو ہے خارِ غمِ ہجراں سے آسایش
علاجِ خونِ فاسد رنگ آخر نوکِ نشتر ہے

عبورِ بحرِ آفت خیزِ ہستی ہے بخود دیں
شکستِ وحشتِ تعلق سے مری کشتی کا لنگر ہے

بے دیدۂ گریاں ہو کہاں دل کی صفائی
روشن نفساں رہتے ہیں ہر وقت وضو سے

راسخ

راسخ۔ میاں عنایت محمد خاں راسخ، خلف عادل شاہ خاں باشندۂ رامپور ۱۲۸۹ھ میں نواب غوث محمد خان رئیس بھوپال کی نواسی نصیر بیگم سے عقد ہو جانے کے باعث بھوپال میں سکونت اختیار کی۔ فن سخن میں شیخ احمد علی رساسے تلمذ تھا، چند غزلیں منیر شکوہ آبادی کو بھی دکھائی تھیں، انکی تالیف سے ایک رسالہ واجب العمل مطبع نظامی میں چھپ چکا ہے۔ شاہجہاں بیگم صاحبہ بھوپال کی قدردانی سے بزمرۂ اخوان الریاست وظیفہ خوار ہیں ۱۳۰۴ھ میں سینتیس برس کی عمر تھی، یہ کلام کا رنگ ہے۔

سرِ تسلیم خم ہر کافر و دیندار رکھتا ہے
بڑھا طاقِ حرم سے رتبہ کیا محرابِ ابرو کا

حرم کی پردہ پلکیں ہیں شریف کعبہ مرو ہیں
دکھایا آنکھ نے اس بت کی رتبہ طاقِ ابرو کا

راسخ

راسخ۔ منشی سعادت علی خان دہلوی تربیت یافتہ حکیم مومن خان۔ نیک طینت، خلیق اور طباع نوجوان تھے اور غدر سے پہلے زندہ و سلامت تھے۔ یہ دو شعر انکے طبعزاد ہیں۔

ہوں تو آنکھوں میں پر نہیں یہ خبر
سُرمہ ہوں، یا غبار ہوں، کیا ہوں

ہیں بنائے جہاں سہی لیکن
جبکہ ناپائدار ہوں کیا ہوں

راسخ

راسخ۔ شاعرِ باکمال سخنورِ عدیم المثال مولنا عبدالرحمن راسخ دہلوی الملقب بہ خلاق المعانی خلف مولوی محمد حسین صاحب فقیر بانی مدرسۂ حسینیہ دہلی۔ فقیر استاد ذوق کے شاگرد اور صاحبِ دیوان نعتیہ تھے جو چھپ گیا ہے۔ حضرت راسخ قصبۂ بنت نواح پانی پت کے رہنے والے تھے مگر جناب راسخ کی عمر کا بڑا حصہ دہلی ہی میں گذرا اور یہیں تعلیم و تربیت پاکر بڑے ہوئے اوائلِ عمر سے مطالعہ اور کتاب بینی کا شوق بیحد تھا۔ ابتدائے شباب میں "افضل الاخبار" بمثال پنچ دہلی پنچ۔ چلتا پرزہ، و خیر خواہ عالم" کے برسوں ایڈیٹر رہے۔ انکی ظرافت پسند طبیعت کے

بہت سے نوٹے ان پرچوں میں موجود ہیں، کملائے دلّی سے مختلف علوم و فنون میں سبق لیکر ایسی استعداد پیدا کرلی کہ خود ایک زبردست اور جید عالم سمجھے جانے لگے، وعظ بالخصوص بہت اچھا کہتے تھے۔ فقہ، معقول، منقول، اور کتب حدیث پر کامل عبور تھا، مثنوی مولانا روم کی جو شرح مرحوم نے لکھی وہ صوفیائے کرام میں بڑی وقعت اور عظمت کی نظر سے دیکھی جاتی ہے اور درحقیقت انکی زندگی کا بہت بڑا کارنامہ یہی ہے۔ اوائل مشق سخن میں مرزا ارشد سیف الحق ادیب، پنڈت جواہر ناتھ ساقی وغیرہم کے ہم مشق اور ہم صحبت رہے، اور اپنی میانہ روی خوش مذاقی۔ اور صلح کل پولیسی سے علمی صحبتوں میں امتیازی نظر سے دیکھے گئے، میدان مناظرہ میں کئی بار مولانا شوکت میرٹھی وغیرہ سے مباحثہ ہوا، مرحوم کے دو دیوان تھے جس میں سے دوسرا ہنوز غیر مطبوعہ انکی بیوی کے پاس موجود ہے، دیوان اول مرآۃ الخیال جو ۱۳۱۳ھ میں چھپا شوخی زبان، مضمون، بلندی فکر، جدت خیال، تازگی مضمون کا ایک قابل قدر آئینہ ہے۔ ۱۸۸۵ء سے ۱۹۶۷ء تک کامل بیاسی برس دہلی میں استاد مانے جاتے رہے، ساٹھ ستر تلامذہ بھی تھے جس میں بابو دنانک پرشاد طالب بنارسی مقیم بمبئی۔ چندی پرشاد شیدا، پیارے لال رونق دہلوی بڑے باعقیدت تلامذہ اور قابل ذکر ہیں۔ دہلی کے مشاعروں کے کن سمجھے جاتے تھے حضرت داغ مرحوم نے انکے اکثر اشعار کی داد دی اور متعدد موقعوں پر دہلی کے نوآموز شعراء کو تحریک کی کہ راسخ کی دہلی میں موجودگی میں غزل انہیں کو دکھاؤ۔ دہلی سے باہر شاعری کی شہرت کی ابتدا "رسالہ زبان" جاری کرنے کے بعد ہوئی اور تلامذہ کی تعداد بھی بڑھ گئی۔ دوسرے دیوان پر مولانا کو خاص طور پر ناز تھا کیونکہ یہ انکے پختہ غور و فکر اور قادر الکلامی کا نتیجہ تھا۔ اس کی غزلوں کے اکثر اشعار نہایت پھڑکتے ہوئے تھے، اسقدر شہرت اور ناموری حاصل کرلینے کے بعد یہ حیرت انگیز بات ہے کہ مولانا نے وفات سے چار سال پیشتر عاشقانہ شاعری سے توبہ کرکے درس و تدریس اور وعظ کو اپنا مشغلہ بنالیا مگر تلامذہ کی اصلاح کا سلسلہ بدستور جاری تھا توبہ کے بعد سے تادم مرگ مولانا نے عشقیہ شعر نہیں کہا۔ آغا شاعر نے حق ہم وطنی و دوستی

مصرع تاریخ وفات "ہائے راسخ فرد کامل کم ہوا" کہہ کر ادا کیا، بعارضۂ بواسیر ۲۹ ستمبر ۱۹۰۶ء کو بعمر ۶۴ سال انتقال فرمایا۔ تین بیٹیاں صغر سن اپنی یادگار چھوڑیں۔

کہہ دو بسمل سے کہ اک ہاتھ جگر پر رکھے
اور اک ہاتھ سے تھامے رہے دامن اُن کا
قاتل و ہاں زخم سے آتی ہے یہ صدا
بیرحم ایک ہاتھ میں قصّہ تمام تھا

کیا چھپاتے ہو ڈھل گیا جوبن
وہ جو چوری کا مال تھا نہ رہا
دل عاشق میں داغ ہے کس کا
کعبہ میں یہ چراغ ہے کس کا

ملا کے لائے تھے زمزم میں مُغبچے لیکن
جناب شیخ کی قسمت ہی میں ثواب نہ تھا
جینا ہے خضر بتوں پہ مرنا
مرنے میں ہے لطف زندگانی کا

الٰہی حور ہو حصّہ کسی سیدھے مسلماں کا
ہیں وہ چاہیے معشوق جو ہانکے سے ہو بانکا
کسی میکش کو دینگے تختہ انگور کی خدمت
جناب شیخ ٹھیکہ لیچکے ہیں باغ رضواں کا
لہو بھی چار چلّو بڑھ گیا مشق ستم ہوکر
ترے چہرے پہ قاتل رنگ ہے خون شہیداں کا

ملا لو قیس سے فرہاد سے مری تصویر
یہ حال کس کا ہوا ہے یہ حال کس کا تھا
مرنیوالو نکالی کہیں پر وہ ڈھک جائے
دھجیاں ہوکے پڑے لاش پہ دامن انکا
دل سے یاد دوستاں جاتی نہیں
بارہا سمجھا چکا ہوں بارہا
فکر تھا ہوتی ہے کیونکر مفت کی یار جلّال
قاضی صاحب کے سبب یہ مسئلہ حل ہوگیا
رکھدیا گلشن میں بلبل کا قفس
مرحبا صیاد کیا کہنا ترا
کچھ دکھاتا ہے کچھ چھپاتا ہے
شعبدہ ہے یہ اُنکے آنچل کا
سر حشر چھپتے پھروگے کہاں
دل زار تم پہ مچل جائے گا
قیامت ڈھائی مچھر حشر توڑا اُس تگمر نے
عدو کو قبر پر لایا ستم ٹوٹا غضب آیا
ہمنے جان و دل کے حصّے کر دیئے
وہ خدا کی یہ تمہارے نام کا
پی بھی لے ناصح نادان مری خاطر سے
یوں سمجھ جیسے پلائی وہ گنہگار رہا

اپنے جنوں کا آپ ہی کرتے ہیں ہم علاج — تعویذ دھو کے پیتے ہیں مجنوں کی گور کا
کچھ تم بھی بولتے ہو چلا کوڑیوں کے مول — نیلام کر رہا ہوں دلِ نا اُمید کا

اپنے بیگانے ہیں، بیگانے ہیں اپنے راسخ — وہ لگا نہ ہوں ہیں۔ اپنوں کا نہ بیگانوں کا

تیری دشنام کے مزے ہے ہے — مُنہ میں تیری زبان ہے گویا
ٹھوکریں مارتے ہیں نعش پہ وہ — پس شتن بھی جان ہے گویا

خشک و تر کو تری چاہت نے سکھایا کیا کیا — ڈوبنا مچھلیوں نے شمع نے جلنا جانا
مفت بخشا نہیں فردوس ہریں محشر میں — ہاتھ خالی نئے بازار میں کیسا جانا
حوروں کے واسطے مرتا ہوں میں کیا فرمایا — کچھ نہ سمجھا جو مجھے مردہ دل ایسا جانا
ہم بھی ہیں، تم بھی ہو، محشر بھی ہے اللہ بھی ہے — بڑے پختے ہو توکل معرکہ میں آجانا

رس کس نے لیا تری مسی کا — نیلم کا ہے رنگ پھیکا پھیکا
صدقہ ہے یہ غیر کی خوشی کا — جلتا ہے مری لحد پہ گھی کا
گلشن میں مسی ملی جو تُو نے — دم گھُٹنے لگا کلی کلی کا
ہے چوٹی سی عمر میں قیامت — فتنہ ہے وہ چوٹھوی صدی کا
پرچھائیں سے ڈر کے کہتے ہیں وہ — سایہ نہ ہو یہ کسی پری کا

پہلو میں بیگانۂ تیر قاتل — یہ یار ملا ہو دل لگی کا — راسخ کی خبر وہ سنکے بولے — حور و نہیں تھا دھیان جنتی کا

ترے جھوٹے وعدوں سے ہوں نیم بسمل — تڑپنے کو ہے جاں پھڑکنے کو ہے دل

مگر تجکو شاباش بے رحم قاتل — نہ کچھ اس سے مطلب نہ کچھ اُس سے مطلب

کوچۂ زلف میں پھر دل ہے ڈھئی دینے کو — بوسے لے دیکھے بلا کو کہیں ٹالو جھٹ پٹ
تو فندقیں لگائے میں دس ٹکڑے دل کروں — ایک ایک کو اُتاروں تری پور پور پر
آنسو ذرا تھمے تھے کہ آنکھیں اُبل پڑیں — ڈوبیں گی کشتیاں لبِ دریائے شور پر
یہی جنوں ہے تو دیکھ لینا سینگے مر کر بھی دشت پیما — نکال پھینکے گی قبر تکو ہوا ہی دشت سے تنگ آکر

چوڑیاں سبز تیرے ہاتھوں میں
شاخِ طوبےٰ رہی ہری ہو کر

نکتہ گیری کے سبب نکتہ نوازی کے طفیل
خُلد سے شیخ ہے دوزخ سے ہے کافر باہر

بھوں چڑھی، غصہ چڑھا، تیور چڑھے
یہ چڑھائی! عاشقِ دلگیر پر؟
قاتل اوچھے وار پر ہے منفعل
زخم منہ آنے لگے شمشیر پر
تم لڑے مجھ سے کہ قسمت لڑ گئی
مر مٹا میں خوبیٔ تقریر پر

بل کی لینے لگیں زلفیں ترے رخساروں پر
سانپ کے منہ میں کبھی ہوں کبھی انگاروں پر
چشم و ابرو کے شہیدوں کی ولا دے بخشے نیاز
تیر کے ٹکڑوں پہ ٹوٹی ہوئی تلواروں پر
لڑکھڑاتے ہیں قدم زُہد کے اے پیرِ مغاں
توبہ اب ٹوٹ کے گرنے کو ہے میخواروں پر

رندو ہیو پلاؤ کہ آئی ہے صبحِ عید
توبہ کو پھینکدو سرِ بازار توڑ کر
آبنکدہ میں زاہدِ مغرور ایک دن
زنّارِ کبر اور بُتِ پندار توڑ کر
دم نہیں، جان نہیں، حال نہیں، تاب نہیں
درد پہلو سے اُٹھے لیکے سہارا کس پر
تُربتِ حضرتِ راسخ پہ چڑھائے تیور
تم نے غصہ بھی اُتارا تو اُتارا کس پر
زاہد خیالِ حور ہے ملکِ خدا سے بھی
ناحق شناس فکرِ مکافات اب چھوڑ
مر کے بھی ہیں ترے بسمل تشنہ کام
مانگتے ہیں تیغ کا پانی ہنوز

پھرتی رہیں گی دِلّی کی گلیاں نگاہ میں
راسخ بہشت میں بھی رہونگا وطن کے پاس
میرے جنازے پر یہ لبِ گور نے کہا
مرمر کے پہنچا ہے یہ مسافر وطن کے پاس
دل میں ہزار تیر جگر میں ہزار زخم
راسخ یہ خارزار ہے میرے چمن کے پاس

میں مسلماں ہوں فرض ہے بوسہ
مصحفِ لاجواب ہے عارض

نہ اُٹھا آپ سے خنجر اُٹھوں دنیا سے میں کیونکر
مجھے ناطاقتی تم کو نزاکت ہو گئی مانع
لگائی تھی تمہگر تیغ جھوٹے ہاتھ سے تُو نے
عدو کو خلد سے جھوٹی شہادت ہو گئی مانع
کئے شباب میں جتنے گناہ عفو ہوئے
سُنا ہے میں نے جوانی ہی خواب میں داخل

پلا دے پیاسوں کو اے تیغِ یار دو دو گھونٹ
کہ ہے سبیل لگانی ثواب میں داخل

نہیں ہیں جن کے معاصی شمار کے قابل
وہی ہیں رحمتِ پروردگار کے قابل

واعظ سے سُن چکے ہیں قیامت کی پیاس ہم
بوتل بغل میں لیتے کفن میں گلاس ہم

قاتل نمک چھڑک کے تماشا تو دیکھ لے
کہتے ہیں زخمِ دل کہ نہیں ناسپاس ہم

سبُو سے کام ہے، بوتل سے کام جام سے کام
وہ رند ہم ہیں کہ رکھتے ہیں اپنے کام سے کام

قطعہ

کہتا ہے یہ ہند لاکھ کھا کر قسمیں
گوروں میں ہیں قتلِ بے گنہ کی رسمیں

سنتا ہی نہیں کوئی فغانِ درویش
سچ ہے کہ نہ ہو کوئی کسی کے بس میں

گر دِل کی کھُلے یارب صفِ محشر براتی ہو
وہ مُٹھ پیالے سے پلّہ باندھ کر نکلے قیامت میں

نظر آتی ہے آئینہ میں اُنکی شانِ یکتائی
بلا دیتے ہیں صورت دیکھنے والے کی صورت میں

راسخ اِس سینے میں اللہ کا دیا ہے سب کچھ
آگ ہر داغ میں ہے داغ ہیں ہر سو دل میں

کروٹیں سینکڑوں لیں سینکڑوں پہلو بدلے
چین سے دم نہ بیٹھا کسی پہلو دل میں

پرتو فگن ہے عارضِ ساقی شراب میں
دو آفتاب ڈوبے ہیں اک آفتاب میں

گذری سیاہ کاری میں یارب تمام عمر
آدھی شباب میں کٹی آدھی خضاب میں

مجھ سے گناہ گار کو دوزخ میں ڈال کر
دوزخ کو ڈال رکھا ہے ناحق عذاب میں

راسخ اُمید عفو یہ کہتی ہے بار بار
دُھوئے گئے گناہ ہمارے شراب میں

راسخ کی فاقہ مستی سے اللہ کی پناہ
کھاتا ہے سُو کھے ٹکڑے بھگو کر شراب میں

میرے سینے میں نہیں یار کے خنجر میں نہیں
دم بھی کیا چیز ہے دم بھر میں ہے دم بھر میں نہیں

عشق تجھ سے زلفِ پرخم کیا کریں
چھیڑ کر برہم کو برہم کیا کریں

قیامت کی ہے برپا آئینہ میں عکس کاکل سے
بلائیں لیتے جاتے ہیں پریشاں ہوتے جاتے ہیں

تپِ غم سے سنبھلنے کا نہیں اے چارہ گر راسخ
سنبھلنا جسکو سمجھا ہے سنبھالے میں سنبھلتے ہیں

نوجوانی ہے نئے تم ہو نرالا جوبن
بالا بالا نہ اڑا لے کوئی بالا جوبن

چولی مسکی ہے گریبان پھٹا پڑتا ہے
ہوش تو تم نے سنبھالا نہ سنبھالا جوبن

دیکھنا ہوتی ہیں غیروں کی نگاہیں رہزن
لٹ نجائے کہیں یہ ناز کا پالا جوبن

ٹکڑے ہو جائینگے گر آئینگی میخواروں میں
کام توبہ کا نہیں ایسے گنہ گاروں میں

راسخ تفتہ جگر بوئے کباب آنے لگی
خوش بیاں تجھ سے بہت آتش بیاں گنتی کے ہیں

وہی راسخ تو ہیں کل تک جو تنخانے کے دربان تھے
بنے بیٹھے ہیں حضرت چار دن سے ویں پناہوں میں

مبارک باد خواروں کو کہ دن بادل کے آتے ہیں
ہوا بدلی ہے بادل ریش قاضی بکے آتے ہیں

میرے مرنے کا وہ ماتم کیا کریں
مرنے والا مر گیا غم کیا کریں

کام پھرنے سے ہی تمھیں گھر گھر
شام دیکھو نہ دوپہر دیکھو

ادھر حوروں کا دعوی ہوا ادھر تیر انقضا ہو
تماشا ہے شہید ناز پر جنت میں جھگڑا ہو

خدا چاہے تو آئینگے عبث کہتے ہو وعدوں پر
ہمیں معلوم ہے صاحب خدا چاہے نہ تم چاہو

تمنا ہے پڑے بھر پور سر پر ہاتھ قاتل کا
الٰہی جو مری تقدیر کا لکھا ہے پورا ہو

بحر وحدت نے دیا رتبۂ قلزم مجھکو
مجھ میں گم تم کو کیا تم میں کیا گم مجھکو

حیرت حسن تجلی نے کیا گم مجھکو
صف محشر میں عبث ڈھونڈتے ہو تم مجھکو

کاش پنہاں رہیں دونوں کی نظر سے دشمن
میں ہی ہیں تم کو دکھائی دوں نہ تم مجھکو

بیتاب دل کو قول کے چھلّے سے باندھ لو
مٹھی میں گر نہ رہے پلّے میں باندھ لو

دنیا نہیں یہ حشر ہے رہجاؤ گے الگ
تم پلّہ کھینچکر مرے پلّے سے باندھ لو

نزع میں جب حال راسخ غیر ہو
یا الٰہی خاتمہ بالخیر ہو

الٰہی ایکے سانون میں اگر برسے نمک تیرے
ہمارے زخم پھیلائے ہوئے بیٹھے ہیں من کو

پھیر لو بوسے لب گلفام کے
غیر کے جھوٹے مرے کس کام کے

حشر کے دن سکۂ خون شہید
بیٹھ جائے گا دوپٹہ تھام کے

سیکھ لے ہمسے کچھ آداب تلاوت واعظ
یا صنم لب پہ رہے ہاتھ میں قرآن رہے

سلامت نہیں رہتی توبہ کسی کی ✤ حسینوں سے صاحب سلامت بُری ہے
جام ٹوٹے ترے سر پہ توبلا سے واعظ ✤ میکدہ سے تری توبہ تو سلامت آئی

کس سے وعدہ ہے مرے جان کہاں جاتا ہے ✤ تیرے صدقے ترے قربان کہاں جاتا ہے
کوچۂ زلف سے روکا ہے یہ کہہ کر دل کو ✤ بیٹھ کمبخت، کہاں مان، کہاں جاتا ہے
خُم کے خم پی کے بھی کہتے تو نہ دیکھا زاہد ✤ کس طرح جاتا ہے ایمان کہاں جاتا ہے
تیر سینے میں چبھو کر یہ کہا قاتل نے ✤ رستہ نکلا ہے تری جان نکلنے کے لیے

تُو نے دیکھی ہے اک پری واعظ؟ ✤ شیشے میں لال لال ہوتی ہے
نیّتِ شب حرام ہے زاہد ✤ دن کو پی لے حلال ہوتی ہے
حسرت کے یہ معنی ہیں کہ مر کر بھی نہ نکلے ✤ اُمید اُسے کہتے ہیں جو ہر گز نہ بر آئے
وہ ہاتھ مجھے چاہیئے وحشت تری کر قرباں ✤ جو ہاتھ گریباں سے چلے ناجگر آئے
الٰہی ہم گنہگاروں کا محشر ہو الگ سب سے ✤ قیامت ہے یہ رُسوائی سر بازار کیسی ہے
خنجر یار سلامت رہے دم خم تیرا ✤ تو نے میعادِ تقاضا نا متناہی کر دی
مہر کی آنکھ سے اُس چہرہ کی یکتائی پر ✤ حسن خط نے خطِ طغرا میں گواہی کر دی
ہوں شہیدِ خطِ لب میرے کفن کی رنگت ✤ آسماں نے کبھی خونی کبھی کاہی کر دی
غیر بنکر کبھی پہنچا کبھی قاصد بنکر ✤ میری صورت تری چاہت نے جو چاہی کر دی

رعایت دو صورت شرابیں کیوں ہے جنکی قتل و قتال ہوتی ہے

اِدھر تو آنکھ ملاؤ کہاں گذاری رات ✤ تمہاری نیچی نگہ سے ہے انفعال مجھے

ہمیں کو تم سکھاتے ہو ہمیں کو ✤ ہمیں سے سیکھ کر چالیں ہمیں سے
بشر کو چاہیئے پاسِ دلِ بشر رکھے ✤ کسی کا ہو کے رہے یا کسیکو کر رکھے

بتانِ شعلہ رُو سے گرم محفل ہم بھی رکھتے تھے ✤ کبھی تھی جان ہم میں بھی کبھی دل ہم بھی رکھتے تھے

بوسہ مانگا تو بولے وہ راسخ ✤ شامت آئی ہے موت آئی ہے
قتل کسکو کر دیا ظالم کہ چہرے پر ترے ✤ چار چلو خون ہے اور دو دو انگل نور ہے

راشد

راشد۔ مرزا منجھا ور شاہ راشد ابن مرزا فدا بخش گورگانی، سادہ کاری، کارچوبی، سوزنی کا کام اپنے ہاتھ سے خوب بناتے تھے۔ چھالیا کی انگوٹھی۔ چھلے، ٹوپیاں وغیرہ بڑی صنعت سے بنا کر تیار کیا کرتے تھے، موزونی طبع کی بدولت کبھی کبھی مشاعروں کی طرحوں پر طبع آزمائی کر لیتے تھے ۱۹۰۱ء میں قریب ۵۰ برس کے سن میں انتقال کیا۔

وہ حال پوچھتے ہیں تبلائے کون یارب	کم گوئی نے بھلایا یہاں ربط ہی سخن کا
جو عاشق ہو گیا تیرا کسی کا ہو نہیں سکتا	اگرچہ حور جنت ہو پہ شیدا ہو نہیں سکتا
جسے زندہ کیا عیسیٰ نے وہ قدرت کا مارا تھا	جسے مارا تو تم نے وہ زندہ ہو نہیں سکتا
حسیں لاکھوں ہیں دنیا کے ہزاروں ماہوش دیکھے	تمہارا سا کسی کا حسن زیبا ہو نہیں سکتا
جو بندہ ہے وہ بندہ ہی جو مولا ہے وہ مولا ہی	سبھی کچھ ہو گیا بندہ پہ مولا ہو نہیں سکتا
بھلا اُس بے وفا کے وعدہ پر اتنا یقیں راشد	جو پورا کرنا بھی چاہے تو پورا ہو نہیں سکتا
کتنے ہی وعدے کیئے لیکن نہ آئے ایکدن	کیونکہ جانوں ہے یہ مستحکم ترا اقرار خوب
اور اگر سچ ہے پئے تسکین دل کچھ تو بتا	تیرے تو اقرار میں بھی ہی بھرا انکار خوب

راضی

راضی دیوان جانی بہاری لال جی مرحوم، آپ ذات کے ناگر برہمن اور آگرہ کے قدیم رئیس تھے آگرہ کالج میں تعلیم پائی تھی اور فارسی انگریزی کے علاوہ عربی سے بھی ماہر تھے، پہلے اعظم گڈھ کے مدرسہ میں ماسٹر رہے پھر آٹھ برس بنارس کے مدرسہ میں پڑھاتے رہے وہاں سے ۱۸۴۶ء میں پلٹن نمبر ۶۲ میں میر منشی ہو کر سات برس تک بنگالہ، ڈھاکہ، کلکتہ، الہ آباد، اٹاوہ میں رہے بعد میں ریاست بھرتپور میں وکیل رزیڈنسی راجپوتانہ مقرر ہوئے، پھر مہاراجہ سجن سنگھ بہادر والیٔ میواڑ کے کئی برس اتالیق رہے۔ اکثر جلیل القدر حکام اردو فارسی میں انکے شاگرد تھے۔ مرزا غالب مرحوم کے دوست قلبی تھے، آخر عمر میں کچھ کے دیوان ہو گئے تھے، ان کا دیوان ۲۸ صفحوں پر مطبع دربار کچھ واقع بھاؤنگر میں ۱۲۷۷ھ میں چھپا تھا۔ علاوہ ازیں گلستان بوستان انوار سہیلی کا اردو نظم میں ترجمہ کر کے شائع کیا تھا۔ بڑی ذکی، فہیم، ذی علم بزرگوار تھے، شناوی

نہیں کی تھی، پیرانہ سالی میں بیس برس ہوئے انتقال کیا۔ انکی زود گوئی اور پُر گوئی قابلِ تعریف تھی۔ اکثر زمینوں میں چوغزلہ کہتے تھے، تلاشِ مضمون اور الفاظ اچھی تھی۔ حکام کی تعریف میں قصائد بھی اچھے اچھے کہے ہیں۔ جن سے انکی قابلیت مسلّم ہے، اخلاقی مضامین نظم کرنے کا شوق تھا سبا این ہمہ بعض مقامات پر فحش کے قریب پہنچ جاتے ہیں۔ دیوان کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

کروں شکوہ میں کیا اُس شوخ کی نامہربانی کا
دمِ رخصت دیا مجکو نہ اک چھلّا نشانی کا
یہاں تک اب ہوا ہے زور مجھپر ناتوانی کا
کہ تن کو جان اور جاں کو ہے تن موجب گرانی کا

رُو نما گلزار میں وہ غیرتِ گل ہوگیا
ہر چراغِ گل ہوائے رشک سے گُل ہوگیا
جس سے جیتے جی نپایا تھا مرے گھر نے شرف
شکر ہے اُس سے جنازہ کا تجمل ہوگیا
دیکھنا راضی ذرا تاثیرِ عکسِ گلعذار
تیل میں مُنہ اُسنے دیکھا روغنِ گُل ہوگیا
رُخِ تاباں سے اُسکے کیا ہے نسبت مہرِ تاباں کو
شعاعِ مہر سے بہتر ہے عالم اُسکی چلمن کا

اثر اچھوں کے دل میں کر نہیں سکتی بُری صحبت
نہیں ہوتا تاثّر من میں جیسے سانپ کے پھن کا
جدا ہمسے وہ رہسکتا ہے پر ہم رہ نہیں سکتے
ہمارا عشق جاناں سے ہے جیسے جان سے تن کا
کوئی مارا ہوا تیروں کا بچ جائے تو بچ جائے
مگر بچتا نہیں تاکا ہوا اس ترچھی چتون کا
وہ سجدہ پیشِ بُت کرتا ہے یہ محراب کے آگے
خدا ہر جا ہے قبلہ ہے عبث شیخ و برہمن کا

جستجو نے گر کوئی پیغامبر پیدا کیا
رشکِ دیدارِ صنم نے دل میں ڈر پیدا کیا
کیوں نہ اچھوں کو بُرے گھیرے رہیں اللہ نے
خاروں میں گُل پتھروں میں سیم و زر پیدا کیا
نہ دوا فائدہ کرتی ہے کسیکی نہ دُعا
چشمِ بیمار نے کیسا مجھے بیمار کیا
کافور ہے گورا گال اُس کا
فلفل ہے سیاہ خال اُس کا
کب بسترِ گل پہ آتی ہے نیند
گل تکیہ نہ ہو جو گال اُس کا
امتحاں کر خوشی سے خنجر کا
بار ہے دوش پر مرے سر کا
دل بھی دشمن ہوا اُس دشمنِ جاں کی خاطر
ہم جسے سمجھے تھے اپنا وہ بھی اپنا نہوا

چھپاتی ہے بدی سیرت کی "صورت"
مکاں سے عیب چھپتا ہے مکیں کا

سو بوسہ دوگے ہو کے جو ناخوش تو کچھ نہیں
اک بوسہ لاکھ بوسے ہیں دوگے جو پیار کا

دیکھا ترچھی نگہ سے اُس بتِ بے پیر کا
کام کرتا ہے دلِ عشاق پر شمشیر کا

آتشیں رُخ کو عرق میں وہ نہاں رکھتے ہیں
دیکھئے آب میں آتش کو عیاں رکھتے ہیں

مشرک ہیں کہیں جو مجھکو مشرک
میں ایک صنم کو مانتا ہوں

تُو چاہ نچاہ مجھکو میں تو
جی جان سے تجکو چاہتا ہوں

یکساں ہے مجکو یادِ رخ و زلفِ یار کی
اپنی نظر میں شام و سحر دونوں ایک ہیں

رہی تلاش بنارس میں کو بکو مجکو
ملا نہ کوئی وفادار خوب رُو مجکو

ضرور نکلے گی میرے مزار پر نرگس
کہ دیدِ یار کی از بس ہے آرزو مجکو

ہجرِ جاناں میں لہو پیتا ہوں غم کھاتا ہوں
نہ غم آب ہے مجکو نہ غمِ ناں مجکو

گردشیں میں نے اٹھائی ہیں تری آنکھوں کی
کیا ڈرائیگی بھلا گردشِ گیہاں مجکو

مارنا منظور ہے گر عاشقِ دلگیر کو
چھوڑ ابرو کی کماں سے اُس مژہ کے تیر کو

پست ہمت روتے رہتے ہیں سدا تقدیر کو
صاحبِ ہمت ہمیشہ کرتے ہیں تدبیر کو

غیر ممکن ہیں کہ ہوویں صاف صورت نرم دل
سخت رکھتا ہے بایں نور و صفا دل آئینہ

اُس رخِ صاف و لبِ گلگوں کا گر پڑ جائے عکس
ہے یقین گل طوطیا چاہیں عنادل آئینہ

اب رحم نکر قتل میں زخمی جو کیا ہے
تکلیف ہے بسمل کو ترحم میں زیادہ

زلف و رخ کا دھیان جب آیا مجھے
رات دن آئے نظر یکجا مجھے

کیوں دکھایا کرتے ہو چاہِ ذقن
چاہتے ہو چاہ میں ڈالا مجھے

مست رہتا ہوں خیالِ چشمِ یار
رات دن ہے ساغرِ صہبا مجھے

اُس پری چہرہ نے سایہ ڈال کر
کرلیا ہے اپنا دیوانہ مجھے

تجکو لاثانی کہا ہے اے پری
دیکھکر آئینہ مست شرما مجھے

مفت رسوا ہیں چاہ میں تیری
کچھ نہ ٹھیرے نگاہ میں تیری

کوئی چڑھتا نہیں ہے آنکھوں میں
ہے جو صورت نگاہ میں تیری

کھینچ لیتا ہے دل کو آنکھوں میں
ہے وہ جذبہ نگاہ میں تیری

نکر دیر سیراب کرنے میں قاتل
ترے آبِ خنجر کا پیاسا گلا ہے

بُرائی سے اچھوں کو ہوتی ہے نفرت
تُو اچھا ہے پھر کیوں ترا دل بُرا ہے

ہماری خرابی کا باعث عزیزو
یہ حسن و جوانی یہ ناز و ادا ہے

وہ ہے جمالِ خورشید کا اُسکے آگے
جو خورشید کے سامنے ماہ کا ہے

پردہ جو رُخ سے دور مرا دلربا کرے
ہر ذرہ مہر بن کے قیامت بپا کرے

بیوفاؤں سے دوستی کر کے
کیوں دلا مُفت خوار ہوتا ہے

سیلِ اشک اپنا اگر یوں ہی رواں ہے کچھ دنوں
ایک دن کاخِ فلک تم دیکھنا مسمار ہے

دل کو دل سے راہ ہوتی ہے اگر سچ ہے یہ بات
تو مرا محبوب مجھ سے کس لیئے بیزار ہے

کتاب ہے مجھے الفت ہے اس لیئے راضی
نہیں کتاب سا کوئی رفیقِ تنہائی

خدا نے اسکے مزے کو قرآں کے برابر کر دیا
ورنہ اس قرآن کو حاجت تھی تفسیر کی

ہمارا دل تو وہیں رہتا ہے جہاں دلبر
یہ جسمِ زار اگرچہ پڑا کہیں پہ رہے

دوبارہ پیر جواں ہوئے دیکھ کر جسکو
فریفتہ جو رہے ایسے نازنیں پہ رہے

جیا ہے ترے عشق میں جو مرا ہے
مُوا ہے ترے عشق میں جو جیا ہے

مشکل ہے زندگی ترے بیمارِ عشق کی
چاہے کوئی دعا کرے چاہے دوا کرے

ہے وصل میں موجود مگر ہجر میں غائب
دل سا بھی جہاں میں کوئی خود کام نہیں ہے

آرام سے جاہل کی گذرتی ہے ہمیشہ
عاقل کو یہاں ایک دم آرام نہیں ہے

شیخ جی آپ کی نصیحت سے
عشق اور استوار ہوتا ہے

ماہ سے یار کو ندو نسبت
ماہ تو داغدار ہوتا ہے

بھول جاتا ہے آپ کو کم اصل
کچھ بھی گر اقتدار ہوتا ہے

حُسن تسخیر سے نہیں خالی
عشق بے اختیار ہوتا ہے

راضی **رضی** منشی یعقوب خان آپ کو خواجہ وزیر لکھنوی سے تلمذ تھا۔ قاضی محمد خلیل صاحب کی بیاض سے ایک شعر نقل ہوا ؎

جو سر ترے قدموں پہ مرے جاں نہیں رکھتے
کچھ اور بلا رکھتے ہیں وہ سر نہیں رکھتے

راضی **رضی** مولوی خلیل الدین احمد راضی صدیقی مقیم ظہرادہ حضرت احسان شاہجہانپوری کے شاگردوں میں نامور ہیں اور مولوی نذیر الدین احمد صاحب کے بیٹے ہیں چالیس بیالیس برس کا سن ہے شعر صاف اور اچھا کہتے ہیں، یہ انکے کلام کا انتخاب ہے ؎

کیا کیا لگا وٹیں جگر و دل نے کیں مگر
ناوک فگن کا رخ نہ اِدھر سے اُدھر ہوا

کہتے تھے سب ہے حشر کی منزل بہت کڑی
دیکھا تو آنکھ موند نے یہ طے سفر ہوا

عرصۂ حشر میں دیوانہ ترا کیا آیا
اہلِ محشر کے لئے ایک تماشا آیا

پاؤں کس شوق سے نرگس نے لیئے آنکھوں پر
سیرِ گلزار کو جب وہ گلِ رعنا آیا

ایسی رچتی کہ کبھی رنگ نہ زائل ہوتا
تیری مہندی میں مرا خون جو شامل ہوتا

ماہ و خورشید کو جب طاقتِ نظارہ نہیں
تاب پھر کس کی تھی جو تجھ سے مقابل ہوتا

اللہ رے ظلم دوست کہ لاکھوں ستائے دل
پھر بھی یہ فکر ہے کہ کوئی ہاتھ آئے دل

ہمسے بھی تو کہو کہ محبت کے جرم پر
تجویز کی ہے کونسی تم نے سزائے دل

جتنی حیا تھی وصل کی شب ہنس کے لوٹ لی
اب چھیننے کی وہ نگہ شرمگیں نہیں

نرگس میں کب وہ بات جو ہے چشمِ یار میں
آنکھیں وہی ہیں چوٹ کریں جو ہزار میں

میں بھی ہوں بیقرار مرا دل بھی بیقرار
دو بیقرار دفن نہوں اک مزار میں

تماشا کیجئے کس کس کا اے سراپا ناز
پکارتی ہے ادا ایک ایک ادھر دیکھو

ہائے چالیں یہ تمہاری یہ تمہارے انداز
دل میں تو آؤ نظر کو نہ خبر ہونے دو

اے دل یہ کمر کی جستجو ہے | یا سیرِ عدم کی آرزو ہے | مٹ جانیکی تجھ پہ آبرو ہے | کھو جانیکی اپنی جستجو ہے

کیوں ذبح میں سختیاں یہ قاتل | پتھر تو نہیں مرا گلو ہے
دم ہجر میں کیوں نہیں نکلتا | یہ بھی کوئی دلکی آرزو ہے
سب نذر ہے تیری اے غمِ یار | جتنا مرے جسم میں لہو ہے

وہ کہتے ہیں چھ خوش تیرے لیئے گھر چھوڑ دیا اپنا | سکھاتا ہے ہمیں اے خانماں برباد یہ کیسی
اسی مُنہ سے مُسلمانی کا دم بھرتے ہو کیا کہنا | خدا کی یاد میں راضی بتوں کی یاد یہ کیسی؟

راغب مرزا سبحان قلی بیگ ایران اصلی وطن اور دہلی جائے پیدائش تھی، یہیں تعلیم اور تربیت پاکر شاہ عالم ثانی کے زمانے میں جوان ہوئے، سعادت یار خان رنگین کے بے تکلف یار اور انھیں کے شاگرد تھے، اور باوصف اسکے کہ انشاء اللہ خاں و رنگین مجرد بیرنگ تھے انکے اور سید انشا کے ہمیشہ مناظرے ہوا کیئے اور نوبت ہجو تک پہنچی۔ چند شعر ملے درج ہوئے۔ راغب

ہوتا ہے تازہ آہ سے ہر دم جو داغ دل | روشن ہے باد گرم سے اپنا چراغ دل
اے شام غربت آہ کدھر ہو لٹ گیئے اسے | پایا نہ ہمنے زلف میں بھی کچھ سراغ دل

مُنہ دوپٹے میں چھپایا اُسنے | دل کو پردے میں لبھایا اُسنے

رشکِ چمن جو اُٹھ گیا، آج ہمارے پاس سے | اپنے برنگِ گل یہاں، اُڑ گئے کچھ حواس سے

راغب - حافظ یار خان خلف الصدق نواب ذوالفقار خان ابن حافظ الملک حافظ رحمت خان نصیر جنگ، جوان وجیہہ صاحب حوصلہ، مجمع قابلیت، صاحب علم و فن، خوشنویس، انشا پرواز، کبھی کبھی شعر فارسی اور ریختہ میں کہہ لیتے تھے۔ یہ چند شعر انکے کلام سے تذکرہ قدرت اللہ شوق سے منتخب ہوئے۔ راغب

بسان شانہ گر کوئی کرے سو ٹکڑے اپنا دل | وہ جانے مو بمو احوال اُس زلف پریشاں کا
اکل سمجھے دیکھکر مرا گل رُو | اپنی مجلس میں کیا ہی لال ہوا
میں تو اُسکے عشق میں ہر لحظہ دُکھ پاتا رہا | اور وہ بیدرد اک بوسہ پہ ترساتا رہا

مجھے محفل میں اپنی گر بٹھاؤ گے تو کیا ہوگا — گھڑی دو چار اگر مکھڑا دکھاؤ گے تو
نہ ہوگا فرق کچھ صاحب تمہاری قدر و عزت میں — کسی روٹھے کو اپنے گر مناؤ گے تو کیا

ہم ہوں اور تم ہو اور شبِ مہتاب — ہو گزک اور شراب خواری ہو
وہ ہو اور ناز و غمزہ و عشوہ — میں ہوں اور درد و آہ و زاری ہو
غیر سے چاہ جب تمہاری ہو — دیکھئے شکل کیا ہماری ہو

کیا تم سے کہوں میں نے دیا دل اسے کیسے — الفت سے، مروّت سے، محبت سے، نہ

راغب منشی احمد حسین شاہجہاں آبادی برادر زادہ حافظ محمد بخش عرف حافظ مو، ترتیب مرزا صابر کے ایام میں جوان خوش فکر تھے، اور تیز طبعی اور خوش اخلاقی کے باعث ا اقران میں ممتاز۔ طبیعت کی روانی کا نمونہ اشعارِ ذیل ہیں۔

راغب

چھٹ گئے آرام سے راحت کا سامان ہو گیا — بڑھتے بڑھتے درد دل آخر کو درماں
یارب اسے تو چین دے مجھکو نہ دے نہ — جلتا ہے میرے حال پہ دل غمگ
کیا مہم ہے وہ اپنی شکایت سمجھتے ہیں — شکوہ اگر کروں روشِ روزگا
آئے بھی وہ اگر تو نہ آوے اسے یقین — کیا حال ہو گیا دلِ اُمیدوار
اس کو ہے کیا صبا نے جہاں سے اٹھا دیا — چھوڑا نہ ایک ذرّہ ہمارے غب
ترغیب خلد اور مجھے راغب خدا سے ڈر — کیا کم ہے لطف خلد سے کچھ کوئے
میں نے کہا سر کٹنے میں کیا کیا نہ ملے لطف — کہنے لگے لے آؤ اگر ہے کوئی

راغب جناب محمد عثمان خاں صاحب برہانپوری شاگرد مولانا فقیر الدین صاحب برہانپوری، حالات معلوم نہ ہو سکے۔ یہ کلام ہے

راغب

ازل سے عاشقِ صادق ہوں میں تو کوئے جاناں کا — سمائے گا مری نظروں میں کیا گلزار ر
مہ کنعاں کے پلّہ سے گراں کلا ہت پلّہ — جو تولا حسن میزانِ نظر میں حسنِ جانا
لیا پوسہ جو میں نے تو حیاتِ جاودانی پائی — ہوا گویا دہانِ یار چشمہ آبِ حیوا

تری دریادلی مشہور ہے عالم میں اے ساقی
مجھے تھوڑی سی مے ملجائے صدقہ تیری دوکاں کا

سفر درپیش ہے ملکِ عدم کا
کمر کی جستجو ہے اور میں ہوں

کوئے صنم کی دیکھ لی جس روز سے بہار
باغِ بہشت گر گیا اپنی نگاہ سے

جادو بھرا ہوا ہے عجب چشمِ یار میں
دل سینکڑوں کے چھین لیے اک نگاہ سے

دونوں جہاں میں سکا ٹھکانا کہاں رہا
تو نے جسے گرا دیا اپنی نگاہ سے

دیکھا ہے جب سے عارضِ تابانِ یار کو
خورشید و ماہ گر گئے اپنی نگاہ سے

خواب میں آ کے ذرا شکل دکھائے کوئی
میری سوتی ہوئی تقدیر جگائے کوئی

ہو کے بے پردہ اگر بام پہ آئے کوئی
جلوۂ حسن سے پھر تاب نہ لائے کوئی

دیکھکر آئینہ کس ناز سے فرماتے ہیں
میں بھی دیکھوں تو مرے سامنے آئی کوئی

اپنے گیسو کی درازی کا اگر دعویٰ ہے
میرے طولِ شبِ فرقت سے ملائے کوئی

نجائیگی شبِ غم بیقراری
یہی کہتا ہے رو اٹھکر جگر سے

کئے دیتا ہے مرغِ دل کو بسمل
کسی کا دیکھنا ترچھی نظر سے

وہی دشمن ہوا راغب تمہارا
جسے دیکھا محبت کی نظر سے

ایک نیا شعبدہ قاتل کا عیاں ہوتا ہے
دہنِ زخم میں تیر آ کے زباں ہوتا ہے

رخِ پرنور سے کس طرح جدا ہوں زلفیں
کب الگ شعلۂ آتش سے دھواں ہوتا ہے

راغب منشی محمد یعقوب بخش ساکن بدایوں، دورِ موجودہ کے کہنے والوں میں ہیں رسالۂ نیرنگ رامپور سے کلام منتخب ہو کر نقل ہوا، بریلی کے مشاعرے میں انھیں دیکھا تھا۔ کلام درج ذیل ہے ✤ راغب

کسدرجہ ہوش مجھسے بیگانہ ہو گیا ہے
دیوانگی پہ اپنی دیوانہ ہو گیا ہے

دیوانوں کا تمہارے کچھ ہی عجیب عالم
دیکھا جسے انھوں نے دیوانہ ہو گیا ہے

ساقی کی یاد میں جب بھر کے اشکِ گلگوں
آنکھوں کا ہر پیالہ میخانہ ہو گیا ہے

تیرِ نظر کی قیمت کیا دوں اُسے الٰہی
یہ نقدِ جان و دل تو بیعانہ ہو گیا ہے

دل پلک مارنے میں سینہ سے باہر آیا
یہ کشش تجھ میں ہے اے جنبشِ مژگاں کیسی

ہائے سجدے یہ میخانہ نہیں اے واعظ
کیا بتاؤں تجھے ہے توبۂ رنداں کیسی

دلِ سوزاں تجھے کس شمعِ شبستاں کی ہے یاد
تجھ میں لَو ہے یہ چراغِ تہِ داماں کیسی

التجا یار کی پھر کیوں ہو جو قابو میں ہو دل
وہ جو بس میں ہو خوشامد تری درباں کیسی

تری صورت سے یوں ظاہر ترے صانع کا جلوہ ہے
کہ جسنے تجکو دیکھا ہے خدا کو اُسنے دیکھا ہے

مری چپ سے زمانہ بھر میں رازِ عشق افشا ہے
خموشی ترجمانِ آرزو شرحِ تمنا ہے

ترے خارِ مژہ سے ربط اب تو جیتے جی کا ہے
کہ ان کانٹوں سے دامن جامۂ ہستی کا اُلجھا ہے

رافت

رافت شاہ رؤف احمد رافت خلف شعور احمد شیخ احمد سرہندی کی اولاد میں۔ اور جرأت کے شاگرد تھے فارسی و ریختہ دیوان اور مثنوی یوسف زلیخا ان سے یادگار ہیں ۱۲۴۰ھ میں بعمر پینسٹھ برس راہِ کعبہ میں وفات پائی، شعر گوئی میں مشاق تھے اور بڑے زبردست عالم تھے، رامپور میں پیدا ہوئے لیکن کئی مرتبہ دہلی آکر برسوں یہاں رہے خاندانِ شاہ غلام علی صاحب میں بیعت کر لی تھی

رقیبوں سے مِل مِل کے وہ ناز نہیں
مجھے خاک و خوں میں ملانے لگا

ہوئے جو چاہتے کے اپنے چرچے تو شک بھرے تم میں
کنارہ کش ہو بیٹھو سب سے بیٹھا ہو اپنے گھر میں

یہ کہکے مژگاں کے آہ یار بھر بھر جو ہم نے ماری برچھیں
کہ مثلِ غرباں پڑے ہیں ہزاروں رونڈ مُنڈ جگر میں

وصل کی شب ہی ہو گھڑیاں کیسی بے آئیں ہمیں
تب آیا وہ راحتِ جاں جب نہیں پہر رہنے نہیں

ادا و ناز و غمزہ جو کچھ ہے اس شوخ فتنہ گر میں
نہ وہ پری میں نہ حوریں ہیں نہ وہ غلمانیں نے بشر میں

لگا نہ جی تو لے اپنے گھر سے داغ جاوے تو جائیں مر ہم
یہ کہتے ہیں سوختہ جگر ہم چراغ اُجڑے ہوئے نگر میں

جس نے بالوں میں ترے عطر بسا دیکھا ہے
اُس پہ آئی ہے بلا ہمنے بسا دیکھا ہے

ترا مجنوں ہوں اے پیارے اگر تو رشکِ لیلیٰ ہے
گیا جنگل کو تنہا وہ میں نے بھی صحرا کی راہ لی ہے

رافت

رافت - مولوی محمد عبدالرؤف خان آزباشندۂ اندور ۱۸۸۹ء میں موجودہ والیۂ بھوپال نواب سلطان جہاں بیگم کے بچوں کے اتالیق تھے اور انھیں ایام میں سرکار عالیہ کے پرائیوٹ سکرٹری کے فرائض بھی انجام دیتے تھے۔ کچھ عرصہ ریاستِ اندور میں بھی ملازم رہے، حضرتِ داغ سے شعر و سخن میں مشورہ کرتے تھے۔ پھر کچھ عرصہ پیشتر لاہور کے سب اڈیٹر رہے، اب معلوم نہیں کہاں ہیں، یہ چند شعر انکے نتائجِ افکار سے درج کئے جاتے ہیں ؎

ہم جس جگہ کھڑے ہیں وہیں کے وہیں تو ہیں — ق — اُٹھنا بھی ہو جو پاؤں تو پیچھے ہٹا ہوا
ہمسے ہماری قوم کا کیا کام بن پڑا — کیا فرض اپنے مُلک کا ہمسے ادا ہوا
بغض و حسد کا حال یہ ہی جل مرے وہیں — دیکھا کسی کا باغ جو پھولا پھلا ہوا
یاں بھائی ڈوب جائے جو آنکھوں کے سامنے — دیکھا کرے گا بھائی تماشا کھڑا ہوا
کس توقع پر سُنائیں حالِ دل — پھر وہی کہدوگے تم "ہم کیا کریں"
وہ سمجھتے ہیں اسے بھی اک ہنسی — رو کے ہم اے چشمِ پُرنم کیا کریں
ایک تو ظلم کرو اور پشیماں بھی نہ ہو — اور پھر اُسپہ یہ طُرّہ کوئی نالاں بھی نہو
خود نہیں مجھ سے طلب کرتے وہ یہ چاہتے ہیں — دل کا دل ہاتھ لگے اور کچھ احساں بھی نہو
آفتیں سارے جہاں میں ہیں ہمارے دم سے — ہم زمانے میں نہوں تو شبِ ہجراں بھی نہو
لیچلے چھین کے دل آئے تھے مہماں بنکر — آپکی طرح کسیکا کوئی مہماں بھی نہو
یا خدا اُسکے وہ کہتے ہیں ڈراتا کیا ہے — تو سہی حشر میں تیرا کوئی پُرساں بھی نہو
تُو بناتا ہو ہمیں یا کہ وہ سچ مان گئے — نامہ بر سچ تو بتا ہم ترے قربان گئے
میری دعوت پہ وہ فرماتے ہیں لو اور سُنو — تمنے دیکھا ہی کبھی ہم کہیں مہمان گئے

بھلے اور بُرے پر نہیں منحصر کچھ — طبیعت تو ہے آگئی آگئی
یہ میری جبیں پر عرق آگیا — یہ میری ہی تو آنکھ شرما گئی

تمھیں واسطہ بھلا غیر سے	سراپا مجھی پر تو یہ چھا گئی
نہ بگڑو بہت اب بناوٹ سے تم	وہ ہونٹوں پہ دیکھو ہنسی آگئی
تو اے شیخ یاروں سے اُلجھا اگر	سمجھ لے کہ شامت تری آگئی
اَور کے وصل سے ظالم تری حسرت اچھی	لاکھ آرام سے اک تیری مصیبت اچھی
جب گیا میں درِ دولت پہ یہی فرمایا	اِن سے کہدو کہ نہیں آج طبیعت اچھی

رافت

رافت منشی محمد عبد الغنی خان حیدر آبادی مسکن شاگرد جناب فصیح الملک داغ دہلوی۔ یہ چند شعر انکے نتائج افکار سے درج کیے جاتے ہیں۔

بعد میرے قاصدِ خانہ خراب آیا تو کیا	کامیاب آیا تو کیا ناکامیاب آیا تو کیا
گھر خدا کا ہے نہیں اس میں اجارہ شیخ کا	کوئی مسجد میں اگر پیکر شراب آیا تو کیا
اب چھین کے پی جاتے ہیں زندانِ خراباتی	ہاں ساقیٔ بدمست انھیں سر پہ چڑھا اَور
آئے تھے جب ہم تو خالی ہاتھ آئے تھے یہاں	جب یہاں سے ہم چلے تو داغِ حسرت لیچلے
برابر لگے آگ دونوں طرف سے	اگر ہے تو سوزِ محبت تو یہی ہے

رافب

رافب منشی امام الدین نام رافب تخلص اپریل ۱۸۷۳ء میں قصور ضلع لاہور میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش پائی والد ماجد کا نام شیخ امربخش صاحب تھا۔ تعلیم معمولی ہوئی مگر حصول شاعری و زباندانی کے شوق میں اکثر دہلی و آگرہ میں رہے۔ ۱۸۹۴ء میں اپنا کلام حضرت نسیم بھرتپوری کو دکھایا، بعدہٗ فصیح الملک بہادر سے خود مزین با اصلاح کیا۔ قصائد وغیرہ اصناف سخن میں طبع آزمائی کرتے ہیں، مہاراجہ فرید کوٹ کے دربار میں کئی سال سے قصیدہ پیش کرتے ہیں اور اس ریاست سے کچھ وظیفہ بھی مقرر ہے۔ کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

گھر کیا سینے میں غم نے تو ہوئی جاں رخصت	میزباں جانتے تھے ہم جسے مہماں نکلا

لوگ کہتے تھے کہ راقب تو فرشتہ خو ہے — وہ تو دلدادۂ اندازِ حسینانہ نکلا

دونوں طرف سے جان پڑی ہے عذاب میں — قابو میں دلربا ہے نہ دل اختیار کا
جھک گئیں اُنکی نگاہیں شرم سے صبح وصال — کچھ تو تھیں کچھ اور بھی بیمار آنکھیں ہو گئیں

یہ ستم دیکھو کہ کہتے ہیں مجھے — اُنکو کیوں بوسے ندوں جنکے لیئے
سب بجا، سب سچ، کہ میں بدنام ہوں — یہ تو فرماؤ ہُوا کن کے لیئے
ایک کے دس دس بتانے وہ لگے — ہائے کیوں بوسے نہ گن گن کے لیئے
خیال ہٹتے ہٹتے ہٹے گا کسی کی اُلفت کا — مرض یہ گھٹتے گھٹے گا بہت پُرانا ہے

چھپایا تیرے رخساروں کو بڑھکر تیرے بالوں نے — غضب ہے توڑ ڈالا مورچہ گوروں کا کالوں نے

لے لیا ہے دل تو لیلے جان بھی — مہربانی بھی ترا احسان بھی
اِن لبوں سے ایکدن نکلی نہ ہاں — وہ گل لالہ ہیں نافرماں بھی
مر گیا تو مر مٹیں سب حسرتیں — میزباں بھی لُٹ گیا مہمان بھی

سامنے بیٹھ کے دلکو جو چُرائے کوئی — ایسی چوری کا پتہ خاک لگائے کوئی
وہ تو روٹھے ہی تھے لیوت بھی آئے ہی — اس بُرے وقت میں کس کس کو منائے کوئی

راقم

راقم۔ لالہ بندرابن صاحب راقم دہلوی۔ اِنکے سلسلۂ شاگردی کی نسبت تذکرہ نویسوں میں اختلاف ہے، اکثر ان کو مرزا رفیع سودا کا اور بعض مرزا مظہر کا شاگرد بتاتے ہیں۔ مگر مرزا مظہر کی شاگردی کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ البتہ اوائل مشق میں انھوں نے میر صاحب سے ضرور اصلاح لی تھی جس کی بابت خود میر تقی میر اپنے تذکرہ میں اشارہ کرتے ہیں کہ "بندرابن راقم از شاہجہاں آباد است مشق سخن از مرزا رفیع میکند، قبل ازین با فقیر نیز مشورت شعر می کرد"۔ میر صاحب کی تحریر کی تائید قدرت اللہ خاں نے بھی اپنے تذکرہ میں کی ہے۔ راقم، فن سخن میں کامل دستگاہ رکھتے تھے اور شعر خوب کہتے تھے، چنانچہ میر حسن نے بھی اپنے تذکرہ میں انکی رسائی طبع کا بدیں الفاظ اعتراف کیا ہے "بندرابن راقم بسیار پست قد

ولیکن بلند فکر ہست" انکا انداز کلام خود اس بات کا شاہد ہے، انتخاب ملاحظہ ہو ؎

جامے کا میرے اُس سے لیکر جواب پھرنا	پر واسطے خدا کے قاصد شتاب پھرنا
اک وہ بھی دن تھے راقم جو تھا ہمیں میسّر	گلشن میں ساتھ اُسکے پیتے شراب پھرنا
کہیے کیا درد دل بلبل گلوں سے	اُڑا دیتے ہیں اُسکی بات ہنس کر
اے عشق مجھے تو اس طرح مار	تا یار کہے کہ "ہائے عاشق"
کام عاشقوں کا کچھ تجھے منظور ہی نہیں	کہنے کی ہی یہ بات کہ "مقدور ہی نہیں"
کہتا تھا کون یہ کہ خوشی ہی جہاں کے بیچ	اسبات کا تو یاں کہیں مذکور ہی نہیں
ای باغباں نہیں ترے گلشن سے کچھ غرض	مجھسے قسم لے چھیڑوں اگر برگ و بر کہیں
اتنا میں چاہتا ہوں کہ ہیں اور عندلیب	آپس میں درد دل کہیں ٹک بیٹھکر کہیں
مری بدتنزلیوں سے کریں نہ یہ بیگساراں	زہے وہ عمل کہ ہوئے سبب نجات یاراں
سُنا کسی نے حال میرا کہ جُوں ابر وہ نہ رویا	رکھے ہے مگر یہ قصّہ اثر دعائے باراں
یہاں تک قبول خاطر کیجے تری جفا کو	تا سب کہیں کہ راقم رحمت تری وفا کو
مژگاں سے دل بچے تو ٹکڑے کرے ہے ابرو	یہ کہہ کے میں نے اُس سے جب اپنی داد چاہی
کہنے لگا کہ ترکش جب ہم کہ ہووے خالی	تلوار گر نہ کھینچے پھر کیا کرے سپاہی

راقم

راقم خلیفہ غلام محمد راقم دہلوی۔ لکھنؤ جانے سے پیشتر حکیم قدرت اللہ خان قاسم سے عربی فارسی کی انشا پردازی کے سبق لیئے تھے اور شاعری میں بھی ان ہی شاگرد تھے، معلم پیشہ تھے اور طب میں دخل تھا۔ خوشنویسی میں فرد تھے، فارسی شعر کا بیشتر اور اُردو کا کمتر شوق تھا۔

فرقت میں تری جو مر گئے ہم	عشاق میں نام کر گئے ہم
بس عاشقی کر چکے میر جاں	غصّہ سے ترے چوڑ گئے ہم
ہاتھ میں اُس کے کچھ تو چکے ہے	تیغ ہے یا کٹار ہے کیا ہے
جب میں نے کہا تمنے ملاقات اُڑا دی	تو نے سنسی میں یہ مری بات اُڑا دی

نے دیر میں کچھ ہے نہ حرم میں کچھ ہے	رباعی	نے ہستی میں کچھ ہے نہ عدم میں کچھ ہے
دنیا ہے طلسمات عجائب راقم		دم ہیں کچھ ہے اور ایک دم میں کچھ ہے

راقم

راقم۔ مظفر علی راقم خلف شیخ رستم علی متوطن چار کلیانہ ۱۲۷۱ھ میں ستر برس کی عمر تھی غدر کے دوران میں انتقال کیا مولانا عبدالباقی مغفور سے زبان فارسی اور فن سخن کی اصلاح کی تھی فارسی شعر بھی کہتے تھے، یہ کلام کا نمونہ ہے۔

غیر تو دیر نہیں ہیں بُتِ عیار کے کار		دم ہمیں دیتے ہیں اور ہوتے ہیں اغیار کے یار
تیغ مت کھینچ میاں ہاتھ کو پہنچے نہ ضرر		تیر مژگاں ہے خود آرا دلِ بیمار کی مار
آفریں دستِ جنوں تجکو کہ دم کے دم میں		کر دیئے خوب مرے جامہ و دستار کے تار
اِک جہاں قتل کیا جنبشِ ابرو نے تری		کیا ستم دیکھئے دکھلائیں گے تلوار کے وار
آج صحرا میں ہے دیدۂ تر سے دریا		وار کے وار رہے اور رہے پار کے پار

راقم

راقم۔ خواجہ قمرالدین خان خلفِ اکبر خواجہ بدرالدین خان عرف خواجہ امان مترجم بوستان خیال، حضرت غالب دہلوی مرحوم کے رشتہ میں بھتیجے ہوتے تھے، مدۃ العمر خاندانی اعزاز کے لحاظ سے گورنمنٹ انگلشیہ کے پنشن خوار رہے اور ریاستِ جیپور سے بھی مہاراجہ رام سنگھ جی کے وقت سے روزینہ دار تھے اور دہلی چھوڑ کر وہیں جا رہے تھے، فن سخن کا موروثی ذاق تھا اور بڑے مشاق اور پُر گو سخنور تھے۔ جوانی میں بڑے وجیہ شکیل، جامہ زیب شخص تھے حضرت غالب، مؤمن، نیر آزردہ۔ سالک، شیفتہ۔ ظہیر، کی صحبتیں دیکھے ہوئے تھے دیوان موسوم بہ "نغمۂ اردو" ۱۸۹۸ء میں چھپا تھا جس کا نسخہ عطیۂ مصنف راقم کے کتب خانہ میں بھی موجود ہے، درجہ دوم کے شعرا میں اعلیٰ پایہ رکھتے تھے مضمون آفرین طبیعت پائی تھی۔ زبان و بیان میں سلاست اور بندش میں چستی، ترکیب کی استواری انکے اشعار کا خاص جوہر ہیں، ستر برس سے زیادہ عمر پاکر چھ سات برس ہوئے انتقال کیا۔

شق ہو گیا ہے سینہ جفاؤں سے یار کی		اب رازِ عشق ہمسے چھپایا نہ جائیگا

رہنے دو زخمِ دل کو امانت ہی یار کی
احسانِ چارہ ساز اُٹھایا نہ جائیگا

کس دل سے کہتے ہو کہ تجھے خاک میں ملائیں
تم سے تو خاک میں بھی ملایا نہ جائیگا

قدرت سے نقشہ قدِ دلدار بن گیا
اللہ سے بھی ایسا بنایا نہ جائے گا

کس کی بینائی دل حالِ پریشاں کس کا
تم چھری پھیر بھی دو چارۂ درماں کس کا

مجکو وہ یاد کرے ہوش کی بنوا قاصد
جسکے لب پر نہ کبھی نام خدا کا آیا

آنکھ میں سحر ہے کافر کی کہ اُسکے گھر میں
جو تماشے کو گیا بن کے تماشا آیا

آجاؤ پھرتے چلتے کبھی عمکدہ میں تم
آنکھوں سے ہم بھی دیکھ لیں آنا بہار کا

لکھ دیتا وصلِ یار جو میرے نصیب میں
کیا اس میں کچھ بگڑتا تھا پروردگار کا

کیا پوچھتے ہو حال کبھی دل میں بیٹھکر
آنکھوں سے دیکھو لطف مرے انتظار کا

آئے تھے اگر ملنے دمِ بھر تو ٹھہرتے
کچھ میری سُنی ہوتی کچھ آپ کہا ہوتا

محشر کی عقوبت کا اندیشہ نہیں ہمکو
وہ ہو لیا یاں ہمپر جو روزِ جزا ہوتا

پُوچھا ہے مزاج آپنے آہا مرے دل کا
مدت میں کھلا آج نصیبا مرے دل کا

کیا بہارِ عمر اپنی کیا نشاطِ زندگی
جب مدارِ زندگانی حسرتوں پر رہگیا

پروانہ چیز کیا ہے فدا شمع پر ہوا
مرنا تمھیں دکھائیں گے جینا اگر ہوا

وہ تو مہمان تھے رہتے نہیں آخر جاتے
تجکو بدنام مگر وقتِ سحر ہونا تھا

آئے دو محتسبِ شہر اگر آہی گیا
اب تو لب پر قدحِ آتشِ تر آہی گیا

وہ ایسے دل میں آگئے ہیں بیخبر رہا
دیدار جو نظارہ سوے رہگذر رہا

ہم ہیں اور کفمکشِ مشکلِ دشوار میں دل
عشق کا لطف بھی آسان ہمیں حاصل نہوا

طور پر جلوہ ہُوا موسیٰ کو جس تنویر کا
تھا وہ اک سرمایہ اپنی آہِ آتش گیر کا

عینِ شبِ وصال تھا ساماں فراق کا
کچھ شام ہی سے عالمِ صبح نشور تھا

واعظ کے روکے رُکتے نہیں ہمسے حریفِ مے
جنت میں جائیں نکلے یاں اگر شراب

لوگ ایسا نہ سمجھیں کچھ اَور — دیکھکر مجھکو نہ شرمائیں آپ

کبتک کیئے پھرگی مجھے جستجوئے دوست — کبتک کنوئیں جھکائیگی ای آرزوئے دوست

قیس و فرہاد کی شہرت ہو خدا کی قدرت — حوصلہ عشق کا کس کسنے کیا میرے بعد

اے دلِ گلہ کی یار سے اب گفتگو نکر — آزردہ اور خاطرِ آزردہ خو نہ کر

کعبہ ہو صنم خانہ ہو تفریق سی کیا بحث — سر ہمکو جھکانا درِ جانانہ سمجھکر

جان مٹھی میں دہری ہے کوئی تمکو دیدے — جھوٹے وعدوں پہ غلط آپکے اقراروں پر

کبھی سایہ میں کھڑا ہوں تو سرک جاتا ہے — یار کے کوچے میں دیکھے در و دیوار کے ناز

گھر بھی اپنا نہ ہوا خانۂ دلدار کے پاس — باتیں سُنتے ہی کبھی بیٹھے کے دیوار کے پاس

ہم ڈاک بٹھاوینگے شبِ وعدہ نظر کی — آنکھوں پہ بٹھاکے اُنھیں لے آئینگے گھر تک

ناخن بڑھے ہوئے ہیں اگرچہ رہ گر نہیں — کر لینگے اچھے زخمِ جگر اس دوا سے ہم

کیوں ہمکو کوئی پوچھے تعلق نہیں جسے — اچھے ہیں یا بُرے ہیں کسی کی بلا سے ہم

اے نالہ ہائے ہجر تمھیں جانتا ہوں میں — جب کھچ گئے ہو آگ لگا کر رہے ہو تم

جس بزم میں گئے ہیں ہنسا کر اُٹھے ہیں ہم — جب تم سے بات کی ہے رولا کر رہے ہو تم

کل کون جیئے کون مرے کسکو بھروسا — للجاؤ بس اب وعدۂ فردا نکرو تم

اللہ رے لاغری کہ تن آسانیوں میں ہم — اتنے گھلے کہ مل گئے روحانیوں میں ہم

وہ بلا مجھکو مقدر جو مقدر میں نہیں — محفلِ یار میں ہوں گردشِ ساغر میں نہیں

کسی سے دل لگانا ہو تو سودا اسکو کہتے ہیں — مرض پیٹے بٹھائے مول لینا اسکو کہتے ہیں

جب ان ناکامیوں پر منحصر ہے زندگی اپنی — خدایا مرگ کیا ہوگی جو جینا اسکو کہتے ہیں

جفا کر لو، ستا لو، دیکھنا محشر کے میداں میں — کہ دامن ہاتھ میں کسکے ہے کسکا منہ گریباں میں

میں وہ ناکامِ ازل ہوں کاتبِ تقدیر نے — مجھ سے پوچھا کیا لکھوں میں نے کہا کچھ بھی نہیں

جوشِ مستی میں چلے آئے کہاں تم راقم — یہ تو مسجد ہے چلو خانہ خمار نہیں

دیکھا ہوا ہی اپنا وہ باغ نعیم خلد
جز انبساطِ خاطرِ اربابِ دیں نہیں

زاہد نجات کے لیے طاعت نہیں ضرور
کچھ بندگی ہی ذریعۂ عفوِ خطا نہیں

مفت ملجائے تو کعبہ میں نہیں یہ واعظ
یاں حریفِ مے و میخانہ بنے بیٹھے ہیں

کہتے ہیں دینے کو وہ دیکھئے کیا دیتے ہیں
وہ بھی یاں دیتے ہیں یا روزِ جزا دیتے ہیں

کیا دھرا ہے نرگسِ بیمار میں
مستیاں ہیں اور چشمِ یار میں

حُسن وہ حُسن جسے دیکھنے کی تاب نہیں
جلوہ وہ جلوہ کہ چھپنا پسِ جلباب نہیں

دہر میں عیش کے سامان ہیں مہیا سب کچھ
ایک تم جلوہ گرِ عالمِ اسباب نہیں

کیا سُبک ہو گئے عریانی تن سے مر کر
دوش پر جاتے ہیں اور زحمتِ احباب نہیں

ہنگامِ بے حجابی یہ شمع بھی بجھا دو
رہنے نہ پائے کوئی بیگانہ انجمن میں

تیر نظر سے تیری دونوں چھدے پڑے ہیں
دیوانہ رہگذر میں فرزانہ انجمن میں

لہو کی اب وہ حالت ہے دلِ بیتاب و مضطر میں
کہ گل پر رقصِ شبنم جلوۂ خورشید انور میں

لبِ غیر آج تھا ساغر پہ دورِ آتشیں تر میں
کہ موجِ مے گریزاں ہے لبِ ساغر سے ساغر میں

نہیں معلوم کس کس کا لہو خنجر نے چاٹا ہے
کہ ہر جوہر ہزار رنگِ گل ہے موجِ آبِ خنجر میں

تقاضا حُسن کے کہتے ہیں یہ صورت ہے بلا کی
کوئی منہ پہلے بنوائے بلائے پھر ہمیں گھر میں

ہمیں نسبت ہے صہبا سے کہ ہم ہیں نسلِ آدم میں
ہمارا حصہ ہے راقم شرابِ حوضِ کوثر میں

زبانی مرنے والے سینکڑوں عیار ہوتے ہیں
محبت کرنے والے لاکھ میں دو چار ہوتے ہیں

قیامت ہے زلیخا اور یوسف کی خریداری
غضب ہے حُسن کے سودے سرِ بازار ہوتے ہیں

دعائے وصل وہ مانگے کہ جسکے ہاتھ خالی ہوں
مرے ہاتھوں میں دامانِ خیال آ رہتے ہیں

خوب نکلے جستجوئے یار میں
خار دامن میں ہیں دامن خار میں

ہمتو اپنی حسرتوں کو ایک دن
دفن کر آئیں گے کوئے یار میں

کچھ ایسی بن گئی تصویر اُسکے دستِ قدرت سے
رہا حیراں بنا کر آپ صورت آفریں برسوں

اُمید وصل کی رکھیں اور آپ سے رکھیں
گویا کہ عرضِ خضر کی ہم آرزو کریں

تم سے نہ کہیں حال تو پھر کس سے کہیں ہم
یا اُسکو بتا دو کوئی تم سے جو سوا ہو

وفاداروں میں ملتے ہو دکھاؤ کچھ وفا کر کے
اِسی بیگانہ داری پر کہیں ہم - با وفا تم ہو

تمہارے گھر سے ہم نکلے خدا کے گھر سے تم نکلے
تمھیں ایمان سے کہدو کہ کافر ہم ہیں یا تم ہو

مقصد تمھارے ہاتھ ہے قسمت خدا کے ہاتھ
جو کچھ خدا سے ہو وہ تمھاری زباں سے ہو

کیا ہوگا مسیحا سے کسی اور کو لاؤ
جس نے کہ علاجِ دلِ بیمار کیا ہو

وہ کام نہیں یاں کہ بنے چارہ گروں سے
وہ درد نہیں یاں کہ مسیحا سے دوا ہو

خوشامد سے بگاڑا آپ ہم نے اُسکی عادت کو
بنایا اپنا دشمن خود جتا کر منہ سے اُلفت کو

کہتے ہیں آئے کو وہ آئیں نہ آئیں دیکھئے
شوق میں کہتک ہمیں رستہ دکھائیں دیکھئے

کام تدبیر نہ تاثیر دعا کرتی ہے
وہی ہوتا ہے جو تقدیر خدا کرتی ہے

آہ کو سمجھے تھے تسکیں کی دوا کرتی ہے
کیسی تسکیں مری حالت کو سوا کرتی ہے

ایک دن وصل ہوا تھا یہ قیامت آئی
آجتک لیتی ہے بدلے شبِ ہجراں ہمسے

غیر دن رات وہاں رہتے ہیں ابلطف گیا
کل چھٹا آج چھٹا کوچۂ جاناں ہمسے

ایک دن سہو و رہِ غیر میں جائیگی ضرور
آبروئے عشق کی، شرم آئی غیرت میری

یادگاروں میں اسد کی ہے یہ بندہ راقم
کیا ہوا بزم سخن میں نہیں شہرت میری

جانتے ہیں گلہ کرنے گلہ کر نہیں سکتے
ملتے نہیں لب شوخیٔ گفتار کے آگے

تاثیر تو ہی میری نگاہوں میں بھی لیکن
چلتی نہیں اُس شوخ فسوں کار کے آگے

حسینوں سے نکر الفت دلِ ناشاد کہتے تھے
لہو رلوائیں گے کافر ستم ایجاد کہتے تھے

کس کا جوابِ نامہ مگر پارہ ہائے خط
اُڑتے ہوا پہ دیکھیا دو چار آئیں گے

ناز و لدار بھی نہیں اُلفت
ناتوانی سے ناتوانی ہے

ہاں کلک کوئی زمزمہ پرداز فغاں رہے
انداز و لفز یہی اہلِ زبان رہے

تم ہجوم نا امیدی! اب جواب آنیکو ہے
مژدہ تسکیں! اسکے قاصد کا میاں آنیکو ہے

لذتِ قتل کہاں برشِ صمصام میں ہے
عشرتِ مرگ تو کچھ عشوۂ اصنام میں ہے

ایسی ہوگی نہ کسیکی شبِ غم کی صورت
صبحِ محشر میں نہ ہوگا وہ مری شام میں ہے

خوب کٹتی ہے شبِ ہجر کہ بے کار نہیں
دل کسی یاد میں ہے نالہ کسی کام میں ہے

یاں بہار آئی ہے ساقی ابھی آرام میں ہے
آنکھ ساغر پہ ہے دل بادۂ گلفام میں ہے

یار کیا صحبتِ یارانِ مے آشام میں ہے
بیقراری سے جو شب بھر دلِ ناکام میں ہے

وعدۂ یار وفا ہوگا نہ گھبرائے دل
وہ بھی دن ہوگا اگر گردشِ ایام میں ہے

عاشقی کھیل نہیں خاک نہ سمجھے راقم
رخصتِ جان بھی آغاز کے انجام میں ہے

کہتے ہو کہ ہم غیر سے ملتے نہیں حاشا
کہدو گے قسم کھا کے یہ اغیار کے آگے

"کسی سے نہیں ملتے" کہتے تھے تم تو
یہ کیا کر رہے ہو، یہ کیا ہو رہا ہے

حقیقت مری آپ کیا پوچھتے ہیں
مقدر کا پورا لکھا ہو رہا ہے

جانتا ہوں کہ اُسے دیکھ کے دم جاتا ہے
پھر اُسے دیکھنے جاتا ہوں یہ سودا کیا ہے

تیر سینے میں نہیں، پھانس کلیجے میں نہیں
پھر خلش کیسی ہے، یہ دل میں کھٹکتا کیا ہے

تم رہو غیر رہے، تم کو مبارک عشرت
ہم چلے جائیں گے محفل سے ہمارا کیا ہے

اللہ رے خوئے شوخ الٹ کر نقاب آپ
لینا صبا کا نام بگڑ کر عتاب سے

ساماں نئے نئے ہوں شبِ وصلِ یار میں
مے ابر سے برستی ہو جام آفتاب سے

عیش کی رات مقدر سے اگر ہوتی ہے
بات کرنے نہیں پاتے کہ سحر ہوتی ہے

حُسنِ زیبا لاکھ نظروں سے چھپاتے جایئے
اور کھلتا جائے گا جتنا چھپاتے جایئے

تجھسے ملنے کو وہ آتے ہیں کھلے تیرے نصیب
مژدہ ہو اے دلِ بیمار قیامت آئی

اُن کو اغماض کہ پیکاں کو نہ ضائع کیجے
یاں جگر تشنۂ پیکاں ہے نشانی مانگے

ہائے راقم نہ رہے حضرتِ غالب سر پر
قدر فرزند کی ہوتی ہے پدر کے ہوتے

برسوں گذر گئے یہی سُنتے کہ آؤ گے
وعدوں کی انتہا ہے نہ حد انتظار کی

وصل ہو یا اور ساماں کچھ نہ کچھ ہوگا ضرور
آرزوئے عاشق دلگیر کچھ کہتی تو ہے

رات سے مضطرب ہے دلِ راقم
دیکھیے آیا یہ سبب بے قرار کے

ڈھونڈھا کئے جہاں میں کوئی باوفا ملے
جتنے ملے یہاں وہ غرض آشنا ملے

مقتل میں آج آؤ چھری سے گلا ملے
اُلفت کا امتحاں ہو جفا سے وفا ملے

اِک ہم ہیں بے نصیب کہ دشنام بھی نہیں
اک وہ ہیں جنکو بوسہ بغیر التجا ملے

ہونیکو ہے شاید کوئی سامان خدا ساز
جو شام سے ہوا اور ہی رُخ مرے گھر کی

واعظ ڈرا نہ تُو ہمیں روز حساب سے
کر لینگے توبہ مرنے سے پہلے شراب سے

خضر کو دیکے یارب عمر کی کیوں رائگاں تو نے
کسی عاشق کو دی ہوتی یہ عمر جاوداں تو نے

رام پرشاد منشی رام پرشاد کایستھ سکسینہ لکھنوی داروغہ سرکار نواب سر محسن الدولہ بہادر نواسۂ حضرت غازی الدین حیدر داماد حضرت محمد علیشاہ، بڑے طبّاع، صاحب لیاقت و سلیقہ شعار الملکار تھے۔ اِنہیں آقا کا اعتماد کُلّی اِن پر تھا۔ اور جُملہ انتظام انھیں کے ہاتھ میں تھا، حسین آباد کے امام باڑے کا بھی (چونکہ نواب صاحب اُسکے متولی تھے) تمام نظم و نسق سالہا سال اِنکے ہی ہاتھ میں رہا۔ اور تمام متعلقین انکی نیک نیتی اور حسن سلوک کے مدّاح رہے ۲۵ برس کے قریب ہوئے انتقال کیا ؛ رام پرشاد

ہائے اِس مہمانسرا سے ہاتھ خالی گھر چلے
بارِ عصیاں مفت ہمتو اپنے سر پر دھر چلے

غور کر کے خوب دیکھا کوئی بھی اپنا نہیں
خوابِ غفلت میں عبث ہم عمر ضائع کر چلے

گو کہ ہوتا ہے وہی لکھا ہے جو تقدیر میں
ہر بشر کو چاہیئے کچھ کام اچھے کر چلے

رام پرشاد اُن کو جنت میں ملا جامِ طہور
تشنہ لب جو یاں سے بہر ساقی کوثر چلے

راوی مصاحب علی خلف منشی اکرام علی ساکن قصبۂ نادون متصل بلگرام۔ مرزا مہدی کوثر کے صاحبِ دیوان شاگرد اور وقتِ ترتیب تذکرہ سراپا سخن زندہ تھے۔ راوی

کیونکر نہ باندھوں کھاکے میں خونِ جگر کمر — ملکِ عدم کو باندھ گئے ہمسفر کمر
مانی سے کھچ سکے تری تصویر کس طرح — ہوش و حواس ہوگئے گم دیکھ کر کمر
یہ جوشِ گریہ یادِ کمر میں ہے اندنوں — رویا ہیں جس جگہ ہوا پانی کمر کمر
بدزیب یہ ردیف ہے راوی نہ فکر کر — ایسے ہی باندھ لائینگے اہلِ ہنر کمر

ربط منشی دیبی پرشاد خلف منشی موہن لال کایستھ بھٹناگر، عدالتِ دیوانی ضلع مرادآباد میں ۱۸۸۸ء میں پیشکار تھے اور ملک الشعرا شیخ مہدی علی خانؒ کے ارشد تلامذہ میں گنے جاتے تھے انکے بھائی منشی کنہیالال بھی شاعر تھے اور ضبط تخلص کرتے تھے۔ تذکرۂ شعرائے ہنود سے کچھ کلام انتخاب کیا گیا، بڑے ذکی، فہیم، اور طباع نکتہ سنج تھے، چند اشعار ملاحظہ ہوں ؎

اجل بھی تو نہیں آتی بُرا ہو سخت جانی کا — الم کبتک اٹھائیں یار کی نامہربانی کا
یہی ہیں لذتیں تو ہم یقیں کیا کیا نہ رؤینگے — اگر یاد آئیگا پیری میں عالم نوجوانی کا
بہنوں وہ شرمگیں ہر عضو کو دزدیدہ تکتے ہیں — ہوا ہے عشق انکو آپ اپنی نوجوانی کا
اٹھا کر آنکھ بھی حور و نکو جنت میں نہ دیکھیں گے — رہا دھڑکا جو ایسا ہی کسی کی بدگمانی کا
نہ پوچھو اور ربط حالِ دل غضب میں جان آئی ہے — بُرا ہو عشق کا یارب بھلا ہو نوجوانی کا

رباعی

بہ طرح سے آپ تو ستائیں کیا خوب — ہم شکوہ زبان پر نہ لائیں کیا خوب
دیں گالیاں آپ ہم ہنسی میں ٹالیں — اور آپ ہنسی میں روٹھ جائیں کیا خوب

جو مصرع ایک ہی عشوہ تو غمزہ ایک مصرع ہے — تمھاری شانِ محبوبی عجب دلچسپ مطلع ہے
جہاں ہے وہ قصیدہ پُرمضامیں حمد باری کا — ازل مطلع ہے جس کا اور ابد جس کا کہ مقطع ہے
مشابہ ہے مگر اس میں کہاں ہے یہ دل آویزی — ثریا کیا ہے جو کچھ آپ کا جھومر مرصّع ہے
ادائے عشوہ ناز و غمزہ ہیں یہ چار رکن اسکے — قدِ موزونِ جاناں بھی عجب برجستہ مصرع ہے
اُسی کے ہیں یہ سب نقش و نگار اور ربط کھول آنکھیں — مصوّر ہے وہ ممدوحِ زماں عالم مرتفع ہے

ربط نواب مظفر علیخان صاحب برادر و تلمیذ حضرت حسان الہند نواب رضوان علی خان رضوان

رئیس مراد آباد انکے بزرگ بڑے صاحب جاہ و ثروت تھے، انقلاب زمانہ سے وہ حالت نہیں رہی پھر بھی آسودگی سے بسر اوقات کرتے ہیں، رات دن شعر و سخن کا مشغلہ رہتا ہے۔ معمر آدمی ہیں کلام کا انتخاب حاضر ہے۔

مُرادوں کے دن ہیں جوانی کی راتیں — اُمنگوں پہ آیا ہے جوبن کسیکا
لاکھ قرباں کریں ہم تجھپہ دل و جاں اپنا — تو نہوگا کبھی غارتگرِ امیاں اپنا
یہ تری زُلف پہ واریں گے وہ چہرہ پہ ترے — لائے ہیں نذر کو دل گبر و مسلماں اپنا
رو رو کے یاد آتے ہیں دندانِ یار آج — ہے صبح سے بندھا ہوا اشکوں کا تار آج
لائی نسیمِ گیسوئے جاناں مگر صبا — کیوں کوڑیوں کے مول ہے مشکِ تتار آج
ہنس ہنس کے وارِ تیغ کے قاتل نے جو کیئے — زخموں کی بدھی بن گئی پھولوں کا ہار آج
اُٹھا نقاب تو خورشیدِ حشر کا چمکا — جو بکھری زلف تو آئی بلا مرے سر پر
بہار آئی جنوں خیز ہے چمن کی ہوا — رگوں نے کر لیا گھر اپنا نوکِ نشتر پر
ہوا نہ رتبۂ شہادت کا ہمکو رتبہ نصیب — گلا اُٹھا کے رکھا بار بار خنجر پہ
لگا دیں آگ تیرے دل میں ظالم — دکھا دیں آہِ سوزاں کا اثر ہم
چمک کر داغِ اُلفت ہیں یہ کہتے — چراغِ طور ہم شمس و قمر ہم

وہ بلبل ہوں رہا ہوں میں پسند باغبانِ سو — نہالِ عیش پر اپنا رہا ہے آشیاں برسوں
کسی پہلو نہ نکلا میں ترے زندانِ اُلفت سے — لیئے قیدِ محبت نے نہ کیا کیا امتحان برسوں
صبا نے خاک اُڑائی جستجو میں تیری مدت تک — پھرا بر باد موجِ بوئے گل کا کارواں برسوں
چین آتا ہی نہیں دم بھر فراقِ یار میں — کب تلک تڑپا کروں میں یا الٰہی کیا کروں

حلقۂ گیسوئے پُرخم سے رہائی نہ ہوئی — پیچ پر پیچ دیئے زلفِ دوتا نے ہمکو
ربط طاقت تھی رسائی کی ہمیں ملکوت — پھینکا اسفل کی طرف مکر و ریا نے ہمکو
اُن پر نظر کرے گی نہ رحمت آلہ کی — کچھ واعظوں نے قدر نہ جانی گناہ کی

غل ہے کہ ہاتھ ہاتھ کو آتا نہیں نظر — محشر میں دھوم ہے مرے روزِ سیاہ کی
سب بیگناہ رحمتِ غفار دیکھکر — حسرت سے شکل تکتے ہیں اہلِ گناہ کی

زیر و زبر ہوتے — ہمارے نالہ ہائے دل جو کچھ بھی با اثر ہوتے
ہدف تیرِ ستمگر کے جو دونوں دل جگر ہوتے — ہجومِ شوق کے ساماں ادھر ہوتے اُدھر ہوتے

ترکِ مے سے کیا بُری گت ہو گئی — توبہ کیا کی ہمنے آفت ہو گئی
جو اضطراب دل میں جو سوزش جگر میں ہے — سیماب موج میں ہے نہ برق و شرر میں ہے
یوں لذت یہ شوخی نہیں پائی ہے خانے — سینچا ہے اسے مدتوں خونِ شہدانے
یہ عشق وہ ظالم ہے کہ اللہ بچائے — برباد کیے اسنے گھرانے کے گھرانے
چھپ جاؤ گے کیا غیر کے پہلو میں ہاں بھی — سُنلی کبھی عاشق کی جو محشر میں خدانے
یا ہمنے سکھائے تھے انھیں حسن کے انداز — یا ہمکو پڑے ناز حسینوں کے اُٹھانے
لو تیر و کماں ہاتھ میں دل یہ ہے جگر یہ — ہاں دیکھیں تو تم کیسے اُڑاتے ہو نشانے
ہے کچھ تو جو بلبل سے چٹکنے لگے سب گل — کیا پھونکدیا کان میں غنچوں کے صبا نے
ابرِ نیساں کی طرح بحر میں رُلواتی ہے — یاد تیری دلِ مضطر سے کہیں جاتی ہے
شوخیٔ خامۂ بہزاد بھی چکراتی ہے — رنگ بنکر تری تصویر اُڑی جاتی ہے
جب اُلٹ جاتا ہے گیسوئے رخِ نورانی سے — شبِ تاریک میں بجلی سی چمک جاتی ہے

ربط شیخ امام الدین ساکن قصبۂ کانٹ ضلع شاہجہانپور کریم بخش فرقت سے ۱۸۹۴ء سے اصلاح لیتے تھے اُس زمانہ کا کلام پیامِ عاشق سے نقل ہوا۔ ربط

وہاں زخم کو یہ آرزو ہے لے سفاک — نمک چھڑک کے تڑپ کا مزا چکھا دینا
نہ پھر جڑے گا جو ٹوٹا ہمارا شیشۂ دل — کہیں نظر سے نہ اے سنگدل گرا دینا
سُنا ہے فتنہ محشر ہے آپکی رفتار — یہ آرزو ہے کہ چلکر ذرا دکھا دینا
نکالے ترا دم ہچکیوں میں مدعا یہ ہے — اسی باعث سے تو اے ربطؔ انکو یاد آیا ہے

رحم

رحم - راجہ نیم چند - حیدرآباد دکن کے منصبدار اور با وقار رئیس ہیں، شعر و سخن کا بھی گاہ گاہ مشغلہ ہو جاتا ہے عمر ۳۵ سال کے قریب ہے، بارہا کلام اور حال کے لیئے لکھا مگر جواب نہ آیا ؛

تم نہ سننا کبھی ہیں درد انگیز	دلِ اُمیدوار کی باتیں
ہے لگاوٹ کا یہ نرالا ڈھنگ	ظلم کے ساتھ پیار کی باتیں
اِسی واسطے ناصحا دل بنا ہے	خطا کیا ہوئی گر کسی کو دیا ہے

رحمٰن

رحمٰن - محمد عبدالرحمن خان مرحوم رحمٰن تخلص ۸ر جون ۱۸۵۷ء کو فرخ آباد میں پیدا ہوئے۔ انٹرنس تک تعلیم پائی سرکاری ملازمت کے سلسلہ میں پہلے منصرم حجی خفیفہ ڈیرہ دون ہوئے پھر ۱۹۰۵ء میں ڈیرہ دون سے بعہدۂ مترجم حجی فرخ آباد کو تبادلہ ہوا۔ اور یہاں بعارضۂ تپ دق ۴ ستمبر ۱۹۰۶ء کو انتقال فرمایا۔ ناول نویس بھی تھے، حکام نے خوش ہو کر اُنکے لئے تحصیلداری کی سفارش کی مگر حیات نے وفا نہ کی۔ فن بنوٹ کے کامل اُستاد تھے، فقیروں سے خاص ارادت تھی ایک کتاب وظائفِ رحمانی لکھی تھی جس میں عملیات وغیرہ درج ہیں۔ اخبار و نکی نامنگاری بھی کی آپکے دو صاحبزادے بھی موجود ہیں ایک جدت اور دوسرے فطرت تخلص کرتے ہیں۔ اُنھوں نے آپکی چند غزلیات بھیجیں جن کا انتخاب درج ذیل ہے۔

ماہ کامل سے جبیں کو ترے اچھا دیکھا	رشکِ خورشید منور رُخِ زیبا دیکھا
رات کے آنیکو کہتا ہوں تو وہ کہتے ہیں	شب کو خورشید کہیں تمنے نکلتے دیکھا
بارِ احسان سے جراح کے چھوٹا صد شکر	دلِ مجروح میں ناسور ہی خوب ہوا
کیکی نوکِ مژہ کے نشتر لگے ہوئے ہیں ہزاروں پر	بہا ہی حسرت کا خون ہو کر میں غرق خنجر کی آب میں ہوں
یا الٰہی وہ رہے فرمانروائے ملک حسن	کشورِ دل کی ہمارے جس سے ویرانی ہوئی
دستِ بستہ جب کہا کچھ عرض کرنا ہے حضور	ہنسکے بولے کیا کہو گے بات ہی جانی ہوئی
مسکی محرم - بند ٹوٹے نیلگوں رخسار ہیں	غیر کے گھر آپ کی کیا خوب مہمانی ہوئی
بہ گیا آنکھوں کا سرمہ لاکھا ہونٹوں سے اُڑا	آئینہ دیکھا تو سخت اُنکو پشیمانی ہوئی

رات کی باتوں کا جب ان سے کیا کچھ تذکرہ
اُٹھ گئے شرما کے کچھ ایسی پشیمانی ہوئی

باغ میں پھول سے رخسار دکھا کے تم نے
گل و بلبل کا کیا خون لڑا کے تم نے
آنکھوں میں سُرمہ کا دنبالہ خضب ڈھاتا ہے
پر نکالے ہیں نئے تیر قضا کے تم نے
اچپلاہٹ میں ہے سنجیدگی اہلِ شباب
ڈھنگ سیکھے نئے شوخی میں حیا کے تم نے
یاد آئی ہے تمھیں گرمیٔ صحبت کس کی
کس لئے کھولدیئے بند قبا کے تم نے
کاٹ دی شاخِ طرب مرغِ دل سے میرے
لُطف دیکھے نہ ذرا نشو و نما کے تم نے
دیکھئے جسکو وہ پڑھتا ہے تمھارا کلمہ
کیا سکھایا ہے یہ بندوں کو خدا کے تم نے

رحمٰن

رحمٰن منشی ضیاء الرحمٰن شاگرد معجز بریلوی۔ قاضی محمد خلیل صاحب کے مشاعرے کی غزل سے چند شعر درج ہیں ❊ جوان آدمی ہیں اور یہ کلام ہے۔

جسے کہتے ہو تیر آہ دنیا سے نرالا ہے
یہ جسکے دل سے نکلا ہے اُسی کے دل میں بیٹھا ہے
نہ جاؤ اُسکی بالیں سے کوئی حسرت نہ رہجائے
تمھارے سامنے ہی دم نکلجائے تو اچھا ہے
بُرا تم جسکو کہتے ہو وہ اچھا ہو نہیں سکتا
جسے کہتے ہو تم اچھا بُرا بھی ہے تو اچھا ہے

رحمت

رحمت ۔ رحمت علی رحمت قرابتدار و شاگرد امام بخش صہبائی۔ مثنوی نالۂ بلبل۔ حدیقۂ رحمت و مثنوی شکایتِ فلک، ان سے یادگار ہیں۔ فارسی شعر بھی کہتے تھے۔ کتب درسیہ و رسائل عروض کو بہت تحقیق و تدقیق سے پڑھا تھا۔ عرصہ ہوا انتقال کیا۔ یہ چند شعر انکے طبعزاد ہیں۔

دل ہے بیتاب بہت شوخیٔ جاناں کی قسم
ہدفِ تیر ہے جاں کاوشِ مژگاں کی قسم
طعنے اتنک ہیں کہ رُخ کی مرے کیا قدر تھیں
میں نے اک روز کہیں کھائی تھی قرآں کی قسم
تھا غمزہ تیرے سے ہُوا اور تیز تر
بُرش میں تیغ کی ہے بہت دخل آپ کو
رحمت یہ عمر اور ورع خیر ہے تجھے
بٹا تو کیوں لگائے ہے عہدِ شباب کو
ابر بہار کی سی مجھے چشمِ تر ملے
جُوں برقِ مضطرب مجھے یارب جگر ملے
تیر ہی کچھ یہ طور نرالا جہان سے ہے
ورنہ یہ رسم ہے کہ بشر سے بشر ملے

رحمت

رحمت پنڈت گنگا پرشاد ولد پنڈت موتی لال کشمیری لکھنوی شاگرد حضرت امانت ۱۲۶۹ھ میں بروقت ترتیب تذکرہ سے اپاسخن انکا عالم شباب تھا عرصہ ہوا قضا کر گئے۔ کلام ملاحظہ ہو

ہم رند کس طرح نہ دعا دیں اُٹھا کے ہاتھ — دیتا ہے جام پینے کو ساقی بڑھا کے ہاتھ
ملتا ہوں غم سے میں کفِ افسوس را دیں — چلتے ہیں ساتھ غیر کے جب وہ ملا کے ہاتھ
اے غیرتِ مسیح ترا عشق لے گا جان — ہے موت میری اس مرضِ لادوا کے ہاتھ
حسرت خوشی سے پاؤں نہ پھیلاؤں کس طرح — دیکھوں گلے میں اپنے جو اُس مہ لقا کے ہاتھ

رحمت

رحمت حکیم حافظ محمد رحمت اللہ رحمت باشندۂ بنارس و اہل شوق میں برسوں خلیل الدین حسن طاہر بنارسی سے اصلاح لیتے رہے پھر جب ۱۸۹۸ء میں حضرت داغ حضور نظام کے ہمراہ بنارس گئے انکی خدمت میں حاضر ہو کر شرف تلمذ حاصل کیا۔ بڑے پُر گو کہنے والے ہیں کچھ تلامذہ بھی کر لیے ہیں، دیوانِ غیر مطبوعہ تیار ہے، شعر گوئی میں اچھی مہارت ہے، صفائی مضمون اور زبان کا خیال رکھتے ہیں، بندش بھی چست ہے، تعقید سے بھی احتراز کرتے ہیں الغرض بدرجہ اوسط تمام خوبیاں انکے کلام میں موجود ہیں۔

اے اہلِ حشر کو بھی قسم کیا بُھلانے کا — کیا جو وعدہ قیامت میں مُنہ دکھانیکا
ایک ہی جلوہ میں غش کھا کے گرے تم رحمت — کوئی بات یہ تھی دل کو سنبھالا ہوتا
میرے پہلو سے وہ اُٹھ کر چل دیئے — اور کیا بیتابیٔ دل سے ملا
ہائے اب دل کھو کے پچھتاتا ہوں میں — کیوں کسی زہرہ شمائل سے ملا
ہو نہ اس میں بھی کوئی چال ہے — وہ نہ جانے ہمسے کس دل سے ملا
لیکے آئے داغ حسرت دل میں ہم — خوب تحفہ اُن کی محفل سے ملا
دوست دشمن کو پرکھیئے تو سہی — کون کس دل کون کس دل سے ملا
حق کا ملنا تو بہت آسان ہے — آدمی البتہ مشکل سے ملا
جان کر دوں اُنکے قدموں پر فدا — جب وہ سمجھیں گے کہ یہ دل سے ملا

تو نہیں ملتا جو مجھ سے کیا ہوا
تیر تو تیرا مرے دل سے ملا

بے وفا مشہور عالم میں ہوئے
بس یہ تمکو عہد باطل سے ملا

اب ہے رحمت ہاتھ دل پر کس لیئے
اور آنکھیں شوخ قاتل سے ملا

تیغ کفچکر رہ گئی خنجر نکل کر رہگیا
آج قاتل مجھپہ کیوں تیور بدل کر رہگیا

دل سے کہتے تھے نکر ضبط فغاں ہا نہیں
آپ اپنی آگ میں کمبخت جل کر رہگیا

سچ بتا اے شمع محفل کس لیئے روتی ہو تو
یہ پڑی ہے راکھ کسکی کون جل کر رہگیا

جب اٹھائی یار نے روئے منور سے نقاب
کوئی غش کھا کر گرا کوئی سنبھل کر رہگیا

پا گیا اچھی جگہ لیتا نہیں جانے کا نام
دل مرا مٹھی میں اس بت کی مچل کر رہگیا

وحشت دل! مجھے گھر جانے دے
اے جنوں چھوڑ دے واں میرا

کیا کہوں دل کے عوض کیا یہ صنم دیتے ہیں
رنج دیتے ہیں، الم دیتے ہیں غم دیتے ہیں

ہوا ہے دامن دل پر نے پر زے
کسی سے چاک یہ کیونکر سیئے جائیں

تری تصویر گر دیکھیں تو ہو وہ بیخودی طاری
نہ آئیں ہوش میں حوران فردوس بریں برسوں

وقت زینت چھیڑنے پر میرے ہو ہو کر خفا
ہائے یہ کہنا کسیکا بال سلجھانے بھی دو

دل جگر مائل ہیں دونوں اسکی چشم مست پر
لطف ہے میکش بھی وہیں اور مینا نے بھی دو

حیا کیا کام ہے خلوت میں تیرا
ترا اس وقت میں آنا ستم ہے

عجب حال ہے اس دل مضطرب کا
یہی رہنما ہے یہی راہ زن بھی

قیامت کے اے بت ہیں انداز تیرے
فدا تجھپہ ہیں شیخ بھی برہمن بھی

موسم گل ہے یہ حسرت ہے مجھے اے ساقی
توبہ توڑوں ترے ٹوٹے ہوئے پیمانے سے

یقیں تیری باتوں کا کیونکر نہ آئے
کہ برسوں سے وعدہ وفا ہو رہا ہے

بے طرح آج تم سنورتے ہو
ہیں ارادے کہاں کے جانے کے

درد سینے میں لب پہ آہ و فغاں
یہ نتیجے ہیں دل لگانے کے

بتاؤ تو سہی یا مدعی کی
بتو تم کو بھی اُلفت ہے کسی کی

جو دل سے دوست نے بھی دشمنی کی
کوئی اُمید رکھے کیا کسی کی

زمانے کے ہوئے ارمان پورے
مگر نکلی نہ حسرت میرے جی کی

کہو تو کیا یہی لازم تھا تم کو
ہمارے دشمنوں سے دوستی کی

وہ مہر و فاتحہ پڑھنے جو آیا
چڑھی مرقد پہ چادر چاندنی کی

عدو سے حالِ دل خود کہہ رہا ہوں
بُری ہوتی ہے حالت بیخودی کی

سنبھالے دل کو اپنے خاک ناصح
طبیعت ہو جو بے قابو کسی کی

کہو تو کیوں ہے یہ بنا سنورنا
مریجاں جان لو گے کیا کسی کی

خدا کی یاد بھی کچھ کر لو رحمت
بہت تم نے بتوں کی بندگی کی

عدو کے نام سے انکو پیام بھیجا ہے
جو آگئے تو مزا ہوگا دل لگی ہوگی

یہاں کے مرنے والے بھی مزا پاتے ہیں جینے کا
کہیں فردوس سے بڑھکر زمینِ کوئے قاتل ہے

محشر کا مونہ وہ بت ہوش ربا ہے
انداز قیامت کے ہیں قیامت کی ادا ہے

لیتی تو ہر اک شخص کی جاں اُسکی ادا ہے
بدنام مگر مفت زمانے میں قضا ہے

رحمت

رحمت محمد رحمت اللہ خلف حافظ محمد عبداللہ خاص بلند شہر کے متوسط الحال باشندوں میں سے ہیں عمر تقریباً ۲۸ سال ہے نازکِ شعر اگرچہ جدید ہے مگر دو چار سال ہی کی کثرتِ مشق نے قریباً پختہ گو کر دیا ہے منشی سید محمد ناظر حسین صاحب ناظر سکندر آبادی ملازم ریاست ٹونک کے شاگرد ہیں اور مدرسۂ اسلامیہ بلند شہر میں مدرس ہیں۔ کلام درج تذکرہ ہے +

جو آئی تیرے آنیسے وہی رونق تھی محفل کی
اُڑا جو تیرے جانے سے وہی تو رنگِ محفل تھا

تم مجھ سے لیکر کیوں اسے پامال کر ڈالا
بڑے نازوں کا پروردہ یہ مجھ ناشاد کا دل تھا

دلِ ناشاد کی میرے نہ سمجھی قدر کچھ تم نے
یہ گلدستہ نظر کے سامنے رکھنے کے قابل تھا

اِک لفظ کُن نے کی ہے معمور بزمِ عشرت
دو حرف سے ہے ظاہر سب کچھ کمال تیرا

سبزۂ خط ہو چلا آغاز کیوں حیراں ہو تم
بیٹھنے والا ہے اب ہالے کے اندر آفتاب

اِسکے سایہ سے بچانا چور ہے اے باغبان
صاف اُڑا لیجائے گا رنگِ گلِ تر آفتاب

ہو کے کاہیدہ بنے اندوہ سے شکلِ ہلال
یار کے بدلے ہوئے تیور جو دیکھے آفتاب

ہوش و حواس کیا ہوئے عشاق سے پوچھ
بیخود ہوئے ہیں جلوۂ دیدار دیکھکر

دلمیں کھٹک رہا ہے سرِ خار آرزو
اسکو نکال دیجئے بہت بیقرار ہوں

کہا جب آپ ابتو آفتِ جاں ہوتے جاتے ہیں
تو فوراً ہنسکے فرمایا کہ ہاں ہاں ہوتے جاتے ہیں

غضب کرتے ہو تم اُبھرا ہوا جوبن دکھاتے ہو
دلِ رحمت میں پیدا اور ارماں ہوتے جاتے ہیں

جوبن اُبھر کے کہتا ہے اُنکا شباب میں
تم لاکھ رکھو میں نہ رہوں گا حجاب میں

کرتے ہو آج شیخ جی ہمکو نصیحتیں
کیا کیا کیا نہ ہوگا تمھیں نے شباب میں

جہاں میں ہم سحر اُس آنکھ کے کاجل نے کیلگی
یہ عالمگیر ظلمت نور کی مشعل سے نکلیگی

یوں چاند سے تو بڑھکے ہیں پر اُس سے سوا ہی
اُس میں کوئی انداز نہیں تجھ میں ادا ہے

اقرار یہ تم وصل کا کرتے تو ہو لیکن
مانع نہ ہو وہ شرم سے بھی پوچھ لیا ہے

جب اُن سے کہا لینے دو زلفوں کی بلائیں
کس ناز سے بولے کوئی دیوانہ ہوا ہے

کیا پوچھتے ہو عشق میں مشہور ہے رحمت
ہاں جان بھی دیدیگا وہ - دل دے ہی دیا ہے

رحمت

رحمت تخلص نام تاریخی ظفر علی مشہور محمد رحمت اللہ خلف شیخ عبداللہ خان نقشہ نویس میرٹھ اصلی وطن ابتدائی تعلیم و تربیت دلّی میں پائی - عربی فارسی بقدر ضرورت مولوی شاہ محمد عبدالحکیم صاحب صدیقی المتخلص بہ جوشؔ حکیم سے پڑھیں اور اُنھیں سے فن شعر میں تلمذ حاصل کیا شعر میں روزمرّہ کے دلی جذبہ کا مطلب بآسانی ادا کر لیتے ہیں پہلے میونسپل بورڈ غازی آباد میں کلرک تھے فی الحال ایکاؤنٹنٹ آفس میرٹھ میں ہیڈ کلرک ہیں انتخاب کلام یہ ہے -

اِدھر پہلو سے وہ اُٹھا اُدھر پہلو میں دل اُٹھا
جفا پیشہ جسے سمجھے تھے وہ آرام جاں نکلا

ہوا گھٹ گھٹ کے دلمیں خون ارمان و تمنا کا
نتیجہ تجھ سے گر نکلا تو یہ ضبطِ فغاں نکلا

دن کو رو رو کے روز شام کیا
کام کا پر نہ کوئی کام کیا

حیف دو روزہ زندگی کے لیئے
ہمنے کیا کیا نہ اہتمام کیا

یہ تو کہیئے کہ آپنے رحمتؔ
کچھ وہاں کا بھی انتظام کیا

ستارا اوج پہ ہی بخت ہے رسا دل کا
کہ آج پوچھتا ہے حال بے وفا دل کا

نہ تجھسے ملتے نہ سہتے اذیتیں شب و روز
بُرا کیا جو کہا ہمنے کر دیا دل کا

وہ آئے بھی تو خفا بیٹھے بھی تو چین بجبیں
بہار میں بھی نہ غنچہ مرا کھلا دل کا

یہ کیا خبر تھی کہ ہو جائے گا وہ پرفن اور
بُرا کیا جو کہا اُس سے ماجرا دل کا

خدا جانے وہاں پر ہی وہ کیا سامان دلچسپی
کہ آتا ہی نہیں واپس گیا شہر خوشدل کا

کون کہتا ہے کہ وہ دل لیگیا دل لے گیا
دل تو ہے پہلو میں پر کیا جانے کیا جاتا رہا

عشق میں اُس چشم میگوں کے بہت بہکے تھے ہم
نشہ وجب وہ ہوا سارا نشہ جاتا رہا

خوب ہم روئے اپنی مستی پر
قہقہہ مُنکے رات بوتل کا

بیفائدہ کرتا ہی تعریف خاکی
واعظ نے ابھی کوچہ جاناں نہیں دیکھا

سب سے موافقت کریں اپنا یہ فرض عین ہے
لائے کسی کو رُو برو دور زمان کو کیا غرض

آپکو جب مٹا دیا جیتے ہی جی ۔ تو بعد مرگ
سنگ لحد لگائیں کیوں نام و نشاں کو کیا غرض

یار کے بزم عیش میں بار ملے ۔ تو کس لیئے
چھوڑ کے سنگ آستاں جائیں جناں کو کیا غرض

جبکہ بہار باغ عمر رہگذر فنا میں ہو
بنکے چلے بتاؤ کیوں باد خزاں کو کیا غرض

جہاں کی عارضی راحت کا کھل گیا عقدہ
ہنسی کے ساتھ جو آنسو بھر آئے آنکھوں میں

درد مرض عشق جو ٹلجائے تو جانیں
یہ پھانس کلیجے سے نکلجائے تو جانیں

دشوار ہے اُس زلف کے پھندے سے نکلنا
سر سے یہ بلا اپنے جو ٹلجائے تو جانیں

کر فضل بہاری میں کرم اِتنا تو صیاد
لٹکا دے قفس ہی کو مرے صحن چمن میں

دونوں میں ایک نور کا پرتو ہی جلوہ گر
اپنے حساب ذرّہ ہو یا آفتاب ہو

قتل میں تشنہ کام شہادت ہوں شوق سے
قاتل پلا دے گر ترے خنجر میں آب ہو

کہاں سے لاؤں اتنے دل خدایا — ادا ہر ایک اُسکی دلستاں ہے
بگڑنے کا سبب پوچھا تو بولے — ہمیں چاہا یہ کچھ تھوڑی خطا کی

ایک ہی پردہ کے اُٹھنے سے ہوئے بیخود کلیم — سامنے بے پردہ وہ آئے تو کیا ہونے لگے

رحمت

رحمت منشی محمد رحمت اللہ رحمت برادر خورد میر نادر علی برتر غازی پوری شاگرد رشید حضرت ظہیر دہلوی، حالات باوجود کوشش نہیں ملے مجبوراً صرف کلام درج کر دیا گیا ؛

آئے ہیں دن شباب کے رحمت کیوں اسطے — اِسکو اُٹھا رکھو نہ قیامت کیوں اسطے
جنت سے کیا غرض ہمیں کوچہ میں آپکے — دو گز زمین مل گئی تربت کیوں اسطے
گل شمع کے اُدھر ہیں اِدھر داغ دل مرے — اچھی بہار آئی ہے تربت کیوں اسطے
پورا ہوا نہ وعدۂ فردا کسی طرح — کیا کیا دلائے اُنکو قیامت کیوں اسطے
بولے وہ عرض حال پہ جھنجھلا کے اسطرح — نہ کر رکھو اسے تو قیامت کیوں اسطے
یارب بتوں کو رحم بھی دینا ضرور تھا — سیرت بھی ہونی چاہیئے صورت کیوں اسطے
رحمت کسی کے نقش قدم کو نہ چھوڑنا — تعویذ کوئی چاہیئے تربت کیوں اسطے

رحمت

رحمت مولوی رحمت علی صاحب فرسٹ اورینٹل ٹیچر مدرسۂ سرکاری ڈیرۂ غازیخان دور موجودہ کے شاعر اور بڑے زود فکر اور پُرگو ہیں ابتدائی چند غزلیں حضرت داغ مرحوم کو دکھائی تھیں مگر ہنوز مشق سخن پختگی کو نہ پہونچی تھی کہ اُنکا انتقال ہوگیا۔ اُس وقت سے بطور خود کہتے ہیں زیادہ تر طرز جدید میں طبع آزمائی کرتے ہیں، کلام رسالوں میں شائع ہوتا رہتا ہے چالیس پچاس برس کا سن ہے، ایک ضخیم مثنوی موسومۂ "وفائے رحمت" بطور تاریخ ہندوستان و انگلستان جشن تاجپوشی کی تہنیت میں شائع کرا چکے ہیں اُس سے اِنکی کثرت مشق کا اندازہ ہوسکتا ہے شعر کا مذاق بھی بُرا نہیں۔ جو کلام ہم پہنچا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے۔

ہندوستاں کے ہم ہیں ہندوستان ہمارا — کہنے کی بات ہے یہ ہے یہ کہاں ہمارا
رہتے ہیں دیس میں یوں پردیس میں ہیں گویا — ہے یہ زمیں ہماری نے آسمان ہمارا

جو زندگی میں اپنی آیا نہ کام یارو ! | کیا قبر پر وہ ہوگا پھر نوحہ خواں ہمارا
ہوتی مغائرت کم جو اک زبان ہوتی | شاید بنے وسیلہ اردو زباں ہمارا
ہم جان جانتے ہیں تم غیر جانتے ہو | حالانکہ جانتا ہے تم کو جہاں ہمارا

قطعہ

ایک کے ہیں تو ایک ہو جائیں | ایک ہی کے جہاں ہیں دونوں
نہ سہی رشتہ یہ تو رشتہ ہے | ایک گھر میہمان ہیں دونوں
رستے دو ہیں الگ مکینوں کے | اک گلی میں مکان ہیں دونوں
وہ ہمارے نہ انکے ہم گویا | بیکسی کے نشان ہیں دونوں
کر کے باہم لڑائیاں جھگڑے | ہو گئے ناتواں ہیں دونوں
بیس ڈالیں گے پاٹ چکی کے | یہ زمیں آسمان ہیں دونوں
گو رہیں دور راز تو اک ہو | جیسے دل اور زباں ہیں دونوں
آئیں آپس میں فیصلہ کر لیں | مفت کیوں دینے جاں ہیں دونوں
مل کے ہم دونوں یک جاں ہوں اگر | پھر تو اپنے جہان ہیں دونوں

رحمتی

رحمتی ۔ کنور سکھراج بہادر رئیس اعظم و میونسپل کمشنر عظیم آباد پٹنہ ۔ کنور صاحب موصوف کنور ہیرالال صاحب ضمیر مرحوم خلف الصدق راجہ پیارے لال الفتی دہلوی کے فرزند رشید تھے شعر و سخن سے طبیعت کو لگاؤ تھا آپنے ۱۸۷۸ء متعدد مشاعرہ پٹنہ میں کیئے ۔ ذی مروّت صاحب اخلاق اور لبیق رئیس تھے اور شعرا کے بڑے قدر دان تھے، اردو و فارسی دونوں زبانوں میں مشق سخن کرتے تھے ۔ کنور صاحب موصوف کے والد راجہ پیارے لال جو تومر کے کایستھ تھے شاہ عالم ثانی کے عہد میں دہلی چھوڑ کر عظیم آباد میں قیام پذیر ہوئے تھے، عرصہ ہوا انتقال کر گئے، انکے کلام کا خلاصہ حسب ذیل ہے ۔

جب آپ ہی کو پاس نہیں رسم و راہ کا | کیا فائدہ جو ہو بھی ارادہ نباہ کا
جب سلسلہ جنباں یہ تری زلف سیاہ کا | عاشق ترا کس طرح نہ ترکیب بیاہ کا

دکھا کر وہ گئے ہیں جیسے اپنی زلفِ مشکیں کو — بلائیں آ رہی ہیں میرے سر پر دیکھتے جاؤ
کرنے کے لیے دعائے قاتل — زخموں کا کھلا دہن ہمیشہ

رحیم

رحیم - مرزا رحیم بیگ رحیم شاہ جہاں آبادی الاصل ولد میرزا امیر بیگ، سردھنے میں رہتے تھے حکیم بوعلی خاں کے طب میں اور محمد بخش ناداں کے شعر و سخن میں شاگرد تھے پہلے شرر تخلص تھا ۱۲۷۱ھ ہجری میں حسب فرمایش حکیم احسن اللہ خاں قصص الانبیا کو نظم کیا تھا ۱۸۴۴ء میں حیات تھے شعر و سخن کا مذاق شستہ تھا فارسی شعر بھی خوب کہتے تھے چند غزلوں کا انتخاب درج ذیل ہے

دوں ہیں کس کسکو کہ اک جان کے خواہاں ہیں بہت — غم جُدا، فکر جُدا، درد جُدا، یار جُدا
خدا جانے کہ وقتِ ذبح کیا اندازِ قاتل تھا — کہ نعرہ ہے لبِ ہر زخم سے اللہ اکبر کا
جو لکھتا ہوں بیاں اپنے دلِ بیتاب و مضطر کا — تڑپتا ہے برنگِ نبضِ عاشق تارِ مسطر کا
بلِ بے گرمیِ آبلوں کی آب کیا تیزاب تھا — پاؤں پڑتے ہی مرا خارِ بیاباں جل گیا
کہنے ہی کی بات ہے کہنے دو لائے تو کوئی — خجستہ عاشق دیکھکر، معشوق تماشا دیکھکر
پسِ مردن بھی ہم بارِ ندامت سے نہ چھوٹے سر پر — کہ اُٹھے خون کے چھینٹے پڑے دامانِ قاتل پر
ابتک تو ہجر میں ہیں فقط تن پہ کھائے گل — تقدیر دیکھیں آگے کو کیا کیا کھلائے گل
ایک سینہ ہے روکے کس کس کو — تیر کو، تیغ کو، کہ خنجر کو

رحیم

رحیم - محمد عبدالرحیم خاں رحیم باشندہ پٹنہ حضرت داغ دہلوی سے اصلاح لیتے تھے اور نپدرہ سولہ سال ہوئے اجمیر کے آؤٹ آفس میں اکونٹنٹ تھے، اُسکے بعد کا کچھ حال معلوم نہ ہوا۔

پڑ گیا شاید کچھ اُسپر میری قسمت کا اثر — ہے دگرگوں رنگ ہر دم عالمِ ایجاد کا
آج پھر وعدہ کیا ہے وصل کا کل کیطرح — دیکھئے اللہ نا لک اب ہو اُنکی یاد کا
شاعری کو فخر حاصل ہے جنابِ دلغ سے — مدعی پڑھنے لگے کلمہ مرے اُستاد کا
اُنکو جب مجھ سے کچھ نہیں مطلب — پھر وہ کیوں امتحان لیتے ہیں
اُنکا اک کھیل ہے اعجازِ مسیحا کیسا — بات کی بات میں مُردے کو جلا دیتے ہیں

نیک بندے ہیں خدا کے آپ تو — شیخ صاحب آپکی کیا بات ہے
جگر پہ تیر لگانا جتا جتا کے مجھے — ستم کے لطف نہیں آئیں کچھ جفا کے مجھے
تمام عمر اٹھاؤں نہ میں جبین نیاز — ملیں نشان اگر تیرے نقش پا کے مجھے
نہیں ہیو جہ وہ مجھ سے کھنچے ہیں — عدو سے کچھ نہ کچھ اُن سے بڑی ہے

رحیم

رحیم منشی بھگو خان خلف وہاری خاں زمیندار مرزا پور ضلع قنوج سنہ ۱۸۸۶ء میں قصبۂ قنوج سے انھوں نے ایک شعر و سخن کا گلدستہ پیام عاشق نامی جاری کیا جس میں گرد و نواح کے شعراء کے علاوہ کبھی کبھی اُساتذہ کا کلام بھی درج ہوتا تھا۔ عطر کا کارخانہ بھی اُسکے ساتھ تھا۔ دس بارہ برس جاری رہکر وہ رسالہ بند ہوگیا۔ طبیعت دارُنشی تھے زیادہ حال معلوم نہ ہوسکا۔ کلام یہ ہے

اگر پاکباز آئینہ ہے تو کیا ہے — ترے پاس مطلب ہی کیا ہے کسی کا
تم اپنے ہاتھوں سے بدنام خود ہی ہوتے ہو — یہ کیا کہ نام مرا سُن کے سر جھکا دینا
ہماری موت کو بھی ہائے نیند سمجھے ہیں — وہ بھولے پن سے یہ بولے اسے جگا دینا
لال غصّہ میں جو اب ہے رخ جاناں کب تھا — چاند تھا چودھویں کا مہر درخشاں کب تھا
آتے آتے رہیگا وہ مہ جبیں بالائے بام — کیا چمک کر رہیگا اختر مری تقدیر کا
ایک بوسہ کا ہوں طالب لفظ کا ہوں شیفتہ — سمجھے اب مطلب مری اُلجھی ہوئی تقریر کا
دل بہلنے کا نہیں حوران جنت میں رحیم — مر گئے پر بھی تصور ہے بت بے پیر کا
نگہ پھیرو نہ اُلفت کو بڑھا کر — گلا کاٹو نہ یوں ملکر کسیکا
ایک کروٹ بھی نہ بدلی صبح تک اللہ رے نیند — آپ کا سونا مگر میرا مقدر ہوگیا

ضعف سے جان بھی اپنی ہے گرانبار مجھے — بوجھ ہے سینکڑوں من کا بدن زار مجھے
آنکھ کمبخت سے ڈر رہتا ہے ہر بار مجھے — کہیں رسوا نکرے حسرت دیدار مجھے
تو مری جان ہے اور جان ہے ہر اک کو عزیز — کو سنا اب نہ خبردار خبردار مجھے
جب کہا میں نے اُٹھائے نہیں جاتے ہیں ستم — بولے جھنجھلا کے تو پھر کرتے ہو کیوں پیار مجھے

وہ مجھسے کہتے ہیں غصہ میں جان جائے تری
میں کہہ رہا ہوں مگر جان تو ہے تو میری

روٹھ کر چل تو دیئے ہیں مگر اب حال یہ ہے
راہ تکتے ہیں کہ پھر ہمکو بلائے کوئی

رحیم

رحیم منشی رحیم بخش ٹھیکہ دار انارکلی لاہور۔ آپ کو حضرت بیان ویزدانی رئیس میرٹھ کے فیض صحبت سے شعر و سخن کا شوق ہوا، اور انھیں کی خدمت میں زانوئے تلمذ تہ کیا۔ ۱۸۹۵ء میں لاہور کے مشاعروں میں شریک ہوا کرتے تھے۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے۔

پروانہ میرے جلنے کی اُس شمع رونے کی
کیا موم دل تھی شمع دل اُس کا پگھل گیا

گلزار آگ کیسے ہوئی تھی خلیل پر
دل اپنا کیسے آتش ہجراں سے جل گیا

بہارستانِ داغ دل ہے موسم تیر باراں کا
گل داغ جگر پھر کھل رہا ہے غنچہ پیکاں کا

نہ سیکھا ڈھنگ اب تک نالہائے گرم کا میرے
سبق گو میں نے بلبل کو دیا برسوں گلستاں کا

ہیں وہ عاصی کہ ہے فیض ایک جہاں پر اپنا
ابر رحمت ہوا دامن جو ہوا تر اپنا

گو ترے عشق میں غارت ہوا بر باد ہُوا
نہ ہوا پر نہ ہوا دل میں ترے گھر اپنا

خوف ہے گرمیٔ خورشید قیامت کا کسے
تیرے دیوار کے سایہ میں ہے بستر اپنا

زندگی بحر جہاں میں ہے بشر کی ایسی
بُلبُلا پانی میں جس طرح اُٹھا بیٹھ گیا

پھول نقش پا ہوئے جب وہ خرامان ہو گیا
جس روش پر وہ چلا رستہ گلستاں ہو گیا

داغ دل گل بن گئے سینہ گلستاں ہو گیا
شاخ ناوک ہو گیا اور غنچہ پیکاں ہو گیا

مر گئے ہیں ہم خیال دیدۂ مخمور میں
چاہیئے تربت ہماری سایۂ انگور میں

ایک موئی تھا وہاں یاں سینکڑوں غش ہو گئے
ہے تفاوت شمع رُو میں اور چراغ طور میں

ہیں موں یا زاہد ہو دونوں ایک ہی سے ہیں تباہ
ہیں فراق یار میں اور وہ فراق حور میں

رحیم

رحیم مولوی سید محمد عبد الرحیم شاہ خلفِ مولوی سید حبیب اللہ شاہ نام کنچپورہ وطن بقصار شوق طبعی صاحب دیوان اور کلام میں جا بجا مذاقِ سلیم کی جھلک پائی جاتی ہے، چند اشعار ہدیۂ ناظرین ہیں ؎

رتبہ اپنا اب زمیں پر آسماں سے کم نہیں
دل میں نقشہ کھنچ گیا ہے چاند سی تصویر کا

شبِ ہجراں کو موت آئے تو روزِ وصل پیدا ہو
الم نکلے تو رستہ ہو خوشی کے دل میں آنیکا

بام پر ہمنے رُخِ یار کا جلوہ دیکھا
سحر آنکھوں کا لگا ہوں کا کرشمہ دیکھا

چشمِ تر، خاک بسر، چاک گریباں دل زار
عشق کا ہم نے یہ دنیا میں نتیجہ دیکھا

اب ڈھٹائی سے مکرنے کا نتیجہ کیا ہے
دلکو مٹھی میں چھپا رکھا ہے دیکھا دیکھا

وصل کی شب میں ترقی ہوئی ارمانونکی
حوصلے بڑھگئے جب یار کو تنہا دیکھا

افسوس کہ بالیں پہ اجل ہی پکاری
آیا نہ عیادت کو مگر یار ہمارا

کل تلک داغ کلیجہ پہ نظر آتا تھا
آج اُس داغ میں ناسور ہوا خوب ہوا

مجھ مریضِ عشق کو تُو نے اگر اچھا کیا
نام تیرا بھی مسیحائے زماں ہو جائیگا

نرکھوں تاجِ شاہی سر پہ ہیں اُسکے مقابل میں
اگر مجکو میسّر آئے تکیہ اُسکے زانو کا

سر سے عدو کے رشک کے شعلہ نکل گئے
مہندی لگاکے پاؤں میں نکلے جو گھر سے آپ

فرقتِ یار میں مرجائیں گلا کاٹ کے ہم
ملک الموت کا دیکھا کریں رستہ کبتک

آنکھ کا لگنا بُرا ہوتا ہے دیکھا تُو نے
اب بھلا را تو تمکو ہم رہتے ہیں بیدار کہ تُو

رخشان

رخشان۔ عالیجناب نواب ضیاء الدین احمد خان بہادر مرحوم جاگیردار ریاستِ لوہارو خلف اصغر فخر الدولہ نواب شمس الدین احمد خان والی ریاستِ فیروز پور۔ نواب احمد بخش خان نے اپنے حین حیات بڑے لڑکے شمس الدین احمد خاں کو اپنا جانشین مقرر کر دیا تھا اور پرگنہ لوہارو جو مہاراجہ الور نے بطور انعام دیا تھا اپنے چھوٹے صاحبزادوں امین الدین احمد خان اور ضیاء الدین احمد خان کو بطور مدد معاش دیدیا تھا۔ چند سال بعد نواب شمس الدین احمد خان کی حرکاتِ زبوں کے باعث ریاستِ فیروز پور ضبط سرکار ہوئی مگر ریاستِ لوہارو بحال رہی نواب صاحب ممدوح نواب اسد اللہ خاں غالب سے علاوہ قرابت قریبہ کے سلسلۂ تلمذ رکھتے اور انکے خلیفہ اول تھے۔ انتظامِ ریاست شروع سے نواب امین الدین خاں کے سپرد رہا اور

اُنکی وفات کے بعد اُنکے بلند نام صاحبزادے نواب علاؤالدین خان مسندنشین ہوئے اور نواب ضیاءالدین خان صرف جاگیردار نسلاً بعد نسلٍ تصور کیئے گئے، نواب صاحب مذکور رؤسائے شاہجہاں آباد میں نہایت ذی اقتدار اور بارسوخ تھے۔ انکی اعلیٰ خاندانی ذاتی شرافت اور علم وفضل کیوجہ سے حکام وقت اِن پر خاص توجہ مبذول فرماتے تھے نواب صاحب اعلیٰ درجے کے سخن سنج اور سخن فہم اور تاریخی معلومات کا سرچشمہ مانے جاتے تھے۔ اور بڑے غیور اور پابند وضع رئیس تھے۔ بلوۂ غدر کے بعد انکی ذات والا صفات دہلی میں غنیمت سمجھی جاتی تھی، چنانچہ جو شخص کسی فن کا ماہر یا کامل دہلی آتا تھا تو آپکے فیض صحبت سے ضرور مستفید ہوتا تھا، علم تاریخ سے نہایت ذوق رکھتے تھے چنانچہ جس وقت الیٹ صاحب سکرٹری گورنمنٹ ہند نے اپنی ضخیم تاریخ ہند مرتب کی تو فراہمی حالات و تواریخ قدیم میں نواب صاحب نے بڑی امداد کی، فارسی اور اُردو دونوں زبانوں میں گاہ گاہ فکرِ سخن فرماتے تھے، اُردو میں خشاں اور فارسی میں نیّر تخلص کرتے تھے ۱۸۸۳ء میں انتقال فرمایا اور درگاہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رح واقعۂ مہرولی میں دفن ہوئے تاریخ وفات مولوی رضی الدین خان دہلوی نے جو سلسلۂ حضرت امیر پنجہ کش خوشنویس میں ایک بے بدل خوشنویس تھے صوری ومعنوی تاریخ کہی ہے اور بیل مادہ ہے جس پر مصرع مولانا حالی نے لگائے ہیں وہو ہذا

چون ضیاءالدین احمد خان کشید		رخت از دنیا سوئے دارالسلام	
گفت ہاتف بارضی سالِ وفات		روز شنبہ سیزدہ شہر صیام	۱۳۰۲ھ

حضرت نیّر رخشاں کا کلام متانت سے پُر عالمانہ مذاق سے معمور ہے اپنے اُستاد والا قدر کے تلمیذ رشید تھے، چنانچہ کلام میں بھی اُنھیں کی طرز کا اتباع ہے اُنکی اور اُنکے خاندان کی زبان دہلی میں مستند مانی جاتی ہے۔ پاکیزہ اور نازک خیالات کی بندش خاص انھیں کا حصہ ہے کاش نواب احمد سعید خان صاحب طالب کہ خود بھی اعلیٰ درجے کے شاعر ہیں اپنے والد مغفور کا کلام چھپوا دیں تاکہ نواب صاحب مرحوم کی پُرفیض زندگی کی دوامی یادگار

رہجائے، آپکے بڑے صاحبزادے نواب شہاب الدین احمد خاں کا انتقال آپکی حیات ہی میں ہوگیا تھا اُنکے بیٹے جناب سائل دورِ موجودہ کے مشہور کہنے والوں میں ہیں۔

ممنوں نہیں ہے برق وسموم و شرار کا
رکھتا ہے حکم جلنے میں عاشق چنار کا

جب اپنے شغل سے دلِ خونیں نہ باز آئے
پھر کیا گناہ دیدۂ خونابہ بار کا

آنکھوں میں بوالہوس کی کھٹکتا ہوں مثلِ خار
احسان ہے یہ مجھپہ مرے جسمِ زار کا

سر پیٹیے، سینہ کوٹیے، کہ فسوس میں ملے
عاشق کو ہاتھ چاہیئں ناچار چار چار

زہے سربلندیِ شہیدِ وفا کی
کہ اس در پہ سر ہو چڑھانے کے قابل

جب چاہو آؤ دل میں کہ ہے آپکا مکان
یہاں خوفِ شحنہ و خطرِ پاسباں نہیں

گر انتہا نہیں ستم و جورِ یار کی ؎
شوقِ زیادہ جو کو مرے بھی گراں نہیں

حیرت میں ہوں کہ نوکِ مژہ نیشتر مثال
کھبتی ہے گر جگر میں تو کیوں خونچکاں نہیں

ہے دوست صادق دشمن و دشمن دروغ دوست
کیا رشکِ صلح جس میں صفا درمیاں نہیں

نکلے آنکھوں سے وہیں جذب ہوئے دامن میں
بجز اشکوں کے کوئی گوہر نایاب نہیں

جتنے ہو نغمہ سرا اُتنے ہی خونریز بھی ہو
چھیڑ نشتر کی چلی جائے جو مضراب نہیں

کعبے کو دیر سے چلے سنکر شراب میں
مستوں کو کیا تمیز عذاب و ثواب میں

دار القضا کہاں رہی میخانہ بن گیا
ہیں مست جمع محکمۂ احتساب میں

پیری و مفلسی میں نہ لو نام مے کا اب
لطفِ ارتکاب میں نہ اجرِ اجتناب میں

پیکے گرنے کا ہے خیال ہمیں
ساقیا لیجیو سنبھال ہمیں

شب نہ آئے جو اپنے وعدے پر
گزرے کیا کیا نہ احتمال ہمیں

تیرے غصے نے ایک دم میں کیا
مُردۂ صد ہزار سال ہمیں

دل میں مضمر ہیں سینکڑے باقی
کسی صورت نہیں زوال ہمیں

طالعِ بد سے تیرِ رخشان
اپنے ہی گھر میں ہے وبال ہمیں

کیا پہنچے تو فرشتہ کا جس جا گذر نہ ہو
بیت الصنم ہے شیخ خدا کا یہ گھر نہ ہو

چل کر خرام ناز سے برپا کرے وہ حشر
گر باز پرس کا اُسے خوف و خطر نہ ہو

رخشاں جو آتے آتے ابھی رُک گئے ہیں اشک
آنکھوں میں گیا کوئی لختِ جگر نہ ہو

کر کے نومید ہمیں قتل سے پہلے یکسر
خون رُلوا چکے کیا خون کا دعویٰ کیجے

بعد اک عمر جو آئے تو خجل ہوں کیونکر
آنکھیں پتھرائی ہوئی اُن کی تو پا کیجے

ہے تصور مرا اُس خاطرِ نازک پہ گراں
جتنا ہو اپنے کو ہر غم سے گھلایا کیجے

نقش بر سنگ ہے وہ یاں اپنا تمھارے دل پر
خوش ہوں مٹنے کا نہیں لاکھ منایا کیجے

بوالہوس اور بھی مرنے کی کریں گے خواہش
لیکے گل قبر پہ رخشاں کی نہ آیا کیجے

چاک یک سر مرا گریباں ہے
دل کا محضر مرا گریباں ہے

لاغری میں بریدہ ناخن سے
مختصر تر مرا گریباں ہے

رات سینہ سے سینہ کس کا ملا
کہ معطر مرا گریباں ہے

سینہ کا چاک کرنا سکھلایا
میرا رہبر مرا گریباں ہے

رخشاں ۔ منشی خیرات علی خاں رخشاں باشندۂ فرخ آباد ۱۳۲۹ھ میں تذکرہ سراپا سخن کی ترتیب کے وقت حیات تھے، غالباً منیر شکوہ آبادی سے تلمذ تھا۔

گر دوش میں لیے آگئے مجھ بیوطن کے پاؤں
پھرنے سے باز رہ گئے چرخ کہن کے پاؤں

عکسِ شفق ہے پائے بلوریں میں اے پری
مہندی لگی نہیں ہیں عقیقِ یمن کے پاؤں

کیونکر اُٹھائیں رنگِ حنا کے وہ بار کو
نازک زیادہ گل سے ہیں اُس گلبدن کے پاؤں

ہے بعد مرگ بھی یہی رخشاں کو بے کلی
اندر کفن کے ہاتھ ہیں باہر کفن کے پاؤں

رخشاں ۔ محمد عزیز الدین صاحب رخشاں آپ قاضی محمد حسام الدین آزردہ ساکن قدیم قصبہ جیور ضلع بلند شہر کی اولاد میں سے ہیں۔ کارخانۂ تجارتِ نیل کی بدولت قاضی محمد رفیع الدین انکے جد امجد نے خاصا نام پایا ۱۸۸۲ء سال پیدائش ہے، اپنے ماموں حکیم منشی فضل احمد

کے زیر تربیت رہکر فارسی انگریزی شروع کی، فارسی کی تحصیل تو معمولی تکمیل کو پہنچ گئی۔ پندرہ برس کی عمر میں اُردو میں مڈل پاس کرکے آپنے شعر و سخن کا شوق کیا اِس زمانے میں ارمغان نام ایک گلدستہ حضرت احسان شاہجہاں پوری کے زیر اہتمام نکلتا تھا چنانچہ آپ حضرت احسان شاہجہانپوری کے شاگرد ہوگئے پہلے رسوا تخلص تھا پھر بہ تجویز اُستاد رخشاں تبدیل کرلیا۔ ۱۹۰۱ء میں عدالت ججی گوالیار میں مولانا مقصود حسن حیرت کے نائب تھے پندرہ بیس غزلوں کا جو ارسال کی تھیں مندرجۂ ذیل خلاصہ ہے۔

لے لیا جو بوسہ میں نے بندہ پرور کیا ہوا
پیار میں لب رکھدیئے پیارے لبوں پر کیا ہوا

پہلے جسپر اک نظر پڑتی تھی ہوتا تھا نثار
وہ کرشمہ تیرا اے چشمِ فسونگر کیا ہوا

حضرتِ موسیٰ نے غش کھایا تھا جسکو دیکھکر
اے صنم وہ جلوۂ روئے منوّر کیا ہوا

یہ مریضِ عشق سے کہنا کسی کا وقتِ نزع
زندگی کیوں ہو رہی ہے تلخ کو دوبھر کیا ہوا

لیکے دل جب آپنے عشاق کو بوسے دیئے
آپ کا احسان پھر کیسے کسی پر کیا ہوا

دیکھ لی اپنے سے بڑھکر مہ کنعاں کی شبیہ
اب حسینوں میں کبھی نام نہ لینا اپنا

اے شہِ حسن فقیروں کو بھی خیرات ملے
دیدے اک بوسۂ رخسار ہی صدقہ اپنا

تنے خوش ہوکے دیا تھا تو لیا تھا ہمنے
دیکھے ناخوش ہو تو اب پھیر لو بوسہ اپنا

قیامت کو دکھاؤنگا اثر جب سوزِ پنہاں کا
جہنم کو جلا دیگا شرارہ آہِ سوزاں کا

خیال آتا نہیں یارب وفائے عہد و پیماں کا
بُت کافر پہ سایہ پڑ گیا کس نامسلماں کا

عبادت میں بھی رہتا ہے تصوّر حور و غلماں کا
خدا ہی ہے نگہباں شیخ تیرے دین و ایماں کا

خموش اے واعظِ ناداں یہاں جنت ہے نظروں میں
تصوّر نے میرے کھینچا ہے نقشہ بزم جاناں کا

عزیز الدین ہوں رخشاں تخلص ہے وطن جیور
سخن گوئی میں ہوں شاگرد حسان سخندان کا

رزاق - حاجی محمد عبد الرزاق خان مرحوم خلف اسحٰق خان، خاندان حافظ الملک رحمت خان سے تھے، دیوان گلشنِ نعت اِنکی تصنیف سے شائع ہو چکا ہے ۱۸۸۲ء میں انتقال کیا

لیاقتِ علمی خاصی تھی۔ خوشنویسی سے بسر اوقات کرتے تھے یہ چند شعر نعتیہ کلام سے منتخب ہوئے

اُس ذات کو آتا نہ اگر جوشِ محبت — ظاہر ہے کہ ہوتا نہ ظہور ارض و سما کا
آدم کو جو سجدہ نہ کیا حکمِ خدا سے — ابلیس ہوا کبر سے پابند بلا کا
رزاق سے رزاق کی ہر دم ہے تمنا — کر مجکو سلامی نہ کسی شاہ و گدا کا

رزم

رزم۔ مہاراج بینی مادھو توفیق متوطن بریچ راجپور۔ رحمی کاکوروی کے تلمذ سے بہرہ ور ہیں۔ پیام عاشق ۱۸۸۷ء سے یہ چند شعر منتخب ہوئے۔

آئینہ کو دیکھا نگہ غور سے ہم نے — صاف اُس سے زیادہ ترا زانو نظر آیا
ہیں شمع منور کہوں اِسکو تو بجا ہے — سانچے میں ڈھلا یار کا بازو نظر آیا
اے رزم میں سمجھا کہ ہے تقدیر کا کچھ پیچ — برہم جو مجھے یار کا گیسو نظر آیا

رزم

رزم۔ سید محمد حنیف رضوی بلگرامی، آپ کو اوائل سن شعور سے شاعری کا شوق ہے حضرت حمد بلگرامی کے خرمنِ فیض سے بہرہ ور ہیں۔ کلام بہم رسیدہ کا انتخاب یہ ہے۔

جور و ستم کا کیوں نکروں شکوہ کیا سبب — کچھ آپکا اجارہ ہے میری زبان پر
تڑپا رہے ہو کس لیئے بیمار ہجر کو — یہ ظلم کیا روا ہے کسی ناتواں پر
بدلی گھری ہوئی ہے شرابی ڈٹے ہیں خوب — میلا ہے آج پیرِ مغاں کی دکان پر
دامن میں توڑ توڑ کے پھولوں کو بھر لیا — بلبل کا صبر بھی نہ پڑا باغباں پر

رزم

رزم۔ صاحبزادہ محمد محمود علی خان نائب تحصیلدار رامپور۔ جناب بزم اکبر آبادی سے مشورہ سخن کرتے ہیں ۱۸۹۹ء میں زندہ و سلامت موجود تھے۔

غیر سے لکھوا کے بھیجا ہے میرے خط کا جواب — کیا کہوں اسنے ہمد مولکھا مری تقدیر کا
یہ مزا یہ لطف دنیا کی کسی شے میں نہیں — کیوں نہ کھائیں شوق سے عشاق چپل مشت کا
صبح ہوتے ہی چلے آئے جگر تھامے حضور — یہ اثر ہے عاشقوں کے نالۂ شبگیر کا
پھر ترحم کی نظر سے دیکھتے ہیں وہ مجھے — ہے چمکنے کو ستارہ رزم کی تقدیر کا

ہر ایک بات کا میری اُنکو یقین تھا | نہ تھے مجھ سے یوں بدگماں اول اول

رزم

رزم۔ شیخ خورشید حسن قدوائی لکھنوی، باوجود تلاش حالات میسّر نہ ہوئے۔ چند شعر پیش کش ہیں۔

کیا گلہ گردہ آشنا نہ ہوا | اپنی قسمت میں جو نہ تھا نہ ہوا
اسی حیلہ سے ہوتی پابوسی | وائے تقدیر میں خِنا نہ ہوا
نہ سہی وصل دید تو ہوتے | یہ بھی اے بخت نارسا نہ ہوا
تم جو کہتے ہو میں ہوا بدنام | کیا مرا ذکر جا بجا نہ ہوا

رسا

رسا۔ مرزا کریم الدین رسا گورگانی شاگرد حافظ غلام رسول شوق پرانے سخن سنج تھے، اسّی برس کی عمر پاکر غدر سے پیشتر انتقال کیا انکے بڑے صاحبزادے میرزا رحیم الدین حیا بڑے نامی شاعر گذرے ہیں انکا مفصل ذکر جلد دوم میں چھپ چکا ہے، رسا صاحب دیوان تھے مگر کلام غدر کی لوٹ کی نذر ہوا۔ یہ چند شعر ملے درج کیے جاتے ہیں ؎

بیوفاؤں سے اے رسا تنے | سچ کہو دل لگا کے کیا پایا
پریشاں حالونکی جب قدر جانو | جو اِس طرح ہو دل پریشاں تمہارا

دل و دین و قرار و ہوش تک تو دیدیا تم کو | سوا اُسکے وہ کیا تھا اور جو ہمنے چھپا رکھا
تم کہو دل لیکے دکھلاؤں نہ اپنی شکل میں | ہم کہیں دیکھا کریں صورت تمہاری راتدن

باز آستانا تو ہمکو بہت عشوہ گر ہیں | کرتا کسی پہ ظلم کوئی اسقدر نہیں

رسا

رسا۔ سرآمد اذکیا میر احمد علی رسا ابن میر امام الدین رامپوری شاگرد رشید علی بخش بیمار۔ انکے بزرگ رامپور میں ملتان سے آئے تھے، خوش فکر، رنگین طبع وارستہ مزاج شخص تھے ۱۸۵۶ء میں ۵۶ سال کی عمر تھی، لیاقت علمی بہت اچھی تھی اور مدام مشغلۂ سخن رہتا تھا مگر وارستگی مزاج کے باعث کلام کے فراہم کرنے کی نوبت نہ آئی ورنہ کافی ذخیرہ چھوڑا تھا۔ کلام میں متانت اور پختگی بندش کے علاوہ اُستادانہ رنگ کی جھلک موجود ہے

مولٰنا عبد العلی مدراسی فروغ تخلص انکے رشید شاگرد تھے بالآخر ۲۰ شوال ۱۲۹۲ھ میں بمقام لکھنؤ سفر آخرت اختیار کیا ؎

تاریخ او نوشت فروغ از سر الم | احمد علی چہ صاحب فضل و کمال بود

منشی محمد میر اللہ صاحب تسلیم مرحوم نے جواب عریضہ ۷ محرم ۱۳۰۹ھ سال وفات تحریر فرمایا تھا رامپور میں انکے بیسیوں شاگرد تھے۔ صاحبزادے اوج تخلص کرتے ہیں۔

ہائے نیچی وہ شرمگیں آنکھیں | اور حیرت سے دیکھنا میرا

رنگ لائیگی دراندازی خدنگِ ناز کی | دل جگر کا، اور جگر دل کا عدو ہو جائیگا
کوئی شکل بہر لشکیں دلِ بدگماں نکلتی | مجھے بات کاکسی کی اگر اعتبار ہوتا
کبھی فرشِ راہ دل ہی کبھی سوئے در ہیں آنکھیں | نہ وہ مجھ سے وعدہ کرتے نہ یہ انتظار ہوتا
قسمت اُس کانِ ملاحت سے جُدا کرتی ہے | کون اب زخمِ جگر پر نمک افشاں ہوگا

رنگی شرم فرشتوں کے اُٹھائے نہ اُٹھا | یہ گرانبار میرا نامۂ اعمال ہُوا
ارمانِ وصل دل سے نکلنا محال ہے | آنسو نہیں کہ دیدۂ تر سے نکل گیا
سنیگے وہ مقرر میرے دردِ دل کا افسانہ | جگر تھامے ہوئے بیٹھے ہیں اہلِ انجمن اپنا
مِلایا خاک میں تُو نے سپہر خانہ خراب | وہ دل مرا جو تمنائے یار کا گھر تھا
کیوں اس عتاب کا میں سزاوار ہو گیا | کیا تیری بندگی سے گنہگار ہو گیا

المدد اے نگاہِ ہوش ربا | جوش ہے شکوۂ تغافل کا

نہ تھا وہ میں کہ مجھے تابِ نازِ بیجا ہو | یہ کیا ہوا کہ ترا میں نیازمند ہوا
بہارِ عشق میں چہرہ سے اُڑ گئی رنگت | یہ فصلِ گل میں نیا موسمِ خزاں دیکھا
وہ ہوئے رخصت سحر آئی قیامت لیکے ساتھ | صُور کا نالہ ہوا اللہ اکبر کا جواب
بہکے ہوئے کلام ہیں مرتا ہوں غم سے میں | آتی نہیں خیال میں پیغامبر کی بات
نہ انتظار کی تکلیف پُوچھئے مجھ سے | گذر گئی جو گذرنی تھی جانِ مضطر پر

پوچھتے ہیں مجھ سے جب جا جا کے دیتا ہوں میں
کیا کہوں ان سے گذر اس آہ میں کیں نہیں

ملتی خبر نہیں دل خانہ خراب کی
پوچھیں نشاں کس سے کہاں جستجو کریں

یارب یہ دل، یہ جوش ہوں خاک میں ملے
کب تک ہر ایک بات کی ہم آرزو کریں

تیر نگاہ یار سے دونوں کو عشق ہے
دل سامنے کریں کہ جگر رو برو کریں

ہائے بھر کے وہ خلوت میں کسی کا کہنا
لیجے آئے ہو رسا آج کہاں تم مجھ کو

گزری کسی کے دل میں جہاں وہ نگاہ ناز
پہنچی وہیں اجل بھی برابر لگی ہوئی

کھلا ہے آسے رسا باب اجابت
فقط ہونی نہیں مجھ کو دعا کی

فسردہ دل چمن روزگار میں آئے
خزاں کو ساتھ لیے ہم بہار میں آئے

اف اف سے سوز عشق یہ آتش فشانیاں
اک آگ سی جہاں میں ہے گھر گھر لگی ہوئی

شکست رنگ پہ اپنے نثار ہوتا ہوں
یہ میرے پاس نشانی ہے انکی محفل کی

اس لیے اس کا تصور بھی نہیں کرتا رسا
وہ پریشاں نہ کہیں خاطر برہم میں رہے

رسا — قاضی عوض علی باشندۂ مارہرہ مرزا حاتم علی مہر کے شاگرد ہیں یہ چند شعر انکی یادگار ہیں۔ رسا

جاں نثار آپ کے دم آپکا بھرنوالے
شکوۂ رنج و مصیبت نہیں کرنیوالے

لاکھ سکھلائیں نہیں ہم روش مہر و وفا
وہ قدم بھی نہیں اس کوچہ میں ہرنیوالے

وقت ہو سل ہو غم الفت ہو شب فرقت ہو
ٹھوکریں کھائیں پہ ہرگز نہ کوئی مرنوالے

رسا — حکیم عبد اللہ خان صاحب علوی۔ غدر سے پہلے دہلی میں زندہ تھے یہ دو شعر ان کے ہیں رسا

ہو دیدہ فرش راہ کہ آتا ہے کوئی بت
دل کو ہے انتظار کہ جوں پائمال کب

اطلاق ہے شراب کا دونوں پہ زاہدا!
یہ ہے اگر حرام تو وہ ہے حلال کب

رسا — صاحبزادہ محمد ابراہیم شاہ صاحبزادان ٹیپو سلطان میسور سے تھے اور کلکتہ میں رہتے تھے مولوی سید علی عبد الحق صاحب نے ان کی مرثیہ گوئی کا ذکر کیا ہے اور یہ شعر نقل کیے ہیں۔

تمکو ہے ناز اپنی صورت پر
ہمکو ہے ناز اپنی اُلفت پر

شکر کرنا پڑا مجھے اُلٹا
وہ بگڑنے لگے شکایت پر

ناصحا رونے سے آزردہ رہا تو میرے
دیکھ تسکین نہ پونچھے کبھی آنسو میرے

اُلفتِ نرگسِ فتاں کا تماشا دیکھو
دشت وحشت میں قدمبوس ہیں آہو میرے

رسا۔ میر عابد حسین خلف اصغر جناب میر وزیر علی صبا لکھنوی، آپ کو حضرت بقا لکھنوی سے تلمذ ہے جو جناب صبا کے خلف اکبر اور انکے برادر بزرگ ہیں، حالات کے لیئے بارہا لکھنؤ لکھا مگر کچھ جواب بجز سکوت نہ ملا۔ اشعار ذیل اُنکے ہیں ؎

تُو نے جسے ظالم نگہ قہر سے تاکا
فی الفور نشانہ وہ ہوا تیر قضا کا

حیراں ہوا شششدر رہا بیتاب ہوا وہ
تنے جسے دیکھا جسے جھانکا جسے تاکا

ہوتے صفت آئینہ حیراں دمِ زینت
انداز اگر دیکھتے تم اپنی ادا کا

واقف ہی جہاں میں جو قناعت کے مزے سے
بس بھیک کا کاسہ ہی اُسے ہاتھ دعا کا

رسا۔ نواب مرزا شبیر علیخاں لکھنوی، آپ لکھنؤ کے ایک موقر خاندان کے رکن تھے اور نواب بندہ علیخاں زیبا مرحوم سے تلمذ تھا۔ شوخ اور چلبلی طبیعت پائی تھی۔ استعداد علمی کے ساتھ ساتھ شعر کا مذاق بھی اچھا تھا، مشاقی اور پختہ کلامی بھی تھی۔ تین چار برس کا عرصہ ہوا بطریق سیر بمقام پورنیہ بنگال گئے ہوئے تھے وہاں کسی دشمن نے بضرب گولی انکا کام تمام کردیا۔ ۵۰ برس کے قریب عمر پائی، دو صاحبزادے یادگار چھوڑے مگر باوجود دس بارہ مرتبہ استفسار حال کرنے کے مفصل حالات نہ ملے۔ اب کلام ملاحظہ ہو۔

جفائیں کرکے تنہا کس لیئے بدنام ہوتے ہو
ستم کرنے لگے جب آسماں تم بھی ستا لینا

مکر جانا، نہ تم اقرار ہی کرنا قیامت میں
ہماری موت کا جب ذکر آئے سر جھکا لینا

مشکل کہیں خدا سے بتوں کی تھی بندگی
دیکھا جو بتکدہ کو حرم سے بھی دور تھا

ایجاد حسن و عشق کا سارا فتور تھا
میرا قصور تھا نہ تمہارا قصور تھا

جو ہو گئی معاف وہ غیر وں کی تھی خطا
بخشا گیا نہ جو وہ ہمارا قصور تھا

مشہور ہے جو عشق وہ تھا میرا انکسار
کہتے ہیں جسکو حسن تمہارا غرور تھا

او بت اللہ سے کیا شکوہ بیداد کریں
اجی میں آتا ہے تجھی سے تری فریاد کریں

راہ اسواسطے رکھتے ہیں خداوند سے
ایک گر ظلم کرے ایک سے فریاد کریں

دشمنی غیر کی رکھنے کو تو رکھیں دل میں
یہ ہو کیونکر کہ اُسی سے تجھے پھر یاد کریں

نہو گا خلد میں جا کر شباب کا احساں
یہ بات خوب ہو مرنے میں نوجواں کے لیئے

جو دل دُکھاؤ تو آہیں بھی ہم کو کرنے دو
ستم کرو تو اجازت بھی دو فغاں کے لیئے

نہ آئی گھر مرے کیا جانے کیا سمجھ کے قضا
یہاں تو جان بھی حاضر ہے میہماں کے لیے

دیکھیئے دیکھیئے پھر آپ چلے جاتے ہیں
اب نہ کھیے گا مرے دل سے سنبھلنے کے لیئے

وہ بھی کم سن ہیں ابھی دل بھی ہے میرا ناداں
ایک سے ایک زیادہ ہے مچلنے کے لیئے

جتائیں کیں جو مجھے طالب وفا دیکھا
وفائیں کیں جو مجھے خوگر جفا سمجھے

عداوت جو مجھ زار سے آگئی
فلک نے مٹایا زمیں کھا گئی

بلاتا تھا دونوں کو اک عمر سے
وہ اب تک نہ آئے اجل آگئی

یہ کیوں نا امیدی سے بدلی امید
الٰہی مرے دل میں کیا آگئی

مرے پھول اچھی طرح ہو گئے
کسی کو سوم ہیں ہنسی آگئی

دیگا تڑپ تڑپ کے دل مضطرب خبر
مجھسے چھپا چھپا کے نہ مہمان جایئے

غیر وں کے منہ سے ہی کبھی آپ آیئے کہیں
اُنکا یہ ہم اُٹھا لینگے احسان جایئے

میرے تو قتل میں بھی بر آئے گی آرزو
کہنا رقیب ہی کا کہیں مان جایئے

ہم عاشقوں کے خون کا ہیں آپکو
محشر میں اس طرح نہ پریشان جایئے

جو چاہتے ہیں وہ کرتے ہیں بت زمانے میں
فلک بھی صفت میں بدنام ہے مقرر بھی

رسا منشی رحیم بخش رسا دہلوی متخلص بہ نظام رہ مقیم گورکھپور چند شعر نتائج افکار سے درج ہیں۔

بخت کوتاہ ہے بتا نہیں کچھ کام رسا	گو کہ ہے فکر رسا دین رسا، نام رسا
محفل میں کی آج ہے آفت کا اہتمام	وہ آپ کر رہے ہیں قیامت کا اہتمام
بجلیاں دیکھنے والوں پہ گراتے آئے	تم جدھر آئے اُدھر آگ لگاتے آئے
ہزار اُن سے محبت کا میں کروں اظہار	وہ میری بات کا لیکن نہیں یقیں کرتے
وصل کی شب دیکھنا دشمن کی باتوں کا اثر	بات بھی وہ کی جو دشمن کی تھی سکھلائی ہوئی

رسا منشی غلام محی الدین شاگرد ڈاکٹر احمد حسین خاں مائل۔ دکن کے خوش مذاق لوگوں میں ہیں، اشعار ملاحظہ ہوں ؎

دکن کی جان ہندوستان کا دل	نظام الملک آصف جاہ عادل
تڑپ کر یار کو تڑپائے گا دل	شرارت میں ہو بجلی سے سوا دل
اک آفت تھی بلا تھی روگ تھا دل	بہت اچھا ہوا جاتا رہا دل
ہزار رگ میں درد عشق کا ہے	کہ ہر ہر عضو میرا بن گیا دل
مزا جب ہو کہ یوں کایا پلٹ ہو	مرا تجھ کو ملے تجھ کو ملے دل
نظر تو مل گئی لیکن ہے جی لطف	کہ دے بھی لے یوں ہی تو اور دل

رسا محمد وجیہ الدین خان باشندۂ حیدرآباد دکن خلف بہار الدین خان ۱۸۸۶ء میں پیدا ہوئے، پچیس برس کا سن تھا اُس وقت سے برابر شعر و سخن کا مشغلہ ہے، علمی استعداد اور معلومات اچھی ہیں۔ ذکی اور قابل شخص ہیں طبیعت شعر اور تیز پائی ہے اور اسکی جھلک کلام میں بھی صاف نمایاں ہے، صفائی روز مرہ، چستی بندش، اسلوب بیان اچھا ہے، ہر شعر میں مضمون پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، دکن کے موجودہ شعراء میں سب طرح اچھے ہیں اور اپنے استاد ڈاکٹر مائل کے ارشد تلامذہ میں انکا شمار ہے، اکثر رسالوں میں انکا کلام نظر سے گذرا، کچھ اشعار ضیافت طبع شایقین کے لیئے درج کیئے جاتے ہیں ؎

وقت آرائش نظر پڑتے ہی مضطر ہو گیا	خود تڑپ کر عکس آئینہ سے باہر ہو گیا

دل جگر داغدار کرتے ہیں
سینے کو لالہ زار کرتے ہیں
آئینہ دیکھ کر بہت کم سن
عکس کو اپنے پیار کرتے ہیں

چٹکیاں لیتی ہے رہ رہ کر تمھاری یاد میں
تیری ہی شوخی کے ہیں انداز تیری یاد میں

بوسے لے لیکر لبِ زخمِ جگر سے لے لیا
تھا مزہ جو کچھ زبانِ خنجرِ جلاد میں

اللہ رے ضعف یوں بھی کوئی ناتواں نہ ہو
روؤں تو میری آنکھ سے آنسو رواں نہ ہو

مہماں جو آ کے سینے میں پیکانِ یار ہو
صدقہ ہو دل، جگر ہو فدا جاں نثار ہو

پہلے تو دل کو لیتے ہیں نیچی نگاہ سے
پھر پوچھتے ہیں کس لئے تم بیقرار ہو

انگڑائیاں وہ لیتے ہیں تن تن کے بار بار
کیونکر نہ جوشِ حسرتِ بوس و کنار ہو

دل مشکل سے مرا گر تم ستم ایجاد ہو
ہاں ستم پر ہو ستم، بیداد پر بیداد ہو

ہاتھ میں تصویر تیری جیب میں تیری مثال
آنکھ میں تیرا تصور دل میں تیری یاد ہو

دل میں گر شیخ و برہمن کے نہ تیری یاد ہو
کیوں اذاں کا شوق ہو ناقوس کی فریاد ہو

پائے ساقی پر گرائے نشۂ مہمانِ عشق
سیکڑے میں حسن کے یوں مست کی اُفتاد ہو

دولتِ دیدارِ تم کو مل گئی کیا اے رسا
آج خوش خوش ہو بہت بشاش بشاش ہو

کوئے دلبر میں نجانا چاہیے
ولولے کہنے میں نہ آنا چاہیے
وقت یہ تیوری چڑھانے کا نہیں
پھول مرقد پر چڑھانا چاہیے
دیکھنا ہے صورتِ دلبر اگر
دل کو آئینہ بنانا چاہیے

میرِ جاں کیا کہوں فرقت میں نالہ کیوں نکلتا ہے
خیال اکثر ترا سینہ میں دل ٹھیکی سے ملتا ہے

ترا خنجر بھی تیری طرح ہے مجھ سے خفا قاتل
گلے سے جب لگا لیتا ہوں میں رکتا رکتا چلتا ہے

اگر پیرِ مغاں کا یہ نہیں اعجاز اے ساقی
تو بتخانے میں ساغر کیا سبب بے پاؤں چلتا ہے

جگر تیری تراکت ای دلِ پرواغ کیوں کرتا
سمجھ ناداں پرائی آگ میں کوئی بھی جلتا ہے

کڑی ہے عشق کی منزل سمجھ کر رکھ قدم ابدل
کہ اس رستہ میں رہرو ٹھوکریں کھا کر سنبھلتا ہے

کرتے ہیں کبھی ہم جو دعا ہاتھ اُٹھا کر — وہ کہتے ہیں منظورِ خدا اَور ہی کچھ ہے
وہ تاب کہاں صاعقہ طور میں موسیٰ — برقِ نگہِ ہوش رُبا اَور ہی کچھ ہے
مرنے کو مرے جان کے غش دیتے ہیں چھنٹے — سمجھے ہوئے کچھ ہیں وہ ہُوا اَور ہی کچھ ہے
مرنے جو لگا آکے وہ بولے سرِ بالیں — کہتے ہیں جسے شرطِ وفا اَور ہی کچھ ہے
کچھ اَور ہی شکوا تھا ملے تھے جو سرِ شام — اب صبحِ شبِ وصل گلا اَور ہی کچھ ہے
عشق کا داغ مرے خانۂ دل کا ہے چراغ — روشن اِس شمع سے ہے بزمِ محبت انکی
چٹکیاں لیتے ہیں وہ نیچی نظر سے دل میں — شرم کے پردے میں رہتی ہے شرارت اُنکی

کیوں گلِ داغِ عشق ہو نہ عزیز — آتی ہے اِس چمن سے بُو تیری

رسا

رسا میر علی احمد رسا شاگرد میر علی اوسط رشک جہانتک تحقیق ہوا رامپور کے رہنے والے تھے

جگر ہے خشک تو ہے چشم ابر تر کی طرح — ہمارا ظاہر و باطن ہے بحر و بر کی طرح
کس آب و تاب کی ناف و کمر تمہاری ہے — کوئی گہر ہے کوئی رشتۂ گہر کیطرح
گلے وہ عید کو آکر ملے خفا بھی ہوئے — بڑھا گھٹائیں اِسی چاند میں قمر کیطرح
یہ کیسے بدر ہو دم بھر کو آئے گھر میرے — اڑھائی دن نور ہوا ایکجا قمر کی طرح
عیاں نہاں ہو تم اے یار دوست دشمن سے — صفا ہو شیشہ میں پتھر میں ہو شرر کیطرح
تمہارے جھانکنے سے دل کبھی نہیں بھرتا — سمائے دیدۂ روزن میں ہو نظر کی طرح
وہ باتیں چھانٹتے ہیں پاتا ہو نہیں نشو و نما — رسا عداوتِ احباب ہے ثمر کیطرح

رسا

رسا بلبل شاخسارِ معانی عندلیب گلشنِ خوش بیانی منشی حیات بخش رسا مصطفےٰ آباد ضلع بلند شہر کے رہنے والے ہیں استعدادِ علمی رسمی مگر ذہانت و طباعی نے اُس کمی کو جیسا کہ چاہیئے پورا کر دیا ہے کلام میں انتہائی شوخی اور معاملہ بندی کا پیرایہ بیمثل ہے ۴۰-۴۲ سال کی عمر ہے، حضرت داغ کی وفات کے بعد سے انکے کلام میں بانکپن اور رنگینی کی ایک خاص شان پیدا ہو گئی ہے اور اب مشہور کہنے والوں میں انکا شمار ہے، بات پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، دہلی کے مشاعرے میں

اِن سے ملاقات ہوئی تھی، اکثر علیل رہتے ہیں، فالج کی وجہ سے چلنے پھرنے سے قدرے معذور بھی ہیں اور ہاتھ میں رعشہ بھی ہے مگر طبیعت کی شوخی کلام میں رنگ دیئے ہی جاتی ہے پڑھنے کا انداز بہت اچھا اور دلکش ہے، عاشقانہ مضامین بہت اچھے اسلوب سے باندھتے ہیں بندش چست اور روزمرہ بہت صاف ہے، مشاق بھی اعلیٰ درجے کے ہیں اور فی البدیہہ بھی خوب کہتے ہیں، نواب فصیح الملک داغ مرحوم کے تلامذہ میں حضرت بیخود دہلوی اور رسا ئل کے ہم پلہ ہیں۔ اکثر اشعار حضرت داغ کے رنگ میں ایسے ملتے ہیں کہ اُنپر حضرت داغ کے کلام کا دھوکا ہوتا ہے۔ افسوس کہ نظر ثانی تذکرہ کے ایام میں انتقال کر گئے۔ ۱۳۴۸ھ۔ ۴۹ برس کی عمر پائی۔ کلام ملاحظہ ہو:۔

اُنکی خدمت میں رسا بھی ہوگا
کبھی یُوں حکم خدا بھی ہوگا

مجھ پہ جو تُو نے ستم ڈھایا ہے
کہیں دنیا میں ہُوا بھی ہوگا

آپ سا کوئی نہیں دُنیا میں
آپنے یہ تو سُنا ہی ہوگا

رازِ اُلفت کا چُھپانے ہو عبث
یہ چُھپائے سے چُھپا بھی ہوگا

صبر والوں کا بھی دن آئیگا
ایک دن روزِ جزا بھی ہوگا

محفلِ شعر میں ہو آئیں چلو!
آج سُنتے ہیں رسا بھی ہوگا

ساقی جو دیئے جائے یہ کہکر کہ پیئے جا
تو میں بھی پیئے جاؤں یہ کہکر کہ دیئے جا

جانے کی جو ضد ہے تو مجھے زہر دیئے جا
اتنا تو کہا مان لے اتنا تو کیئے جا

کچھ اور نکر مجھپہ جفائیں تو کیئے جا
کچھ اور نہ لے میری دُعائیں تو لیئے جا

گستاخ نہ ہو وصل میں ایدست تمنا
کچھ دیر ابھی اُنکی بلائیں تو لیئے جا

کہتا ہے کسی شوخ کا مجھ سے یہ لڑکپن
ارمان کیئے جا ابھی ارمان کیئے جا

کیا لذتِ تعزیر نے مجبور کیا ہے
آتا ہے یہی جی میں کہ تقصیر کیئے جا

کمبخت رسا تیری رسائی نہیں اُنتک
تو خُوب سا اس نام کو بدنام کیئے جا

آہ ہوتی مرے لب پر نہ یہ نالا ہوتا
ایک بھی تُو نے جو ارمان نکالا ہوتا

ہو گئے ضد سے مری سینکڑوں تیرے عاشق
میں نہ ہوتا تو کوئی چاہنے والا ہوتا ؟

کیا سنبھالو گے کسی کے دلِ بیتاب کو تم
اپنے اُبھرے ہوئے جوبن کو سنبھالا ہوتا

اپنی محفل سے مجھے تم نے نکالا تو کیا
کوئی ارمان مرے دل کا نکالا ہوتا

شکر ہو دیکھے انھیں دل کوئی جھگڑا نہ ہوا
میرا تیرا نہ ہوا، اپنا پرایا نہ ہوا

خواب میں بھی تو نظر بھر کے نہ دیکھا انکو
یہ بھی آدابِ محبت کو گوارا نہ ہوا

غیر نے بات تو کی بات تو پوچھی میری
خیر سے تم کو تو اتنا بھی سلیقہ نہ ہوا

محو حیرت ہیں تو دونوں ہیں تری محفل میں
ہے پردا ہو آئینہ سے پردا نہ ہوا

اُنکی یہ خوبیٔ اخلاق کہ وعدہ تو کیا
میری یہ شومیٔ تقدیر کہ ایفا نہ ہوا

ہے اے پیرِ مغاں عظمتِ میخانہ نہ پوچھ
تو سلامت ہے تو کعبہ ہے یہ میخواروں کا

نگہِ یاس سے ہر ایک کا منہ تکتے ہیں
حال دیکھا نہیں جاتا ترے بیماروں کا

اُسکو جنت بھی عطا ہو تو جہنم سمجھے
جب سایہ ہے ترے کوچہ کی دیوار کا سا

حشر کے روز بھی اپنا نہیں کوئی مونس
کیا ٹھکانا ہے رسا اُنکے طرفداروں کا

آیا نہ رحم سُنکے تجھے ماجرائے دل
پہلو میں تیرے دل ہو کہ پتھر بجائے دل

حیران ہو کے رہ گئے وصفِ عدو سے ہم
تصویر بن گئے ہیں تری گفتگو سے ہم

تو فضل کر کرے تو مری آبرو سے ہم
ہوں تجھ سے سرخرو جو نہاں ہیں لہو سے ہم

ساقی بھلے صبر کی ہے شرم تیرے ہاتھ
بیٹھے ہیں دور سامنے جام و سبو سے ہم

جب ڈھونڈنے پہ آئے تو کعبہ ہو کتنی دور
کیوں تھک کے بیٹھ جائیں تری جستجو سے ہم

اُنکو جفا سے کام ہے ہمکو وفا سے کام
لاچار اپنی خو سے ہیں وہ اپنی خو سے ہم

مایوس ہو کے دہل سے اس بت کے اے رسا
کر تو رہیں التجائے مکارمِ خلق سے ہم

ایک دل تھا نہ تھا جسپر وہ کیا نذرِ بتاں
جسکو دیکھا نہیں جاتا ستم ہو اسپر

ہم بنائیں کسکو ہمدم کیا کریں
ہمسے برگشتہ ہے عالم کیا کریں

وہ بھی تنگ آئے ہیں اپنے حسن سے
مر رہا ہے ایک عالم کیا کریں

آگ لگ جاتی ہے دونی چارہ گر
زخم دل پر رکھکے مرہم کیا کریں

مری فریاد پر انجان ہنکر مسکراتے ہیں
قیامت میں وہ اس انداز سے جھوٹا بناتے ہیں

قیامت سے نہیں کچھ کم خرام ناز بھی اُن کا
قدم لیتے ہوئے آتے ہیں فتنے جب وہ آتے ہیں

کدورت مرنیوالے سے نہیں رکھتا ہے کوئی بھی
مری ہستی مٹاکر کیوں وہ تربت کو مٹاتے ہیں

گھڑی بھر کے لیئے تو اپنے دلکو میں تسلی دوں
ذرا ای بیخودی دم لے تصور میں وہ آتے ہیں

نہ کیونکر رشک آئے ہمکو اُن لوگونکی قسمت پر
وہاں جنکی رسائی ہے وہاں جو آتے جاتے ہیں

نخوت بھی اِن بتوں کی عجب دلپسند ہے
اُتنا ہی پیار آتا ہے جتنا غرور ہو

کوچہ تمھارا چھوڑ کے جنت میں جاؤں کیوں
تم ہو تو کیا کسیکو تمنائے حور ہو

جی چاہا جدھر چھوڑ دیا تیرِ ادا کو
ٹپکی میں اُڑائے ہوئے پھرتے ہیں قضا کو

سجدوں کا بھی موقعہ نہ رہا اہل وفا کو
پھر پھر کے مٹاتے ہیں وہ نقش کفِ پا کو

یوں ہنسے چھپائی ہے ترے وصل کی حسرت
جس طرح چھپاتا ہے خطاوار خطا کو

اب چھوڑ رسا عشق بتاں دیکھ کہا مان
کمبخت تجھے منہ بھی دکھاتا ہے خدا کو

کہتے ہیں لاکھ بار تصور میں آئیں ہم
کوئی ہمارا دل سے طلبگار بھی تو ہو

بہر عیادت آئے وہ میری تو یہ کہا
دیکھیں کسی کو کیا کوئی بیمار بھی تو ہو

اشک سے یارب مرے طوفان برپا کیوں نہو
قطرۂ ناچیز تو چاہے تو دریا کیوں نہو

شام ہی سے وصل کی شب کا سویرا کیوں نہو
آپ جس گھر میں ہوں اُس گھر میں اجالا کیوں نہو

دلکی خواہش پر ہمارا اُن کا جھگڑا کیوں نہو
جب انھیں پیار اہو دل پھر ہمکو پیارا کیوں نہو

دن ہے کم اور داستان غم ہماری ہے بہت
روز محشر اپنے جی میں تھوڑا تھوڑا کیوں نہ ہو

نیچی نظروں سے نہ دیکھو سر محشر دیکھو
داد خواہوں کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھو

ہو کے شمشیر بکف سیر گھڑی بھر دیکھو
مرنیوالوں کی وفا تیغ کے جوہر دیکھو

سنگدل تم تھے تو دل سے لگانا نہ تھا
پڑ گئے ہائے مری عقل پہ پتھر دیکھو

جی میں پچھتاؤ گے برباد اگر مجھکو کیا
ہوگا پھر چاہنے والا نہ میسّر دیکھو

وعدۂ حشر ہے پھر وہ بھی زمانے بھر سے
کوئی دامن نہ پکڑ لے سرِ محشر دیکھو

اُنکو دشمن سے جو اُلفت ہے تو پروا نہ کرو
اے رسا تم بھی کسی اور پہ مر کر دیکھو

رُخ سے پردہ نہ اُٹھا دیکھ پڑا رہنے دے
اے پری ہوش زمانے کے بجا رہنے دے

تیر کھینچا ہے تو پیکاں بُتِ سفاک نہ کھینچ
اِسکو تو میرے کلیجے سے لگا رہنے دے

دل کو پامال نہ کر رُوح کو بے چین نہ کر
ایسی بیداد نہ کر ایسی جفا رہنے دے

اُن تک تو رسائی نہیں کہنے کو رسا ہے
کمبخت نے یہ نام بھی بدنام کیا ہے

ہوش کو ہوش بیدار اور رسا کی ہے یہ طاقت؟
یہ اُس سے مری جان نہ ہوگا نہ ہُوا ہے

عدو کے گھر نہیں آتی بلائے ناگہاں کوئی
وہاں کیا یا الٰہی دوسرا ہے آسمان کوئی

سنانے کا نتیجہ اُس ستمگر کو بھی مل جائے
ملے اِس آسماں کو بھی الٰہی آسمان کوئی

نہ تھے بیداد گر تم کس طرح ہم حشر میں کہدیں
عدالت ہے یہاں کیونکر ملائے ہاں میں ہاں کوئی

کسی کا دل چُرا لو تم تو یہ کیسی قیامت ہے
تمہارے بھولے پن پر کر نہیں سکتا گماں کوئی

ذرا دیکھے تو ہے جاں نثاروں کی وفاداری
ذرا خنجر تلے لیتے تو بیٹھے امتحاں کوئی

مجھے دشمن سے ملنے کا کسی سے ہے یہی رونا
کہیں رسوا نہ ہو جائے نصیبِ دشمناں کوئی

رسا کی داستانِ غم کا سننا کوئی آساں ہے
سُنانے کیلئے نوکر تو رکھ لو قصّہ خواں کوئی

نصیحت اپنی رہنے دے رہِ اُلفت میں ناصح
پڑی ہے تجکو سمجھانے کی اپنا دم نکلتا ہے

دو قدم چلکے دکھا دو تو قیامت کا مزا
حشر سے پہلے ہی اک محشر بپا ہونے لگے

حشر میں بے اِنتہا دیکھے کرشمے ہیں مگر
وہ چلے آتے ہیں دل لیکے مگر نیوالے

وہ عالی ظرف ہے یا ہم میں کھُلجائیگا دم بھر میں
یہیں زاہد پلا دیکھے ہمارے ساتھ پی دیکھے

مری تصویر لیکر ہاتھ میں کس ناز سے بولے
خدا سمجھے بری نیت سے گر مجھکو کوئی دیکھے

الٰہی کس کی آمد ہے سرِ بالیں دمِ آخر
یہ کس کی پیشوائی کو مری جانِ حزیں نکلی

ساقی ترے کرم سے کیا لطف آ رہا ہے
کوئی تو پی رہا ہے کوئی پلا رہا ہے

آئینہ خود نمائی انکو سکھا رہا ہے
کیا ظلم کر رہا ہے کیا قہر ڈھا رہا ہے

چوری گیا گیا دل لیکن غضب تو یہ ہے
دل کا چرانیوالا آنکھیں چرا رہا ہے

آنسو بہا رہا ہے وہ سوزِ دل پہ میرے
خود ہی لگا کے ظالم خود ہی بجھا رہا ہے

انکو تو ہنسنے چاہا وہ یوں سنا رہے ہیں
اے چرخ کینہ پرور تو کیوں ستا رہا ہے

کوچے میں دشمنوں کے ہم اور سجدہ کرتے
نقشِ قدم کسی کا سر کو جھکا رہا ہے

آزردہ غیر سے ہیں لینا نہیں بلائیں
رٹتے ہیں وہ کسی سے کوئی سنا رہا ہے

آئے تھے کل سنانے کہنے انکے ستم کا قصہ
اس کا علاج کیا ہے اب پیار آ رہا ہے

یہ کم سنی یہ باتیں یہ سادگی یہ گھاتیں
کوئی سکھانیوالا ان کو سکھا رہا ہے

کوچے میں ان بتوں نے آنے دیا نہ شاید
سنتے ہیں اب رسا بھی کعبہ کو جا رہا ہے

یہ دیکھا ہے بری قسمت کا رونا لوگ روتے ہیں
مجھے تقدیر روتی ہے مری تقدیر ایسی ہے

بلا سے غیر کے در پر کرینگے ہم جبیں سائی
اگر مرضی تری اے کاتبِ تقدیر ایسی ہے

عجب حیرت میں ڈالا ہے اس انداز خموشی نے
کیا تصویر ہمکو بھی تری تصویر ایسی ہے

بوقتِ ذبح قاتل کا بڑھایا دل یہ کہہ کہکر
کہ تو قاتل ہے ایسا اور تری شمشیر ایسی ہے

کیسی ادا کر گئی بھاگی | غضب آ گیا اک بلا آ گئی | تڑاں چل بسی فصلِ گل آ گئی | چلو میکشو وہ گھٹا چھا گئی

مدت سے اپنی جان پہ کھیلے ہوئے ہیں ہم
یہ سر جدا ہے جسم سے یا تم رقیب سے

وفا کرتے ہیں ہم پھر بھی ہمیں تم سے ندامت ہے
اسے کہتے ہیں الفت بندہ پرور یہ محبت ہے

کسی دن دیکھیو تیرے ہی قدموں پہ یہ سر ہوگا
جو قاتل ہم سلامت ہیں جو قاتل تو سلامت ہے

سو بار صدقہ ہو کے یہی چاہتا ہے جی
سو بار اور آپ کے قربان جائیے

سب قصہ سن کے عرضِ تمنا پہ یہ کہا
بس ہو گیا دماغ پریشان جائیے

آپ سے حورِ جناں بھی مات ہے — آپکی کیا بات ہے کیا بات ہے
روز و شب فرقت کے دونوں ہیں بلا — رات دن سے دن ہے بدتر رات ہے

انداز دلفریب ہیں شوخی بلا کی ہے — ہر بات لاجواب مرے دلربا کی ہے
جسپر مٹا اُسی نے مٹایا غریب کو — تقدیر ہی خراب دلِ مبتلا کی ہے
یہ حال ابتو ہے ترے بیمارِ ہجر کا — کہتے ہیں چارہ گر بھی کہ مرضی خدا کی ہے
یارب جو تو بھی اُن کا طرف دار ہو گیا — ہم اور کسکو داورِ محشر بنائیں گے
ہر دم ہیں دم تولہ پہ لاوینگے ہم تجھے — زندہ رہے تو دل میں ترے گھر بنائیں گے
زاہد جو تجھ سے اُلجھے کسی روز نے پرست — ظرفِ وضو کو توڑ کے ساغر بنائیں گے
ہاتھ ملتا ہوں کہ کیوں حشر میں کی تھی فریاد — اُنکی نیچی ہے نظر مجکو پشیمانی ہے
آگیا ہجر میں کوئی تو ذرا دل ٹھیرا — پھر وہی میں ہوں وہی میری پریشانی ہے
جب نہ تھے سامنے میرے تو پریشانی تھی — اب جو وہ سامنے آئے ہیں تو حیرانی ہے
عاشق کو تیرے لاکھ کوئی رہنما ملے — تیرا پتہ ملا ہے نہ تیرا پتہ ملے
تم مجھ سے آملے کبھی دشمن سے جا ملے — جب یہ مزاج ہے تو کوئی بتنے کیا ملے
جب دیر میں یہ دیکھا کہ اپنا گذر نہیں — کعبے کے جانیوالوں میں مجبور جا ملے
زاہد ہے تو ہی بندۂ اللہ ہم نہیں؟ — کوئی حدیث ہو کہ بھتی کو خدا ملے
دیکھو رسا چلے تو ہو تم توبہ توڑنے — در پر نہ میکدے کے کوئی پارسا ملے

بے بات وہاں ظلم ہے بے جرم سزا ہے — ایسے سے نباہے بھی تو کیا کوئی نباہے
پرائے دل کا ستانا روا ہے کب تمکو — یہ کس حدیث میں آیا ہے کس کتاب میں ہے
مجھے کچھ اور بھی کمبخت کے سوا کہیئے — کہ یہ تو لفظ ازل سے مرے خطاب میں ہے
ہمیشہ کی ہے دربار پر جبیں سائی — یہ بندگی بھی الٰہی کسی حساب میں ہے
یہیں جو فیصلہ کرنا ہے ہمسے فیصلہ کرلو — قیامت پر نہ رہنے دو قیامت پھر قیامت ہے

آئے کو نظر میں مری سو فتنہ گر آئے
تجھسا نظر آیا ہے نہ تجھسا نظر آئے

کرتا ہوں دعائیں تو یہ آتی ہیں ندائیں
تُو ہو کسی قابل تو دعا میں اثر آئے

کرتا ہے وہی دل میں رسا کے جو ٹھنی ہے
سمجھانیکو سمجھاتے ہیں سب اپنے پرائے

ترے بیمار میں کہنے کو جانِ زار باقی ہے
نہ ہونے کے برابر نبض میں رفتار باقی ہے

رکھیں گے غیر دردِ محبت کو دل میں کیا
یہ تو رسا کے دل میں رسا کے جگر میں ہے

بدلی اُدھر نظر تو اِدھر بھی بدل گئی ❊
اُنکی ہماری آنکھوں ہی آنکھوں میں چل گئی

مجرم ہے اور پرسشِ اعمال حشر میں
کیونکر کہوں کہ شانِ کریمی بدل گئی

دونوں کو سوزِ عشق نے آخر کیا تمام
پروانہ پہلے جل گیا پھر شمع جل گئی

پہلے تو اُسنے دل کو مرے چاک کر دیا
پھر کہدیا کہ جا تری حسرت نکل گئی

دو گھڑی کے لیئے انسان کو خواب آتا ہے
بند ہو جاتی ہیں آنکھیں جو شباب آتا ہے

محبت یہ ہے آدابِ محبت نام اِس کا ہے
کہ لب تک لا نہیں سکتا ہوں جو دلمیں تمنا ہے

نہ پھرنا اپنے وعدوں سے سمجھ کر حشر کو اپنا
وہانکا اور عالم ہے وہانکی اور دُنیا ہے

ترے اقرار سے دلکی جلن میں پڑ گئی ٹھنڈک
ترا حرفِ تسلّی مرہمِ داغِ تمنا ہے

نوشتہ میری قسمت کا کہاں سے اُسکے ہاتھ آیا
کہ جو کچھ خط میں لکھا ہے مری قسمت کا لکھا ہے

تمھیں جو مانگنا ہو اے رسا اللہ سے مانگو
بڑی سرکار ہے اُسکی بڑا وہ دینے والا ہے

گیا ہی بن سنور کر غیر کے گھر مہماں کوئی
اب ایسے میں نہیں آتی بلائے ناگہاں کوئی

وہ دم بھر کو سہی لیکن تسلّی ہو تو جائے گی
وہ جھوٹی ہی سہی لیکن کرے تو مجھسے ہاں کوئی

کریں اقرار وہ پورا ہمیں باور نہیں آتا
ہم ایسے ہیں ہمارے حال پر ہو مہرباں کوئی

حالِ دل کہنے میں کیسے وہ خفا ہونے لگے
عرضِ مطلب پر نہیں معلوم کیا ہونے لگے

عشق کا چرچا کہیں ہے حُسن کا چرچا کہیں
تذکرے میرے تمہارے جا بجا ہونے لگے

خط لکھا تھا میں نے میرے نامہ بر کی کیا خطا
اُسپہ کیوں بگڑے وہ اسپر کیوں خفا ہونے لگے

مجھ سے لاغر کی شبِ غم کیا کہوں کیونکر کٹی
جو شکن بستر پہ تھی تلوار ہو کر رہ گئی

غیر کا ذکر کو بھی کوئی پیام وصل تھا
کس لیے نیچی نگاہِ یار ہو کر رہ گئی

ای رسا رکھی رہی سب دادخواہی حشر میں
جب وہاں نیچی نگاہِ یار ہو کر رہ گئی

پی کے کر لیتا ہوں توبہ جب سے یہ دستور ہے
دل بھی روشن ہے مرا منہ پر بھی میرے نور ہے

غیر سے ملنے کے شکوہ پر قیامت ڈھا گیا
اک کہا یہ کہنا کہ دل سے آدمی مجبور ہے

میں سوالِ وصل کر کے اس ادا پر مٹ گیا
ہنس کے فرمایا کہ یہ درخواست نامنظور ہے

حشر میں اللہ سے فریاد ان کے ظلم کی
اے رسا یہ بات تو شرط وفا سے دور ہے

دل میں کیسا کر رکھو دل میں رہو کسی کے
سیکھو ابھی طریقے کچھ روز دلبری کے

فرقت میں شکِ حسرت ہم کیا بہا رہے ہیں
تقدیر رو رہی ہے پردے میں بیکسی کے

آئے اگر قیامت تو دھجیاں اڑا دیں
پھرتے ہیں جستجو میں فتنے تری گلی کے

دیکر مجھے تسلی بے چین کر رہے ہو
ہنستے ہو وعدہ کر کے قربان اس ہنسی کے

یہ حضرتِ رسا بھی دیوانے ہو گئے ہیں
چکر لگا رہے ہیں اک شوخ کی گلی کے

عدو سے اس نے اگر کچھ ملال ہو جائے
رسا کی پھر تو نہ پوچھو نہال ہو جائے

بڑی ہی دھوم سے دعوت ہو پھر تو زاہد کی
یہ مے جو چار گھڑی کو حلال ہو جائے

ہجوم حشر میں کیا ہے حالت ہو بیاں دلکی
بھری محفل میں کیونکر کوئی کہدے داستاں دلکی

وہ مجھ سے اس نے آن بن ہی سہی شکوہ نہیں اسکا
مگر شامت ہے میری اور انکے درمیاں دلکی

سنایا حال دل انکو تو یوں منہ پھیر کر بولے
کسی نے منہ لگایا چھیڑ بیٹھے داستاں دلکی

فرصت ملے تو آنکھ ملے مجھ غریب سے
آئینہ دور رہو کہیں انکے قریب سے

بیٹھیں وہ اسکے سوگ میں اور میرے سامنے
اللہ موت دے مجھے پہلے رقیب سے

محشر میں سنتے شرم سے نیچی نگاہ کی
تڑپی تمام کی مری فریاد و آہ کی

ہم بوند بھر شراب کو ساقی ترس گئے
یہ دن بہار کے یونہی ایکے برس گئے

کر دے رہا کہ سیرِ چمن کو ترس گئے
صیاد تیرے صدقے اسیرِ قفس گئے

اُٹھتے کہاں ہیں نقشِ قدم کی طرح سے ہم
اب تیرے ہو رہے ترے کوچہ میں بس گئے

مدت ہوئی ہے خانہ خرابی سے اور ہم
سمجھا وطن اُسی کو جہاں رات بس گئے

نقشِ قدم نے آپ کے مجبور کر دیا
ہم کوچۂ رقیب میں کیا اپنے بس گئے

دیکھوں نہ آنکھ اُٹھا کے بھی حورِ بہشت کو
ایسے کسی کے جلوے اِن آنکھوں میں بس گئے

کُنجِ قفس میں رہنے کی عادت سی پڑ گئی
آزاد ہو کے بھی نہ اسیرِ قفس گئے

رسا کو دل میں رکھتے ہیں رسا کے جاننے والے
وفا کی قدر کرتے ہیں وفا کے جاننے والے

یہ وہ کافر ہیں بُت ایمان اپنے ہی آتے ہیں
خدا کو ماننے والے خدا کو جاننے والے

وفا کی آزمایش کا سلیقہ تو ذرا سیکھو
بنو تو آشنا، نا آشنا کے جاننے والے

ترا کوچہ ہے ظالم اور مریضانِ محبت ہیں
کہاں جاتے ہیں اِس دارالشفا کے جاننے والے

کیا ذکرِ وفا میں نے تو یوں مُنہ پھیر کر بولے
زمانے سے مٹے رسمِ وفا کے جاننے والے

بتوں کے جاننے والے خدا کو جان جاتے ہیں
بتوں کو جانتے ہیں کیا خدا کے جاننے والے

خدا کا جاننا بس تھا تو کیوں دنیا میں آئے تھے
خدا کے پاس ہی رہتے خدا کے جاننے والے

رسا کو سب نے سمجھایا مگر سمجھا نہ کچھ ظالم
ہوئے مجبور اس مردِ خدا کے جاننے والے

ہوا ہے زرد مرا جان پھول سا چہرہ
عدو سے ملکے یہ کیا اپنا حال کر بیٹھے

رسا — سید احمد حسین رسا لکھنوی، جگت پور ضلع رائے بریلی میں ۱۹۰۱ء میں قیام تھا، رسا
حالات باوجود تلاش بہم نہ پہنچے، اشعار ماخذہ ہوں۔

تمھاری چال کا مارا اٹھائے ناز کا شختہ
مسیحا کے جِلائے سے بھی اچھا ہو نہیں سکتا

ستا لو جتنا جی چاہے زباں سے اُف نہ کی لیکن
مرے مُنہ سے کبھی شکوہ تمھارا ہو نہیں سکتا

دمِ رحلت وہ آئیں یا نہ آئیں سب برابر ہے
کسی صُورت سے اب بیمار اچھا ہو نہیں سکتا

رسا — جناب سید ابوالحسن صاحب خلفِ راجہ میر محمد حسین صاحب شاگرد جناب بشیر ۱۸۸۶ء رسا

ہیں حیات تھے اِس سے زیادہ حال معلوم نہ ہوا۔ چند اشعار درج ہیں۔

تڑپتا ہے سسکتا ہے تمہاری آشنائی میں
نہ مرتا ہے نہ جیتا ہے دلِ مضطر جدائی میں

مَیں روتا ہوں جو نام اُس بت کا لیکر تو وہ کہتا ہے
رسا سو کر کرے گے تم ہمیں ساری خدائی میں

شوقِ دیدار میں بس موت کا چلتا ہی نہیں
دم مری آنکھ میں اٹکا ہے نکلتا ہی نہیں

کس طرح ضبط کروں دل نہ جو بے تاب ہو میں
یہ تو مجنت سنبھالے سے سنبھلتا ہی نہیں

دعوتِ ناوکِ دلدار کروں خاک رسا
دل سے اک خون کا قطرہ تو نکلتا ہی نہیں

رسا

رسا۔ سید محمد اسمٰعیل باشندہ گیا، الکابیان ہے کہ انکے بزرگ ہمدان سے آئے تھے، نئی طرز میں اکثر طبع آزمائی کرتے ہیں رسالوں میں انکا کلام بھی اکثر چھپتا رہتا ہے، زبان اور مضمون دونوں کا خیال رکھتے ہیں طبیعت کا رنگ ملاحظہ ہو۔

وہ قصد کر رہے ہیں اگر لالہ زار کا
آئیں کھلا ہے باغ دلِ داغدار کا

زلفیں ہیں یہ گھٹا نہیں چھائی ہے باغ پر
مُوباف کھُل گیا ہے عروسِ بہار کا

ناصح خیالِ توبہ ہے لیکن مَیں کیا کروں
مجبور ہوں کہ ہے ابھی موسم بہار کا

ہل چل یہ میکدے میں نہیں آج بے سبب
تقوی ہے ٹوٹتا کسی پرہیزگار کا

اپنے خمائی ہاتھوں کی مٹھی کو کھولدے
کچھ کچھ پتا چلا ہے دلِ بے قرار کا

تختے کھلے ہوئے نہیں پھولوں کے باغ میں
جوبن نکھر رہا ہے عروسِ بہار کا

کس چشمِ سرمگیں کا میں کشتہ ہوں اے رسا
آہو طواف کرتے ہیں میرے مزار کا

کیا دھواں دھار گھٹا اُٹھی ہے میخانے سے
ساقیا نور کا منہ برسے گا پیمانے سے

حلق پر تیغ دو دم رکھ کے بھی پھیری گئی
کیا بلا تجھ کو ستمگر مرے تڑپانے سے

رہے ہر حال میں تقدیر پہ شاکر انسان
سب بنے کام بگڑ جاتے ہیں گھبرانے سے

قتل کے بعد ہے یہ حسرت و افسوس عبث
جی نہ اُٹھونگا میں ظالم ترے پچھتانے سے

حمد

حمدِ خالق میں عندلیبِ قلم
گلفشاں ہے زہے نصیبِ قلم

غنچے دیتے ہیں یوں چٹک کے صدا — وحدہٗ لاشریک ہے وہ خدا
پھول بوٹوں میں رنگ قدرت کا — پتا پتا گواہ صنعت کا
کوئی سمجھا نہ آجتک یہ راز — سرو قمری میں کیوں ہے راز و نیاز
کرتی ہے نالہ و بکا بلبل — گل تر پر ہے کیوں فدا بلبل
کیسے کیسے حسیں کیے پیدا — نازنیں مہ جبیں کیے پیدا
باغ عالم کو زیب و زینت دی — لوٹ ہو جائیں دل وہ صورت دی
دیکھکر جلوہ اُس کی قدرت کا — ہے فرشتوں میں شور صل علیٰ
حمد کرتے ہیں اُسکی جن و بشر — اُسکے اوصاف ہیں زبانوں پر
ایسی آنکھیں کہاں سے لائیں ہم — اُسکی قدرت کو دیکھ پائیں ہم
ذاتِ باری کو کوئی کیا جانے — آپ اپنے کو وہ خدا جانے

رسا منشی سید شاہ عبد العزیز بہاری شاگرد مولانا عبد الاحد ستمشاد لکھنوی سنہ ۱۸۹۳ء سے مشقِ سخن کرتے ہیں اور اپنے اُستاد کے تلامذہ میں ممتاز ہیں۔ اشعار ملاحظہ ہوں۔ رسا

بہشت میں بھی نہ چھوٹے گی میکشی مجھ سے — وہاں بھی ہاتھ میں بوتل شراب کی ہوگی
کلیم کو جو جھلک طور پر دکھائی دی — نقاب چہرے سے اُس شوخ کے ہٹی ہوگی
تمھارے حسن میں بے شک زوال آئیگا — ہمارے عشق میں ہرگز نہ کچھ کمی ہوگی

رسا مرزا غلام مصطفےٰ صاحب مددگار ناظم امور مذہبی ریاست حیدرآباد دکن، پہلے شاید رسوا تخلص تھا اور مہاراجہ پیشکار مدار المہام کی سرکار میں ملازم تھے، حضرت داغ کے دکھنی تلامذہ میں صاف اور اچھا کہنے والوں میں ہیں، حالات کے لیئے متواتر خط بھیجے مگر جواب نہ ملا۔ مجبوراً اندراج کلام پر اکتفا کیا گیا ؎ رسا

قسمت پر اپنی ناز کر اے سبزہ زار ہند — آتا ہے پایہ تخت میں پھر تاجدار ہند
دلّی میں مثلِ رحمتِ باری پے جلوس — لندن سے آرہا ہے شہ کامگار ہند

قائمقام سارے زمانے کے جمع ہیں — آتے ہیں سب رئیس عقیدت شعار ہند
وہ روشنی ہے شہر میں راتوں کو آجکل — جسکی ضیا سے ایک ہیں لیل و نہار ہند
شاہنشہا ورود سے تیرے کچھ اور ہے ..... تزئین ہند و رونق ہند و بہار ہند
پہلے سے شان ہند کی کچھ کم نہیں مگر — آنے سے تیرے اور بڑھا افتخار ہند
جس شان سے سواری اقدس رواں ہوئی — تاریخ میں رہیگی یہ اک یادگار ہند
شاہا جلو میں تیرے رسالوں کے وہ پرے — ایک ایک جن میں رستم و اسفندیار ہند
جانداربن کے چلتی ہے روز و غا شہا — قبضے میں تیرے تیغ جواہر نگار ہند
تھی خانہ جنگیوں سے نہ فرصت سے آگہی — قطعہ کب تھا کسی زمانے میں یہ اقتدار ہند
کیا چین سے گذرتی ہے تیرے زمانے میں — اے شہریار لندن و اے تاجدار ہند
بے انتظامیوں کا نہیں دخل اب کہیں — سنجیدگی سے چلتے ہیں سب کاروبار ہند
اب ایک ہی ہے مشرق و مغرب کا بادشاہ — کیونکر نہ دولتوں میں بڑھے اعتبار ہند
زندہ کیا حضور نے اکبر کے نام کو — کیوں خلق آپ کو نہ کہے افتخار ہند
وہ جو رسا ہے بندۂ دیرینۂ نظام — دیتا ہے یوں دعا تجھے اے تاجدار ہند
فرخندہ و مبارک و مسعود و سازوار — دربار ہو یہ اے شہ عالی تبار ہند
پھولے پھلے زمانہ میں گلزار خسروی — گل پھول تا کھلائے چمن میں بہار ہند
آباد و شاد اس پر و اس پر رس رہیں — ہو جاں نثار شاہ ہر اک جاں نثار ہند
جتنے رئیس ہند ہیں سب پر ترا یہ لطف — سب مانتے ہیں تجکو کہ ہے تاجدار ہند
آصف سے اتحاد کا محکم ہو رابطہ — ہے وہ رفیق دولت عظمت مدار ہند

رستم — رستم منشی رستم علیخان رستم، الہ آباد کے باشندے اور ۱۸۹۷ء میں مرزا پور میں مقیم تھے رسالۂ پیام عاشق سے کلام نقل ہوا۔

کٹ گئی عمر مگر تو نہ کٹی کاٹے سے — طول کس درجہ ترا اے شب ہجراں دیکھا

اُن نرگسی آنکھوں کے تصور میں ہوں بیمار
نیند آنکھوں میں آتی نہیں اکدم شب فرقت
درپیش عدم کا ہے سفر ساتھ چلتا آج
لے تجھ سے بھی رخصت ہوئے اب ہم شب فرقت
سب چھوٹ گئے اسنے نچھوڑا مجھے رستم
تا عمر رہی ہمدم مری ہمدم شب فرقت

رُسوا

رُسوا - لالہ آفتاب رائے رُسوا جوہری ساکن شاہجہاں آباد عہد اکبر شاہ ثانی (۱۸۰۶-۳۷) دائم الخمر اور بازاروں میں غزلیں پڑھتے پھرا کرتے تھے، مرتے وقت وصیت کی کہ شراب میں غسل دینا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا یہانتک کہ کپڑوں پر بھی شراب چھڑکی گئی مگر روایت ہے کہ جنازہ اُٹھاتے وقت کسی کو بھی شراب کی بُو نہ آئی، یہ کلام بہم رسیدہ کا خلاصہ ہے،

رُسوا ہوا، خراب ہوا اور بدر ہوا
اِس عاشقی کے پنتھ میں جس کا گذر ہوا

مست ہو کر گر پڑے ہیں ہر طرف دیوار و در
ابرِ رحمت ہے برستا یا برستی ہے شراب
قفس سے چھٹ گئے ہم اور چمن میں جائے نہیں
اُڑیں تو پر نہیں رکھتے چلیں تو پائے نہیں
رُسوا بھی اِس زمانے میں مجنوں سے کم نہیں
کوئی جا نہیں زمیں پہ کہ اشکوں سے نم نہیں
وصل میں بیخود رہے اور ہجر میں بیتاب ہو
اِس دیوانے دلکو رسوا کس طرح سمجھائیے

رُسوا

رُسوا - شیخ محمد عبد الحمید رُسوا ابن شیخ امداد علی متوطن غازیپور مقیم آگرہ چند فارسی غزلیں مرزا نوشہ غالب کو دکھائیں تھیں۔ اُردو میں مرزا قہر سے اصلاح لی تھی۔ ۱۸۴۱ء میں پیدا ہوئے تھے اِسکے سوا اور کچھ حال دستیاب نہو سکا۔ کلام حاضر ہے۔

اگر دل مومنوں کے زاہد و اعرش خدا ٹھیرے
بتوں نے جب اُنھیں چھینا تو پھر بتلاؤ کیا ٹھیرے
کہا میں نے ذرا ٹھیرو تو دل لے دل رہا ٹھیرے
کہا اُس گیسوؤں والے نے اب کسکی بلا ٹھیرے
دلِ مضطر ہمارا سینۂ سوزاں میں کیا ٹھیرے
کہاں سیماب و آتش دونو باہم ایکجا ٹھیرے
لبِ جاں بخش کی تیری ہوئی کشتی جو اے قاتل
عجب کیا ہے جو اُنکی خاک بھی خاکِ شفا ٹھیرے

رُسوا

رُسوا - صاحب طبع رسانشی کفایت علی رُسوا اکبر آبادی، قاضی سید محمد ہاشم علی مغفور کے خلفِ اصغر ہیں، بمقام آگرہ پیدا ہوئے، اِنکا خاندانی سلسلہ سید علی ہمدانی سے ملتا ہے

مولوی سید گلزار علی اور مولوی محمد بشیر سے تحصیل عربی فارسی کی کی فن سخن میں شروع میں مرزا خادم حسین صاحب رئیس اکبر آبادی سے تلمذ اختیار کیا اور انھیں کے ارشاد کی تعمیل میں رسا تخلص کیا، لیکن چونکہ طبائع و مذاق سخن میں اختلاف تھا کچھ دنوں بعد نواب فصیح الملک حضرت داغ دہلوی کے تلمذ سے بہرہ یاب ہوئے، شوخی فکر اور طبیعت کا چلبلا پن کلام سے ظاہر ہے ۱۸۹۰ء میں گوالیار جا کر ملازم سرکار سندھیہ ہوئے اب عدالت دیوانی ضلع سکڑواری میں اہلمد ہیں سن شریف قریب چالیس بیالیس سال کے ہے، طبیعت کا چلا مفصلہ ذیل اشعار سے ظاہر ہے ؎

یہ کلیجہ ہے میرا، دل ہی میرا، دم ہے میرا
آپکے تیر کو پہلو سے نکلنے نہ دیا

غم دیا رنج دیا، داغ دیا، درد دیا،
اُسنے سب کچھ دیا ارمان نکلنے نہ دیا

تیری خاطر سے رقیبوں کا بھی اپنے شکوہ
دل میں آیا تو سہی منہ سے نکلنے نہ دیا

ملے جو قسمت سے ایسا موقعہ تو لطف آئیگا زندگی کا
مزا تو جب ہے کہ وصل میں ہو زبان کسیکی دہن کسیکا

ملے تھے قسمت سے وصل کی شب بناؤ کیسا بگاڑ کیسا
بگڑ گئے وہ شکایتوں سے نتیجہ نکلا یہ دل لگی کا

سوال ہوگا تو اور ہی کچھ جواب دینگے وہ اور ہی کچھ
مزا تو آئیگا حشر کے دن ہماری اُنکی جلی کٹی کا

یہ نا ملال ہوگا ذرا انھیں انفعال ہوگا
وہ چھپ کے نکلے عدو کے گھر سے یہی تو ہو وقت بندگی کا

گلے سے اپنے لگاؤ اُنکو شکایتوں سے حصول سوا
لگا ہی قسمت سے ہاتھ یہ دن نہیں ہے موقعہ جلی کٹی کا

کون کرتا ہے الٰہی یہ شرارت مجھ سے
خط یہ خط مجھکو جو گمنام چلے آتے ہیں

یہ جلانیکا نیا ڈھنگ کیا ہے ایجاد
غیر کے خط بھی مرے نام چلے آتے ہیں

کون سنتا ہی ہماری کہ کریں داد طلب
ہائے محشر سے بھی ناکام چلے آتے ہیں

ہم تجھے قتل کرینگے سر محشر آکر
ابتو نوٹس یہ مرے نام چلے آتے ہیں

آنکھوں آنکھوں میں اشارہ ہے کہ لو لیتے دل
پردے پردے میں وہ مطلب کی سنا دیتے ہیں

حضرت درد کو آنا ہے تکلف کیسا
آپ جب اُٹھتے ہیں تو مجھکو بٹھا دیتے ہیں

کیا صلہ ہمکو ملیگا یہ زباں سے کہدو
ہم نشانِ دلِ گم گشتہ بتا دیتے ہیں

اپنا دل دیکے گنہگار بنے کیا کہنا ؟
عاشقوں کو وہ سزا روزِ جزا دیتے ہیں

کھو دیا جسنے ہمیں دونوں جہاں سے رسوا
ہم تو اُس کوسنے والے کو دعا دیتے ہیں

کسی کے روئے انور کا تصور ہو تو ایسا ہو
ہٹائے سے نہ ہٹتا ہو مٹائے سے نہ مٹتا ہو

مزا اِس آمد و شد کا قیامت تک رہے باقی
مٹے حسرت اگر کوئی تو پھر ارمان پیدا ہو

دِل یہ خالی نہیں رہتا کبھی ارمانوں سے
روز گھر اپنا بھرا رہتا ہے مہمانوں سے

یہ نیا حکم ہے قائل ہوں تری شوخی کا
نہ نوا پنوں سے ملوں اور نہ بیگانوں سے

پھر اُمنگوں کا ظہور اس دلِ ناشاد میں ہے
کچھ ترا رحم بھی شامل تیری بیداد میں ہے

نارسائی ہمیں سُنواتی ہے باتیں کیا کیا
یہی دھبّہ تو بڑا دامنِ فریاد میں ہے

مُجھ سے ناخوش ہو جو تم میں بھی خفاؤں سے
ایک سے ایک بھلا عالمِ ایجاد میں ہے

دربدر ڈھونڈھنے سے فائدہ، حاصلِ مطلب
یار کا گھر تو ہمارے دلِ ناشاد میں ہے

وہ اگر ظلم بھی کرتے ہیں تو ہے مہر و وفا
یاں گذارش بھی تو داخل مری فریاد میں ہے

آپ بیمثل ہیں یکتا ہیں مگر یہ کیجئے ✤
کوئی رُسوا سا بھی اِس عالمِ ایجاد میں ہے

رُسوا

رُسوا سیّد محمد اصغر رُسوا خلف میر وزیر علی اخگر مرحوم لکھنوی، حضرت رشید لکھنوی کے باعقیدت تلامذہ میں ہیں، خوش فکر شیریں کلام شاعر ہیں، بندش اور مضمون دونوں کا لحاظ رکھتے ہیں، یہ کلام کا نمونہ ہے ✤

ہمنشینوں سے چھپا کر تمھیں چاہیں کیونکر
چھپ سکینگی یہ محبت کی نگاہیں کیونکر

سر سے ٹلتی ہیں حسینوں کے بلائیں کیونکر
یا خدا ہوتی ہیں مقبول دعائیں کیونکر

مجھ سے کیا پوچھتے ہو ناز و کرشمہ کیا ہے
قتل کی اپنے بتا دوں تمھیں راہیں کیونکر

وصل کی رات ہے پہلے یہ بتا دو مجکو
تم کسی بات پہ روٹھو تو منائیں کیونکر

نہ سہی عشق۔ مروّت بھی ہے آخر کوئی شے
رسم بڑھجائے کسی سے تو گھٹائیں کیونکر

کچھ اطلاع نہ ملی، مکرمی و محبی قاضی محمد خلیل صاحب کی بیاض سے کلام نقل ہوا۔

قطعہ

بتخانوں میں دے پھرا ذانیں ناقوس بھی کعبہ میں بجایا
لیکن نہ کسی نے یوں بھی پوچھا بے وقت یہ راگ کس نے گایا

تم جسے چاہو چڑھا لو سر پر ورنہ یوں دوش پہ کاکل بکھرے
کوئلیں بولیں پپیہے کو کے روز و شب شیشہ سے قلقل بکھرے
بد دماغی ہے فقط میرے ساتھ کان کی بات مری غل بکھرے
ہم جو چپ ہوں تو سڑی کہلائیں شیخ چپ ہوں تو تو کل بکھرے

محفل میں اُسکی دور کھڑے ہیں ادب سے ہم ہیں اسکے منتظر کہ اشارہ کرے کوئی
کرتا ہوں دیر اسلیئے دینے میں جان کے مجکو پسند ہے کہ تقاضا کرے کوئی
کہتے ہیں جسنے چھوڑی خودی وہ خدا ہوا در گذرے ہم خدائی سے بندہ کرے کوئی

رسوا

رسوا۔ جناب مرزا ہادی حسن صاحب رسوا، حاجی مرزا ولی جان بیگ کے بیٹے بریلی کے باشندے اور حضرت اسیر کے شاگرد ہیں، آپنے جو تقریظ خمخانۂ جاوید پر لکھی ہے وہ جلد دوم کے آخر میں درج ہے۔ کلام کا نمونہ حاضر ہے

نظر آتی ہے جو رہ چرخ سے ویرانی عالم کھلی آنکھیں نظارہ کرتے ہیں خواب پریشاں کا
روتے ہیں اپنے حال شکستہ پہ صبح تک منہ ڈھانکتے ہیں دامن چاک سحر سے ہم
آنکھوں سے دلمیں کھینچتے ہیں عکس روئے یار فوٹو کا کام لیتے ہیں تار نظر سے ہم
رخ میری سمت اور نظر لطف غیر پر اپنی نظر میں گر گئے انکی نظر سے ہم
رہا راز محبت سوز نہاں میں نہاں برسوں کیئے اسرار دل رنگ پریدہ نے عیاں برسوں
کسیکی پردہ پوشی دل سے منظور نظر رکھی رہا طفل سرشک آغوش مژگاں میں نہاں برسوں
سوال وصل پر وہ بن گئے تصویر خاموشی رہا رنگ حیا چشم مروت میں نہاں برسوں
بنا یہ جسم خاکی مرکب جاں مدتوں رسوا چلی ریگ رواں میں کشتی عمر رواں برسوں

بہار آئی الٰہی خیر ہو دستارِ واعظ کی
کہ وحشی مائلِ چاکِ گریباں ہوتے جاتے ہیں

یقیں ہے کوئی دم میں حشر برپا ہونیوالا ہے
کہ خورشیدِ قیامت داغِ ہجراں ہوتے جاتے ہیں

جنوں نے زور پکڑا آمدِ فصلِ بہاری ہے
گل و بلبل بہم دست و گریباں ہوتے جاتے ہیں

جگر سے داغِ حسرت مٹتے جاتے ہیں شبِ وعدہ
نئے گلدستے زیبِ طاقِ نسیاں ہوتے جاتے ہیں

رسوا

رسوا منشی سید افضال حسین شاگرد احسان شاہجہانپوری آجکل کے شعراء میں انکا شمار ہے قاضی خلیل کے مشاعرہ کی غزل میں سے چند شعر نقل کیے جاتے ہیں۔

دلِ مجرمِ محبت کا کیے جاتا ہے اقرار
بیخوف بھی مجرم کوئی ایسا نہیں ہوتا

چھپکے گی برق طور سے کیا عاشقوں کی آنکھ
اس میں تجلیاں ہیں تری جلوہ گاہ کی

زبانِ غیر کی تاثیر دیدے نطق میں یارب
کسی کے سامنے اب قصدِ اظہار منتا ہے

ہوا سنگِ جفا سے چور لیکن آفریں دل نے
ندی آواز جسنے ٹوٹکر بھی ہو وہ شیشا ہے

مری آنکھوں سے دل میں بے تکلف تم چلے آؤ
کوئی تمکو نہ دیکھے گا کہ یہ پردہ کا رستا ہے

رسوا

رسوا بابو ہرکشندا س رسوا کلرک سدرن پنجاب ریلوے مقیم دہلی شاگرد آغا شاہ وشید دہلوی

ساقیا مجکو وہ مخمور دکھادے آنکھیں
ہوں ندیدہ مئے گلرنگ کے پیمانوں کا

مدتوں ہو نہ سکا جب تری ابرو کا جواب
ٹھوکریں کھائیں ہلالِ سُمِ توسن ہوکر

نیچی نظروں سے ہوئے جاتے ہیں بسمل لاکھوں
حشر برپا ہو اگر آنکھ اٹھائے کوئی

یاد آتا ہے شبِ وصل کسی کا کہنا
ہاتھ ٹوٹیں جو ہمیں ہاتھ لگائے کوئی

کردیا پامال اس صورت سے رسوا کا مزار
ٹھوکروں پر ٹھوکریں آتے ہوئے جاتے ہوئے

رسوا

رسوا منشی شیخ محمد وحید باشندۂ ضلع سارن محرر سررشتۂ رجسٹری تحصیل ہانس گاؤں۔ بیس برس سے مشقِ سخن کرتے ہیں اور جناب سیم خیرآبادی کے تلامذہ میں داخل ہیں چند شعر ملاحظہ ہوں ؎

ملی کیا اسکے ہاتھوں میں حنائے خونِ بسمل ہے
قیامت آج جوبن پر عروسِ تیغ قاتل ہے

ذرا دیکھو تو بیرحمی نہ دیکھا مڑکے قاتل نے
کہ مقتل میں تڑپتا خاک پر کس طرح بسمل ہے

غرقِ عشق ہیں ہمکو نہیں ہے خضر کی حاجت
ہمارا رہنما دل ہے ہمارا پیشوا دل ہے

وہ کشتہ ہوں کہ مجکو مار کر ظالم پشیماں ہیں
کٹا جاتا ہے خنجر پانی پانی میرا قاتل ہے

رشک

رشک محقق علم شعر زائر کربلائے معلّی میر علی اوسط رشک مرحوم خلف میر سلیمان باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ شاگرد رشید امام الشعرا شیخ امام بخش ناسخ مرحوم، آخر عمر میں کربلائے معلّی میں سکونت اختیار کی تھی، علم زبان کے زبردست محقق اور ایک ضخیم و مبسوط لغتِ اردو کے مؤلف تھے لیکن افسوس ہے کہ وہ لغت شائع نہیں ہوا، جناب رشک اپنے زمانے کے مشاہیر شعرائے لکھنؤ میں شمار ہوتے تھے اور انکے شاگرد بھی بکثرت تھے، تاریخ گوئی میں اچھا ملکہ حاصل تھا انکے دو دیوان مسمّی بہ نظمِ مبارک و نظمِ گرامی غدر سے پیشتر چھپے تھے اب کمیاب ہیں، بڑے پُرگو اور زود فکر کہنے والے تھے مگر رعایت لفظی اور صلح جگت کے دام میں اسیر لکھنؤ کے اساتذہ میں انکا شمار ہے مگر بیشتر حصہ اشعار کا خشک کلامی اور بدمذاقی کے عیوب سے پاک نہیں کہا جا سکتا دُور از قیاس تشبیہ و استعارہ برتنے کے شوقین اور اصلی مفہوم شاعری سے بے خبر تھے اس لیئے اکثر مضامین حد درجہ مبتذل باندھ جاتے تھے تاہم بعض بعض جگہ انکی زور مشق اور استعداد کامل سے اچھے شعر بھی نکل جاتے تھے، طبیعت کا رنگ ظاہر کرنے کے لیئے کچھ اشعار انکے خاص رنگ کے بھی درج انتخاب کر دیئے ہیں گو ہمارے مذاق کے خلاف ہیں، انکے تلامذہ میں منیر شکوہ آبادی رُتبۂ استادی رکھتے تھے، حضرت رشک نے ۱۲۸۴ھ میں بعمر ۷۰ سال انتقال فرمایا۔

دیکھئے اللہ کی یہ قدرتیں
سنگ سے بُت بت سے خدا ہو گیا

یُوں بھی نہ پُوچھا کبھی صیاد نے
کون رہا، کون رہا ہو گیا

غمزہ نہ اُٹھ سکا دلِ شیدا اُٹھا لیا
کس چیز کو اُٹھانے گئے کیا اُٹھا لیا

کاہیدگی جسم اگر یونہی رہے گی
ہمکو بھی ہمارا تنِ لاغر نہ ملے گا

یا ساتھ ترے سوئینگے یا قبر میں جاکر
مدفن تو ملے گا جو ترا گھر نہ ملے گا

بوسہ ہمیں دیتا ہی تو دے دونوں لبونکا
یوں تو مزۂ قند مکرر نہ ملے گا

جس رات نقاب اُس مہ کامل نے اُلٹ دی
تاروں کو نشانِ مہ انور نہ ملے گا

ایکدن کام ہی آجاتا ہے کھوٹا پیسہ
داغ سینے کا چراغ شب ہجران ہوگا

پتھر کسیکا دل ہے کسیکا دل آئینہ
ششدر رہوں کارخانۂ پروردگار کا

جن دنوں آشوب عالم حسن چشم یار تھا
جسکو دیکھا نرگس بیمار کا بیمار تھا

دن کو کیونکر بے نقاب آتا وہ رشک ماہتاب
پردۂ شب سے جسے اکثر حجاب آیا کیا

بے ثباتی بحر دنیا کی کھلی جس روز سے
ہر فلک چشم تصور میں حباب آیا کیا

سیب کا پوست ہے وہ جلد ذقن
جلد پستاں انار کا چھلکا

قیس کو تھا حجاب ہم نہ ہوئے
کہ اُٹھا دیتے پردہ محمل کا

آتش عشق نے مجھے فکر سے پاک کردیا
صورت نخل شعلہ ہوں غم نہیں برگ و بار کا

دیکھا جو چشم غور سے دونوں کا حال ایک ہی
گردش چشم یار کا گردش روزگار کا

اس سے دلوں کو چین ہی اس سے ہی شور شین جہان
یار میں، آفتاب میں، فرق ہی نور و نار کا

رہا دنیا میں جبتک میں خیال لعل جاناں تھا
زمانہ زندگی کا مو بمو خواب پریشان تھا

جلایا داغ ایسا آتش رخسار جاناں نے
کہ ہر گل داغ تھا جو سرو تھا سر و چراغاں تھا

اے عشق تیری بندہ نوازی کا ہوں غلام
محمود کو غلام بنایا ایاز کا

اللہ رے موسم بہاری
اب کے ہے فلک سے تازہ سبز

فرش نفیس خاک ہے، بستر اگر نہیں
کنج لحد میں چین کرینگے جو گھر نہیں

اقرار کا یقین، نہ انکار کا یقین
تیری زبان پر ہی ادھر ہاں ادھر نہیں

تو ہی جو ہے اس خم و چم کا کوئی گلرو نہیں
یہ خم ابرو نہیں یہ حلقۂ گیسو نہیں

پھیر لاتا جا کے میدان عدم سے کتنی بار
تو سن عمر رواں پر کیا کروں قابو نہیں

بحر دنیا کی نہایت کا نہیں تجھ بیڑا
کشتی عمر جدھر جائے اُدھر جانے دو

آہیں بھر لوں گا تو کچھ بات سنائی دیگی
ناصحو پہلے یہ آندھی تو ٹھہر جانے دو

وہ بے نصیب ہوں جو کروں قصد میکشی
خونِ جگر شراب بنے دل کباب ہو

جو جو عذاب دشتِ جنوں ہمنے جھیلے ہیں
ان سب کا روحِ قیس کو یارب ثواب ہو

سر کھا گئے بک بک کے نصیحت سے مرے دوست
طعنے ہیں جنوں میں مجھے پتھر سے زیادہ

کعبہ کی راہ لی درِ دلدار چھوڑ کر
پایا اسی سے حاجیوں کو سال بھر تباہ

انکا مزاج غیر جو آکر بدل گئے
کچھ کہہ کے وہ زبان برابر بدل گئے

جودے تو حاتم طے ہے ندے تو قاروں ہے
طرح طرح سے زمانے میں نام ہوتا ہے

ذرا سے رنج میں ہمکو حلال کرتے ہو
اسی سے کہتے ہیں غصہ حرام ہوتا ہے

کھول کر زلف کہا ازدرِ موسیٰ کیا ہے
ہاتھ چمکا کے وہ بولے یدِ بیضا کیا ہے

راستہ صبح تک اے رشکِ قمر دیکھیں گے
آج ہم شام سے آہوں کا اثر دیکھیں گے

اک بتِ بدگماں سے ملنے پر
سارے عالم کی بدگمانی ہے

شبِ ہجراں سحر ہوئی تو کیا
کسے اُمّید زندگانی ہے

اب تو باتیں بھی ہوگئیں موقوف
آرزی ہے نہ لن ترانی ہے

کہیں زلفوں سے دل آنکھیں نہ لیں
اندھیری رات میں چوروں کا ڈر ہے

پورا ہوتا ہے چاند ایک ہی رات
ماہِ عارض ہمیشہ کامل ہے

چپکے سنتا ہوں بات ناصح کی
کہ خموشی جوابِ جاہل ہے

بے دلیل اُسکو ہمنے پہچانا
عقل ناقص ہے فہم کامل ہے

کیا ہی جسم آدمی کو جلد کھا جاتا ہے غم
دشمنی ایسی نہیں دیمک کو جرم چوب سے

چار دن چین سے کھا سرد ہوا کے جھونکے
کھات میں لگ رہے ہیں باد فنا کے جھونکے

گرمیاں اور نئی اُس بت کافر کی یہ ہیں
ٹھنڈی آہوں کو سمجھتا ہے ہوا کے جھونکے

ابر ہے، باغ ہے، دریا ہے، وہ گلفام نہیں
آج برباد ہوئے سرد ہوا کے جھونکے

ہجر میں آتی ہے برسات تو جلتا ہوں
اے خدا بھاڑ میں جائیں یہ ہوا کے جھونکے

جنبش جو مژہ کو ہوئی برہم ہوئیں زلفیں
یہ سانپ سمجھ جاتے ہیں تجھ کو کے اشارے

فصلِ گل آئی بہار توبہ ٹوٹے ہو جائیگی
ریش زاہد پنبۂ مینائے مے ہو جائیگی

شوق اگر یوں ہی رہا آوازِ مطرب کا مجھے
آہ جو منہ سے نکل جائیگی لے ہو جائیگی

کہاں یہ لطف جینے نے اگر پائی کمر پتلی
تمہارے ہونٹ پتلے انگلیاں پتلی کمر پتلی

تجھے تشبیہ حیوانوں سے کیوں انسان دیتے ہیں
نہ وحشت چشم آہو میں نہ جینے کی کمر پتلی

فقط تجھ میں عناصر نے عجب ترکیب پائی ہے
بدن شفاف شانے گول قد موزوں کمر پتلی

اچھی رفل کی گولی کا ہے توڑا تل میں بھی
مژگانِ یار میں ہے اگر لاگ تیر کی

مژگانِ چشمِ تر کا یہ عالم ہے ہجر میں
پھبتی ہے مومبورگِ ابرِ مطیر کی

ہم عشق سے بیتاب ہیں تم حسن سے مغرور
تقصیر ہماری ہے نہ تقصیر تمہاری

صبح و مہ و خورشید ہوں یا شمع شب افروز
کس کس میں نمایاں نہیں تنویر تمہاری

پھر نہ ٹھیریں گی چمن میں بلبلیں
جس دن لے گلگوں قبا دیکھا تجھے

کہاں سے لائیے کارِ ثواب کی فرصت
غمِ فراقِ بتاں سے عذاب رہتا ہے

وہ بادہ کش جو جلائے جگر جلانے دو
کہ اتفاق شراب و کباب رہتا ہے

آیئے! جب مزاج میں آئے
خانۂ دل حضور کا گھر ہے

چھیڑ اُسنے یہ ہنگامِ ملاقات نکالی
جس بات میں رنجش ہو وہی بات نکالی

ای رشک رقیبوں سے ملاقات نکالی
نظارۂ جاناں کی عجب گھات نکالی

تعظیم کے حیلے سے اُٹھا یوں کہ نہ بیٹھا
ہم گھر میں گئے تو یہ مدارات نکالی

بے وصل جو روتا ہوں تو ہو کر متبسم
فرماتے ہیں بے فصل کی برسات نکالی

شرمندہ ہے رخِ گلِ تر روئے یار سے
شبنم کا وہم ہے عرقِ انفعال سے

یہ خونِ دل پیا کہ ہوئی زندگی حرام
جب تک جیا کیئے یہی ہمکو حلال ہے

ہم بادہ خوار جانتے ہیں ایک مسئلہ — زاہد جسے حرام کہے وہ حلال ہے
دِل مرا کعبہ ہے تو ایماں ہے — اے پری میں جسم ہوں تُو جان ہے
تُو نے رکھی سان پر تلوار اگر — شہر کو سُن لیجیو سُن سان ہے
تن جوشِ خوں سے لال ہے دل داغدار ہے — سودائیان فصلِ جنوں پر بہار ہے
تیرِ نگاہِ یار کا پلّا نہ پُوچھیے — دیکھا تو سینہ طائرِ گردوں فگار ہے

رگِ جاں میں چُبھیں گے آج دن بھر تیرِ افشاں — وفورِ یادِ مژگاں ہے خیالِ روئے جاناں ہے
وہاں پلکوں کی جنبش ہے یہاں کانٹے کھٹکتے ہیں — یہاں حالِ پریشاں ہے وہاں زلفِ پریشاں ہے

فصلِ گل آئی نہ اُٹھے خانۂ خمّار سے — الحذر زہد و ورع سے توبہ استغفار سے
خونِ خم پیتا ہے کھاتا ہے لبِ مے کے کباب — محتسب کے ہوش اُڑتے ہیں ترے میخوار سے
چھوڑیے تکمّل لڑانا اب طلوعِ حسن ہے — کاٹیے تیغِ مہِ نو ابروئے خمدار سے

بعدِ مُردن خاک کا انبار یا لوحِ مزار — اے اجل اسکے سوا کیا خاک پتھر چاہیے
جادۂ راہِ عدم کو شرطِ کامل ہے وجود — خانہ بربادی کو بھی پہلے کہیں گھر چاہیے
بہرِ پیغام اے صنم اک آدمی مختار کر — ہے اگر دعویٰ خدائی کا ہمیں پر چاہیے
بات بطنِ صدف سے خوب ہاتھ آئی ہمیں — لطف یہ ہے ہاتھ خالی دل تو نگر چاہیے
رُوحِ شہہائے جُدائی میں فنا ہو جائیگی — یادِ زلفِ عنبر افشاں اژدہا ہو جائیگی
حُسن آئینہ بھویں ہونگی یہ تلواروں سے تیز — زلف سمجھے ہو جسے کالی بلا ہو جائیگی
ہونگے مرغانِ فلک پرواز تک تیرے شکار — جنبشِ موجِ ہوا زنجیرِ پا ہو جائیگی
وہ سیہ کارِ زمانہ ہوں کہ میرے عکس سے — آرسی خورشیدِ محشر کی تَوا ہو جائیگی
بے قربِ یار خواہشِ ہستی بعید ہے — جینا مُضر ہے ہجر میں مرنا مفید ہے
کوچۂ قاتل وہ جنت ہے جہاں ہیں یک قلم — خون کی نہریں سپر کے پھول پھل تلوار کے
صُورت اگر یہی ہے وفورِ حجاب کی — اے ماہ چہرہ کیا تجھے حاجت نقاب کی

آیا ہوں کعبہ میں رہِ میخانہ بھول کر
یعنی خطا سے راہ چلا ہوں ثواب کی

شیشوں کو محتسب نے جو توڑا تو کیا ہوا
ولہائے میکشاں میں جگہ ہے شراب کی

روزِ سیاہِ دہر سمجھ رنگِ عارضی
دو چار روز رہتی ہے رنگت خضاب کی

ہوں اسیرانِ بلا میں وہ گنہگارِ قدیم
کبھی کھلتا نہیں دیکھا درِ زنداں جس نے

جرمِ سفاک نہیں خون مرا اُس پر ہے
تیر کھینچا مرے دل سے مہِ پیکاں جس نے

نہ دیکھ چشمِ حقارت سے اے حباب مجھے
ثباتِ عمر پہ آتا ہے خود حجاب مجھے

آدا آدا میں نمک زخم پر چھڑکتا ہے
جو بات بات میں کرتا ہو وہ کباب مجھے

ئیں ایکبات میں رکھتا ہوں لاکھ دلمیں جواب
وہ ایکبات میں کرتا ہو لاجواب مجھے

ہو عرش پر تو آپ کو زیر زمیں سمجھ
ہر دم کو آدمی نفسِ واپسیں سمجھ

سینے کے داغ دھوکے میں گنواؤں رات بھر
تارے خدا کرے وہ بتِ مہجبیں سمجھ

گنتے ہیں اے کریم ترے عفوِ بیحساب
اپنے گناہ ہمنے کسی دن نہیں گنے

اُٹھ گئے ہم سفرِ غنچہ فساں سے پہلے
چمن اپنا ہوا پامال خزاں سے پہلے

آدمی وہ ہے جو انجام نہ بھولے اپنا
گور کی فکر ہو تعمیرِ مکاں سے پہلے

ہیں قدو عارضِ جاناں کی شبیہیں اے رشک
باغ میں سرو و گل آئے ہیں کہاں سے پہلے

ہم سیہ بختوں کا سولی پر چڑھانا اور ہے
دارِ عیسیٰ اور ہے زلفِ چلیپا اور ہے

ایک موسیٰ غش ہوئے تھے اس سے لاکھوں مر گئے
جلوۂ حق اور ہے تیرا جھمکڑا اور ہے

درد سر نغمۂ بلبل سے سوا ہوتا ہے
دم مرا بادِ بہاری سے ہوا ہوتا ہے

یہ ہے تحقیق کہ تقلید سے کیا ہوتا ہے
پوجنے سے کہیں پتھر بھی خدا ہوتا ہے

ایک دن عید کا دنیا میں تو غم کا عشرہ
رنج آرام سے وہ چند سوا ہوتا ہے

نہ گدا گدائیے اتنا کہ آدمی رو دے
ہنسا ہنسا کے رولانیکو کون کہتا ہے

اگر رقیب کے پیٹے میں وہ نہیں اے رشک
تو پھر پتنگ اُڑانے کو کون کہتا ہے

حقیقی کو مجازی کر دیا بے امتیازی نے — تماشے کے دکھائے کھیل محبوب شتبازی نے
بڑھایا اوجِ عجز عاشقان و کبرِ معشوقاں — ہماری نازبرداری نے اُنکی بے نیازی نے
محبت ہمنے چھوڑی جب بڑھی تکرار آپس میں — کیا کوتاہ سب جھگڑا زبانوں کی درازی نے

رشک

رشک — جناب بابو گنگا پرشاد صاحب بلند شہری، اسی بائیس برس ہوئے حیات تھے اور گاہ گاہ فکرِ سخن بھی کر لیا کرتے تھے۔

جب سے اُن کو گالیوں کی خو پڑی — ہمکو بھی سُننے کی عادت ہو گئی
شب آپکی بسر ہوئی کل کسکے گھر میں ہے — چہرہ اُداس دیکھتا ہوں در بدر میں ہے

رشک

رشک — مولوی حفیظ اللہ خان رشک سابق ہیڈ مولوی اسکول تال ریاستِ جاورہ آب وکیل ہو گئے ہیں حضرت فصیح الملک مرزا داغ کے پرانے شاگرد ہیں، خوش کلام، شیریں زبان تیز طبع شخص ہیں، اُستاد کے رنگ میں کہنے کا بہت شوق ہے، پچاس برس کے قریب عمر ہے زبان صاف اور مذاق شستہ و سلیم ہے۔

مری نگاہوں سے پوچھ اپنے حُسن کا عالم — کہ سادگی میں بھی اپنی تو وضعدار رہا
خدا دکھائے نہ پھر وہ گھڑی جُدائی کی — نہ پُوچھیے جو ان آنکھوں کو انتظار رہا
اے شوخ دل بھی تیری طبیعت سے کم نہیں — رہتا نہیں کبھی کسی پہلو قرار پر
مجکو ستم کی بھی نہیں اُمید آپ سے — سینے سے دل نکالدوں کس اعتبار پر

لیے جاتا ہے مجکو شوق اُڑائے راہِ اُلفت میں — ہَوا سے بھی ہوں آگے دو قدم اس ناتوانی پہ
پامال ہو یا ٹھوکریں کھا کھا کے سنبھل جائے — دل ڈالدیا اب تو تری راہِ گذر میں

ناداں تم اپنے حُسن پہ مجکو یہ ناز ہے — چھانٹا تمھیں کو میری نگہ نے ہزار میں
سُناتا ہوں جو حالِ دل تو جھنجلا کر وہ کہتے ہیں — مرے جاتے ہو کیوں جلدی ہے کیا سُن لینگے فرصت میں
مقدر کا نوشتہ جبہہ سائی سے کہیں مٹتا — عذابِ ہجر کیوں ٹلتا کہ یہ تھا میری قسمت میں
مجھے کچھ دین و دنیا کی خبر مطلق نہیں ہے سچ — چھٹے کونین کے غم سے پھنسے جو دامِ اُلفت میں

جلایا دل، جگر پھونکا، لگائی آگ سینہ میں
قیامت کی ہے گرمی سوزشِ داغِ محبت میں

کیا نا ہو گے محبت بس اجی بیٹھے رہو
دیکھ لی چشمِ مروت بس اجی بیٹھے رہو

قُرب کیسا دُور کی صاحب سلامت بھی نہیں
ہے اسی کا نام اُلفت بس اجی بیٹھے رہو

دل کی حالت پُوچھنے پر ہو گئے اتنے خفا
یہ بھی تھی کوئی شکایت بس اجی بیٹھے رہو

غیر کی تعظیم ہو وہ بھی ہمارے سامنے
خوب کی قدرِ محبت بس اجی بیٹھے رہو

مُجھ سے جو وعدہ کئے جائیں عدو سے سو وفا
سُن چکا ہوں میں حقیقت بس اجی بیٹھے رہو

رشک نے دیکھے ہیں تم سے سیکڑوں محشر خرام
کیا اُٹھاؤ گے قیامت بس اجی بیٹھے رہو

اچھا لڑا نصیب کہ ملتے ہی آنکھ کے
ظالم نے برچھیوں پہ وہیں دھر لیا مجھے

منزل ہے دُور گھات میں بیٹھے ہیں راہزن
پہنچا دے ساتھ خیر کے میرا خدا مجھے

اللہ رے تیری شانِ کریمی کہ بے طلب
لائق نہ تھا میں جسکے وہ تُو نے دیا مجھے

ہے مانعِ دیدار ترے حسن کا جلوہ
پردہ ہے عجب طالبِ دیدار کے آگے

مَیں نے جو کہا کیجئے کچھ دل کا مداوا
کہنے لگے رکھدو مری تلوار کے آگے

کہتے ہیں رشکِ زار کا اب غیر حال ہے
ہونٹوں پہ دم ہے آنکھ اُٹھانی محال ہے

اِک دم نہ یہ ہوا دلِ مہجور سے الگ
تم سے رفیق بڑھکے تمہارا خیال ہے

محشر میں بن گئے وہ مرے دلکے مدعی
گویا انھیں کی چیز انھیں کا یہ مال ہے

دل کا مزاج تیری طبیعت سے کم نہیں
گر یہ مچل گیا تو سنبھلنا محال ہے

اے رشک بزمِ یار کہاں مدعی کہاں
کس وہم میں پڑے ہو تمھیں کیا خیال ہے

کیوں نہ ملتا درہم داغِ جگر
مستحق ہم تھے اسی انعام کے

سرکتا کیوں نہیں اب سینہ زخمی سے بسمل کے
کوئی ارمان باقی رہ گیا کیا دل میں قاتل کے

ہمیں وہ بُت ہمارا حضرتِ زاہد مبارک ہو
کریں گے گلشنِ فردوس میں کیا حور سے ملکے

لبوں کو دوں گا ہوں کو نوں یہ ہو نہیں سکتا
ذرا خنجر عنایت کیجئے ٹکڑے کروں دلکے

ابھی تو دم بہت باقی ہے قاتل تیرے بسمل میں | یہ کیوں رُک رُک کے چلتی ہے تری تلوار کیسی ہے

رشک ۔ جناب علی اوسط صاحب فتحپوری از بانده نبیرہ سید لطف حسین داغ مرحوم جو حضرت ناسخ لکھنوی کے شاگردوں میں تھے، پیام یار ۱۸۹۳ء سے کلام نقل ہوا۔

رشک

مری آہ و زاری نجائیگی خالی | کریگی ترے دل میں گھر دیکھ لینا
نہیں سہل کچھ دعوئ عشق کرنا | ذرا اسکے لائق جگر دیکھ لینا
تری یاد ہیں سب ستمگار باتیں | وہ دلدوز طعنے دل آزار باتیں
تری مست آنکھوں نے ہنگام مستی | وہ کیں جیسے کرتے ہیں ہشیار باتیں
نہیں ضعف سے تاب گفتار باقی | کرے تجھسے کیا تیرا بیمار باتیں
مار ڈالا جلا جلا کے مجھے | ظلم کی یار انتہا بھی ہے
جب کہا تم پہ جان دیدوں گا | بولے ایسا کہیں ہوا بھی ہے
رشک حال دل حزیں اپنا | تم نے اُس شوخ سے کہا بھی ہے
تیغ ابرو سے کیوں نہ قتل کیا | یہ شکایت رہیگی قاتل سے
محبت میں کوئی فنا ہو رہا ہے | کوئی محو ناز و ادا ہو رہا ہے
جو کرتا ہوں نالے تو کہتے ہیں سنکر | بتاؤ تو لے رشک کیا ہو رہا ہے
غم دنیا و دیں سے ہوگئی کیسی سبکدوشی | لگی دلکی ہماری آب خنجر سے بجھی چھٹی
حواسوں میں خلل ہے ناصح ناداں کو بکنے دو | نہ ہتے حور اچھی ہے نہ ہتے ہے پری اچھی

جہانتک کھائیے اسکو کبھی سیری نہیں ہوتی | ترا غم اے ستمگر اسقدر لذت فزا کیوں ہے
فریب زلف سیہ کا کام ہے کیا کوئے جاناں میں | نکالو اسکو شیطاں ہے یہ جنت میں گھسا کیوں ہے
سبب پوچھو ہمسے اُنکی رنجشہائے بیجا کا | جفائیں کل سے کہتی ہیں ہمیں تو چاہتا کیوں ہے
سوال وصل سنکر کس لئے گردن جھکاتے ہو | ذرا سی بات ہے لو مان لو شرم و حیا کیوں ہے

رشک

رشک ۔ عالیجناب مستغنی القاب ناصر الملک مخلص الدولہ مستعد جنگ امیر الامرا فرزند

ولیعہد دولت انگلشیہ کرنل ہز ہائینس نواب سر حامد علیخان بہادر جی۔ سی۔ آئی۔ ای ایڈیکانگ شہنشاہ معظم قیصر ہند۔ والیٔ رامپور۔ آپکے والد نواب مشتاق علیخان نواب کلب علیخان مرحوم کے دوسرے صاحبزادے تھے آپکی ولادت ۱۰ اگست ۱۸۷۵ء میں ہوئی اور صغر سنی میں ۲۷ فروری ۱۸۸۹ء میں اپنے والد کی وفات کے بعد مسند نشین ہوئے۔ نوابصاحب کے اجداد آخر سترھویں صدی میں سرحدی علاقہ سے وارد ہندوستان ہوئے اور کچھ عرصہ لشکر شاہی میں خدمات کرنیکے بعد بدایوں کے متصل انھیں ایک علاقہ بطور جاگیر ملا علی محمد خان نے بارہ کے سیدوں کے برخلاف محاربات میں بڑی ناموری حاصل کی اور نوابی کا خطاب پایا۔ احمد شاہ ابدالی کے حملہ کے ایام میں علی محمد خان نے اپنی قوت بہت بڑھالی اور رفتہ رفتہ روہیلکھنڈ کا اکثر حصہ اُنکے قبضہ و تصرف میں آیا۔ اُنکی وفات کے وقت چونکہ اُنکے فرزند شہنشاہ دہلی کے دربار میں بطور یرغمال نظر بند تھے اس لیے علاقہ کا انتظام اُنکے چچا حافظ رحمت خان کی سپردگی میں رہا، جب دربار دہلی نے اُنھیں رہا کردیا تو کچھ باہمی تنازعات کے بعد علاقہ جملہ رشتہ داروں میں تقسیم ہوگیا۔ چنانچہ چھوٹے بیٹے نواب فیض اللہ خان کو رامپور کہٹر کی جاگیر ملی جسکی آمدنی اُس زمانے میں چھ لاکھ کے قریب تھی۔ مرہٹوں نے جب اُنکے علاقہ پر فوجکشی کی تو انھیں نواب شجاع الدولہ سے امداد طلب کرنی پڑی۔ چنانچہ ۴۰ لاکھ روپیہ کی ادائگی کے اقرار پر مرہٹوں نے علاقہ خالی کردیا، چونکہ نواب شجاع الدولہ کو حسب وعدہ یہ رقم ادا نہیں کی گئی اُنھوں نے ایصال زر کے لیے علاقہ پر جبراً قبضہ کرلیا۔ اس ہنگامہ میں نواب حافظ رحمت خان مقتول ہوئے۔ ۱۱۸۳ھ میں پندرہ لاکھ روپیہ ادا کرنے پر نواب فیض اللہ خان رامپور کے مستقل نواب مقرر ہوئے۔ بیس برس بعد جب انھوں نے انتقال کیا تو اُنکے چھوٹے بیٹے غلام محمد خان نے اپنے بڑے بھائی محمد علیخان کو قتل کرڈالا اور ریاست پر قبضہ کرلیا لیکن نواب وزیر نے انکو شکست دیکر نواب مجد علیخان کے خرد سال بیٹے احمد علیخان کے حقوق تسلیم کرکے مسند نشین کردیا ۱۸۰۱ء میں نواب سعادت علیخان نے یہ تمام علاقہ سرکار انگریزی کے سپرد کردیا اور نواب احمد علیخان ظل حمایت سرکار برطانیہ میں آگئے نواب احمد علیخان کے لاولد وفات پاجانے کے باعث نواب محمد سعید خان اُنکے چچازاد بھائی جو اُس زمانہ میں

دہلی میں ڈپٹی کلکٹر تھے حقدار ریاست تسلیم کئے گئے۔ اور انکی وفات کے بعد ۱۸۵۵ء میں نواب حال کے پردادا نواب سر یوسف علیخان مسند آبائی پر متمکن ہوئے۔ فساد غدر میں سرکار انگریزی کی خیر خواہی کے صلہ میں انھیں ایک وسیع علاقہ اکیسو پچاس مواضعات کا بطور انعام مرحمت ہوا۔ نواب کو بڑے صاحب کمال، نیک نفس، شریف پرور، عادل اور فیاض حکمران تھے اور مرزا غالب مرحوم کے بڑے عزیز شاگرد تھے اور خود بھی فن سخن کے زبردست ماہر تھے انکے دیوان کے ملاحظہ سے معلوم ہو سکتا ہے کہ مرزا غالب سے انھیں کسقدر عقیدت تھی اور انکے فیض تعلیم کا کسقدر اثر انکے اشعار سے ٹپکتا ہے۔ نواب یوسف علیخان نے ۱۸۶۵ء میں بعالم شباب انتقال کیا اور نواب کلب علیخان انکے جانشین ہوئے جنھوں نے ۱۸۸۷ء میں بادن مرض نہایت ناموری سے حکومت کر کے رحلت فرمائی۔ نواب صاحب حال کو جون ۱۸۹۶ء میں اختیارات حکومت عطا ہوئے آپ یورپ، امریکہ۔ جاپان کی سیر اپنی نابالغی میں فرما چکے تھے، انگریزی و فارسی زبانوں میں آپکو معقول دستگاہ حاصل ہے۔ تفنن طبع کے طور پر گاہ گاہ شعر و سخن کی طرف بھی چند سال سے توجہ فرمانے لگے ہیں، اور منشی مہر نیائی کے بڑے صاحبزادے منشی محمد احمد صاحب قمر و صریر آپکی استادی سے مشرف ہیں، نہر بائسں کی شادی نواب صاحب جاورہ کی ہمشیرہ سے ہوئی ہے افواج انگریزی میں نواب صاحب کو آنریری کرنل کا اعزاز حاصل ہے اور جی۔ سی۔ آئی۔ ای کا بھی خطاب ملا ہے۔

آپکی چند غزلیں انتخاب درج ذیل ہے

کہنے کو تو میں حال دل زار کہوں گا
پر کہنے سے کیا فائدہ بیکار کہونگا

کچھ سبزہ کے آثار ہیں چہرہ پہ تمھارے
اب پھول سے رخسار کو گلزار کہونگا

خود مرنے لگا تم پہ یہ جو چاہو سزا دو
ہے دل کی خطا اسکو گنہگار کہونگا

شوخی سے کہیں آپ چھپائیں مرے دل کو
میں آپ کی زلفوں کا گرفتار کہونگا

دم بھر میں جو بیمار کو کر دیتی ہیں اچھا
ان نرگسی آنکھوں کو میں بیمار کہونگا

مجبور رہوں اسمیں جو وہ بگڑینگے تو بگڑیں
مطلب کی ہے جو بات اُسے سو بار کہونگا

دنیا میں جو تم یوسف ثانی ہو تو اچھا
اس دل کو تمھارا میں خریدار کہونگا

کونین میں جب کوئی کڑی رشک پہ آئی
میں آپ سے یا حیدر کرار کہونگا

جو ہو قاتل کبھی وہ دوست اپنا ہو نہیں سکتا
وہ بُت جلّاد ہے ہرگز مسیحا ہو نہیں سکتا

خدا کا گھر تھا دل سو میں محبت اب بتوں کی ہے
غلط کہتے ہیں سب کعبہ کلیسا ہو نہیں سکتا

کہی جب بات مطلب کی تو وہ کہنے لگے ہنسکر
کہ سب کچھ اور ممکن ہے پر ایسا ہو نہیں سکتا

شفا کیسی؟ دوا کیسی یہ سب بیکار باتیں ہیں
محبت کا جو ہے بیمار اچھا ہو نہیں سکتا

تمھارے عشق میں کیسی محبت رشکؔ نے جھیلی
مگر تم سے ذرا سا کام اُس کا ہو نہیں سکتا

حسینوں میں تھے انتخاب اوّل اوّل
غضب تھا تمھارا شباب اوّل اوّل

ترے ننھے ہاتھوں کے قربان ساقی
پلائی تھی جن سے شراب اوّل اوّل

ہوئے ظلم سہنے کے اُلفت میں خوگر
بہت تھا ہمیں اضطراب اوّل اوّل

وہ بچپن وہ بیباکیاں اب کہاں ہیں
نہ تھا اُنکو ہمسے حجاب اوّل اوّل

وہ ترچھی نظر، اور بانکی وہ چتون
ادا تھی ہر اک لاجواب اوّل اوّل

سلامت رہے میکدہ تیرا ساقی
ملی جس سے ہمکو شراب اوّل اوّل

بتاؤ تو کیوں ہو گئی ہم سے نفرت
ہمارا تھا عاشق خطاب اوّل اوّل

حسینوں سے ملنے کا لپکا بُرا ہے
اِسی سے ہوئے ہم خراب اوّل اوّل

محبت وہ کرنے لگے آخر آخر
جنھیں تھا بہت اجتناب اوّل اوّل

ابھی ابتدا ہے مگر رشکؔ سنتے
کہی ہے غزل لاجواب اوّل اوّل

کیا کیا ستم کئے ہیں سُرخی نے لب کی تیرے
یہ خون عاشقوں کے سب ایک پان پر ہیں

کیسا ہے دِل لگانا پوچھے تو کوئی ہم سے
جتنے مزے اُٹھائے اب تک زبان پر ہیں

بچپن ہوا ہے رخصت، آتی ہے اب جوانی
رنگت نکھر رہی ہے جوبن اُٹھان پر ہیں

آنکھیں تری غضب ہیں، تیری بھویں ستم ہیں
دو نیمچے ہیں گویا اور دونوں سان پر ہیں

جتنے اُٹھائے صدمے اُلفت میں رشکؔ ہمنے
مشہور ہیں وہ قصّے سب کی زبان پر ہیں

حیا سے سرنگوں وہ ہو گئے جب وصل میں پُوچھا
خطا ہمسے ہوئی ہے کیا، بتاؤ تو خفا کیوں ہو

دل بیمار ہے بیمار اُن بیمار آنکھوں کا
بھلا اسکی دوا کیا ہو، بھلا اسکو شفا کیوں ہو

آنکھیں تری دیکھ کر پی ہے محبت کی مے
عشق کا ہم کو خمار دیکھئے کب تک رہے

دل آیا تو پھر آیا، اِس آنے کو کیا کہئے
بے موت اجل آئی مر جانے کو کیا کہئے

زخم دلِ بسمل پر کیوں نمک چھڑکا
مارا تو اُسے مارا، تڑپانے کو کیا کہئے

بتخانہ تو بتخانہ تھا، کعبہ بھی ہے بُت خانہ
اب کعبہ کو کیا کہئے، بتخانے کو کیا کہئے

کیا چیز ہے اُلفت بھی دل جس سے سُلگتا ہے
اِس آگ کو کیا کہیے، جلجانے کو کیا کہئے

آنکھوں سے تری ساقی آنکھوں میں خمار آیا
بے مے کے یہ مستی ہے بیخانے کو کیا کہئے

کچھ جوشِ جنوں ہے پھر کیا فصلِ بہار آئی
وحشت کی ہیں سب باتیں دیوانے کو کیا کہئے

اے رشک مصیبت میں، کوئی بھی نہیں اپنا
اپنا نہیں جب اپنا، بیگانے کو کیا کہئے

رشکی - راجہ کندن لال رشکی مخاطب بہ منشی الملوک غدر کے بعد تک زندہ تھے اور مرزا حاتم علی مہر کے دوستوں میں تھے اور شاید تلمذ بھی اُنھیں سے تھا کلام کا انتخاب صحیح ہے

رشکی

ہمارے حق میں وہ کیا کچھ کہا نہیں کرتے
ہم اپنے کانوں سے کیا کچھ سُنا نہیں کرتے

نہیں ہے یار سے سرگوشی اتنی بہتر زلف
پری رخوں کے بہت سر چڑھا نہیں کرتے

کسی بہانے سے کوئے صنم میں جا کر ہم
جو بیٹھتے ہیں تو پہروں اُٹھا نہیں کرتے

گلہ یہ ہے کہ رقیبوں سے ربط ہے اُسکو
ہم اور جور و جفا کا گلہ نہیں کرتے

کیا جو چاک گریباں عجب ہے کیا ناصح
کہ جوشِ عشق میں دیوانے کیا نہیں کرتے

نہیں ہے وصل مقدر تو کیا کریں ورنہ
ہم اُنکے ملنے کی تدبیر کیا نہیں کرتے

تم اہل دل ہو بتاؤ تو اے میاں رشکی
یہ چال دیکھ کے کب دل لبھا نہیں کرتے

رشکی - عالیجناب معلّی القاب آنریبل نواب محمد علیخاں صاحب مغفور متخلص بہ رشکی، آپ نواب مصطفیٰ خان صاحب شیفتہ و حسرتی کے خلف اکبر اور دہلی کے ایک قدیم اور مؤقر خاندان کے رکن تھے ۱۸۴۴ء سالِ ولادت تھا، آپنے رئیس زادوں کی طرح گھر پر اپنے

رشکی

والد ماجد کے زیر سایہ فارسی عربی کی تحصیل کی اور کچھ دنوں مفتی صدرالدین خان آزردہ سے عربی کی درسیہ کتابیں بھی پڑھیں۔ تیس سال کی عمر میں زمانہ کی ضروریات کا لحاظ کرکے انگریزی کی طرف بھی توجہ کی اور اس زبان میں بھی فی الجملہ مہارت حاصل کرلی، مولنا خواجہ الطاف حسین صاحب حالی زیر نگرانی شیفتہ مرحوم برسوں انکے اتالیق رہے اور آخر وقت تک رشکی مرحوم کے اُنسے نہایت اخلاص مندانہ اور خوشگوار تعلقات قائم رہے، شیفتہ مرحوم کی وفات کے بعد آپ اُنکی جاگیر اور املاک واقعۂ جہانگیر آباد ضلع بلند شہر کے وارث اور قابض ہوئے اور اپنی ذاتی لیاقت اور وجاہت سے سرکاری حکام میں اچھا رسوخ پیدا کیا چنانچہ پرگنہ بلند شہر میں مجسٹریٹی کے اختیارات انھیں حاصل تھے۔ ۱۸۹۰ء میں صوبہ متحدہ کیجانب سے آپ وسیرائے کی کونسل کے منجانب سرکار ممبر نامزد ہوئے۔ ۱۸۹۵ء میں سرکار انگلشیہ سے خطاب خان بہادری اور نوابی اُنھیں عطا کیئے گئے، اُسی سال میں کونسل آف ریجنسی رامپور کے رونیو ممبر مقرر ہوئے اور دو برس تک اِس عہدہ کے فرائض عمدگی سے انجام دیتے رہے شعر وسخن کے گہوارہ میں پرورش پائی تھی یہ کیونکر ممکن تھا کہ اِس فن سے وابستگی نہ ہو۔ اگرچہ شیفتہ کی مسلم الثبوت اُستادی کا درجہ انھیں حاصل نہ ہوا تاہم انھوں نے اُنکی شہرت کمال کو خوب سنبھالے رکھا اور اس میں بلند مرتبہ حاصل کیا، اساتذۂ ایران کے کلام کے دلدادہ تھے اور اُردو میں مرزا غالب اور مومن کا رنگ مطبوع طبع تھا۔ اِسی وجہ سے اُنکے کلام میں آخر الذکر دونوں اُستادوں کے اثر کا پرتو صاف جھلکتا ہے، بہت پختہ مشق اور سلیم المذاق سخن سنج تھے تاانتک ساتھ شوخی دست گریبانی ترکیب بندش اور انداز بیان میں دلپذیری اور دلکشی کے علاوہ اُستادانہ رنگ موجود ہے راقم تذکرہ کے والد مغفور سے رشکی کے دوستانہ تعلقات تھے اور اسی وجہ سے راقم تذکرہ کی التجا پر اُنھوں نے ۱۸۹۷ء میں اپنے کلام کا خلاصہ جس میں پانچسو اشعار کے قریب درج ہیں عنایت فرمایا تھا جس کا انتخاب اب ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے مرحوم اپنے ضلع کے رؤسا میں اپنی صائب الرائی، نیک نیتی، سادگی اور ایمانداری کیوجہ سے ہر دلعزیز تھے مرحوم نے کوئی اولاد نہیں چھوڑی، چنانچہ اُنکے چھوٹے بھائی نواب محمد اسحٰق خان اُنکے

بعد وارث ہوئے، زندہ دلی، مروت، اخلاق، منکسر مزاجی، الغرض اُن تمام صفات سے جو پرانے رئیسوں کے زیور سمجھے جاتے تھے موصوف تھے اور اساتذۂ سلف کی ایک عمدہ یادگار تھے، خاندانی تعلقات کے باعث اکثر دہلی آتے رہتے تھے، انجام کار ۲۰ مئی ۱۸۹۹ء کو عارضۂ ورم دست میں عازم ملکِ جاودانی ہوئے اور شب عاشورہ کو اپنے والد کی قبر کے پہلو میں احاطۂ شاہ نظام الدین اولیا میں پیوند زمین ہوئے، مولنا حالی نے اُنکی وفات پر فارسی میں ایک قطعۂ تاریخ لکھا تھا جس سے اُنکے دلی خلوص اور رنج کا اظہار ہوتا ہے بخشش حق ۱۳۱۷ھ مادۂ تاریخ وفات ہے ؛ افسوس کہ مولانا حالی نے بھی ۳۱ دسمبر ۱۹۱۴ء کو انتقال فرمایا ؛

کلشن میں کوئی دید کے قابل نہیں رہا
وہ در و خیر شورِ عنادل نہیں رہا

سینے سے ہائے یاس نے سب کچھ مٹا دیا
جس دل میں درد تھا مرے وہ دل نہیں رہا

تکلیف جاں گسل تھی بہت گرچہ نزع کی
پر میں تمھاری یاد سے غافل نہیں رہا

ہمسر کو دیکھتے ہی خود آرائی چھوڑ دی
کیوں آئینہ تمھارے مقابل نہیں رہا

قاتل کو دیکھنا ہی پڑا مڑ کے بار بار
کچھ بے اثر تو نالۂ بسمل نہیں رہا

مجنوں طبیعتوں کا فقط راہبر ہے شوق
گرچہ سُراغ ناقہ و محمل نہیں رہا

بے اجر وہ شہید ہے جو قتل گاہ میں
ہر لحظہ محو صورتِ قاتل نہیں رہا

رشکی کی آپ چل کے زیارت تو کیجئے
یہ ہے غلط کہ اب کوئی کامل نہیں رہا

اثر صحبتِ غیر کا ہو گیا
کہ پھر سُست عہدِ وفا ہو گیا

مرا عقدۂ بخت کھلتا نہیں
ترا یہ بھی بندِ قبا ہو گیا

تری بزم میں جمع ہیں خاص و عام
اگر میں بھی آیا تو کیا ہو گیا

نشیمن ہے اُسکا ترے دام میں
قفس سے ترے جور ہا ہو گیا

مری بے خطائی ہوئی جلوہ گر
کہ ایسے کا ناوک خطا ہو گیا

وہ آئے تھے میری بھی چوری سے رات
مرا چونک پڑنا بلا ہو گیا

ٹپکنے لگے جس سے بیگانگی
حقیقت میں وہ آشنا ہو گیا

حسینوں کو ہو رشک اور کیوں نہ ہو
کہ رشکی غلام آپ کا ہو گیا

بے وفا تجھ سے کیا نہیں ہوتا
ایک وعدہ وفا نہیں ہوتا

قیس کی دھوم مچ رہی ہے مگر
عشق اس سے سوا نہیں ہوتا

ہم وہ گم کردہ راہ ہیں کہ کبھی
خضر بھی رہنما نہیں ہوتا

شائبہ جور کا نہو جبتک
لطف میں کچھ مزا نہیں ہوتا

غیر پر وہ نگہ پڑی ہی نہیں
تیر اُن کا خطا نہیں ہوتا۔

قتل میں میرے کیا تامل ہے
عشق میں خوں بہا نہیں ہوتا

چھیڑ دیتے ہیں اُنکو ہم بھی کبھی
گرچہ کچھ مدعا نہیں ہوتا

ایک رشکی ہمیں نہیں ہوتے
ورنہ واں اور کیا نہیں ہوتا

آنکھیں ملا نہیں ہی عبث تم کو احتراز
آنکھیں ہیں دل نہیں کہ ملایا نجائیگا

گر ایکبار رخ سے نقاب اُسکے اُٹھ گیا
پھر راز دل کسی سے چھپایا نجائیگا

نبضیں چھٹی ہیں آنکھوں میں دم ہے لبوں پہ جان
آؤ کہ کوئی دم میں بُلایا نجائے گا

اِغماض بے سبب تو کسیکو نہیں پسند
رُوٹھو نہ تم کہ ہمسے منایا نجائے گا

رنگِ شکستہ واسطۂ عرضِ حال ہے
گو مجھسے حرفِ شوق سُنایا نجائیگا

کیا کیا بنا کے ہم نے سُنایا رقیب کو
مضمون تیرے نامۂ اُلفت طراز کا

کب ٹوٹتی ہے توبہ ہماری شراب سے
لیکن ہے ڈر تری مژۂ نیم باز کا

ہیں عشق کی تمام یہ نیرنگ سازیاں
مطلب ہو ایک اصل میں ناز و نیاز کا

رشکی ہے عید جاتے ہیں سب عیدگاہ کو
حضرت بھی چل کے پڑھ لیں دوگانہ نماز کا

اسقدر خوف ہوا تمکو مرے جاں کسکا
یہ نہ سوچے کہ ہے نالہ شرر افشاں کسکا

خاکساری کی اُٹھائے ہوئے ہیں جو لذت
وہ دو عالم بھی نہ لیں تختِ سلیماں کسکا

چارہ گر فکرِ علاجِ دلِ وحشی ہے غلط
کوچۂ یار ہی چھوٹا تو گلستاں کس کا

مانعِ مرگ ہوا اور مصیبت دیکھو
تھا تصور مرے دل میں شبِ ہجراں کس کا

ہمنے پایا ہے تفرّجگہِ دلمیں سب کچھ
شوقِ سرگشتگیِ دشت و بیاباں کس کا

لطفِ شرابِ ناب سے زاہد جو دور تھا
اس کا دماغ محوِ شرابِ طہور تھا

کچھ خانۂ رقیب بھی ایسا نہ تھا قریب
دولت سرائے کلبۂ احزانِ حور تھا

بیوجہ انتظار اگر فرض تھا ہمیں
بے وعدہ آپ کو بھی تو آنا ضرور تھا

مجھ سے نہ کچھ بگاڑ نہ اعدا سے آشتی
ایسا کچھ اپنے حسن پہ اُن کو غرور تھا

شکوے ہمارے سارے غلط ہی سہی مگر
لو تم ہی اب بتاؤ کہ کس کا قصور تھا

رشکی کی وضع ہمکو نہایت ہی تھی پسند
ارباب عشق میں وہ نہایت غیور تھا

رنجش کا گرچہ کوئی سبب درمیان نہ تھا
لیکن وہ آپ صلح کریں یہ گمان نہ تھا

مانگی تھی اُسنے جان تو غیروں پہ آہنی
حالانکہ اک ہنسی تھی فقط امتحان نہ تھا

اک محشرِ خیال دلِ تنگ تھا کہ کیوں
در پر تمھارے رات کوئی پاسبان نہ تھا

کہتے ہیں لوگ جانستاں ہیں آپ
کیونکہ پھر اک جہاں کی جاں ہیں آپ

دیر میں ہے پتہ نہ کعبے میں
پر جہاں دیکھئے وہاں ہیں آپ

مشورے کل تو ہمسے ہوتے تھے
آج اعدا کے میزباں ہیں آپ

لائقِ قتل میں ہی ٹھیرا ہوں
سچ تو یہ ہے کہ قدرداں ہیں آپ

اُسکو بھی رام کر لیا رشکی
کس قیامت کے خوش بیاں ہیں آپ

کون پھر بادیہ پیما ہو خضر کی صورت
جب وطن ہی میں میسّر ہو سفر کی صورت

ہر قدم پر ترے آنکھیں ہی نہیں بچھتی ہیں
دل بھی جاتا ہے ترے ساتھ نظر کی صورت

دل میں گاہک کے کوئی چیز جو جچ جاتی ہے
پھر نہیں سوجھتی کچھ نفع ضرر کی صورت

کیا کہا بیخودی میں اُس بت سے
گئی برسوں کی دینداری آج

شب کسی سے ہوئے ہو ہم آغوش
شوخیاں وہ نہیں تمھاری آج

خاک میری ہے اُنکے دامن پر
آئی کام اپنی خاکساری آج

شمع نے رشکِ روئے روشن سے
جل کے کاٹی ہے رات ساری آج

وہ منانے کو آتے ہیں رشکی
بجھ نہیں سکتی وضعداری آج

لُطف ظاہر کر دیا درد نہانی دیکھکر
رحم نے پائی ہے قوت ناتوانی دیکھکر

جو کہ ملتی ہو ہماری سرگذشتِ عشق سے
قصّہ خواں کہنا وہاں ایسی کہانی دیکھکر

تجھ سے گو ملتا نہیں داغِ غمِ ہجران تو ہی
شکر ہے جیتے تو ہیں تیری نشانی دیکھکر

اب بلائے آسمانی بھی بھلی لگنے لگی
آپکے سر پر دوپٹہ آسمانی دیکھکر

اُس رمیدہ وش کو کیا حالِ دلِ مخزوں لکھوں
جو خفا ہو ربطِ الفاظ و معانی دیکھکر

ہو دگرگوں ابتدائے عشق میں رشکی کا حال
رحم آتا ہی مجھے اُسکی جوانی دیکھکر

کوئی بتائے کہ کیا ہی نقاب میں داخل
اگر نہیں مہ انور سحاب میں داخل

محلِ شکوہ نہ مجکو رہا نہ اعدا کو
کہ شوخیاں ہیں تمھاری حجاب میں داخل

وہاں زخم مرے تشنہ لب ہیں دیر نکر
کہ آبِ تیغ بھی قاتل ہی آب میں داخل

ہمارے قتل کو اعدا ثواب کہتے ہیں
خدا کرے کہ تمھیں ہو ثواب میں داخل

کچھ ایسے سوئے کہ گویا ہوئی ہی صورتِ یار
ہمارے طالعِ خفتہ کے خواب میں داخل

مآلِ کار ہو جو کچھ مگر خوشی یہ ہے
کہ میرا نام بھی ہی انتخاب میں داخل

ہو جائیں بے خطر ستم آسماں سے ہم
تاثیر ایسی آہ میں لائیں کہاں سے ہم

سیکھی ہیں اُسنے جنگ سے گر کچھ ادائیاں
طرزِ فسوں اڑائینگے چشمِ بتاں سے ہم

نکلے نہ آپ قابوئے اغیار سے اگر
پھر کام لینگے نالۂ آتش فشاں سے ہم

ٹپکا جو ایک اشک بھی دشمن کی آنکھ سے
دریا بہائیں گے مژۂ خونچکاں سے ہم

رشکی ترا بیان یہ جادو ہے یا فسوں
بے چین ہو گئے ہیں تری داستاں سے ہم

وہ جفا کر کے نہیں ہوتے خجل
یا کبھی خود عشق میں تھے مبتلا
یا کبھی ہم آپ تھے محتاجِ پند

قطعہ

یہاں گلہ کرنے سے شرماتے ہیں ہم
یا اب اس قصہ سے گھبراتے ہیں ہم
آج یار رشکی کو سمجھاتے ہیں ہم

اہلِ دل سے نہ کبھی آپ سنیں گے نالہ
ہجر میں ہمنے تصور سے لیا ہے وہ کام
غیر کو بھی ہے سرِ دشت نوردی شاید
عشق رشکی کا زمانے سے جدا ہے گویا
کہیں لیجاؤ لیکن آرہونگا کوئے جاناں میں
نہ سلجھے گی تمھاری اور دشمن کی قیامت تک
مرے دستِ جنوں کو باز رکھا خوب حکمت سے
شکوہ کوئے جاناں جب نظر آئیگی اے رشکی

چاک دل میں ہے مگر چاک گریباں میں نہیں
حسرت اب کوئی بھی باقی دلِ ناداں میں نہیں
وہ مزا اب خلشِ خارِ مغیلاں میں نہیں
بندۂ بت ہو مگر فرق کچھ ایماں میں نہیں
قفس سے جب چھٹیگی آئیگی بلبل گلستاں میں
اگر الجھا ہمارا دل تمھاری زلفِ پیچاں میں
سرِ فوگر نے تری تصویر سی چاکِ گریباں میں
نصیبوں سے جو جا پہنچے کبھی تم باغِ رضواں میں

بدلی فروغِ برق کی مانع ہو سکی
آئے تو اُنسے حال کچھ اپنا نہ کہہ سکا
ہو کر خفا عدو سے مٹاؤ نہ امتیاز
مے پی نہیں کہ مست ہوئے بادکش تمام
ہے قیدِ اختلافِ صور سے نجات
دریا کو دیکھتا ہے وہ موج و حباب میں

حسنِ نظر فروز ہے ظاہر نقاب میں
کیا جانے ہو گیا مجھے کیا اضطراب میں
تخصیص کی اُمید ہے مجکو عتاب میں
ساقی کے رُخ کا عکس پڑا جب شراب میں
دریا کو دیکھتا ہے وہ موج و حباب میں

اِس عنایت کے بھی قابل یہ گنہ گار نہیں
مجکو اور غیر کو ہے لطف کا اُنکے دھوکا
یار کے قول کی تکذیب سزاوار نہیں
جو سماجت سے ہوا کام وہ ناکامی ہے
مسیحائی کا تیری شور ہو جائے

سینکڑوں خون کیا کرتے ہو دو چار نہیں
ورنہ اُسکو تو کسی سے بھی سروکار نہیں
ورنہ ظاہر میں محبت کے کچھ آثار نہیں
آپ آئیں تو عنایت نہیں اصرار نہیں
اگر پھیرے ترا بیمار گردن

یہ منصبِ بلند ملا جس کو مل گیا
ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

ہمارا تم کو فکرِ امتحان ہو
ستم ہے ہم کہاں ہیں تم کہاں ہو

محبت اُنکی بھی غالب کہ کھل جائے
اگر ظاہر میرا دردِ نہاں ہو

تم سے گلہ نہیں ہے ہمارا قصور ہے
اُوپر اُٹھائیے نگہِ شرمسار کو

ہم پہلوئے رقیب ہیں وہ دیکھنا ہی آج
رشکی تمہارے جذبۂ بے اختیار کو

مزا الفت کا جانِ زار سے پُوچھ
یہ نکتہ واقفِ اسرار سے پُوچھ

ہمارے عشق کا چارہ جا کے ہمدم
شمیمِ کاکلِ دلدار سے پُوچھ

مرے پامال ہونے کی حقیقت
خود اپنی شوخیٔ رفتار سے پُوچھ

ہمارا دردِ دل کچھ ہمسے سُن لے
کچھ اپنی نرگسِ بیمار سے پُوچھ

تو اپنی قدر اے کانِ ملاحت
ہمارے سینۂ افگار سے پُوچھ

بھلا رشکی کو قدرِ فصلِ گل کیا
یہ کیفیت کسی میخوار سے پُوچھ

وہ روشنی جو آپکے رُخ کی نقاب ہے
کہتے ہیں اُس سے نور و با آفتاب ہے

لب ہائے زخم میرے بہت تشنہ کام ہیں
دیکھیں تو کسقدر ترے خنجر میں آب ہے

وقتِ وفائے وعدۂ دشمن اگر نہیں
پھر تیری بات بات میں کیوں اضطراب ہے

رشکی کلام کیا ترے حسنِ کلام میں
دیوانِ عشق میں ورقِ انتخاب ہے

تم نے سوئے غیر کیا نظر کی
کچھ کم ہے خلش مرے جگر کی

ملتی نہیں آج ہمسے کیوں آنکھ
کس شغل میں تم نے شب بسر کی

کچھ گریہ اُٹھائے موجِ طوفان
کچھ چھیڑ ہو آہ میں اثر کی

کیا اُس نے دیا جواب یارب
مہمل سی ہے بات نامہ بر کی

کہتے ہیں جسے اُمید موہوم
تصویر وہ ہے تری کمر کی

اُس شوخ نے کی مری عیادت
کچھ رہ گئی بات چارہ گر کی

بیتابیٔ دل نے تیرے رشکی — اُلفت کی کہاں کہاں خبر کی

غصہ آتا ہی پیار آتا ہے — غیر کے گھر سے یار آتا ہے — اب بھی ملجا و گر نہ پھر ملیں — رفتہ رفتہ غبار آتا ہے
مے پلانی اگر نہیں منظور — ابر کیوں بار بار آتا ہے — کچھ نہ پوچھو وہ ماجرا جب بار — یاد بے اختیار آتا ہی

نہیں معلوم گل میں کیا نہاں ہے — جو بلبل اسقدر گرم فغاں ہے
مرا احوال سُنکر بے تکلف — کہا کیا سچ یہ ساری داستاں ہے
مگر دیکھا نہیں اہل زمین کو — کواکب پر جو نازِ آسمان ہے
وعدوں پہ ٹالتے ہی رہے عمر بھر مجھے — آخر فرشتہ جانتے ہو یا بشر مجھے
مانا کہ قصد غیر کے گھر کا نہ تھا مگر — رستے سے اُلٹے پھر گئے کیوں دیکھکر مجھے
ہر چند دل سے اُسکو بھلاتا رہا مگر — یاد آگیا کسی نہ کسی بات پر مجھے
ایسی کہانیاں کہیں رشکی نے درد خیز — کمبخت نے نہ سونے دیا رات بھر مجھے
کوئی واقف ہو کیا دردِ نہاں سے — قلم قاصر زباں عاجز بیاں سے
کیا کیا سحر تمنے آج رشکی — عدو کا شکوہ اور اُنکی زباں سے
دیا ہے پنجۂ غم نے ہزار بار فشار — دلِ حزیں میں ہی لیکن ہنوز تو باقی
ہمارا جرم محبت ہے ایسی دے تعذیر — رہے نہ کوئی ترے دل میں آرزو باقی
ساقی بزم غیر آپ بنے — ہمکو خونِ جگر پیئے ہی بنی
وہ جو شرما گئے تو اُنکی خطا — اپنے ذمہ ہمیں لیئے ہی بنی
تھے جو ساقی کے ناز توبہ شکن — رات رشکی کو بھی پیئے ہی بنی

یہ رشک ہے کہ نہ دیکھیں ہماری آنکھیں بھی — تمھیں رکھا ہے تصور میں بھی چھپائے ہوئے
ہزار رنگ بدلتا ہے دم میں تو اے دل — مگر کسی کے یہ انداز ہیں اُڑائے ہوئے
رضائے یار ہیں جو جاں بحق ہوا رشکی — فرشتے دوش پہ نعش اُسکی ہیں اُٹھائے ہوئے

نمایاں ہے گر سرگرانی تمھاری — تو در پردہ ہے مہربانی تمھاری

جیئں اور بھی گو دم واپسیں ہے
سُنائے کوئی گر کہانی تمھاری

تمھاری محبت کا ہے نقش دل میں
یہ کافی ہے ہمکو نشانی تمھاری

اُلفت اک آگ ہے اور آگ پہ اے چارہ گرو
کہیں سیماب بھی ٹھیرا ہے جو یہ دل ٹھیرے

آہِ صباح و نالۂ شبگیر کر چکے
کرنی تھی جو وصال کی تدبیر کر چکے

واں بات کے جواب میں بھی ہے مضایقہ
خط کا مرے جواب وہ تحریر کر چکے

اُنکو ہوا ہے شکوۂ بیداد سے ملال
کیا پیش جائے عذر کہ تقصیر کر چکے

مسجد میں آکے اور ہی عالم دکھایئے
بُتخانے کو تو عالمِ تصویر کر چکے

تدبیر کب بتانے کو احباب آئے ہیں
جب کام ہم حوالۂ تقدیر کر چکے

آیا خیال بے گنہی کا اُنھیں تو کب
جسوقت وہ مجھے تہِ شمشیر کر چکے

رشکی وہ خود ملیں تو ملیں ورنہ اُنسے ہم
کرنی تھی جو وصال کی تدبیر کر چکے

خدا اُس نرگسِ سحر آفریں سے
کہ جو فتنہ نہ اُٹھنا ہے وہیں سے

وہ باتیں جو کہ تھیں اُن سے چھپانی
غضب ہے کر رہا ہوں میں اُنھیں سے

سُنائے جوشِ وحشت میں عدو کو
ہوئے تھے مشورے جو ہمنشیں سے

رہے گا حشر تک زندہ جسے تم
کروگے قتل دستِ نازنیں سے

بتوں میں کیا نہیں وحدت کا جلوہ
بتادے کوئی ہمکو اہلِ دیں سے

ہزاروں مہر و اُلفت کی ادائیں
سمجھ لیتے ہیں ہم تیری نہیں سے

وہ پھرنا کُو بہ کُو رشکی کہاں ہے
ہوئے ہیں آپ بھی ابتو یہیں سے

نہیں ہیں سب سے یہ برتاؤ اُسکے
مگر کچھ لاگ ہے رشکی تمھیں سے

پایا قصور غیر کا مجکو سزا ہوئی
ایسی تو ایکبار نہیں بارہا ہوئی

تم بھی کہوگے آہ گر اپنی رسا ہوئی
وہ چرخ کیا ہُوا وہ زمیں آج کیا ہوئی

پوچھو نہیں سے عشق کے بیمار کا علاج
آخر کو موت سے ہوئی جو کچھ شفا ہوئی

از ایضاً

رشید

رشید۔ قاضی کبیر حسن صاحب متوطن مچھلی شہر جس زمانہ میں مرزا قادر بخش صاحب بہادر صابر دہلوی دہلی سے بنارس جاکر مقیم ہوئے یہ اُنکے خرمنِ فیض سے بہرہ ور ہوئے۔ یہ واقعہ ۱۸۰۷ء کے قریب کا ہے عرصہ ہوا انتقال کر گئے ؎

ہوں ننگ بن کے مہرِ سپہرِ کمال کا	یعنی عروج اپنا ہے مطلع زوال کا
شاداب آبِ گریہ سے ہو گلشنِ مُراد	پانی سبب ہے تازگی ہر نہال کا
یہ زخم یادگار ہے اُس تیغِ ناز کا	سمجھا تا ہے یہ مجکو خیال اندمال کا

رشید

رشید۔ سخنور یکتا مرثیہ گوئے بے ہمتا جناب سید محمد مصطفےٰ مرزا عرف پیارے صاحب رشید لکھنوی، آپ سید احمد مرزا صابر مرحوم کے صاحبزادے ہیں جو میر انیس کے داماد تھے گویا جناب رشید میر انیس مرحوم کے نواسے ہیں، جناب رشید کے ددھیالی خاندان میں سید حسین مرزا صاحب عشق بڑے نامور مرثیہ گو تھے جو انکے والد کے چچا تھے، اسی طرح جناب تعشق مرحوم جو شعرائے لکھنو میں غزل گوئی میں لاجواب اور بے مثل کہے جا سکتے ہیں جناب رشید کے دوسرے چچا تھے، جناب رشید نے حضرت عشق اور تعشق سے جملہ نکات فنِ شاعری اور مرثیہ گوئی سبقاً سبقاً حاصل کیے، اگرچہ آپ کو فطرتی طور پر اس امر کا بڑا ناز ہے کہ میں حضرت انیس کا نواسہ اور اُنکی زبان اور کمال کے ورثہ کا حقدار ہوں مگر انکے کلام میں بجائے انیس کے رنگ کے جناب عشق اور حضرت تعشق کی تقلید، عقیدت اور پیروی کا زیادہ اثر نمایاں ہے، مرثیہ گوئی کی مشق کرنے سے پیشتر بھی جناب رشید بحیثیت ایک غزل گو کے لکھنؤ میں خاصی شہرت حاصل کر چکے تھے، جناب عشق اور تعشق کی وفات کے بعد انھیں حصولِ شہرت کے زیادہ موقعہ ملے اور مرثیہ گوئی میں اپنے خاندان میں امتیازی رکن خیال کیے جانے لگے، مرثیہ میں بھی بہاریہ رنگ برتتے ہیں اور لوگ بھی اُسے پسند کرتے ہیں تحقیق الفاظ اور صحتِ روایات کا بھی حتی الوسع خیال رکھتے ہیں، پندرہ برس سے نواب بہرام الدولہ بہادر رئیس حیدر آباد دکن کے ہاں محرم کی مجلسوں میں جو ۲۱ سے ۳۰ محرم تک

نہایت تزک و شان کے ساتھ منعقد ہوتی ہیں آپ طلب کیئے جاتے ہیں اور بعد اختتام مجالس عموماً پندرہ سو روپیہ آپ کو نذرانہ ملتا ہے، سفیر ایران متعینہ کلکتہ کے ہاں بھی گاہ گاہ ربیع الاول میں آپ تازہ تصنیف مرثیہ پڑھنے کے لیئے بلائے جاتے ہیں، خاص لکھنؤ میں بھی اکثر جلسوں میں آپکا کلام سُنا جاتا ہے خصوصاً آتوجی کی مسجد میں ہر سال ایک نیا مرثیہ پڑھتے ہیں حضرت کی پیدایش ابتدائے جلوس واجد علیشاہ میں ہوئی تھی اور اب ۶۸ سال کی عمر ہے، نہایت دُبلے اور کمزور شخص ہیں، انکسار اور تواضع میں شاعرانہ مبالغہ کو بہت کام فرماتے ہیں۔ گفتگو بہت تکلف سے کرتے ہیں الغرض قدیم لکھنؤ کے مصنوعات اور تکلفات کی زندہ یادگار ہیں اپنی امتیازی حیثیت کو ہر وقت نظر میں رکھتے ہیں، تلامذہ بھی خاصی تعداد میں ہیں۔ سوز، عشق، حسرت کے مضامین اچھے پیرایہ میں اکثر انکے کلام میں ملتے ہیں، زبان بہت صاف اور شستہ برتتے ہیں جو انکا خاندانی ورثہ ہے، بعض بعض اشعار ایسے صاف اور اعلیٰ درجہ کے کہہ جاتے ہیں کہ جن سے انکا کمالِ سخن مُسلّم ہوتا ہے، کم و بیش پچاس غزلوں کا انتخاب درج ذیل ہے جس سے انکے رنگ طبیعت کا پورا پورا اندازہ ہو سکتا ہے،

کہتے ہیں شبنم و گُل عالمِ نیرنگ کا حال		کوئی ہنستا ہوا نکلا۔ کوئی گریاں نکلا
قیس کا دستِ تمنا کس قدر چالاک تھا		محملِ لیلیٰ کا پردہ سو جگہ سے چاک تھا
آج داغوں کے گلوں نے رشکِ جنت کر دیا		کل یہی دل تھا کہ اک صحرائے وحشتناک تھا
مہربانی سے شریکِ ابتو ذرا ہو جانا		دفن ہونے مرا لاشہ تو خفا ہو جانا
کہے دیتے ہیں زیادہ نہ ستاؤ ہمکو		دیکھو اچھا نہیں ہے دل کا بُرا ہو جانا
دِل جو پہلو سے جُدا ہے تو عجب کیا اسکا		دیکھنا قبر میں اعضا کا جُدا ہو جانا
ہمت عبد سے معبود کی ہمت ہے بلند		ہم جو مانگیں گے کہیں اُس سے سوا ملجائیگا
کیوں کنجِ لحد کے منفصل جاؤں گا	رباعی	کہنے کے لیئے مطلب دل جاؤنگا
پیری سے ہونگا منکسر اے رشید		جُھکتے جُھکتے زمیں سے ملجاؤنگا

عجیب حال تھا جب مبتلائے الفت تھے
کہ دل پہ جبر بھی کرنے کا اختیار نہ تھا
کیا تھا گو تری تیغ نگہ نے صد پارہ
مگر ذرا بھی مرے دل کو انتشار نہ تھا

پس مُردن رہائی کا ہے غم دلہائے نالاں سے
وفاداروں کی روحیں روتی ہیں در پر زنداں پر
اجل کے تو ہوا احسان اُس بیمار ہجراں پر
نشاں جسکی لحد کا ہے زمین کوئے جاناں پر
زلیخا حال کی اپنے خبر دیتی تھی یوسف کو
کہ جب کی آہ گھر میں برق چمکی آ کے زنداں پر
گھٹے جاتے تھے ہم چھوٹے جو تھے وان شام سے پڑے
نہیں معلوم کیونکر رات گذری اہل زنداں پر

اے سوز عشق خوب بڑھایا وفا دل
ہر آبلہ ہے آج سر اعتبار دل
دونوں نے خوب شاد کیا ہمکو اے رشید
سو جان سے جگر کے تصدق نثار دل

دیدہائے زخم خوں روتے ہیں میرے حال پر
تیغ کیسی سنگدل ہے چشم جو پُرنم نہیں
اے شب غم صبح ہو جائے گی یا آئیگی موت
فیصلہ دم بھر میں ہے یا تو نہیں یا ہم نہیں

رواں عدم کو ترے جاں نثار ہوتے ہیں
دیار چھوڑتے ہیں بے دیار ہوتے ہیں
یہ طاقت ہو تمھارے ناتواں میں
جو تڑپے حشر آجائے جہاں میں

ہنس ہنس کے کہہ رہا ہے جلانا ثواب ہے
ظالم یہ میرا دل ہے چراغ حرم نہیں
اُسنے زمانہ دیکھ کے سیکھا ہے شور و شر
تم کم سنی میں فتنۂ محشر سے کم نہیں
نکل آئیں ہیں موجیں کوثر و تسنیم سے باہر
سلام خبر پہنچی ہے پیاسے حضرت شبیر آتے ہیں
گرے ہیں رن میں اکبر و ڑے ہیں ہمت سے اعدا
مٹانے کو رسول اللہ کی تصویر آتے ہیں
غرور اب کیا بڑھیگا غم ہوئے اس وجہ پیری سے
ہم اپنے سر کو اپنے پاؤں سے ٹھوکر لگاتے ہیں

رباعی
سو رنج ہیں روز کم سے کم کھاتا ہوں
جو کوئی نہ کھا سکے وہ غم کھاتا ہوں
پیری کیطرف دیکھ کے آتی ہے شرم
جب اپنی جوانی کی قسم کھاتا ہوں

رباعی
پیری سے رہا نہ کوئی چارا ہمکو
قوت کا قوی کے تھا سہارا ہمکو
تنہا موت آ کے کیا بنا لیتی رشید
پیری نے شریک ہو کے مارا ہمکو

آپ کو شک ہے کہاں ٹوٹے تھے تارے رات کو
دمبدم آنسو ٹپکتے تھے ہمارے رات کو

کیں وہ بعدِ وصل باتیں بڑھ گیا پھر شوقِ وصل
ہیں وہی نکلے تھے جو ارمان سارے رات کو

اُلفتِ رُخ میں ہے وحشت یادِ گیسو میں بکا
دن کو صحرا میں ہیں دریا کے کنارے رات کو

دل جگر لینے پھر آئے صبح کو کہتے ہوئے
رہ گئے بستر پہ دو موتی ہمارے رات کو

آپنے پُوچھا نہ جان و دل جگر نے لی خبر
درد فرقت میں نہ کس کسکو پکارے رات کو

ڈھونڈتے پھرتے ہیں لکو صبح سے آج اے رشید
دلربا تھا ایک پہلو میں ہمارے رات کو

فرماتے ہیں نہ عشق کا دعویٰ کرے کوئی
کیا فائدہ ہے کیوں ہیں رُسوا کرے کوئی

مجنوں نے راہِ عشق میں چُومے مرے قدم
اُلفت میں اتنی بات تو پیدا کرے کوئی

مارڈالیگی مجھے یہ خوش بیانی آپکی
موت کا پیغام آئیگا زبانی آپ کی

زندگی کہتے ہیں کسکو موت کسکا نام ہے
مہربانی آپ کی نامہربانی آپ کی

آپسے ملکر گلے راحت سے آجاتی ہے نیند
سبزۂ خوابیدہ ہے پوشاک دہانی آپکی

مجھسے دن بھر دل کہا کرتا ہے قصہ آپکا
رات بھر میں دلسے کہتا ہوں کہانی آپکی

بڑھ چکا قد بھی عروجِ حُسن کی حد ہو چکی
اب تو قابل دیکھنے کے ہے جوانی آپکی

تم نے ہمسے اہی باتیں کیں کہ رسوائی ہوئی
پھول سے چہرہ کی رنگت ہے جو سونلائی ہوئی

صاف گویا آتشِ رُخ سے دھواں اُٹھنے کو ہے
لو طبیعت ہاتھ سے جاتی رہی آئی ہوئی

بڑھ گئی زینت جو آئینہ مقابل آگیا
اِس دُوئی سے اور دُونی اُنکی یکتائی ہوئی

قبر تک تو آگیا میں دوست تھے ساتھ اے رشید
کس طرح اب وہ نہ یاد آئے کہ تنہائی ہوئی

عطا حیاتِ ابد بھی ہو کاٹ گردن بھی
شریکِ آبِ خضر میں ہو آبِ تن بھی

ہماری زندگی و موت کے ہو تم رونق
چراغِ بزم بھی ہو اور چراغِ مدفن بھی

دکھایا سیل کا انداز آبِ پیکاں نے
شکستِ خانۂ دل بھی ہے خانۂ تن بھی

کھلا جوڑا بنکے لگانے میں حالِ زخمِ جگر
تو روئی خون کے اشکوں سے چشمِ سوزن بھی

عندلیبوں کی اسیری کا زمانہ آیا
آج پھر جانبِ گلشن قفس و دام چلے

بیوفا کہکے پکارا دمِ آخر تو نے
ولے تقدیر کہ ہم لیکے یہ الزام چلے

شراب پیتے ہیں میخوار تیرے نامِ رمضان
شروع کرتے ہیں شوال کے مہینے سے

نہ تھا یہ دلکا دھڑکنا ہی کوئی امرِ عظیم
صدائے ماتم ابھی آرہی تھی سینے سے

دکھائی دینگے عجائب تمام سالے زاہد
بڑھیگا نشۂ عرفان شراب پینے سے

نقاب الٹی تھی کیا لے مہرِ طلعت روئے روشن سے
گلی میں شبکو دھوپ آئی تھی تیرے در کے روزن سے

انھیں تسکین دیتے جاؤ جاتے ہو جو گلشن سے
بزنگِ خارِ گل لپٹے ہوئے آتے ہیں دامن سے

خسِ خاشاک اڑا جلکر ہوا سے گرمِ آہوں کی
ہزاروں بجلیاں پیدا ہوئیں میرے نشیمن سے

بہار آئی قفس میں بلبلوں کے دل ہٹرکتے ہیں
کہ غنچوں کے چٹکنے کی صدا آتی ہے گلشن سے

بہت شبنم سے دھویا پر گلابی رنگت
کسی صورت نہ چھوٹا خونِ بلبل گل کے دامن سے

زیادہ صرف ہوگا آج پانی تیغِ قاتل کا
شہیدانِ وفا کو غسل ہوگا آبِ آہن سے

رشید احباب میرا امتحاں بیکار کرتے ہیں
کہا سو مرتبہ واقف نہیں ہیں میں سخن سے

خاکِ حسرت لیکے دلہائے ویران لیگئے
آپکے دیوانے ساتھ اپنے بیاباں لیگئے

لاکھ تدبیروں سے میرے دلکی خاطر جمع کی
خوب سمجھا کے وہ گیسوئے پریشاں لیگئے

سیئے جاتے ہیں کفن آپکے دیوانوں کے
چاک دامن کے ہیں ٹکڑے ہیں گریبانوں کے

وصلتِ شمع کی شب بھر تو رہی سر میں ہوا
صبح کو بزم میں پر اڑتے ہیں پروانوں کے

دل جگر پڑتے ہیں کلمہ ترا ملکِ تن میں
ساری بستی میں یہ دو گھر ہیں مسلمانوں کے

قہر کی آج چلی تیغ نگاہِ ساقی
چور شیشے ہوئے ٹکڑے ہوئے پیمانوں کے

ناامیدی نہ ہو کیوں آس نہ کیونکر ٹوٹے
ٹوٹ جائے دلِ میخوار جو ساغر ٹوٹے

خود رہا ہو گئے یوں تڑپے اسیر زندان
زلزلہ آگیا، دیواریں گریں، در ٹوٹے

آپ کہتے ہیں کرو ترکِ محبت امیدی
رشتۂ الفت کا بتا دیجئے کیونکر ٹوٹے

رحم دل تم ہو تو عشاق پہ کیونکر ہو ظلم
تم تو نازک ہو دل ان لوگونکے کیونکر ٹوٹے

گو ہے ماہِ رمضاں دیدے دہن کا بوسہ
کچھ نہیں خوف جو روزہ لبِ کوثر ٹوٹے

ہے عرق ماتھے پہ سرخم مُنہ پہ زلفوں کی نقاب
ہے عیاں رفتار سے آتے ہیں شرماتے ہوئے

فتنۂ محشر صدا دیتا ہی جب چلتے ہیں آپ
ہم بھی آتے ہیں جلو میں ٹھوکریں کھاتے ہوئے

کھچکے دم آیا لبوں تک روح گھبرانے لگی
بیچ بتاؤ کیا اشارہ کر گئے جاتے ہوئے

اپنی اپنی جا ہر اک مغرور ہے ای شاہِ حُسن
لاکھ بل کھاتے ہیں گیسو تا کمر آئے ہوئے

جس طرح زخمی ہوا ہے دِل مجھے معلوم ہے
میں نے دیکھا خود نگہ کے تیر کو آتے ہوئے

کرتے ہیں جمع اشک ہمارے ملائکہ
سلام
حوروں کے کان کے لئے گوہر بنائینگے

شہ دامنِ رضائے خدا کو یہ دینگے طُول
اپنا کفن مزار کی چادر بنائیں گے

عقدے اُلفت کے سب اے رشک قمر کھولدیئے
سینہ یوں چاک کیا داغِ جگر کھولدیئے

آنکھیں کھولے ہوئے سب دیکھ رہے ہیں تجکو
دیکھے جانے کو یہ عشاق نے در کھولدیئے

امتحان حسرتِ پرواز کا منظور ہوا
ذبح کر کے مجھے صیاد نے پر کھولدیئے

شرم آئیگی مجھے لوگ سمجھ جائیں گے
تنکے گیسو مرے لاشے پہ اگر کھولدیئے

ہے مسافر نواز تیغ تیری
ہمکو رخصت کیا گلے ملکے

ایک ظالم نے کسیکو آج زخمی کر دیا
یہ نہیں معلوم کس کا دِل ہے کس کا تیر ہے

کرتے ہیں تن کے قفس خالی نئی تدبیر سے
مُرغِ جان اُڑتے ہیں پر لیکر تمہارے تیر سے

کشتۂ لاغر کو اپنے دفن کر دیجے فقط
غسلِ میت ہو چکا آبِ دمِ شمشیر سے

آپ لیجائیں اُنھیں یا دیکے ٹکڑے جوڑ دیں
میری خاطر جمع ہو جائے کسی تدبیر سے

روح جبتک جسم میں ہی خارِ غم کی ہے کھٹک
دِل سے یہ کانٹا جو نکلے گا تو نوکِ تیر سے

نزع میں رشکِ مسیحا کا خیال اچھا ہے
گو بُرا وقت ہے لیکن مرا حال اچھا ہے

بالوں کی سیاہی آہ سپہات گئی
رباعی
کہتے ہیں جوانی جسے وہ رات گئی

پیری نے زبان کی فصاحت کھو دی — لو صبح ہوئی، رات گئی، بات گئی
طفلی نہ رہی، کہ تھی وہ جانے والی — رباعی — کیا رہتی، جوانی تھی مٹانے والی
پیری کو رشید بس غنیمت سمجھو — اب فضل نہیں ہے کوئی آنے والی

آج معلوم ہوئے دل کے خیالات مجھے — تم سے حال اپنا کہا کرنے نہ دی بات مجھے
یادِ ایام کہ تھا دل کے تڑپنے میں مزا — لطف دیتے تھے ستم آپ کے دن رات مجھے
قبر میں سب سے زیادہ ہے یہ ایجاں تکلیف — تم سے جاتی رہی اُمّیدِ ملاقات مجھے
آستانے پہ ترے آ کے یہ رتبہ پایا — کہ نظر آتے ہیں جنت کے مکانات مجھے
عشق میں کر کے فقیری بھی نہ کچھ ہاتھ آیا — نہ حسینوں سے ملی عشق کی خیرات مجھے
طالبِ دید سے یوں بیخبری کرتے ہیں — آپ سویا کئے آنکھوں میں کٹی رات مجھے
زیرِ خنجر کہتے تھے شہ اب ملا لطفِ حیات — سلام — یوں بسر ہو گر تو عمرِ جاودانی چاہیئے
جب صدا آتی ہے کیا دکار ہے کہتے ہیں شاہ — بس ترے بندے کو تیری مہربانی چاہیئے
کیا کریں کیونکر چھپائیں تشنگی شاہِ غیور — ہونٹوں کی خشکی کہے دیتی ہے پانی چاہیئے

ایسا بھی نہ انقلاب دیکھا ہوگا — رباعیات — کب میری طرح شباب دیکھا ہوگا
کہتا ہوں جو میں کہ تھی جوانی میری — پیری کہتی ہے خواب دیکھا ہوگا

پیری میں غمِ راہِ جناں کیونکر لیں — ایضاً — منزل پہ پہنچ کے دم ذرا دم بھر لیں
لیٹے ہیں لحد میں اے فرشتو نہ اٹھاؤ — چلتے ہیں ذرا کمر تو سیدھی کر لیں

ہر چند بہت ملول و دلگیر ہوں میں — ایضاً — کیا فائدہ کیوں بیاں کروں پیر ہوں میں
دیکھو مجھے پوچھنے سے کیا حاصل ہے — پیری وہ ہے کہ جسکی تصویر ہوں میں

پیری نے حواس و ہوش سب کھوئے ہیں — ایضاً — کب عہدِ جوانی کے لئے روئے ہیں
ہشیار شباب میں تھے پیری میں ہیں غش — شب بھر جاگے تھے صبح کو سوتے ہیں

ساعت معلوم اجل کے آنیکی نہیں — ایضاً — پھر بھی کچھ فکر یہاں سے جانیکی نہیں

پیری یہ نہیں بارِ گنہ سے خم ہوں		اب مجھکو مجال سر اٹھانیکی نہیں	
پیری میں غم و ملال کب اٹھتے ہیں	ایضاً	ہوتا ہے قلق بیٹھکے جب اٹھتے ہیں	
جھکتا تھا جوانی میں گراں بہر رکوع		گھٹنوں پہ ہاتھ رکھکے اب اٹھتے ہیں	
دنیا کے نہ رنج و درد و غم کو دیکھو	ایضاً	کس حال میں ہیں اہلِ عدم کو دیکھو	
پیری کا تماشا ہو اگر تجھ کو نظیر		یارانِ شباب آؤ ہمکو دیکھو	
افسوس جوانی کی نہ کچھ قدر ہوئی	ایضاً	ہوتی تھی جو کیفیت بہر طور رہوئی	
دانتوں نے کیا قصد جدا ہونے کا		آنکھوں کی بھی اب جسے نظر دور ہوئی	
کب کوئی بلا گئی جوانی سے رکی	ایضاً	یک لحظہ نہ موت زندگانی سے رکی	
پیری ہی کا نام گو ضعیفی ہے مگر		پر ایسی قوی ہے نہ جوانی سے رکی	
مرے لہو کو ہوس ہے کہ اڑ کے جا پہنچوں		ہوائے شوق میں اڑتا ہوا نکا دامن بھی	
تیرے بیمار تک آنے نہیں پاتا کوئی		بیکسی دور سے کہہ دیتی ہے حال اچھا ہے	
ذبح میں بھی کی گئیں ہم پہ سہتی تھیں		سینکڑوں طوفاں اٹھے آبِ دمِ شمشیر سے	
وقتِ آخر مری آواز سنی رحم آیا		اسکی قدرت ہے ان آہوں کا رسا ہو جانا	
نزع میں ہیں پاؤں میرے کوئے جاناں کی طرف		چاہتا ہوں وہاں پہنچ جاؤں کسی تدبیر سے	

رشید — جناب مولوی رشید احمد صاحب رامپوری مولوی فاضل پاس ہیں رامپور کے مدرسہ میں تکمیلِ علم کر کے حضرت خلیل حسن صاحب خلیل کے فنِ سخن میں شاگرد ہوئے۔ بہ برس کے قریب عمر ہے استعداد عالمانہ ہے اور فن سے واقف ہیں کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

شبِ وصل اپنے شادیِ مرگ ہونیسے کھلا عقدہ		جسے ہم جان سمجھے تھے وہ تھی دلدار کی حسرت	
ابھی ہو جائے مثلِ گل شگفتہ بات ہی کیا ہے		ذرا تم پوچھ لو ہنسکر دلِ بیمار کی حسرت	
ترا خنجر ہو گردن پر ترا پیکاں ہو سینے میں		یہ ارمان مضطرب دل کا وہ جانِ زار کی حسرت	
پیامِ قتل نے بھی روح سی اک پھونکدی تن میں		رگوں میں دوڑتی پھرتی ہے تیغِ یار کی حسرت	

یارب کسی کا حشر میں ہو جائے سامنا — آئے ہیں اتنی دور بڑی آرزو سے ہم
ساقی تیرے بغیر ہے یہ میکدہ کا حال — ہم سے خفا ہے جام خفا ہیں سبو سے ہم
جلنا پڑیگا یوں یہ خبر کیا تھی اے رشید — دل کیوں لگائے بیٹھے تھے اس شعلہ رو سے ہم
کیا پوچھتے ہو درد محبت کی لذتیں — اس رنج کو خوشی سے بدلتا نہیں ہوں میں
ہاں ہاں ضرور آؤ گے مجکو یقین ہے — کیوں بار بار کہتے ہو جھوٹا نہیں ہوں میں
جب کہا میں نے کہ میں غیر کو مرتے دیکھوں — جل کے وہ بولے کہ تم خود ہی نہ مر کر دیکھو
تم نے دنیا کے تماشے تو بہت دیکھے ہیں — کوئی دم سیر مرے دل میں بھی رہکر دیکھو
بدنام فلک تم سے زیادہ تو نہیں ہے — ہے وہ بھی ستمگر مگر اتنا تو نہیں ہے
اک طور ہے کیا جلوہ ہر اک شے میں ہویدا — موسیٰ سا کوئی دیکھنے والا تو نہیں ہے
محفل میں رشید آیا تو کیا آپ کا بگڑا — چپ بیٹھا ہے کچھ آپ سے کہتا تو نہیں ہے
نام آجاتا ہے جانیکا تو دل جاتا ہے دل — تم چلے جاؤ تو کیا جانے مرے دل پہ بنے

نہ دیکھیں انھیں، دل نہیں مانتا — یہ مانا کہ ہیں دیکھے بھالے ہوئے
بتوں کی برائی رشید اسقدر — بڑے آپ اللہ والے ہوئے

رشید — مولوی حافظ رشید الرحمن نقشبندی، مولنا احسان علی خان احسان رامپوری کے تلامذہ سے ہیں اور دور موجودہ کے موزوں طبع کہنے والے ہیں چند شعر درج کئے جاتے ہیں

وہی ہے پاؤں جو ہو حلقۂ زنجیر کے قابل — وہی سر ہے جو ہو قاتل تری شمشیر کے قابل
جو شوق صید بازی ہو تو صید آسمانی کا فگن — ہمارا طائر دل ہے ترے نخچیر کے قابل
وہ ظالم کشتۂ حسرت کا لاشہ دیکھکر بولا — پھراؤ کو یکو اسکو کہ ہے تشہیر کے قابل
دل چیز کیا ہے پاؤں اشارہ تو جان تک — قرباں ہزار بار کریں آپ پر سے ہم
بام پر بھیر خدا ابتو دکھا دے جلوہ — ہم تری راہ سر راہ گذر دیکھتے ہیں

رضا — حمید الدین چاندپوری خلف حکیم مولوی کلو، متذکرہ شرف الدین احمد میرٹھی ہیں انکے

یہ دو شعر درج ہیں ؎

قطعہ

آہ کیا دن تھے کہ ہم ساتھ ترے اے گلرو
دو قدم صحن خیاباں میں چلے بیٹھ گئے
اب یہ حالت ہے کہیں چھپکے ترے کوچہ میں
ہیں گنہگار جو دیوار تلے بیٹھ گئے

رضا

رضا مرزا جیون شاگرد فخر الشعرا میر ممنون غدر سے پہلے قضا کر گئے،

تمھارے وصفِ ندا میں یہ ہیسے شعر ہوتے ہیں
کہ گویا رشتۂ مضمون میں موتی پروتے ہیں

غیر سے گرم اختلاط ہے وہ
ہم بھی سنتے ہیں اور جلتے ہیں

کون سے وحشی کی اسکو استقدر ہے یاد آہ
سنگ سے اب تک بھرا جو دامنِ کہسار ہے

رضا

رضا مرزا محمد رضا متوطن بلدۂ لکھنو انکو مرزا رفیع السودا سے تلمذ تھا، زیادہ حال معلوم نہ ہوا ایک غزل اور چند شعر بمشکل دستیاب ہوئے درج کیے جاتے ہیں۔

سمجھتے ہو تم خوب غیروں سے ملنا
کیے پر بہت اپنے پچھتایئے گا

لائی ہے بہار اب کے برس اسقدر آتش
ہے جائے شگوفہ کے ہر اک شاخ پر آتش

یہ سوز نہانی ہے مرے سینے میں کس کا
جلتا ہے جگر پر نہیں آتی نظر آتش

وہ سوختہ جاں ہوں کہ تپ آہ سے جسکے
سلگا نے کو لیتا ہے ہمیشہ سقر آتش

مینا کے پڑے سینے میں کیونکر نہ پھپھولا
ہے بادۂ گلگوں کی نپٹ تیز تر آتش

دوزخ کا بھی کچھ خوف رضا ہمکو نہیں ہے
کرتی ہے دمِ سرد سے میرے حذر آتش

یارب یہ آرزو میری پاؤں میں رُل نجائے
جبتک کہ یار آوے یہاں دم نکل نجائے

کس کس کا جو رونا اٹھایا کرے یہ دل
چھوڑے اگر مژہ کجی آنکھوں کا بل نجائے

شامِ ہجراں گر نہ بیتابی کرے دل کیا کرے
دم بدم ہوتی ہے آفت سر پہ نازل کیا کرے

رضا

رضا میر محمد رضا برادر زادہ میر تقی ایک غزل انکی ایک پرانے تذکرہ میں نظر سے گذری جو خوشگوئی پر دلالت کرتی ہے زیادہ حال نہیں معلوم ہوا وہ شعر یہ ہیں۔

تم جو کہتے ہو مت نظر تو لگا
تمکو میری نظر لگی لگے

شمع رُو تو نہ ہووے جس گھر میں	پھر وہ تاریک گھر لگے نہ لگے

رضا میرزا علی رضا، عاشق مزاج، مجنوں منش، از خود رفتہ بزرگ تھے، اگرچہ خود شاعری کے اظہار سے گریز کرتے تھے مگر شعر اچھا کہتے تھے، تذکرۂ گلشن بیخار ۱۸۳۷ء میں بھی دو شعر انکے درج ہیں اور طغرای نویس انھیں لکھا ہے، مولوی شرف الدین میرٹھی نے میر رضا علی نام اور لکھنو وطن درج کیا ہے

رہا عالم یہ شب اپنا کہ اُس بن دل جو گھبرایا	کبھی تکیے سے سر ٹپکا کبھی پتھر سے ٹکرایا
جس دل کو قلق نے آہ گھیرا ہوگا	آنکھوں میں پھرا سکے اک اندھیرا ہوگا
کیوں گرد سے اپنے کو بچاتا ہے رضا	اس خاک میں آخر کو بسیرا ہوگا
ہدف ناز جو کل سینہ کا صندوق ہوا	تیر جو دل میں لگا سو لب معشوق ہوا
جو اکبار میں دیکھنے تجھکو پاؤں	بلائیں بھی لیلوں تصدق بھی جاؤں
مت پوچھو رضا کا کچھ حال غم تنہائی	اک دل تھا سو کھو بیٹھا اک سر ہی سو دائی
کبھی آئے آکے خفا ہوئے جو گئے تو جا کے بلا لیا	کبھی بیٹھے بیٹھے مچل گئے کبھی بیٹھے بیٹھے بگڑ گئے
ستم زمانے سے مجھپر دل برسے ایکبار یہ پڑ گئے	وہ جو آشنا تھے سو مر گئے وہ جو دوست تھے سو بچھڑ گئے

رضا رامپور کے رہنے والے کوئی خوش کلام شخص تھے اور ۱۸۴۰ء کے قریب زندہ تھے،

اب کوئی لحظہ میں مجنوں پہ بلا آتی ہے	جرس ناقۂ لیلیٰ کی صدا آتی ہے

رضا مولوی غلام رضا لکھنوی۔ قاضی محمد خلیل صاحب کی بیاض سے ایک شعر نقل ہوا۔

لو مبارک ہو رضا کا مٹ گیا نام و نشان	تم بھی رسوائی سے چھوٹے غیر بھی بے غم ہوا

رضا مولوی محمد برکت اللہ، آپ لکھنوی ہونے کے علاوہ علمائے فرنگی محل سے مستفید ہیں اوائل مشق سخن میں مولوی انعام اللہ انعام لکھنوی سے تلمذ اختیار کیا پھر جب مشق بڑھی تو حضرت امیر مینائی کی خدمت میں حاضر ہو کر زانوئے تلمذ تہ کیا، عربی فارسی کی استعداد عالمانہ ہے اور ان دونوں زبانوں میں بہت سی کتابیں اور رسالے مختلف مضامین پر آپکی

تصنیف سے شائع ہو چکی ہیں، اب مشقِ سخن کو بائیس چوبیس برس کا عرصہ ہو گیا ہے۔ راجہ اشفاق علیخان تعلقہ دار محمدی ضلع کیری انکے شاگرد اور قدردان ہیں، اُنھوں نے آپکا دیوان بھی سالِ گذشتہ میں شائع کرا دیا ہے، جس کا ایک نسخہ راقم تذکرہ کو بھی عنایت کیا شعر خاصہ کہتے ہیں اور پُر گو بھی معلوم ہوتے ہیں۔ زبان بھی بُری نہیں مضمون کیطرف ذرا توجہ کم ہے

ذرا آسان ہو جاتی مصیبت بس یہ مقصد تھا
نہ کرتے پاس تو کیا نزع میں نکلا نہ دم میرا

یارب دعا ہے تجھ سے کہ روزِ وصال میں
ٹکڑا ملائے کوئی شبِ انتظار کا

آگے آگے تری رحمت کے فرشتے ہونگے
ٹھاٹھ ہوگا سرِ محشر یہ گنہگاروں کا

تارے گنتا کبھی، کبھی رونا
رات دن ہے یہ مشغلہ دل کا

کیسے بے چین نہ ہو بعدِ فنا دل میرا
بیٹھا روتا ہی سرہانے مرے قاتل میرا

کفر و ایماں میں ہیں یہ جھگڑے بکھیڑے کس لئے
ایک ہی ہوتا ہے ڈورا سبحۂ و زنار کا

ہوئے آہ مجنوں لاکھ لائے آندھیاں لیکن
نہ ہوگا فاش پردہ ننگِ تک لیلیٰ کے محمل کا

مسیحا نے کہا ہر ایک سے یہ دیکھکر مجھکو
خدا پر چھوڑ دو اسکو یہ اچھا ہو نہیں سکتا

جو اُس شریر سے پوچھا نشانِ مسکن کا
بتا دیا مجھے اُس نے مکان دشمن کا

کعبہ و بتخانہ کوئی بھی خدا کا گھر نہیں
مفت کا جھگڑا ہی شیخ و برہمن میں دیکھنا

خدا بھی ہے اُسی بُت کا طرفدار
عبث ہے حشر میں فریاد کرنا

تم بادنی سے کیا زندہ مجھے
لاش پر وہ معجزہ دکھلا گیا

ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے صیاد کے رضا
دیکھا جو اُسنے باغ میں خالی قفس پڑا

کل جو وعدے پہ نہ آپ آئے گا
مجھکو زندہ بھی پھر نہ پائے گا

کیا کروں یارب سرِ محشر یہ کہتا ہی وہ بت
مجھکو شرمندہ نکر تو نے خواہاں دا دکا

ہاتھ رکھکر مرے سینے پہ وہ فرماتے ہیں
ہم بھی دیکھیں کہ تڑپتا ہے تو دل کیونکر

کر رخصت انکو ہنسکے وداعِ وصل تو
رونے کیواسطے تو پڑا ہے تمام روز

ابکے بہار میں ہے عجب جوش میکشی
زاہد کو بھی ہو خانۂ خمار کی تلاش

روتا بھی ہوں تو چھپکے ہیں گوشہ میں رانکو
رسوائی کا ہے اُسکی مجھے اسقدر لحاظ

وہ کھڑے ہیں سامنے گردن جھکائے حشر میں
کھولنا اب کیوں نہو مجکو لبِ اظہارِ شاق

بوسہ جو مانگا لب کا تو منہ پھیر کر کہا
کرتے نہیں ہیں بات کسی لالچی سے ہم

جو اُنکے در پہ جا کر ہم کبھی فریاد کرتے ہیں
تو ہنسکر کہتے ہیں پوچھو تو کسکو یاد کرتے ہیں

اسیرِ زلف ہو کر یوں بسر ہم عمر کرتے ہیں
کہ پوری جیسے قیدی قید کی میعاد کرتے ہیں

بھٹکتے پھرتے ہو ہر سو لکیلے دار فانی میں
خضر کیا لطف ہے ایسی حیاتِ جاودانی میں

نہ نیند آتی ہو راتوں کو نہ سکھ سے دن گذرتے ہیں
تمہارے چاہنے والے نہ جیتے ہیں نہ مرتے ہیں

دھرا ہے سامنے آئینہ ٹھنڈی سانس بھرتے ہیں
عجب صورت ہو اُنکی جسکو وہ خود پیار کرتے ہیں

رضا ہیں محو ایسے یاد میں ہم اُس پیر و کے
نہیں معلوم کسکو دل دیا ہو کس پہ مرتے ہیں

کسی کے سوزِ اُلفت سے جگر دل ایسے جلتے ہیں
کہ سانس آتی نہیں منہ سے مرے شعلے نکلتے ہیں

ملنے کو آتے ہیں اپنے اور بیگانے سبھی
عید کا دن ہے گلے لگجاؤ شرماتے ہو کیوں

یہ بھی اک ادنیٰ اثر ہے جھوٹے وعدوں کا حضور
آپ کا اقرارِ وصل اور وہ مجھے باور نہو

کریم اپنی کریمی کی شان دکھلادے
وہ دے مجھے کہ کبھی حاجتِ سوال نہو

کیسکی تیغ کا ہے یا دگار زخمِ جگر
الٰہی حشر تلک اس کا اندمال نہو

جاتے ہیں خالی ہاتھ جہانِ خراب سے
بے توشگی ہی توشہ ہمارے سفر میں ہے

پہلے میں ہنستا تھا دیوانوں کو اے گیسو نگر
دیکھکر زنداں میں اب ہنستے ہیں زندانی مجھے

بنے گا سینہ پُرغم نہ نہ رنج و راحت کا
وہ دو پہر ہاتھ رکھینگے جگر سے تیر کھینچیں گے

کسی کا خون کرنے سے تمھیں کیا فائدہ ہوگا
بھلا یہ بھی کوئی صندہ جگر سے تیر کھینچیں گے

مرا دل لے لیا باتیں بنا کے
کہاں جاتے ہو اب یہ گل کھلا کے

وعدہ پہ نہ آنے کا سبب پوچھا تو بولے
کیا یاد دلایا تھا مجھے آکے کسی نے

دلِ ہجر میں کس طرح سے بہلے گا بتاؤ
ہمدم ہوا کشتہ ہوں تیغِ ابروئے مخمور کا
وعظ کی محفل میں مے پیکر ابھی آتے ہیں ہم
آج گلچیں نے قدم باغ میں کیا رکھا ہے
پاس آتے دیکھکر مجکو کہا اُس شوخ نے
مرزا جینا نیک و بد کا جب تمیز ہوا جتا
بجلیاں سنکر لپٹ آتے ہیں آہونکے شرر
محتسب میں اور مینوشی غلط بالکل غلط
بوسہ لیا ہے اُس بُتِ یکتا کے خال کا
تیرے تقوی کا میں سوقت ہوں قائل ای شیخ
یہ پوچھتا ہے نزع میں وہ عیسیٔ زمان

ماناکہ نہم نالہ و فریاد کرینگے
خندۂ زخمِ جگر بھی خندۂ مستانہ ہے
واعظا وہ دو قدم پر سامنے میخانہ ہے
شور بلبل نے قیامت کا مچا رکھا ہے
آپ کو کہنا جو ہو کچھ مجھسے کہیئے دور سے
کیوں گنا ہونکی ہو پرسش بندۂ مجبور سے
لطف کو چھوان مصائب کے دلِ رنجور سے
مست ہوں نظارۂ چشمِ بتِ مخمور سے
اللہ بخشدے گا وہ مکتہ نواز ہے
وہ صنم پاس ہو اور تجکو خدا یاد رہے
ابتو ہم آگئے کہو جینے کی آس ہے

رضا

رضا مولوی قاضی عنایت رضا خلف شیخ غلام موسیٰ ساکن قصبۂ بدایوں سے تلمذ تھا۔ قوتِ حافظہ کا یہ حال تھا کہ ہزارہا شعر ازبر رکھتے، یہ اُن کا منتخب کلام ہے۔

کلام دونوں کے ہیں مخالف کرے وہ قاتل بھی کل کا کہنا
اگر ہو یاروں سے تم مخالف موافق اغیار کے نہ رہنا
مونس ہو مرا کوئی نہ ہمدم شبِ فرقت
کیا کہیئے کہ کیوں جیتے رہے ہم شبِ فرقت
ہوں جو رہی یہ خوش کہ اُسے یاد تو رہا
گیا ہوں آپ سے میں کس کی میزبانی میں

زبانِ خنجر کہے ہی بس بس گلو کہے ہی کمی نکرنا
نکرنی ہو گر ہماری خاطر رقیب کی بھی خوشی نکرنا
ہاں ساتھ جو دیتا ہے تو اک غمِ شبِ فرقت
تھا پیشِ نظر وصل کا عالم شبِ فرقت
اُس شوخ سے تھی مجکو امید ستم کہاں
الٰہی دل میں ہیں مہمان کون کئے ہوئے

رضا

رضا جناب شیخ رضا عباس صاحب خلف شیخ علی عباس صاحب وکیل شاگرد جناب عاشق لکھنوی ۱۸۸۷ء میں لکھنؤ کے رسالہ نغمۂ بہار میں انکی غزلیں چھپا کرتی تھیں چند شعر منتخب ہوئے

رند مشرب ہوں میں پابند نہیں مذہب کا
آج میخانہ میں ہوں کعبہ میں کل جاؤں گا

کیوں شہیدِ ناز کے غم میں ملے حسرت سے ہاتھ
دستِ نازک سے ترے رنگِ حنا جاتا رہا

جھیل ڈالیں سختیاں روزِ فراقِ یار کی
اب قیامت کا بھی دل سے وعدہ جاتا رہا

منتوں سے ایک بوسہ پر ہوا راضی وہ شوخ
سب وہ برسوں کا گلا شکوا رضا جاتا رہا

اس قدر شوقِ اسیری تھا دلِ ناشاد میں
دام سے چھٹکر پھر آیا خانہ صیاد میں

رنگ اور بہار اور فضا اور ہی کچھ ہے
ان روزوں گلستاں کی ہوا اور ہی کچھ ہے

مر کے ملجاتی ہے دنیا کے بکھیڑوں سے نجات
پاؤں پھیلائے ہوئے سوتے ہیں سونے والے

کھلی آنکھ جب قبر میں ہم یہ سمجھے
مسافر کو راحت کی منزل یہی ہے

رضا

رضا۔ مرزا رضا حسین بیگ صاحب رضا بریلوی خلف مرزا فدا حسین بیگ تقریباً ۳۰ برس اُدھر بریلی کے مشاعروں میں غزلخوانی کیا کرتے تھے اور حضرت حکیم نیاز احمد خان ہوش کے تلمذ سے بہرہ یاب تھے، طب میں بھی دخل تھا بیس برس ہوئے انتقال کیا ۵۴ برس کی عمر پائی

پھینکدو نگاہیں تجھے چیر کے پہلو دیدل
شکوہ جورِ بتاں کچھ جو زباں پر آیا

کچھ عجب دیکھی کشاکش عشق کے بازار میں
موت بھی آتی نہیں عاشق کو ہجر یار میں

فاتحہ پڑھنے جو آئے قبر پر وہ سیمتن
خاک ہو جانا نہ کیوں حق میں مرے اکسیر ہو

صاحبِ حیرت ہیں دنیا کے حوادث سے پرے
قید کب دامِ قفس میں طائرِ تصویر ہو

ماند کردے چاندنی کے کھیت کو اُسکی چمک
جس مرقعہ میں تمھاری چاندسی تصویر ہو

دورِ گردوں سے گلا ہمکو نہ شکوا یار سے
لے رضا راضی ہیں ہم جو ہو ہش تقدیر ہو

قسم لو، قول لو، بوسہ نلو نگاہ زلف کا میں
معاف بہر خدا اب مری خطا ہو جائے

وصالِ یار میسّر ہو کس طرح مجھکو
نہ جذبِ دل میں ہے تاثیر کچھ نہ آہ میں ہے

خطا ہمسے کیا سیمبر ہو گئی
جواب تیری ٹیڑھی نظر ہو گئی

مرادِ دلی کیوں بر آتی نہیں
مری آہ کیا بے اثر ہو گئی

سفیدی سے بالوں کی عقدہ کھلا — کہ عمر دو روزہ بسر ہو گئی
ٹھکانا نہ تو ہم فقیروں کا پوچھ — جہاں شب کو بیٹھے سحر ہو گئی
پلٹکر نہ پائے گا زندہ مجھے — جو تا خیر اے نامہ بر ہو گئی
شیخی بے فائدہ ہے بلبل کی — چند روزہ بہار ہے گل کی
کر نہ پامال گل کو باد خزاں — جان جاتی رہے گی بلبل کی

رضا مبین الرضا خان بدایونی، قمر الحسن قمر بدایونی سے تلمذ ہے، جوان آدمی ہیں، حال باوجود تلاش نہ ملا اشعار ملاحظہ ہوں ؎ رد

صبا سے میں کہنے کو تھا حال دل — وہ سننے سے پہلے ہوا ہو گئی
عجب کیا اگر دل کی چوری کھلی — گرہ زلف جاناں کی وا ہو گئی
برائی بھلائی محبت کی کیا — جو ہونے تھی وہ اے رضا ہو گئی

رضا جناب داروغہ مرزا رضا حسین صاحب تلمیذ حضرت حکیم مرحوم لکھنوی زمانہ حال کے شعرا رضا
میں ہیں حالات باوجود تلاش نہ ملے ؎

کیئے ہیں آپنے قابو میں لاکھ دل کہونکر — جب ایک اپنی طبیعت پہ اختیار نہ تھا
پیادہ حشر میں سر کو جھکائے کیوں آئے — جو خون آپکے سر پر مرا سوار نہ تھا
وہ خود بخود مرے گھر بے بلائے کیوں آئے — مری طرح سے جو دل اُنکا بیقرار نہ تھا
میں کس اُمید پہ کرتا معاملہ دل کا — مجھے جب اُنکا اُنھیں میرا اعتبار نہ تھا

رضا میرزا نظیر حسین رضا، باشندہ عظیم آباد، میر حامد حسین عزت کے شاگرد ہیں کلام کا نمونہ ہے رضا

رہتا ہے اک زمانے سے گردش میں آسمان — جو یا یہ پیر چرخ ہے کس رفتگی کا
ہاتھوں سے دل سنبھال رہے ہو یہ حال ہے — دیکھا اثر غریب کی فریاد و آہ کا
بیچارہ گر کو ہے مذر مجھ زار سے — الامان اس عشق کے آزار سے
خاک کر ڈالا اُسے جس پر گری — الامان برق نگاہ یار سے

رضا

رضا نواب محمد رضا خان رضا خلف نواب حسین دوست خاں بہادر شہرت رئیس و جاگیر دار اول کنڈہ صوبہ مدراس نبیرہ نواب شمس الدولہ مبارز جنگ معروف بہ چندا صاحب والی ملک کرناٹک ۱۸۵۵ء سال ولادت ہے عمر پچاس سال کے قریب ہوگی حضرت سلامت علی دبیر سے تلمذ رہا ہے۔ مرثیہ، غزل، قصیدہ، رباعی، جملہ اصناف سخن میں دخل حاصل ہے چند شعر ملے وہ درج کئے جاتے ہیں۔

رباعی

دوست دشمن، عدو یگانہ ہوا — کس قدر منقلب زمانہ ہوا
ہم اسی بیوفا پہ مرتے ہیں — جس کا وعدہ کبھی وفا نہ ہوا
دنیا میں دبیر سخن آرا نہ رہا — اوج فلک نظم کا تارا نہ رہا
دنیا رہی باقی تو رضا ہم کو کیا — افسوس ہے استاد ہمارا نہ رہا

اب سنی سے بڑھی عمر چلی فصل شباب — بس ہو چکا پانی تراب باندھو اسباب
یہ شیخ و برہمن ہیں کیسے الٰہی — یہ کیا بت پرستی یہ کیا دینداری
بایں سجدہ و جبہ زنار و ناقوس — ہماں ذوق نفس و ہماں باد خواری
تجھے دیکھوں کیونکر ہے ضدین کا جمع — خفی تو ہیں مظاہر، تو نوری ہیں ناری

رضا

رضا منشی شیخ رضا حسین خلف شیخ مہدی علی نبیرہ شیخ مہدی علی عرف راجہ میاں متوطن لکھنؤ کتب درسیہ مولوی ہادی علی رشک وغیرہ اساتذہ سے پڑھیں، فن سخن میں حضرت آسیر مرحوم سے تلمذ رہا ۱۸۸۶ء میں حیدر آباد دکن میں وکالت کرتے تھے اور بتیس تینتیس برس کی عمر تھی یادگار ضیغم سے کلام منتخب ہو کر درج تذکرہ کیا گیا۔

رہی گرمی نہ باقی نام کو خورشید محشر میں — قیامت کی تری تھی میکشوں کے دامن تر میں
خیال عارض جاناں نہیں اس دیدۂ تر میں — حریر شعلہ کا پیوند ہے پانی کی چادر میں
عجب ہنگام میں میخانہ ہستی میں ہم آئے — نہ میخانہ میں ساقی ہے نہ مے باقی ہے ساغر میں
وفائے وعدۂ دیدار میں ہے خوف محرومی — کدھر ڈھونڈیں کدھر جائیں بڑا مجمع ہے محشر میں

رضا مرزا نظیر الدین گورگانی دہلی، صاحب عالم مرزا رحیم الدین حیا کے صاحبزادے ہیں جو شاہزادگان دہلی میں نامور اُستاد فن گذرے ہیں، اپنے والد کی وفات کیوقت سے سرکار رامپور کے وظیفہ خوار ہیں اور وہیں رہتے ہیں، ۴۰ برس کے قریب سن ہے شاعری کا شوق بھی ورثۂ آبائی ہے۔ کلام ملاحظہ ہو رضا

گلچیں کو تو غرض ہے پھولوں کے توڑنے سے — بلبل پہ یہ ستم ہیں یا باغباں پہ ہیں
وہ داستان فرقت سنکر یہ کہہ رہے ہیں — دن رات جھوٹے قصے تیری زبان پر ہیں

دشمنی کرنیکا پھل دشمن کو خود ملجائے گا — آنیوالا ایک دن اُسکے لیئے مشکل کا ہے
ہم کہیں تو کیا کہیں کوئی سُنے تو کیا سُنے — کچھ سمجھ ہی میں نہیں آتا جو مطلب دل کا ہے
کیا کہوں میں عشق میں جو ہے مصیبت جان پر — کیا بتاؤں میں جو بیتابی سے عالم دل کا ہے

رضا منشی علی رضا سیتاپوری شاگرد میر تجمل حسین محمد آبادی رضا

ایک بوسہ لب شیریں کا کوئی بات نہ تھی — گالیاں مفت میں دیں تمنے ترشرو ہوکر
وصل میں اُس مہ خوبی سے منوّر تھا جو گھر — اب برستی ہے اُداسی اُسی کاشانے سے
آپکے حسن نے کیا خوب درانداز کی — گُل ہے بلبل سے جدا شمع ہے پروانے سے

رضا سید علی رضا رامپوری۔ آجکل کے کہنے والوں میں ہیں، چند شعر ملاحظہ ہوں۔ رضا

اک آپکی بدولت سو صدمے جان پر ہیں — غم کے پہاڑ ٹوٹے مجھ ناتواں پر ہیں
میری وفا کے قصّے مشہور ہیں جہاں میں — تیری جفا کے چرچے سبکی زبان پر ہیں
وہ پیاری پیاری صورت ہر دم لبوں پہ ہے — وہ بھولی بھولی باتیں سبکی زبان پر ہیں

مجھے ڈر ہے شب فرقت میں کہیں مر گر دوں — تو نہ اُڑ جائے مرے نالۂ شبگیر کے ساتھ

رضا مولوی محمد رضا صدیقی شاگرد صمیم علی شاہ صاحب صمیم بلند شہری، آپ آلہ آباد کے باشندے اور خاندان صدیقیہ چشتیہ سے بیعت ہیں، موجودہ زمانہ کی طرز میں بھی کہتے ہیں اور عاشقانہ رنگ میں بھی علی گڈھ میں اکثر سکونت رہتی ہے بندش چست اور زبان صاف ہے رضا

اُڑتا ہے آسماں تک مرے دھواں ہمارا — پھونکے نہ ہمکو اک دن سوز فغاں ہمارا

حسرت نے راحتوں کی قوت مٹا کے چھوڑی — ہے مدعی جہاں میں ہر ناتواں ہمارا
شمع سحر کی صورت آخر ہے دور اپنا — بزم جہاں میں بگڑا گویا سماں ہمارا

یہ بہار افزا لہو کس خستۂ بسمل کا ہے — دامن گلزار دامن خنجر قاتل کا ہے
ہے یہ مرگ نامرادی یا کہ شادی مرگ ہے — سر ہے میرا اور زانو رحمدل قاتل کا ہے
یا الٰہی درد فرقت اک گھڑی بھر کو بجائے — بس یہی تو اک سہارا عاشق بیدل کا ہے
ای اجل آنیوالی تھی تو پہلے کیوں نہ آئی — اب تو جو احسان ہے وہ خنجر قاتل کا ہے

رضا — رضا محمد موسیٰ رضا باشندۂ چھپرا۔ آپ کو جناب فہیم گورکھپوری سے تلمذ ہے بارہ چودہ برس سے مشق سخن کرتے ہیں اور خاصہ کہہ بھی لیتے ہیں۔

خدا کے فضل میں مرجھائے ہوئے سے پھول ہیں گویا — ذرا دیکھو تو آئینہ میں رنگت اپنے گالوں کی
اثر جذب محبت میں الٰہی ہو تو اتنا ہو — کہ حالت آ کے خود پوچھیں وہ اپنے خستہ جانوں کی
تڑپکر جان دیتے ہیں مریض عشق فرقت میں — گھڑی بھر دیکھ جاؤ تم کہ صورت مرنیوالوں کی
خدا ہی کو مٹانا تھا ہمیں کی محبت میں — شکایت آسماں کی ہے نہ ہمکو انکی چالوں کی
دکھایا جلوۂ الفت نے پس مردن اثر اپنا — کہ تربت پر نظر آتی ہیں شکلیں خوش جمالوں کی

رضوان — رضوان۔ نواب محمد واجد علی خان صاحب بہادر رضوان ٹھکاری والہ، ولد نجابت علیخان بہادر خلف ارشد نواب سید محمد خان بہادر غضنفر جنگ بادن ہزاری فرمانروائے فرخ آباد بڑے خوش رو اور خوش کلام امیر تھے، اہل کمال کی نہایت قدردانی فرماتے تھے، علماء فضلاء غرباء و فقراء شعراء کی بہت خاطرداری کرتے تھے، نیکوکاری میں مصروف رہنا اپنا خاص شیوہ قرار دیا تھا، نثر و نظم اردو فارسی دونوں خوب لکھتے تھے، تحریر و تقریر کی طرز نرالی تھی، طبیعت بہت عالی پائی تھی۔ کلام معجز نظام منشی سید اسمٰعیل حسین میر کو دکھاتے تھے ۱۹۰۱ء میں انتقال فرمایا۔ میر مرحوم کو بھی انکے مرنے کا بہت قلق ہوا دو قطعات تاریخ انکے غم فراق میں انکے کلیات میں موجود ہیں، کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے۔

میری بغل سے وہ گلِ رعنا نکل گیا
دل پکڑے پھر رہا ہوں کلیجہ نکل گیا

کیوں ہو رہے ہو شرم کی گھٹڑی شبِ وصال
الگیا مسک گئی کہ دوپٹہ نکل گیا

ہم قتل ہو کے بھی نہ جدا ہونگے یار سے
بات اپنے سر کے ساتھ ہی سر تیغ زن کیساتھ

صندل میں رنگیں آپ کہ پھولوں میں بسائیں
بوئے عطرِ محبت کی دولائی نہیں دیتی

بے جان لیئے چھوڑ چکی شامِ جدائی
گھٹتی ہوئی یہ شام دکھائی نہیں دیتی

اے نیند کہاں رہتی ہے مجکو یہ بتادے
آنکھوں کو تری شکل دکھائی نہیں دیتی

رضوان

رضوان بخطورِ خوش فکر میرزا استشہاد علی بیگ رضوان کہین برادر مرزا قربان علی بیگ سالک حیدرآبادی مولد دہلی مسکن مرزا نوشہ غالب کے بڑے عزیز شاگرد تھے سبقاً سبقاً مرزا صاحب سے انھوں نے فارسی پڑھی بلکہ خود مرزا صاحب کا کلام ان سے پڑھا تھا۔ نواب احمد سعید خان طالب اور منشی بہاری لال مشتاق کے ہم صحبت و ہم مشق تھے شطرنج بہت کھیلتے تھے دو تین چھوٹے چھوٹے رسالے مثل "بساط فرنگستان" انکی تالیف سے یادگار ہیں بڑے ملنسار حلیم، خوش طبع، خلیق، خوش فکر نوجوان تھے، چندے الور میں وکیل اور ڈپٹی مجسٹریٹ رہے تھے ۱۲۹۳ھ میں انتقال کیا، ۴۰ برس کی عمر پائی، حضرت سالک کو انکی وفات سے سخت صدمہ پہنچا۔ مندرجۂ ذیل اشعار انکے نتائجِ فکر سے ہیں جن سے متانت اور پختہ کلامی کی شان ہویدا ہے، طبیعت وقت پسند پائی تھی اور نازک خیالی کی طرف میلان خاطر تھا۔ بلند پروازی اور رسائی فکر کی بدولت اپنے ہمسروں میں ممتاز تھے ؛

اپنی نظروں میں وہاں کی ہی تجلی کہ جہاں
شعلۂ طور کو بھی حکم ہے موسائی کا

کیا خاک کوئی پائے مزا اعتدال کا
اُنکا ہے ایک کمیل تقسیمِ خیال کا

نظارگی ہوں اُسکے رخِ پُر جلال کا
پروانۂ چراغ ہوں بزمِ خیال کا

اشیا میں پھیلکر بھی وہ حیرت فزا رہا
کیا پوچھنا ہے اُسکے فروغِ جمال کا

گھیرا ہے جس غبارِ الم نے جہان کو
وہ ایک ذرہ ہے مرے گردِ ملال کا

دُنیا کے اعتبار سے حاتم سخی سہی
ورنہ یہ سب ظہور ہے اُسکے نوال کا

گم کردگانِ راہ کو ہو نقشِ پا دلیل
ملجائے گر نشان ترے پائمال کا

آئینہ دار ذات ہے آئینہ صفات
ہے ذرہ ذرہ آئینہ اُسکے جمال کا

شیریں ہو کیا جواب ترا گو خلاف ہے
مُنہ بند کر دیا ہے مکدر سوال کا

دیتے ہیں بطلب مئے مقصد بقدرِ ظرف
شرمندہ اے کلیم ہوا کیوں سوال کا

پیتا ہوں بادہ اوک سے تا ٹوٹ پڑی رہے
کوثر پہ جامِ زر نہ پیالہ سفال کا

جب وعدۂ وصال کی میعاد ہی نہیں
کیجے حساب کس لیئے پھر ماہ و سال کا

آسودگانِ خاک نہ چونکیں اُٹھیں پھر کہیں
آہستہ ذکر چاہیئے اُس بُت کی چال کا

میری شبِ وصال قیامت نہیں اگر
کیوں منحصر ہے حشر پہ ہونا وصال کا

سُن لیتے ہیں عجب نہیں آ جائیں راہ پر
جمتا چلا ہے رنگ ہمارے مقال کا

صحرا ہے اور میں ہوں مرا سر ہے اور کوہ
کیا پوچھتے ہو حال مجھ آشفتہ حال کا

رضوان خدا کو مان یہ ظاہر پرستیاں
کمبخت کچھ بھی خوف ہے تجھکو مآل کا

وہ تو لئے ہیں دکھانے اثرِ قم مجکو
اور آتا ہے مسیحا پہ تبسم مجکو

غم سے بدلی ہو یہ صورت کہ نہ پہچانے کوئی
تیری اُلفت نے کیا دیر میں یوں گم مجکو

جسنے کھایا تھا وہ پاداش کو پہنچا یارب
کیوں لگھاتی ہو مرے خواہشِ گندم مجکو

حُسنِ اشیا کے تماشے میں ہوں محو وحدت
عین توحید ہوئی کثرتِ مردم مجکو

نظر آتی نہیں چپ بیٹھ کے بھی تجھے نجات
ابتو ناصح نہیں یارائے تکلم مجکو

پاؤں پھیلا کے جہاں سو رہوں واں نہ بچھے
دامنِ دشت ہے یا بسترِ قاقم مجکو

جب سماتا ہے تصور میں وہ پہلا نقشا
نظر آجائے ہو کعبہ میں متوتم مجکو

کیوں سنوں تیری کہ سُننے نہیں دیتا خمار
شیخ سمجھائے تو دے پہلے کوئی خم مجکو

ناتوانوں کے نصیبوں میں کہاں ہیں حسنات
لے اُڑی ساتھ مرے گردِ تیمم مجکو

کیا لطفِ زندگی دلِ غم مبتلا کے ساتھ
سیرِ جہاں کو کیے بھی تو کس بلا کے ساتھ

گر جاؤ گے نظر سے جو ٹوٹی وفا کی آس
جانے بھی دو کہ ضد نہیں اچھی وفا کے ساتھ

یا رب ستم کے بدلے وہ بُت بھی ملا تو کیا
ہو کوئی شب بھی عیش کی روزِ جزا کے ساتھ

آنے سے تیرے تا بہ ہمسایہ کو خبر
کرتے ہیں نالہ ہم تری آوازِ پا کے ساتھ

میں خوش ہُوں ضعف سے کہ رسائی کی ہے اُمید
شاید گذر ہو کوئے صنم میں ہوا کے ساتھ

کیا مقتدیِ مسیح کے ہوں دم ہی دم ہے وہاں
سب کا علاج فرض نہیں اک دوا کے ساتھ

ہو یہ گرہ نہ ناخنِ تدبیر سے بھی وا
وابستہ میرے کام ہیں بندِ قبا کے ساتھ

شرمِ ستمگری سے بن آتا نہیں اُنھیں
اندازِ لطف کا دلِ غم آشنا کے ساتھ

بیتابیاں نہ کیونکہ ہوں آئینہ دارِ راز
شوخیِ غضب ہے اُسکی نگاہِ حیا کے ساتھ

ہم پاسِ وضع سے رہے ناکام بیشتر
نازک دماغیاں بھی ہیں یاں التجا کے ساتھ

رہنے دو نزع میں کہ اُنھیں مرگ کی ہے آس
مر جاؤنگا مسیح، دمِ جانفزا کے ساتھ

ہم مر گئے خوشی میں وہ یاں آئے اِس طرح
یہ ظلم کس سے کہیئے کہ مارا وفا کے ساتھ

گو یادِ حق میں ہوں مگر آتی ہے جان سی
اب بھی بتانِ شوخ کی آوازِ پا کے ساتھ

رضواں وُہی ہُوا کہ جو کچھ تھا خیال میں
کیوں بحث کیجے داورِ روزِ جزا کے ساتھ

عشق کا نام دوسرا کیا ہے
مرضِ موت کے سوا کیا ہے

کہہ چکے آپ سُن چکے ہم پھر
کہتے ہو کہیئے ماجرا کیا ہے

لُٹ چکے مِٹ چکے پھرا گردوں
ہمپہ اور جور کر رہا کیا ہے

خود تماشا ہے خود تماشائی
کون جانے وہ خود نما کیا ہے

مَیں تو موسیٰ نہیں کہ ہوں محروم
جلوہ پردے میں اے خدا کیا ہے

آہ کو اپنی کیا کروں ضائع
چرخ کیا چرخ کی بنا کیا ہے

دِل لگا ایسے بھولے سے رضواں
جو سمجھتا نہیں ادا کیا ہے

حُسن حیرت نہیں تو پھر کیا ہے؟ اُسکی قدرت نہیں تو پھر کیا ہے
چشم جادو ہے اور بلا ہے نگاہ غمزہ آفت نہیں تو پھر کیا ہے
گر بہارِ ظہور حسنِ ظہور عین وحدت نہیں تو پھر کیا ہے
عشق بے جذبہ و کشش بیکار دل میں اُلفت نہیں تو پھر کیا ہے
نیز کرتا ہے دشنہ کو دمِ قتل یہ مروت نہیں تو پھر کیا ہے
کوئی اُس کوچے سے نہیں پھرتا ہاں وہ جنّت نہیں تو پھر کیا ہے
اُسکی رفتارِ فتنہ زا رضوان گر قیامت نہیں تو پھر کیا ہے

شہرِ دہلی کو اگر ہند کا دل کیجئے فرض حضرتِ قلعہ کو ٹھیرائیے جانِ دہلی
گر نہوں ہم تو ہو بازار میں گرمی کیونکر ہم ہی تھے جنسِ گراں ارزدکانِ دہلی
دستِ یغمائے فلک سے نرہا کچھ باقی ہاں مگر واسطے نالے کے زبانِ دہلی
ہے عدم کی تجھے منظور خدایا رونق کہ اُٹھایا اُنھیں جو لوگ تھے جانِ دہلی
انتہا گمشدگی کی ہے عدم ہو جانا ہے نہ پایا نہ عدم میں بھی نشانِ دہلی

رضوان

رضوان جناب ابوالمظفر مولا بخش صاحب باشندۂ آرہ شاگرد جناب آتش مرحوم شاگرد رشید نساخ مرحوم، جناب رضوان نے ابتدا میں کئی سال جناب مولوی حافظ عبدالحمید حمید سے اصلاح لی پھر آتش کے شاگرد ہوئے جس زمانہ میں حضرتِ داغ کلکتہ گئے ہیں آپ بھی اُن مشاعروں میں شریک ہوئے تھے پُرانے مشاق ہیں ۵۰ برس سے زیادہ عمر ہے یہ کلام ہے

شمع رویوں کو ہمارے دلکی گو پروانہ تھی دل ہمارا عشق میں اُسکے مگر پروانہ تھا
دیر سے رضواں کہو کعبہ کا کرتا عزم کیا کعبہ جسکو کہتے ہیں وہ بھی تو اک تجمانہ تھا
ملا دیا جو اسے خاک و خوں میں خوب کیا یہی سزا تھی دلِ بیقرار کے قابل
شبِ وصال ہو کیا پیشکش کروں اُسکی کہ جانِ زار نہیں نذر یار کے قابل

کیوں جاں دے کسی کے لیے کوئی کیوں مرے دنیا میں جب سبیکا کوئی آشنا نہیں

ہمصفیرو افصلِ گل فرقت میں خوش آتی نہیں
زمزمہ سنجی عنادل کی مجھے بھاتی نہیں

یہ سوالِ وصل کا اُسنے دیا مجکو جواب
یاد رکھو مجکو ایسی دل لگی بھاتی نہیں

تھی شبِ وصلت وہ جس میں صبح تک سوئے نہ تھے
ہے شبِ فرقت یہ جس میں موت تک آتی نہیں

نامہ بر دیتا نہیں کیوں مجکو پیغامِ قضا
وہ نہیں آتے نہ آئیں موت کیوں آتی نہیں

خونِ شہید ناز بھی لو رائگاں گیا
مقتل سے وہ چلے گئے دامن سنبھال کے

تسکیں دہی کے حیلے سے سینہ پہ رکھکے ہاتھ
باتوں میں لے گیا وہ مرا دل نکال کے

کیوں نہ دل عاشق کا صرف نالۂ پیہم رہے
غیر جب دن رات اُسکا مونس و ہمدم رہے

راہ لے اپنی تجھے کیا کام ہمسے اے خضر
غم تجھے کیا دُور منزل سے ہے تو ہم رہے

جناب شیخ بھی چُپکے سے پی لیں
وہ مہ پیکر اگر دے جام بھر کے

مٹا دونگا نشاں تک سنگِ در کے
اُٹھونگا اب تو تیرے در سے مر کے

نہ نکلی ہیں نہ نکلیں گی کبھی دل سے کسی عنواں
تمنّائیں، مُرادیں، آرزوئیں، حسرتیں دلکی

رہیں وہ میری آنکھوں میں یہی ہے حسرتِ آنکھوں کو
وہ ہوں رونق فزا دل میں یہی ہے آرزو دلکی

نرالے ڈھنگ ہیں دنیا سے اُس شوخِ ستمگر کے
پشیماں جور سے کیا ہو وہ نازاں ہے ستم کر کے

تڑپتے ہیں گلی میں بیوفا کی سینکڑوں زخمی
چھری کے، تیر کے، تلوار کے، برچھی کے، خنجر کے

کہا کیوں سنگدل نے شب وصلت پشیماں ہوں
نہیں کچھ بولتے مُنہ سے بنے بیٹھے ہیں پتھر کے

بھرے سو جام خالی کر چکے اغیار اے ساقی
رہے ہم منتظر محفل میں تیرے ایک ساغر کے

نہیں کہتے ہوئے بدنام ہم خود مار کر اُنکو
یہ کہتے ہیں یہیں رُسوا کیا عشاق نے مر کے

پھریں آوارہ ہم برسوں رہے وہ برم دشمن میں
یہ گردش ہے ستارونکی کہ شعشے ہیں مقدر کے

وہ آتے ہیں مگر یہ یاد رکھنا حضرتِ رضوان
ہماری ہی شکایت وہ کرینگے دیکھنا ہم سے

میں ہوں وہ کشتۂ سوزِ فراقِ شعلہ رخاں
زمین جل گئی تربت بنی جہاں میری

نہ وہ شباب نہ وہ دل نہ جوششِ مستی
وہ پیشتر کی اُمنگیں گئیں کہاں میری

رہا حشر میں بھی وہ محشر خرام | قیامت سے بھی چوٹ چلتی رہی

رضوان

رضوان - عالیجناب نواب رضوان علیخان صاحب رئیس اعظم مراد آباد عرف محمود اختر آپ عضد الدولہ نواب محمد عظمت اللہ خان ولیر جنگ ناظم صوبہ روہیلکھنڈ زماں شاہی کے خاندان سے ہیں، عربی فارسی کی تعلیم رئیس زادوں کی طرح گھر پر ہوئی اور آپکو فی الجملہ علوم متداولہ میں مہارت تام حاصل ہے، نعتیہ کلام کہنے کا عرصہ سے شوق ہے اور عاشقانہ شعا کی طرف توجہ کم ہے، اس صنف خاص میں آپکا کلام قابل ستایش ہے، اور حضرت امیر نواب فصیح الملک مرزا داغ اور حضرت جلال و محسن جیسے استادان مسلم الثبوت نے آپکی مشاقی اور خوش فکری کی داد دی ہے۔ آپ کا بیان ہے کہ مرزا غالب مرحوم سے زمان قیام رامپور میں آپکو نسبت تلمذ حاصل ہوئی تھی، نہایت پُرگو اور مشاق سخنور ہیں اور اس صنف شعر گوئی میں صدہا بامذاق شاعر آپ سے فیضیاب ہیں، پچاس ساٹھ جزو کے دو دیوان اور متعدد مختلف نظمیں آپکی تصنیف سے موجود ہیں جب حج کو گئے تو قصیدہ کے صلہ میں حاکم مکہ خالد پاشا نے آپ کو حسان الہند کا خطاب دیا تھا۔ آپکی عمر ۶۶ سال کی ہے آپکا کلیات موسوم بہ "تصویر خوبی" چھپ گیا ہے، بہار احمد آبادی آپکے تلامذہ میں نامور ہیں ٭

شب کو یاد آتا ہے جب وہ مہ انور اپنا | چاندنی میں میں بچھا لیتا ہوں بستر اپنا
لیگیا کون اسے آئینہ سمجھکر اپنا | آج پہلو میں نہیں ہے دل مضطر اپنا
حسرت دید میں ہم پھرتے ہیں آنکھوں کیطرح | دو نگاہوں کا الٹ پھیر ہے چکر اپنا

اگر ہو جائے شیوہ ترک لذات جہاں تیرا | نہ چھوڑے زندگی بھر ساتھ عیش جاوداں تیرا

آپ بوسے دیئے گئے ہوتے | ایک دن سب حساب ہو جاتا
شمع پروانہ بن کے اڑ جاتی | تو اگر بے نقاب ہو جاتا

زلف کو میں نے چھوا ہو تو مجھے سانپ ڈسیں | خود بخود تم ہوئے جاتے ہو مرے سر کیونکر
انکی تصویر سے بھی میری تسلی نہ ہوئی | اب میں بہلاؤں تجھے اے دل مضطر کیونکر

جائے بل ابروئے پُرخم سے نکلکر کیونکر
تیغ سے ہوگا جُدا تیغ کا جوہر کیونکر

خواب میں دیکھتا ہوں چاند سے رخسار کا رنگ
خوب چمکا ہے مرے طالع بیدار کا رنگ

آنکھ سے چہرہ سے باتوں سے عیاں ہوتا ہے
چُھپ نہیں سکتا ہے ساقی کبھی میخوار کا رنگ

بیگناہوں کے لہو میں جو نہا کر نکلی
کسقدر شوخ ہے قاتل تری تلوار کا رنگ

ہجر جاناں میں نہیں پہلا سا رنگ رضوان
اب گلابی ہے مرے دیدۂ خونبار کا رنگ

دل ہے یا کوئی مرقع ہے پریزادوں کا
سینکڑوں بتسے مرے دل میں جسمیں بستے ہیں

ہو کوئی بات تو کچھ اُس کا تدارک کیجے
خود بخود وہ تو عبث چین سے جبیں رہتے ہیں

کب داغ یہ دل پر شب ہجراں میں لگے ہیں
نایاب کنول انجمن جاں میں لگے ہیں

کب داغ محبت دل حیراں میں لگے ہیں
آئینے جلوخانۂ جاناں میں لگے ہیں

مسند نشیں ہیں آگے مرے بوریا نشیں
کیا سربلندیاں ہیں مرے انکسار میں

آنسو ٹپک کے آنکھ سے افسوس تھم گئے
ابر بہار کھل کے نہ برسا بہار میں

جا کے بیٹھا نہ کرا بت تو مسلمانوں میں
تیری الفت خلل انداز ہے ایمانوں میں

ساقیا جلد پلا مے کہ بڑی دیر سے مست
ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں میخانوں میں

عید کا دن ہے گلے ملکے چھری پھیر ہی دو
جوش تکبیر شہادت کا ہے قربانوں میں

سبزۂ خط میں ہے اُنکے لب لعلیں کی نمود
پھول لالہ کا کھلا ہے یہ ہرے دانوں میں

پردہ اُٹھتا ہے کسی رخ نورانی سے
برق چمکے تو سہی شمس و قمر دیکھیں تو

ہیں مستحق رحمت حق اہل معصیت
ہر بے گنہ سے کہدو گنہگار بھی تو ہو

زلفیں ہٹیں تو وہ رخ تاباں نظر پڑے
ان بادلوں سے چاند نمودار بھی تو ہو

وہ معنی ہوں کہ مضمون فنا ہے زندگی میری
وہ مطلب ہوں کہ ہستی سے ہی بہتر ہستی میری

ابھی فرش زمیں پر تھا ابھی عرش بریں پر ہوں
کہاں سے لے اُڑی مجکو کہاں تک بیخودی میری

دہن ہے چاہ بابل ہے دو لب رسی زلف پیچاں ہے
جو پانی کھینچ سکے تو کھینچ لے تشنہ لبی میری

تحریرِ داغ کہتی ہے جادو بیاں مجھے
خط میں لکھا امیر نے ہے نکتہ داں مجھے

دانہ ہوں وہ نہ پہنچے گا کچھ بھی زیاں مجھے
چکّی بھی بن کے پیسیں جو ہفت آسماں مجھے

سب مے لٹا دوں ساقیٔ کوثر کے نام پر
ساقی بنائے اپنا جو پیرِ مغاں مجھے

سب بہاریں باغ کی دم میں فنا ہو جائینگی
جب ہوا باندھیں گی آہیں بلبلِ ناشاد کی

ایکدن بھی تجھکو رحم آیا نہ اے صیّادِ حیف
گو اسیرانِ قفس نے مدّتوں فریاد کی

تکلیف روا رکھ نہ پرِ کاہ کسیکی
ہاں تنکے نہ چنوائے کہیں آہ کسیکی

پلکیں جو نظر پڑ گئیں ناگاہ کسیکی
برماتی ہوئی دل کو چلی آہ کسیکی

نوکر بھی مجھے رکھکے نہ بوسے دیئے تنے
ہے بند کئی ماہ سے تنخواہ کسیکی

عشاق کو اتنا نہ ستا اے بُتِ ظالم
فریاد نہ سُن لے کہیں اللہ کسیکی

کھل گیا زخمِ جگر پھر کھل گیا
بخیہ گر بخیہ یہ بخیہ چاہیئے

بوتلِ مے مضمُوں کی جسوقت بھری نکلی
مستانِ معانی میں غُل تھا کہ پری نکلی

جب خنجرِ غم کھا کر آہِ سحری نکلی
زخموں میں لدی نکلی داغوں میں بھری نکلی

پروانوں نے جب چھیڑا اُس رُخ پہ فدا ہوکر
روتی ہوئی محفل سے شمعِ سحری نکلی

جنت میں جو گانے کو رضواں کی غزل لائیں
غلماں میں پڑا یہ غل حوروں میں پری نکلی

رضی سیف الدولہ سیّد رضی خان بہادر صلابت جنگ امیر دربار اکبر شاہ ثانی۔ ذوق مرحوم کے والد انکی سرکار میں ملازم تھے، سرکار کمپنی بہادر کی طرف سے دربار شاہی میں وکیل تھے اور ایکہزار روپیہ ماہوار مشاہرہ پاتے تھے ۱۲۵۰ھ میں انتقال کیا۔ شعر و سخن سے بھی مانوس تھے یہ اُنکا کلام ہے۔

مرے قتل کرنے میں وہ خائف ہیں
میرا کام ہوگا ترا نام ہوگا

سوئے پلنگ پر وہاں وہ تو خوشی کی دُھن میں
یاں ہمنے رات کاٹی ساری دھیرج سُن میں

بِن عشق آدمی کی ذرا شان ہی نہیں
جسکو نہو وے عشق وہ انسان ہی نہیں

دیکھ ٹک شمع کو عاشق کے ستانیوالے | اِس طرح جلتے ہیں اَوروں کو جلانیوالے
رضی سے صنم کیوں بُرا مانتا ہے | یہ تیرا ہے بندہ خدا جانتا ہے

رضی

رضی - قاضی محمد حسین رضی مرحوم باشندہ نارنول علاقہ ریاستِ پٹیالہ، آپ نظامت شیخاوالی ڈیجے پُور کے قصبہ سنگھانہ میں شعبان ۱۲۵۸ھ میں پیدا ہوئے اور ایام شباب میں مولانا سلیم الدین صاحب سلیم نارنولی سے جو بڑے مشہور شاعر اور ادیب گذرے ہیں اصلاح لینی شروع کی، اُنکے انتقال کے بعد کچھ روز اُنکے بھائی مولوی سُلطان الدین مُبین سے بھی مشورہ لیتے رہے محرم ۱۳۲۴ھ میں ۶۲ برس کی عمر پاکر انتقال کیا، کامل بیالیس برس ریاستِ جیپور میں مختلف خدمات پر مامور رہے آخر عمر میں محکمہ اپیل میں اہلمد خزانہ تھے، بہت پُرگو اور زود فکر شاعر تھے۔ دو تین گھنٹہ مشق سخن التزام کے ساتھ مدۃ العمر کرتے رہے، نعت اور سلام کہنے کا آخر عمر میں زیادہ شوق ہو گیا تھا۔ ایک عاشقانہ اور نعتیہ دیوان اور ایک مجموعۂ سلام اور چند مثنویاں انکے بیٹے قاضی ممتاز حسین مدرس جیپور چاندپول سکول کے پاس اُنکی تالیف سے موجود ہیں، مولانا حسرت موہانی نے ایک انتخابِ سلام ہمارا بھی حال میں بطور ضمیمہ اُردوئے معلی شائع کر دیا ہے اُس میں سے بھی چند شعر درج کئے جاتے ہیں، انکی شیریں زبانی اور خوش کلامی اور چستی ترکیب و بندش ہر شعر سے ظاہر ہے ؎ عاشقانہ اور نعتیہ دونوں طرح کا کلام مُلاحظہ ہو۔

از سلام

نہ سمجھی کوفیوں نے ہائے کچھ تقریرِ اُس شہ کی | جو تفسیر و مفسّر تھا کتابِ آسمانی کا
کیا ہے بند کیوں آلِ عبا پر آب و دانہ کو | یہ کیا برتاؤ ہے اے میزبانو میزبانی کا
اب اُس جد کے ہوں مختار و مالک حوضِ کوثر کے | ملے اُسکو نہ مرتے دم تلک اک قطرہ پانی کا
زہرا کا دل دُکھے کہ رسالت مآب کا | زندہ رہے مگر نہ پسر بوتراب کا
بکھرے ہوئے ہیں کل بنی رسالت کے سب کے گھر | کیوں دشتِ زرنب نہ بیابان کربلا
آباد یہ ہوا ہے اُجڑ کر نبی کا گھر | اللہ رے نصیبِ بیابانِ کربلا

گردوں کو رشک ہے تو بجا ہے عجب نہیں
پُر ہے نجوم عرش سے دامانِ کربلا

سینچا ہے باغباں نے شہیدوں کے خون سے
اللہ رے بہارِ گلستانِ کربلا

مٹ گیا جب ہر جوان آلِ احمد کا نشاں
تب ہوا روشن رضی نام و نشانِ کربلا

عاشقانہ

میں ہوں آشفتہ یہاں میری زباں سے نہ سنیں
زلف سے پوچھ لیں حال اپنے پریشانوں کا

جس طرح فرض ہے مومن پہ طوافِ کعبہ
یوں ہی عشاق پہ ہے طوف صنم خانوں کا

اک جگہ کا نہیں پایا جو ٹھکانہ ڈھونڈے سے ملے
تیرا وحشی تو بگولہ ہے بیابانوں کا

صبحدم کچھ بھی نہ تھا بزم میں جز شمع خموش
ہاں مگر ڈھیر تھا ایک سوختہ پروانوں کا

حسرت سے کی نظر سوئے گردوں امام نے
اصغر کو گود میں ہر طرف تیر دیکھ کر

بتوں سے تو اک حرم و دیر خدا کو
عجم سے لے لیا ہندوستاں تک

شبِ غم بھی وہ ذکر چھیڑو
سحر ہو جائے ختم داستاں تک

میں اُنکے ساتھ ہوں ہمرنگ سایہ
وہ مجھ سے دور بھاگیں گے کہاں تک

سلام

شہ پڑھتے تھے رجز کہ امام زماں ہیں ہم
مقبول بارگاہ خدائے جہاں ہیں ہم

ایمان و کفر کا ہے یہ ہم تم میں تفرقہ
ایذا رساں جو تم ہو تو راحت رساں ہیں ہم

تم سر بسر ہو آتش دوزخ کے سوختہ
صحن ریاض خلد کے سرو رواں ہیں ہم

شبیر صبر و شکر میں یکتا ہیں فرد ہیں
حضرت کا ایک دل ہے مگر لاکھ در دہیں

شوکت تھا فوج عدو میں جاں نثار ان حسین
تیر سے ڈرتے نہیں آب دم شمشیر ہیں

شبیر اور بیعت فاسق غلط غلط
ممکن نہیں کہ نور سما جائے نار میں

مجبور ہوں مشیت پروردگار سے
دونوں جہاں ہیں ورنہ مرے اختیار میں

رضی رخصت نہ تھی اہل حرم کو آہ و زاری کی
جو روتیں بھی تو روئیں ہچکیاں آہستہ آہستہ

ہوا جب قتل سب لشکر تو شہ کو جانب مقتل
اجل لیکر چلی دامن کشاں آہستہ آہستہ

حریصِ حکومت نہیں ابن حیدر
حسن کر چکے ترک جب حکمرانی

سلام اُس پہ جو سبطِ مصطفےٰ ہے ابنِ حیدر ہے
شکیب جانِ زہرا قوتِ بازوئے شبّر ہے

کہیں نیزوں کے پھل ہیں اور کہیں آبدار خنجر
اِسی کا نام کیا مہمانیٔ آلِ پیمبر ہے

مسلماں سنتے ہیں آلِ نبی کو
یہ حقِ رسالت ادا ہو رہا ہے

یہ کیا سرِ قدرت ہے باوصفِ طاقت
امام آج بیدست و پا ہو رہا ہے

فلک ٹوٹ پڑتا نہیں کیوں زمیں پر
سرِ شاہِ تن سے جُدا ہو رہا ہے

اے مُجرئی شمشیر سے بڑھکر کوئی کیا دے
ممکن نہیں انسان بھرے گھر کو لٹا دے

ٹھانی تھی کہ بے نہر کو اعدا سے سوا لی
اللہ رے عباسِ دلاور کے ارادے

اب کوئی دم میں فراقِ جسم و جاں ہونیکو ہے
شاہ کا حق سے وصالِ جاوداں ہونیکو ہے

دفن ہونیکو ہیں قتلِ ہل ستائے عرش کے
اب زمینِ کربلا بھی آسماں ہونیکو ہے

خشک ہو جائے فراتِ کوفہ کیا بہتا ہے تو
تشنہ کے سوکھے حلق پر خنجر رواں ہونیکو ہے

رُخِ زیبا تِرا دلکش قدِ رعنا تیرا دلجو عاشقانہ
بایں خوبی تری نا آشنایانہ ادا کیوں ہے

بے گناہی نے ہماری بھی وہ بدلے تیور
ایک تلوار بھی قاتل سے لگائی نہ گئی

آنکے آنے کی دمِ نزع مرے یار سے
کوئی جھوٹی سی خبر بھی تو اڑائی نہ گئی

بن گیا میرے مقدر سے رگِ گل ہر خار
دشت میں بھی خلشِ آبلہ پائی نہ گئی

وہ بات کہہ رہے ہو کہ جس کا نہ سر نہ پاؤں
کسی زبان شکوہ طرازِ جفا ہوئی

تدبیر چارہ گر نہ ہوئی کوئی کارگر
آخر مریضِ عشق کو مرکر شفا ہوئی

ایکدن بھی تو نہ نکلی حسرتِ عیشِ نشاط
رفتہ رفتہ صرفِ غم ساری جوانی ہوگئی

اب تو خوش ہو جل مجھے دل اور جگر دونوں مرے
لے ترے مطلب کی اے سوزِ نہانی ہوگئی

چارہ سازانِ اجل اب نہیں خواہش کوئی
جسے اُمید شفائے دلِ بیمار گئی

کیا بُرا ہے اثرِ مشقِ تغافل دیکھا
آپ بدنام ہوئے جانِ طلبگار گئی

سہتا ہوں اِس غرض سے ستم ہائے ناروا
اُس بیوفا کے گھر میں بنا ہو گھر مجھے

دلمیں مرے ہے کہ جگر میں کہیں رہے
جاں سے عزیز تر ہے وہ تیر نظر مجھے

جز شوق کسکو ساتھ رکھوں راہِ عشق میں
ایسا کہاں ملیگا کوئی ہمسفر مجھے

یکسکی چشمِ مست کی گردش کا ہے اثر
تقویٰ پرست میکش و مینوش ہو گئے

ناطاقتی میں بارِ گراں تھا ہمیں سو ہم
سر تا بدر یار کر کے سُبکدوش ہو گئے

قیامت اوّلِ شامِ بلا ہے
شبِ غم کی سحر لاؤں کہاں سے

نہیں چھپتا چھپائے رنگِ وحشت
ٹپک جاتا ہے اندازِ بیاں سے

رضی سید غلام شبیر صاحب الہ آبادی منصرم توشہ خانہ رامپور (۱۸۸۰ء) شاگرد رشید جناب شیخ مہدی علیخان ذکی مرحوم، بقول گلکدۂ ریاض مراد آباد وطن تھا، انکی ایک غزل جو درج ذیل ہے بہت مشہور ہے اور اکثر جگہ گائی بھی جاتی ہے اپنی خوش فکری اور شیرین کلامی کی بدولت ہمعصروں میں ممتاز تھے، اب غالباً خانہ نشین ہیں۔ رضی

شور پیدا کیا خموشی نے
ضبط بھی اختیار کا نہ رہا

کٹ گئی ہائے رات باتوں میں
وقت اظہارِ مدعا نہ رہا

جب خدنگِ نازِ ہی دلمیں نہ میرے رہ سکا
تیغ کیا ٹھیرے گی مجھ سینہ سپر کے سامنے

اے نگارِ شوق آخر کب تلک یہ حسرتیں
لا گلِ حسنِ صنم دامن میں بھر کے سامنے

یاد ہیں یارانِ ہم مشرب کی آنسو گر پڑے
ساقیٔ گلرو جو لایا جام بھر کے سامنے

مزے کے دن ہیں مُرلیوں پہ ہیں وہ آ ہوئے
اُڑائے پھرتا ہے جوبن پری بنائے ہوئے

جو پاس بھی مرے بیٹھے تو کسمسائے ہوئے
بدن چرائے ہوئے اور کچھ چھپائے ہوئے

کسی کا ہائے وہ راتوں کو چھپکے یوں آنا
چھڑے چڑھائے ہوئے پائنچے اٹھائے ہوئے

نگاہِ ناز سے بیساختہ نہ دیکھا کر
انھیں اداؤں کے ظالم ہیں ہم ستائے ہوئے

ہیں ایک ہم کہ ترستے ہیں اُنکی صورت کو
ہیں ایک وہ کہ گلے بھی انھیں لگائے ہوئے

رضی شباب جو کھویا گیا ہے پیری میں
ہم اسکو ڈھونڈتے پھرتے ہیں سر جھکائے ہوئے

رضی ڈاکٹر زیرک حسین باشندۂ امروہہ خلف و شاگرد ناطق الملک مؤمن حسین صفی کئی سال ہوئے بھٹنڈہ میں افسر شفاخانہ تھے انکے والد جناب صفی بڑے مشاق اور زود فکر شاعر تھے اوائل عمر میں اکثر آگرہ میں قیام رہا۔ ذہین اور طبیعت دار شخص ہیں کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو رضی

عشق کسکو آیا کون جلا کوہ طور سے — موسیٰ کہو تو کچھ سر کہسار کیا ہوا
دولت جو ہاتھ آئے تو دل بھی کھلا رہے — مٹھی رہی جو بند تو زردار کیا ہوا
واعظ خدا کو بھی تو ہیں بھولا ہوا نہیں — بت یاد ہیں اگر تو گنہگار کیا ہوا
یوسف کو میرے لئے نہ لیا دیکھے نقد دل — آئے جو غیر بن کے خریدار کیا ہوا
اسی لئے مری شمع حیات گل کی تھی — کبھی چراغ بھی روشن مزار پر نہ کیا
صفیں الٹ گئیں گردش سے چشم ساقی کی — نگاہ مست نے کس کس کو بے خبر نہ کیا
جسنے تلوا بھی ترا لے مہ تاباں دیکھا — چاہ سے پھر نہ رخ یوسف کنعاں دیکھا
فتنہ بیدار ہوا کیجئے موقوف خرام — آپ کی چال نہیں حشر کا ساماں دیکھا
کہتے ہیں خیر ہو یارب مرے سودائی کی — خواب میں گیسوئے شبگوں کو پریشاں دیکھا
بیخودی شرط ہے جب تو انہیں پائے کوئی — آپ آئیں وہ اگر آپ سے جائے کوئی
توبہ کرلی ہے تو کیا توڑ نہیں سکتے ہم — اب بھی پی جائیں خوشی سے جو پلائے کوئی
دیتی ہے عاشق و معشوق کی رنجش بھی مزا — کوئی روٹھا ہوا بیٹھا ہو منائے کوئی
اپنے دل پر وہ ذرا ہاتھ تو رکھکر دیکھے — اے رضی دل جو دکھاتا ہے پرائے کوئی

یہ جور باغباں دیکھو کہ جس پر آشیانہ تھا — وہی ڈالی مرا دل توڑنیکو توڑ ڈالی ہے

رضی سید رضی حیدر رضی۔ دور موجودہ کے کہنے والے ہیں ایک غزل کے چند شعر رسالۂ مخزن سے درج کیئے جاتے ہیں۔ رضی

زیبا ہے رخ یار پہ دامن حجاب کا — گویا ہے آفتاب پہ دامن سحاب کا
مستانہ چشم جوش جوانی دکھا گئی — نشہ چھپا نہ باوہ حسن شباب کا

رہنے نہ دینگی شوخیاں اُنکی نگاہ کی — آنکھوں میں اب گذر نہیں ممکن حجاب کا
حیراں ہوں مجھ سے کیوں وہ خفا ہوگئے رضی — غصّہ کی کوئی وجہ نہ باعث عتاب کا

رعایت

رعایت ۔ سیّد رعایت علی رعایت لکھنوی خلف امانت علی امانت لکھنوی و برادر حضرت فصاحت لکھنوی، عرصہ ہوا انتقال کر گئے ۔

باندھی ہے کیا ہمارے دلِ سرد نے ہوا — گردوں پہ دل فرشتوں کے لہرائے جاتے ہیں
بوسہ ہنوز مُصحفِ رُخ کا نہیں لیا — قرآن کی وہ جھوٹی قسم کھائے جاتے ہیں
بنتی ہیں بیڑیاں ترے دیوانے کے لیے — حدّاد ڈھونڈ ڈھونڈ کے بلوائے جاتے ہیں
یارب کمرتوں کی بچانا دمِ خرام — ہر ہر قدم پہ ناز سے بل کھائے جاتے ہیں

رعب

رعب ۔ شیخ حکیم محمد حنیف علی رعب قریشی انصاری باشندۂ شاہ آباد آپکی کنیت ابوالصواب ہے حضرت جلال لکھنوی مرحوم سے فیضِ سخن پہنچا ہے، چند غزلوں کا انتخاب درج تذکرہ کیا جاتا ہے جس سے معلوم ہوگا کہ ہر طرح کے مضامین نظم کرنے میں فی الجملہ مہارت ہے ۔

حل ہو اصبح قیامت سے یہ عقدہ ورنہ — اسکو باور تھا شبِ غم کا سحر ہو جانا
جگر کے کہ ترے کوچہ میں گذریں ہر روز — یاد ہمکو تو ہے اکدن وہ گذر ہو جانا
سُنتے ہیں کعبہ کی تعریف تو یاد آتا ہے — وہ صنم خانہ سے اللہ کا گھر ہو جانا
کسکے جلوے کا ہوں یارب محوِ دید — کس کا آئینہ ہے حیرانی مری
جو دل لگاتے ہیں دیتے ہیں جان آخر کار — اِس ابتدا کی یہی انتہا نکلتی ہے
یہ کہہ رہی ہے تری چشمِ شوخ خلوت میں — کہ آبرو ہی ہے شوخی حیا نکلتی ہے
نشاں اثر کا سرِ عرش تک نہیں چلتا — جو ڈھونڈنے کو ہماری دعا نکلتی ہے
وہ ٹل بھی جائے یہ جاتی ہے جان ہی لیکر — قضا سے بڑھکے کسی کی ادا نکلتی ہے
جزو جزو تن مونہ اضطرابِ دل کا ہے — شوق میرا عملہ گویا لبِ قاتل کا ہے
ایذا ایذا سے ہی کیا کیا خجل ہے اسل دب — لیجئے قاتل کو شکوہ شوخیٔ بسمل کا ہے

شوخیاں بیتاب ہیں اک جلوۂ مستور کی	ٹوٹنا بہتر طلسمِ ہستیٔ باطل کا ہے
خلش نے اُسکی ربط اِتنا بڑھایا اے تغافل جو	کہ دلکو عشق ہے اب تجھ سے بڑھکر تیرے پیکاں سے
سخنور سیکھ لیں اوبت سخن گوئی سخندانی	تری چشمِ سخنگو سے مری طبعِ سخنداں سے
ترا اقرار بھی رکھتا ہو اک انکار کا پہلو	نہیں سے ہے جو کچھ مطلب وہی مقصود ہے ہاں سے
نمازِ عیدِ قربان۔ رُخ بسوئے کعبۂ ابرو	وضوئے طفلِ دل کر پہلے آبِ چشمِ گریاں سے
سوالِ بوسہ لے رعب اور وہ بھی یوں سرِ محفل	نکلوائیگی اک دن ناصبوری بزمِ جاناں سے

رعب منشی محمد علیخان خلف قلندر بخش خان مرحوم ساکن حیدرآباد دکن، آپ کو میرزا ضیا دہلوی گورگانی سے تلمذ حاصل ہے۔ یہ کلام کا نمونہ ہے۔ رعب

مستحقِ رحمتِ حق کا تو نہیں اے زاہد	ایک دھبہ بھی تو مے کا ترے دامن میں نہیں
حسرتیں خواب ہوئیں ہوگئے ارمان خیال	آس کیا یاس بھی اب تو دلِ ویراں میں نہیں
حور و غلماں میں ہیں جو وصف وہ سب تجھ میں ہیں	تجھ میں جو بات ہے وہ حور میں غلماں میں نہیں
میری وحشت کے لیئے چاہیئے وسعت ایسی	کہیں دنیا میں نہیں حشر کے میداں میں نہیں

رعد منشی محمد عابد علی بلگرامی مدرس دوم مدرسۂ حیدرگڈھا وہ ۱۸۷۴ء منشی غلام حسین قدر بلگرامی کے تلامذہ میں سے تھے۔ رعد

جس کا دل چاہیں پھنسالیں وہ انھیں فن ہی یاد	جانتے سارے زمانے کے ہیں منتر گیسو
جو یہی حال رہا اِنکے اُلجھے پن کا	دل کو لیجائیں گے یہ صاف اُڑا کر گیسو
روز و شب ایک جگہ جنے نہ دیکھے ہوں کہیں	دیکھ لے جاکے وہ اب رُخ کے برابر گیسو
صحبتِ یار میں تعظیم و ادب سیکھ گئے	سر سے کھلتے ہیں تو گرتے ہیں قدم پر گیسو

رعد منشی حب لال صاحب نام، رعد تخلص، قوم سے کایستھ سریواستو یہ ہیں اصل وطن تو موضع ہنڈیا ضلع الہ آباد ہے مگر چونکہ آپکے والد منشی گنیش پرشاد زمیندار نے انکو صرف چار برس کا چھوڑکر انتقال کیا اِس لیئے منشی مادھو پرشاد انکے چچا اور رائے بہادر منشی انندی پرشاد رعد

ممبر کونسل گوالیار نے جو پھوپا تھے انھیں اپنے کنار شفقت میں لیا اور پرورش و تربیت کرتے رہے اس لیے تعلیم کا زمانہ زیادہ تر فتح پور سیوہ میں گذرا ۱۸۹۸ء میں امتحان وکالت پاس کر کے بھنڈ میں وکالت شروع کی۔ اب تقریباً ۳۷ برس کی عمر ہے اور ریاست گوالیار کی طرف سے خاص بھنڈ میں ۱۹۰۸ء سے آنریری مجسٹریٹ ہیں۔ ضروری تعلیم سے فارغ ہیں شعر و سخن کا مذاق سلیم ہے، طبیعت میں جدت پسندی اور بندش شعر میں صفائی ہے اگرچہ کثرت مشاغل زیادہ گوئی کے مانع ہیں مگر جو کچھ کہتے ہیں بہت سلجھا اور عیوب سے پاک ہوتا ہے، اگر حضرت داغ کی زندگی وفا کرتی تو بلاشک انھیں ترقی کے وسائل زیادہ میسر ہوتے تاہم انکی صفائی زبان، مہارت روزمرہ، اور رسائی فکر، نفاست و چستی بندش قابل ستایش ہیں ۱۹۰۳ء میں حضرت داغ سے تلمذ اختیار کیا۔ انکے انتقال کے بعد منشی حیات بخش رسا سے مشورہ کرنا شروع کیا، دیوان تقریباً بایں وقت مکمل زیر ترتیب ہے۔ انتخاب کلام نذر ناظرین ہے۔

مزہ تھا زندگی کا گر مسرت سے جئے ہوتے
یہ کیا جینا ہے مر مر کے جئے جب نیمجاں ہو کر

مژہ نے اور نگاہ ناز نے دل پر ستم ڈھایا
وہ خنجر بنکے چلتی ہیں وہ چھبتی ہیں سناں ہو کر

بلا کی دلفریبی ہے نگاہ نازمیں انکی
اشارہ پاتے ہی دل چل دیا کیا شادماں ہو کر

یہ کیا معلوم تھا حسرت نہ نکلے گی نہ نکلے گی
یہ سمجھے تھے کہ دل میں آئی ہے یہ مہماں ہو کر

مرے جاتے ہو کیوں اے رعد اب آتا ہے وہ دن بھی
کہ انکو تم لگاؤ گے گلے سے شادماں ہو کر

پھر ہمسے یہ نہ کہنا کہ نہیں ہمسا کہیں اور
لو دیکھ لو ہے دلمیں تمھارا سا حسیں اور

دل پھیر دے لیکر یہ کرے کوئی یقین اور
چالیں نگہ ناز کرے جا کے کہیں اور

انکے ہیں دل و جاں تن و دل و جاں کے وہ جاناں
یہ انکے ہیں وہ انکے اگر ہیں تو نہیں اور

تم چیز ہی کچھ اور ہو اک حسن پہ کیا ہے
ایسے تو زمانہ میں ہزاروں ہیں حسیں اور

بن ٹھن کے وہ بگڑے ہیں نئی ضد کوئی دیکھے
مچلے ہیں کہ آئینہ میں ہو ہمسا حسیں اور

جلوہ ترا کچھ ناز نہیں دلمیں جو چھپ جائے
تو رہکے یہاں کھل گیا اے پردہ نشیں اور

جلوہ رُخِ انور کا دکھا دو دمِ آخر
کچھ دیر کی مہمان ہے یہ جانِ حزیں اور

حسرت ہی مرے سامنے بیٹھی ہیں کچھ دیر
ارمان دمِ نزع سوا اسکے نہیں اور

دیوانہ کے منہ حضرتِ ناصح نہ لگیں آپ
کیا فائدہ دو چار اگر سُنے کہیں اور

وہ مُنکر کو سمجھے ہیں گلہ وائے مقدّر
مَیں نے تو کہا اور ہُوا دہن نشین اور

دلبر کی جگہ درد رہا کرتا ہے دل میں
گھر اور کا تھا ہائے ہوا اسمیں مکیں اور

کھا کھا کے قسم وصل کا اقرار کر و لاکھ
اندازِ سخن مجکو دلاتا ہے یقین اور

کیا بات ہے اُس کوچۂ دلدار کی اے رعد
ہے آب و ہوا اور وہاں کی ہے زمین اور

چاہنے والے کو اپنے تم بھی چاہو کوئی ہو
قدر کے قابل ہے جو دل سے فدا ہو کوئی ہو

مَیں وہ بیجو دھوں نہیں مجکو کسی سے واسطہ
دوست دشمن آشنا نا آشنا ہو کوئی ہو

وائے تنہائی یہ حسرت ہے کہ آجائے کوئی
وہ نہیں تو کوئی آفت ہو بلا ہو کوئی ہو

بحث کچھ اپنے پرائے سے نہیں اے ہمنشیں
کام آئے وقت پر درد آشنا ہو کوئی ہو

دِل جب اپنا ہی نہیں تو کوئی لیجائے اسے
نازنیں ہو، چتون ہو، شوخی ہو ادا ہو کوئی ہو

مُنہ میں بھر آتا ہو پانی جام مے کو دیکھ کر
شیخ ہو یا متقی ہو۔ پارسا ہو کوئی ہو

یوں ہی رہا جو ربط ترے سنگ در کے ساتھ
مِٹ جائیگا نوشتۂ تقدیر کے ساتھ

دِل تھام کر مَیں بیٹھ گیا اسکی بزم میں
دیکھا تھا اُسنے ہائے مجھے کس نظر کے ساتھ

ویران کر دیا مرے دل کو مِٹا دیا
یوں دشمنی کرے نکوئی اپنے گھر کے ساتھ

اُٹھتے ہی خوابِ ناز سے وہ کہئے میرے گھر
لپٹا ہوا اثر تھا دعائے سحر کے ساتھ

دِل لے گیا جہاں نہ گذر تھا خیال کا
پہنچے ہیں ہم کہاں سے کہاں اہبر کے ساتھ

دل میں رُکاوٹیں ہیں تو ظاہر میں اختلاط
ایک ایک عیب اُسکا ہے سو سو ہنر کے ساتھ

اے رعد بھولتا نہیں مجکو دمِ سحر
پھر پھر کے اُسکا دیکھنا وہ چشمِ تر کے ساتھ

بڑھ گئی جب خوب حیرانی میری
مِٹ گئی ساری پریشانی مری

جلوۂ جاناں کی دیکھی ہے جھلک — یہ پتہ دیتی ہے حیرانی مری
ڈھونڈتی ہے اُسکے رازِ کُنہ کو — کسقدر رہے عقل دیوانی مری
ناصحا مجکو خدا پر چھوڑ دے — تُو مجھے کرنے دے من مانی مری
کیا سوالِ وصل پر اُمید ہو — بات تم نے کونسی مانی مری
یا نکالو دل کو پہلو سے مرے — یا مٹا دو یہ پریشانی مری
یہ نہ تھا معلوم ہے وہ بے وفا — دیدیا دِل وائے نادانی مری
آپ سے جب آشنائی ہوگئی — دین و دنیا سے رہائی ہوگئی
کون میری سی کہے گا حشر میں — اُس طرف ساری خدائی ہوگئی
آئینہ سے چار آنکھیں جب ہوئیں — اُنکی آپس میں لڑائی ہوگئی
جب عنایت کی نظر اُنکی ہوئی — مہرباں مجھپر خدائی ہوگئی
ظلم اتنا کیوں کیا جورِ حشر — مدعی ساری خدائی ہوگئی
مجھ سے کیا مٹتیں مری دشواریاں — غیب سے مشکل کشائی ہوگئی
اُنکو اب پردہ دری کا ہے خیال — کیوں مرے دل میں صفائی ہوگئی
آگئیں اُن میں لگاوٹ بازیاں — چٹکیوں میں دلربائی ہوگئی
رعد سے بولے وہ ہنسکر وصل میں — تیری ظاہر پارسائی ہوگئی

نہ پوچھیں میرے ہمدم کیفیت میری مصیبت کی — شبِ غم کی گھڑی ایک ایک گذری ہے قیامت کی
الٰہی خیر کرنا آج پھر لی دل نے وحشت کی — نگاہِ شوخ نے کسکی خدا جانے عنایت کی
بہت بچتا رہے ہم اُس فتنہ گر سے کیونکہ محبت کی — یہ کیا بیٹھے بٹھائے جان پر برپا قیامت کی
ترا وہ دیکھ لینا شرمگیں چتون سے رہ رہکر — مرے دلمیں تڑپ ہو ہو کے رہجانا قیامت کی
نگاہِ ناز نے چپکے سے آکر دل میں چٹکی لی — تمھاری آنکھ نے پھر دیکھ لو مجھ سے شرارت کی
دِل آیا بھی تو کس ظالم پہ اپنا ہائے دل آیا — محبت بھی جو کی تو کس ستمگر سے محبت کی

نظر آئینہ رو پر پڑتے ہی وہ بے خودی چھائی
سراپا محو ہو کر بن گیا تصویر حسرت کی

دل آیا بھی تو کس ظالم پہ اپنا ہائے دل آیا
محبت بھی جو کی تو کس ستمگر سے محبت کی

کرم اسکا ستم سے بڑھکے دشمن جان کا نکلا
مجھے رہ رہ کے تڑپاتی ہیں باتیں وہ محبت کی

چھپایا تو بہت تمہارِ عدو نے رازِ محبت کو
نہیں چھپتی نہیں چھپتی نظر لیکن محبت کی

جو باہر میان سے قاتل تری شمشیر ہو جاتی
قضا دانتوں میں انگلی داب کر تصویر ہو جاتی

کچھ ایسی چارہ گر میرے لیئے تدبیر ہو جاتی
کسیکی خاک پا ملتے تو وہ اکسیر ہو جاتی

کیا کیا جائے لب تک آکے تو تھم تھم گیا ورنہ
فلک تک دھوم تیری نالۂ شبگیر ہو جاتی

تمھے رہنے نہ تھیں ہوتے نہ تھیں کس سے حیا آتی
نہ تھیں تو دیکھ کر سب انجمن تصویر ہو جاتی

اثر اتنا تو ہوتا آہ میں اے داورِ محشر
لپٹکر حشر میں اُس بُت کی دامنگیر ہو جاتی

بھلے کو حضرتِ ناصح نہ آئے سامنے میرے
ضرور انکی مری باہم دم تقریر ہو جاتی

ہم اُٹھتے بھی تو کیا اُٹھتے ترے کوچے سے اے ظالم
ہماری ناتوانی پاؤں کی زنجیر ہو جاتی

ہمیں ہم تھے اگر تم دیکھ لیتے ناز سے ہمکو
گھڑی بھر میں ہماری کیا سے کیا توقیر ہو جاتی

تجھے کیا اس سے نامہ بر وہانتک تو گیا ہوتا
اگر آئی گئی ہوتی مری تحریر ہو جاتی

وہ روٹھے آج کیوں ہیں کیوں نہیں منتے منالیتے
مجھے معلوم بھی ہو تو کچھ میری تقصیر ہو جاتی

پلٹنی تھی پلٹ جاتی جو پھرنی تھی تو پھر جاتی
طبیعت بھی کسیکی کیا مری تقدیر ہو جاتی

رعد

رعد مولوی محمد صدیق حسن خان جونپوری، رسالۂ العصر ۱۳ء سے کلام نقل ہوا قدیم وجدید دونوں طرزوں میں طبع آزمائی کرتے ہیں طبیعت میں درد اور زبان پر خاصی قدرت ہے۔ چند شعر ملاحظہ ہوں:

سُنا ہے مشورے یہ ہو رہے ہیں باغبانو میں
لگا دو آگ اب کے بلبلوں کے آشیانوں میں

جناب شیخ فرمائینگے کچھ باتیں قیامت کی
کھو رندوں سے بیٹھیں انگلیاں دیکے کانوں میں

چارۂ درد محبت نہیں درکار مجھے
چھوڑ دیں حال پہ میرے مرے غمخوار مجھے

یاد آئے ہیں جو وہ ابروئے خمدار مجھے
آج ہر چیز نظر آتی ہے تلوار مجھے

میں دکھاتا ہوں جو اُنکو دلِ پُرداغ اپنا
وہ دکھاتے ہیں بہارِ گلِ رخسار مجھے

دل تو کیا چیز ہے میں جان بھی دیدوں تمکو
تم بناؤ تو سہی اپنا خریدار مجھے

بُت پرستی میں ہوا مجکو یہ تبہ حاصل
برہمن بھیجتے ہیں تحفۂ زنّار مجھے

اُسنے پوچھا جو مزاج تو میں نے یہ کہا
لوگ کہتے ہیں محبت کا گنہگار مجھے

وہ دن اچھے تھے وہ اچھا تھا زمانہ اے رعد
جس زمانے میں تھا عشق کا آزار مجھے

اے حسرتو خدارا مجکو نہ اب ستاؤ
للّٰہ اے اُمنگو دل میں مرے نہ آؤ

بہرِ خدا نہ چھیڑو بیوہ ہوں رحم کھاؤ
بس بس سنگار کی اب ترغیب مت دلاؤ

اُترا ہوا سا چہرہ کیا آرسی میں دیکھوں
مغموم شکل اپنی میں کس خوشی سے دیکھوں

ہمجولیوں میں جاتے آتی ہے شرم مجکو
ساتھ اُنکے گیت گاتے آتی ہے شرم مجکو

ہنسکر اُنھیں ہنساتے آتی ہے شرم مجکو
اب لکوگدگدانے آتی ہے شرم مجکو

کاشانۂ الم میں اک گوشہ گیر ہوں میں
کنج قفس میں گویا مرغِ اسیر ہوں میں

رعد

رعد حکیم میر نادر علی رعد مقیم حیدرآباد دکن نبیرۂ حضرت شہید دہلوی مرحوم۔ شاہ نصیر کا دیوان انھوں نے چھپوا دیا ہے اور فن تاریخ میں کتاب موسوم بہ گنجینۂ خیال خوب لکھی ہے

پیشِ نظر ہے چہرہ جو اُس بے نقاب کا
اے بخت جانتا ہوں کہ عالم ہے خواب کا

ایسا نہ ہو کہ دُور ہو یہ تشنۂ ازل
ساقی پلا دے پھر کوئی ساغر شراب کا

رعنا

رعنا سید محمد حمید الدین باشندۂ رائے بریلی و شاگرد وارستہ حال صدر ریاست ٹونک، بیس برس ہوئے جس زمانہ میں حضرت ظہیر دکن نہیں گئے تھے اور ابھی ٹونک میں ملازم تھے آپنے اُن سے اصلاح لینی شروع کی۔ چند شعر ملاحظہ ہوں۔

دعوی ضبطِ محبت تھا تو کیوں فریاد کی
اے دلِ بیتاب سب محنت مری برباد کی

چارہ گر رگ رگ میں ہے یاں کاوشِ خارِ الم
کس کا درماں کیا ضرورت نشترِ فصاد کی

کونسا رشکِ چمن زیبِ چمن ہے ان دنوں | گل کی شاکی بلبلیں ہیں قمریاں شمشاد کی

رعنا منشی عاشق حسین صاحب لکھنوی، مشہور ناولسٹ اور ایک شوخ طبع سخنور تھے بہت سے ناولیں آپکی تصنیف سے شائع ہو چکے ہیں، عرصہ ہوا ایک رسالہ شعر و سخن موسوم بہ "گلدستۂ رعنا" نکالا تھا جو دو برس بعد بند ہو گیا کئی برس ہوئے انتقال کر گئے، اُن کا کلام یہ ہے۔ رعنا

تھامے ہوئے کلیجے کو آئے ہو بے طلب | کیوں پھر کہو گے آہ میں تیری اثر نہیں
پہلو میں آکے بیٹھے تھے اتنا تو ہوش ہو | دل کب دیا مجھے مطلق خبر نہیں

رعنا منشی عبد الغفار دہلوی تلمیذ حضرت حسین رعنا

بیوفا، نا آشنا، بیباک، بدخو، خود غرض | اور بھی کہہ لو مجھے جو کچھ تمہارے دل میں ہے
عشق کی چوٹیں ہمیں کھائے ہوئے برسوں ہوئے | گو نہیں ہے درد وہ لیکن کسک کچھ دل میں ہے

ٹالا نہ تو نے غیر کا ظالم کہا کبھی | منظور رہو ہماری بھی تو التجا کبھی
یہ جان لو کہ ہاتھ اُٹھانے کی دیر ہے | خالی گئی نہ جائیگی اپنی دعا کبھی
جیتے رہے ہیں ہجر میں ہم اس اُمید پر | ایسا بھی کیا ہے ہاں ہی یونگے کہا کبھی
پھر اس نہیں کا لطف دکھاوینگے آپکو | سُن لی اگر خدا نے ہماری دعا کبھی

رعنا سید محمد ہاشم رعنا دہلوی منصبدار حیدر آباد دکن جوان آدمی ہیں ۱۹۰۰ء میں آپنے آغا شاعر دہلوی سے تلمذ اختیار کیا، اُسی زمانے کا یہ کلام ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ اُستاد کی زبان اور رنگ کی تقلید میں اچھی دستگاہ حاصل کر لی تھی، غزل میں بعض بعض شعر تو نہایت اچھا اور بلند پایہ کا نکل آتا ہے۔ اب اشعار ملاحظہ ہوں۔ رعنا

وہ ہولیاں کھیلی ہیں تری تیغ زنی میں | جوبن پہ ہیں سب خون کے وہ چھینٹے کفنی میں
رہتا ہے سدا وصل میں بھی ہجر کا دھڑکا | کیا یار ہے جو ساتھ ہے بگڑی میں بنی میں
تیری دُہائیاں ہیں گئے ہم جہاں کہیں | ناقوس کی صدا کہیں بانگِ اذاں کہیں
قاصد سمجھیو اُن کا نہیں ہے مکاں کہیں | اُٹھکر زمین پاؤں پکڑ لے جہاں کہیں

اِک چیز ہے کہ دل میں کھٹکتی ہے بار بار
سُوفار کا پتہ نہ نشانِ سناں کہیں

محشر میں بھی تڑپتی ہیں نظروں کی بجلیاں
بجلی نہ بیٹھیں تھک کے تری شوخیاں کہیں

پس مُردوں اُٹھیں مرقد پہ آہِ نارسا لائی
یہ اب پہنچے تو کیا پہنچے یہ اب لائی تو کیا لائی

نوید وصل ہی لائی نہ پیغامِ قضا لائی
دعائے بے اثر کیا لیکے پلٹی اور کیا لائی

وہ سب بدمستیاں تھیں زرکی اب ہے نہ پیتے ہیں
ہماری مفلسی خود راہ پر ہمکو لگا لائی

مہکتے ہیں در و دیوار کیا خوشبو ہے پھولوں کی
نسیمِ صبح گلدستے کے گلدستے اُڑا لائی

اب اس سے بڑھکے آخر کیا کشش ہوگی مضامیں کی
زمیں تک طبعِ موزوں آسمانوں کو جھکا لائی

قدم رکھتا کہیں ہے اور پڑتا ہے کہیں رغنا
نگاہِ لطفِ ساقی وہ ہی ساغر میں چھکا لائی

مَیں بگولا بنکے کوئے یار میں پھرتا رہا
لاکھ تُو نے اے صبا مٹی مری برباد کی

دیکھ تو قمری ذرا سروِ لبِ جو کی بہار
موج کی ہیں بیڑیاں قسمت میں اس آزاد کی

بارِ عصیاں سر پہ، جانا دُور، میں نادیدہ راہ
منزلیں کھوٹی نہ ہوں رغنا عدم آباد کی

رغنا

رغنا منشی سید نور احمد لکھنوی کلیم لکھنوی کے بھائی اور ۱۸۹۳ء میں بھوپال میں ملازم تھے۔ مدتوں وہیں رہے حضرت وسیم سے کچھ دنوں اصلاح لینے کے بعد اُنکے اُستاد بھائی رازِ رامپوری کے شاگرد ہوگئے۔ چند غزلوں کا انتخاب حاضر ہے۔

حاصل ہے وصل میں بھی مزا انتظار کا
پہروں مزاج ہی نہیں ملتا ہے یار کا

اندھا بنا دیا مجھے شوقِ تلاش نے
دشمن سے پوچھتا ہوں پتہ کوئے یار کا

کیسی تڑپ کہاں کی چمک کس کی بجلیاں
یہ بھی ہے ایک رنگ دلِ بیقرار کا

حسرت کی شکل پھرتی ہے آنکھوں کے سامنے
پہلو جو ٹٹولتا ہوں کوئی وصلِ یار کا

رکھا ہوا ہے سینہ پہ خط اُنکا دیر سے
تعویذ بن گیا ہے دلِ بے قرار کا

پکڑے گئے ہیں پیتے ہوئے مے جنابِ شیخ
میلا لگا ہے پیرِ مغاں کی دُکان پر

کیا بانکپن کسیکا سمائے نگاہ میں
ہم تو مٹے ہوئے ہیں تری آن بان پر

کہتے ہیں وہ کہ جان تو ہم ہیں رقیب کی
کیوں یہ کہا کہ صبر پڑے اُس کی جان پر
خدا کی شان کہ جھوٹے بھی یہ کہیں ہمسے
تمھاری بات نہیں اعتبار کے قابل

تری رفتار کی شوخی جو دیکھی
قیامت گر گئی میری نظر سے
غضب ہے دِل جلے اور جسم ہو سرد
کہ باہر برف اندر آگ برسے

ہنس ہنسکے کوئی آج مجھے کوس رہا ہے
پڑ جائے اثر اُس کا عدو پر تو مزا ہے
ہمدردی کی اُمید ہے کیوں ہجر میں دل سے
دشمن بھی کسیکا کہیں غمخوار ہوا ہے

نہ قہقہے نہ تبسّم نہ یہ ہنسی ہوگی
دل آپ کا کہیں آیا تو دل لگی ہوگی

رعنی ناظم و ناثر کہن سال نکتہ رس بے نظیر مولوی عظیم اللہ رعنی سیدپوری شاگرد رشید شیخ ناسخ لکھنوی غازیپور زمانیہ کے رؤسا میں سے تھے اِنکے والد شیخ امان اللہ طوفان ناسخ مرحوم کے دلی دوست و رفیق تھے یہ خود بڑے مشاق اور صاحب تصانیف کثیرہ تھے، اوائل سن تمیز میں الہ آباد اور لکھنو جاکر تحصیل علم کی، اٹھی برس سے زیادہ عمر پاکر چار پانچ سال ہوئے انتقال کیا شیخ ناسخ کے حالات شمس العلماء آزاد کو آپ ہی کی وساطت سے دستیاب ہوئے تھے، آیام ضعیفی میں بھی برابر مشغلۂ سخن کو نباہے جاتے تھے۔ رعنی تخلص سے آپکی شاعری کا ابتدائی سال نکلتا ہے۔ بڑے جہاں دیدہ، قابل، طباع، خلیق بزرگ تھے، بڑی دقت سے چند غزلیں ہاتھ آئیں اُنکا انتخاب درج تذکرہ کیا جاتا ہے۔ رعنی

نرگس کی طرح مجکو نہ صحت ہوئی نصیب
مَیں عشقِ چشمِ یار میں بیمار ہی رہا
ساغر کی مے کی شیشہ کی حاجت نہیں رہی
مَیں عشقِ چشمِ یار سے سرشار ہی رہا

ہاتھ مہندی سے ترا غیرتِ مرجاں ہوتا
پاؤں میں خونِ حنا رنگِ شہیداں ہوتا
ہاتھ میں تیرے اگر خنجرِ بُرّاں ہوتا
عید قرباں کا سما آج مریجاں ہوتا

جب بنا کر زلفِ مشکیں اپنی وہ کہرائیں گے
سو بلا عاشق کے سر پر آسماں سے لائینگے
قتل وہ کرتے تو ہیں لیکن بہت پچھتائیں گے
عاشقِ جانباز ایسا پھر کہاں سے لائیں گے

لاکھ جانیں ہوں مری اُسکی کھٹک پر صدقے
خارِ مژگاں کو مرے دل میں چُبھا رہنے دے

خونِ عشاق نہ کر ہاتھ دکھا کر قاتل
شوخی اتنی نہ کر لے رنگِ حنا رہنے دے

وصل کی رات ہے ہنس بول فراغت سے غنچہ کھول
ابتو غمی سے نہ کر شرم و حیا رہنے دے

جلوے دکھلا دو اپنے قامت کے
لوگ مشتاق ہیں قیامت کے

بزم میں بیٹھے مجھ سے وہ مِل کے
آج ارمان نکلے ہیں دل کے

بنکے آئے عروس تیغ اُن کی
خوب ارمان نکلیں گے دل کے

مشعلِ راہ یہ آیین ہے فراست میری
طبع ہے طور تجلی ہے ہدایت میری

لطفِ معنی سے ہویدا ہے لطافت میری
بندشِ لفظ سے ظاہر ہے نزاکت میری

آئینہ دیکھ کر وہ کہتے ہیں
ہمتو عاشق ہیں ایسی صورت کے

عیش ہوویگا تلخ مشیریں کا
کوہکن کا نہ وہ فسانہ سُنے

ہے یہی آرزوئے دل میری
ایک شب وہ مرا فسانہ سُنے

حُسن اور عشق و محبت کا تقاضا ہے یہی
ہم فراموش ہوں اور غیر تمھیں یاد رہے

دُنیا میں رہے ساتھ ولیکن پس مردن
چھوڑ آئے ہمیں قبر میں سب اپنے پرائے

ناسخ کے تلمذ سے مجھے فخر ہے رعنی
پھر دہر میں ویسے نہ سخنور نظر آئے

چلتی ہے رُک رُک کے گردن پر جو شرمائی ہوئی
چال ہے یہ تیغ کو قاتل کی سکھلائی ہوئی

رفاقت

رفاقت مرزا مکین دہلوی نام اور شیخ قلندر بخش جرأت کے تلامذہ خوش فکر میں انکا شمار تھا۔ ۲۰ برس کی عمر عین عالم شباب میں اپنے احباب اعزا کو داغ مفارقت دیکر عالم جاودانی کو سدھارے اُنکی خوش فکری کا نمونہ یہ چند شعر حاضر ہیں۔

وہاں کیونکہ رہیئے کہ منادی جہاں یہ ہو
زانو پہ سر کو دھر کے نہ بیٹھا کرے کوئی

برسوں کی ایک دن میں رفاقت کو چھوڑ دے
کیا ایسی زندگی کا بھروسا کرے کوئی

کہتے ہو تم نہ گھر مرے آیا کرے کوئی
گر دل نہ ہے تو بھلا کیا کرے کوئی

بے فرش گل پہ غیر کو بیٹھا دو اپنے پاس — منظور ہے کہ خاک پہ سویا کرے کوئی

رفاقت

رفاقت شیخ بہادر حسین صاحب شاگرد میر آغا حسن امانت غدر کے بارہ سال بعد انتقال کیا۔ لکھنو وطن تھا، حالات کے لیئے بہت تلاش کی دستیاب نہوئے نہ کچھ زیادہ کلام ملا

نہیں تم کو جب ہم صنم دیکھتے ہیں — تن اپنے میں دم دم کا دم دیکھتے ہیں
طاقت نہیں ہے پھر نیکی بیہات پاؤں نہیں — پہلو سے اپنے یار مجھے تو اٹھا نہیں
تقدیر میں لکھا تھا سو ای جان من ہوا — قسمت سے ہو گلہ نہیں تم سے گلا نہیں
ہرگز کسی سے دل نہ رفاقت لگائیو — بحر جہاں میں دیکھ چکے آشنا نہیں

رفعت

رفعت ۔ لالہ رام دلدار، آپ کو مرزا رحیم الدین حیا دہلوی سے تلمذ تھا۔ تذکرہ قاضی خلیل سے کلام نقل ہوا۔ غدر کے بعد انتقال کر گئے۔

زندگی خضر و مسیحا کی نہ کیونکر ہوتی — روگ الفت کا نہ تھا عشق کا آزار نہ تھا
آفت ہے گو کہ فتنۂ روز جزا مگر — کیا سر اٹھائیگا تری ٹھوکر کے سامنے

رفعت

رفعت نواب مہدی حسن خان رفعت لکھنوی عرف منو صاحب نواب محمد سعید خان لکھنوی کے خلف متبنی اور وارث ہیں حضرت جلال لکھنوی کے قدیم تلامذہ میں صاحب دیوان اور ہر طرح ممتاز ہیں ۱۸۵۸ء سال ولادت ہے، صاحب دیوان ہیں، کہیں کہیں استاد کے کلام کا پرتو انکے کلام میں نظر آجاتا ہے۔

بلبلیں ضعتی تھیں تنکے خاک اڑاتی تھی صبا — جسکو دیکھا باغ عالم میں ترا دیوانہ تھا
کیا چیز حسن بھی ہے عجب انقلاب ہے — محمود دل کو دیکھے غلام ایاز تھا

بچیگا یا نہ بچے گا مریض عشق مسیح — خدا کیواسطے کچھ تو جواب دیتا جا
سینے سے سینہ یار نے آکر لگا دیا — سوز جگر کو دل کی لگی کو بجھا دیا
یارب بھلا ہو اس مرے غفلت شعار کا — جو لے گیا قرار دل بے قرار کا
بیتاب جو ہیں حضرت دل جائینگے پھر کیا؟ — روٹھے ہوئے کو اپنے منا لائینگے پھر کیا

ہُوا بہتر نہ اُلٹا پردہ محمل جو لیلیٰ نے
جو مجنوں دیکھ لیتا اور بھی دیوانہ ہو جاتا

پرواز ہوئی روح جو بلبل کے بدن سے
پھر قید بھی صیاد کی باقی نہ قفس تھا

مَیں جو کہتا ہوں کہ ظالم ہو بڑے تم بخدا
ہنس کے کہتے ہیں بھلا

کون معشوق زمانے میں دِل آزار نہیں
ہم بھی کرتے ہیں جفا

تفرقہ تو نے جو اے چرخ نہ ڈالا ہوتا
کیوں خفا مجھ سے مرا رُوٹھنے والا ہوتا

زانو پہ اُسکے سر ہو نکلجائے اپنا دم
جو دیکھے وہ کہے کہ ہے اِس کا بھی کیا نصیب

قیامت چال، قد محشر، ستم عشوہ، نگہ خنجر
جوانی ظلم کرتی ہے شباب اُنکا ہی جوبن پر

دِل میں یاں چٹکی خیالِ بوسہ لے
نیل پڑ جائے وہاں رخسار پر

نکلے اِدھر تو جانِ اُدھر بخشدے وہ جُرم
بس ہے یہی کسی کے گنہگار کی ہوس

جو نہ تڑپے ہجر میں سہل نہیں
درد جس دل میں نہ وہ دل نہیں

صراحی مے کی دستِ پارسا میں
بڑا اندھیر ہے کالی گھٹا میں

شرم کے پردے میں رہنے دو نگاہِ شوخ کو
یہ سمجھ لو جا کے آنکھوں سے حیا آتی نہیں

ہر ادا پر مرنیوالوں سے اشارے کر گئے
دیکھتے ہیں آج کس کس کی قضا آتی نہیں

چشمِ تر دیتی ہے پانی لے سے میری لیکن
نخلِ اُمید کبھی پھولتا پھلتا ہی نہیں

مسیحا ایک قسم کہنے پہ اپنے ناز کرتے ہیں
یہاں ٹھوکر سے یہ بُت سینکڑوں اعجاز کرتے ہیں

اگر سُن لیں تری رفتار کی آہٹ قیامت ہو
تڑپکر زندہ ہو جائیں ابھی مردے مزاروں میں

دِل یہ کہتا ہے چلو پاس مسیحا کے چلو
ضبط کہتا ہے ابھی درد جگر ہونے دو

آئینگے میری لاش اُٹھانے کو وہ ضرور
کچھ وعدۂ وصال نہیں جو وفا نہ ہو

ناراض ہو وہ بُت تو منا لونگا پھر بھی میں
مجھ سے مگر خفا کہیں میرا خدا نہ ہو

جوشِ خوں کا ماجرا کہنا ہے اسکو لے جنوں
ڈھونڈتی ہے رگ زبانِ نشترِ فصاد کو

وہ مُشکل کونسی ہے جو دل کو قرار ہو
یا موت آ کے یا مرے پہلو میں یار ہو

مرے پہلو سے اُٹھکر میر جاں جاتے تو ہو لیکن
مر کے زندہ ہو گئے عاشق خدا کی شان ہے

بھلا یہ تو کہو کچھ دل کو بھی سمجھائے جاتے ہو
آ گئی صبح قیامت بھی شب ہجراں کے ساتھ

کوئی کشتۂ حسرت اُٹھ بھی گیا
جلے دل کا پھوٹا کوئی آبلہ
ترا کشتۂ تڑپا کیا دیر تک

اب آئے ہو تم ہاتھ ملتے ہوئے
جو آنسو نکلتے ہیں جلتے ہوئے
ترا دل جو دیکھا بہلتے ہوئے

پیو مستو اگھٹا چھائی ہے پانی خوب برسے گا
تم آنکھیں دکھا کے اے مرے عیسیٰ چلے گئے
جانکنی ہے دیکھ جاؤ تم ہیں دم اٹکا ہے اب

گنہگاروں پر اسکی آج رحمت ہونیوالی ہے
اچھے جو ہو چلے تھے وہ بیمار رہ گئے
پھیرتے ہو آنکھ ناحق اک نظر کیواسطے

بلبل نہ بجھا آنسوؤں سے آتش گل کو
جان تک کام جو آتی تو نہ ہوتا کچھ عذر

کیا پھونکنے کو خانہ صیاد نہیں ہے
دل ہے کیا چیز جو ہم آپ پہ پیار کرتے

بوجھ کیا ناتوان فرقت کا
قتل ہو جاؤنگا میں خود صاحب
دل لگی جانیئے نہ عشق مرا

آپ لاشہ اُٹھایئے تو سہی
آپ بیڑا اُٹھایئے تو سہی
دل کسی سے لگایئے تو سہی

نہ وہ دل رہا نہ وہ آنکھ ہی وہ نگاہ لطف کدھر گئی
دی صدا دل نے وہ پہلو سے مرے جب اُٹھے
نکلتے دیکھتے ہو دم تمہارا دل بہلتا ہے

یہ بتایئے تو مجھے ذرا کدھر آپکی وہ نظر گئی
میں بھی تیار ہوں ساتھ آپکے چلنے کے لیے
بھلا ہو سخت جانی کا مرا ارمان نکلتا ہے

کس سے دوں حسن کو تیرے تشبیہ
روگ نرگس کا نہیں جانے کا

ایک یوسف ہے وہ بازاری ہے
الفت چشم کی بیماری ہے

رفعت سخنور خوش فکر شاہزادہ مرزا پیارے رفعت گورگانی ۱۲۴۱ھ میں پیدا ہوئے اوائل عمر میں حافظ عبدالرحمن خان احسان سے اصلاح لی تھی، بعد میں حضرت صہبائی سے تلمذ اختیار کیا، بڑے نامور اور خوش فکر شاعر تھے، اشعار انکے نہایت

رفعت

شیریں اور عمدہ ہوتے ہیں، صاحب دیوان تھے، غدر کے بعد الور سے جو شاہزادے گرفتار ہو کر آئے اُن میں یہ بھی تھے نشانۂ تفنگ اجل ہوئے، کلام ملاحظہ ہو ؎

ہم خوش تھے کہ محشر میں تو دیکھینگے وہ دیدار
لیکن یہ قیامت ہے کہ محشر نہیں ہوتا

کس مُنہ سے کروں دل کی شکایت کہ بُرا ہے
تجھ سے تو جدا وہ کبھی دم بھر نہیں ہوتا

ہو بُرا بیتابیٔ دل کا کہ اُسکے ہاتھ سے
رازِ پنہاں ایک عالم پر نمایاں ہو گیا

یا الٰہی درد کس پردہ نشیں کا تھا کہ شب
دل میں اُٹھ اُٹھ کے مرے دل ہی میں پنہاں ہو گیا

غمزہ کو چھیڑے تو مدت ہوئی پہ یہ ابتک
چُبھے ہے خار سا سینہ کے درمیاں کیسا

خدا نہ کردہ کرے نالہ گر ترا عاشق
تو پھر زمین یہ کیسی یہ آسمان کیسا

کچھ آنکھ کا گیا نہ گیا کچھ خیال کا
مارا گیا دل اور یہی بے قصور تھا

رحم اُس کا ہو کہ نالہ کا اثر ہو کچھ ہو
نزع میں بارے وہ لینے کو خبر آہی گیا

تھا ہدف غیر پر اپنا جو مقدر تھا دست
غلط انداز سے وہ تیر اِدھر آہی گیا

تری گلی میں ہوئے خاک بھی تو کیا حاصل
ترا ہے ڈھب وہی دامن اُٹھا کے آنیکا

ہیں ایک وہ بھی کہ اُن سے ہے تمکو ناز و نیاز
اور ایک ہم ہیں کہ مُنہ تکتے ہیں زمانے کا

شبِ وصال میں دیتا ہو لُطف کیا کیا کچھ
ہر ایک بات پہ عالم یہ مُنہ بنانے کا

کم ہو گئی شاید مُبت و بتخانہ کی اُلفت
کچھ اندنوں آتا ہے جو رہ رہکے خدا یاد

بیٹھ اے ترے ستمگر تو دلِ زار کے پاس
بیٹھتے یار ہیں دنیا میں سدا یار کے پاس

ہائے پانی بھی چُوانے کو نہ آیا دمِ مرگ
کوئی جز گریۂ حسرت ترے بیمار کے پاس

تجکو لینی ہے تو لے ورنہ اجل لیتی ہے
جان جو کچھ کہ ہے باقی ترے بیمار کے پاس

آتشِ عشق سے جل جل کے بنا ہوں سُرمہ
کوئی دن کو تری آنکھوں میں آجاتا ہوں

لب پہ ہیں جاں بخش یہ کیسے کہ میں اُنکی خاطر
اپنے جینے سے ہی مایوس ہوا جاتا ہوں

پوچھے اشک اُسنے گمانِ غیر میں
مر گئے ہم اتنے ہی احسان میں

جان اجل کو دینگے اب جھگڑے کے ساتھ
تو ہے جو دیدیں تجھے ایک آن میں

بدنامی مجکو تیری بدولت ہوئی تو ہو
عزت سمجھتا ہوں مجھے ذلت ہوئی تو ہو

اب اُن میں ظلم کرنے کی عادت نہیں رہی
جب ہم میں سانس لینے کی طاقت نہیں رہی

ناصح بھی کرنے چاک گریبان کو لگے
باقی جب اُن کو جائے نصیحت نہیں رہی

پہلے ہی وہ لکھے ہے کہ میں تو ہوں بیوفا
تحریر میں بھی جائے شکایت نہیں رہی

رفعت

رفعت تخلص محمد منیر الدین نام شہر گھاٹی ضلع گیا وطن خلف مولوی سید فضل حسن آزاد مرحوم و برادر زادہ سید غلام حسین فریاد شاگرد نسیم دہلوی، فارسی عربی کی خاص استعداد تھی عجز و انکسار آپ کا شیوہ تھا، شاعری کی ابتدا تھی اور خواجہ عبد الرؤف صاحب عشرت لکھنوی سے تلمذ تھا کہ تیس سال کی عمر میں بعارضۂ طاعون ۱۳۱۹ھ میں انتقال کیا انکے ایک عزیز نے سو ڈیڑھ سو شعر بھیجے جن کا انتخاب درج ذیل ہے۔

فراقِ یار میں بے چین ہو کر
پہنچ جاتے ہیں نالے آسماں تک

مئے گلگوں چڑھانا خوب رندو!
یہی پہنچائے گی حورِ جناں تک

کسی پہلو نہیں ہے چین رفعت
اُٹھاؤں صدمۂ فرقت کہاں تک

یہ نہ پوچھو کہ غذا عاشقِ بسمل کی ہے کیا
لختِ دل کھاتے ہیں اور خون پیا کرتے ہیں

وعدۂ وصل انھیں یاد دلائیں کیونکر
ایسی باتوں کو ذرا کم وہ سُنا کرتے ہیں

ان بتوں کو نہیں محشر کی خبر اے رفعت
ظلم اللہ کے بندوں پہ کیا کرتے ہیں

یہ ترا حسنِ خداداد ہے مشہورِ جہاں
شورِ یوسف کا فقط مصر کے بازار میں ہے

ترا عاشق تجھے بھولا کہاں ہے
ترا ہی نام تو ورد زباں ہے

مجھے امید جینے کی کہاں ہے
لبوں پر یار کی فرقت میں جاں ہے

فلک کا جب یہ عالم کو گماں ہے
ہمارے داغِ دل کا وہ دھواں ہے

اگر صورت دکھانی ہو تو آؤ!
کہ اب بسمل تمھارا نیمجاں ہے

اِدھر آؤ تو دیکھیں لب تمھارے — کسی کا خون ہے یا رنگِ پاں ہے
نہ پوچھو ماجرائے یار ہم سے — کبھی ناخوش کبھی وہ مہرباں ہے
بسر کیونکر کریں ہم اس چمن میں — جہاں دشمن ہمارا باغباں ہے

رہا کرتا ہے خالی ان دنوں پہلو مرا دل سے — نکل جاتی ہے اس ناقہ کی لیلیٰ اپنے محمل سے
ملیں گے پھر نہ ایسے لوگ یہ صحبت غنیمت ہے — کہا مانو نجاؤ شیخ جی رندوں کی محفل سے
لگائی تیغ بھی منہ پھیر کر سفاک نے مجھ پر — نہ نکلی حیف وقتِ قتل بھی حسرت مرے دل سے
اثر ہے بعد مرنے کے یہ باقی چشمِ گریاں کا — ٹپک پڑتا ہے جو ساغر بنالے ہیں مری گل سے
بٹھایا بیٹھکر پہلو میں ہمکو یار نے رفعت — اُٹھایا اُٹھ کے اپنے سامنے غیروں کو محفل سے

رفعت

رفعت سید عنایت احمد رفعت خلف حضرت فطرت موہانی - چند شعر ملاحظہ ہوں -

کھیل سمجھے تھے دل لگی دل کی — قدر جانی نہ تھی ابھی دل کی
جلوۂ یار کیا قیامت تھا — روز افزوں ہے بیکلی دل کی
شورِ دیدار تھا بہت لیکن — بیخودی سے نکل سکی دل کی
جوشِ حسرت نے کر دیا مجبور — کچھ نہ ہم کہہ سکے لگی دل کی
ہوکے مغلوبِ خرّمی رفعت — کچھ عجب کیفیت ہوئی دل کی

رفعت

رفعت منشی محمد داؤد صاحب خوجہ متوطن بمبئی حضرت امیر مینائی مغفور کو کلام دکھلایا ہے اردو کا مادری زبان ہونیکے باوصف اچھا مذاق ہے اور شعر بھی خاصہ کہہ لیتے ہیں ؛

تذکرہ لکھے کوئی زلف کے دیوانوں کا — کاش شیرازہ بندھے یونہیں پریشانوں کا
عہد میں اُس بُتِ سفاک عدوئے دیں کے — خون ارزاں ہے حنا سے بھی مسلمانوں کا
مانا حسن کو بے مثل ترے اے کافر — ہندوؤں کا ہے دھرم دین مسلمانوں کا
شورِ بختی اسے کہتے ہیں کہ ہو کر زخمی — دیکھنے پائے نہ ہم منہ بھی نمکدانوں کا
آئینہ دیکھ کے منہ پھیر لیا کیوں صاحب — اس میں نقشہ تو نہیں آپکے حیرانوں کا

رنگ و صورت جا تصور سے ۔۔۔ میری صورت ہے ہو بہو تیری
ہوتے رہتے ہیں پھروں راز و نیاز ۔۔۔ رکھ کے تصویر روبرو تیری
دل سے بھی داغ دل ہیں مجکو عزیز ۔۔۔ آتی ہے ان گلوں سے بو تیری
اشک خجلت کی قدر کر اے دل ۔۔۔ کرتے ہیں پیشمست و شو تیری

قتل ہونے پر دوبارہ قتل کا ارمان ہے ۔۔۔ ذبح اس انداز سے تو نے کہا قائل تجھے

رفعت

رفعت نشی سرفراز علیخان باشندۂ بریلی، پہلے جناب رحمت بنارسی سے استمداد کرتے تھے جب کچھ استعداد حاصل ہوگئی تو حضرت داغ مرحوم کی خدمت میں آئے۔ خوش فکر موزوں طبع، شوخ خیال ہیں، زبان سے خاصہ لگاؤ ہے اکثر رسالوں میں غزلیں چھپتی رہتی ہیں

نزع میں یار رہے مہماں میرا ۔۔۔ دم نکلتا ہے کہ ارمان میرا

شہید ناز کی آنکھیں کھلیں ہیں قبر میں بھی ۔۔۔ ہے انتظار یہاں بھی کسی کے آنے کا
رہ رہ کے کھٹک ہجر کی شب ہوتی ہے ظالم ۔۔۔ دل میں تری حسرت ہے کہ کانٹا ہے جگر میں
اب دونوں کی بر آئیں مرادیں تو مزا ہو ۔۔۔ دل انکی نظر میں ہے وہ ہیں میری نظر میں
اس دست حنائی نے تو اور آگ لگا دی ۔۔۔ سمجھا تھا کمی ہوگی مرے سوز جگر میں
بھلا راحت کہاں تقدیر میں ہم غم نصیبوں کی ۔۔۔ اگر ہوں شاد ماں دم بھر رہیں اندوہگیں سو سو
زاہد نہ چھیڑ اسکو زیادہ یہ خوف ہے ۔۔۔ کچھ اور ٹھن نہ جائے دل بادہ خوار میں
بلبل نے دیکھکر ترے رخسار یہ کہا ۔۔۔ ایسے بھی پھول ہیں چمن روزگار میں

الٰہی ایک مٹ جائے تو اک داغ اور پیدا ہو ۔۔۔ چراغ خانۂ دل حشر تک میرا نہ ٹھنڈا ہو
نہیں اک بوسہ رخ دینے میں انکار ہیں سو سو ۔۔۔ سمجھکر سوچکر دل میں ذرا دل کا تقاضا ہو
تری محشر خرامی اک نہ اک دن تھرڑہائیگی ۔۔۔ عجب کیا ہے قیامت وقت سے پہلے بپا ہو
تڑپنے کا مزا یہ برق اور سیماب کیا جانیں ۔۔۔ یہ اسکے دل سے پوچھا چاہیئے جو بیقرار ہو
نظر سے قتل کرتے ہیں وہ ٹھوکر سے جلاتے ہیں ۔۔۔ جو قاتل ہو تو ایسا ہو مسیحا ہو تو ایسا ہو

یہ کیا آغازِ الفت ہی میں تم گھبرا گئے رفعت
ابھی تو دن پڑے ہیں دیکھئے انجام میں کیا ہو

شان و شوکت سے غرض کیا کام مینو شی ہے
جامِ جم مجھکو مرا ٹوٹا ہوا پیمانہ ہے

بعد اُسکے میں ہوا ہوں مالکِ اقلیمِ عشق
اب مرے قبضے میں رفعت قیس کا ویرانہ ہے

کیا جانے کہاں اب دلِ دیوانہ ہے اپنا
پہلو میں نہیں یار کی محفل میں نہیں ہے

اے قیس کہاں ڈھونڈنے جاتا ہے سوئے دشت
لیلیٰ ترے دل ہی میں ہے محمل میں نہیں ہے

جو داغ مرے دل کو ملا عشق میں رفعت
لالہ میں نہیں ہے یہ گلِ کابل میں نہیں ہے

دل پہ قابو نہ رہے ہوش ٹھکانے نہ رہیں
سامنے میرے اِس انداز سے آئے کوئی

ہنستا ہے دیکھ کے بسمل کا تڑپنا قاتل
جان سے جائے کوئی لطف اُٹھائے کوئی

ہوئیں پوری مرادیں مدعی کی
نہ نکلی کوئی حسرت میرے جی کی

تری آنکھوں کے جادو کے مقابل
نہیں کچھ اصل سحرِ سامری کی

وہ دو ہی باتوں میں دل لگ گئے ہائے
نہ جانے کونسی افسوں گری کی

گئے جاتی ہے دنیا سے عدم کو
تمنا شیخ جی کو حور ہی کی

وہ ملتے ہیں تو یوں ملتے ہیں مجھسے
شناسائی نہیں گویا کبھی کی

کروں میں بے وفائی یہ نہ ہوگا
برائی میرے جی میں تمنے کی کی

ہمارے حال کے پرساں وہ کیوں ہوں
انھیں ہے یاد ہر دم مدعی کی

کہا جب میں نے مرتا ہوں تو بولے
کہی یہ بات تو نے میرے جی کی

نگاہِ یار بھی ہے کیا زمانہ
کسیکی دوست ہے دشمن کسیکی

نہ آیا راہ پر وہ شوخ رفعت
کریں کیا ہمنے تو کوشش بڑی کی

اپنی تصویر ہی بھجوا دو تسلی کے لیئے
تمھیں انکار اگر ہے مرے گھر آنے سے

داستانِ غم و اندوہ کہانی میری
نیند آجاتی ہے اُنکو مرے فسانے سے

شہادت کے بہت خواہاں ہیں تیغِ نازِ قاتل کے
عطا اب دیکھئے کسکو یہ دولت ہونیوالی ہے

رفعت

رفعت مولنا غلام جیلانی، گیلانی۔ بیاض قاضی خلیل سے کلام لیا گیا۔

جوں شمع اگرچہ بے زباں تھے — پر سوز تمام کہہ گئے ہم
کچھ نہیں ہم میں بغیر از دلِ سوزان رفعت — پیرہن صورتِ فانوس نظر آتا ہے

رفیع

رفیع مرزا محمد طاہر صاحب خلف مشاگرد حضرت اوج لکھنوی نبیرہ مرزا دبیر اب ریاستِ رامپور میں ملازم ہیں، ۴۰ سال کے قریب عمر ہے مرثیہ بھی کہتے ہیں، شعر گوئی کی طرف میلان ہو جاتا ہے تو اس میں بھی قوتِ فکر سے دُرِ خوش آب نکال لاتے ہیں دو بار لکھنؤ میں آپ سے ملاقات ہوئی، کلام دینے کا وعدہ بھی کیا تھا مگر باوجود تقاضوں کے شاعرانہ تجاہل و تساہل مانع رہا۔

اُس وقت وہ جلوہ گہہ بزم طور تھا — کعبہ تھا نے خلیل، نہ موسیٰ نہ طور تھا
سچ تو یہ ہے رقیب نے ڈالا ہے تفرقہ — ورنہ مری خطا نہ کچھ اُس کا قصور تھا
اب وہ تمام جسم میں ہے یادگار غم — جو دل کہ تن بدن میں بساطِ سرور تھا
راستہ کو پنجۂ قاتل کا اجل نے دیا — ضعف نے پاؤں وہ پھیلائے کہ چلنے نہ دیا
مُنہ اندھیرے ایک بھی چُلّو پلا دے تو اگر — ساقیا دیں گے دعائیں شام تک میخوار صبح
بام پر آیا ہے بہر سیرہ خورشید رُو — آج دُونی ہو گئی ہے گرمیٔ بازار صبح
داغ بر دل ہے قمر خورشید تفتید و جگر — شام کا بیمار ہے کوئی کوئی بیمار صبح

جملہ رنگا رنگ عالم کا ہے مسکن پھول میں — چشمِ حق بیں کو نظر آتا ہے گلشن پھول میں
یہ زرِ گل بانیاں غنچوں کی مٹھی میں نہیں — حسرت و ارمانِ بلبل کا ہے مخزن پھول میں
جلوہ افگن ہے یہ کس کا روئے روشن پھول میں — کیا چمکتا ہے چراغِ زیرِ دامن پھول میں

یہ ناز ہے کہ ترے ہم ستان پر ہیں — جو پاؤں تھے زمیں پر اب آسمان پر ہیں
آہوں سے میری نکلے اگر تیر کچھ ترے — بن بنکے وہ ستارے اب آسمان پر ہیں
شوقِ دیدار تو ہمراہ چلے گا تیرے — نامہ بر حسرتِ تقریر ہے تحریر کے ساتھ
واہ والے قدر داں دیکھ ترا کیا کہنا — طائرِ دل کو اڑایا ہے پر تیر کیساتھ

اے خدنگ نگہ ناز کوئی کیا جانے
دل مجروح سے پوچھے کوئی لذت تیری

دل یہ کہتا ہے کہ اظہار تمنا کیجے
عقل کہتی ہے کہیں آئی ہے شامت تیری

گئیں جوانی کے ساتھ امنگیں چراغ جسطرح رات کے ساتھ
نہ اب وہ شعلہ رہا ہے باقی نہ شعلہ میں وہ بھڑک رہی ہے

ہوا ہے گلشن مہک رہی ہے گلوں سے شبنم ٹپک رہی ہے
یہی سبب ہے کہ آتش گل دہک رہی ہے بھڑک رہی ہے

بہار آئی چمن میں نکھرے ہوا سحر کی مہک رہی ہے
روش پہ موتی بچھے ہوئے ہیں گلوں سے شبنم ٹپک رہی ہے

ابھی ہیں نام خدا وہ کمسن نیا ہے جوبن نئی جوانی
جو چاک کہنی تک آستیں ہے تو پیچھے چولی مسک رہی ہے

شہید الفت ہے یہ مقرر لحد پہ جسکی بجائے چادر
قمر کی اجلی سی چاندنی ہے گلاب شبنم چھڑک رہی ہے

گرے ہیں خود طفل اشک ہر سو نہیں مژہ کی خطا سر مو
کہ دست شفقت سے دامن اپنا اٹھا اٹھا کر ٹپک رہی ہے

جان دیدی اُسنے میرے آزمانیکے لیئے
غیر خود ہی مٹ گیا میرے مٹانے کے لیئے

ہائے میں لاؤں کہاں سے تجکو اے صبح وصال
شام ہجراں آئی کالا منہ دکھانے کے لیئے

میرے سر سے خیر یہاں چھوٹ سکتے ہیں وہ
ہمنے چھوڑا اُسکو جھوٹی قسمیں کھانے کے لیئے

رفیع

رفیع مسٹر رفیع الدین صاحب ضلع ہردوئی میں چھ سات برس ہوئے انسپکٹر محکمۂ آبکاری تھے بعد کا حال اور تلمذ کی کیفیت معلوم نہیں۔ کلام ملاحظہ ہو۔

ہو نہ خاروں کی خلش جبتک نہیں ملتا ہے گل
گلشن عالم میں بے رنج والم راحت نہیں

چار ہی دن میں ہوا اسقدر بجھونے کہ اب
شمع روشن کرنے بھی آتے سر تربت نہیں

ہائے کس دن رحم آیا عاشقِ ناشاد پر | جب الٰہی کہہ چکے بچنے کی اب صورت نہیں
رنگِ دنیا دیکھ کر گھبرا گیا اپنا تو جی | بھائی سے بھائی کو بھی اِس دور میں نفرت نہیں
لاکھ منعم جمع کرے مال و زر لیکن رفیقؔ | فکرِ روزی کے سوا کچھ حاصلِ دولت نہیں

رفیقؔ ۔ مرزا اسد بیگ ہلوی مغل خواص ابو ظفر بہادر شاہ بادشاہ شاگرد ثنا اللہ خان فراقؔ صاحب ہنر اور سپاہی پیشہ تھے، عذر سے پیشتر اپنے مکان میں مشاعرہ بھی کیا کرتے تھے طبیعت دار شخص تھے، فکر رسا اور زبان پاکیزہ تھی۔ یہ اُنکا کلام ہے۔ رفیق

ہمدمو پُوچھو ہو کیا اُلفت کے دیوانے کا شوق | ہے اُسے کوئے تباں میں رات دن جانیکا شوق
چشم کے بنگلے کو جاروبِ مژہ سے جھاڑیئے | ہو اگر تم کو یہاں تشریف فرمانے کا شوق
آہِ آتشبار کے میرے شرارے دیکھئے | لامکاں سے بھی پرے رکھتا ہے یہ جانیکا شوق
ایک بوسہ اُنسے جو میں نے طلب شب کو کیا | ہنسکے بولے کچھ ہوا ہے گالیاں کھانیکا شوق
اُس کا سنگِ رہ گذر یہ دل بنا لیتا رفیقؔ | ہے اُسے چلتے ہوئے پاؤں سے ٹھکرانیکا شوق
روشن رہے گا داغِ دلِ عاشقان مدام | ہوگا نہ حشر تک یہ چراغِ مزار گُل
بہ رہی ہے ہجر میں تیرے سدا خونبار چشم | اور تُو ہمسے خفا ہے حیف ہو کر چار چشم
ہیہات گر کے ہم نہ اُٹھے پھر زمین سے | مانندِ نقشِ پا ترے کوچے میں مر مٹے

رفیقؔ شیخ الٰہی بخش رفیقؔ مرحوم خلفِ سالار بخش متوطن میرٹھ مقیم لاہور پنجاب کے شعراء میں نامور گذرے ہیں انکا کلام شاعرہ دار العلوم پنجاب کے رسالوں میں اکثر شائع ہوا کرتا تھا اور فی الواقع طباع اور نکتہ سنج بزرگ تھے میر مہدی حسن فراغؔ کو شروع میں غزل دکھاتے تھے، پھر مولانا آزاد دہلوی سے فیضیاب ہوئے ۱۸۴۱ء سال پیدائش تھا ۱۸۸۲ء کے قریب انتقال کیا، تاراچند تارا نے شاگرد نے انکا دیوان طبع کرا دیا ہے، کلام منتخب ملاحظہ ہو رفیق

فریفتہ ہیں جو مرغانِ دل نگہ پہ تری | گرا دے تیر نگہ سے شکار بیٹھے ہیں
مدتوں رہ چکے آوارۂ صحرائے فنا | اب وطن چلکے ہم اے اہلِ وطن دیکھتے ہیں

خود نمائی انھیں منظور نظر ہے ایسی
پھروں آئینے میں آپ اپنی بھبن دیکھتے ہیں
آنکل تو بھی کبھی جانبِ دشت اے لیلیٰ
آکے پھر دیں ترے مجنوں کو ہرن دیکھتے ہیں

اُٹھی اونچے وہ پھر نیچی نظر آہستہ آہستہ
جہاں ہونے لگا زیر و زبر آہستہ آہستہ
ہوا ہے مہرباں بیداد گر آہستہ آہستہ
کیا پیدا محبت نے اثر آہستہ آہستہ

رفیق

آرزو دل کی بر آتی ہے دعا سے پہلے
مینہ برستا ہے مرے گھر میں گھٹا سے پہلے
اب تو خنجر ترا اک اک کو ہے کرتا سیراب
تشنہ لب سینکڑوں مر جاتے تھے پیاسے پہلے
ہیں بھی گلشن میں کوئی نالہ کروں یا نہ کروں
پوچھ لوں بلبلِ بے برگ و نوا سے پہلے
پھر کوئی جان نگاہوں سے سلامت لیجائے
دل بچا لیوے تری نازوادا سے پہلے
ہے دلِ زار چراغِ سحری کا عالم
خود بخود گل ہوا جاتا ہے ہوا سے پہلے
جب دعا کی کبھی اے تیغِ نگاہِ قاتل
خیر مانگی ہے ترے دم کی خدا سے پہلے
اے گلوبند نظر ہے جو لباس رنگیں
رنگ دے لو اسے خونِ شہدا سے پہلے

روبرو تو اگر آئینہ صفت آ بیٹھے
بنکے تصویر ترا محو تماشا بیٹھے
شوخیِ چشم سے کہتی ہے نگہ اُس بت کی
کوئی آرام سے بندہ نہ خدا کا بیٹھے
دیکھ آئے ہم تجھے یہیں دیکھا نہ غیر نے
کوچے میں تیرے جب گئے مثلِ صبا گئے

رفیق

رفیق منشی ابن علی صاحب رفیق خلف مولوی فرزند علی متوطن قصبہ ہاپوڑ ضلع میرٹھ آپکا سنِ ولادت ۱۸۸۵ء ہے، اوائل عمری کا زمانہ اپنے بھائی منشی نصیب علی مرحوم مجسٹریٹ رامپور کے پاس رامپور میں بسر کیا اور وہیں ہوش سنبھال کر ملازمت بھی اختیار کی، ابتدائے سن شعور ہی سے مذاق سخن کا ذوق تھا، رامپور میں شعر و سخن کی گرم بازاری نے انکے شوق کو اور بھی چمکا دیا، جب طبیعت اس طرف مائل ہوئی تو حضرت امیر مینائی مرحوم مغفور کے خرمنِ کمال کی خوشہ چینی کرنے لگے انکے انتقال کے بعد حضرت آزر امپوری کی طرف رجوع کیا، آپ بزمانۂ قیام رامپور ریاست کے مشاعروں میں اکثر داد سخن دیتے رہے اسکے بعد اجمیر جاکر مقرر

گوالیار کی ملازمت کی، اب پھر ہاپوڑ میں مجسٹریٹ ضلع کے ہاں اہلمد ہیں، تھوڑا عرصہ ہوا کہ آپنے دلی میں آکر ایک اخبار جاری کیا تھا جو کچھ عرصہ چلکر بند ہو گیا، یہاں کے قیام میں بزم کمال کے ماہواری مشاعروں میں شریک ہوتے رہے، ہاپوڑ میں اپنے اہتمام سے سالانہ ایک بزم مشاعرہ کا انعقاد کر رکھا ہے، آپکے کلام میں سادگی کے پہلو بہ پہلو شوخی بھی نمایاں ہے زبان میں چوچلا ہے اور روزمرہ صاف ہے، اکثر چھوٹی بحروں میں معنی خیز شعر نکال لیتے ہیں اشعار دلپذیر انکی نگینی طبع پر دال ہیں۔

قتلی اُسنے جو دی اور دل فگار رہُوا
ہمارے زخم کی قسمت میں اندمال نہ تھا

ہر بات میں ذکر ہے عدو کا
یہ ڈھنگ نیا ہے گفتگو کا

رکھ چاکِ جگر میں دل کے ٹکڑے
تب لطف ہے بخیہ گر رفو کا

ٹوٹا نہ عصائے محتسب سے
کام آیا لیا دیا سبو کا

مُنہ موڑ کے کیوں چلی تری تیغ
چکھنا تھا مزا مرے لہو کا

ہلکی کرے شراب واعظ
پانی اِس میں مِلا وضو کا

دِل کو بھی ہمارے ہم سے کھویا
ہو خانہ خراب آرزو کا

رحم اُس بیرحم کا آخر مداوا ہو گیا
دامنِ قاتل مرے زخموں کا پھاہا ہو گیا

کیا بگڑ نیکو ہو نقشہ وصل کی تدبیر کا
نامرادی پُوچھتی ہے گھر مری تقدیر کا

آ گئے جب وہ رفیق مبتلا کے سامنے
آہ بھر کر گر پڑا آنسو بہا کر رہ گیا

دیکھتے ہیں داغ دِل خار تمنا چھوڑ کر
پھول وہ آنکھوں سے جن لیتے ہیں کانٹا چھوڑ کر

اللہ اللہ کس قدر ہے اُنکو پروا کا خیال
میری نظروں میں رہے آنکھوں پہ پردہ چھوڑ کر

آنکھیں ملیں لحد سے محبت کے جوش میں
نرگس کے پھول اُسنے چڑھائے مزار پر

دنیا کے گرم و سرد سے چھوٹے نہ بعد مرگ
رہتی ہے دھوپ چھاؤں ہمارے مزار پر

آنکھیں کھلیں تھا اک حجاب دل اول
پڑی بھی اُٹھی بھی نقاب اوّل اوّل

رحم تجھکو مجھے موت آئے یہ ممکن ہی نہیں
مجھسا بسمل ہے زمانے میں مسیحا قاتل

دیکھنے والو شہادت تمھیں دینا ہوگی
قتل کے بعد مکر جائے گا میرا قاتل

دل بھی تیرا ہے جگر بھی ترا میں بھی تیرا
جو تجھے چاہیئے وہ شوق سے لیجا قاتل

عمر ہوگی بسر مصیبت میں
یہی لکھا ہوا ہے قسمت میں

جب توجہ ذرا ادھر ہوگی
بات دل کی زبان پر ہوگی

مرمٹیں گے جو آنکھ ادھر ہوگی
چلتا جادو تری نظر ہوگی

دشمنی ہو کہ دوستی کچھ ہو
لطف دیگی جو وقت پر ہوگی

تیری تصویر بھی ہے ہرجائی
ایک گھر کیا ہزار گھر ہوگی

کیجئے صبر دل بھی دیدیں گے
آپ کی مند یہی اگر ہوگی

حسن کی لوٹ آئینہ سے پوچھ
ساری دولت اسی کے گھر ہوگی

بہ چلے سوز عشق سے آنسو
کیا دھرا ہے جو آنکھ تر ہوگی

نگہ شوق بوسے شوق سے لے
سونے والے کو کیا خبر ہوگی

پھر لہو چشم تر سے جاری ہے
موج خون آستیں ہماری ہے

ملتی جلتی ہے ان کی شوخی سے
قابل قدر بے قراری ہے

آدم نزع ہے کسیکی ہر عمر دراز زندگی کی
سینے میں بجائے دل ہے پیکان دل لیکے یہ اٹھنے لدی کی

گر پڑا ہاتھوں تک آکر میرے ساغر دیکھئے
بدنصیبی دیکھئے پھوٹا مقدر دیکھئے

بیٹھکر پہلو میں میرے وہ یہ کہکر اٹھ گئے
اس طرح بنتا بگڑتا ہے مقدر دیکھئے

غرض ہی کیا تھی جو کروٹ ادھر نظر لیتی
بلا میں ڈالکر اسکی بلا خبر لیتی

خوشی رقیب ہی کے پاس پاس رہتی ہے
کبھی تو آکے ادھر بھی مری خبر لیتی

اشک ہے مژگاں پہ روشن چشم تر کے سامنے
ہے ہماری آنکھ کا تارا نظر کے سامنے

خوشی بنکر مرے پھولوں میں آئے
گئے بو کی طرح بزم عزا سے

سب میں چل پھر کے جھلک تیری ادھر آئی ہے
آج باتوں میں تری بو کی بو آتی ہے
قدرداں بعد مرے منہ نپایا کوئی
کیوں نہ آنکھوں میں جگہ دوں شب وصل اے
تابع حکم ہے چلتی ہے اشاروں پہ مرے

آج قبضہ میں مرے جلوۂ ہرجائی ہے
میں نمانوں گا کبھی چوٹ کہیں کھائی ہے
میرے مرنے کی خوشی آپکے گھر آئی ہے
مدتوں کی میری کھوئی ہوئی نیند آئی ہے
جب بلایا ہے تو آنکھوں سے حیا آئی ہے

بولتی کیوں نہیں بھلا تصویر
ہنس کے تو بجلیاں گرا نہ پر
میرے قابو میں اور یہ بیداد
ہاں خدا کے لیئے زبان تو کھول
ہائے یہ خوشنما تری زلفیں
نرگسیں چشم پر نثار غزال
میری باتوں کا کچھ جواب تو دے
بے زبانی میں تیری سو باتیں

نہیں رکھتی زبان کیا تصویر
ہاں رلا مجکو آج ہنس ہنسکر
نقش دیوار اور ستم ایجاد
میرے سر کی قسم تجھے کچھ بول
ہائے یہ دلربا تری زلفیں
ابروؤں پر فدا ہزار ہلال
اس خموشی کا ماجرا تو کھلے
خامشی میں ہزار رہا گھاتیں۔

رفیق رفیق ۔ ابوالبرکات مولوی حبیب اللہ صاحب عرف آغا رفیق خلف حاجی مولوی احمد اللہ صاحب بلند شہر کے رہنے والے حضرت داغ دہلوی کے شاگرد، ابتدائی عربی فارسی کی تعلیم اپنے والد ماجد سے پائی عربی کا سارٹیفکیٹ مدرسہ مسجد فتحپوری دہلی سے حاصل کیا، طب کی تعلیم بھی پائی ہے، عربی میں اچھی استعداد اور لیاقت رکھتے ہیں، فلسفہ مشرق و مغرب سے کمال شوق ہے نثر کے مضمون خوب لکھتے ہیں جو مشہور رسائل میں شائع ہوتے ہیں شعر گوئی میں نیچرل رنگ زیادہ پسند ہے عشقیہ بھی کہتے ہیں اور خاصہ کہتے ہیں، اساتذہ دہلی کے بہت مداح ہیں استاد مرحوم کو بہت یاد کرتے رہتے ہیں اب ہاپوڑ میں رہتے ہیں، یہ انکا کلام ہے

غیر پر اپنا اثر پیدا کیا
جان دے کر یہ ہنر پیدا کیا

خالی نہیں رفیق کی دیوانگی کا راز
بیساختہ وہ دیکھئے اُن سے لپٹ گیا

جو گذر جائے دم غنیمت ہے
کیا بھروسا ہے زندگانی کا
در پہ سائل کھڑے ہیں عرصہ سے
صدقہ للہ کچھ جوانی کا

کیوں آپ سے کہیں کہ جفا آشنا ہیں آپ
بس دل ہی جانتا ہے خدا جانے کیا ہیں آپ
واہ رے جذبِ محبت تری اُلٹی تاثیر
آج کس شوق سے وہ غیر کے گھر جاتے ہیں
غضب کی سادگی ہے بانکپن ہے جسپہ دلدادہ
خدایا خیر دلکی اُنکے ایام جوانی ہیں

نہ اتفاق کو چھوڑینگے ہاتھ سے ہرگز
خدا خدا نہ سہی رام رام کرلیں گے
متاعِ دل کا خریدار اگر نہیں ملتا
ہم اونے پونے بس اب بک سکے دام کرلیں گے
خدا کو مان بھی واعظ وہ چاندسی تصویر
ہمارے خانۂ دل سے بھلا نکلتی ہے

پاؤں پڑتا ہے جہاں مجنوں کا نوک خار پر
کہتی ہے لیلیٰ کہ یہ کانٹا بھی میرے دل میں ہے
میرا دل لیکر نکر نارنگ لائے گا ضرور
جھوٹ بولے گے وہاں بھی کیا خدا کے سامنے

رفیق - جناب شیخ ملک قادر بخش صاحب منشی دفتر انسپکٹر جنرل رجسٹریشن حیدرآباد دکن تلمیذ حضرت سلام - حالاتِ زندگی نہیں ملے، کچھ اشعار انتخاب ہوکر درج ہیں -

میں آرزوئے خنجرِ قاتل میں رہگیا
ارمان دل کا ہائے مرے دل میں رہگیا
بعد فنا کسی نے دی آغوش میں جگہ
لیلیٰ کی طرح قیس بھی محمل میں رہگیا
بد نظر نظارہ عالم ہے رات دن
دیکھیو مت کسے سارا جہاں تل میں رہگیا
اب خونِ بے گناہ سے کریگا کس طرح
دھبہ لہو کا دامنِ قاتل میں رہگیا
ہزاروں تیر ہیں پیوست دامن دل میں
غضب میں پڑ گئے آنکھیں لڑا کے یار سے ہم
رہینگی خاک میں مٹتا یہاں نشان دلکی کبھی
مثالِ برق نکل جائینگے مزار سے ہم

رفیق صاحبزادہ محمد رفیق خان برادر نواب صاحب بہادر والیٔ ٹونک نواب صاحب کے سب سے چھوٹے حقیقی بھائی ہیں، تعلیم و تربیت بنارس میں پائی تھی اپنے والد کے آخر عمر تک

اُنکے پاس رہے عرصہ سے عُزلت گزیں ہیں چھ سات ہزار کی جاگیر بھی ہے۔

بُہت دیکھے حسیں ہمنے نہ دیکھا آپ سا کوئی
ہمیشہ سے ہیں ہم بھی اچھی صُورت دیکھنے والے

چُھپائے لاکھ دل میں پر چُھپائے سے نہیں چھپتی
ذرا میں تاڑ جاتے ہیں محبت دیکھنے والے

رفیق

رفیق مولوی عبدالمجید رامپوری نائب شستہ دار عدالت عیسٰی گڈھ شاگرد آغا غمی، فارسی آغا محمد یوسف علی ایرانی سے تحصیل کی تھی اور اس زبان میں ملکہ راسخہ حاصل ہے، خوش فکر موزوں طبع شخص ہیں، عمر ۵۰ سال سے متجاوز ہے۔

رخسار سے ہٹاؤ گے زلفوں کے بال کب
دینگے اذان صبح کی حضرت بلال کب

ڈر ڈر کے پُوچھتا ہوں میں قاتل سے اے رفیق
زخم جگر کو ہوگا میرے اندمال کب

شرم سے کرتے ہو کیوں نیچی نظر وصل کی رات
کون ہے میرے سوا اس کل ہے ڈر وصل کی رات

قتل ہو کر بھی کہاں جاتی ہے رُوح
خنجر قاتل سے دم پاتی ہے روح

کھلا گل اُنگلیوں سے اُسکی شمع طور کا پرتو
کہ شعلہ کی طرح دل ہو گیا فی النار چٹکی میں

جمائی لینے سے اُسکے چمن میں تازہ گل پھُولے
بنائے پھُول غنچے کو وہ گل رخسار چٹکی میں

رفیق

رفیق حافظ محمد رفیق صاحب باشندۂ صوبہ بہار شاگرد حضرت کوثر خیر آبادی جو مشاعرہ سید ظفر نواب صاحب کی کوٹھی نواب منزل گیا میں ہوا اُس میں جو غزل پڑھی اُس کے چند اشعار درج ہیں ؎

تاثیر شوق طالب دیدار دیکھنا
خود دیکھنے کو آئینگا اے یار دیکھنا

زاہد خیال حور بھلا دے تو کیا عجب
ہنسکر کسی حسین کا اے یار دیکھنا

چُھپتی نہیں نگاہ محبت کسی طرح
رسوا کرے گا یہ مرا ہر بار دیکھنا

رقت

رقت مرزا قاسم علی رقت انکے بزرگ عراق اور مشہد کے رہنے والے تھے اور قوم کے مغل انکا جائے مولد شاہجہاں آباد تھا لیکن یہ فیض آباد میں سن تمیز کو پہنچے اور جوانی لکھنؤ میں گزاری صاحب دیوان تھے، پہلے حسرت اور پھر جرأت کے تلمذ سے فیضیاب ہوئے، تذکرۂ شوق

میں انکا ذکر اور کلام نظر سے گزرا، یہ چند شعر انکے ہیں - ایک دوسرے تذکرہ میں انہیں کا نام رستم علی درج ہے

لباسِ سُرخ جب سے تو نے پہنا اے گلبدن پہنا
ہر اک عاشق نے قبل از مرگ ہی رنگین کفن پہنا

چمکتی تھی کلائی تو جو مجھ سے تعویذ کے پیارے
نزاکت کا یہ عالم تھا تو نے نورتن پہنا

اُس طرف وہ ہاتھ سے دامن چھڑا جانے لگا
اِس طرف چاکِ گریباں پاؤں پھیلانے لگا

ہوش کی اپنے خبر رتے تجکو رقت کیا ہوا
اُسکے جاتے ہی تجھے کیا غش پہ غش آنے لگا

ہاتھ اُس سینہ پہ میں از راہِ نسیاں رکھدیا
بدگماں لوگوں نے کچھ کچھ مجھپہ بہتاں رکھدیا

پڑ گیا تھا آنکھ میں کچھ میری ہیں رونا نہ تھا
مجھپہ یہ ناحق پیارے تم نے طوفاں رکھدیا

یار کی مژگاں نے منہ پھیرا جو میرے قتل سے
اُسکے آگے تیر کا اک میں نے پیکاں رکھدیا

کہتے ہیں جو دل کلام اللہ کا خط کو ترے
نام اُس کافر کا یہ کس نے مُسلماں رکھدیا

خط وہ بھیجے رقیب کا لکھا
یہ بھی اپنے نصیب کا لکھا

ہمارے سامنے مت ابر بار بار برس
جو جسے ہو سکے تجھ سے نہو ہزار برس

پھنس گیا یہ آپ اسنے تو لپیٹا ہیں
ہے گناہِ دل عزیزو کچھ نہیں تقصیر زلف

لے پریشاں دل کی لٹنے اب خبر رقت ذرا
بے طرح اب ہوگئی ہے اسکو کچھ تاثیر زلف

اے دلِ بیتاب یہ خصمِ جان زیرِ بغل
وہ مثلِ مجھپہ ہوئی دشمن کہاں زیرِ بغل

دیا اک بوسہ جبھی اسنے جسے رات لیکر دل
سو ہم بھی یہ سمجھتے ہیں حسابِ وستاں دل

مجھے دیدوں میں پالا تھا اسی ظالم اسی ظالم
کیا تُو سوا مجھے تو نے ستمگر دل ستمگر دل

یہی کل بیٹھے بیٹھے آکے میرے دیدیے آفت
کہ مل آؤں نہیں مجھ سے گیا ہے آد ملکر دل

گیا جو کوچہ دل بر میں وہاں اور ہی تماشا تھا
پڑے تھے سینکڑوں اسجا پہ خاک و خوں میں دلبر دل

لگا رقت عجب میں تو یہ دیکھا ایک کوچے میں
پڑا ہیگا بصد غربت مرا بھی زار و مضطر دل

لگا حسرت سے مجھکو دیکھنے وہ اور میں اسکو
دلِ من گریہ بر من کرد و من ہم گریہ بر بر دل

وہ عالم اُس کا دیکھا ہے کہ رستے بند ہوتے ہیں

جس میں جوبات سمائے وہ بھلا جائے کہاں | حُسن آخر ہو اُس کا پہ وا جائے کہاں

یہ کس کا رقص دیکھنے آیا دلا تو | کہ مٹیا زندگی سے ہاتھ اُٹھا تو
نشانی غیر کو دی ہے تو پہلے | نشانِ زندگی میرا مٹا تو

تو نہیں دیتا لگانے سینہ پر چھاتی پہ ہاتھ | اِس لیئے غم سے چلا جاؤنگا دھر چھاتی پہ ہاتھ

چھٹ جائے کسی سے نہ ملاقات کسی کی | اللہ گاڑے نہ بنی بات کسی کی
آنکھوں میں پی لئے سرمہ نہیں دیا ہے | کہتے ہو تم جو یار نا حق کا طو طیا ہے
دیوار گلرخاں کا سایہ مگر پڑا ہے | زاہد بتا تو مجھکو طوبیٰ میں شاخ کیا ہے

رقت مولوی حافظ حبیب النبی تلمیذ رحمت تذکرۂ قاضی خلیل سے کلام لیا گیا۔ رقت

مثلِ حباب کھولتے ہی آنکھ تھی فنا | ہمکو دمِ نخست دمِ واپسیں ہُوا
آئے گر دو بروشبِ ہجراں | صبح کر دینگے داغِ روشن سے
اپنی آنکھوں سے بانگہ سے تری | سینے میں پڑ گئے ہیں روزن سے

رقت مولوی حبیب النبی رقت مرحوم معاون مدرسہ عالیہ کلکتہ باشندۂ رامپور ۱۲۶۱ھ رقت
میں ۵۳ برس کی عمر میں انتقال کیا۔ یہ اُنکی طبع موزوں کا نتیجہ ہے ؎

دوسرے کا سوگ کیجے ایک کا غم ہو چکا | اب جگر کو روئیے دل کا تو ماتم ہو چکا
ہم تو گل کھا کے مُوئے اور وہاں غیروں کو | جاتے ہیں تبلک اپنے اُسی معمول پہ پھول
اپنی تربت پہ نہیں مارتا ٹھوکر کوئی | چڑھتے ہونگے کسی اللہ کے مقبول پہ پھول
زندگی گر عذاب ہے تجھ بن | موت بھی تو خراب ہے تجھ بن

رقت سید علی محمد خلف سید غلام محمد شاگرد سید شیر علی اسد باشندۂ جالندھر اوائل رقت
عمر ہی سے مذاقِ سخن طبیعت میں ہے۔ بزرگوں اور قادر الکلاموں کی صحبت سے فیضیاب
ہونیکے شوقین ہیں۔ نوعمر اور نومشق شاعر ہیں، تقریباً چوبیس پچیس برس کا سن ہے۔ آپ
گورنمنٹ پریس شملہ میں کلرک ہیں۔ نمونۂ کلام یہ ہے۔

کیونکر نہ اشتیاق ہو ابرو کی دید کا — رمضاں کے بعد چاند نہ نکلا ہو عید کا
چھوئی جو میں نے خواب میں اندر نار کی — بے کل رہی صنم کی کلائی تمام رات
جذبۂ شوق تو ہی کھینچ کے لادے انکو — ورنہ مر جائینگے ہم انکو خبر ہونے تک
قطرۂ آب تھا اللہ جو چاہے کر دے — پہلے کیا تھا کوئی پوچھے یہ گہر ہونے تک
روتا ہوں یاد عارض گلرنگ یار میں — لالہ کے گل پروتا ہوں شبنم کے تار میں
نکلی ہماری روح جو فصل بہار میں — بو ہو کے رچ گئی ترے پھولوں کے ہار میں
اُس شعلہ رو کے عکس کی تاثیر دیکھنا — چھالے سے پڑ گئے کف آئینہ دار میں
چھپکر کدھر کو جاؤ گے میدان حشر میں — پہچان لونگا تمکو تو سو کیا ہزار میں

شرارت کے یہ معنی ہیں شرارت اسکو کہتے ہیں — ہمارے چھیڑنے کو وہ عدو کا نام لیتے ہیں
مژدۂ فصل بہاری ہے صبا لائی ہوئی — پھرتی ہے بلبل جو اک اک گل پہ اترائی ہوئی

رقم

رقم حکمت مآب فضائل اکتساب صاحب پایۂ ارجمند حکیم سکھانند رقم کایستھ باشندۂ دہلی محلۂ دھرم پورہ میں سراوگیوں کے بڑے مندر کے قریب رہتے تھے، فضیلت علمی کے ساتھ شعر بھی عمدہ کہتے تھے طبابت میں وحید العصر اور فن شعر میں شاہ نصیر مرحوم کی شاگردی سے بہرہ ور تھے۔ مرض کی تشخیص کا یہ عالم تھا کہ صورت دیکھکر مرض کو دریافت کر لیتے تھے ایام ضعیفی تک اپنی اوقات فارغ البالی اور مرفہ الحالی سے بسر کرتے رہے انکو علم نجوم اور رمل میں بھی عمدہ مہارت تھی، اور اس فن کو حکیم مومن خان مرحوم سے کسب کیا تھا، کتب درسیہ فارسی و عربی مختلف اُستادوں سے پڑھیں، اور مدت تک طالبان کمال کو پڑھائیں حق پسند و حق شناس تھے، سراپا کمال وجاہت ظاہری و باطنی سے پیراستہ تھے، وضع ایسی رکھتے تھے کہ خاص و عام کی نظروں میں آداب احترام قائم کرتی تھی۔ ہمیشہ خوش پوشاک خوش لباس رہتے، اور اس میں سدا ایک ہی وضع کی پابندی کی۔ ان کمالات پر مزاج میں مسکینی و غربت بدرجۂ کمال تھی، اور حلیم الطبعی و سلیم المزاجی بردباری

ملنساری۔ خوش اخلاقی میں یگانۂ آفاق تھے، لوگوں سے سُنا ہے کہ عنفوان شباب میں انکا یہ حال تھا کہ بغیر اچھی صورت دیکھے رہ نہ سکتے تھے خود بھی شکیل تھے اور حسینوں کو چشم محبت سے دیکھتے متانت کے ساتھ مزاج میں ظرافت بھی تھی اور خوش طبعی سے یارانِ ہم جلیس کے دلوں میں گھر کر لیتے تھے، ہر فرد بشر کے ساتھ نہایت خلوص سے پیش آتے جو لوگ انکی صحبتوں کا لطف اُٹھائے ہوئے ہیں وہ ابتک اُن کو یاد کرتے ہیں، بعد ایام غدر بسبب دل شکنی و مایوسی اُمور دنیوی سے دست بردار ہو گئے، خانہ نشینی اختیار کی تھی البتہ مطب جاری تھا، المختصر تریسٹھ برس کئی مہینے زندگانی بسر کر کے ۱۲۸۵ھ میں انتقال کیا، فارسی اُردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے، دیوان تو غدر میں تلف ہوا مگر صدہا متفرق کاغذات پر غزلیات و اقسام کلام سے شعر انکے بیٹے کے پاس موجود تھے، انکے پوتے حکیم میر سنگھ جو مدرسہ طبیہ دہلی کے پہلے ہندو سند یافتہ اور حکیم حاذق الملک عبدالمجید خاں کے رشید تلامذہ میں سے ہیں اب آبائی مطب کے جانشین ہیں۔ یہ چند اشعار انکے نتائج افکار سے ہیں۔

جہاں میں کونسا ہمکو ہنر نہیں آتا	لگا کے دل کا چھڑانا مگر نہیں آتا
بجھانا آتش دل کا بھی کچھ حقیقت ہے	ذرا سا کام تجھے چشم تر نہیں آتا
عدم سے کوچۂ قاتل کی راہ ملحق ہے	گیا ادھر جو گذر پھر اِدھر نہیں آتا
یہ لاغری نے سکھایا کہ جسم زار مرا	اجل کو بستر غم پر نظر نہیں آتا
ہو خاک چارہ گری اُس مریض کی تیرے	نظر میں تجھسا کوئی چارہ گر نہیں آتا
سر مزار شہیدان شوخ آہو چشم	رقم طواف کو کب شیر نر نہیں آتا
دھوکے میں ہی نظر تن لاغر کو دیکھکر	سو بار خالی پھر گئی بستر کو دیکھکر
رُخ پر تھا رے کان کے گوہر کو دیکھکر	حیراں ہے خلق ماہ پہ اختر کو دیکھکر
بے دیکھے دیکھتا ہوں نیا داغ دیکھنا	کیا جانے حال کیا ہو ستمگر کو دیکھکر

سیماب ہمسری کرے کیا بلکہ برق بھی
مانگے ہے الامان دل مضطر کو دیکھکر

کیونکر نہ سرنِگوں ہوں غیرت سے رشکِ حور
زانو پہ تیرے غیر کے ہم سر کو دیکھکر

اِس تشنہ لب کو شوقِ شہادت ہے یا تلک
ترسے ہے آبداری خنجر کو دیکھکر

نہ تو زور ہے مجھ میں جو دیکھوں اُسے نہیں زر ہے جو پاس بُلاؤں اُسے

کہو کیونکہ مَیں راہ پہ لاؤں اُسے کوئی ملنے کی اُس سے تو راہ ہی نہیں

مرے درد کی تجکو ہو کیونکہ خبر مرے آہ کا دل پہ ہو کیونکہ اثر

تری عیش میں گذری ہے رشکِ قمر کبھی عشق سے کام پڑا ہی نہیں

کبھی گھر سے نکل مرے ماہِ لقا ذرا عاشقِ زار کے پاس تو آ

مرے حال کو دیکھ ہوا ہے یہ کیا مرے مرنے میں کچھ تو رہا ہی نہیں

مری نبض کو دیکھ طبیب بہم لگے مِل کے یُوں کہنے برنج و الم

ناحق کو دوائیں کرو ہو رقم میاں ایسا مریض سُنا ہی نہیں

مجھے لاکھ جلا مجھے لاکھ ستا ترے در سے ہٹوں گا نہ مَیں بخدا

رہوں پٹ سے لپٹ کے مَیں تیرے کھڑا کبھی ہٹ سے میں اپنی ہٹا ہی نہیں

وفورِ شوق میں رُخ کے لئے وہاں کے لیے
نہیں نہیں کہ بوسے کہاں کہاں کے لیے

ہچکیوں نے بھی مری یاد دلائی نہ تمہیں
نام سب سب کا لیا نام مرا بھول گئے

بیٹھے گنّے کو جو بوسے تو عجب لُطف اُٹھا
بھولنا یاد رہا یاد جو تھا بھول گئے

مدعا غیر کا چاہا تری چاہت کے سبب
مانگی اپنے خدا سے بھی عا بھول گئے

اپنے غش آنیکے صدقہ ہوں کہ اُنسے بے مہر
ایسے گھبرائے حواس ہوش بجا بھول گئے

سچ ہے نسیان و خطا سے ہو مرکب انسان
باعثِ فکر بتاں ذکرِ خدا بھول گئے

دل کی جب یاد دلاتا ہوں تو کہتے ہیں قمر
گم ہوا، کھو گیا، یا جاتا رہا بھول گئے

رقیب منشی محمد ظہیر حسن مدرس بہیرا قصبہ ضلع فتحپور ۱۸۹۳ء کے نتائج افکار کا خلاصہ

درج ذیل ہے ؎

نیا یہ سبز و زنّار میں رشتہ ہوا کیوں ہے	مرے دل کو تمنائے بتانِ بیوفا کیوں ہے
تصوّر روئے جاناں کا ہی ہر دم کعبۂ دل میں	پریشاں طائرِ دل صورتِ قبلہ نما کیوں ہے
مصلّے پر تو بیٹھا ہے نظر ہے ماہرویوں پر	بتا اے زاہدِ مکّار دل میں یہ ریا کیوں ہے
خدا کو ہمنے جب ڈھونڈا تو پایا خانۂ دلمیں	پریشاں جستجو میں اُسکی پھر خلقِ خدا کیوں ہے

رُکن — رُکن منشی سیّد غلام نبی منشی عابد علی کوثر خیر آبادی سے تلمّذ ہے اور یہ کلام کا خلاصہ ہے

ڈھلی مے آج ساقی کی دوکاں پر	گھٹائیں آگئی ہیں آسماں پر
اُمید و یاس میں جھگڑے پڑے ہیں	فقط انصاف ہے اب انکی ہاں پر
حلب آئینہ رُخ پر تصدّق	عدن صدقے لبِ گوہر فشاں پر
اُٹھے کس طرح بارِ زندگانی	گراں ہے جسم جانِ ناتواں پر
کوئی دیکھے یہ واعظ تو نہیں ہے	چھپائے منہ کھڑا مے کی دکاں پر

رمز — رمز دہلوی، مرشد زادۂ آفاق صاحبِ عالم و عالمیاں مرزا فخر الدین فتح الملک بہادر رمز معروف بہ میرزا فخرو ولیعہد دوئمی حضرت ظلِّ سبحانی بہادر شاہ ثانی، صاحبِ عالم کی شادی اپنے حقیقی چچا میرزا جہانگیر کی لڑکی سے ہوئی تھی۔ مرزا ابوبکر مرحوم جو غدر میں مارے گئے انھیں کے بطن سے تھے ۱۲۶۹ھ میں ولیعہد ہوئے "چراغِ دنیا" مادۂ تاریخ تھا۔ ضیاء الدین خان نیر رخشاں نے نکالا، حضرت رمز کی اوّل تو شاہی زبان اُسپر غاقانی ہند شیخ ابراہیم ذوق کی شاگردی کا طرّہ خود ہی گویا ہے کہ انکا کلام کس درجہ فصیح و بلیغ ہوگا، انکے اشعار میں عجب لطف انگیز چوچلا ہے میٹھی میٹھی باتوں سے ٹھکیاں لینا اشاروں ہی اشاروں اور رمز کنایوں میں مطلب ادا کرنا انہی کا کام ہے، کیوں نہو پیدائش کہاں کی تھی، تربیت کہاں اور کن بزرگوں کے زیرِ نظر پائی تھی؟ اُس شاہجہاں آباد کے قلعۂ معلّی میں جو ہمیشہ سے زبانِ اُردو کا مولد اور ملجا رہا تھا جہاں کی زبان ہر ایک شہر و

دیار میں مستند سمجھی جاتی تھی عجب طبیعت تھی اور غضب کی رسائی تھی، خاندان تیموریہ کے چشم وچراغ اور سپہر سلطنت کے درخشاں مہتاب تھے، سرکار انگلشیہ نے اُنکے واجبی حقوق کو تسلیم کرکے خاص عہدنامہ کرلیا تھا جس سے مشرح اور واضح طور پر یہ تعین ہوگیا تھا کہ بعد وفات بہادر شاہ یہی اُنکے جانشین قرار پائیں گے مگر مرضی پروردگار یوں نہ تھی۔ چالیس برس کی عمر پاکر ۱۸ جولائی ۱۸۵۶ء کو مرض بائے ہیضہ میں مبتلا ہوکر راہی ملک بقا ہوئے "کتبۂ مزار فتح الملک ولیعہد" تاریخ وفات ہے دیوان مرتب ہوگیا تھا، مگر غدر میں تباہ ہوگیا، ایک مثنوی خوب لکھی تھی جو میرے کتبخانے میں موجود تھی مگر اتفاق سے تلف ہوگئی۔ ایک واسوخت جو غدر سے پیشتر چھپا تھا میرے پاس ابتک موجود ہے بڑی تلاش سے چند غزلیں ملیں جو ہدیۂ ناظرین کیجاتی ہیں، مرزا خورشید عالم اور مرزا فرخندہ جمال آپکے بیٹے دہلی میں رہتے ہیں اور راقم تذکرہ کے عنایت فرما ہیں، مرزا خورشید عالم بہادر خود بھی فکر سخن فرماتے تھے افسوس کہ ستر برس کی عمر پاکر دسمبر ۱۹۱۴ء میں بمقام رامپور انتقال فرماگئے، اُنکی وفات سے گویا خاندان تیموریہ کی رہی سہی وقعت جاتی رہی۔

دل مرے سینے میں یہ کوئی ستم پیدا ہوا	جب سے دل پیدا ہوا اسکے غم پیدا ہوا
دل میں آتی ہے نظر اپنے مجھے تصویر یار	کیا تماشا ہے کہ کعبہ میں صنم پیدا ہوا
ہے میرا سینہ کہ یارب کوئی دارالضرب عشق	داغ جو پیدا ہوا اشکل درم پیدا ہوا
اپنی صورت آئینہ میں دیکھکر کہتا ہے وہ	کوئی دنیا میں حسیں مجھسا بھی کم پیدا ہوا
مجھ سے کی پہلو تہی بیدرد نے جسروز سے	درد پہلو میں ہمارے دمبدم پیدا ہوا
دیکھتے ہیں سارے عالم کا تماشا دل میں ہم	ساغر دل اپنا رشک جام جم پیدا ہوا
پیر وہ مجنوں ہوں کہ جسکے باغ جنت میں بھی رمز	ناصر صحرائے جنوں زیر قدم پیدا ہوا
کیا قتل ظالم نے کس کس ادا سے	ملا مجھکو قسمت سے جلاد اچھا
آنکھیں تو اُسکو دیکھ کے ہوتی ہیں بیقرار	بن دیکھے دل تڑپنے لگا اسکو کیا ہوا
سب کچھ آساں ہے تجھے گردش دوراں کرنا	ایک مشکل مری مشکل کا ہے آساں کرنا

ہوا شوقِ تماشا جب سے تیرے روئے نیکو کا
نہیں قابو میں ہوں دل کے نہ دل ہے میرے قابو کا
ڈھونڈو گے جان کو بھی محبت کی راہ میں
پھرتے ہو رمز دل کی ابھی جستجو میں کیا

طرزِ رفتار نے تری ظالم
رفتہ رفتہ مجھے تمام کیا
میں جو رسوائے زمانہ ہو گیا
اسکی شہرت کا بہانہ ہو گیا
جا پڑے ہم کو چہ جاناں میں رمز
ہائے اپنا بھی ٹھکانا ہو گیا

دلِ بیتاب ہو کیا تجھ سے رفاقت کی امید
کوئی ہوتا ہے بُرے وقت میں جو تو ہو گا

بل کچھ ایسا کاکل خمدار میں پیدا ہوا
پیچ و تاب اپنے دلِ بیمار میں پیدا ہوا
کٹ گئے دن رنج و غم کے بلکہ ساری عمر کے
کاٹ یہ اچھا تری تلوار میں پیدا ہوا
واہ وا کیا کیا ترے ہر گام پر محشر خرام
فتنہ تازہ اک تری رفتار میں پیدا ہوا
بل بے جوش گریہ تھا دریائے رو فوارہ خوں
ایک طوفاں دیدۂ خونبار میں پیدا ہوا
کشتگانِ ناز زندہ ہو گئے اک بات میں
معجزہ اچھا لعبِ دلدار میں پیدا ہوا
لکھ غزل اے رمز تبدیلِ قوافی میں کوئی
اور عالم اب ترے اشعار میں پیدا ہوا
لیگئی دل جو تری کاکل پیچاں میرا
تا دمِ مرگ رہا حال پریشاں میرا
چھوڑوں کس طرح سے میں دامنِ صحرا کو جنوں
خارِ صحرا ہی نہیں چھوڑتے داماں میرا
رمز اس آئینہ رو کی کوئی کیا جانے ہے رمز
یا تو میں جانتا ہوں یا دلِ حیراں میرا
غم وہ کیا ہے جو جاں گزا نہ ہوا
درد وہ کیسا جو لا دوا نہ ہوا
تیز کرتے ہیں وہ چھری کو ابھی
قتل پر میرے اکتفا نہ ہوا
حال کھل جائیں غیر کو سارے
پر کروں کیا کہ تو مرا نہ ہوا
ورد کیا جس میں کچھ نہ ہو تاثیر
بات کیا جس میں کچھ مزا نہ ہوا
وہ تو ملتا مگر دلِ کم ظرف
تجھ کو ملنے کا حوصلہ نہ ہوا
مر گیا ہجر میں جو بن آئی
شکر منت کشِ قضا نہ ہوا

رنگ گلہا نہیں اے غنچہ دہن کیسے ہیں
پھوٹکا لالہ دامن کہاں سے پیدا ہوا

شکوۂ یار اور زبانِ رقیب
کھیل ٹھیرا کوئی گلا نہ ہُوا

یار آیا نہ موت ہی آئی
ایک بھی رمز تد عا نہ ہُوا

تم رہو اور مجمعِ اغیار
میرا کیا ہے ہُوا ہُوا نہ ہُوا

پھر تمھارے ستم اُٹھانے کو
رمز اچھا ہُوا بُرا نہ ہُوا

دل دیا تھا جسے دلدار سمجھ کر میں نے
رمز اب وہ وہی دل آزار ہوا ہائے نصیب

اور صُورت سے کیا غرض ہے رمز
ہے پسند اپنے یار کی صورت

غم کے آثار خوشی میں بھی ہیں دیکھو موجود
جو کہ ہنستے ہیں بہت اشک بہاتے ہیں بہت

حال سُن سُن کے عشق میں تیرا
رمز کرتے ہیں خاص و عام فسوس

فیض ہو ناحق ہیں میرے ہے حیاتِ جاوداں
آبِ خضر میں ترے ہے آبِ حیواں کل خواص

جل گیا پروانہ تو یہ بھی سحر تک ہے تمام
فاصلہ اک شب کی شب کا درمیاں رکھتی ہو شمع

کیسی زمیں کہ غرق ہوا آسماں تلک
اے گریہ اب یہ جوششِ طوفاں کہاں تلک

جس میں نہ جذب ہو وہ اثر ہو نہ درد ہو
اُس دل کو رکھ کے سینے میں پھر کیا کرینگے ہم

بیتابیوں سے اس دلِ خانہ خراب کی
کیا کیا کیا ہے، اور نہ کیا کیا کرینگے ہم

دردِ فراق، طعنِ عدو، فکرِ دوستاں
اس ایک جان پر سری کیا کیا بلا نہیں

اے دلِ بیتاب اتنا اضطراب
صبر تجھ پر اور تو میں کیا کہوں

کیوں نہ دوں زخم کو جگہ دل میں
کیا یہ قاتل کا یادگار نہیں

ہمکو کیا غیر کے آنے کی خبر
چغلیاں نقشِ قدم کھاتے ہیں

خوگرِ وعدۂ رفتار ترا العہد قیامت
یہ بھی تو جانے کہ قیامت ہوئی کس دن

یاں یہ حالت کہ دم لبوں پر ہے
واں یہ غفلت کہ کچھ خیال نہیں

لب ہلے کیونکہ تیری مجلس میں
دیکھ کر تجکو جان ہے کس میں

نہ حرم میں جگہ نہ دیر میں جائے
ہم گنے جائیں یا خدا کس میں

ذبح کر خواہ چھوڑ دے صیاد — آ پھنسے ہم تو اب ترے بس میں

چوسے لب میگوں دم خواب ایسے مزے میں — پی تھی نہ کبھی میں نے شراب ایسے مزے میں
ساقی مری توبہ کے ٹھہرنے کے نہیں پاؤں — گر جھوم کے آئیگا سحاب ایسے مزے میں

رمز وہ مست ناز ہے فتنہ — اسکو سونے دو کیوں جگاتے ہو
تم نہ تھے غیر کے گھر میں شب کو — بس چلو یونہی سہی جانے دو
اُسکے آنے کی اگر کوشش میں — جاں جائے جو چلی جانے دو
مُنہ دکھانا ہے خدا کو اک دن — اے بتو اتنی خودی جانے دو
ہر سخن میں یہ کجی جانے دو — ہو چکی بس خفگی جانے دو
شکر و شکوہ سے تعلق نہ رکھو — نبھ سکے جیسے نبھی جانے دو
رمز اُلفت میں جو چاہو آرام — تو یہ راحت طلبی جانے دو

تیر مارا ہے تو ظالم تو چھری بھی پھیر دے — یہ بھی حسرت رہ نجائے اِس ترے نخچیر کو
پیٹوں جیوں میں سر کو کہ رو کوں سر شک کو — تھاموں قلق میں دل کو کہ رکھوں جگر پہ ہاتھ

شوق کہتا ہے کہ چل اور ضعف سے — اُٹھ نہیں سکتا قدم کیا کیجئے
کیا جلے آج دل کو مرے ہو گیا ہے کیا — پہلو میں یار اور لے اضطراب ہے
ہاتھوں سے ترے بچا نہ وہ بھی — اک رمز تھا جاں نثار ہے ہے
رمز ہیں صورت پہ اُسکی شیفتہ — آپ کی صورت تو دیکھا چاہیئے

کیوں نہ لب حسرت سے کاٹوں میں کہ تیرے سامنے — بوسہ اُس لب کا لیا جام شراب ناب نے
الٰہی موت تو ہوگی مگر یوں ہو تو بہتر ہو — کہ سر ہو پاؤں پر قاتل کے اور سجدے میں دم نکلے
بعد مُردن بھی نہ چھوٹا ہمسے ذوق میکشی — خاک سے اپنی سبوئے مے بنے ساغر بنے

ہمنے تو غم یار میں یوں عمر بسر کی — مر مر کے جو کی شام تو رو رو کے سحر کی
ایسا لگاؤ تیر نگہ تم کہ ہو بلبند — ہر زخم دل سے میرے صدا واہ واہ کی

نہو جب ضعف سے طاقت کہ آئی جان ہو تن تک | تو ہمسے ناتوانوں کا کہو کس طرح دم نکلے

دل لے تو گئے ہیں وہ ہمارا | پر دیکھیئے اسکو کیا کرینگے
یاد بت میں عمر گزری یہاں تو رمز | کیا کہوگے وہاں خدا کے سامنے
ہوئی صورت نہ کچھ اپنی شفا کی | دوا کی مدتوں برسوں دعا کی
ہمیں منظور آج انکو بلانا ہے بلانا ہے | بلا کر داغ دل اپنا دکھانا ہے دکھانا ہے
ہجوم داغ دل کیا پوچھتے ہو میرے سینے میں | خزانہ ہے خزانہ ہے خزانہ ہے
جگر مرا تری تیغ نگہ کا ایک مدت سے | نشانہ ہے نشانہ ہے نشانہ ہے
ہنسو کیونکر نہ غیروں سے کہ منظور آپکو میرا | رلانا ہے رلانا ہے رلانا ہے
شہادت سے مری ابتک نہ تیغ قاتل کی | فسانہ ہے فسانہ ہے فسانہ ہے
نہ بھڑکے لمبیں آگ اور کیوں آنسو نہ جاری ہو | کہ شبنم وہاں رقیبوں کا لگانا اور بجھانا ہے

رمز

رمز منشی محمد ابراہیم خان خلف مولوی محمد خان صاحب مرحوم داروغہ و ڈائرکٹر محکمہ برسائر ریاست ٹونک، نواب محمد اسد خان اسد لکھنوی کے شاگرد ہیں، چالیس پینتالیس برس کا سن ہے اور یہ کلام کا نمونہ ہے۔

وحشت میں ہم سمیٹتے پھرتے ہیں جابجا | صحرا کے خار کوہ کے پتھر چمن کے پھول
بے قدر کی نگاہ میں اے رمز ایک ہیں | صحرا کے خار ہوں کہ ریاض سخن کے پھول
کیوں کرتے ہو بیر باد اسے مفت میں دیکھو | اے رمز کبھی جا کے جوانی نہیں آتی
یہ بزم عام ہے اچھی نہیں اس جا نظر بازی | بھلا ایسا بھی کیا کر کچھ تو غیرت دیکھنے والے
حسیں پیدا کیے اس عالم ایجاد میں کیا کیا | خدائی کا تماشا دیکھ قدرت دیکھنے والے
فقط ہم تم ہوں اور کوئی نہو جب لطف صحبت سے | شب وصل اسکو جانے دو یہ آنکھوں میں چھپا کیوں ہے

رمز

رمز منشی بیج بہاری لال رمز مراد آبادی علمی بستعداد خاصی ہے بارہ پندرہ برس سے مشق سخن کرتے ہیں اور منشی امیر اللہ تسلیم لکھنوی کے بارادت تلامذہ میں ہیں۔

اپنی طباعی اور خوش فکری کیوجہ سے ہم مشق شعرا میں ممتاز ہیں۔ کلام ملاحظہ ہو۔

ہائے پتھرا گئیں آنکھیں مری تکتے تکتے
دم آخر بھی نہ وہ شوخ ستمگر آیا

مر گیا پاسِ وفا میں مجھے دیکھا تو نے
معجزہ اب تو دکھا کوئی مسیحائی کا

اے رمز تیر یار نشانی سے کم نہیں
پہلوئے دل میں کیجئے لگا کر جگر سے آپ

کب روح کو فنا ہے بدن کی فنا کے ساتھ
پستا کہاں ہے رنگ حنا کا حنا کے ساتھ

دل کی لگی بھڑکتی ہے آہِ رسا کے ساتھ
اٹھتے ہیں جیسے آگ کے شعلہ ہوا کے ساتھ

ہو لطفِ مے دوچند جو ساغر سے لب ادھر
آنکھیں ادھر ملیں کسی نازک ادا کے ساتھ

یا زیب کی صدا ہے تمہاری کہ شورِ حشر
فتنے ہزاروں اٹھتے ہیں آوازِ پا کے ساتھ

آ کر اب روتے ہو کیا دل کو جگر کے سامنے
کیوں گئے سینہ سپر تیرِ نظر کے سامنے

بے تصور میں بھی آنکھ کے کس قیامت کی حیا
سامنے ہیں اور نہیں آتے نظر کے سامنے

اک وار میں دو ٹکڑے کئے دل کے جگر کے
قائل ہیں ہم اس جوہرِ شمشیرِ نظر کے

کمسن ہے کہیں ہم نہ بچائے وہ دمِ قتل
اے زلف تو آ جائیو قاتل پہ بکھر کے

دیکھا نہ کبھی پیار کی آنکھوں سے اور جیب
مجھ کو ندیا آپنے ساغر کوئی بھر کے

رکھوں کیوں کیجیے سے لگا کر
یہ داغِ دل مجھے اُسنے دیا ہے

رمز:- مرزا جلال الدین حیدر عرف نیکم متاز حسین دہلوی شاگرد حضط بنارسی سنہ ۱۸۹۹ء میں مظفر پور بہار میں مطب کرتے تھے۔ اور حال معلوم نہ ہوا یہ چند شعر انکے ہیں۔

پسِ پردہ جو میرے شمع رو کا نور پھیلا
مجھے عالم نظر آیا چراغِ زیرِ داماں کا

ذریعہ ہو کو بخشش کا بتاتا ہو کرم اُس کا
خدا سے منفعل ہو کر تو کر اقبال عصیاں کا

شکر ہے لب پہ ترے شکوہ فریاد آیا
خیر میں تجکو کسی طرح سے تو یاد آیا

فاتحہ پڑھنے جو وہ بانیٔ بیداد آیا
قبر میں تجکو قرار اور دلِ ناشاد آیا

انکار ہے جو بوسوں کے دینے میں آپکو
ہمسے بھی پھر حضور نہوں خوشگوار دل

داغ جگر شگفتہ ہیں لالہ سے بھی سوا | او گلعذار دیکھ تو آکر بہار دل

رمز رمز منشی بلاس رائے رمز شاگرد شوکت باوجود دریافت کچھ حال معلوم نہ ہوا کلام مطبوعہ کا انتخاب حاضر ہے۔

کشتۂ تیغ محبت کو جلاتے جاتے | کیا بگڑتا جو ذرا لب کو ہلاتے جاتے
کیا مزا ہوتا جو در کا ترے پتھر ہوتا | ٹھوکروں ہی میں تری رہتا میں آتے جاتے
شربتِ وصل گر تھا نہ مری قسمت میں | شربتِ مرگ ہی وہ مجکو پلاتے جاتے
رمز بیچارہ ترے عشق میں مرتا ہی رہا | حال بھی تُو نے نہ پوچھا کبھی آتے جاتے

قسمتِ جن و ملائک میں کہاں ہیں یہ مزے | ماہوش کیا کیا بنائے حق نے آدم کے لیئے

رمز رمز میر فاضل حسین صاحب لکھنوی شاگرد مشتاق لکھنوی، موجودہ شعرا میں ممتاز ہیں۔ افسوس کہ باوجود دریافت حالات میسّر نہ ہوئے۔ کلام بہم رسیدہ کا انتخاب درج کیا جاتا ہے

یہ خبر موسیٰ کو کب تھی شوق تھا دیدار کا | برق بن جائیگا ان آنکھوں میں جلوہ یار کا
ابر الطافِ خدا برسا جو ابر اہیم پر | آتشِ نمرود تختہ بن گیا گلزار کا
ہے قضا قبضے میں میرے قاتلِ سفاک کے | ہے اجل کا اک طمانچہ وار اس تلوار کا
سجدے کرتے ہیں ہزاروں اشتیاقِ ذبح میں | ہے خمِ محرابِ کعبہ جسم تری تلوار کا

ہے آئینہ میں وہ رُخِ گلرنگ جلوہ گر | دریا میں یا کہ عکس پڑا ہے گلاب کا
دی کیوں تڑپ کے جان غزال نے بتائیں | کانٹا لگا زبان میں شاید گلاب کا

اُٹھتے ہی آپکے سب مٹ گئے اسبابِ طرب | بزمِ عشرت نر ہی عیش کا ساماں نرہا

دل پہ ہے اس درجہ تر حسنِ مصفا | عارض سے نگاہوں کو پھسلتے نہیں دیکھا
مآل سبحہ و زنار کا نہیں ہے جدا | کہ ایک ہی ہے خدا شیخ اور برہمن کا
نہ بنئے آنکے زندوں میں اسقدر اے شیخ | جھکائے آپ ہیں گردن کہ ڈھل گیا منکا
جو پوچھا گھر کا نشاں اُس شریر دشمن سے | پتا بتا دیا ہنسکر مکانِ دشمن کا

وہ نہ آئیں گے شب وصل بھی تقدیر ہی مجکو
تو ہی اے موت مرے پاس ذرا ہو جانا

کس کا دل بجھ گیا ہے شمع سحر کی صورت
ہنستے ہنستے جو ہوئی ہے تری محفل خاموش

خواب سے چونکی زلیخا جب تو کہتی تھی یہی
چھپ گیا نظروں سے وہ میری مہ کامل کہاں

طائر دل کو پھنسا کر دام گیسو میں وہ شوخ
بھولے پن سے کہہ رہا ہے تمھارا دل کہاں

ایکدم بھر کو اٹھا دو رخ روشن سے نقاب
حسرت دیدار میں عاشق کو نہ پاتے ہو کہیں

ہے ابتدائے الفت ابرو میں انتہا
عاشق کی جان جانیکے سامان بھی ہیں میں

مسیحا نے محبت کی نظر کی
شکایت اب نہیں درد جگر کی

نہیں تو یاد ہر اک وقت آپ ہی کی رہی
مگر حضور میں دل سے نہیں بھلائے ہوئے

آ کر نہ کبھی عاشق مضطر کو جلایا
اعجاز دکھائے نہ مسیحا کے کسی نے

ہٹا سینہ سے گر زانو تو ہوگا حشر عالم میں
ترا سر پھوٹ جو تڑپے گا زمیں زیر و زبر ہوگی

رمز

رمز: سوامی سدانند سرسوتی عرف بہاری لال جی آپ دکن کے باشندے اور منشی کنہولال نائب کے ۱۹۰۷ء سے شاگرد ہیں، کچھ اشعار ملے انکا انتخاب درج ذیل ہے۔

تیرے میرے بندھ گیا رشتہ صنم تقدیر سے
کھل نہیں سکتی گرہ اب یہ کسی تدبیر سے

بھوک میری کھاتے کھاتے گالیاں جاتی رہی
پیاس بھی ظالم بجھا آب دم شمشیر سے

پھر گئی ساری خدائی ہو گیا دشمن جہاں
پھیر لیں آنکھیں جو تو نے ڈالے مجھ دلگیر سے

کچھ ایسی بھول بھلیاں ہیں کسکے کوچے میں
تمام عمر جو گھومے نہ پھر بھی راہ ملے

حرم میں، دیر میں، مسجد میں، کوہ و صحرا میں
کہاں کہاں میرے نالے مجھے تباہ ملے

رمز

رمز: منشی حافظ انوار الحق مدرس مدرسۂ غوثیہ رامپور حضرت داغ کے عقیدت مندوں میں ہیں پہلے کچھ عرصہ انکے شاگرد حضرت احسان رامپوری سے بھی اصلاح لی تھی۔ چند شعر ملے درج کیے گئے

جب وہ چہرہ سے نقاب اپنے اٹھا دیتے ہیں
شیفتہ اپنا زمانے کو بنا لیتے ہیں

فرق آنکھوں میں نہیں فرق ہے بینائی میں
عیب ہیں عیب ہنرمند ہنر کہتے ہیں

ہدفِ تیرِ نظر دیکھئے کرتے ہیں کسے
دل کبھی دیکھتے ہیں گاہ جگر دیکھتے ہیں
وابستہ تیرے لطف سے ہے میری زندگی
مر جاؤں میں جو چشمِ عنایت ادھر نہ ہو

رمق

رمق نجیب اللہ خاں خورجہ کے رہنے والے اور حضرت فتح خان عم ڈپٹی عبدالعلیم نصراللہ خاں صاحب تذکرۂ گلشنِ ہمیشہ بہار کے عزیز اور شاگرد تھے غدر سے پیشتر کامل ۲۳ برس اُن کے پاس اعظم گڈھ میں بسر اوقات کی۔ ڈپٹی صاحب موصوف الصدر سے تعلقاتِ قلبی تھے۔ عرصہ ہوا انتقال کر گئے، کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے۔

جبکہ دردِ عشق سے رخ زرد سارا ہو گیا
رازِ پنہاں دل کا میرے آشکارا ہو گیا
لختِ دل جب آ کے ٹپکا نوکِ مژگاں پر مرے
دار پر منصور سے اچھا دوبارہ ہو گیا
دیکھنا اُس کا نگاہِ قہر سے عشاق کو
قتل کرنے کا رمق ساماں دوبارا ہو گیا
دل میں ہے اب قُرب میں آئینہ سا پیدا کروں
وہ مجھے دیکھا کرے اور میں اُسے دیکھا کروں
رُخ زرد و دمِ سرد و چشمِ اشک سے تر ہے
واللہ یہ سب تیری محبت کا اثر ہے
دل میرا تر اگھر تھا سو اب غم نے لیا چھین
اے بیخراب تجکو بھی کچھ گھر کی خبر ہے

رنج

رنج خواجہ محمد نصیر محمدی رنج خلف الصدق خواجہ ناصر پرست عرف میر کلو اکبر آبادی مقیم دہلی، آپ خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کے نواسے اور بقول بعض نبیرہ تھے ولادت آپ کی ۱۱۸۹ھ میں ہوئی، چھٹ پن ہی میں حضرت خواجہ میر درد اپنے نانا صاحب سے بیعت ہوئے جب انکی عمر دس بارہ برس کی ہوئی خواجہ میر درد نے وفات پائی اُسوقت سے ہمیشہ اپنے بزرگ پیر کے فراق میں دل شکستہ اور مغموم رہے آپ کو اکثر علوم خصوصاً ریاضیات میں خوب دخل تھا علم موسیقی بھی خوب جانتے تھے اور تال اور لَے سے ایسے واقف تھے کہ بڑے بڑے اُستاد انکے سامنے کان پکڑتے تھے، اور خاک چاٹ کر نام لیتے تھے، اپنے ماموں خواجہ صاحب میر تخلص الم خواجہ میر درد کے فرزند ارجمند کے انتقال کے بعد سجادہ نشین ہوئے۔ ہر مہینے دوسری اور چوبیسویں کو

مجلس بین نوازی کی آپکے رُوبرو ہُوا کرتی تھی، آخر کو دوسری شوال روز یکشنبہ ۱۲۶۱ھ میں آپنے وفات پائی۔ کبھی کبھی آپ شعر بھی کہا کرتے تھے، حکیم مومن خان مومن آپکے داماد تھے اُنھوں نے یہ تاریخ وفات آپکے غم مہاجرت میں موزوں کی تھی۔

شیخ زماں شد زدہر و زپئے سالِ وفات	تاریخ	فکر بلندم رہ جنتِ ماوی گرفت
گفت بہ مومن ملک خواجہ محمد نصیر		در قدم ناصر و در دنکو جا گرفت
خط دیکھکر ادھر تو مرا دم اُلٹ گیا		قاصد اُدھر بدیدۂ پُرنم اُلٹ گیا
اپنا وہ تھا کہ جس سے بیگانہ رہے نا دانی سے		بیگانہ وہ تھا کہ جسکو جانا اپنا۔ کیا قہر کیا
یقین ہو گیا دیکھ کر اُس کا قامت		کہ بیشک قیامت میں دیدار ہو گا
تیرے بن جبتک کہ میرا دم رہا		آہ اور نالہ ہی بس ہمدم رہا
کھڑکی نکال جانبِ دشمن نہ بام پر		کوٹھے چڑھی جو بات کھلی خاص و عام پر
دل یہ جسکے لیئے پہلو میں تپاں رہتا ہے		یوں سُنا ہے کہ اُسے بھی خفقاں رہتا ہے
آنکھ سے آنکھ جب دوچار ہوئی		زندگی تلخ و ناگوار ہوئی

رنج حکیم ضیع الدین شاگرد میرزا غالب مرحوم، قاضی خلیل کی بیاض میں ایک شعر قابلِ انتخاب نظر آیا درج ہُوا، میرٹھ میں اُنکی شاعری کا اچھا چرچا تھا مگر کلام باوجود تلاش نہ ملا۔ رنج

اِک بار اور مسیحا عیادت کو آیئے		اچھی طرح سے ہیں ابھی اچھا ہُوا نہیں

رنج میرزا جان علی نام ابن مرزا تقی بیگ مرحوم کوتوال آگرہ، اور خود بھی محکمۂ پولیس میں ۱۸۷۰ء میں ملازم تھے، فن سخن میں بانکے رائے فرحت سے تلمذ تھا۔ یہ اُنکے کلام کا نمونہ ہے۔ رنج

کہا میں نے کہ میں اکثر مسیحا تم کو سُنتا ہوں	ق	دوا کرتے نہیں تو کس مرض کی تم دوا ٹھیرے
گذارش اُسکی سُنئے دُور سے جو پُوچھنے آئے		سماعت اُسکی کیجے جو کہ بہرا التجا ٹھہرے

تو ہنسکر بولے صحت تمکو رب العالمین بخشے
مرض کیسا مجسّم تم تو الیخولیا ٹھیرے

مروّت چیز کیا ہے ہمتو اک بیدرد قاتل ہیں
ہماری قوم سے باہر ہے جو اہل وفا ٹھیرے

رنج

رنج میر محمد علی صاحب تلمیذ حضرت داغ دہلوی مرحوم نبیرہ میر محمد حسین خان مرحوم قلعہ گولکنڈہ کے برگیڈ میں کیپٹن تھے پھر درجہ بدرجہ ترقی پاکر لفٹنٹ ہوگئے، موزونی طبع کے اقتضا سے شاعری کا بھی شوق عرصہ سے ہے اور خاصہ کہہ لیتے ہیں کوئی خاص بات قابل ذکر انکے کلام میں نہیں۔ چند غزلیں ہم پہنچیں اُنکا انتخاب درج ہے۔

رکھدو مرے مزار میں شیشہ شراب کا
بھاگے گا اُسکی بُو سے فرشتہ عذاب کا

توبہ کہاں کی اور کہاں کا بھی اتقا
آیا جب اپنے سامنے ساغر شراب کا

پھیرے ہے مجھے بیکار ہے لاحاصل ہے
آپکا یہ نہیں ہونے کا پرایا دل ہے

جب کہا غیر سے اپنا نہ کہو نسبت کیجے
ہنسکے فرمایا کہ یہ بات بہت مشکل ہے

ان حسینوں کی جو باتوں میں نہ آیا اے رنج
وہی ہشیار ہے دانا ہے وہی عاقل ہے

دربدر خاک بسر چاک گریباں مضطر
رنج کا حال ذرا دیکھنے کے قابل ہے

سامنے میرے غیر سے شوخی
آنکھ میں تیرے کچھ حیا بھی ہے

وعدہ کرکے جو نہ ہم سے پھرو
کچھ تو دل میں ڈر خدا بھی ہے

قیامت میں ہے یہ کون آنیوالا
کہ جسکو دیکھنے خلقت کھڑی ہے

زمین پر گھس رہا ہے سر جو زاہد
یہاں کمبخت کیا دولت گڑی ہے

یہ بیچینی جو ہے دل ہر گھڑی ہے
مصیبت تجھپہ کیا ایسی پڑی ہے

نہ جائینگے کبھی مرکر بھی یاد رکھ ظالم
مزار ہوگا ہمارا تری گلی ہوگی

اگر دکار ہے تمکو تو لو حاضر مرا دل ہے
تم اپنے پاس رکھو چھیڑ یہ رکھنے کے قابل ہے

وہ اک میں ہوں کہ میری عمر ساری رنج میں گزری
وگرنہ اک زمانہ یا خدا تیرا خوشدل ہے

ترے وعدے پہ ظالم صبر کرنا سخت مشکل ہے
یہ میرا ہی کلیجہ ہے یہ مجھ کمبخت کا دل ہے

مرے پہلو میں تھا جبتک نہ تھی کچھ قدر مجکو بھی
گیا جس روز سے یہاں سے زباں پر اتدن دل کے

رنجور رئیس العلماء مولوی محمد یوسف عظیم آبادی چیف مولوی بورڈ آف اکزامینرز کلکتہ، پٹنہ کے ایک موقر اور باعلم خاندان کے رکن ہونے کے علاوہ خود بھی صاحب جوہر اور باکمال ہیں، زبان پر حیرت انگیز قدرت حاصل ہے اور طبیعت میں شوخی اور مذاق سنجی کا خاص مادہ ہے، پرگو بھی بہت ہیں اکثر رسالوں میں بطرح کلام چھپواتے رہتے ہیں، اخلاقی اور عشقیہ دونوں طرح کے مضامین نظم کرتے ہیں، فن سخن کی استعداد بھی عالمانہ ہے، متانت کے ساتھ جابجا شوخی کا اظہار بھی دل پسند پیرایہ میں کلام میں موجود ہے۔

دشمن نظر بچا کے دبے پاؤں ہٹ گیا
میں اپنے سر پہ کھیل کے مقتل میں ڈٹ گیا

کیا کروں ذکر نوجوانی کا
بھولنا بہتر اس کہانی کا

تاب دیدار یار دیکھ سنبھل
اسکو دعوی ہے لنترانی کا

مجکو تحقیق سے ہوا ثابت
لفظ مہمل ہے شادمانی کا

جھیل لیں جب بلائیں فرقت کی
خوف کیا مرگ ناگہانی کا

شرر عشق نے وہ آگ لگائی دل میں
گھر جلا سامنے اور ہمسے بجھایا نہ گیا

کہتے ہیں دیکھ کے ملک دل ویراں میرا
آجتک کیوں کوئی شہر ہمیں بسایا نہ گیا

زندگی میں تو رفاقت کا بھی بھرتے تھے دم
قبر میں ساتھ کوئی اپنا پرایا نہ گیا

کسکے کام آئیگی پھر تیری مسیحائی یار
کشتہ اپنا ہی اگر تجھ سے جلایا نہ گیا

شوق تھا چلمن اٹھانے کا کہ رہ کا شرم نے
مجھپہ حسن یار آفت ڈھاتے ڈھاتے رہگیا

بولے وہ مجکو مرنے پہ تیار دیکھکر
خوش ہوگئے ابتو عورو کا دیدار دیکھکر

کرتے وہی ہیں راہ ترقی کی جلد طے
چلتے ہیں جو زمانے کی رفتار دیکھکر

کب سے دل میں مرے مہمان بنے بیٹھے ہیں
مجھ سے ابتک مگر انجان بنے بیٹھے ہیں

انتظار اُن کا بعجز لے دل مشتاق نہ کر
وہ کسی اور کے مہمان بنے بیٹھے ہیں

ہر ادا اُنکی مری جان لئے لیتی ہے
گو وہ ظاہر میں مری جان بنے بیٹھے ہیں

دل میں تو حضرتِ رنجور کے ہے عشقِ بتاں
گو یہ ظاہر میں مسلمان بنے بیٹھے ہیں

کیوں ہم تری تلاش کو دیر و حرم میں جائیں
وہ کونسا مکان ہے جہاں تو نہیں

کیا حور کی تلاش میں آتا ہے روز ادھر؟
زاہد یہ کوئے یار ہے خلد بریں نہیں

اے دل سمجھ کے کوچۂ دل بر کا قصد کر
واقع میں ہے وہ چرخِ ستمگر زمیں نہیں

کچھ لامکاں میں گھر تو نہیں ہے رقیب کا
پوچھا کہاں گئے تو وہ بولے کہیں نہیں

رنجور حالِ دل بتِ کافر سے کیا کہوں
کہتا ہے تیری بات کا مجکو یقیں نہیں

آپ اِس وقت اگر غیر کے گھر جاتے ہیں
ہم بھی اب کرتے ہیں دنیا سے سفر جاتے ہیں

شیخ جی پوچھتے کیوں ہیں کہ کدھر جاتے ہیں
ہم بھی جاتے ہیں اُدھر آپ جدھر جاتے ہیں

شیخ جی! حوروں کے مسکن کی تو یہ راہ نہیں
کوچۂ یار ہے یہ آپ کدھر جاتے ہیں

ایسے وعدوں سے ہو کیا خاک میرے دل کو خوشی
وعدہ کرتے تو ہیں پھر کر کے مکر جاتے ہیں

شیخ دوزخ سے ڈرانے کی ضرورت کیا ہے
ہمتو صورت ہی تری دیکھ کے ڈر جاتے ہیں

کوئے دلدار میں کچھ ایسی کشش ہے ناصح
لاکھ چاہیں نہ وہاں جائیں مگر جاتے ہیں

یوں ایک دو سے کاہے ہمارو ہجر میں
دل میرا غمگسار تو میں دلکا یار ہوں

گمراہانِ قوم کے کیا خاک ہوگے راہبر
خود چلو اے واعظو تم راہ پر اتنا تو ہو

سامنے تیرے اگر وہ پیاری صورت آئیگی
پھر نہ واعظ تجکو یادِ حورِ جنت آئیگی

اُس بلائے جاں کی اُلفت میں کہاں حبِ نصیب
ایک آفت جائیگی تو ایک آفت آئیگی

میں وہ وحشی ہوں کہ آئے روبرو مجنوں اگر
میری صورت دیکھکر اُسکو بھی وحشت آئیگی

کھو کے اُمیدوں کو اے یاس تجھے پایا ہے
تو بتا نا کہ غنیمت ہی تری ذات مجھے

بیاں کیا ہو سکے رتبہ مرے دلکا کہاں تک ہے
یہ ہے عرشِ خدا اسکی بلندی لامکاں تک ہے

ستم اُس بانیٔ بیداد کا مجھپر یہاں تک ہے
کہ اُسکو دیکھ کر چکر میں ظالم آسمان تک ہے

مُبارک ہو تمھاری خانقاہ اے شیخ جی تمکو
رسائی ہمسے رندوں کی در پیرِ مغاں تک ہے

بہت تحقیق پر میں نے اگر پایا تو یہ پایا
وجودِ دوستی گر ہے تو یا دُنیا کی زباں تک ہے

تجھے کیا واسطہ شوقِ حصولِ قربتِ حق سے
تری پرواز اے واعظ فقط حورِ جناں تک ہے

کروں کس مُنہ سے یارب شکوہ تیری مہربانی کا
کہ مجھپر مہرباں اب وہ بُتِ نامہرباں تک ہے

معطّر ہے دماغ حضرتِ رنجور مرقد میں
کہاں کھوئے ہیں گیسو یار نے خوشبو کہاں تک ہے

مدح گوئی کا صلہ دشنام ہے
واہ کیا سرکار کیا انعام ہے

اب کہاں وہ نامہ پیغام ہے
دوستی باقی برائے نام ہے

تھی خطا میری کہ میں نے دل دیا
آپ کا بیشک بجا الزام ہے

اُنکے بھولے پن کے صدقے جایئے
کہتے ہیں مجھ سے تمھیں کیا کام ہے

پُوچھتے ہیں آکے میری قبر پر
اب تو تم کو ہر طرح آرام ہے

اُن سے اے رنجور اُمیدِ وفا
کس طرف تیرا خیالِ خام ہے

پر یو تمھارا قافلہ ہے اب کس شمار میں
یورپ میں ہر طرف ہیں پرستاں نئے نئے

کس کو غرض دھرم سے کسے کام دین سے
ہندو نئے نئے ہیں مسلماں نئے نئے

پڑھتے ہیں سب بجائے غزل کے بلینک ورس
اب ہیں مشاعروں میں غزلخواں نئے نئے

ماں باپ کا ادب ہے نہ اُستاد کا لحاظ
پڑھتے سبق ہیں طفلِ دبستاں نئے نئے

کیوں بیخ و بُن سے اُکھڑے نہ وضعِ قدیم شرق
آتے ہیں سمتِ غرب سے طوفاں نئے نئے

مطرب نیا ہے یار نیا مے بھی ہو نئی
عیش و طرب کے ہیں سبھی ساماں نئے نئے

گناہ دھونے کو یہ التزام کرلیں گے
وضو شراب سے ہم صبح و شام کرلینگے

نمازِ شیخ ریائی کے پیچھے ہے مکروہ
ہم اپنے پیرِ مغاں کو امام کرلینگے

بتوں کے عشق میں واعظ مضایقہ کیا ہے
خدا خدا نہ سہی رام رام کرلیں گے

کبھی یہ حضرتِ دل چین سے نہ بیٹھیں گے
ہمارا کام نہ جبتک تمام کرلیں گے

میری تُربت پہ وہ آتے ہی ہوا اشک فشاں
دیکھ کر خاک مری ہو گیا پتھر پانی
جبکہ نیت پہ ہے اے شیخ مدار اعمال
پی بھی لے اے کہیں کمبخت سمجھکر پانی

کیوں کہوں یہ مکان میرا ہے
رات بھر کا فقط بسیرا ہے
چاندنی رات میں اندھیرا ہے
کہ جُدا مجھ سے ماہ میرا ہے

سوال وصل کا گر وہ نہ دیں جواب نہیں
سکوت سے بھی تو آدھی رضا نکلتی ہے

ادا، ناز، انداز، شوخی، کرشمہ
حسینوں کو آتے ہیں فن کیسے کیسے

وصف لکھتا ہوں اُس پیر و کا
شعر میرا ہری نہ ہو جائے
غیر میری بدی کے درپے ہے
یہ مری بہتری نہ ہو جائے
وہ عیادت کو آتے ہیں رنجور
دلدہی دلبری نہ ہو جائے

شنائیں کیونکہ اُسے رحلتِ عدو کی خبر
نہ جانیں سُن کے وہ کیا اپنا حال کر بیٹھے
کچھ نہ پوچھو حال مستانِ شرابِ عشق کا
جھوم کر جس وقت آتی ہے گھٹا برسات کی
آسماں پر جابجا ہیں کالی کالی بدلیاں
یا یہ ہے بکھری ہوئی زلفِ رسا برسات کی
بدلیوں کا گھر کے آنا۔ بجلیوں کا کوندنا
کیا ہی دل آویز ہے ہر اک ادا برسات کی
شیخ! کیوں تیرے تقدس پہ ہم ایماں لائیں
وحی کیا آئی ہے یہ عرشِ بریں سے کوئی
آنے والا ہے عیادت کو وہ رشکِ عیسیٰ
مژدہ کہہ آئے یہ رنجورِ حزیں سے کوئی

رند۔ لالہ کھیم نرائن رند لکھنوی نبیرۂ راجہ لچھمی نرائن امیر عہد عالمگیر ثانی طب میں معقول دستگاہ رکھتے اور مہاراجہ ٹکیت رائے دیوان آصف الدولہ کی رفاقت میں بسر اوقات کرتے تھے، فارسی شعر بیشتر کہتے تھے، آخر عمر میں کلکتہ جا رہے تھے اور ہوگلی میں مکان بنا لیا تھا، مولوی حفیظ الدین شہید انکے نامور شاگرد تھے۔

نالۂ طنبور و چنگ اے اہلِ غفلت تم سنو!
گوش نہ ہوتی ہے ہر دم یہ نصیحت ساز سے
ہے سزا اُسکی کہ روز و شب وہ پائے گو شمال
راز دل بے پردہ جو کہدے بلند آواز سے

رند

رند مہربان خان از ملازمان نواب احمد خان نگبش فرخ آبادی، شوق لکھتے ہیں کہ جوان قابل قدر دان اہل دل، دوستدار انسان اور طبیعت انکی علم موسیقی کی طرف ازحد مائل تھی، مرزا رفیع السودا اور سوز کے شاگردوں میں سے تھے طبیعت موزوں اور مناسب پائی تھی بقول شوق ایک دیوان ضخیم پچاس ہزار اشعار کا ترتیب دیا تھا، کچھ دنوں نواب افراسیاب خاں کی سرکار میں بھی متوسل رہے، مرزا رفیع السودا نے انکی تعریف میں قصیدے لکھے ہیں، شرف الدین احمد لکھتے ہیں کہ باوجود بے علمی شعر خوب کہتا تھا اور اکثر تپہ انکے بنائے ہوئے لوگ گاتے پھرتے تھے، یہ چند شعر انکے ملے ہیں۔ درج تذکرہ کئے جاتے ہیں ✣

رات کو اُمید ہے کچھ دن کو ہو جاتا ہے کچھ — کیا کروں شکوہ الٰہی گردش افلاک کا
بے وطن، بے رفیق، بے اسباب — کون ایسا غریب ہووے گا
ترستے ہی چلے دُنیا سے ہم او بیوفا ظالم — نہ دیکھا مرتے مرتے آخری دیدار یا قسمت
کبھی جو رُوبرو جاتا ہوں تو کہتا ہے جھنجھلا کر — پرے ہو سامنے سے سُن بلے وفیرا دی صورت
غنیمت ہے جس ڈھب کٹے زندگانی — کہاں دن کہاں غم، کہاں یار جانی
یارب کہیں سے گرمیٔ بازار بھیجدے — دل بیچتے ہیں کوئی خریدار بھیجدے

ہمکو نہ کچھ سیم نہ زر چاہیئے — لُطف کی اک تیری نظر چاہیئے
مجکو صدقے تو بار ہوئیے — آپ پر سے نثار ہوئیے

نوٹ چند شعر اُنکے دیوان میں دیکھے گئے جن کی نسبت میر سوز کہتے ہیں کہ یہ اُنکا کلام ہے اور بعض میرزا رفیع السودا سے منسوب کرتے ہیں واللہ اعلم وہ اشعار یہ ہیں۔

مبارکباد دو ہمکو کہ پیغام بہار آیا ✣ — جنوں نے پھر سنایا پاؤں اب پڑنے کو خار آیا
جس کا تجھ سا رقیب ہووے گا — اُس کا عالم رقیب ہووے گا
سبھی ہیں ولے لیجانیکی باتیں — سمجھتا ہوں یہ پھسلانے کی باتیں

کٹ پس کے پائے یار سے کیا لگ چلی حنا — صد آفریں یہ کام جو یوں دست بستہ ہو
بھاگ اِن بروہ فروشوں سے کہا نکے بھائی — بیچ کھاتے ہیں جو یوسف سا برادر ہووے

میرے سینہ کا داغ روشن ہے
تیرے گھر کا چراغ روشن ہے

دلکا گھبرانا کہوں یا کہ قفس کی تنگی
دیکھئے کیا کرے صیاد قفس کی تنگی
ہے یہی میری جان کا دشمن
رند اس دل کو خوار ہونے دے

رند

رند۔ پنڈت گنگا پرشاد کشمیری لکھنوی، خلف پنڈت بشن چند۔ جوان۔ خوشرو و خجستہ خو، مشرب رندانہ رکھتے تھے، سررشتہ دار عدالتِ آگرہ رہکر تحصیلدار و افسر پولیس مقرر ہوئے اور ایک عرصہ تک میرٹھ، بریلی، بجنور، فرخ آباد، آگرہ اور متھرا میں بسلسلۂ ملازمت اقامت پذیر رہے گلشن ہمیشہ بہار میں لکھا ہے کہ نظیر الدین حسین شائق سے اصلاحِ سخن لیتے تھے اور مصنف کے بلا تکلف دوست تھے، بقول شیفتہ جرأت کے شاگرد تھے مگر یہ بات غلط ہے، ڈپٹی عبد العلیم آگہی عنائی جامہ زیبی، خوش خلقی، رنگین مزاجی، ہر دلعزیزی۔ رندانہ منشی۔ شگفتہ طبعی کی بیحد تعریف کرتے ہیں۔ اور فی الحقیقت انکی طبیعت کا رنگ کلام سے اچھی طرح ظاہر ہے، زبان بہت صاف شیریں، روزمرّہ پاکیزہ۔ محاورات کا استعمال بہت مناسب طریقہ سے کرتے ہیں، مضامین میں تازگی اور خیالات میں جدّت اور نفاست انکا حصّہ ہے۔

سیلِ خوں تھا جو بہا آنکھوں سے
تم نے دلکو نہ جگر کو دیکھا
دیکھ! پھر ہمکو نہ دیکھے گا تُو
یار جو تو نے اُدھر کو دیکھا
حُسن پریوں کا سُنا کرتے ہیں
عشق دیکھا تو بشر میں دیکھا
نہ تو کی نالۂ شب نے تاثیر
نہ اثر آہِ سحر میں دیکھا

اب تو چارہ کوئی باقی نہیں بے چاروں کا
آخری وقت ہے پیارے ترے بیماروں کا

دُنیا میں نہ ہو شیفتہ انسان کسی کا
دل ہاتھ سے جاوے نہ مریجان کسی کا
عشاق تو جل جل کے ہوئے سرو چراغاں
پروہ نہ ہُوا شمع شبستان کسی کا

جلاتی ہے تپِ عشق آہ جیتے جی بدن میرا
موئے پر یا الٰہی کب یہ چھوڑیگی کفن میرا
مِل چکا میں خاک میں اور دل میں ہے تیرے غبار
جان! مجھ سے اس قدر کینے مکدّر کر دیا

یہ دل پھر ان دنوں وحشت میں آیا — نہیں تدبیر کچھ چلتی خدایا
سو بار میں اُس کو چھیں جا شور کر آیا — یہ بھی نہ کہا اُسنے کہاں تھا کدھر آیا
وہ رشکِ قمر رات جو خود میرے گھر آیا — شاید مرے نالوں میں ہے اب کچھ اثر آیا
کیا خاک توقع ہو بھلا زیست کی یارو — جب شک کے ساتھ آنکھوں سے لختِ جگر آیا
سچ ہے کہ جو آنبتی ہے جی پر تو عزیزو — سُوجھے ہے پھر اُس وقت نہ اپنا نہ پرایا
دم رُکنے لگا ہچکیاں چھٹیں بیٹھ گئے دانت — پتھر بھی وہ بے رحم نہ لینے خبر آیا
مارا مجھے ترسا کے جو بے ترس خدا یوں — کیا ہاتھ ترے او بتِ بیداد گر آیا
یہ حال ہے میرا کہ تڑپتا ہوں شب و روز — بے مہری پہ جب سے کہ وہ رشکِ قمر آیا
دل ہُوا خوں اور جگر بھُن کر کباب — ہت ترے عشق کا خانہ خراب
فصلِ گل ہے اور ہنگامِ شباب — ہاں مغنی نغمۂ چنگ و رباب
جُرعۂ مے حضرتِ پیرِ مغاں — اب تو اب اِس میں ہو صاحب یا عذاب
فصلِ گل میں منع مے کرتے ہو شیخ — ہے خطا پر آپ کی رائے صواب
دیکھ اِس بحرِ فنا میں آنکھ کھول! — زندِ چشمک بُلبلہ کرتا ہے حباب
روتا ہوں چُپکے چُپکے آتا ہے یاد جب دم — وہ دیکھنا کسی کا آنکھیں چُرا چُرا کر
تجھے جسنے دیکھا نگارا زمیں پر — کہے ہے کہ اُترا ہے تارا زمیں پر
کوئی پھُول گلشن میں تجھ سا نہ پھُولا — ہوا جیسے تو آشکارا زمیں پر
تری راہ میں فرش ہیں دیدہ و دل — نہ رکھ پاؤں پیارے خدارا زمیں پر
زمانہ میں تیرا یہ شہرہ ہے پیارے — کہ آیا دوبارہ مسیحا زمیں پر

جی میں آوے ترے مِل خواہ تو مت مِل آکر — پر وفاداروں کے مٹتے ہیں کہیں دل آکر

مانتے ہو گر مرے معشوق کہنے سے بُرا — ہم تمھیں مشہور اپنا چاہنے والا کریں
آپ جب غیروں سے ہنس ہنس کے لپٹ جایا کریں — روتے روتے کیوں نہ پھر آنکھیں مری آیا کریں

آنکھ مجلس میں لڑایا مت کرو ہر ایک سے
تم ہمیں دیکھا کرو اور ہم تمھیں دیکھا کریں

جاویں گر کوچے میں اُسکے تو یہی بدنامی کا ڈر
اور نجاویں واں تو کب تک ہجر میں تڑپا کریں

سخت مشکل ہے غرض کچھ بن نہیں آتی ہے بات
یوں کریں تو کیا کریں اور ووں کریں تو کیا کریں

ق

ہم اٹھ تو چلے تری گلی سے
لیکن دلِ زار ناتواں کو

قطعہ

پھر دیکھئے آہ اپنی تقدیر
لیجاتی ہے یہ کہاں کہاں کو

بزم خوباں کو جو ساتھ اُنکے لگا میں چلنے
تو لگے کہنے طبیعت کہیں آئی ہوگی

خیر چلنے کو تو چل پر یہ ذرا رکھیو یاد
گر کہیں آنکھ لڑائی تو لڑائی ہوگی

بدن ہے یا سمن یا نسترن ہے
الٰہی قد ہے یا سرو چمن ہے

خیالِ زلف میں رہنا پریشاں
ارے دل یہ ترا دیوانہ پن ہے

جہاں وہ گلبدن ہو جلوہ فرما
اگر بن ہے تو پھر وہ بھی چمن ہے

دمبدم لب پہ آہ جاری ہے
بیقراری سی بیقراری ہے

جو وہ گلرو نہیں چمن میں تو اب
بوئے گل سے دماغ بھاری ہے

دل کسی قدرداں کو دیجئے رند
اب اگر زندگی ہماری ہے

دکھانا ہے تو آ صورت دکھا بہر خدا پیارے
کہ ہے مہماں کوئی دم کا اب عاشق ترا پیارے

کیا ہے وعدہ یاں آنیکا وعدہ شاید آجائے
دلا ٹک صبر کر بھائی نہ اتنا تلملا پیارے

ہمیں تو بارہا یاں تک نہو اور خیر ہم صحبت
تری تقصیر کیا یہ وقت کا ہے مقتضا پیارے

عبث کیوں چھیڑتا ہے سامنے غیر کے تو مجکو
بُرے ہیں یا بھلے ہیں پر ترے ہیں مبتلا پیارے

وہی فریاد ہے وہی آہ ہے وہی نالہ
خدا کے فضل سے اپنا جو حال ہے سو ہے

نکالا کبھی نہ گھر سے وہ ہمدم درد تیرا
چوکھٹ سے اُسکی مرگئے سر مارکے

کئے زخم جگر کے ہائے درماں کتنے ہی ہمنے
گئے آخر کو مرہم پر نہ کی تاثیر مرہم نے

کاش وہ ترکِ خطا کا کل پیچاں باندھے
بے خطا جاتے ہیں رند گبر و مسلمان باندھے

بھلا وحشت نہ کیونکر فصلِ گل میں دلکو ہو آرند
لئے بادِ بہاری ہاتھ میں زنجیر پھرتی ہے

خدا کے واسطے تو دل کسی سے مت لگا پیارے
بگڑ جاویگی یہ صورت بھلی چنگی سنا پیارے

تمھیں کیا عشق کرنا زیب دیتا تھا بھلا پیارے
نہیں مٹتا ہے یہ تو سچ ہے قسمت کا لکھا پیارے

لگا کیا روگ تمکو سچ کہو بہرِ خدا پیارے
وگرنہ ان دنوں کیوں مضمحل ہو تم بھلا پیارے

رواں ہیں لخت دل آنکھوں سے اور چہرہ زرد ہے
یہ ہے کیا رنگ ہے ہے اور یہ کیا گل کھلا پیارے

ہوئی کیا ہائے وہ گرمی وہ شوخی اور وہ چالاکی
یہ کس کے غم میں حال ایسا تمھارا ہو گیا پیارے

گریباں چاک سر پر خاک لب خشک اور آنکھیں تر
زباں پر آہ اور دل یوں رہا ہے مبتلا پیارے

خدا حافظ ابھی سے ہے اگر یہ عشق کی گرمی
تو جلدی حال ہوگا رند کا سا آپ کا پیارے

عشق تو وہ بد بلا ہے یہاں کہ غارت ہو گیا
قیس تیرے ہاتھ سے فرہاد تیرے ہاتھ سے

دیکھ کر تصویر ہی لاچار ہم بہلا ئیں جی
کھچ سکے شکل اُسکی گر بہزاد تیرے ہاتھ سے

اے خراک اللہ مدت بعد سنتے ہیں کہ رند
پھر ہوا ہے دشت قیس آباد تیرے ہاتھ سے

رند نواب احمد علی خاں بہادر رند والی رامپور ۱۲۴۸ھ میں پیدا ہوئے برس زندہ رہکر اور سینتالیس ۴۷ سال حکومت کرنے کے بعد انتقال کیا، ریاست انکے عہد میں بالکل تباہ ہو گئی تھی، انتظام و کاروبار ریاست کی طرف سے بالکل بے خبر رہتے تھے، امیرانہ عیش و نشاط سے زندگی بسر کرنا ہی اپنا اُصول سمجھتے تھے انکے چچازاد بھائی نواب محمد سعید خاں جو اُس زمانے میں دہلی میں ڈپٹی تھے اور نواب کلب علیخاں کے دادا انکے جانشین ہوئے، یہ چند شعر انکے ہیں۔

قطعہ

سیر کو جب چمن کی جاتا ہے
باغ پھولا نہیں سماتا ہے

مہر ہو یا کہ بے وفائی ہو
رند اس در سے کوئی جاتا ہے

حشر کو جب حساب مانگیں گے
للاماں شیخ و شاب مانگیں گے

اپنے ساقی لا اُبالی سے
رند وہاں بھی شراب مانگیں گے

رند منشی اکرام الدین دہلوی رند برادر ماموں زاد مولوی عبد الکریم سوز خلف مولوی امام بخش

صہبائی۔ اپنے بھائی کے شاگرد اور علم طب میں بھی دخل رکھتے تھے ایام غدر میں جوان قضا کر گئے منتخب کلام درج ذیل ہے۔

تری زلف بکھری بکھری جو ندیکھتے کبھی ہم	تو نہ ہوتے یوں پریشاں نہ یہ حال زار ہوتا
مرے نام سے ہے ظاہر مرا حال میکشی کا	مجھے رند کون کہتا جو نہ بادہ خوار ہوتا

تُو نے جلا جلا کے ہمیں خاک کر دیا	اور خاک ہو گئے تو صبا نے اُڑا دیا
تو نے ہماری یاد کو خاطر سے اپنی ہائے	حرفِ غلط کی طرح سے ظالم مٹا دیا
ہمپر تو التفات نہ تھی لیک بزم میں	ساقی نے زندجان کے ساغر پلا دیا
کارگر دل میں یُوں ہوئے مژگاں	جس طرح ناوکِ قضا بیٹھے
دِل میں آنا ترے نہیں مشکل	ہو گئے جب غبار آ بیٹھے

رند

رند۔ نواب سید محمد خان خلف الرشید نواب سراج الدولہ غیاث محمد خان نیبتا پوری جو نواب سعادت خاں برہان الملک صوبہ دار اودہ کے حقیقی بھانجے تھے بعہد آصف الدولہ بہادر ۱۱ ربیع الاول ۱۲۱۲ھ کو جمعہ کے دن بمقام فیض آباد پیدا ہوئے۔ چونکہ انکی دادی نواب سعادت خان برہان الملک کی حقیقی بہن تھیں خاندان شاہی سے قریبی تعلق تھا۔ اور ۲۸ سال تک زیر نگرانی جناب امۃ الزہرا بیگم عرف بہو بیگم زوجۂ نواب شجاع الدولہ مرحوم محلات شاہی میں بناز و نعمت پرورش پائی۔ جب تک فیض آباد میں مقیم رہے میر مستحسن خلیق سے جنکی صفت صرف اسقدر کافی ہے کہ وہ میر انیس کے والد بزرگوار اور اُستاد تھے۔ اصلاح لیا کرتے تھے اور اس زمانہ میں وفا تخلص کرتے تھے ایک دیوان بھی مرتب کر لیا تھا۔ جب بہو بیگم صاحبہ جنّت نصیب ہوئیں اور استاد موصوف بھی فیض آباد سے فرخ آباد چلے گئے تو یہ رجب ۱۲۴۰ھ میں لکھنؤ آئے افسوس یہ دارالسلطنت بھی علم و فضل کا مخزن، شاعری و نثاری کا معدن زبان و محاورات و فصاحت و بلاغت کی ٹکسال تھا۔ اس باکمال عہد میں فن شاعری میں کامل ہو جانا ہر شخص کے لیے ایک ادنی توجہ سے ممکن تھا، نہ کہ رند جیسے ذہین، طباع، نکتہ رس، عاشق مزاج کے لیے جو وارد لکھنؤ

ہونے سے قبل ہی اپنے ہمچشموں سے کچھ بہت نیچے نہ تھا، یہاں آکر آتش کے زمرۂ حلقہ بگوشان میں داخل ہوگئے، اور سابقہ کلام تمام وکمال تلف کر دیا۔

اِن کی شاگردی رند کے لیئے تو باعثِ شرف ضرور تھی لیکن آتش کے لیئے بھی یہ کچھ کم باعثِ فخر نہ تھا کہ رند کا سا طباع اور فادر الکلام اُستاد اُس کا شاگرد ہوا۔ آتش کے تلامذہ میں علاوہ رند کے خلیل۔ صبا اور نسیم نے بھی بہت شہرت پائی اور اُستاد کا نام خوب روشن کیا۔ لیکن باغِ خلیل پر قبل از وقت خزاں آگئی۔ صبا کا کیا ٹھکانا۔ نکتہ چین کہتے ہیں کہ ہوا کا ایک جھونکا تھا جو ادھر آیا اُدھر گیا۔ نسیم نے البتہ بقائے دوام کا خلعت پایا مگر وہ صرف گلزار کی بدولت لکھنؤ کے بعض سن رسیدہ بزرگوں سے سُنا کہ خلیل جنّاً صبا رند سے بہتر اور افضل تھے۔

محاورات روزمرّہ، شوخی وطراری، فصاحت وسادگی، تاثیر اور معنی آفرینی کے جوہر کو قسّامِ ازل نے رند میں خاص طور پر ودیعت رکھا تھا۔ معاملات راز ونیاز میں کوئی جگ بیتی کہتا ہوگا مگر رند آپ بیتی کہتا تھا۔ اِن کا مجموعۂ غزلیات اُن تمام رندانہ، عاشقانہ مضامین کا گنجینہ ہے جو ایک مہذب زبان کے دلکش لفظوں میں ہونا چاہیئے۔ باایں ہمہ درد وغم، تصوف ومعرفت، تربیت واخلاق حکیمانہ وفلسفیانہ رنگ کی چاشنی انکے کلام میں موجود ہے، علاوہ ازیں انکی غزلیات میں ایک عجیب بات یہ ہے کہ وہ کبھی تو میر وسودا کے مقابل آتے ہیں کبھی باندازِ جرأت ومصحفی ترنّم ہوتے ہیں یا مومن وغالب کا طرزِ بیان اختیار کرتے ہیں اور کبھی نواب مرزا شوق کی زبان بولنے لگتے ہیں۔ کلّیات رند جو اس وقت رائج ہے اُس میں ایک تو دیوان گلدستۂ عشق ہے جس کو ۱۲۵۰ھ ہجری میں شاعر نے خود مرتب کیا تھا اور دوسرا دیوان غیر مکمل ہے جو غالباً بعد کو ترتیب دیا گیا، رند نے اس منزل کو کامیابی کے ساتھ طے کرکے ثابت کر دیا کہ وہ اگرچہ اودھ کا ایک نواب زادہ ہے لیکن اُسکی نظر صرف معاملاتِ دنیا اور معشوقانِ بازاری کے ناز وانداز ہی کی طرف نہیں ہے بلکہ وہ نیچر کے ہر ایک حُسن اور دلکشی سے بہرہ اندوز ہوتا اور اُس سے ایک مفید سبق حاصل کرتا ہے اور دوسروں کو مستفیض کرتا ہے۔

رند کی پرائیوٹ زندگی کی بابت یہی لکھنا کافی ہے کہ لکھنؤ کا ایک نوجوان حسین، عاشق مزاج اور دولتمند رئیس زادہ بادشاہ نصیر الدین حیدر کے عہد میں جس چال ڈھال کا ہو سکتا تھا ویسے ہی حضرتِ رند بھی تھے مگر "محتسب را درون خانہ چہ کار" وہ آخر عمر میں تمام معاصی، ملاہی اور منہیات سے تائب ہو گئے بلکہ اُستاد کے مرنے کے بعد شاعری بھی رفتہ رفتہ بالکل ترک کر دی، دربار اودھ کی سازشوں اور فتنہ پردازیوں سے برداشتہ خاطر ہو کر غدر سے کچھ دنوں قبل ہجرت کی نیت کی اور بغرضِ حج و زیارت کربلا و نجف اپنے عزیز وطن اور پیارے اختر نگر (لکھنؤ) کو ہمیشہ کے لیئے الوداع کی اور نظم اُردو نے بڑی حسرت و بیکسی سے اُنکو یہ کہکر رخصت کیا کہ (ع) تم آپ چلے مجکو کیا کس کے حوالے" انسان کیا چاہتا ہے اور کیا ہوتا ہے۔ چونکہ حج و زیارت کی سعادت اُنکی قسمت میں نہ تھی اِس لیئے بمبئی میں پہنچتے ہی بیمار ہو گئے، اول تو پیرانہ سالی اُس پر شدتِ مرض تاب و طاقت نے جواب دیا اور چارپائی پر ایسا گرایا کہ چارپی کے کاندھے پر اُٹھے۔

نوگرفتاری میں چندے یاد گلشن کی رہی	اب قفس سے چھوٹ کے گھر یاد آئیگا صیاد کا
ضبط کرتے کرتے مرغانِ قفس تنگ آئے ہیں	اب رہائی اُنکی ہو یا حکم ہو فریاد کا
صیاد تیرے دام سے آساں تھا چھوٹنا	مشکل یہ ہے کہ تجھ سے مرا دل اٹک گیا
مطلب میں صفا ہو یہ تکلف ہے زباں کا	دقت ہوئی معنی میں تو کیا لطف بیاں کا
مے پیکے جواں دیتے ہیں ساقی کو دعائیں	تا دورِ فلک دور رہے پیرِ مغاں کا
ہو گیا آبِ دمِ تیغ سے بسمل ٹھنڈا	کیوں؟ ہُوا تو کلیجہ ترا قاتل ٹھنڈا
ہُوا کیا چاہ سے حاصل نچا ہو گے تو کیا ہو گا	کیا یہ کچھ محبت میں خفا ہو گے تو کیا ہو گا
ٹوٹے بُت، مسجد بنی، مسمار تنخانہ ہوا	جب تو اک صورت بھی تھی اب صاف ویرانہ ہُوا
زلفیں چھوڑی ہیں کہ چھوڑا اُنسے جوڑا سانپ کا	دیکھئے کس کس کو ڈستا ہے یہ جوڑا سانپ کا
دونوں زلفیں یار کی ملتی ہیں نالوں پر مرے	وجد کرتا ہے صدائے نے پہ جوڑا سانپ کا

پائی جب جوآمدِ فصلِ بہار کی
کیا پھڑپھڑا کے مُرغ گرفتار رہگیا

پھینک دونگا میں لے کے چیر کے پہلو اپنا
تجھپہ قابو نہیں دلپہ تو ہے قابو اپنا

کب مٹا عشق کا نشاں دل سے
زخم اچھا ہُوا تو داغ رہا

نازِ بیجا اُٹھائیے کس کے
اب نہ وہ دل نہ وہ دماغ رہا

مُسافر تھے عدم کے سیر کرنے یاں بھی آئے تھے
رہے یاں جبتلک قسمت میں یا نکا آب و انہ تھا

میں بھلا کیونکر کہوں تم کو بُرا
آپنے جو کچھ کیا اچھا کیا

عشق میں حالِ جہاں نوعِ دگر ہونے لگا
اے پری دیوانہ تجھپر ہر بشر ہونے لگا

بُتانِ سنگدل سے بے سبب کیوں دل لگا بیٹھے
یہ شیشہ دیدۂ و دانستہ کیوں پتھر پہ دے پٹکا

خاک چھنوائی اُس کے کوچے کی
بیٹھے بٹھلائے دِل اُٹھا لایا

تابِ نظارۂ دیدار نہ لاؤ گے کلیم
پردے پڑجائینگے آنکھوں پہ جو پردہ اُٹھا

ضعف اے کہتے ہیں سینے سے لبوتک آتے
سو جگہ راہ میں نالہ مرا بیٹھا اُٹھا

بن پڑا کچھ نہ علاجِ تپِ فرقت اِس سے
ہاتھ ملکر مری بالیں سے مسیحا اُٹھا

حور پر آنکھ نہ ڈالے کبھی شیدا تیرا
سب سے بیگانہ ہے لے دوست شناسا تیرا

کوہ فرہاد سے مجنوں سے بیاباں جیتا
وحشتِ دل ترے اقبال سے میدان جیتا

چلکے اب عرض کرو حضرتِ آتش سے رند
معرکہ آپکا یہ طفلِ دبستان جیتا

کھلی ہی کنجِ قفس میں مری زبان صیاد
میں باجرائے چمن کیا کروں بیان صیاد

دکھایا کنجِ قفس مجھکو آب و دانے نے
وگرنہ دام کہاں ہیں کہاں کہاں صیاد

اُداس دیکھ کے مجکو چمن دکھاتا ہے
بہت دنوں میں ہوا ہے مزاجداں صیاد

پروں کو کھولدے ظالم جو بند کرتا ہے
قفس کو لیکے میں اُڑجاؤنگا کہاں صیاد

الٰہی دیکھئے کیونکر نباہ ہوتا ہے
زباں دراز ہوں میں اور بدزبان صیاد

پھر لہو سرخ ہوا جسم میں کالا ہوکر
رہگیا اپکے برس بھی مجھے سودا ہوکر

اگر ئی کا ہے گماں شک ہے ملاگیری کا
رنگ لایا ہے ڈوپٹہ ترا میلا ہو کر

جب پیا پانی دعا ساقی کو دی
ہچکی آئی تو کہا یاد شیخ بخیر

عاشق صادق ہے تیرا رند دل اسکا نہ توڑ
شیشہ بن سکتا ہے دل بنتا نہیں پھر ٹوٹ کر

تو بھی چل اپنے ذرا طالب دیدار کے پاس
سب عیادت کے لیئے جاتے ہیں بیمار کے پاس

آ عندلیب مل کے کریں آہ و زاریاں
تو ہائے گل پکار میں چلاؤں ہائے دل

دیدۂ گل کے تجھے پڑ جائینگے لالے بلبل
پڑ گئی گر کسی صیاد کے پالے بلبل

پھر وہی کنج قفس ہے وہی صیاد کا گھر
چار دن اور رہو باغ کی کھالے بلبل

اسکو آزردہ کریں کس لیئے فریاد سے ہم
ہمسے صیاد رضامند ہے صیاد سے ہم

تیلیاں ٹوٹیں قفس کی جو ابھی پر ماریں
رشتہ برپا ہیں فقط الفت صیاد سے ہم

دلکو پھر کاکل میں الجھاتے ہیں ہم
سر پہ پھر روز سیاہ لاتے ہیں ہم

اے اجل آ چک خدا کے واسطے
زندگی سے اب تو گھبراتے ہیں ہم

کل کہہ آئے تھے نہ آوینگے کبھی
بن بلائے آج پھر جاتے ہیں ہم

ہمپہ بہتاں اور کی الفت کا ہے
لے ترے سر کی قسم کھاتے ہیں ہم

رند جب ملتے ہیں وہ تنہا کبھی
دوڑ کر اُنسے لپٹ جاتے ہیں ہم

مسکرا کر کہتے ہیں وہ ناز سے
بس انھیں باتوں سے گھبراتے ہیں ہم

ق

تمہارے ہاتھ سے تنگ آئے ہیں جون اپنا کرتے ہیں
بجبوری گلے کو کاٹتے ہیں تم پہ مرتے ہیں

مرو خود جائے فرض سیم و زر قربان ہوتے ہیں
نظر انکو ہوئی ہے رات دن صدقے اترتے ہیں

عاشق کی اور فقیر کی صورت سوال ہے
مطلب سمجھ لیں آپ تو روشن ضمیر ہیں

معشوق جتنے زمانے میں ہیں سب عیار ہیں
آشنا اپنی غرض کے ہیں یہ کس کے یار ہیں

گلے لگائیں، بلائیں لیں، تم کو پیار کریں
جو بات مانو، تو منت ہزار بار کریں

ڈھونڈھ لینگے تجھے بہتیرے ستمگر سیکڑوں
دل سلامت ہے اگر اپنا تو دلبر سیکڑوں

کھودوں تنخانہ کو کیوں؟ کسلیئے مسجد ڈھاؤں — مجکو کیا ہے جو دل گبر و مسلماں توڑوں
رُخ کو پوشیدہ عبث ماہِ لقا کرتے ہیں — اچھی صورت کو چھپاتے ہیں بُرا کرتے ہیں
ایکدن ہچکی بھی غربت میں نہ آئی افسوس — مجھکو بھولے ہوئے یارانِ وطن بیٹھے ہیں
برسے فلک سے آگ جو پانی کی ہو تلاش — دوزخ ملے بہشت کی گر آرزو کریں
نہ ستادر پہ پڑا رہنے دے کیا لیتے ہیں — اے شہ حسن فقیروں کی دعا لیتے ہیں
عیب سے پاک و مبرّا ہے کلام اُنکا رند — جو غزل حضرت آتش کو دکھا لیتے ہیں
میں کیا جانوں چمن کہتے ہیں کسکو آشیاں کیسا — کھلیں آنکھیں تو میری آنکر صیاد کے گھر میں
یا صنم دل میں ہے لب پر یا صمد بہر ریا — کفر اس ایماں سے بہتر جسے اب بیذار ہیں
فصلِ گل میں کیا آزاد قفس سے مجھکو — بھولنے کا کبھی احسان ترا صیاد نہیں
رُو بدیوارِ چمن کر کے اُڑانا مجھکو — راستہ باغ کا صیاد مجھے یاد نہیں
عمر گذری ہے مجھے مشقِ خموشی کر کے — ہوں وہ بلبل جسے اندازِ فغاں یاد نہیں
کعبہ و تنخانہ میں شیخ و برہمن شاد ہیں — دونوں گھر میں قدم سے عشق کے آباد ہیں
رہا شباب تلک تاک جھانک کا لپکا — وہی ہیں آنکھیں تو لیکن وہ دیکھ بھال نہیں
تنہا میں کس کے ساتھ کروں نغمہ سنجیاں — میں باغ میں قفس میں مرے ہمصفیر ہیں

ہوش میں آؤ پریزاد و تم — مجھکو دیوانہ بنایا نہ کرو

ق

آب و دانہ نے کیا بند قفس میں لاکر — چھوڑا وحشت پروازِ گلستاں مجھکو
ہو کے بیزار عبث گھر کو نہ جاؤ آؤ؟ — تھوڑے سے رنج کو اتنا نہ بڑھاؤ آؤ
دل نہیں دیتا میں اسبات پہ آزردہ ہو؟ — روٹھے جاتے ہو اسی بات پہ آؤ آؤ

نگہ یاس سے دیکھوں تو یہ کہتا ہے وہ شوخ — پھر بری آنکھ سے اسنے مجھے دیکھا دیکھو
یار آیا ہے احوالِ دلِ زار دکھاؤ — لیٹے کو ذرا حالتِ بیمار دکھاؤ
فردائے قیامت کا نہ اقرار کرایجاں — لو حشر یہی آج ہی دیدار دکھاؤ

وہ دیوانہ تھا میں جس کا ہوا غم اہلِ عالم کو
پریزادوں نے اپنے بال کھوئے میرے ماتم کو

اب شفیقہ کسی کا دلِ زار تو نہ ہو
پہلو میں رہ کے جان کا میری عدو نہ ہو

کس طرح سے نہ فنِ شعر میں کامل ہو رندؔ
دس برس دیکھی ہو آتش سے جب استاد کی آنکھ

اچھا نہیں ہر وقت اسیروں کا ستانا
پڑ جائے کہیں آہ نہ صیاد ہماری

قدر میری تجھے نہ تھی صیاد
ہاتھ ملتا ہے کیوں رہا کر کے

گل کو بھڑکاتی ہے بلبل کو خفا کرتی ہے
تو درازیاں اے بادِ صبا کرتی ہے

باغباں دشمنِ جاں گھات میں ہر دم صیاد
بلبل اس باغ میں کیوں رہتی ہے کیا کرتی ہے

سیر کی خوب پھرے پھول چنے شاد رہے
باغباں جاتے ہیں گلشن تر آباد رہے

پُر آبلہ ہے سوزِ جدائی سے سراپا
دیکھے تو کلیجے کے دکھاؤں تجھے چھالے

دل سینے میں بیتاب ہے جاں آئی ہے لب پر
اب جان کو روکے کوئی یا دل کو سنبھالے

کیا کہتا ہے ہر بار مجھے قتل کروں گا
اک جان ہے میری اسے تو لے کہ خدا لے

او دل ہدفِ تیرِ نگہ پھر کیا تو نے
اگلے ہی مرے زخمِ جگر تھے ابھی آلے

کیا خستگیٔ حال پہ عاشق کی ہو خنداں
توبہ کرو اللہ مصیبت میں نہ ڈالے

آنکھیں تری مدہوش ہیں تنہا ہے مرا دل
دو مست نہ سنبھلیں گے اکیلے کے سنبھالے

ڈرتا ہوں لہو دیکھ کے غش آئے نہ تجھ کو
تلوار لگا شوق سے پر منہ کو پھرا لے

بس اب آپ تشریف لیجائیے
جو گذرے گی مجھ پر گذر جائے گی

طبیعت کو ہو گا قلق چند روز
ٹھہرتے ٹھہرتے ٹھہر جائے گی

ق

سنیو یہ ماجرا بھی ہے یا روشنیدنی
لے لیکے خط جو میرے کئی نامہ بر گئے

کہتا ہے کیا وہ شوخ کہ جیتے ہیں رندؔ کیا
مدت ہوئی کہ میں نے سنا تھا کہ مر گئے

ثبت کریں آرزو خدائی کی
شان ہے تیری کبریائی کی

موت آجائے قید میں صیاد
آرزو ہو اگر رہائی کی

سانس دیکھا تن بسمل میں جو آتے جاتے
اور چرکا دیا جلاد نے جاتے جاتے

خاک ہو کر ہی ہم اُٹھیں تو اُٹھیں
البتہ در پہ تمہارے آ بیٹھے

داغ فرقت دل پہ جانی دیجئے
چلتے چلتے یہ نشانی دیجئے

گھر بُلا کر خاطر میں کیا خوب کی مہمان کی
لاکھ مکتوڑوں سے دی ہے آگ گلدستہ پان کی

آئینہ اُن کا ٹوٹ گیا میرے ہاتھ سے
اب کوئی منہ دکھانے کی صورت نہیں رہی

چھری کس لطف سے پھیری گلے پر اپنے بسمل کے
جو بس ہوتا میرا تو چوم لیتا ہاتھ قاتل کے

ہوا آگاہ اپنے حسن سے تو دیکھیں کیا ہووے
دکھایا جس نے آئینہ تجھے اُس کا بُرا ہووے

جلوۂ حُسن خدا داد ذرا دکھلا دے
منکروں کو بھی صنم شانِ خدا دکھلا دے

جاری ہے نیا مملکتِ عشق میں آئین
مُجرم کو سزا ملتی ہے تقصیر سے آگے

شعلۂ رُخ دکھا دیا کس نے
سر سے پا تک جلا دیا کس نے

پاس دیں کفر میں رہا ملحوظ
بُت کو پُوجا خدا خدا کر کے

مَیں دل کو رو چکوں کہ یہ دل مجکو رو چکے
یارب جو کچھ نصیب میں ہونا ہے ہو چکے

دل لگی ہجر میں ہے آٹھ پہر نالوں سے
اب بسر ہوتی ہے اے زندہ بُرے حالوں سے

اب تک وہ ایک ایک سے کرتے ہیں تذکرہ
ہر چند ترکِ عشق کو برسوں گذر گئے

واللہ رند سے یہ توقع نہ تھی مجھے
کیا کیا کہا نہ کرتے تھے پر کچھ نہ کر گئے

وعدے پہ تم نہ آئے تو کچھ ہم نہ مر گئے
کہنے کو بات رہ گئی اور دن گزر گئے

یہ قول تھا کہ تجھ سے جُدائی ہوئی اگر
ایجان مر ہی جائیں گے تو اب نہ مر گئے

برسوں میں مری یار کی لیکر خبر آئی
مدت میں تو او بادِ صبا راہ پر آئی

طبیعت کا میری کرو تم نہ دھیان
کسی اور سے اب بہل جائیگی

نہیں رہنے کا بعد چندے یہ حال
سنبھلتے سنبھلتے سنبھل جائیگی

رنگ سیٹھ لسپٹن جی فرام جی مخلص بہ رنگ و پروین، پارسی اور نجیل و کٹوریہ کمپنی

کے مالک تھے یہ ۱۸۵۷ء کا ذکر ہے منشی نواب علی نفیس سے اِس فن میں تلمذ تھا، یہ چند شعر اُنکے طبعزاد ہیں اور اس امر کی دلیل ہو سکتے ہیں کہ غیر زبان والے بھی اُردو کی حلاوت سے ناآشنا نہیں رہے۔

سنگدل سے بھی نکلتا ہے کسی کا مطلب — وصل کی آرزو تجھ سے بُت بے پیر عبث
سخت جانی مری کب مانے گی اُس کا لوہا — تم دکھاتے ہو مجھے کھینچ کے شمشیر عبث

رنگ

رنگ۔ لالہ کیشو داس رنگ خلف رائے بہادر لالہ میاں مل مرحوم۔ دہلی محلہ چھپی واڑہ کے ساکن اور ۱۸۴۷ء میں بعالم شباب کلکتہ میں بسبب مشغلۂ تجارت بود و باش رکھتے تھے اُن ہی ایام میں گاہ گاہ شعر بھی کہہ لیتے تھے۔

ہے نصیر کارا پنا جب وحید دو جہاں — لاکھ کوہِ غم اگر سر پر ہوں نازل کیا ہُوا
ماہ رو تجھسا زمانے میں نہ دیکھا اے شوخ — چاندنی کو بھی کیا حُسن سے شیدا اے شوخ

رنگ

رنگ لالہ لکھپت رائے رنگ ساکن حسین پور کلان ضلع مظفر نگر، علمی استعداد رسمی ہے پندرہ بیس برس سے شعر کہتے ہیں اور کچھ حال باوجود دریافت معلوم نہ ہوا۔

قتل عشاق کا بیڑا تو اُٹھا بیٹھے وہ — دستِ نازک سے مگر تیغ اُٹھائیں کیونکر

بتوں کو حضرتِ شیخ آپ کیا سمجھتے ہیں — سمجھ ہے جنکو وہ انکو خدا سمجھتے ہیں
جلا کے چرخ کو یہ ایک دم میں خاک کرے — وہ نالۂ دلِ عاشق کو کیا سمجھتے ہیں
خدا نے جن کو سمجھ دی ہے حضرتِ زاہد — بتوں کے حُسن کو نُورِ خدا سمجھتے ہیں
دلکی تڑپ کا بعد فنا بھی یہ حال ہے — تربت میں بھی ہمارا ٹھہرنا محال ہے
چوٹی کیا پاتی ہے کچھ نہیں کھُلتا عقدہ — رات دن یہ ترے پیچھے جو پڑی رہتی ہے
پسِ مردن مری تربت پہ لالہ رنگ لایا ہے — دلِ پُر داغ کا جوہر ہے نکلا خاک میں ملکے
آپ بھی ہے دلِ بیتاب گرفتارِ بلا — مجکو بھی ایسی مصیبت میں پھنسا رکھا ہے

رنگ

رنگ۔ حاجی محمد وزیر خان صاحب حیدرآبادی تلمیذ حضرت ظہیر دہلوی۔ دکن کے

طبیعت دار اور خوش فکر کہنے والوں میں ہیں، شوخی، آمد، مضمون آفرینی کے جوہر کے ساتھ زبان کا لطف بھی کلام میں موجود ہے، اپنے استاد مرحوم سے بڑی عقیدت رکھتے تھے۔ کربلا مشہد اور کعبہ ہو آئے ہیں۔

رنج و خوشی سے ہو گئی ایکدن مجھے نجات
جسدان میں جا کے قبر کے گوشہ میں سو گیا

وہ آئے بھی گئے بھی خبر تک نہیں ہوئی
کچھ ایسا انکو دیکھ کے میں محو ہو گیا

خدا ہی جانے کہ کیسی ہے سرزمینِ عدم
گیا اُدھر کو جو وہ پھر اِدھر نہیں آتا

پہروں قاتل محوِ نظارہ رہا
لطف ایسا رقصِ بسمل سے ملا

زندگانی حباب کی صورت
دم کی دم میہمان ہے گویا

کہنے کو یوں تو کہدیں سب ہے جہاں ہمارا
مانے بھی کوئی اے دل آخر بیاں ہمارا

خلاقِ دو جہاں ہو جب مہرباں ہمارا
پھر کیا کرے گا ہو کر دشمن جہاں ہمارا

کیا پوچھتے ہو ہے نام و نشاں ہمارا
ہندوستاں کے ہم ہیں ہندوستاں ہمارا

جام و سبو بھی اپنے ہے میکدہ بھی اپنا
جب مہرباں ہے ہم پر پیرِ مغاں ہمارا

رہنے دے یہ نشانی گلشن میں اب ہماری
برباد لرنہ گلچیں تو آشیاں ہمارا

ایک سے اک خوبتر پیدا کیا
تُو نے کب رشکِ قمر پیدا کیا

وصل میں چھیڑا تو فرمانے لگے
دیکھئے پھر تُو نے شر پیدا کیا

رنگ ہم کس کو کہیں اچھا بُرا
جب خدا نے خیر و شر پیدا کیا

بلا سے دو گھڑی کیواسطے تسکین ہو جاتی
تمہارا خواب ہی میں گر مجھے دیدار ہو جاتا

دکھا دیتا نکل کر اپنی صورت تُو جو پردے سے
ترا نقصان کیا اس میں بتِ عیار ہو جاتا

اگر جاتا ہے تُو اُس بُت کی بزمِ ناز میں بیدل
کسی سے پہلے مِل جُلکر وہاں پہچان پیدا کر

نازک ہو بل نہ آئے کلائی میں آپکی
چھوٹی سی لینا ہاتھ میں تلوار دیکھکر

کوئی شریکِ حال بُرے وقت کا نہیں
آتی نہیں ہے موت بھی بیمار دیکھکر

نفریں کرو جہاں کے سب کاروبار پر
تائم رہو ارادۂ پروردگار پر

اپنے شہیدِ ناز کو دفنا کے جایئے
احسان اتنا اَور ہو اس خاکسار پر

دیئے جاتا ہو کیوں چرکے پہ چرکے مضمحل دل پر
خدا کیواسطے بیداد گر کر رحم بسمل پر

دوون کی زندگی پہ نہ اتنا اُچھل کے چل
دنیا ہے چل چلاؤ کا رستہ سنبھل کے چل

محفل میں مجکو دیکھتے ہی آگ ہو گئے
کہنے لگے رقیب سے غصہ میں جل کے چل

تمہارے عشق نے کچھ ایسا کر دیا بے خود
کہاں ہوں، کون ہوں کس جا ہوں کچھ خیال نہیں

نہ ایرانی نہ تُورانی، نہ رومی، اصفہانی ہیں
یہانکے جتنے باشندے ہیں سب ہندوستانی ہیں

ابھی دیکھا ہے کیا اے بوالہوس راہِ محبت میں
ہزاروں لاکھوں سر پر آفتیں تجکو اُٹھانی ہیں

ہمارے جیب و دامن آستیں پر ہی نہیں موقوف
ابھی تو صحیاں دامانِ صحرا کی اُڑانی ہیں

کہا میں نے کہو تم رنگ کو بھی پیار کرتے ہو
تو سُن کے بولے کسکو یاد یہ باتیں پُرانی ہیں

ایسا کیا ملکِ عدم میں ہے تماشا یارب
پھر پلٹ کر نہیں آتے جو اُدھر جاتے ہیں

بہت کم ایسے ہوتے ہیں محبت والے دُنیا میں
جسے وہ چاہتے ہیں آپ بک کر مول لیتے ہیں

جنھیں یاد نہ ہو وہ جا کے امریکہ میں دیکھ آئیں
بتانِ سیم تن کے بوسے اکثر مول لیتے ہیں

زہے نصیب زہے بخت اے خدا تیرے
چمن جو چھوٹ گیا دستِ نازنیں میں رہی

فغاں سے آہ سے فریاد سے شیون سے نالوں سے
فلک کو چھید ڈالوں گا انہی تیروں کے بھالوں سے

خدا کے واسطے بس بند کر مقارِ تُو اپنی
جگر ٹکڑے ہوا جاتا ہے بلبل تیرے نالوں سے

حباب آسا کسی سیلاب میں بہتا نظر آئے
جو پڑ جائے کبھی پالا فلک کو روئیوالوں سے

ملی جو لذّتِ صحرا نوردی دشتِ غربت میں
مزا اسکا کوئی پُوچھے مرے تلووں کے چھالوں سے

کیسکی نکہتِ گیسو اُڑا کر کیا خیالائی
اسیرِ زلف کے سر پر بلا پر ہے بلا لائی

سرِ مقتل کسی کا بھی کسی پر کچھ نہیں احسان
مجھے میری قضا لائی اُسے اُسکی جفا لائی

بٹھا کے سامنے بت کو سلام کرینگے
خدا خدا نہ سہی رام رام کرینگے

نوٹ: اسکی خبر ہم کو بھی تک افسوس ہے ہم یہاں سے کہاں سے کدھر جائینگے۔

آرزوئے خلد ہے کچھ اور شے | حسرتِ دُنیائے فانی اور ہے

طالبِ دید بہت حضرتِ موسیٰ تھے مگر | دیکھتے ہی اُسے پھر ہوش سنبھالے نہ گئے
بیچ سے ہمنے بہت اُسکے بچایا لیکن | بے ڈسے دلکو ترے زلف کے کالے نہ گئے
دردِ سر کا کبھی حیلہ ہے کبھی عذرِ حنا | مہرباں آپکے یہ حیلہ حوالے نہ گئے
گر بُرا زنگ تھا جو روٹھ کے بیٹھا گھر میں | تم بھلے تھے تو اُسے آکے منالے نہ گئے

رنگ

رنگ - حریف خاں صاحب عرف میرزا رنگیلے، استعداد علمی رسمی ہے، تفنن طبع کے طور پر شعر کہہ لیتے ہیں جس میں بیشتر مستخرانہ پہلو نظر رہتا ہے، چند شعر درج کیے جاتے ہیں۔

سکونِ اختلاجِ دل ہوا جسنے اسے پھانکا | سفوفِ عاشقی ہے نام خاکِ کوئے جاناں کا

چالان ترا کیوں ستم ایجاد نہوگا | کیا خون کا دعویٰ ستم ایجاد نہوگا
وارنٹ میں ہو جائیگا آخر کو گرفتار | حاضر جو عدالت میں تو جلاد نہ ہوگا
بند آنکھیں ہیں تمھاری او نگھتے ہو رات دن | یہ بتلاؤ کہ افیوں اسقدر کھاتے ہو کیوں
گھر بیٹھے دیدِ رُخ کی تری سب کو ہو نصیب | قد بڑھ کے گھنٹہ گھر کی برابر جو یار ہو
ہمارا یار ہمکو آج تلشکری چڑائے گا | سُنا ہے یہ کہ تل رخسار کا لب کی شکر ہوگی

نہ پوچھو مفلسی کے عقد کا سامان قاضی جی | کنوئیں کا اُنکے پانی ہوگا اور میری شکر ہوگی

رنگین

رنگین - مرزا سعادت یار خان نام رنگین تخلص، انکے والد مرزا طہماسپ بیگ خان ساٹھ برس کی عمر میں روم سے ہندوستان میں آئے تھے، لاہور میں نواب حسین الملک معروف بہ میر منوخلف الصدق وزیر الممالک اعتماد الدولہ کے ہاں ملازم رہے اور اُنکے بعد نواب نجیب الدولہ ضابطہ خان اور ذوالفقار الدولہ کی ملازمت میں نوبت بہ نوبت آسودگی کے ساتھ زندگی بسر کی، انھیں ایام میں بارگاہ سلطانی سے خطاب محکم الدولہ خان بہادر اعتضاد جنگ حاصل کیا، رنگین کی پیدائش قصبۂ سرہند میں ہوئی لیکن انہوں نے نشو و نما دہلی میں پائی اور بچپن سے دمِ واپسیں تک یہیں رہے، سپاہی کے بیٹے تھے

اسلئے جملہ فنون سپہگری میں معقول دستگاہ رکھتے تھے، سیر و سیاحت کا بھی شوق رہا، اکثر امرا کے ہاں ملازم بھی رہے خصوصاً امیر زا سلیمان شکوہ بہادر برادر اکبر شاہ ثانی کی مصاحبت کا فخر حاصل رہا، کبھی تجارت کا مشغلہ بھی کر لیتے تھے چنانچہ اسی سلسلے میں نواب صفدر الدولہ سعادت علیخان کے عہد میں ایرانی گھوڑے لیکر لکھنؤ کے کئی سفر کیئے لیکن آخر عمر میں ترکِ تجارت و ملازمت کر کے گوشہ نشین ہو گئے تھے، فن شعر کا شوق عنفوانِ شباب ہی میں ہو گیا تھا اور شاہ حاتم کے ممتاز شاگردوں میں گنے جاتے تھے آپ وجاہت ذاتی و خاندانی کے باعث جس صحبت میں جا بیٹھتے تھے وہاں ہاتھوں ہاتھ لیئے جاتے تھے، رنگین میں بحیثیت ایک شاعر ہونیکے متضاد صفات کا مجموعہ پایا جاتا ہے، شوخی و بذلہ سنجی کے علاوہ ایجاد پسند طبیعت پائی تھی چنانچہ ریختی کا ایجاد انھوں نے ہی کیا جس کا سب سے اول تتبع سید انشا نے کیا، کہیں عاشقانہ درد مندی کی زبان میں پند و نصائح کی حکایات لکھتے ہیں اور ایسا لکھتے ہیں کہ خواص و عوام کو اپنا گرویدہ رنگین کلامی اور دلدادۂ شگفتہ بیانی بنا لیتے ہیں۔ جو عام رائے انکے متعلق قائم ہے کہ وہ ریختی گو اور ظریف شاعر تھے یہ ناواقفیت پر مبنی ہے، قسامِ ازل نے رنگین کو عجیب پر لطف اور ہمہ گیر مذاق ودیعت کیا تھا، ریختی ہی پر کیا موقوف ہے وہ کونسا رنگ ہے جس میں رنگین نے اپنے نیرنگ فکر سے پھول نہیں کھلائے اور باغ سخن میں وہ کونسی روش ہے جس میں رنگین کی قلم نے گلکاریاں نہیں کیں، حقیقت میں انکا کلام عطر مجموعہ ہے جس میں ہر قسم اور ہر پایہ کا اعلیٰ سے ادنیٰ تک کلام موجود ہے غرضکہ رنگین نے ہمہ داں طبیعت اور ہمہ گیر مذاق پایا تھا، رنگین نے حقیقت میں یہ کمال کر دکھایا کہ ریختی کی ایجاد کے ساتھ ریختہ کو بھی ہاتھ سے ندیا اور نہ صرف ریختہ ہی پر حاکم رہا بلکہ عشق عاشقی کے افسانوں سے گذر کر پند و نصیحت کی دشوار گزار منازل سخن کو بھی بخوبی اسلوبی تمام طے کیا۔ زبان کے معاملہ میں رنگین اپنا آپ ہی جواب ہے، اور چونکہ رنگین ریختی کا موجد ہے اس لیئے سخن سنجی کے قاعدۂ کلیہ کے مطابق اسکی ریختی کی ابتدائی حالت میں کچھ سادگی کے جوہر باقی ہیں اور وہ جان صاحب کی ریختی کی طرح سراسر فحش نہیں ہے۔ نورتن یعنی کلیات رنگین میں چار دوواوین موسوم بہ ریختہ، بیختہ، آمیختہ، انگیختہ کے علاوہ پانچ اور بھی کتابیں ہیں۔ مثنوی ایجاد رنگین، فرسنامہ، رنگین نامہ (محمود نامہ کے جواب میں)

مجالس رنگین، ایک نسخہ نثر ہے جس میں تمام شعراء کی خبر لی ہے اور سب سے آخر میں ان کی بہترین تصنیف مثنوی دلپذیر ہے اور ان سب کا مجموعہ "نورتن" کے نام سے موسوم ہے رنگین کے ثبوتِ کمال کے دلائل میں سے ایک یہ بھی ہے کہ انکی مثنوی دلپذیر اپنے زمانہ کی تمام اردو مثنویوں سے بہتر ہے، زبان اسکی نہایت صاف اور ستھری ہے اور حکایت بھی دلچسپ ہے اور ترکیب و بندش ایسی بے تکلف کہ اس زمانے کے بڑے بڑے شعرا نے متفق ہو کر اسکی تعریف کی ہے، چنانچہ نامور معصر شعراء مثل ثناء اللہ خاں فراق بھوریخان آتشفتہ شاگرد میر محمدی مائل، لبنت سنگھ نشاط، مرزا قتیل، مصحفی، انشاء، سجاعلی بیگ راغب شاگرد رنگین اور جرأت سب کے تعریفی قطعات تاریخ آخر میں درج ہیں۔ چنانچہ جرأت کا مصرعہ تاریخ ہے ؎ "ہے یہ بدر منیر سے بہتر" ہر صنف شعر میں کم و بیش طبع آزمائی کی ہے اور مختلف قسم کے اخلاقی اور[1] اور[2] نخیل نظمیں بھی انکے ہاں ملتی ہیں اور شاید یہ اسی کا نتیجہ تھا کہ انکی رنگین مزاجی اور شگفتہ بیانی کے خاص و عام اس عہد میں گرویدہ تھے، تیسرا دیوان ہزلیات سے پُر ہے جس میں ایک قصیدہ شیطان کی مدح میں بھی لکھا ہے، چوتھا دیوان ریختی کا ہے، شاعری کے علاوہ رنگین اپنے عہد میں ایک لاجواب شہسوار اور گھوڑے کے ماہر اور اسکے خواص اور معالجات کی تدبیر میں بے نظیر سمجھے جاتے تھے بالآخر رنگین نے جمادی الثانی ۱۲۵۱ھ میں کامل اسّی برس تک مشاہدہ نیرنگ عالم کرکے انتقال کیا، انکے چاروں دیوان نہایت خوشخط اور مُسطّلا میرے کتب خانہ میں موجود ہیں اور مثنویات وغیرہ کا بھی مکمل مجموعہ موجود ہے۔ رنگین کے کلام میں اگر نقص ہے تو یہی کہ انکے کلام کی سادگی اکثر اوقات حد سے گذر جاتی ہے اور لطفِ سخن کو نقصان پہنچاتی ہے، پھر بھی اس ابتدائی زبان اردو کے زمانے میں آپ کی یہ سادہ بیانی ہزاروں قدر دانیوں کی مستحق ہے۔ کلکتہ کی بھی سیر کی تھی۔ آپکے کلام کا انتخاب ہدیہ ناظرین ہے۔

کیا کرتے ہو ناصح تم نصیحت رات دن مجکو	کسے بھی ایک دن تم جا کے سمجھاتے تو کیا ہوتا

بوسہ تو بکو دیکر ثابت گناہ کرے
گر قتل تجھکو قاتل منظور ہے ہمارا

کر اپنے دل میں تو انصاف میں روٹھا ہوں کیونکر
گلے میں ڈالکر باہیں منانا تیرا یاد آیا

تھی شعلہ یا وہ برق کہ جی میرا جل گیا
ایسی کی اک نگاہ کہ بس دم نکل گیا

تا حشر رہے یہ داغ دل کا
یارب نہ بجھے چراغ دل کا

رباعی

اے موجب عیش و شادمانی پھر آ
اے باعث لطف زندگانی پھر آ

میں ہوں بن تیرے چشم خوباں میں ذلیل
پھر آ تو اب اے میری جوانی پھر آ

رہروان عدم ذرا ٹھیرو
ہم بھی چلتے ہیں ساتھ دم لیکر

اُن سے کر خوف تیری محفل سے
اُٹھ گئے جو کہ چشم نم لیکر

عاشق اُس مست کے ہیں جو رنگیں
کیا کرینگے وہ جام جم لیکر

باز گشتی تیر ہے پھر کر یہ تیرا دیکھنا
صدقہ تیرے اِس ادا پر سے مجھے قربان کر

زاہد بتا کہ کعبہ میں کیا دیکھتا ہے تو
جاتے ہیں دیر میں تو صنم دیکھتے ہیں ہم

تُو نہ گذرے گا جفا سے تو یار
جان سے اپنی گذر جائیں گے ہم

دیکھتے ہی اُنکو ہو جاتے ہیں شادی مرگ ہم
اُنکو پاتے ہیں تو پھر ہم آپ کو پاتے نہیں

دستِ قدرت نے عجب تیری بنائیں آنکھیں
مر گیا جن کو ذرا تُو نے دکھائیں آنکھیں

ہاتھ میں ہاتھ ہے پر بوسہ نہیں لے سکتے
دسترس اتنی بھی ہر گز ہمیں ہیہات نہیں

اب ظلم کی ہم اُنکے جا کس سے داد چاہیں
اقلیم دل میں پھرتی جن کی دہائیاں ہوں

شب ہونے آئی لیکن ابتک نہیں وہ آیا
ایسا نہ ہو کہ قسمیں جھوٹی ہی کھائیاں ہوں

کچھ جھوٹ سچ کسی نے باتیں لگائیاں ہیں
جو آج تمنے پیارے آنکھیں چڑھائیاں ہیں

کس مست کی نگہ کی یہ بدشرابیاں ہیں
اوندھے پڑے ہیں ساغر ٹوٹی گلابیاں ہیں

رنگیں سر شک چشم اب کیونکر نہ سُرخ نکلے
ہمکو وہ فندق پا اب یاد آئیاں ہیں

دل تھا جو بساط اپنی سو گذران چکے ہیں
جی نذر کریں جی میں یہ اب ٹھان چکے ہیں

میں نے پوچھا کہ چاہتے ہو مجھے ق سُن کے وہ بولے یوں اِدہر دیکھو
مجھ کو تم چاہتے ہو کتنا کچھ اپنی چھاتی پہ ہاتھ دھر دیکھو

نشۂ حُسن سے جس وقت وہ مخمور ہوئے ہاتھ سے اُنکے کئی شیشۂ دل چُور ہوئے

حوروں کے عوض مجھے الٰہی! قطعہ دنیا میں تُو ایک نازنیں دے
کب مجکو بہشت کی ہے خواہش جو کچھ دینا ہے سو یہیں دے
دل کو کوئی کس طرح سنبھالے یاں جان کے پڑ رہے ہیں لالے
روح نے جسم پر گرانی کی اب یہ حالت ہے ناتوانی کی

مت اُچھالو پھول کو کچھ دشمنوں کو ہو نجائے میرا جی ڈرتا ہے نازک ہے کلائی آپکی
دم آیا ناک میں اِس آہ اور زاری کے جینے سے طبیبو موت ہی بہتر ہے اس بیماری کے جینے سے

یہی رونا جو ہے تو تم رنگین اُسکے کوچے سے آنکل نکلے

وہ نہ آئے تو تُو ہی چل رنگیں اِس میں کیا تیری شان جاتی ہے
قیامت پر رہا موقوف پھر تو دیکھنا اُسکا اگر اک دم کے دم آنے میں وہ تاخیر کرتا ہے
اپنے کی بات دل میں کھٹکتی ہے راتدن کب دل یہ بار ہووے ہو بیگانہ کچھ کہے

جب اپنی والیوں پر عشق آتا ہے تب اے رنگیں اگر پتھر کا دل ہو اُس میں بھی تاثیر کرتا ہے

رنگین

رنگین - لالہ بلاس رائے برادر خورد مہاراجہ بینی بہادر قدرت اللہ شوق لکھتے ہیں جوان خوبصورت خوش سیرت صاحب اقتدار ریلی کے رئیس اعظم تھے، اگرچہ دیوان مرتب کیا تھا لیکن انکے اشعار میں مزا نہیں۔ چند شعر درج ہیں۔

میں تیرے ظلم کو دیکھے ہوئے کہتا ہوں الظالم جو بر تقدیر تُو میرا خدا ہوتا تو کیا ہوتا
پہچان لیجو مشہد رنگیں کو اے صبا اُٹھتا ہے اُسکی خاک سے اب تک غبار سرخ

غیروں کے پاس جانا ہمسے کبھی نہ ملنا افسوس ہے تو یہ ہے ارمان ہے تو یہ ہے

رنگین

رنگین منشی موہن لال کائیتھ ساکن دہلی، افسوس کہ بجز اس شعر کے نہ کلام ملا

نہ حال معلوم ہوا۔

رنگین نہیں ہے قطرۂ شبنم یہ باغ میں	بادِ صبا نے مے سے بھرا ہے ایاغ گل

رنگین میر اکبر علی مرحوم عرف میر سنگی، لکھنؤ کے باشندے تھے چنانچہ انکے نام کا ایک محلہ اس وقت تک لکھنؤ میں موجود ہے، جس زمانے میں کہ مرزا سودا نے اپنی عمر کے آخری دس سال نوابانِ اودھ کے دامنِ دولت سے وابستہ ہوکر بسر کیے، میر رنگین نے بھی انہی ایام میں مرزا صاحب موصوف کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا۔ انکے کلام میں لکھنؤ کا رنگ غالب معلوم ہوتا ہے، یہ چند اشعار ہدیۂ ناظرین ہیں۔

نئی ہے مردمک کی جلوہ گر تصویر آنکھوں میں	رہا کرتا ہے ہر دم وہ بُتِ بے پیر آنکھوں میں
بزنگِ طائرِ سبل نہ کیونکر ہر گھڑی تڑپے	ہو جب تیرِ مژہ سے مرغِ دل نخچیر آنکھوں میں
تری آنکھوں کے ڈورے نہیں ہیں شرح القاتل	مگر لکھی ہے میرے قتل کی تحریر آنکھوں میں
دکھا جا آنکر صورت خدا کیواسطے اپنی	ترے عاشق کا دم آیات بے پیر آنکھوں میں
تصور میں زیارت جب ہوئی حاصل ہمیں رنگیں	لگائی ہے خاکِ مرقدِ شبیر آنکھوں میں

رنگین منشی انور علی باشندہ فتحپور ملازم محکمۂ تعمیرات ریاست بھوپال، حضرت صفا رئیس بھوپال کے تلامذہ میں سے ہیں زیادہ حال معلوم نہ ہوا یہ کلام کا انتخاب ہے۔

اُس بھولی بھولی شکل پہ دل لوٹ کیوں نہ جائے	کہتا ہے بچپنا کہ زمانہ ہے پیار کا
اللہ رے نازکی جو تصور میں بھی چھوا	پژمردہ ہو گیا گلِ رخسار یار کا
جوشِ شباب کہتا ہے ارماں نکال لو	دیکھو رہے گا پھر نہ زمانہ بہار کا

میرا فسانہ اور عدو کی زبان پر	اللہ صدقے تیری کریمی کی شان پر
آئی بہار چھائی گھٹا آسمان پر	پی آئیں چلکے پیرِ مغاں کی دکان پر
کہتے ہیں ہمنشیں سے مجھے غش میں دیکھکر	آسیب کا خلل تو نہیں اس جوان پر
کہنے کو تو فسانۂ غم اُن سے کہدیا	مطلب کا کوئی حرف نہ آیا زبان پر

رنگین

رنگین منشی ناصر حسین خان بھوپالی شاگرد حضرت افسوس، بھوپال میں ملازم اور یہ کلام ہے

پھولا پھلا ہے باغ دلِ داغدار کا — زخمِ جگر دکھاتے ہیں عالم بہار کا
خود ہی جنابِ عشق نے رتبہ کیا بلند — خواہاں ہوا تھا کب سرِ منصور دار کا
کس شوخ کے خیال نے بیتاب کر دیا — طاقت نہ ضبط کی ہے نہ یارا فرار کا
مژگاں سے کیا مقابلہ رنگیں بقولِ داغ — دل ایک ہاتھ کا ہے جگر ایک وار کا

رنگین

رنگین منشی محمد ایوب حال مقیم حیدرآباد نسیم دکن سے کلام منتخب ہو کر درج ہوا۔

شوخی کہیں عیاں ہے ستم ہے نہاں کہیں — محمل کا اُسکے پردہ نہ ہو آسماں کہیں
اسجا نہیں ہے شیخ و برہمن کا کوئی فرق — کعبہ سے بڑھ نجائے نہ آستاں کہیں
مقتل میں تم بھی آؤ تماشے کیواسطے — بسمل تڑپ رہے ہیں کہیں نیمجاں کہیں

رنگین

رنگین عالیجناب سری راجہ ہری دت صاحب دوسرے بہادر رنگین راجہ جونپورا و دھ کے تعلقہ دار ہیں اِنکے بزرگ بڑے صاحب اقتدار امیر گذرے ہیں بچپن برس سے فن شعر کا شوق ہے، حضرت وسیم برادر حضرت ریاض خیرآبادی اِنکے اُستاد ہیں۔ کلام ہم رشید کا اتنی ہے

دمِ نزع دیدار آکر دکھاؤ — دم آنکھوں میں اٹکا ہوا ہے کسیکا
ادائیں غضب شوخیاں ہیں قیامت — شبِ وصل کیا پوچھنا ہے کسیکا
تڑپتا ہے دلکی طرح اپنے کوئی — کسی پر جو دل آگیا ہے کسیکا
اثر تو فلک سے اُتر آخدارا — بلند آج دستِ دعا ہے کسیکا

گھبرائی ہوئی پھرتی ہو گردوں پہ پریشان — فریاد ہماری، دلِ مضطر سے نکلکر
کیا گت بنی ہے شیخ فضیلت مآب کی — رندوں نے مے سے ریش رنگی ہے جناب کی
تیری نگاہِ شوخ کی شوخی نے بزم میں — تصویر کھینچدی ہے مرے اضطراب کی
دستِ نازک سے ہے اِس کا پھیرنا مشکل اگر — آپ یوں ہی حلق پہ تلوار رہنے دیجئے

اِس ظلم کا تجھ پر فلکِ پیر پڑے صبر — کیا مفت جوانی ہوئی برباد کسی کی

سینے سے میں کیا داغ محبت کو مٹاؤں | یہ تو ہے نشانی دلِ ناشاد کسیکی
زاہد کی جب سے دخترِ رز آشنا ہوئی | حوروں سے چاہ آپ کو اسکی سوا ہوئی
رندوں کو دخترِ رز جو لگاتی نہیں ہے مُنہ | صحبت میں رہکے شیخ کی یہ پارسا ہوئی
کہتا ہے لیکے دلکو مرے چھیڑ سے وہ شوخ | پھر مجکو دیجئے وہ مری چیز کیا ہوئی

مرنیوالوں سے تمھارا یہ سوال اچھا ہے | وصلِ حور اچھا ہے یا میرا وصال اچھا ہے
کہتے ہیں مجکو سُناکر کہ یہ مال اچھا ہے | دل کے لینے کو یہ اندازِ سوال اچھا ہے
بعدِ مُردن بھی وہی چھیڑ چلی جاتی ہے | قبر پر پُوچھتے ہیں آکے یہ حال اچھا ہے
کبھی آتا تو ہے تو اُسکی عیادت کے لیئے | یہ بُرا بھی ترے بیمار کا حال اچھا ہے
پیتے ہی ایک جام کے مدہوش ہو گئے | دُنیا کے رنج ہم کو فراموش ہو گئے

قفس لیچل مرا گلشن میں صیاد | دکھائے سیر مجکو بوستاں کی

روان

روان بلبلِ شاخسارِ معانی، گلِ نودمیدۂ چمنستانِ سخندانی، سخنورِ رنگین بیان منشی حگبت موہن لال روان تخلص، وطن قصبہ موراوان ضلع اناؤ، مولد اناؤ خاص تاریخ ولادت ۱۴ جنوری ۱۸۸۹ء فارسی وعربی کی تعلیم اناؤ کے مکتب میں مولوی سبحان خاں سے پائی مشکل تعلیم شروع ہوئی تھی کہ ۱۸۹۸ء میں آپکے والد منشی گنگا پرشاد صاحب وکیل کا انتقال ہوگیا اور اسکے بعد ایک عرصہ تک اوقات پریشانی میں کٹی، انٹرنس تک کی کتب مکان ہی پر خارجی طور سے پڑھیں ۱۹۰۰ء میں موراوان ہائی اسکول ضلع اناؤ میں داخل ہوکر انٹرنس درجۂ اول میں پاس کیا، ۱۹۰۹ء میں ایف اے کیننگ کالج لکھنؤ سے پاس کیا اور اپنے کالج میں اول نمبر ملا جسکے صلہ میں کالج کا نقرئی تمغہ عطا ہوا ۱۹۱۱ء میں بی اے اُسی کالج سے پاس کیا اور اس امتحان میں بھی کالج میں اول نمبر رہا جسکے صلہ میں تمغہ طلائی عطا ہوا ۱۹۱۳ء میں ایم اے اور ۱۹۱۴ء میں اول سال بل بل بی پاس کیا۔

شاعری کا شوق بچپن سے ہے، الف بے شروع کرنے سے پہلے شعر کہنے لگے لکھنؤ

پہنچکر شعرلے حال سے نیاز حاصل کیا اور جناب افضل خلف جناب سیر مرحوم و جناب مرزا محمد ہادی صاحب عزیز سے تلمذ حاصل کیا، اُردو میں غالب اور فارسی میں حافظ کے کلام سے دلی اُنس ہے - قریب قریب تمام ہندوستان کی سیر کر چکے ہیں، تاریخی واقعات اور قدیم عمارتوں کے دیکھنے کا خاص شوق ہے اور فرصت کا بیشتر وقت اسی سیر میں کٹتا ہے گویا یہی زندگی کا اُصول ہے، سیر کرو، خواہ سیر کتب، خواہ سیر دنیا، آپ نوجوان، نومشق مگر بڑے طبّاع اور ذہین کہنے والے ہیں، تین چار سال اُدھر کیننگ کالج کے مشاعروں میں انھیں کا منبر اول رہتا تھا، نیچرل نظمیں بھی خوب لکھتے ہیں، غزل گوئی کیطرف البتہ میلان کم ہے، مشاہدات نیچر خوب نظم کرتے ہیں، دل میں درد اور زبان میں تاثیر پائی جاتی ہے - تلاش مضامین کے ساتھ ساتھ ترکیبیں ستھری و نشیں اور الفاظ موزوں اچھی بندش میں سلک نظم میں پروتے ہیں - آپکے کلام کا بیشتر حصہ تاریخی معلومات، علمی قابلیت اور قدرتی مناظر کی دلکش تصاویر سے مملو ہے، نشستِ الفاظ قابلِ تعریف ہے اور تخیّل کی بلند پروازی قابلِ داد الغرض آپ ایک ہونہار سخنور ہیں اور اُمید ہے کہ امتدادِ زمانہ کے ساتھ ساتھ آپکا کمال روز بروز ترقی حاصل کریگا

وحشتِ دل عشق گیسو میں یونہی کچھ کم نہ تھی	اور سودا بڑھ گیا سیر بیاباں دیکھکر
ہونیوالا ہے کسی بیکس کا ان ہاتھوں خون	یہ بتاتا ہے برہمن دستِ جاناں دیکھکر
ہوگیا اُن پر اثر انداز میرا ضبطِ عشق	آپ حیراں ہوگئے وہ مجکو حیراں دیکھکر
یہ نہ پوچھو کاٹتا ہوں قید میں دن کسطرح	سقفِ زندان دیکھکر دیوارِ زندان دیکھکر
یُونتو اپنی ہستی موہوم یاد آتی نہیں	دِل بھر آتا ہے مگر گورِ غریباں دیکھکر
دستِ بستہ سر سے جب باندھے کفن پہنچا دار	قتل ہی کرنا پڑا اُن کو یہ ساماں دیکھکر

بتوں کا ذکر کرتے ہیں خدا کی یاد کرتے ہیں	فرشتے بھی نہیں کرتے جو آدم زاد کرتے ہیں
ہماری آخری ہچکی پہ وہ ارشاد کرتے ہیں	اُنھیں کو ضبط کا دعویٰ تھا جو فریاد کرتے ہیں
ترے بیمارِ غم کا آج شاید وقت نازک ہے	کہ سارے چارہ جو بیٹھے خدا کو یاد کرتے ہیں

یہ حالت دیدنی ہے تیرے بیمارانِ الفت کی
کہ اہلِ درد چُپ ہیں چارہ گر فریاد کرتے ہیں

تلوّن کا اثر تیرے ترے عشاق تک پہنچا
کبھی آہیں، کبھی نالے کبھی فریاد کرتے ہیں

رواں کے نزع کا عالم کسی نے اُنکو لکھا تھا
جواب آیا، کہ بسم اللہ ہم بھی صاد کرتے ہیں

دکھیا اے ناخدائے بحرِ اُلفت دیکھنا
دل کی کشتی سنگِ عصیاں سے کہیں ٹکرا نجائے

کیا غضب ہے ہوں تو آنکھیں دیکھنے کیواسطے
اور ہم چاہیں کہ کچھ دیکھیں مگر دیکھا نجائے

اُف رے کمزوریٔ دل، اللہ رے کارِ تیر دست
اپنا ہی چاکِ جگر دیکھیں ہم اور دیکھا نہ جائے

پھونک ڈالا سوزِ غم نے جسم وجاں کیسے سرشک
یہ قیامت ہے کہ ہم روئیں مگر رویا نہ جائے

کھینچنی ہے اُنکو ہر دل کی کشش اپنی طرف
اپنے گھر سے وہ جو نکلیں بھی تو اب نکلا نہ جائے

کر دیا ہے کام میرا ختم جب فریاد نے
آسماں تک اب نہیں جاتی تو خیر اچھا نجائے

پھونک دے جسم و جگر کیا یہ بھی امکان میں نہیں
آسماں تک آہِ سوزاں سے نہ مانا نجائے

اپنی قسمت ہی وگرنہ اے دلِ وحشت سرشت
اپنے گھر میں وہ بلائیں ہمکو اور جایا نجائے

ایک ہی دریائے بے پایاں کے قطرہ ہم ہیں سب
حیف ہو گر ہم میں کوئی جانبِ دریا نجائے

آنکھیں کھل جائینگی اس بے مایگی کو دیکھ کر
خیر اسی میں ہے کہ قطرہ جانبِ دریا نجائے

ضعف کا تو جب مزہ ہے اے خیالِ روئے دوست
ویسے ہم چاہیں کہ کچھ بولیں مگر بولا نجائے

منزلِ راہِ عدم میں جا بجا لکھا ہے یہ
لوٹنا ہو جس کو وہ اس راہ سے اصلا نجائے

اب نفس کے ساتھ ساتھ آنے لگے ہیں لختِ دل
حال بہتر ہے مریضِ غم کا کچھ پوچھا نجائے

غرض رہبر سے کیا مجکو گلہ ہے جذبِ بسمل سے
کہ جتنا بڑھ رہا ہوں ہٹ رہا ہوں وہ منزل سے

حصولِ آرزو کی کیا توقع ایسے غافل سے
جو دل میں رہکے بھی واقف نہیں بیتابیِ دل سے

سکوتِ بیمحل تقریر بے موقع کی تہمت کیوں
اُٹھانا ہو تو یوں ہمکو اُٹھا دو اپنی محفل سے

یہ ارمانِ ترقی آج ہے دعویٰ خدائی کا
اُسی دل کو جو کل تک تھا لہو کی بوند شکل سے

گل و لالہ پہ آخر کر رہا ہے غور کیا گلچیں
یہ وہ خوں ہے جو ٹپکا تھا کبھی چشمِ غزالوں سے

شبِ مہتاب دریا کا کنارا اور یہ سناٹا
تمھیں اس ساز پر ہم خوش کرینگے نغمۂ دل سے

ہمیں یہ ضد کہ تمکو کھینچ لینگے جذبِ کامل سے
تمھیں یہ ہٹ کہ پہلو میں تمھارے ہم نہ آئیں گے

غضب ہے جلکے پروانوں کا انکی بزم میں کہنا
رواں یا یوں فدا ہو جاؤ یا اٹھ جاؤ محفل سے

شاعری

مرحبا مشاطۂ زلفِ مضامیں بلند
رہبرِ راہِ خدا، ہادیٔ جانِ دردمند

رازدارِ ضبطِ دل آپردہ دارِ رازِ نفس
کاشفِ اسرارِ باطن عکسِ سوز و سازِ نفس

اے بہارِ نیخزاں ای آفتابِ لازوال
کر نہیں سکتا تجھے جورِ زمانہ پائمال

اے نشانِ رفتگاں - ای رنگِ خونابِ جگر
نورِ قلبِ باصفا - تعبیرِ جذبِ پُراثر

چپہ سو جاں سے ہو دل صدقے ترا وہ نازہے
جنسِ عالم کو کیا بسمل ترا انداز ہے

خونِ دل کھا کر بھی جبکو تیری لذت لگگئی
صدمۂ جانکاہ تنہائی سے فرصت ملگئی

عاشقِ شیدا ہی ہر بلبل ترا وہ گل ہے تو
شاہدِ رعنا ترا ہر گل ہو وہ بلبل ہے تو

اے انیسِ گوشۂ عزلت گزینانِ الم
اے شریکِ حالِ زارِ صاحبانِ دو غم

اے زبانِ غیبِ ای نیچر کی سچی ترجمان
نیّرِ افلاکِ شہرت یادگارِ جاودان

جی لبھاتی ہے تپش جسکی وہ دردِ جاں ہے تو
دل کو بھاتی ہے خلش جسکی وہی پیکاں ہے تو

تو وہ سودا ہے کہ لیں ہم راحتِ جاں کے عوض
تو وہ سودا ہے نہ دیں ہم جنسِ دو راں کے عوض

کب تری معراج کی ہمسر ہے معراجِ شہی
تیرے قدموں پر نچھاور سینکڑوں تاجِ شہی

پپیہہ

وہی تان پھر سنا دے مرے خوشنوا پپیہے
مرے دلربا پپیہے مرے خوش ادا پپیہے

اُسی دردمند دل سے اُسی صوتِ مضمحل سے
ترے عشق کے تصدق وہی راگ گا پپیہے

مری نیند اُچٹ گئی ہے تری صوتِ جانفزا سے
دلِ مضطرب ہے بیکل اسے تُو سُلا پپیہے

یہ گھٹائیں کالی کالی یہ ہوا کے سرد جھونکے
کوئی تان اُونچے سُر میں وہی پھر لگا پپیہے

تجھے جس طرح سے حاصل یہ کمالِ عشق تنہاں
وُہی راہ ورسم اُلفت مجھے بھی سکھا پپیہے

یہ دھرا ہے نسخۂ دل یہ کھلا ہے بابِ حرت
جسے پھر کبھی نہ بھولوں وہ سبق پڑھا پپیہے

تجھے روئے گل دکھا دوں تجھے سرو سے ملا دوں
تری بیکلی کا آخر ہے علاج کیا پپیہے؟

ترا صبر اور توکل، ترا ضبط اور قناعت
تجھے آفریں پپیہے، تجھے مرحبا پپیہے

یہ غضب کی آہ و زاری یہ بلا کی بے قراری
تجھے کس کا ہے تصور ہمیں کچھ بتا پپیہے

لالہ وارث سہسرامی و نجم نگینوی

آہ اے نووارد بزمِ ربابِ روزگار
آہ اے تازہ اسیر گردشِ لیل و نہار

آہ اے دیباچہ شرحِ کتابِ دردِ دل
آہ اے عنوانِ بابِ اضطرابِ جانگسل

آہ اے سرنامہ افسانہائے جانگداز
آہ اے سُرخی مضمونِ نوائے سوز و ساز

آہ اے نوبت نوازِ اجرائے حسن و عشق
آہ اے انشائے رازِ انتہائے حسن و عشق

آہ اے تازہ بیانِ داستانِ وصل و ہجر
آہ اے زندہ نشانِ ترجمانِ وصل و ہجر

آہ اے پُرفن سرِ لغ نامہائے اشتیاق
آہ اے روشن چراغِ کابۂ تارِ فراق

آہ اے تفسیرِ کیفِ بادۂ جامِ شباب
آہ اے تفسیرِ خوابِ مست ایامِ شباب

آہ اے زنجیرِ پائے نازکِ وہم و گمان
آہ اے تصویرِ احساساتِ جذباتِ نہاں

آہ اے خمیازۂ سرمستیٔ اندازِ حسن
آہ اے آوازۂ جاں بختیٔ اعجازِ حسن

آہ اے آوازۂ خاموشیٔ شہنائے تار
آہ اے نقارۂ روپوشیٔ دُور از دیار

سچ بتا بچے ترا وارث ترا والی ہے کون ۲ پھول ہے تو کس چمن کا اور ترا مالی ہے کون

سچ بتا وہ دل کہاں ہے جسکا اک ٹکڑا ہے تو آہ وہ آنکھیں کہاں ہیں جنکا اک تارا ہے تو

زینتِ آغوش ہے تو جس کا وہ مادر ہے کون نور ہے جس گھر کا تو بچے بتا وہ گھر ہے کون

اختصارِ طولِ آزار نہانی سچ بتا اے خمارِ بادۂ جوشِ جوانی سچ بتا

سچ بتا بچے تجھے اپنے وطن کا واسطہ پھول ہے تو جس چمن کا اس چمن کا واسطہ

سچ بتا بچے مجھے کس بانکپن پیارا ہے تو سچ بتا کس حسن کا ٹوٹا ہوا تارا ہے تو

کیا اُڑا لائی کسی گلزار سے تجکو ہوا پھول ہوتے ہیں جہاں ایسے ہی پیدا خوشنما

یا عناصر میں ہوئی ترتیب پیدا اسقدر خود مرکب ہو گئے اور بنگئے شکلِ بشر

تو کوئی مجموعۂ انوارِ اعلیٰ تو نہیں؟ — پھول خود رو تو کسی خود رو شجر کا تو نہیں؟
تو کوئی اسرارِ پنہانی کا دفتر تو نہیں؟ — تو کسی میخانۂ معنی کا ساغر تو نہیں؟
تو کوئی آئینۂ رمزِ حقیقت تو نہیں؟ — تو کوئی گنجینۂ اسرارِ قدرت تو نہیں؟
یہ تو ہاں ہم جانتے ہیں عالمِ صغریٰ ہے تُو — یہ بھی کچھ سمجھیں کہاں سے کیلئے آیا ہے تُو
گر نہیں لائی صبا تزئینِ گلشن کے لئے — لائے ہونگے دیوتا ہم سب کے درشن کے لئے
(۳)
آہ کیا میں مان لوں دنیا کے لوگوں کی دلیل — تجھ کو سمجھوں ثمرۂ کمزوریٔ نفسِ ذلیل
آہ یہ تیری ادا، حسنِ تحیّر زا ترا — روکشِ لطفِ تبسّم آہ یہ رونا ترا
یہ ترا ننھا سا قد اور ننھے ننھے ہاتھ پاؤں — یہ ترا بھولا سا مکھڑا، گورے گورے ہاتھ پاؤں
دل نہیں کہتا کہ بدکاری کا ہے انجام تو — ہو رہا ہے گرچہ دنیا میں یونہی بدنام تو
(۴)
حیف ہے لیکن اگر لوگوں کا کہنا ٹھیک ہو — حیف ہے گر آدمی کی عقل یوں تاریک ہو
آہ کیا انساں کا ہو سکتا ہے یوں بھی خوں سفید — ڈالدے گھوڑے پہ اپنا مرکزِ جذبِ امید
توبہ توبہ حضرتِ انساں کی یہ کمزوریاں — شرف المخلوق ہونیکا ہے دعویٰ پھر بھی ہاں
(۵)
پال لینا کچھ ترا ماں کو تری مشکل نہ تھا — سنگریزہ تھا مگر پہلو میں اُسکے دل نہ تھا
یوں نکرتی ورنہ ماں اپنا فشارِ آرزو — یوں بناتی خود نہ ماں اپنا مزارِ آرزو
حُسن کا برباد ہو جانا ہمیں بھاتا نہیں — میرے مولا یہ سمجھ میں راز کچھ آتا نہیں
باپ ماں کے نفسِ سرکش کی کہانی ہائے ہائے — اے معاذ اللہ بچے کی زبانی ہائے ہائے
خود غرض انسان تیری خود پرستی الاماں — یہ تری ناعاقبت اندیش مستی الاماں
(۶)
خیر جو کچھ بھی تھا، ماں باپ ہی کا فعل تھا — اہلِ دنیا کو خلشِ معصوم بچے سے ہی کیا
آہ اے معصوم اے رمزِ حقیقت کی شبیہ — آہ اے مظلوم اے سرِ قدرت کی شبیہ
دارِ فانی کی ابھی تو نے ہوا کھائی نہیں — تجھ میں نا معصومیت بد باطنی آئی نہیں
رفتہ رفتہ ہو گا جب عالم میں تیرا سن دراز — پیش آئینگے تجھے دنیا کے پستی و فراز

یا خوشی ہو جائیگی تیری مدارِ آرزو
یا کرے گا آسماں تیرا فشارِ آرزو

ہمکو لیکن یہ نہیں اُمید پڑتی زینہار
دیکھے زندہ رہکے تو اپنی جوانی کی بہار

چند روزہ عالمِ فانی کا ہے مہمان تو
جائیگا دنیا سے لیکر حسرت و ارمان تو

منظرِ عالم سے تو کرلے گا جسدم آنکھ بند
یوں کہینگے سانس ٹھنڈی بھر کے تیرے دردمند

پھول تو کھلکر بہارِ جانفزا دکھلا گئے
حسرت اُن غنچوں پہ ہے جن کھلے مرجھا گئے

لطف تو جب ہے کہ ہمکو کچھ بھی تیرا غم نہ ہو
اور تو سب روئیں لیکن آنکھ اپنی نم نہ ہو

ہنسے گر کوئی رواں پوچھے کہ یہ کیا ہو گیا
ہم کہیں دریا سے قطرہ ملکے دریا ہو گیا

یونہی ہو جاتا ہے مایوسی میں ہر دل بیقرار
ہے مریضِ غم کا لیکن سخت ابتر حال زار

ضعف سے بیکار سب اعضا سراسر ہو گئے
لاغری سے ہے تنِ محزوں کی رگ رگ آشکار

جسم میں اب فرطِ غم سے خون اتنا بھی نہیں
جسکو کر دے قلبِ مضطر نذرِ چشمِ اشکبار

منظرِ عالم سے ساری خوبیاں جاتی رہیں
اب کہاں لطف ہو لے باغ و سیر کو سہار

بار ہے آنکھوں کو پلکوں کا اُٹھانا اُف ضعف
ایک دفتر ہے نگاہِ لاغرِ بیمار زار

اب کہاں ہیں آرزوئے دلکش و بیباکیاں
اب کہاں ہے شوق کا وہ جذبۂ بے اختیار

ایک محشر ہے بپا اُسکے تخیل میں مگر
کشمکش میں ہے مریضِ مضطرب کی جانِ زار

اک طرف تمنائے عالم ہے جانِ دردمند
اک طرف دامن کشاں بچوں کا اخلاص و پیار

اک طرف یاسِ دل مقتضائے ترکِ حرص
اک طرف ہے خوفِ بربادیٔ جملہ کاروبار

اک طرف ہے بندِ غم سے رستگاری کی اُمید
اک طرف دل میں خیالِ مہ جبینِ غمگسار

جانِ بیمارِ حزیں کو چین کے کسطرح
مبتلا ہے سخت حیرانی میں عقلِ سادہ کار

رفتہ رفتہ پھر تخیل اس سے جاتا ہے گذر
دل پہ چھا جاتا ہے یادِ عمرِ رفتہ کا غبار

پھرتا ہے نظروں میں سکی پھر لڑکپن کا سماں
پھرتی ہے آنکھوں میں اُسکی پھر جوانی کی بہار

دیکھتا ہے ہر طرف حسرت بھرے انداز سے
یاد آتے ہیں اُسے سب ہمنشین و غمگسار

یاد آتے ہیں اُسے پھر اپنے اعمال قبیح — دل ہی دل میں اپنے ہونا ہی نہایت شرمسار
غور کرتا ہے کرے اُنکی تلافی کچھ مگر — یہ خیال آتا ہے آخر ہے حیاتِ مستعار
دل ہی دل میں ہوتا ہی اپنے پشیماں وہ مریض — بازگشتِ عمر کی کرتا ہی خواہش بار بار
پھر اسی حالت میں ہی جاتا ہی غالب ضعف قلب — اور ہو جاتا ہی آنکھوں میں جہاں تاریک و تار

روح محمد غیاث الدین تلمیذ حضرت وطن حیدرآبادی، رسالہ محبوب الکلام میں اُنکی بہت سی غزلیں نظر سے گذریں اُن میں سے چند شعر انتخاب کرکے درج ذیل کیے جاتے ہیں۔ روح

دور موجودہ کے نومشق کہنے والوں میں ہیں

روز محشر نہ ہوگا اتنا دراز — جتنا ہوتا ہے دن جدائی کا
ایک مدت سے ہیں اسیر قفس — مٹ گیا دھیان بھی رہائی کا
کھلے کیونکر دہن کا بھید اُنکے — نکتہ داں ہے سرِ کبریائی کا
چھپکے پیتا ہے شیخ شب کو مے — کھل گیا حال پارسائی کا
اگر زنگِ خودی سے ہو صفا دل — تو ہے حسنِ ازل کا آئینہ دل

بے وصل ہی مرجانا تھا تقدیر میں اپنی — تدبیر کا کیا دخل ہے امر شدنی میں
اے منعمو کبتک طلبِ جاہ میں کوشش — مرجاؤگے اکدن غمِ دنیائے دنی میں
نہ دل سیر ہوتا ہے ہوگا نہ ہرگز — تمھارے ستم میں کچھ ایسا مزا ہے

طاعتِ حق تم نہیں کرتے ہو حق کے واسطے — شیخ صاحب حور کی خواہش تمھارے دل میں ہے
تعجب کیا جو وقتِ دید آنکھ اپنی جھپک جاتی — تمھارے رُخ میں کیا خورشید انور سے ضیا کم تھی
ضرورت کیا تھی تمکو ہم جو کرتے سیر گلشن کی — چمن سے کیا دلِ پُرداغ میں اپنے فضا کم تھی

روحی۔ حافظ غلام یٰسین صاحب حیدرآبادی عرف یٰسین بادشاہ تلمیذ حضرت مسکین روحی
تھانوی، دو تین غزلیں ایک دوست نے دکن سے ارسال کی تھیں مگر حالات باوجود دریافت
معلوم نہ ہوسکے، نمونہ کلام یہ ہے ؎

بنا کے سہرا اگر بیانِ تارِ تار سے ہم
مراد لینے کو جاتے ہیں نوکِ خار سے ہم

تم اپنے ناز سے جتون سے پوچھ لو باعث
کہ مضطرب سے ہیں کیوں، کیوں ہیں بیقرار سے ہم

شبِ وصال وہ شرما کے ناز سے بولے
معاف کیجئے باز آئے ایسے پیار سے ہم

عجب طرح کی ہے یہ بیخودیٔ شوقِ وصال
کہ یار ہی کا پتہ پوچھتے ہیں یار سے ہم

وہ دن بھی یاد ہیں جھک کر کبھی نہ ملتے تھے
غرورِ حسن سے تم غیرتِ وقار سے ہم

روشن

روشن میر حسین علی خلفِ میر خلیل باشندۂ فیض آباد نواب نظام الدولہ رئیس لکھنؤ (عہد نواب غازی الدین حیدر) کی سرکار میں داروغہ تھے اور مولوی محمد بخش شہید کے شاگردوں میں ممتاز

نہ کیوں ہو داغِ جگر کی بہار پہلو میں
کھلا ہوا ہے عجب لالہ زار پہلو میں

نہیں انیس کوئی ہجر یار میں اپنا
دلِ حزیں ہے فقط غمگسار پہلو میں

فقط اثر ہے یہ اُس گل کے خارِ مژگاں کا
کھٹک رہا ہے جو دل مثلِ خار پہلو میں

جو شب کو رہتا ہو گھر میں ہمارے یار روشن
تو ساتھ سوتا ہے رکھ کر کٹار پہلو میں

جب وہ دکھلاتے ہیں آکر سرِ بازار آنکھیں
مانگتے پھرتے ہیں یوسف کے خریدار آنکھیں

اُسکی آنکھوں سے بھلا کرتی ہیں کیا ہمچشمی
جا کے بنوائیں کہیں نرگسِ بیمار آنکھیں

باغ میں جبکہ چلے ناز سے وہ سروِ روان
کبک و طاؤس بچھاویں دمِ رفتار آنکھیں

تو وہ بت ہے کہ اگر دیر و حرم میں جائے
تیرے تلووں سے ملیں کافر و دیندار آنکھیں

پھرتی ہے نظروں میں کسکے دُرِ دنداں کی شبیہ
مثلِ نیساں ہیں ہماری جو گہربار آنکھیں

اور کچھ جرم نہیں اِسکے سوا اُن سے ہوا
ہاں فقط ایک نظر کی ہیں گنہگار آنکھیں

صورتِ قبلہ نما ہیں تری جانب او بت
نہیں پھرنے کی کبھی زنہار آنکھیں

روشن

روشن - روشن شاہ باشندۂ بریلی غدر سے چند سال پیشتر میرٹھ میں آ رہے تھے بڑے خوش فکر موزوں طبع، حاضر جواب بزرگ تھے ۱۸۷۵ء تک زندہ تھے، درویشانہ زیست کرتے تھے، میرٹھ میں قیام کے زمانہ میں شیخ غلام محی الدین عشق سے بہت ارتباط تھا۔ اُردو

فارسی دونوں زبانوں میں شعر اچھا کہتے تھے۔

دیکھ کے مجکو منہ کو چھپایا اور حیا کا نام کیا
واہ رے تیری دانشمندی ایسیں بھی اک کام کیا

نہ دنیا کا رہا میں اور نہ دیں کا
چھوڑا عشق نے مجکو کہیں کا
پھپھولے پڑ گئے سینے پہ میرے
جو تو نے ہار پہنایا سمیں کا

نہ کھینچ اے ماہر و شانہ سے اپنے بال جوڑے کا
وبالِ جانِ عاشق ہے ترا ہر بال جوڑے کا
پھرا رکھتا ہے منہ اسکی طرف سے رشکِ مہ اپنا
سمارہتا ہے اس باعث پریشاں حال جوڑے کا
قاصد جو اسکے آنے کا لایا پیام رات
آنکھوں میں میری نیند نہ آئی تمام رات
جانے کو اسکے پاس کے بے اختیار تھا
میں نے رکھا ہے دل کو بہت تھام تھام رات
یہ بات خوب نہیں ہم تو رات دن تم کو
دعا کیا کریں اور گالیاں سنا دیں آپ
رکھیے سر پہ جو اس بت نے کہیں چھو کے پھول
پیرہن میں نہ سمائے بخدا پھول کے پھول

آپ کرتے میں ہیں یار نہیں | ہم کو یاں کا بھی اعتبار نہیں | غیر سے ہوویں یار کی باتیں | ہیں یہ پروردگار کی باتیں

کوچہ میں ترے بیٹھ گئے جبکہ ہم اے یار
جوں نقشِ قدم پھر نہیں اٹھنے کے زمیں سے
آنکھوں میں ذرا ٹھیر تو تا دیکھ لیں اسکو
اقرار یہ کھیڑا ہے دمِ بازپسیں سے
پردہ وہیں دل پر سے اٹھا اپنے دوئی کا
در پردہ جو باتیں ہوئیں اس پردہ نشیں سے

سامنے تیرے اے کماں ابرو
ترکِ عالم کے بانکپن سے گئے
تیرے کوچے کے مشتیاق میں یار
گھر سے ویراں ہوئے وطن سے گئے
ہم اپنے جی سے تری جستجو میں جانے لگے
نہ پایا تیرا ٹھکانا و ہم ٹھکانے لگے
ہم اپنے دل کی جو کلفت انھیں سنانے لگے
تو آپ ہنسنے لگے اور ہمیں رلانے لگے
جہاں کے باغمیں جو گلبدن کہاتے تھے
وہ خود تمھارے لیے گل بدن پہ کھانے لگے
اثر کیا مرے نالے نے بارے کچھ روشن
جو اس طرف سے سلام و پیام آنے لگے

نظر سے شفقت کی دیکھو پیارے کہ دل سے بندے ہیں ہم تمہارے
خدا بہ روشن ہے بندہ پرور رہتے ہیں جیسے تم خدا کے

رباعی

روشن یہ خراب ہستی دیکھی — جو کچھ تھا بلند اُسکو پستی دیکھی
جب جیتے تھے ہستی نظر آتی تھی — اب نیست ہوئے تو ہیچ ہستی دیکھی

گر آنکھ سے اپنی وہ لاکھ بار بدلے — دل ایک ہو رہا ہے آنکھیں ہزار بدلے
دلکی طپش سے گرمیٔ خورشید سرد ہے — سینہ اگر یہی ہے تو دوزخ بھی گرد ہے
کونسی جاہے کہ جس جانہ گزر اُس کا ہے — مثلِ خورشید جہاں دیکھئے گھر اُس کا ہے

مختصر ہے قاصد پیغام خط پر دوستی — سو نہیں منظور اُسکو اس نمط پر دوستی
بھولنا آتا ہی یاد اب اُس فراموشکار کا — کی غلط بد عہد کے عہد غلط پر دوستی

روشن روشن ۔ مرزا جہاں شرف روشن ولد جہانگیر شرف گورگانی ساکن دہلی آپ کو تلمذ مولانا سید وحید الدین صاحب بیخود سے تھا تیس برس کی عمر سے شعر و سخن کا شوق رہا اور سب سے زیادہ تعجب خیز یہ بات ہو کہ بالکل ناخواندہ تھے بلکہ جو کچھ کہتے تھے دوسروں سے لکھوا لیتے تھے اپنی عقل و طبع کی جدت سے شعر و سخن کا چرچا مدام ہمدم رہا ۔ دہلی میں کم اور لاہور وغیرہ مقامات میں زیادہ قیام رہا تقریباً دو تین برس کا عرصہ ہوا کہ راہیٔ ملک بقا ہوئے تیس بتیس برس کی عمر پائی ۔ یہ اُن کا کلام ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے ۔

اُسکی قدرت یہ اُسی کی شان ہے — خاک میں گویائی پیدا ہو گئی
خاک کے پتلے میں بھر دیں شوخیاں — شان خالق کی تماشا ہو گئی
قدِ آدم ڈھل گئی تصویر یار — آنکھ کی پتلی بھی سانچا ہو گئی
کیوں نہیں ملتا ہے مجھ سے تو بتا — بیوفا ایسی خطا کیا ہو گئی
اُسکے لب ہلتے ہی روشن جی اُٹھے — بات کافر کی مسیحا ہو گئی

تڑپ تڑپ کے گزاری ہے رات بھر ہمنے — وہ کہہ گئے تھے کہ آئینگے ہم چراغ جلے
دکھائے جلوہ جو داغ جگر پس مردن — ہماری قبر پہ آٹھوں پہر چراغ جلے
سنائیں سوزشِ فرقت کا حال کیا روشن — وہ آگ بھڑکی کہ سارے جگر کے داغ جلے

تیری چشمک بھی خوشی کے ساتھ ہے — دل لگی دلکی لگی کے ساتھ ہے
درد دل جاتا ہے کوئی چارہ گر — یہ ہماری زندگی کے ساتھ ہے
لڑکے جاتے ہو کہاں روشن سے تم — لطف جانیکا خوشی کے ساتھ ہے

روشن

روشن بابو منی لال روشن شاہجہانپور کے متوطن پہلے حضرت جوہر سے اصلاح لیتے رہے پھر حضرت احسان سے تلمذ اختیار کیا قاضی محمد خلیل کے مشاعرہ میں بریلی میں انکو دیکھا ہے، ذہین اور طبیعت دار شخص ہیں، شوخی طبعی کا اثر کلام میں موجود ہے۔ ملاحظہ ہو۔

کوہ کن کو کوہ اور مجنوں کو صحرا دیدیا — خاک اڑانے کو مجھے اس بت کا کوچہ دیدیا
عاشقوں میں آپنے اچھی مری توقیر کی — داغ دل کیسا مجھے الفت کا تمغا دیدیا
تیرا غم مہماں ہوا تو یہ تواضع میں نے کی — خون دل پینے کو کھانے کو کلیجا دیدیا
کھیلتے پھرتے ہیں ہاتھوں میں لیئے شوخی کیساتھ — میں نے انکو دل دیا، گویا کھلونا دیدیا
آج وہ سہم گیا دیکھ کے حسرت کا ہجوم — وسعتِ دل کو مرے حشر کا داماں سمجھا
کس ناز سے کہتا ہے قیامت میں وہ قاتل — کیوں آج یہاں خون کا دعویٰ نہیں ہوتا
تمھارا میں نہیں عاشق تو تم عاشق ہی میرے — یہ کوئی بات بھی ہے کسلیئے جامہ سے باہر ہو

حسین خلق ہوئے ہیں بنی خوشی کے لیئے — بنے ہیں عاشق ناشاد بیکلی کے لیئے
نہ دم لیا کہیں اک دم نہ چین سے بیٹھے — تمام عمر بھٹکتے پھرے کسی کے لیئے
او وعدہ فراموش کدھر بھول پڑا آج — تقدیر ہماری جو یہ صورت نظر آئی
مجبور رہوں معذور رہوں ای ناصح مشفق — اتنو یہ طبیعت جدھر آئی ادھر آئی
آنکھوں میں پھرا کرتی تھی پہلے مگر اب تو — تصویر کسی شوخ کی دل میں اتر آئی

حسینوں کا بھی یہ انداز عالم سے نرالا ہے — جفاکاری کا شیوا اور وفاداری کا دعوی ہے
خدا جانے کہ کیا ہم بیخودی میں کہہ گئے ان سے — نہ اب کچھ بات بنتی ہے نہ اب کچھ عذر چلتا ہے
محبت اٹھ گئی دنیا سے ایسی والئے بیدردی — کسی کی جان جاتی ہے کوئی محو تماشا ہے

جو مجھے بدنام کرتے تھے وہ رسوا ہو گئے | لو وہ جھوٹا کہکے مجکو آپ ہی جھوٹے بنے

روشن **روشن** منشی اکرام اللہ خان روشن ہیڈ محرر تھانہ نصیر آباد ضلع بارہ بنکی معیار سے کلام منتخب ہوا

کیا اثر ڈالے مری تقدیر دیکھا چاہیئے | اے دباں تجھمیں ہے کیا تاثیر دیکھا چاہیئے
سامنے آئینہ رکھنے سے جسے آئے حیا | کس طرح کھچوائے وہ تصویر دیکھا چاہیئے
گھس گئے سب فن تدبیر ہے کوشش کی حد | حل ہو کیونکر عقدۂ تقدیر دیکھا چاہیئے
بل دیئے جاتے ہیں زلفوں میں الٰہی خیر ہو | پاؤں پڑنے کو ہے کیا زنجیر دیکھا چاہیئے

روشن **روشن** منشی دیوان روشن لال صاحب متخلص بہ حالب و روشن ابن منشی دیوان نانا لال صاحب کایتھ دہلوی خصرت غالب مرحوم سے تلمذ کا دعوی ہے مگر ظاہر اسکی کوئی صلیت معلوم نہیں ہوتی، انکے بعض احباب انھیں مرزا دولھا اور بعض صرف استاد کہتے ہیں اور فی الحقیقت انھیں دعوی بکمال ہے، باسٹھ[۶۲] تریسٹھ[۶۳] برس کی عمر ہے انکے بیٹے نے کچھ کلام انتخاب کرکے بھیجا تھا اُس میں سے چند شعر درج ہیں

کاوش مژگان جاناں کی دلا دیتا ہے یاد | پاؤں میں چبھ چبھ کے ہر دم ٹوٹ جانا خار کا
کرم ہو یا ستم الفت میں ہمکو سب برابر ہے | خوشی ہے وصل کی اچھی نہ فرقت کا ہی غم اچھا
روشن میں بھاتا ہوں اُنھیں شعر سنا کر | وہ منہ بھی لگاتے نہیں مجھ ہرزہ سرا کو
الٰہی کیا منسوں دل پر کیا ہے چشم میگوں نے | کہ ہم کعبہ سے پھر کر ہو گئے رہ گیر میخانہ
یہی گرد و رو دورہ میکشی کا ہے زمانہ میں | تو کعبہ سے کہیں بڑھ جائیگی توقیر میخانہ

رونق **رونق** شاعر نازکخیال ظہوری نظیری فطیر نواب احمد علیخاں بہادر رونق رئیس ٹونک شاگرد رشید نواب مرزا ظہیر دہلوی و سید امراؤ مرزا انور مرحوم آپ بانئے ریاست ٹونک کے ساتویں صاحبزادے اور رموز فن سخن سے خوب واقف تھے، جب ۱۲۵۰ھ میں نواب امیر خاں نے انتقال کیا اور نواب وزیر الدولہ مسند نشین ہوئے بیس ہزار روپیہ سالانہ وظیفہ انکا مقرر ہوا، رونق مرحوم وسیع المشرب، خندہ پیشانی، خوش اخلاق، مہمان نواز سپہ چشم رئیس تھے اوائل مشق میں نوازش حسین خاں تنویر دہلوی سے اصلاح لیتے رہے

لیکن ۶۵ برس کی عمر میں سیدؔ مرا و مرزا انور سے تلمذ اختیار کیا اور سابقہ کلام ضائع کر دیا۔ انکی توجہ سے بہت جلد خود اچھا کہنے لگے، مہاراجہ رام سنگھ بہادر والی جیپور سے دوستانہ مراسم تھے اور اسی تقریب سے سالہا سال جیپور میں بطور انکے مہمان کے قیام پذیر رہے اجمیر میں بھی کئی برس بسر کیے، چند سال بعد جب حضرت انور کا انتقال ہو گیا اور حضرت ظہیر بھی مہاراجہ رام سنگھ کے سرگباش ہونیکے بعد خانہ نشین ہو گئے تو انھوں نے انھیں اپنے پاس بلا لیا اور کلام میں ان سے مشورہ لیتے رہے بعض بعض غزلیں انکے دیوان میں ایسی ہیں کہ اچھے استادوں کے کلام سے ٹکر کھاتی ہیں، مشکل زمینوں میں بالخصوص بہت خوب کہتے تھے اور روزمرہ اہل زبان پر اچھا عبور تھا۔ ایک دیوان مطبوعہ دوسرا غیر مطبوعہ ان سے یادگار ہے آخر ۱۹۱۰ء میں بعالم ضعیفی انتقال کیا، حضرت ظہیر انکے بڑے ثناخوان اور رئیسانہ دلنوازی اور حسن سلوک کے بڑے مداح تھے اور بڑی محبت اور احترام سے انکا ذکر راقم تذکرہ سے کیا کرتے تھے انکے شاگردوں میں علی محمد خاں ضیاؔ عبدالقادر خاں ضمیرؔ انکے صاحبزادی چھتیر مجبورؔ ملا شمس الدین خاں شمسؔ مشہور ہوئے

ہے یہی فکر یوں نہ ہو یوں ہو — ان ہوسہائے خام نے مارا
آبِ خنجر سے تر ہوا نہ گلو — سر بہت تشنہ کام نے مارا
دل زمانے سے ہٹ گیا اپنا — ہم بھلے اور گھر بھلا اپنا

دل ہے کہاں جو مانگتے ہیں آپ بار بار — سو بار سینہ چیر کے تمکو دکھا دیا
خیالِ وصل کیا اور کجا وہ خلوتِ ناز — کہ جس میں وہم و گماں کا گذر نہیں ہوتا
میرا سوال کیا ہے تمہارا جواب کیا — کہ جیسے ہو پی کے گھر سے عدو کے شراب کیا
بچ گئے ہم صدمہائے ہجر سے — موت کا اچھا بہانہ مل گیا
تجھ سے نہ یہ گماں تھا اے بانیٔ تغافل — غیروں کے واسطے ہو ہمپر عتاب اتنا
اک وار میں شمشیر کے ہوتے ہیں سبکدوش — سن لیجئے قصہ ہے بہت مختصر اپنا

سر جائے محبت میں کہ ایمان پہ بنجائے
ہو جائے کسی طرح وہ کافر مگر اپنا

سمجھتے تھے اُسے ناداں مگر وہ تو بلا نکلا
کہ دشمن بن گیا نامِ محبت منہ سے کیا نکلا

یوں گراں ہے نفس نفس شبِ ہجر
جیسے بیمار پر ہے بھاری رات

کئے تھے کس لیئے چلے اب کیوں
حیف اِس کا نہ کچھ کھلا باعث

عیسیٰ سے ہو سکا نہ ترے زار کا علاج
مشکل بہت ہے عشق کے بیمار کا علاج

پھر ٹٹولے ہیں ناخنِ دستِ جنوں
پھر ہمارے داغ پر آیا کھرنڈ

حضرتِ دل ہو اگر لطف اُٹھانا منظور
کیجئے زہرِ غمِ عشق کا کھانا منظور

دلِ بیتاب تو سو بار ہدف ہو جائے
ناوکِ یار کو ہو بھی مگر آنا منظور

اِس طرح واعظ بیاں کرتا ہو واں کا حال کچھ
آسماں سے جیسے آیا ہو خدا کو دیکھ کر

خدنگِ نیمکش اُسکے کہیں روکے سے رکتے ہیں
نگاہیں پار ہوتی ہیں جگر میں تیر بن بنکر

یکساں ہیں اہلِ دل کے لیئے دونوں صورتیں
جو شکلِ بیخودی ہے وہی ماجرائے ہوش

قتل خنجر سے تکرے یہ ہاں لے یاروں کی ایک
ہے نگاہِ ناز تیری لاکھ تلواروں کی ایک

وہاں ہے انتظامِ غیریاں تک
کہ ہم کیا جانہیں سکتا گماں تک

تغافل سے ترے غفلت یہ چھائی
کہ غافل سو رہے ہیں پاسباں تک

دوئی جب مٹ گئی پھر بحث کس سے
یہ سب جھگڑے ہیں رونق این و آں تک

کہتے ہیں مرے اشک مژہ سے کہ چلے ہم
پیدا ہوئے جب سے ترے سایہ میں پلے ہم

گھر آئے مرے شب کو وہ اِس شرط سے رونق
واں چلنے کو چلتے ہیں نہ ٹھیریں گے ولے ہم

لیجائے وہ ناوک جگر و دل کو تو اچھا
یونہی میرے سینے میں یہ بیکار پڑے ہیں

تشہیر کا یا حکم ہو یا دفن کا ان کے
قاتل ترے کشتے سرِ بازار پڑے ہیں

ہے سبکو گماں دامنِ قاتل میں کہ گل ہیں
چھینٹے جو مرے خوں کے دو چار پڑے ہیں

رونق ہے غضب جوش میں دریائے محبت
گرداب میں لاکھوں ہی ہوسکار پڑے ہیں

تیرے چینِ جبیں سے ہرگز نہیں بہتر ہم خواب میں گلزارِ ارم دیکھ چکے ہیں
ہم بھی کوئی آفت ہیں کہ پھرے طلبِ وصل فرقت کے ابھی رنج و الم دیکھ چکے ہیں
دیکھنے سے ترے زاہد کی یہ حالت بگڑی خو کہیں سبحہ کہیں جبّہ و دستار کہیں
کس طرح ہم انھیں دزدیدہ نظر سے دیکھیں خوف ہی یہ کہ نہ ہو جائیں گنہگار کہیں
پھر دوبارہ اُسے حالِ زار ہم کیونکر کہیں کہہ دیا اک بار سو سو بار ہم کیونکر کہیں
دل تو کیا اُمید دل مثلِ رگِ جاں قطع کی وہ نگہ کچھ اور ہے تلوار ہم کیونکر کہیں
سایۂ لطفِ خدا ہے سایۂ دیوارِ یار رونق اس کو سایۂ دیوار ہم کیونکر کہیں
کیا دخل مہرباں جو کسیکو خبر بھی ہو پر ہمسے دوستی تھیں مدّ نظر بھی ہو
دیوار و در سے سر کو نہ پھوڑیں تو کیا کریں کافر کسی طرح سے شبِ غم بسر بھی ہو
کچھ زخمِ الم دل میں ہیں کچھ داغ جگر میں یہ پھول ملے ہیں چمنِ دہر سے مجھ کو

شرمِ عصیاں میں ہم ایک ایک سے ہیں چھپتے پھرتے ڈھونڈتی پھرتی ہے اللہ کی رحمت مجھ کو
تصدق اس زباں کے اس پیام نا کے قربان کہ اپنا حالِ دل کاغذ پہ لکھکر بھیجدو ہمکو

دل سے اپنی یاد پر قربان ہوں بیخودی میں بھی مجھے ہے یاد تو
دل تک ہو چاک تیغ جو سر پر لگائیے عاشق ہوں ہاتھ سوچ سمجھ کر لگائیے
نسخہ میں طبیبوں نے لکھا اور ہی کچھ ہے بیمارِ محبت کی دوا اور ہی کچھ ہے
اعدا کی ملاقات سے انکار مسلّم کیا کہتے مگر ہمنے سنا اور ہی کچھ ہے
اب اس مقام پہ ہیں بیخودانِ جلوۂ دوست کہ آزمایش دار و رسن لگے کرنے
نشاط پرسشِ احوال میں جھلک اٹھی ہم اُن سے شکوۂ رنج و محن لگے کرنے
جو ربطِ خسرو و شیریں کا ذکر میں نے کیا وہ شرح جانکنی کوہکن لگے کرنے
کہا جو میں نے کہ رونق سے رم ہے کیوں تو کہا یہ خوف ہے کہ نہ دیوانہ پن لگے کرنے
ایک جلوہ میں مٹا دی وہ پریشان نظری خوب بگڑے ہوئے عاشق کو سنوارا تو نے

دیکھ کر مجکو جو دامن سے کیا تنے حجاب
لب پہ ایک ایک کے کیا کیا سخن دامن ہے

نہ باتیں کیں نہ تسکیں دی نہ پہلو میں ذرا ٹھیرے
جو تم آئے تو کیا آئے جو تم ٹھیرے تو کیا ٹھیرے

سر اڑا کر تیغ بّراں سے وہ یوں کہنے لگے
کیوں ہمارے ہاتھ کی دیکھی صفائی آپنے

جلوہ اپنے حسن کا دکھلا کے ہر ہر رنگ میں
کافر و مومن میں ڈالی ہے لڑائی آپنے

تہہ تیغ نگاہ ہے رونق
پھر گئی جس طرف صفائی ہے

عشق کے فیض و لطف سے ہم بھی لشکر شاہی رکھتے ہیں
دستہ دستہ یاس و الم ہے حسرت لشکر لشکر ہے

ایسا کچھ آیا ہے زمانہ جسکو دیکھو وہ ہے حزیں
کوچہ کوچہ رنج کی فوجیں غم کا گھر گھر لشکر ہے

تری تکرار بیجا سے ہمارا دل اُلجھتا ہے
تو اپنا وار کر کس واسطے قاتل اُلجھتا ہے

صباحت روے دلبا سے نزاکتیں مٹ گئیں سمن کی
شمیم گیسوئے جانفزا سے اُڑی ہے بو نافۂ ختن کی

نہ باز آنا کبھی کجی سے اگرچہ دشمن بھی جائے جی سے
نظر جو سیدھی ہوئی کسی سے تو ٹوٹ گئی بات بانکپن کی

مرتا ہوں کہا میں نے تو جھنجلا کے یہ بولے
مرنے پہ چومرتے ہو تو مر کیوں نہیں جاتے

خبر لیجے کہ اک عالم ہے بیخود
شمیم گیسوئے عنبر فشاں سے

غلط ہے کہ دل کا لگانا بُرا ہے
محبت کا لیکن جتانا بُرا ہے

کہاں رہگئی لب پہ جاں آتے آتے
کہ رُک رُک گئیں ہچکیاں آتے آتے

گل و لالہ سے میکدہ بھر گیا ہے
مُغاں کے لیے ارمغاں آتے آتے

نہ آساں سمجھ قصۂ غم کو رونق
کہ آئیگی یہ داستاں آتے آتے

غیر کا نام لیا ہو تو زباں ہی جل جائے
بیخطا آپکی مجھپر خفگی ہوتی ہے

آپ کیا بزم میں خوش ہیں مری رسوائی سے
دل میں سمجھو تو ذرا کسکی ہنسی ہوتی ہے

رونق

رونق - لالہ رام سہائے کایستھ ولد حکیم منّالال راجہ جھاؤ لال لکھنوی کے عزیزوں میں تھے اور شیخ ناسخ کے شاگرد، فارسی شعر کہنے کا شوق بہت تھا، گاہ گاہ اُردو بھی کہہ لیتے تھے امجد علیشاہ اور واجد علیشاہ کا زمانہ پایا تھا، یہ کلام کا خلاصہ ہے ٭

غصہ میں ترے موت ہے آنی مرے دل کی — ہے چین جبیں دشمن جانی مرے دل کی
پانی عرق شرم سے ہو کر نہ بہے کیوں — دیکھے جو سحاب اشک فشانی مرے دل کی
صد چاک ہوں شانہ کی طرح زلف کے غم میں — قائم ہے یہ آسے کھینچ زبانی مرے دل کی
اب کوئی نہیں کہتا ہے فرہاد کا قصہ — رونق ہے وہ مشہور کہانی مرے دل کی

رونق

رونق منشی حافظ محمد جان صاحب رونق باشندہ رامپور تلمیذ مولانا احمد حسن شوکت میرٹھی علمی استعداد اور اس فن کی مشق خاصی ہے، پندرہ بیس برس سے مشق سخن کرتے ہیں اور طبیعت کے رنگ کا یہ نمونہ ہے۔

ہمیں کچھ پوچھنا تھا میکدہ کا حال رونق سے — مگر جب اُٹھنے ملتے ہیں نشہ میں چور پاتے ہیں

خاک میں ملکے اُنھیں خاک ملیگا آرام — فکر آرام میں اکدم جنھیں آرام نہیں
کمر سے نازنینوں کی کہاں نسبت ہے بلبل — یہ مانا مانتے ہیں ہم رگ گل کو نزاکت میں
دل مضطر کا اپنے چارہ گر اللہ حافظ ہے — وہی ہو وصل میں حالت کہ جو حالت تھی فرقت میں
زیاں ہے غیرت و ناموس عقل و ہوش کا یکسر — فقط اک سُود سودا کا ہے بازار محبت میں
دُنیا عجب مکان ہے کہ جس کا ہر اک مکیں — راہِ فنا میں چلنے کو پا در رکاب ہے
اگر منظور ہے سیر فضائے لامکاں پہلے — مٹا دے چار ارکانِ عناصر کا نشاں پہلے
رسائی درسگاہِ معرفت تک کالے کوسوں ہے — مٹے جبتک نہ لوح دل سے نقش این و آں پہلے
کیا رُسوا حرم میں خرقہ و دستار نے مجکو — نہ چھوٹا داغ مے ہر چند دھویا آبِ زمزم سے

رونق

رونق - لالہ لچھمی نرائن صاحب رونق خلف لالہ بالکشن صاحب دہلوی کھتری، بزرگوں کا اصل وطن آگرہ تھا لیکن ابتدائی تسلط سرکار انگلشیہ میں ملازمت کی وجہ سے آپکے بزرگوں نے لکھنؤ میں بود و باش اختیار کی، آپکے حقیقی چچا لالہ رام نرائن چیف کمشنر اودھ کے میر منشی تھے، رونق صاحب نے انگریزی میں یونیورسٹی الہ آباد کا امتحان ایف اے ۱۸۸۶ء میں پاس کیا، اب گورنمنٹ جوبلی ہائی سکول لکھنؤ میں مدرس ہیں، فارغ البالی کے زمانے میں

شاعری کا اکثر مشغلہ رہتا تھا، افکارِ خانگی کی وجہ سے آجکل تائب ہیں، چالیس پچاس غزلیں انکے ایک دوست لالہ ہرو یال لکھنوی نے ارسال کی تھیں اُن میں سے یہ چند شعر منتخب ہوئے

کچھ نہ پوچھو حال کیا میرا شبِ دیجور تھا
بے طرح بے چین پہلو میں دلِ رنجور تھا

کوئی لاکھ دُھرائے سینہ پہ آنچل
چھپائے سے جوبن چُھپا ہے کسیکا

ہر آئینہ سے نہ دعوے کرو صفائی کا
پھسل نہ جائے کہیں پاؤں خود نمائی کا

بنا کرتو نے آئینہ حسینوں کو کیا خود میں
تجھے پہلے ہی منہ اپنا سکندر دیکھ لینا تھا

بکھرنے کو ہے عنبریں زلفِ پُرخم
گھٹا میں چھپے گا قمر دیکھ لینا

جلوہ طور سے روشن ہوں ہماری آنکھیں
بام پر آپ کا دیدار جو ہو آجکی رات

پھیر دو خنجر گلے پر تم اگر ملتے نہیں
گر وفا آتی نہیں تو کیا جفا آتی نہیں

عدو کو پان بنا کر کھلائے جاتے ہیں
کہ میرے قتل کے بیڑے اُٹھائے جاتے ہیں

کچھ نہیں دیکھتے جز جلوۂ جاناں رونق
جس طرف عاشقِ جانباز نظر کرتے ہیں

جن کو دل اور جگر شوق سے ہم دیتے ہیں
وہ ہمیں ساری خدائی کا الم دیتے ہیں

قدرئے حسن ازل سے ہے عشق سوختہ جاں
پتنگ شمع کے شعلہ پہ کیوں نثار نہو

مثلِ سرمہ کے میں چھپا لوں گا
میری آنکھوں میں تو سما دیکھو

ہاتھوں ہاتھوں ہیں اس پہ پیر و نے
دل ہمارا اُڑا لیا دیکھو

تقدیر کا گلہ نہ شکایت فلک کی ہے
راضی ہیں ہم اُسی میں جو تیری رضا ہوئی

مانگتا ہوں یہ دعا میں شبِ تنہائی میں
موت آئے پہ کسی پر نہ طبیعت آئے

عبث ہے بحث وارثوں کی شکایت
زمانے کی خوشی میں غم ملا ہے

اُسنے پیدا ہیں کہاں دکھ کے سنانیوالے
ہمسے دُنیا میں کہاں ناز اُٹھانیوالے

جامِ مئے طہور پلا ساقیا انھیں
آتے ہیں شیخ ساغر و مینا لیئے ہوئے

چادر گل کی نہیں کچھ احتیاج
بیکسی تربت پہ ہے سایہ کیئے

از شکِ پری و حور ہوں آئینہ رو ہزار	ہمکو جہاں میں آپکی صورت پسند ہے

رونق - لالہ شیو ناتھ سہائے ولد منشی کشندیال صاحب مرحوم، بکھری برانوان صوبۂ بہار کے باشندے اور حضرت اکبر دانا پوری کے شاگرد ہیں، فارسی میں کافی دستگاہ ہے لکھنؤ و بریلی کے رسالوں میں آپ کا کلام شائع ہوتا رہا ہے - یہ چند شعر انکے ہیں۔ رونق

خوشخوانی میں بھی صاحب کی توجہ چاہیئے	دیکھئے دل خاکساروں کے ہیں غلطاں پیچ پا
وُہ دِل سے ایسا ہی سمجھیں تو لطف ہے ورنہ	لکھا جو عاشقِ شیدا خطاب کیا ہوگا
پا نو میں چھالے جگر شق دِل میں درد	میں سراپا غم کا پُتلا ہوگیا
کسقدر پُر درد ہے رونق بیان عندلیب	ہوش اُڑ جاتے ہیں سُن سُنکر بیانِ عندلیب
بُود و نابود ہے انساں کے لیئے مثلِ حباب	ہستی دنیتی ہے اپنی خبر کی مانند

رونق - حافظ شیخ محمد عبد الباری خلف مولوی محمد عبد الرحمن صاحب مرحوم و نواسہ حکیم محمد خاں تاثیر مولد و مسکن بنارس ہے، تیس برس کی عمر ہے، آپکے والد بھی شاعر تھے اور جاناں تخلص کرتے تھے، حضرت رونق کو عرصۂ دس گیارہ سال سے شعر گوئی کا شوق ہے اور اس فن میں حضرت فریاد ندروی شاگرد حضرت تسلیم لکھنوی سے اصلاح لیتے ہیں نومشق شاعر ہیں کلام میں کوئی بات قابلِ ذکر نہیں - انتخاب یہ ہے - رونق

الفتِ چشم میں اِس طرح ہو مجھ زار کا رنگ	زرد جس طرح سے ہو نرگسِ بیمار کا رنگ
سُنکے آواز مری کہتے ہیں	کون اللہ سے فریادی ہے
یُوں فرقتِ حبیب میں حالت تباہ کی	اُٹھے اگر تو رو دیئے بیٹھے تو آہ کی
داغوں میں ضو ہے آہِ دلِ بیقرار سے	گھر میں جلے چراغ نسیمِ بہار سے
کیوں چشم تر سے داغِ جگر کے نہوں ہرے	سرسبز کھیت ہوتے ہیں ابرِ بہار سے
ہر قدم پر جو ناتواں دل ہے	ایک منزل ہزار منزل ہے

رونق - محمود میاں رونق، کمپنی تھیٹریکل کمپنیوں میں ڈراما نویس رہے اور متعدد ناٹک رونق

انگریزی سے ترجمہ کئے اور چند خود بھی بنائے ۱۸۹۲ء کے قریب حیات تھے اور بمبئی میں رہتے تھے اب عرصہ سے کچھ حال معلوم نہیں یہ چند شعر انکے ہیں

گردشِ تقدیر سے اپنے ہی ہو جاتے ہیں غیر — تیشۂ فرہاد دشمن ہو گیا فرہاد کا
کس قدر رکھا تشنہ کامِ آبِ خنجر الحفیظ — ہر لبِ زخمِ جگر پر شکر ہے جلاد کا
ٹھہر اے شوقِ شہادت دم لے اے ذوقِ طپش — ہاتھ قبضے پر ذرا جمنے تو دے جلاد کا
نو اسیر زلف ہوں کیا جانوں دمِ راہِ عشق — رفتہ رفتہ آئیگا ڈھب نالہ و فریاد کا
پھر کے ساقی نے شبِ مہ میں جو ساغر رکھدیا — زاہدوں نے طاق پر سب حور و کوثر رکھدیا
عاشقوں کو امتیازِ دیر و کعبہ کچھ نہیں — جسکا نقشِ پا جہاں دیکھا وہاں سر رکھدیا
جنوں میں ہوش و امن کا نہ غم ہے کچھ گریباں کا — نہ یہ معلوم کیوں اُدھڑا نہ یہ مفہوم کیوں ٹانکا
سر جائے تو کچھ غم نہیں مطلب تو بر آئے — وہ قتل ہی کو آئے بلا سے مگر آئے
عاشق کو حور و خلد سے کیا کام واعظا — اُجرت ہے یہ تو آپ سے مزدور کے لیئے

رونق منشی رادھا موہن لال الہلدراج ریاست نروا ضلع فرخ آباد ۱۸۹۳ء کے پیام عاشق سے چند شعر درج ہوئے ۔۔۔

ملبوس لطافت ہے فقیرانہ ہمارا — پر حوصلۂ دل تو ہے شاہانہ ہمارا
اُلجھاتے ہو دل گیسوئے پیچیں میں لیکن — اے آئینہ رو ٹوٹے نہ یہ شانہ ہمارا
ہر اک کو فراموش ہوا قصۂ مجنوں — اب ورد زباں سب کے ہے افسانہ ہمارا
مے پیکے نظر آئے ہیں اسرارِ نہانی — کم ساغرِ جم سے نہیں پیمانہ ہمارا
دیکھا جو مئے عشق سے معمور تو بولے — کیا جھومتا آتا ہے وہ مستانہ ہمارا

قیس ہر دم یہی کہتا ہے بیابانوں میں — ہم بھی ہوتے کہیں لیلیٰ کے شتربانوں میں
کچھ بھی اے غیرتِ یوسف نہیں انکار مجھے — بیچ لے شوق سے چلکر سرِ بازار مجھے

رونق منشی پیارے لال صاحب دہلوی تلمیذ رشید حضرت راسخ مرحوم خلف منشی جے نرائن

مرحوم کایستھ ماتھر ساکن روشنپورہ دہلی، بیالیس چوالیس برس کی عمر، ذہین، زود گو اور خوش کلام کہنے والے ہیں، دو دیوان مرتب کر لیئے ہیں جس میں سے پہلا موسوم بہ "رونق سخن" کئی برس ہوئے چھپکر شائع ہو گیا، دوسرا جس میں زیادہ تر تصوف و معرفت کا رنگ ہے مکمل موجود ہے اور دونوں کا انتخاب یہاں درج ہے، سب سے پہلے جب آپنے غزل کہی تو حضرت داغ کے پاس اصلاح کے لیئے دکن بھیجی، جسپر انھوں نے اصلاح دیکر ہدایت کی کہ مولنا رائخ کو دہلی میں دکھالیا کرو چنانچہ آپ اُنکے شاگرد ہو گئے، اُنہیں ایام میں مولنا رائخ نے "زبان دہلی" نامی رسالہ جاری کیا اُسکے مشاعروں کا اہتمام انہیں کے متعلق رہا چنانچہ اُستاد کے قابل ترین تلامذہ میں سمجھے جاتے ہیں، زبان، بندش، مضمون، سب باتوں کا خیال رکھتے ہیں، رسالہ "کمال" جو تین برس تک دہلی سے شائع ہوتا رہا اُس رسالہ کے آپ ہی اڈیٹر تھے کنور بدری کرشن صاحب فروغ کے مکان پر برسوں مشاعرہ انکے اہتمام سے ہوتا رہا، بڑے مخلتی، جفاکش، خلیق، بامروت انسان ہیں، بیرونجات کے شعرا جو دہلی آتے ہیں وہ انکے خلق کے اکثر مداح پائے گئے، اب کچھ عرصہ سے ظروف کی تجارت کا مشغلہ ہے اور کارخانہ نیلام بھی جاری کر دیا ہے، دس بارہ شاگرد بھی کر لیئے ہیں، منشی قصیر، شیدا، فروغ کے ہم مشق و ہم صحبت ہیں

کچھ نہیں اور یہاں جلوۂ وحدت کے سوا
کیا نظر آئے نگاہوں کو حقیقت کے سوا

نور آنکھوں میں رہا تیرا تصور دل میں
ہمنے جلوت میں بھی دیکھا تجھے خلوت کے سوا

ہم حسیں چاہیں جہاں ہیں تو بہت اے زاہد
تجکو حوریں نہ ملینگی کہیں جنت کے سوا

درد و غم رنج و الم حسرت و یاس و حرمان
اور اُلفت میں دھرا کیا ہے مصیبت کے سوا

کچھ عجب نیند کے ماتے ہیں یہ سونیوالے
ایسے سوئے ہیں نہ اُٹھینگے قیامت کے سوا

پی کے کھل جاتے ہیں اسرار نہانی رونق
اور کیا شغل ہو جام مئے وحدت کے سوا

بند نقاب تو ڈگئی شوخیٔ نظر
جو پردہ حجاب تھا حائل نہیں رہا

مری تر دامنی کا حشر میں ڈھک جائیگا پردہ
جو آیا جوش پر دریا کہیں اشک ندامت کا

جبین نازِ قاتل میں نشاں ہیں میری ہستی کے
بنی ہے چینِ پیشانی نوشتہ خطِ قسمت کا

بوسہ لیکر جب کہا میں نے کہ یہ کیا ہوگیا
ہنس کے فرمانے لگے تیر اکلیجا ہوگیا

دل چاہتا نہ تھا کہ محبت کسی سے ہو
میں کیا کروں مجھے ترا انداز بھا گیا

دیوانے تیری زلف کے پھرتے ہیں کو بکو
وحشت اگر یہی ہے تو اب شہر بن ہوا

تم نے گھونگٹ منہ سے جب سرکا دیا
آفتابِ حشر کو شرما دیا

جام کے بدلے دکھائی مجھ کو آنکھ
واہ اچھا یار نے چھینٹا دیا

آپ کیوں رونق سے برہم ہوگئے
کچھ خطا تقصیر! اُسنے کیا کیا؟

جہاں میں بُت نہیں ملتے خدا نہیں ملتا
مگر ڈھونڈنے والی ہو کیا نہیں ملتا

اُسکے غم میں ہوگئیں آنکھیں سفید
جسنے ان آنکھوں میں گھر پیدا کیا

ٹھوکروں سے یار کی یہ خاک نے پایا عروج
تھا زمیں پر پہلے گھر اب آسماں پر ہوگیا

سرور رنگِ مے بنکر لہو آنکھوں میں چھلکائے
تماشا ہوگیا ساغر میں بھر نا چار چھلکو کا

شوقِ نظارہ نے چھپنے نہ دیا پردہ میں
دل میں رہ کر بھی نگاہوں سے وہ پنہاں نہ ہوا

کسی کا نقشِ قدم بن کے مری ہستی
مٹا مٹا سا نشانِ سرِ مزار رہا

کسی کے دیدۂ میگوں نے وہ پلائی مجھے
کہ حشر تک مری آنکھوں میں اک خمار رہا

جل گیا آہِ شرر بار سے بلبل کی چمن
ہر طرف گل کی جگہ ڈھیر ہے انگاروں کا

روز پیتے ہیں روز توبہ ہے
کوئی رونق سا پارسا نہ ملا

اکھڑے نہ راہِ شوق میں پائے طلب کبھی
ثابت قدم میں کب سرِ منزل نہیں رہا

فانوسِ دل میں جب سے نہاں ہے وہ شمعِ حسن
پروانۂ نظر سرِ محفل نہیں رہا

جسنے مٹا دیا ہے وہ بتی آرزوئے یار
رونق مجھے کچھ اب گلۂ دل نہیں رہا

رکھنا ذرا تصورِ مژگاں سنبھل کے پاؤں
ٹوٹے کہیں نہ آبلہ پائے خیال کا

یوں وہ ٹھکرا رہے ہیں نعشِ مری
مرنیوالے میں جان ہے گویا

وصال میں بھی رہی شکلِ یاس پیشِ نظر
ہماری صبحِ تمنا میں رنگِ شام رہا

مزہ ہے جب کہ نشانہ پہ اک نیا دل ہو
نگاہِ ناز کا ہر وقت یہ پیام رہا

چڑھائی شیخ نے منبر پہ بیٹھکر واعظ
امامِ محفلِ رنداں میں بھی امام رہا

غریقِ اشکِ ندامت ہوں اسقدر رونق
کہ ڈوبی رہتی ہے فردِ حساب دیدۂ آب

تیغِ قاتل نے کھلا رکھا ہے دلمیں کہ چمن
خندۂ زخمِ جگر ہے خندۂ گل کا جواب

یوں نہ بابر جایئے بگڑے ہوئے تیور سے آپ
لوگ طعنے دینگے آئے ہیں کسی کے گھر سے آپ

اُف رے آسودگیٔ دشت کہ بھولا ہوں چمن
ایک مدت ہوئی دیکھی نہیں گھر کی صورت

سیکھ لے تم سے کوئی آنکھ چرانے کی ادا
ٹھیکری رکھتے ہیں اس طرح بشر آنکھوں پر

وہ تو رونق سے بگڑتے رہے ناحق ناحق
اور وہ ناز اُٹھاتا رہا سر آنکھوں پر

ایمان آپ کا جو مکر جائیں لیکے آپ
ہمنے تو دل دیا ہے فقط اعتبار پر

مرتے ہیں تابشِ دُر دندانِ یار پر
چادر ہو موتیوں کی ہمارے مزار پر

نرالی آن نکلے جس میں تُو وہ شان پیدا کر
ادا میں شوخیاں ہوں شوخیوں میں جان پیدا کر

میں گلشنِ جہاں میں کہیں ہوں کہیں نہیں
دھوکا سا بُوئے گل کا ہے مجھ ناتوان پر

دل لگائے کوئی کیا گل سے چمن میں رہکر
بے وطن ہونا ہے اک روزہ وطن میں رہکر

صورتِ نکہتِ گل ہے یہ جہاں کی ہستی
رنگ سب دیکھ لیئے ہمنے چمن میں رہکر

چشمِ بلبل میں کھٹکنے کو ملا پہلوئے گل
آبرو پائی یہ کانٹوں نے چمن میں رہکر

بادِ صرصر کا ہوا ڈر نہ کبھی خوفِ خزاں
اپنی اک حال سے گذری ہے چمن میں رہکر

تھا وہ اک رنگِ طلسماتِ جہانِ فانی
جو کرشمہ نظر آیا ہے چمن میں رہکر

کبھی مژگاں پہ نظر ہے کبھی رخساروں پر
کبھی کانٹوں پہ رہے ہم کبھی انگاروں پر

مٹا ہی جاتا ہے دل ابروئے ستمگر پر
وہ تیغ ہی دیتا ہے کمبخت جان خنجر پر

ہیں صورتِ عنقا جو دلِ زار کے انداز
پھرتے ہیں نظر میں کمرِ یار کے انداز

کس شوق سے لیتی ہیں تمھیں مونگا ہیں
دیکھے تو کوئی چشم خریدار کے انداز

اُنکی نگاہ پھرتے ہی ہم زخم ہو گئے
لو آج زخم ہو گئے اُلٹی چھری سے ہم

چُپ ہیں سوالِ وصل پہ گویا زباں نہیں
بُت بن گئے جب آپ تو پتھر سے کیا کہیں

کہیں کیا کس مصیبت سے بسر اوقات کرتے ہیں
کہ روتے رات کٹتی ہے تڑپتے دن گذرتے ہیں

رونق بہارِ باغ جوانی گذر گئی
تم جس ہوا کو ڈھونڈتے ہو وہ ہوا نہیں

ہر نہیں کے ساتھ ہاں ہے اور ہر ہاں میں نہیں
نام کو بھی استواری تیرے پیماں میں نہیں

محبت کا طوق اسکو کہتے ہیں رونق
کہ باہیں گلے میں وہ ڈالے ہوئے ہیں

شوخی سے اُڑے پھرتے ہیں اندر سے چھل بل
دم بھر میں یہاں ہیں ابھی دم بھر میں نہیں ہیں

دل نگہ کو جان دیدی آپ کو
وہی باتیں تھیں مرے امکان میں

قیامت کی بھری ہے کج ادائی چشمِ پُرفن میں
مری تقدیر کا بل آگیا ہے اُنکی چتون میں

مزہ ہے موت آئی ہے خیالِ روئے روشن میں
عجب کیا تا قیامت نور برسے میرے مدفن میں

سمٹکر رنگ لائیگی مری کاہیدگی اکدن
سما جاؤنگا تل بنکر نگاہِ سامری فن میں

ذرا اے شورِ محشر کچھ تو ہاں پاسِ مروت بھی
تھکے ہارے مسافر چین سے سوتے ہیں مدفن میں

دیکھکر ناز و اداجی سے گذر جاتے ہیں
مرنیوالے تری ہر آن پہ مرجاتے ہیں

اِس تلوّن کا بھی کیا ٹھیک ہے اللہ اللہ
منہ سے اقرار نگاہوں سے مکر جاتے ہیں

فلک کے پاس بھی رُخ کا ترے جواب نہیں
اِس آفتاب کا ثانی وہ آفتاب نہیں

کہا تھا خواب میں کس بیوفا نے آنیکو
کہ چشمِ خواب میں بھی دیکھنے کو خواب نہیں

اُٹھ گئیں آنکھیں جدھر لاکھوں کلیجے چھد گئے
سیدھی نظریں بھی تمھاری نوکِ پیکاں ہوگئیں

بھویں تنتی ہیں جب وہ چیں جبیں ہوکر نکلتے ہیں
اِدھر کھنچتی ہیں تلواریں اُدھر خنجر نکلتے ہیں

کسکو دل بیخودی میں دے بیٹھے
ہائے یہ بھی نہیں خیال ہمیں

دیکھ کر اُنکو پھر غشی چھائی
بیخودی لے چلے سنبھال ہمیں

کسکی صورت جما گئی نقشہ
خواب بھی ہو گیا خیال ہمیں
ایسا بھی کیا ہے ابھی آئے ہو جانا ٹھیرو
اور دو چار گھڑی دل کو بہل جانے دو

بنا دیتے ہیں خورشیدِ قیامت ذرّہ ذرہ کو
اُٹھا دیتے ہیں جسدم وہ نقاب رُوئے روشن کو
چھری، برچھی، کٹاری، تیغ و خنجر جانتا ہوں میں
نگہ کو، ناز کو، انداز کو، شوخی کو، چتون کو
مجھے بھی کیا کوئی وہ فتنۂ خوابیدہ سمجھے ہیں
لگا جاتے ہیں ٹھوکر چلتے چلتے میرے مدفن کو
مزا پینے پلانے کا جب آئے ہمکو گلشن میں
ہَوا ہو، ابر ہو، برسات ہو، ساقی ہو، صہبا ہو
رونق کے نام سے تو نہ سمجھا مجھے وہ شوخ
شرما کے پھر کہا اجی تم پیارے لال ہو
یہ اتصالِ حسن تقاضائے شوق ہے
ڈھونڈھے جسے نگاہ وہ دل میں ضرور ہو
مزہ فریاد کا جب ہے خدا ہی سننے والا ہو
نہو محشر میں اپنا کوئی تیری ساری دنیا ہو
جو بحرِ غم میں آجائے تصور اُسکی مژگاں کا
غنیمت ڈوبنے والیکو تنکے کا سہارا ہو
کٹیں ہر ہر قدم غیرت سے عاشق کوئے دشمن میں
جواب خنجر بُراں ترا نقشِ کفِ پا ہو
وہاں غش ایک موسیٰ تھے یہاں بیہوش لاکھوں ہیں
وہ برقِ طور سینا تھی، یہ ہے تنویرِ میخانہ
گلے سے جب اُترتی ہے جگر تک کاٹ کرتی ہے
یہ ہے موجِ مئے سرجوش یا شمشیرِ میخانہ
جو گھر سے بن سنور کر وہ بتِ کافر ادا نکلے
اُڑا دے ہوش عالم کے پری بنکر قضا نکلے
ملکر لبوں سے نکلے جو دو حرف پیار کے
بوسے مری زباں نے لیئے نطقِ یار کے
لایا شباب رنگ دن آئے نکھار کے
گل باغِ آرزو میں کھلے ہیں بہار کے
شعلے زمین پر ہیں تڑپ آسمان پر
نالوں میں میرے رنگ ہیں برق و شرار کے
ٹھکرا کے تم نے خاک کا رتبہ بڑھا دیا
گردوں پہ اب دماغ ہیں مشتِ غبار کے

جب اُٹھے وہ صورتِ محشر اُٹھے
جب چلے تیغِ قضا بن کر چلے
چھوتے ہو زلفِ یار کو رونق
کام کرتے ہو مار کھانے کے

کئے ہیں واہ واکس لطف سے ٹکڑے مرے دل کے
دہانِ زخم سے میں چوم لونگا ہاتھ قاتل کے

جس قیامت کا زمانہ میں ہے شہرہ ہر سُو
ٹھوکروں میں تری ہر وقت پڑی رہتی ہے

آگ سی شوقِ شہادت نے لگا رکھی ہے
آبِ خنجر سے مری پیاس بجھا دے کوئی

غمزہ و ناز و ادا، عشوہ، کرشمہ، شوخی
سب نے وہ چھکّے چھڑائے ہیں کہ جی جانتا ہی

دم ہے یہاں لبوں پہ ہاں واہی چشمِ شوق
تیرا اِدھر، قضا کا اُدھر انتظار ہے

ہم جن کو جان دیکھے ہم جن پہ مر مٹ گئے
اللہ رے نصیب انھیں ہم سے عار ہے

وہ اُٹھا ابر چلو بادہ کشو میخانے نے
وہ برستی ہوئی اللہ کی رحمت آئی

اُمیدِ وفا جن سے تھی رونق وہ پسِ مرگ
دو آنسو بھی آئے نہ جنازے پہ بہانے

بذبۂ شوقِ شہادت کے الٰہی قربان
تیغِ قاتل سے رگِ جاں کو ملا رکھا ہے

کیا ملوّن ہے خوشامد سے بگڑ جاتا ہے
غدر کا نام بھی ظالم نے خطا رکھا ہے

ساغر میں کس کا عکسِ رُخِ بے حجاب ہے
پیدا اک آفتاب میں اور آفتاب ہے

شوخی میں ناز، ناز میں کچھ کچھ حجاب ہے
واللہ یہ ادا بھی تری انتخاب ہے

پامال کر کے کہتے ہیں رونق وہ نعش کو
یوں دل لگانیوالوں کی مٹی خراب ہے

نردل ہے عشق میں بس کہ نا قابو کا جگر میرے
کسے تھاموں کسے روکوں آہی سخت مشکل ہی

تیرہ بختی کو مری اور بڑھانے آئے
بال کھولے ہوئے تربت کے سرہانے آئے

وہ جتنا مجھ سے کھنچتے ہیں میں اُتنا ہی ملتا ہوں
بلا کی ہے کشش اُن میں غضب کی مجھ میں الفت ہے

ساقی کی چشمِ مست کہیں کام کر گئی
بُوئے شرابِ ناب جو خونِ جگر میں ہے

اس ناز کی یہ قتل کی دھمکی خدا کی شان
دیکھے ہوئے ہیں ہم جو تمھاری کمر میں ہے

جو آج غم کی ہے، کل وہ گھڑی نہیں رہتی
ہمیشہ یار کسی کی اڑی نہیں رہتی

کسی کے حسن میں ہی رازِ اُلفت اپنا پوشیدہ
حجابِ روئے روشن پردۂ چشمِ تمنّا ہے

دکھاتا ہے ہمیشہ سرکشوں کو آسماں نیچا
حبابوں کے لیئے زنجیر پا ہر موجِ دریا ہے

رہے جو حشر تک دل میں وہ حسرت ہے مری حسرت
نہ نکلے جو کبھی مر کر تمنّا وہ تمنّا ہے

نکر برباد یوں ظالم مرے نخلِ تمنّا کو
کہ میں نے مدّتوں زخمِ جگر سے اسکو سینچا ہے

تقدیر کا گلہ نہ شکایت قضا کی ہے
مارا ہمیں بتوں نے وہ ہائی خدا کی ہے

بن گئی کیا غازۂ رخسارِ حیرانی مری
اُنکی صورت سے برستی ہے پریشانی مری

خاک ڈالی نہ گئی، نعش اُٹھائی نہ گئی
میری مٹی بھی ٹھکانے سے لگائی نہ گئی

کیا کدورت تھی پسِ مرگ نکالی نہ گئی
خاک بھی اُسنے مری قبر پہ ڈالی نہ گئی

دیکھ لی محشر خرامی آپ کی
آ گئی صاحب قیامت آ گئی

رؤف بابو رؤف الدین باشندۂ ناگپور صوبۂ متوسط وکیل درجہ اول ریاستِ بھوپال رؤف
تفریحاً کبھی کبھی فکرِ سخن کا بھی اتفاق ہو جاتا ہے، یہ چند شعر اُنکے طبعزاد ہیں ۔

جو رات کو کوئی رشکِ قمر نظر آیا
گماں ہوا کہ زمیں پر قمر اُتر آیا

رؤف ہو گئے ایسے تو آپ سے باہر
جنوں کا زور انھیں اتنا پارسا نہ تھا

رہنے کو مل گئی ہے جگہ کوئے یار میں
پھر کیوں نہ ہو دماغ مرا آسمان پر

کچھ دن تو یوں نہیں رہیں جو تمھاری رکھائیاں
اک روز کھیل جائینگے ہم اپنی جان پر

سرمہ نہیں لگایا ہے آنکھوں میں وقتِ قتل
تلوار کو چڑھایا ہے قاتل نے سان پر

رئیس ۔ نواب محمد عمر علیخاں بہادر رئیس مخاطب بہ فیروز جنگ والیٔ ریاست باسودہ صوبہ مالوہ رئیس
کے قریب بطریق سیر شمالی ہندوستان کے اکثر شہروں کی سیر کی اور ہر مقام کے نامور اور باکمال
لوگوں سے ملاقاتی ہوئے، سفرنامہ بھی لکھکر شائع کیا تھا۔ اپنے وقت کے روشن خیال، تجربہ کار
ذی استعداد اور باکمال رئیس سمجھے جاتے تھے ۔ ۵۲ - ۵۰ برس کی عمر پائی، موزونی طبع کبھی
شعر و سخن کی بھی محرک ہو جاتی تھی، چھ سات غزلیں نظر سے گذریں اُنکا انتخاب درج ذیل ہے

کثرتِ گل یہ ہوئی اللہ رے شانِ بہار
بن گئی ساری زمیں گویا گلستانِ بہار

لگ رہے ہیں جس طرف دیکھو اُدھر پھولوں کے ڈھیر
گلفشاں ہے دامنوں شاید کہ دامانِ بہار

بادہ ہو، مینا ہو، مے ہو، ساقی گلفام ہو
اور کیا ہیں بس یہی دو چار سامانِ بہار

دیر کیا ہے کشتی بادہ ہو ساقی ناخدا — موج زن ہی ہر طرف سے آج طوفان بہار
غنچۂ دل کو کیا فصل خزاں نے پائمال — رہگیا بس دل ہی دلمیں آج ارمان بہار
جو دکھاتا ہو وہ سب کچھ دیکھتے ہیں نیک و بد — اب خزاں کا رنج ہو دل میں نہ ارمان بہار
نہ جب بس چل سکا تو مر مٹے ہم — رسائی تھی رئیس اپنی یہیں تک
سوز عشق ہی ہر لیک شرار نہیں عیاں — جلتا ہوں نور عشق سے لیکن دھواں نہیں
عمر آخر ہوئی افسوس نہ پھولا پھلا — نخل امید کا لائیگا ثمر کوں سے دن
جسکے دل ہی میں ہے دھوم و میر بیجا سے غبار — کام آوگے تم اے دیدۂ تر کوں سے دن
خاک کب میری کو یہ کو نہ گئی — مٹ گئے اسکی جستجو نہ گئی
چھٹ گئے سارے موانع و ہموم — آفریں بیکسی کہ تو نہ گئی

رئیس مرزا فدا حسین صاحب رئیس اکبر آبادی انکے شاگرد رشید سخاوت علی شوخ اکبر آبادی نے جو حالات ارسال کیے انکا خلاصہ یہ ہے کہ آپکے آبا و اجداد صاحب جاگیر و مناصب تھے آپ کو بھی خاصی جائداد ترکہ میں ملی تھی لیکن اس کا کثیر حصہ تلف ہوگیا تاہم سرکار انگلشیہ کے دربار میں کرسی عطا ہوئی ہے۔ مرزا صاحب موصوف کو فن شعر میں کما حقہ دخل ہے۔ باوجود اسقدر باکمال ہونے کے مرزا صاحب نے زانوئے تلمذ کسی استاد کے سامنے نہیں جھکایا جو کچھ استعداد ہے خداداد ہے۔ ہر چند زبان عربی و فارسی میں کامل مہارت حاصل ہے لیکن اشعار اردو نہایت صاف اور عام فہم کہتے ہیں۔ اس وقت تک مرزا صاحب کے شاگرد و کلامنہ دو تک پہنچ چکا ہے جس میں اکثر اچھا کہنے والوں میں ہیں۔ شوخی اور بذلہ سنجی کے ساتھ ساتھ پختہ کلامی آپکے کلام سے ظاہر ہے۔ موجودہ مذاق کی اچھی تقلید کرتے ہیں۔ اگلی اکثر غلطیاں آگرہ میں زبان زد خاص و عام ہیں۔ عمر اب ساٹھ سال کے قریب ہے۔ نازک خیالی اور مضمون پیدا کرنے کی بہ نسبت زبان کی صفائی محاورہ کی پابندی اور مضمون کی شوخی کی طرف توجہ زیادہ ہے۔ دو تین دیوان آپکے مرتب ہو چکے ہیں مگر چھپنے کی نوبت نہیں آئی۔

کلام کا انتخاب ہدیۂ ناظرین ہے ؎

سمجھے ہوئے تھے ہم جسے مسکن حضور کا
دل سے بہت قریب تھا آنکھوں سے دور تھا

لکھے تھے جنے وصفِ رخِ یار یک قلم
روشن تمام کوچۂ بین السطور تھا

رحم تجکو نہ کبھی اوستم ایجاد آیا
اور آیا بھی تو اک ظلم نیا یاد آیا

کیا فرا حشر میں ہو داورِ محشر کے حضور
میں ہوں دعوٰی پہ تو ہو مرا ہاتھ گریباں تیرا

بیمارِ محبت کو سنبھلتے نہیں دیکھا
آئی کو کسی کی کبھی ٹلتے نہیں دیکھا

تصویر میں اُترا نہ فروغِ رخِ روشن
سانچے میں کبھی دھوپ کو ڈھلتے نہیں دیکھا

ہم خاک نشینوں سے بے اس قدر کدورت
مٹی کا انہیں عطر بھی ملتے نہیں دیکھا

جس طرح نکل جاتی ہیں آہیں شبِ فرقت
یوں وصل میں ارماں کو نکلتے نہیں دیکھا

ظالم کو بھی ہوتا ہے کسی شے کا سہارا
بیکس کو بے ہاتھ کے چلتے نہیں دیکھا

ہم کہتے ہیں رو کو نگہِ شوخ کو روکو!
سنتے دلِ ہستی کو مچلتے نہیں دیکھا

سن پینے سے شوخ اور ہوا رنگ سنولا
اس سونے کو تیزاب میں گلتے نہیں دیکھا

نہیں شریک خدا کا جو کبریائی میں
ترا جواب بھی لے بت نہیں خدائی میں

وہ گل جو اوڑھ کے سویا تھا وصل میں اک دن
وہ بھینی بھینی بو رہی برسوں لسی دولائی میں

بزنگِ آئینہ منہ پر کچھ اور پشت پہ اور
تمہیں بتاؤ صفائی ہے یہ صفائی میں

شرابِ وصل میں کافی ہے رات بھر کے لیے
پیالہ زہر کا رکھا ہے اک سحر کے لیے

اٹھا کسی کا نہ احساں دماغِ نازک سے
زبان پر بھی نہ آئی دعا اثر کے لیے

گئے باندھی ہو کر میرے ستانے کے لیے
آسماں ساتھ ہوا ہاتھ بٹانے کے لیے

چشمِ پرنم میں نظر آتی ہے تیری تصویر
یا پری اتری ہے دریا میں نہانے کے لیے

لطف ہے بادہ کشی کا رمضان میں زاہد
اک مہینہ ہے یہی پینے پلانے کے لیے

وہ ستم کرتے ہیں دل داد ستم دیتا ہے
ہاں میں ہاں اور یہ آیا ہے نبھانے کے لیے

دیر کیا ہے کشتی بادہ ہو ساقی ناخدا — موج زن ہے ہر طرف سے آج طوفان بہار
غنچۂ دل کو کیا فصل خزاں نے پائمال — رہگیا بس دل ہی دل میں آج ارمان بہار
جو دکھاتا ہے وہ سب کچھ دیکھتے ہیں نیک و بد — اب خزاں کا رنج ہے دل میں غم ارمان بہار
نہ عجب بس چل سکا تو مر مٹے ہم — رسائی تھی رئیس اپنی یہیں تک
سوزش دل ہی ہے لیک شرائے نہیں عیاں — جلتا ہوں سوز عشق سے لیکن دوا نہیں
عمر آخر ہوئی افسوس نہ پھولا پھلا — نخل امید کا لائیگا ثمر کوں سے دن
تجھکے دل ہی ہیں سے دھوم و میر بیجا نہ سے غبار — کام آوگے تم اے دیدۂ تر کوں سے دن
خاک کب میری کو بہ کو نہ گئی — مٹ گئے اسکی جستجو نہ گئی
چھٹ گئے سارے مونس و ہمدم — آفریں بیکسی کہ تو نہ گئی

رئیس

رئیس مرزا فاخم حسین صاحب رئیس اکبر آباد انکے شاگرد سید سخاوت علی شوخ اکبر آبادی نے جو حالات ارسال کیے انکا خلاصہ یہ ہے کہ آپکے آبا و اجداد صاحب جاگیر و مناصب تھے آپ کو بھی خاصی جائداد ترکہ میں ملی تھی لیکن اس کا کثیر حصہ تلف ہو گیا تاہم سرکار انگلشیہ کے دربار میں کرسی عطا ہوتی ہے، مرزا صاحب موصوف کو فن شعر میں کما حقہ دخل ہے۔ باوجود اسقدر باکمال ہونے کے مرزا صاحب نے زانوے تلمذ کسی استاد کے سامنے نہیں جھکایا جو کچھ استعداد ہے خداداد ہے، ہر چند زبان عربی و فارسی میں کامل مہارت حاصل ہے لیکن اشعار اردو نہایت صاف اور عام فہم کہتے ہیں، اس وقت تک مرزا صاحب کے شاگردوں کا نمبر دو تک پہنچ چکا ہے جس میں اکثر اچھا کہنے والوں میں ہیں، شوخی اور بذلہ سنجی کے ساتھ ساتھ پختہ کلامی آپکے کلام سے ظاہر ہے، موجودہ مذاق کی اچھی تقلید کرتے ہیں۔ انکی اکثر غزلیں آگرہ میں زبان زد خاص و عام ہیں عمر اب ساٹھ سال کے قریب ہے، نازک خیالی اور مضمون پیدا کرنے کی بہ نسبت زبان کی صفائی محاورہ کی پابندی اور مضمون کی شوخی کی طرف توجہ زیادہ ہے، دو تین دیوان آپکے مرتب ہو چکے ہیں مگر چھپنے کی نوبت نہیں آئی۔

کلام کا انتخاب ہدیۂ ناظرین ہے ؎

سمجھے ہوئے تھے ہم جسے مسکن حضور کا
دل سے بہت قریب تھا آنکھوں سے دور تھا

لکھے تھے ہم نے وصفِ رخِ یار یک قلم
روشن تمام کوچۂ بین السطور تھا

رحم تجھکو نہ کبھی اوستم ایجاد آیا
اور آیا بھی تو اک ظلم نیا یاد آیا

کیا مرا حشر میں ہو داورِ محشر کے حضور
میں ہوا اور تو ہو مرا ہاتھ گریباں تیرا

بیمارِ محبت کو سنبھلتے نہیں دیکھا
آئی کو کسی کی کبھی ٹلتے نہیں دیکھا

تصویر میں اُترا نہ فروغِ رخِ روشن
سانچے میں کبھی دھوپ کو ڈھلتے نہیں دیکھا

ہم خاک نشینوں سے ہے اس درجہ کدورت
مٹی کا انھیں عطر بھی ملتے نہیں دیکھا

جس طرح نکل جاتی ہیں آہیں شبِ فرقت
یوں وصل میں ارماں کو نکلتے نہیں دیکھا

ظالم کو بھی ہوتا ہے کسی شے کا سہارا
ہتیارکو بے ہاتھ کے چلتے نہیں دیکھا

ہم کہتے ہیں رو کو نگہِ شوخ کو روکو!
تنے دلِ مضطر کو مچلتے نہیں دیکھا

مے پینے سے شوخ اور ہوا رنگ سنہرا
اس سونے کو تیزاب میں گلتے نہیں دیکھا

نہیں شریک خدا کا جو کبریائی میں
ترا جواب بھی اے بت نہیں خدائی میں

وہ گل جو اوڑھے سویا تھا وصل میں اکلن
وہ بھینی بُو رہی برسوں بسی دولائی میں

برنگِ آئینہ منہ پر کچھ اور پشت پہ اور
تمھیں بتاؤ صفائی ہے یہ صفائی میں

شرابِ وصل میں کافی ہے رات بھر کے لیئے
پیالہ زہر کا رکھا ہے اک سحر کے لیئے

اُٹھا کسی کا نہ احساں دماغِ نازک سے
زبان پر بھی نہ آئی دعا اثر کے لیئے

اُسنے باندھی جو کمر میرے ستانیکے لیئے
آسماں ساتھ ہوا ہاتھ بٹانیکے لیئے

چشمِ پرنم میں نظر آتی ہے تیری تصویر
یا پری اُتری ہے دریا میں نہانیکے لیئے

لطف ہے بادہ کشی کا رمضان میں زاہد
اک مہینہ ہے یہی پینے پلانیکے لیئے

وہ ستم کرتے ہیں دل داد ستم دیتا ہے
ہاں میں ہاں اور یہ آیا ہے ملانیکے لیئے

خاکسار و نکی رہی دیدۂ مردم میں جگہ — پسکے سُرمہ ہوئے آنکھوں میں سمانیکے لیئے
ہو پڑا لو ملک الموت سے جھگڑا آخر — نزع میں کسنے کہا تھا تمہیں آنیکے لیئے

کوسنے کھائے، دو ہتر پڑے، لاتیں کھائیں — ہاتھ رکھا تھا کہیں پاؤں دبانیکے لیئے
کبھی پی لیتے ہیں منت سے کسی کی زاہد — مینہ برستے میں لگی دل کی بجھانیکے لیئے
رد نہ کر دعوتِ مے پیرِ مغاں کی زاہد — اب خدا آئیگا کیا تجھکو پلانیکے لیئے
غمزہ بیجا نہ اُٹھائینگے کہ ہم بھی ہیں رئیس — ڈھونڈلو اور کوئی ناز اُٹھانیکے لیئے

ظلم پر ظلم حضور آپ تو کرتے ہی رہے — جاں نثار آپکے دم آپکا بھرتے ہی رہے
آرزو آئی، کبھی دل میں تمنا آئی — روز مہماں نئے اِس گھر میں اُترتے ہی رہے
آج یہ دُکھ ہوا، کل دوسرا آزار ہوا — جب سے ہم آپ پہ مرنے لگے مرتے ہی رہے
ناتوانی نے نگاہوں پہ بھی چڑھنے نہ دیا — ہم سے لاغر تری نظروں سے اُترتے ہی رہے
بحرِ عالم میں ہے ہستی بشر مثلِ حباب — ہم فنا ہونیکو دنیا میں اُبھرتے ہی رہے
وہ بھی لاکر مری تُربت پہ چڑھائے نہ کبھی — ہار باسی تری چوٹی کے اُترتے ہی رہے
حسرتِ دید میں یہاں مر گئے آخر مشتاق — آپ بیٹھے ہوئے واں گھر میں کھرکتے ہی رہے
مجلسِ وعظ میں میں پی گیا بوتل غٹ غٹ — لوگ ہاں ہاں بہت ہر چند سمجھاتے ہی رہے
سبزہ رنگوں کی نگاہوں کو جو شتہ ہوں رئیس — سبزۂ تربتِ کاہل دشت کے چرتے ہی رہے

رہا

رہا۔ غلام محمد خاں رہا اکبر آبادی شاگرد اسیر لیسپر نظیر، بزرگ اِنکے ریاست بھرتپور میں فوجی عہدوں پر مامور تھے اور یہ خود بھی اسی ریاست میں ملازم تھے، غدر کے قریب قریب زمانہ میں انتقال کیا، یہ فکرِ سخن کا نمونہ ہے۔

کہنا ترا ہماری سر آنکھوں پہ ناصحا — پر کیا کریں جو دل ہی نہو اختیار میں
کی آخر کو رو رو جگہ اُسکے دل میں — رہا ہم تری چشم تر پر فدا ہیں
اُسے غیر کی بزم سے کھینچ لایا — ہم آہِ جگر کے اثر پر فدا ہیں

بو آج کسکی زلفِ معنبر کی لے اڑی — یہ بوئے عطر بیز جو بادِ سحر میں ہے
پیکاں جو ٹوٹ کر مرے سینے میں رہ گیا — کہنے لگے کہ مفت گیا تیر ہاتھ سے

رہا

رہا ۔ میر رضی رہا ۔ والد میر عباس عرف میر مغل فیض آباد کے اصلی باشندے اور کانپور میں ۱۸۶۶ء کے قریب رہتے تھے، حضرت ناسخ کے شاگرد رشید جناب رشک کے تلامذہ میں سے تھے، نازکخیال اور مشاق کہنے والے تھے ۔

آشنا خواب سے ہوتی نہیں صلا آنکھیں — دیدۂ روزنِ دیوار ہیں گویا آنکھیں
دیدۂ آبلہ و دیدۂ داغ سودا — میرے اللہ نے دی ہیں مجھے کیا کیا آنکھیں
بولتی مجھسے نہیں باتیں شاد و نمیں ہیں — اب جو خاموش ہوئے ہو گئیں گویا آنکھیں
فرقتِ گل میں نہ کھائے کہیں افیون بلبل — چار سو رکھتا ہے اسواسطے لالا آنکھیں
شکلِ طاؤس مرے تن پہ ہیں داغِ حسرت — دید کو تیری بنا ہوں میں سراپا آنکھیں
ہے تصور میں جو اک پردہ نشیں کی آمد — روشنی دور ہوئی کرتی ہیں پروا آنکھیں
آنکھیں موسیٰ کی کہاں پاؤں جو دیکھوں اسکو — شجرِ طور ہے قامت ید بیضا آنکھیں
آرزو ہے کہ رہا وادیٔ ایمن دیکھے — عاریت اسکو عنایت کرو موسیٰ آنکھیں

رہائی

رہائی ۔ ڈاکٹر شیخ عبداللہ خلف شیخ فقیر محمد متوطن رامگوپور پرگنہ عظیم آباد پٹنہ، انگریزی تعلیم پاکر غدر سے پیشتر ڈاکٹری کا امتحان پاس کرکے سرکاری ملازمت اختیار کی تھی ۔ شاعری کا بھی شوق تھا ۔ چند شعر نتائج طبع سے درج ہوئے، عبداللہ خاں مہر لکھنوی سے اس فن میں استفادہ کیا تھا ۔

تیری گلی پکڑتی ہے مجھ خستہ تن کے پاؤں — جنبش ہی جانتے نہیں دیوار بن کے پاؤں
باہر ہے چشمِ شوخ سے دنبالۂ دراز — کچھ حد سے بڑھ چلے ہیں غزالِ ختن کے پاؤں
مجھ پا شکستہ کے لیے کیا احتیاجِ قید — قابل نہ بیڑیوں کے نہ لائق رسن کے پاؤں
باغِ جہاں میں کاش میں ہوتا حنا کا رنگ — لیتا کنار شوق میں اُس گلبدن کے پاؤں

باقی ہیں آج تک وہی شعلہ مزاجیاں | رکھتے نہیں مزار پہ مارے جلن کے پاؤں

رہبر

رہبر۔ نواب مصطفیٰ علی خان رہبر خلف و شاگرد نواب ہادی حسن خان بریلوی از خاندان حافظ الملک بہادر خاندانی وظیفہ سرکار انگلشیہ سے پاتے ہیں ۵۸ سال کی عمر ہے، عنوان شباب میں اکثر شعر کوئی کا چرچا رہتا تھا اب بہت کم کہتے ہیں۔

خاکساری نے مری رام کیا اُس بت کو | زور آیا نہ کبھی کام نہ کچھ زر آیا

گھر ہمارے بھی کسی روز کرم فرماؤ | تمنیں تیری ہم اے رشک قمر کرتے ہیں
دیر ہو جاتی ہے آنے میں جو وعدے سے تمھیں | وہم کیا کیا دلِ رہبر میں گذر کرتے ہیں
وہ پریشاں خواب ہے وابستگانِ زلف کا | جسکی مشکل ہے بیاں یوسف سے کچھ تعبیر ہو
زور کا بل ہے نہ زر کا زور مجھ ناکام کو | پھر ترے ملنے کی ای خود کام کیا تدبیر ہو
کام جادو سے نکلتا ہے نہ کچھ تعویذ سے | کس عمل سے یا الٰہی وہ پری تسخیر ہو
وہ تو لے رہبر خوش و خرم ہے بزم غیر میں | تم عبث مغموم ہو بے فائدہ دلگیر ہو

رہبر

رہبر۔ منشی محمد مہدی رہبر۔ آپ کو حضرت داغ سے تلمذ رہا ہے، کئی برس ہوئے آپ بھوپال میں تھے اُسکے بعد کچھ حال معلوم نہ ہوا۔

یارب یہ برق ہے کہ دلِ بیقرار ہے | یہ مہر جلوہ گر ہے کہ چہرہ ہے یار کا
پھر کیہ مشقِ جور و جفا کی کرو گے تم | دیکھو نشاں مٹاؤ نہ مرے مزار کا
ہیں تو کبھی نہ بوسۂ رخسار مانگتا | سارا قصور تھا یہ دلِ بے قرار کا

ریاست

ریاست شیخ ریاست علی صاحب ریاست لکھنوی شاگرد جناب مرحمت الدولہ بہادر الملک سید غضنفر علیخان بہادر صولت جنگ المتخلص بہ حکیم، انکے والد میر ہادی علی بیخود خواجہ وزیر کے نامی شاگردوں میں تھے، یہ خود انقلاب سلطنت اودھ کے زمانہ کی پیداوش ہیں، چند شعر نتائج افکار سے درج کیے جاتے ہیں۔

نہیں کہتا نظر مجھ پر کرے وہ شادماں ہو کر | توقع تو ہو غیروں ہی کو دیکھے مہرباں ہو کر

عدم سے جانبِ ہستی بڑی سختی سے آیا ہوں — شرارِ سنگ ہوں مٹجاؤں گا دم میں عیاں ہوکر
دمِ محشر چھپینگے اپنے عصیاں کیا چھپا نیسے — کہینگے موئے تن سب حال اپنا اک زباں ہوکر
نہیں چھُریوں سے کچھ کم تیز باتیں اُس ستمگر کی — نہ اچھے ہونگے اپنے زخمِ دل زخمِ لساں ہوکر
بوقتِ سجدہ زینت دینگے محبوبوں کے چہروں کو — بنینگے ہم عبیر اُس بت کی خاکِ آستاں ہوکر
چلے گا اک قدم جس روز وہ مہر و تعلی سے — زمیں بھی دُون کی لینے لگے گی آسمان ہوکر

ریاض

ریاض - شاعرِ منجر نگار سخنور جادو طراز استاد مسلّم الثبوت منشی سیّد ریاض احمد صاحب ریاض خیر آبادی فخر تلامذہ و سرمایۂ نازش حضرت منشی امیر احمد صاحب امیر مینائی، آپکے والد منشی سید طفیل احمد صاحب بڑے عالم اور خیر آباد کے مؤقر لوگوں میں تھے منشی ریاض کی ابتدائی تعلیم خیر آباد کے مدرسۂ عربیہ میں ہوئی، مگر ابھی فارغ التحصیل نہیں ہوئے تھے کہ شاعری کا چسکا پڑ گیا - اُس زمانہ میں منشی تدبیر الدولہ اسیر کا بڑا شہرہ تھا، آپنے اُن سے تلمذ اختیار کیا اور اُنکی خدمت میں حاضر ہونے کو لکھنؤ گئے، اسکے چند ہی روز بعد خیر آباد سے اُردو شعر و سخن کا ایک رسالہ "گلکدۂ ریاض" نامی جاری کیا - جسنے حضرت اسیر و امیر کی قدر افزائی کی بدولت بہت شہرت حاصل کی تھوڑے عرصہ بعد ۱۲۹۶ھ میں خیر آباد سے ریاض الاخبار نکالا لیکن چونکہ ہمیشہ سے لکھنو کی صحبت پسند تھی دفتر یہاں اُٹھا لائے، مگر کئی برس بعد اخراجات نہ چلنے کے باعث اخبار گورکھپور منتقل کرنا پڑا، گورکھپور میں حکام اور رؤسا نے انکی اچھی مدارات کی اور ریاض الاخبار پندرہ سولہ برس تک نہایت کامیابی سے جاری رہا اور حضرت ریاض کو اُنکی شوخیٔ طبع اور خداداد ذہانت کی خوب داد ملی، اس عرصہ میں حضرت ریاض نے سرکاری ملازمت کرلی، سپرنٹنڈنٹ پولیس گورکھپور کے سررشتہ دار ہو گئے انھیں ایام میں نواب کلب علیخاں مرحوم نے انکی تیزی طبع اور خوش فکری کی شہرت سنکر انھیں رامپور طلب کیا اور خلعتِ خاص اور انعام سے سرفراز فرمایا، مگر ریاض نے کچھ زیادہ عرصہ وہاں قیام نہ کیا - اخبار کے ساتھ ساتھ ایک چھوٹا سا ضمیمہ "دفتنہ" و "عطرِ فتنہ" کے نام سے

انھیں ایام میں نکلنے لگا جس میں چلبلے مضامین اور چوٹی کے اشعار درج کیے جاتے تھے۔
منشی ریاض خلیق ملنسار، زندہ دل شخص ہیں، گورکھپور میں پندرہ برس فارغ البالی سے گذارنے کے بعد ریاض کو پھر لکھنؤ کی یاد نے گدگدایا، اور اگرچہ رہایش تبدیل کرنے اور اخبار کے دفتر اُٹھانے میں سخت خسارہ ہوا تاہم اپنے شوق کی خاطر اُسے گوارا کیا۔ اور لکھنؤ چلے آئے، چنانچہ کہتے ہیں۔ ؎

ریاض تھی جو مقدر میں بازگشتِ شباب	جوان ہونے کو پیری میں لکھنؤ آئے

اب ریاض کی عمر چون برس کی ہے اور دس سال سے راجہ صاحب محمودآباد کی سرکار کے دعاگو ہیں۔ ریاض کی زباندانی مسلّم ہے، اغلاط سے کلام پاک ہوتا ہے اور ایک طرزِ خاص کے موجد سمجھے جاتے ہیں، آپکا ہر ایک شعر قبولِ عام کے رنگ میں ڈوبا ہوا ہوتا ہے اور شوخی و بے چینی اُسکے خاص جوہر ہیں، اِنکے اکثر اشعار ضرب المثال کے طور پر لوگوں کی زبانوں پر چڑھے ہوئے ہیں اور اُنکے سُننے کے وقت یہ خیال بھی نہیں گذرتا کہ انکا مصنف زندہ و سلامت موجود ہے پہلے ریاض کو مشاعروں میں شریک ہونیکا بڑا شوق تھا اب وہ جوش باقی نہیں رہا، مزاج میں لاابالی پن اور وارفتگی جو رندانہ مزاجی کا لازمہ ہے زیادہ ہے، اِنکے اندازِ بیان کی چستی، مضمون کی شوخی، اور بے چینی، زبان کی صفائی اور فصاحتِ روزمرّہ اس امر کو ثابت کرتی ہیں کہ مبدۂ فیاض سے اُنھیں شاعری کی نعمت عطا ہوئی ہے، یہ ضرور ہے کہ سچّے عشق کی تصویریں اُنکے ہاں کم ملتی ہیں، بلکہ اُسکے برخلاف بعض بعض شعر غزل میں ایسے ہوتے ہیں کہ جنکو بداخلاقی کا محرک کہنا نازیبا نہیں اور یہ بات اُصولِ شاعری کے خلاف ہے شاعر کے دماغ سے اگر ایسے مضامین اُتریں کہ جن سے روحانی جذبات کو ترقی ہو تو وہ نہایت قابلِ تحسین امر ہے، معاملہ بندی، ہنسی ٹھٹھول، جلی کٹی، واغظوں پر چوٹ، رندانہ بے تکلفی کے مضامین، جابجا انکے کلام میں بڑے دلکش پیرایہ میں ملتے ہیں، ساتھ ہی یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ تصوّف اور اخلاق کے رنگ کی بھی جھلک کہیں کہیں نظر آجاتی ہے اور اِنکے

کلام کو عامیانہ مذاق کے متبع ہونے کے ابتذال سے کسی قدر بچا لیتی ہے، نازکخیالی کی بھی کمی نہیں، فکر رسا کی امداد سے بعض بعض شعر فی الحقیقت بڑے پایہ کے نکل جاتے ہیں۔ گو انکے تخیل کا میلان قدرتی طور پر رندانہ حسن پرستی، معاملہ اور مذاق کا پہلو لیئے ہوئے ہے، مگر اور شعبوں میں بھی طبیعت بند نہیں اور یہ انکی قادر الکلامی اور مشاقی فن کا اعلیٰ ثبوت ہے۔ حضرت ریاض نے چند ناولوں کے اُردو میں ترجمے بھی کیے ہیں، مگر وہ چیز جس سے ہمیشہ اُردو کی تاریخ میں اُنکا نام زندہ رہیگا وہ ناول نہیں ہیں بلکہ صدہا مضامین جو ریاض الاخبار اور اودھ پنچ کی پُرانی جلدوں میں بکثرت ملتے ہیں اور وہ غزلیں جنکو پسند عام کے اعتبار سے حضرت داغ کے کلام کے قریب قریب ہمپایہ ہونیکی عزت حاصل ہے۔ حضرت دلگیر کی تحریر سے یہ معلوم کرکے کہ حضرت ریاض چند سال سے مختلف مصائب اور پریشانیوں کے آماجگاہ بنے ہوئے ہیں سخت افسوس ہوا، منجملہ دیگر حوادث کے اُنکی عمر بھر کی کمائی یعنی دیوان غیر مطبوعہ بھی جاتا رہا۔ ہمیں افسوس ہے کہ انکے سوانح زندگی بالتفصیل باوجود کوشش بلیغ ہمیں نہ مل سکے ؛

نذر اُس بت کی ہو ایمان یہ کچھ دور نتھا
اپنے اللہ کے صدقے اُسے منظور نہ تھا

مَیں پُرانا ہوں ترا چاہنے والا ایدوست
وہ بھی جلوے مری آنکھوں میں ہیں جب طور نتھا

شوق سے مَیں نے رہِ عشق کے کانٹے ہیں بہاڑ
کوہکن ہو تو ہو مَیں تو کوئی مزدور نہ تھا

بیٹھکر کیا دلِ مرحوم کو روتے ہو ریاض
بگڑی بن جائے یہ اللہ کو منظور نہ تھا

نہ آیا ہمیں عشق کرنا نہ آیا
مرے عمر بھر اور مرنا نہ آیا

کئے ہونگے تنے نمکدان خالی
نمک تم کو زخموں میں بھرنا نہ آیا

سُنا کر وہ کہتے ہیں کس بھولے پن سے
ہمیں وعدہ کرکے مُکرنا نہ آیا

ریاض ایسی دیوانگی روز محشر
ارے چھوڑ کمبخت دامن کسیکا

مے چرانے میں ہمیں ہے ید طولیٰ کیسا
ہم اُڑا لائے سبو آج اچھوتا کیسا

جایئے جایئے ہم حشر میں سُنتے ہی نہیں
آیئے آیئے اب وعدۂ فردا کیسا

حشر کے روز اُمنڈ آئی ہے دُنیا ساری
دیکھنا یہ ہے کہ ہوتا ہے تماشا کیسا؟

چلمن اُٹھی کسی کمرے کی قیامت نکلی
ہو رہا ہے سرِ بازار تماشا کیسا؟

قرض لایا ہے کوئی بھیس بدلکر شاید
میفروشوں کا ہے واعظ سے تقاضا کیسا

جب یہ للچائیں کلیجے سے لگائے اُنکو
اِن حسینوں سے کسی بات کا شکوا کیسا

پردے والوں سے یہ خواہش کہ اُٹھائیں پردہ
اُٹھ گیا آنکھ سے اب لوگوں کی پردہ کیسا

تو نے چٹکی سے جو توڑے گلِ رنگیں الشوخ
ہِل گیا دیکھ کے بلبل کا کلیجا کیسا

کعبہ سُنتے ہیں کہ گھر ہے بڑے داتا کا ریاض
زندگی ہے تو فقیروں کا بھی پھیرا ہوگا

نازسے اِترا کے چلنا قہر تھا
ٹکڑے ہو کر دامنِ محشر گرا

روگ تھا، آزار تھا، اچھا ہوا جاتا رہا
ایسے دل کا رنج کیا جاتا رہا جاتا رہا

صدقے صبح وصل کے شکوا مرا جاتا رہا
اُنکا شکوہ رہگیا میرا گلہ جاتا رہا

صبح ہوتے جب کہا میں نے کہ کچھ ہے التماس
ہنسکے بولے وقتِ عرضِ مدعا جاتا رہا

اِس طرح بیچین دلکو ڈھونڈنے نکلے ہیں ہم
پوچھتا ہے ہر حسیں گھبرا کے کیا جاتا رہا

شرم ہے صبحِ شبِ وصل اور بھی دُونی مگر
شام کو جو تھا وہ اندازِ حیا جاتا رہا

میری صورت پر ترس کیوں دشمنوں کو آگیا
تیرے صدقے کیوں وہ اندازِ حیا جاتا رہا

دستِ شفقت اسطرح اک رند نے پھیرا ریاض
بیٹھکر یادِ خدا میں جھومنا جاتا رہا

یہ سُن کے لیں بلائیں جو سو بار کیا ہوا
ہے ہے بلائے جاں یہ ہوا پیار کیا ہوا

میں دستِ شوق پیار سے گردن میں ڈالدوں
کہتے ہیں وہ گلے کا مرے ہار کیا ہوا

مجکو ادب حجاب تھیں پھر یہ کون تھا
آنکھوں سے جسنے شرم کا پردہ اُٹھا دیا

ساغر دیا کسی نے مگر کس ادا کے ساتھ
یہ کہکے ہمنے زہر ہی اس میں ملا دیا

شوخی سے ہر شگوفے کے ٹکڑے اڑا دیئے
جس غنچہ پر نگاہ پڑی دل بنا دیا

کہتے ہیں کوس کوس کے وہ عندلیب کو
کمبخت کی فغاں نے مرا دل دکھا دیا

بدلی ہوئی رُت وقتِ سحر پی بھی لے زاہد
یہ وقت سہانا یہ سماں ہو نہیں سکتا

یہاں وہ لے دے ہوئی آکر کہ الٰہی توبہ
ہم سمجھتے تھے کہ محشر میں تماشا ہوگا

بھرا بیسا ختہ پن سے ہے عالم اُنکے جوبن کا
جوانی میں ابھی کچھ طور باقی ہے لڑکپن کا

یہ دن ہے حشر کا ہو کر رہے گا وہ جو ہونا ہے
اے جھوٹے کچھ اب قول و قسم سے ہو نہیں سکتا

بچ جائے جو دنیا میں جوانی کی ہوا سے
ہوتا ہے فرشتہ کوئی انسان نہیں ہوتا

عالمِ وحشت میں میرا گھر کوئی گھر رہ گیا
سر جدھر ٹکرا دیا دیوار کا در رہ گیا

ایسی ضد ہے تو انہیں کون بنائے یارب
اِس پہ مچلے ہیں کہ کوئی مجھے کیوں یاد آیا

صدقے ہونٹوں کے جنھیں نازِ مسیحائی ہو
صدقے باتوں کے جنھیں شیوۂ جاں دہی آیا

کیا کہا پھر تو کہو بھول گئے ہم کو
صدقے اُسکے جو تمھیں بھولکے یوں یاد آیا

چھپ کے راتوں کو کہیں آپ نہ آئے نہ گئے
بے سبب نام ہوا آپ کا روشن کیسا

اب خدا جانے بہار آتی ہے اس میں کہ نہیں
میرے دم سے کبھی آباد تھا گلشن کیسا

ہمنے دیکھے ہیں مقاماتِ تجلی اُنکے
طور کہتے ہیں کسے وادیٔ ایمن کیسا

آئے ہیں داغ نیا دینے وہ بجلی بس مرگ
آج پھیلا ہے اُجالا سرِ مدفن کیسا

باغبان کام ہمیں کیا ہے وہ اُجڑے کہ رہے
جب ہمیں باغ سے نکلے تو نشیمن کیسا

ہنگامِ نزع گر یہ یہاں بے کسی کا تھا
تم ہنس پڑے یہ وقت بھلا کیا ہنسی کا تھا

مُردے کو میرے دفن اُسی خاک میں کیا
دل میں بھرا غبار جو اُنکے کبھی کا تھا

اُٹھے نہ میری گور سے پھر وہ بھی بیٹھکر
کیا عالم آج ہائے میری بیکسی کا تھا

دل نے مجھے خراب کیا کوئے یار میں
دشمن پہ اعتبار مجھے دوستی کا تھا

مے چھین کر کسی سے جو پیتے تو تھی خطا
جب دام دیکھے پی تو گنہ کیا کسی کا تھا

صحرا میں پھر رہے تھے سلیماں بنے ہوئے
یعنی جنوں میں بھی ہمیں سایہ پری کا تھا

جو بھی جاتا ہے اس گھر سے جو نکلا کوئی بات ہے کچھ تو ہے دیوار میں روزن کیسا؟

یہ اپنی وضع اور یہ دشنام میفروش
سنکر جو پی گئے یہ مزا مفلسی کا تھا

دُنیا کی کاہشوں سے ہمیشہ رہا اُداس
پر آدمی ریاض عجب دل لگی کا تھا

ہوش کس کو کون روکے جامِ مے
ساقیا لے ہم چلے ساغر رگرا

پھیرتے ہیں بہت آہستہ گلے پر خنجر
ڈر یہ ہے ٹوٹ نجائے کہیں خنجر میرا

دے خدا عقل تو دیوانہ بنے
کہ جنوں کام ہے دانائی کا

خمِ قد ہے خمِ مینا سوئے جام
موجِ مے ہاتھ ہے انگڑائی کا

جائے بھی میرے سیہ خانے سے
مُنہ ہو کالا شبِ تنہائی کا

مستِ مینا ہوں پیا ہے میں نے
جام امیر احمد مینائی کا

ساتھ ہے قیس سے صحرائی کا
کیا ٹھکانا ترے سودائی کا

دلِ پرداغ ہیں گلدستوں میں
شوق ہے انجمن آرائی کا

پہلو سے یوں کوئی سرِ محفل نکل گیا
معلوم یہ ہوا کہ مرا دل نکل گیا

سینے میں دیکھیے تو کوئی زخم بھی نہیں
تیرِ نگاہ لیکے مرا دل نکل گیا

چُن چُن کے آج شیخ نے انگور کھائے
اب کیا کھچیگی تاک کا حاصل نکل گیا

لائیگا رنگ حشر میں کل خونِ بیگناہ
دامن بچا کے آجتو قاتل نکل گیا

وہ بھی تھا بیقرار بہت اے نگاہِ شوخ
تو لیگئی نکال کے یا دل نکل گیا

شاید گلوں کے دامنِ رنگیں میں ہو نمو
بن بنکے اشک خونِ غم دل نکل گیا

وحشت زدہ ریاض نہ زنداں میں رہسکا
لیکر وہ سب کے طوق و سلاسل نکل گیا

کچھ عجب لطف سے مل جل کے رہا ایک سے ایک
غم ترا جان مری رنج ترا دل میرا

جو کھلا پھول بنا زخم مرے دل کا ریاض
جو کلی رہ گئی کھلنے سے بنی دل میرا

میرے گھر مثلِ تبرک کے یہ ساماں نکلا
آستیں قیس کی فرہاد کا داماں نکلا

شفقِ شام بنی لالہ رخوں کا دامن
مہ نو بن کے حسینوں کا گریباں نکلا

وہ مزے وصل کے وہ میٹھے کابر سنا رم جھم
اُف رے برسات کی رُت ہائے رے برسات کی رات

بیس نے چھیڑا تو کس ادا سے کہا
کچھ سنو گے مری زبان سے آج
نیچی ڈاڑھی نے آبرو رکھ لی
قرض پی آئے اک دکان سے آج

ہٹے نہ در سے ترے ٹھوکریں بھی کھا کھا کر
وہیں جمے رہے ہم سنگِ آستاں کی طرح

ہمیں ہے گھر سے تعلق اب اسقدر باقی
کبھی جو آئے تو دو دن کو مہماں کی طرح

شریکِ درد تو کیا باعثِ اذیت ہیں
وہ لوگ جن سے روابط تھے جسم و جاں کی طرح

ترا اُٹھان ترقی کرے قیامت کی
ترا شباب بڑھے عمرِ جاوداں کی طرح

ریاض موت ہو اس شرط پر ہمیں منظور
زمیں ستائے نہ مرنے پر آسمان کی طرح

رہے ہم آشیاں میں بھی تو برق آشیاں ہو کر
لگا دی آگ اپنے گھر میں سرگرمِ فغاں ہو کر

نہ اپنے غمزدوں کو خوش کرو اب مہرباں ہو کر
بتو تم خوش رہو ہم کیا کریں گے شادماں ہو کر

چلے ہو گل بداماں کچھ تو کہتے جاؤ ان سے بھی
کہ تم سے کہہ رہی ہیں کچھ عنادل ہمزباں ہو کر

جواں ہونے نہ پائے تھے کہ دل آیا حسینوں پر
اجل یہ کہتی آئی کیا کرو گے تم جواں ہو کر

ملایا خاک ہو کر حسرتوں کو ہمنے مٹی میں
چھپایا کارواں کو ہم نے گردِ کارواں ہو کر

ترے کوچے میں پسیا ہے اسی نے ہم ضعیفوں کو
گرا ہے سایۂ دیوار ہم پر آسماں ہو کر

کوئی مُنہ چوم لے گا اس نہیں پر
شکن رہ جائیگی یونہیں جبیں پر

لہو بیکس کا مقتل کی زمیں پر
نہ دامن پر نہ اُن کی آستیں پر

اُڑائے خاک دَورِ آسماں تک
پھر آخر گردشِ قسمت کہاں تک

گلہ بھی کیا کسی کا تھا کوئی راز
کہ آکر رہ گیا میری زباں تک

وہ خوگر نالۂ دشمن کا ہو جائے
نہ سنتا ہو جو میری داستاں تک

یہ تیرہ بختی شبِ تنہائی ہجر
نہ نکلے گھر سے اپنے پاسباں تک

آگیا ایسا ہی اب کا فر زمانہ کیا کہیں
ولولے پھرتے ہیں بغل میں لوگ ایماں آجکل

دن کو روزہ عید شب کو ہے عجب شغل ریاض
رات بھر پیتا ہے یہ مردِ مسلمان آجکل

محشر میں حوریں جام بکف پائیں زاہد
اچھے رہے یہاں بھی تمہاری دعا سے ہم

ضد آپ کو دعا سے اثر کو دعا سے لاگ
فرمائیے تو ہاتھ اٹھالیں دعا سے ہم

جو آج وصل میں اس طرح چوم سے جاتے ہیں
انھیں لبوں سے سنی ہے ہزار بار نہیں

رہے گی یاد انھیں بھی مجھے بھی وصل کی رات
کہ اُن سا شوخ نہیں مجھ سا بیقرار نہیں

جناب شیخ نے جب پی تو منہ بنا کے کہا
مزا بھی تلخ ہے کچھ بو بھی خوشگوار نہیں

سحر بھی ہوتی ہے چلتے ہیں اے اجل ہم بھی
اب اُنکے آنے کا ہمکو بھی انتظار نہیں

خدا لگا کے پہنچتے ہیں گل رخوں میں ریاض
کچھ انکی ریشِ مبارک کا اعتبار نہیں

ادھر ہے بیخودی شوق اُدھر ہے نشۂ حسن
شبِ وصال ہے اور کوئی ہوشیار نہیں

یہ حشر ہے کہ الٰہی کوئی عدالت ناز
کھڑے ہیں دیر سے اب تک ہوئی پکار نہیں

یہ اُلجھے ہیں رندوں سے کیوں شیخ صاحب
بڑھاپے میں کیوں ڈاڑھی رنگوائے ہیں

جب میں کہتا ہوں کہ تھوڑا زہر ہی دیجے مجھے
ہنسکے کہتے ہیں کہ منہ مانگی قضا آتی نہیں

اُلٹے پیام وصل خود اُنکی زباں کے ہیں
حیراں ہوں ایسے دوست وہ میرے کہاں کے ہیں

راتیں خدا جو دے تو کسی کے وصال کی
پھر صبح ہو تو لطف بھی خوابِ گراں کے ہیں

تیور ہیں تیغ یار کی سب ہیں کھچا وٹیں
کس بل شباب ہیں اجل ناگہاں کے ہیں

سر پر زمین حشر اٹھائیں گے ڈر نہیں
جس کا جنوں ہیں پاس تھا وہ رہگذر نہیں

میں بھی مرا رقیب بھی دونوں ہیں خلد میں
جنت اگر یہی ہے تو اپنا گذر نہیں

لطف جی بھر کے اٹھا لیتے ہیں بیباکی کا
ہم تصور میں ترے اور مزا پاتے ہیں

کسقدر رگ رگ غریباں کے ہیں افسردہ چراغ
جسقدر تیز کرو اور بجھے جاتے ہیں

وہ خوش کہ فریب اسکو دیا ہمکو تسلی
دونوں کو مزے آتے ہیں پیمانِ وفا میں

اُٹھے کبھی گھبرا کے تو میخانے کو ہو آئے
پی آئے تو پھر بیٹھ رہے یادِ خدا میں

دامانِ کفن ڈال کے ہم منہ پہ چلے ہیں
اُڑتی ہے بہت خاک سُنا راہ فنا میں

آنکھوں میں شرارت ہے کہ رُکے نہیں رُکتی
شوخی ہے کہ یہ ہیں ہے آغوشِ حیا میں

اے بیکسیٔ گور خدا تجھ میں اثر دے
ہیں پھول بھرے آج تو دامانِ صبا میں

ہماری قبر پہ اب خاک اُڑانے جاتے ہیں
مٹے ہوؤں کا وہ شکوہ مٹانے جاتے ہیں

کلیم جا کے جہاں اپنے ہوش کھو آئے
وہاں تو روز ہم آنکھیں لڑانے جاتے ہیں

ستم ستم ہے نہ کچھ لطف لطف نزع کی وقت
ہماری یاد سے سارے فسانے جاتے ہیں

اب اضطراب ہے ہم میں نہ صبر ہے نہ سکون
نئے رفیق ملے ہیں پرانے جاتے ہیں

چلے یہ کہکے بجھانے وہ شمع تربت کو
کسیکی دل لگی کو بجھانے جاتے ہیں

نظر بچائے بغل میں دبائے شیشۂ مے
کہیں ریاض بھی پینے پلانے جاتے ہیں

ہمسے وفا کریں کہ وہ ہم پر جفا کریں
پائیں خدا سے ہم جو بتوں سے وفا کریں

صیاد اُڑا دیا مجھے سر سے نثار کر
صدقے ترے تمہارے سر پر اُڑا کریں

سمجھائے تو وہی جا کے انھیں اپنی نگاہ یاس
اب کوسنے کا وقت نہیں ہے دعا کریں

رکھ لیں ہم آپ لاؤ دلِ بیقرار میں
ایسا نہ ہو کہ تیر تمہارے خطا کریں

وہ دن کہاں ریاض وہ راتیں کہاں ریاض
بیٹھے ہوئے کسی کی بلائیں لیا کریں

اک ٹیپ ماری زور سے زاہد کے اے ریاض
اب ہاتھ مل رہے ہیں کہ اچھی پڑی نہیں

ریاض اک چلبلا سا دل ہو ہم ہوں
حسینوں کی بھری محفل ہو ہم ہوں

کھٹکتے ہیں نگاہِ باغباں میں
جو ہیں دو چار تنکے آشیاں میں

بوتل کا کاگ زور میں تو بہ کو لے اُڑا
ہم گلچلوں کے ہاتھ کی گولی رُکی نہیں

ہم جانتے ہیں لطف تقاضائے میفروش
وہ نقد ہیں کہاں جو مزا ہے اُدھار میں

دل تجھے کیوں نکرے پیار مری جان ہے تو
دل کو میں کیوں نکروں پیار کہ تو ہے دل میں

تمہارے کوچے میں آئیں یہیں قیامت ہے
کہاں یہ لوگ نکل کر لحد سے جاتے ہیں

کرینگے کیا نہ کرینگے جو مے سے ہم توبہ
کہ اب دوکان سے ملتی اُدھار بھی تو نہیں

شبِ وصل اٹھے یہ باہم مرنے
نہ وہ ہوش میں نہ میں ہوش میں
یہ مجھ پر کسے آج پیار آگیا
یہ کون آگیا میری آغوش میں

نزع میں ہے سے پیمانِ وفا کرتے ہیں
اُس دعا باز سے ہم آج دغا کرتے ہیں
سجدہ کرتے تھے تو کعبہ کبھی ذرات ریاض
اب تو ہم حد سے خاصانِ خدا کرتے ہیں

یہ بھی اک موج تھی وحشت کی ہیں بے زنجیر
ایسے جکڑے ہوئے کچھ طوق و سلاسل میں نہیں

آنکھ کی سوئی نکالی ارے قاتل تو نے
جان اٹکی ہوئی اب دیدۂ بسمل میں نہیں

بُت اپنے آپ کو کیا جانے کیا سمجھتے ہیں
خدا کی مار سمجھ پر خدا سمجھتے ہیں

دل جلوں سے دل لگی اچھی نہیں
رونے والوں سے ہنسی اچھی نہیں

کبھی پی لی تو پی لی اب نہیں آتی بھی کچھ پروا
الگ گوشے میں ہم بیٹھے خدا کی یاد کرتے ہیں

کیا قیامت ہے مری قبر پہ وہ آتے ہیں
اپنے سایہ کو جو چلتے ہوئے ٹھکراتے ہیں

شرم سے کچھ سحر وصل کو کہتے تو نہیں
کروٹیں لیتے ہیں بیتاب ہیں گھبراتے ہیں

ہائے سبزی میں وہ سیہ بوتل
کبھی ایسی گھٹا اٹھی ہی نہیں

شیخ صاحب کیا چھپا کر لے چلے رومال میں
کچھ نہ کچھ حصہ رہے یاروں کا بھی اس مال میں

ساتھ ہی سرکار کے جانا تھا مجھ کو بھی ریاض
ماہیٔ بے آب کو رہنا تھا نینی تال میں

دل کی ہے قدر تو کچھ حسن کی سرکاروں میں
یہ وہ سودا نہیں بکجائے جو بازاروں میں

تیشہ بردوش نظر آتی ہے شب کو اک شکل
روح فرہاد پھرا کرتی ہے کوہساروں میں

اِس لئے میں نے ترے جرم کیے دانستہ
میری گنتی بھی رہے تیرے گنہگاروں میں

مے ریاض آپ بھی پیتے ہیں بایں ریشِ سفید
ہائے یہ نور کی شکل اور سیہ کاروں میں

دل کو ہونے دے ہدف ممکن نہیں دل کی تڑپ
یہ اُڑاتی ہے ہمیشہ چٹکیوں میں تیر کو

کیوں ہوا ناوک خطا ہے شرم سے نیچی نگاہ
لاؤ ہم رکھ لیں کلیجے میں تمہارے تیر کو

ناوک افگن دیکھ لے آکر ذرا تو دل کی پھانس
یہ ذرا سی پھانس تو شرما رہی ہے تیر کو

ہم بند کیے آنکھ تصور میں پڑے ہیں
ایسے میں کوئی چھم سے جو آجائے تو کیا ہو

ہم گذری ہوئی یاد دلاتے ہیں کسیکو
کیا جام دیا ہے مجھے کیا جام دیا ہے

منہ پھیرے ہوئے کوئی ہمیں کوس رہا ہو
ساقی کا بھلا ہو مرے ساقی کا بھلا ہو

ڈر ہے کہ اسنے خوں کسی کا کیا نہ ہو
تھی باغباں کو لاگ نشیمن کی شاخ سے
وہ بھی یہ چاہتے ہیں ٹھہر جائے دل ذرا
چلتی ہوئی ہے تیغ رواں انکی کسقدر
تمکو جو نیند آئے تو دشمن کو موت آئے
ہمنے بھی ان حسینوں کو چھیڑا ہی اسقدر
اللہ حسن دے تو حیا بھی ضرور دے
کافر حسیں بلا سے خفا ہیں ہوا کریں

انتا بھی شوخ ہاتھ کا رنگ حنا نہو
صیاد کوئی اور نئے گل کھلا نہو
ہم بھی یہ چاہتے ہیں کہ ناوک خطا نہو
اسکی بھی جان جاتی ہے جسکی قضا نہو
افسانہ وہ سناؤں جو تنے سنا نہو
ایسا بھی کوئی ہے جو ہمیں کوستا نہو
کس کام کی وہ آنکھ کہ جس میں حیا نہو
ہے خفا ریاض ہمارا خدا نہو

رکھا ترے دامن میں ہے کیسے گل تر کو
ہے آگ لگی آگ لگے اسکے اثر کو
پہلو میں ہمارے غضب اک پھانس چبھی ہے
یکساں ہے مرے گھر میں شب و روز کا عالم
جب خاک سے بچتے نہیں پروردۂ دامن
شب گور غریباں میں بسر کرتے ہیں اے موت
مقبول دعائیں نہیں ہوتیں نہیں ہوتیں
پتوں میں نشیمن ہیں کبھی چھپتے تھے ڈر سے
گریاں ہیں ریاض آپ غم مرگ میں کسکے

رکھ آنکھ میں اے قبر مرے نور نظر کو
جاتا ہے کہاں نالۂ دل چھونک کے گھر کو
رہ رہ کے تڑپاتی ہے وہی درد جگر کو
پھرتے ہیں منہ پھیرے شام و سحر کو
کیا لیکے کریں لالہ و گل لعل و گہر کو
ہم شام کو جا رہتے ہیں آتے ہیں سحر کو
قسمت میں ترسنا ہی ترستے ہیں اثر کو
خوش ہوتے ہیں اب دیکھ کے ہم برق و شرر کو
درپیش یہی راہ ہے ہر فتنہ و شر کو

داد خواہوں میں دم حشر جو دیکھا ہے ریاض
پچھلے گناہ کیسے انھیں سے ملے نجات

پیار سے پوچھتے ہیں بھول گئے تم مجکو
محشر میں جو کیئے ہیں انھیں کا حساب ہو

اے شیخ تو چرا کے پئے جب کبھی پئے
تیری طرح کسی کی نہ نیت خراب ہو

لاکھوں حسیں ہیں حشر میں جی چاہتا ہے یہ
اس میں سے کوئی اپنے لیئے انتخاب ہو

چلتے ہیں جب ریاض تو کچھ جھومتے ہوئے
جیسے پیئے ہوئے کوئی مست شراب ہو

خداوندا الٰہی مے اسکو شہد و شیر جنت ہو
جو رندِ صاف باطن ہو جو رندِ پاک طینت ہو

قیامت کو کہیں کیا دیکھ چلتے لینے جاتا ہے
تم اِس فتنہ کو ٹھکراؤ یہی فتنہ قیامت ہو

ہمیں کیا بھر دیئے ہوں کوٹکر موتی جو قدرت نے
ہمارے کام کی وہ آنکھ ہے جس میں مروّت ہو

نہ اس میں دھوپ کتی ہو نہ شب کی اوس رکتی ہو
مرے گھر کا وہ عالم بیکسوں کی جیسے تربت ہو

مے میں ڈوبا نامۂ اعمال کا ہر حرف ہو
رنگ وہ آئے کہ صدقے سرخیٔ شنجرف ہو

پاک طینت رند پیکر مجھکو پہنچائیں ثواب
میری پونجی نیک کاموں میں الٰہی صرف ہو

کل بھی آیا چاند سی صورت لیئے ہر آئینہ
چوٹ پر تھی چوٹ ٹوٹا آئینہ پر آئینہ

شکل عبرت بن کے بیٹھا ہے ہر منبر پر آج
بہر واعظ چاہیئے ہے پیش منبر آئینہ

کیوں بلائیں لیکے منہ چومے مہ تزئیں ریاض
اُٹھ گئے وہ پھینک کر شانہ ٹپک کر آئینہ

دل میں چبھ جائے وہ کانٹا چاہیئے
دل میں بس جائے وہ صحرا چاہیئے

حشر کے دن ہیں سُوجھی یہ شرارت اچھی
لگ گئے دیکھ کے ہم حشر میں صورت اچھی

نہ بنے کام تو کس کام کی نازک شکلیں
ناز کج اچھے نہ حسینوں کی نزاکت اچھی

وہ بُری لاکھ میں اُٹھے جو لبِ واعظ سے
تیری ٹھوکر سے جو اُٹھے وہ قیامت اچھی

مرا دل نازپرور وہ تھا کیسا کیا ہوا اس کو؟
بہت نخریں بہت محزوں، بہت مہجور رہتا ہے

زمانے میں بہت اللہ کے بندے ہیں ایسے بھی
کہ جنکے پاؤں پر تاجِ سرِ فغفور رہتا ہے

نہ اُس کافر کے گیسوؤں نہ مجھ بیکس کے پہلو میں
خدا جانے کہاں میرا دلِ رنجور رہتا ہے

ادب سے واعظ کی صحبت میں ہم وہ شے نہیں پیتے
ہمارے جام میں افشردۂ انگور رہتا ہے

خمار آلودہ آنکھوں پر ہزاروں میکدے قرباں
وہ کافر پے بھی راتوں مخمور رہتا ہے

لحد پر شمع سے بڑھکر ہے دودِ شمع کا جوبن
وہ بنکر حور تو یہ بن کے زلف حور رہتا ہے

ریاض احباب گور کھپور اکثر یاد آتے ہیں
زباں پہ میری اکثر ذکر گور کھپور رہتا ہے

جاتا ہوں تو آتی ہے یہی طور سے آواز
ہم دیکھنے والوں کو سنبھلنے نہیں دیتے

یہ ایک لطف لاکھ ستم کا جواب ہے
محشر میں سنکے کہہ گئے کچھ داد خواہ سے

میری ہوئی نہ لذتِ عصیاں سے عمر بھر
کیا کچھ کیا مگر نہ بھرا جی گناہ سے

جاتے ہیں اب ریاض کہاں سوئے میکدہ
مسجد میں آ رہے جو اُٹھے خانقاہ سے

بالوں میں اپنے بیٹھ کے موتی پروئیے
آنسو نہ پونچھئے کسی آشفتہ حال کے

شبِ غم کی سحر نہیں ہوتی
ہو بھی تو میرے گھر نہیں ہوتی

یاد پیری میں ادھر آئی اُدھر بھول گئے
اے جوانی تیری ہم شام و سحر بھول گئے

روؤں کیا بیٹھکے میں اپنے مصائب کو ریاض
ہم گئے تھے جس میں نخلِ امید وصال کے
ابتو رونا بھی سرے دیدۂ تر بھول گئے

کیا ہوگئے وہ باغ طلسمِ خیال کے
اُٹھو اُو میر سے میِ و ساغر ریاض جلد
آتے ہیں اک بزرگ پرانے خیال کے

اُنھیں کے کام الٰہی مرا لہو آئے
رنگیں جو ہاتھ لہو میں حنا کی بُو آئے

دبی زبان سے میرا بھی ذکر کر دینا
کلیم طور پہ اُن سے جو گفتگو آئے

نہ جھوٹ بول کہ ہم شام سے کل آئینگے
نہ کھا قسم ارے جھوٹے کبھی جو تُو آئے

کھُلے جو کوئی تو کھُل کر کسی سے باتیں ہوں
اُٹھے حجاب تو کچھ لطفِ گفتگو آئے

دلائے یاد جو وعدے تو بولے جھنجھلا کر
یہ اور حشر میں لینے کو آبرو آئے

لگائے باغ کہاں داغ آرزو آئے
جہاں نہ پھول نہ پھولوں میں رنگ و بو آئے

چمن سے شیخ بھی اُٹھکر کنارِ جو آئے
ہم آئے پینے کو مے وہ پئے وضو آئے

کھُلیں نہ قبر میں جنت کی کھڑکیاں رندو
دماغ میں جو بسی ہے اُسی کی بُو آئے

مری نگاہ میں بھی کوئی بجلیاں بھر دے
کوئی چمک کے ذرا میرے روبرو آئے

لگائی ہمنے لبِ جو قطار مینا کی
لگائے سرو نے ہم کنار جو آئے

نہ ہو یہ کہنے کو ہم بے کہے گئے وغط
حرم کو جاتے ہوئے منہ بتوں کا چھو آئے

ریاض آئے تو لوگوں نے میکدہ میں کہا
کہاں یہ آج بزرگ فرشتہ خو آئے

مرے دل کے ارمان مر کر نہ نکلے
جو دل میں چھپے تھے وہ نشتر نہ نکلے

کلیم آئے تو کھل کے جلوہ دکھایا
ہم آئے تو پردے سے باہر نہ نکلے

ہماری نظر حشر میں شیخ پر تھی
وہ سر پر لئے حوضِ کوثر نہ نکلے

رہا ہے جو اس دل میں ہنگامہ آرا
وہی بزم آرائے محشر نہ نکلے

لڑ گئے فتنہ محشر سے ترے نقشِ قدم
اک قیامت ترے کوچہ میں بپا اور ہوئی

چلی ہے آج ستانے انھیں فغاں میری
ارے ضرور یہ کٹوائے گی زباں میری

تم اپنے بام سے فریاد کی اجازت دو
یہاں سے تو نہیں سنتا ہے آسماں میری

کہے کہے نہ کہے کوئی مجکو کیا اس سے
سُنیں سُنیں نہ سنیں آپ داستاں میری

وہ بوے ابرو و مژگاں کو کیا ہوا شب وصل
دھرے رہے یونہی تاوک مرے کماں میری

اٹھاؤں عفو کی لذت بھی لطفِ عصیاں بھی
مرے کریم یہ تقدیر ہے کہاں میری

ستانیوالوں کو کچھ قدر ہو ستانے کی
انھیں ستائے یہ مانے جو آسماں میری

وہ میں ہوں آج زمانے کو ناز ہے جسپر
ریاض دھوم ہے جسکی وہ ہے زبان میری

ابھی چھپ ہوں محشر میں افشا کروں گا
حسینوں کے رازِ نہاں کیسے کیسے

بڑی کوئی نٹ کھٹ ہے یارب قضا بھی
چُھٹے بانکے ترچھے جواں کیسے کیسے

ہمیں چاٹ کوثر کی دی واعظوں نے
ملے ہمکو پیرِ مغاں کیسے کیسے

ٹھکانا ہوا خیال ہے عقبیٰ کہیں جسے
بھولا ہوا سا خواب ہے دنیا کہیں جسے

دیکھے شبِ فراق میں کوئی تو ہم دکھائیں
دلکا وہ داغ چاند کا ٹکڑا کہیں جسے

ظالم کی آرزو نے جگہ لی ہے اس طرح
دل میں چبھا ہوا کوئی کانٹا کہیں جسے

اِن آرسی کے دیکھنے والوں کو کیا پرکھ
اچھا ہے وہ حسین ہم اچھا کہیں جسے

گلزار میں وہ پھول ہے جس کا ہے نام مے
زاہد وہ سرو باغ ہے مینا کہیں جسے

واقف نہیں وہ روزِ قیامت کے طول سے
وعدہ کیا ہے وعدۂ فردا کہیں جسے

حاصل اگر ہوئی بھی تو حاصل نہیں ہے کچھ
بے اعتبار چیز ہے دنیا کہیں جسے

اتنی تو ہو بیان میں واعظ شگفتگی
ہم رند سُن کے قلقلِ مینا کہیں جسے

اہلِ حرم میں جا کے بنا آج شیخِ وقت
کافر ریاض پیرِ کلیسا کہیں جسے

اُڑتے ہوئے بنجارے چلے آتے ہیں لاکھوں
اُٹھتی ہوئی ساون کی گھٹا اور ہی کچھ ہے

کیا ہاتھ اُٹھے ہاتھ اُٹھا بیٹھے دعا سے
اُٹھ جائے تو ہاں دستِ دعا اور ہی کچھ ہے

نشتر سے چلے کام تو سو بار چبھو لوں
اے دردِ جگر تیری دوا اور ہی کچھ ہے

دردِ فرقت کی اذیت کا نہ پوچھو کچھ حال
آج گھبرا کے کئی بار قضا بھی آئی

حشر کے دن بھی رہی بات وہی آنکھ وہی
جھوٹے وعدوں سے تجھے شرم ذرا بھی آئی

آئے میخانے میں جب مسجدِ جامع سے ریاض
ساتھ ہی آپ کے قبلہ سے گھٹا بھی آئی

عمر کیا ہے ابھی کم سن ہیں نہ تنہا لیٹیں
سو رہیں پاس مرے خواب میں ڈرنے والے

خم مسجد میں مے ناب بھریں جاڑوں میں
ٹھنڈے پانی سے وضو کر کے ٹھٹھرنے والے

پھرتے ہیں کیسے خشر مزہ ہنستے کھیلتے
کچھ داد گر سے کام نہ کچھ داد خواہ سے

مرنے والے اسی قابل تھے کہ بے موت مریں
بات کیا ہے جو پشیمان قضا ہوتی ہے

واعظ انگور میں ہے دخترِ رز روبہ نقاب
آنکھیں پھوٹیں جو ادھر تاک لگائے کوئی

بیکسی کہتی ہے یہ دیکھ کے تربت کا چراغ
آپ بجھ جائیگا اسکو نہ بجھائے کوئی

بھرے خم ہم کیا کرتے تھے خالی اب وہی ہم ہیں
بھری محفل میں خالی ہو کے ہم تک جام آتا ہے

ہمارا عیب کھلتا ہے نہ کھلتی ہے چھپی بوتل
ہمارے کام کیا کیا جامۂ احرام آتا ہے

پائیں تو لے حسینوں تمکو رلا کے چھوڑیں
ہیں یہ ریاض ایسے انکو ترس نہ آئے

بنائیں آشیاں کیونکر لدی پھولوں سے ڈالی ہے
بہ مشکل پاؤں رکھنے کی جگہ ہمنے نکالی ہے

ریاض اک چیز تھے انساں اگر ہوتے قرینے کے
مزے کے شخص ہیں لیکن طبیعت لاابالی ہے

ضعف یہ ہے کہ آنکھ اوپر کو
کم سے کم دو پہر میں اٹھتی ہے

اس طرح کہ گھنگرو کوئی چھاگل کا نہ بولے
جب چھم سے چلیں گود میں چپکے سے اٹھالے

عادت وہ بری شے ہے جو کھائے کو ملا بھی
بے مے کے مرے حلق سے اترے نہ نوالے

برسات کی رت اور یہ گھنگھور گھٹائیں
اب ہم ہیں ریاض اور حسیں گیسوؤں والے

بے موت مری موت کہاں مر رہی جا کر
ہم آئے تو وہ کوچہ قاتل میں نہیں ہے

دل نہ مانا حضرتِ واعظ کو آتے دیکھ کر
کچھ یوہیں تھوڑی سی پی لی دل لگی کیواسطے

گود میں جھٹ سے بس اٹھا لیجے
چھم سے گھر میں جو کوئی آجائے

جان لو کچھ گذر گئی اس پر
منہ چھپائے جو لوٹتا جائے

مجھے تو ہائے حسینوں پہ رحم آتا ہے
کبھی نہ چین سے راتوں کو اپنے گھر میں رہے

سب بھول گئے اسکو ترے عہدِ ستم میں
اب شکوۂ گردوں کوئی کرتا ہی نہیں ہے

دیوانہ ریاض اوروں سے کیا بات کریگا
معشوقوں سے تو بات وہ کرتا ہی نہیں ہے

اے دلِ ناداں بہت ناداں نہ بن
جان دیتا ہے ارے کن کے لیئے

دل کسی طرح چین پا جائے
غیر کی آئی ہمکو آجائے

دیدہ و دل ہیں کام کے دونوں
وقت پر جو مزا دکھا جائے

شیخ صاحب برائیاں مے کی
اور جو کوئی چپت کی آجائے

ہے ریاض اک جوانِ مست خرام
نہ پیئے اور جھومتا جائے

جو اپنے گھر سے آیا ہے تو یہ رنگِ حیا کیوں ہے
ترے صدقے یہ شرمائی ہوئی تیری ادا کیوں ہے

عدو کی خیر کسکے غم میں یہ حالت بنائی ہے
پریشاں کیوں ہیں گیسو چاک دامان قبا کیوں ہے

حسینوں کا عالم نیا ہو رہا ہے
کہ جس بت کو دیکھو خدا ہو رہا ہے

یہ زاہد بتوں کے ستائے ہوئے ہیں — کہ جب دیکھو ذکرِ خدا ہو رہا ہے
آنچل ڈھلا رہا مرے مستِ شباب کا — اوڑھا گیا کبھی نہ ڈوپٹہ سنبھال کے
چلے آتے ہیں خوش خوش کسکے گھر سے — وہ ہنستے کھیلتے بادِ سحر سے
مزے کی چیز ہے یہ مجمعِ حشر — حسیں کیا کیا گذرتے ہیں نظر سے
ہمیں تو جیتے جی کوثر کی پلوا — خدایا چھوڑ دی ہے تیرے ڈر سے
ذرا چلکر بتہیں اسکو چھڑا دو — کسی کی آہیں اُلجھی ہیں اثر سے

کاتبِ اعمال نکلے کام کے — مانگے دو دو شریکِ لزم کے — خم پہ خم اُف رے تری زلفِ دراز — چھوٹتے ہیں کب اسیر اس دام کے
ایک آفت تھا تمہارا کوسنا — مر گئے لو سب ہمارے کام کے — آبتا دیں ہم تجھے منہ چوم کر — کس طرح ٹوٹے مرے دشنام کے
پڑ دہ ڈالا مجھ سراپا جرم پر — صدقے اپنے جامۂ احرام کے — وہاں میکشی می پرستی رہی — یہاں عبر بھر فاقہ مستی رہی
قیامت ہے کسکی اُٹھائی ہوئی — یہ آفت ہے سب کی لائی ہوئی — دکھاؤ نگہ کی جو تم شوخیاں — پھرے برق بھی تلملائی ہوئی
نہیں آتش طور کی لگی — بجھیگی نہ اُنکی لگائی ہوئی — اُنھوں نے تو دیوانہ ہمکو بنایا — وہی اب کریں پاسبانی ہماری

یہ ساقی نے ساغر میں کیا چیز دیدی — کہ توبہ ہوئی پانی پانی ہماری

پاک صاف ایسی ہے جسنے پی فرشتہ بن گیا — زاہدو یہ حور کے دامن میں ہے چھپائی ہوئی
قحط تھا کیسے مزے کا حسن ارزاں بک گیا — اِس گرانی میں مزے آئے یہ ارزانی ہوئی

غم مجھے دیتے ہو غیروں کی خوشی کیواسطے — کیوں بُرے بنتے ہو ناحق تم کسی کیواسطے
حشر میں او کاتبِ اعمال کچھ تو ہو شریک — ساتھ رکھا تھا تمھیں نیکی بدی کیواسطے
ہجر سے بڑھکر مصیبت کوئی آنیکی نہیں — موت کو رکھ چھوڑیے کس زندگی کیواسطے
پاسِ آدابِ بزرگی ہے باین وضع جنوں — جب چلے ناصح جھکے ہم بندگی کیواسطے
یہ سمجھ کر کم نہیں یہ دل دکھانے کے لیئے — دل مجھے دیتے گئے میرے ستانیکے لیئے
ساتھ اُنکے ہے ہزاروں عندلیبوں کا ہجوم — آئے ہیں دو پھول تربت پر چڑھانیکے لیئے
حشر کے دن وعدہ کس کا کون کرتا ہے نباہ — ہیں یہ باتیں ہمکو دیوانہ بنانے کے لیئے
نزع کیسی موت کسکی اب مرے دشمن مریں — پاس آ بیٹھے ہیں وہ باتیں بنانیکے لیئے

کوثر و تسنیم، حور و خلد کے ہوتے ہوئے
جائینگے ہم آگ دوزخ میں لگانے کے لیئے

آستانِ یار سے کوئی اُٹھائے کیوں ہمیں
ہم بھی آ بیٹھے ہیں قسمت آزمانے کے لیئے

چھیڑ کیسی بات کہتے روٹھے جاتے ہیں ریاض
اک حسیں ہر وقت ہو انکے منانے کے لیئے

بیمار کی بالیں سے یہ کہتے ہوئے گذرے
دیکھی نہیں جاتی ہے مصیبت ہو کسی کی

دیدے دیدے مرے ساقی تئے صد قے دیدے
دستِ رنگیں سے چھلکتے ہوئے پیمانے سے

جہاں ہم خشتِ خم رکھدیں بنا کعبہ پڑتی ہے
جہاں ساغر ٹپک دیں چشمۂ زمزم نکلتا ہے

تمھیں کیونکر بتائیں دلپر اپنے کیا گذرتی ہے
تمھیں کیونکر دکھائیں تم میں کیا عالم نکلتا ہے

اتنی تو پتے کی ہے کہ بہکے ہوئے ہم تھے
مُجرم ہیں جو واعظ کی کہیں سے خبر آئے

چُوسکر کسنے چھڑائی ہے مسی ہونٹوں کی
سامنے منہ تو کریں بات نہ کرنے والے

ہے زمانے میں محبت کی نظر کی تعریف
صدقے ان آنکھوں کے یہ تیر نگاہی کیسی

ہنسے جو محفلِ ماتم میں تم ہنسی ہوگی
پکارتا ہے بتسم مری ہنسی ہوگی

غلط ہے آپ نہ تھے ہمکلام خلوت میں
عدو سے آپکی تصویر بولتی ہوگی

نہ شیشہ پنبہ دہن ہے نہ خم ہی بے منہ کا
کھُلے جو حضرتِ واعظ تو دل لگی ہوگی

جھپک جھپک کے لیا ہوگا ہاتھ میں ساغر
چوپی بھی ہوگی تو ڈر ڈر کے ہنسے پی ہوگی

اُتر گئی سرِ بازار شیخ کی پگڑی
گرہ میں دام نہ ہونگے اُدھار پی ہوگی

ہجوم دیکھ کے سمجھے یہ صبح محشر ہم
کھُلی دُکان کسی میفروش کی ہوگی

شریکِ مے میں کیا ہوگا آبِ زمزم بھی
ریاض نے پس توبہ جو پی کبھی ہوگی

اذاں کا کام چلجائے جو ناقوس برہمن سے
بڑا یہ بوجھ اُترے اے مؤذن تیری گردن سے

مسلم و دلکو چٹکی سے اگر چھیڑے کبھی تم کو
یہ جب بھرے ذرا اسکو دبا دو اُٹھتے جوبن سے

جگایا ہے بہت جادو جگا کر ان حسینوں کو
بہت کچھ سحر سیکھا ہے انھیں کی چشمِ پرفن سے

بُرا ہو خالقہ کا چار دن میں کیا ہوئی صورت
یہ عالم ہے کہ گویا اُٹھکے ہم آئے ہیں مدفن سے

شبِ غم کا یہ عالم ہے چراغ اِس طرح جلتا ہے
اُٹھا لائے ہیں گویا ہم کسی بیکس کے مدفن سے

گلے ملنے کے اِن کافر حسینوں سے یہی دن ہیں
جوانی جب گلے ملتی ہو آ آ کر لڑکپن سے

داورِ حشر طرف دار ہمارا ہو تو ہو
اہلِ محشر تو طرف دار تمہارے نکلے

میکدہ بھی ہے مقاماتِ ادب سے شاید
جو اِدھر نکلے وہ دستار اُتارے نکلے

شیخ جی گر گئے تھے حوض میں میخانے کے
ڈوب کر چشمۂ کوثر کے کنارے نکلے

بالِس پر میکدہ میں تجکو چڑھایا اے شیخ
پھر بھی اُونچے تری مسجد کے منارے نکلے

نہ جفا سے ہے میرے دل کو قرار
نہ تسلی وفا سے ہوتی ہے

شمع کُھل کھیلے گی پروانے سے آج
کچھ سیٹیگی یہ لبِ گلگیر سے

مِلتی جُلتی ہے مری فردِ عمل
کاتبِ تقدیر کی تحریر سے

آ گرے آنے کا حاصل تھا یہی
دل گرفتہ مِل لیئے دلگیر سے

لہ قتدار نظام الدین احمد

بھولی بھولی شکل دیکھی کس کی گھبرائی ہوئی
پھر گئی گھر سے مرے کیوں شامِ وصل آئی ہوئی

جوشِ مے اور سبزہ زاروں میں گھٹا چھائی ہوئی
بات ایسی ہے کہ توبہ بھی ہے للچائی ہوئی

ہائے وہ دن ہمسے یوں زاہد لبِ کوثر کہے
پیجیئے تو کس تکلف کی ہے کھچوائی ہوئی

ہائے کیا جھٹ پٹ قفس میں بال و پر پیدا کیئے
جب سُنا ہمنے کہ جاتی ہے بہار آئی ہوئی

کیا پڑے ہو گوشۂ مسجد میں اُٹھو زاہد وا
پھوٹی آنکھوں سے ذرا دیکھو گھٹا چھائی ہوئی

ساتھ شوخی کے کچھ آنکھوں میں حیا رہنے دے
یہ بھی اک چیز ہے او فتنہ ادا رہنے دے

اِن جفاؤں پہ یہی حشر میں کام آئے گی
اپنی آنکھوں میں مروّت بھی ذرا رہنے دے

مجکو ارمان مناے کوئی میرے دل کو
اُنکو یہ ہٹ کہ خفا ہے تو خفا رہنے دے

درِ میخانہ نہیں ہے یہ درِ کعبہ ہے
ہر جگہ چھیڑ یہ اے لغزشِ پا رہنے دے

رحم آتا ہے مجھے اپنی غریبی پہ ریاض
اپنے در پر کوئی مجکو بھی پڑا رہنے دے

وہیں آ بیٹھنا اُٹھ کر اُدھر سے
مِلا ہے گھر مرا دشمن کے گھر سے

ہمارے پاس دل سی چیز رہتی ہے؟ بچائے رکھتے ہیں اُنکی نظر سے

ہوا پر ہے مزاج ابر کرم کا پیو رندو! وہ برسے یا نہ برسے

رات دن بزم میں دورِ گلفام چلے زور تجھ سے جو مرا گردشِ ایام چلے

سنگ بتخانوں سے میخانوں سے شیشے آئے طرفِ کعبہ جو ہم پیرِ و اسلام چلے

کوئی دیکھے تو خوشی غیر کے گھر جانے کی شام سے پہلے وہ بنکر شفقِ شام چلے

یہی کثرت ہے اسیروں کی تو میرِ ژولہ اے صبا وجد و دن بھی ترا دام چلے

کاٹے کٹتی نہیں مجھ مست سے برسات کی رت میکدے والی چلے آج تو کچھ کام چلے

دام اس انداز سے پھیلائے چمن میں صبا میں سرِ شاخ چلوں سایہ تہ دام چلے

طلب کیے کبھی ہنسے اگر پس توبہ بہت بھرے ہوئے ہیں خم و سبو آئے

اُترنے والے ابھی تک نہ بام سے اُترے تڑپنے والے تڑپکر فلک کو چھو آئے

نثار وصل کی راتیں ہیں ایک ساعت پر ہم انتظار میں تیرے ہوں اور تو آئے

خایہ کہتی ہے بے زبان پا کے مجھے جب آپ آئے گئے چوریاں لگا کے مجھے

خایہ کہتی ہے اُن سے سنا سنا کے مجھے نہیں شہیدوں میں ملنا لہو لگا کے مجھے

ذرا سے درد نے ڈھائی ہیں آفتیں کیا کیا پٹک دیا ہے زمیں پر اُٹھا اُٹھا کے مجھے

میں اپنے خون کا بیڑا اُٹھاؤں خود کیونکر وہ پان دیتے ہیں شوخی سے مسکرا کے مجھے

یہ کیا مذاق فرشتوں کو آج سوجھا ہے ہجوم حشر میں لے آئے ہیں پلا کے مجھے

ستانے والو قیامت بھی آئے جاتی ہے جفا کے لطف تمھیں آئینگے وفا کے مجھے

کہاں وہ نور کی صورت وہ نور کی آواز ریاض کون سنائے غزل یہ گا کے مجھے

مری آہِ رسا چنچل بڑی ہے یہ بجلی بن کے کانوں میں پڑی ہے

مزے لوٹو کلیم اب بن پڑی ہے بڑی اونچی جگہ قسمت لڑی ہے

توبہ کرنے سے شرم آئی اعمال پہ اپنے جب نظر کی

آہ کیا بے اثر ہی جائیگی — کچھ نہ کچھ کام کر ہی جائیگی
حال ہے گر یہی تو اپنی جاں — وقت سے پیشتر ہی جائیگی
میرے گھر میں اگر بلا آئی — ٹل ہی جائے گی مر ہی جائیگی
شمع تربت صبا کو آنے دے — کچھ نہ کچھ گل کتر ہی جائیگی
تیری رحمت ہے تو گنہ کیا ہیں؟ — سر سے گٹھڑی اتر ہی جائیگی
ہنو کیا جائیں گے وطن کو ریاض — اب ہماری خبر ہی جائیگی
چھیڑ کر مجمع زہاد کو ڈرتا ہوں ریاض — کہنہ مسجد کے عوض ہو نہ مرمت میری
کیا ٹھکانا ہے بات کا اسکی — دل میں کچھ ہے زبان پر کچھ ہے

چشم تر کی اشک باری آپنے دیکھی نہیں — یہ اگر طوفاں اٹھاتی سینکڑوں گھر بیٹھتے
بارش ابر کرم نے اور لت پت کر دیا — حشر میں ہم کیا سکھانے دامن تر بیٹھتے
بزم محشر میں نہ کھلتی اسکی رحمت امتیاز — لطف ہوتا رند و زاہد سب برابر بیٹھتے
میکدے میں جائے ہم جرم تو تھا لے میکشو — میرے گھر واعظ جو آتے میرے سر پر بیٹھتے

ہو گی وہ دل میں جو ٹھانی جائیگی — کیا کسیکی بات مانی جائیگی
آگ بنکر آئی کیا تیغ پر آب — آئی ہے تو ہو کے پانی جائیگی
تیغ ہی کیا ہاتھ میں قاتل کے تھی — اے حنا تو بھی تو سانی جائیگی
خدمت میخانہ کر لے ورنہ شیخ — رائگاں یہ زندگانی جائیگی
آگ بنکر جام میں آئیگی مے — زمزمی میں ہو کے پانی جائیگی
موت سے بد تر بڑھاپا آئے گا — جان سے اچھی جوانی جائیگی
شیخ نے مانگی ہے اپنی عمر کی — میکدے سے اب پرانی جائیگی
عرش پر ہے خوش جمالوں کا مزاج — کیونکر ان کی لن ترانی جائیگی
جا چکے ہیں آپ کل دشمن کے گھر — آج مرگ ناگہانی جائیگی

ساتھ لائے ہیں قفس سے ناتواں — جاتے جاتے ناتوانی جائیگی
پینے آتے ہیں فرشتہ خو ریاض — حور کے دامن میں چھانی جائیگی
ناپائدار زندگی مستعار ہے — آئے نہ آئے سانس کا کیا اعتبار ہے
ساقی ہمیں چھکائے کہ رخصت ہے فصلِ گل — برسات آج پھول کہ جاتی بہار ہے
قربان اپنی کثرتِ عصیاں کے لاکھ بار — محشر میں سب سے پہلے ہماری پکار ہے
پی لی تھی کچھ کہ چین سے گذری شبِ لحد — دن ڈھل چکا ہے حشر کا اب تک خمار ہے

پہنچ جائے کسی کے بام تک یارب فغاں میری — لگی لپٹی گئی ہے ساتھ جاں ناتواں میری
بتوں کے بام سے مجھ پر یہ کیوں پتھر برستے ہیں — گرے اس طور پر بجلی لٹی قسمت کہاں میری
وہ کیا دن تھے کہ تم اس طرح باہم گذرتی تھیں — دہن میرا زباں انکی دہن انکا زباں میری
کیا یہ رنگ پیدا تو نوں رہکر کلیسا میں — حرم میں نغمۂ ناقوس بنتی ہے اذاں میری
کہیں ایسا نہ ہو پھینکیں فلک سے بام پر انکے — کہاں لیجا کے پھینکیں گی مجھے بیتابیاں میری
دمِ آخر جو آئیں بھی تو یارب اس طرح آئیں — مزا دیں قتلِ بیتا کا مجھکو ہچکیاں میری
ریاض اک عمر گذری دیر میں آئے مگر اب تک — حرم میں گونجتی پھرتی ہے راتو نکو اذاں میری

ریاض ریاض — سردار مرزا ریاض لکھنوی مقیم مٹیا برج کلکتہ شاگرد تعیش الدولہ عیش بعد وفات سلطان عالم واجد علیشاہ وطن چلے گئے اسکے بعد کا حال معلوم نہوا یہ چند شعر انکے منتخب ہو کر درج ہوئے

سبزہ رنگوں میں چلے گر جھوم کر جامِ شراب — رقصِ طاؤسی دکھائے سر بسر جامِ شراب
جگمگا حوروں کا ہی مجھ بادہ کش کی بزم میں — جامِ کوثر کا دکھاتا ہے اثر جامِ شراب
ہائے کہہ کر دل پکڑ لیں بادہ کش میخانہ میں — طرزِ رفتارِ صنم سیکھے اگر جامِ شراب
نشۂ دولت میں عاقل ہے تو رکھ فکرِ خمار — پیتے ہیں مثلِ دوا اہلِ ہنر جامِ شراب

ریاض ریاض — سیّد رضا حسین عرف منے صاحب لکھنوی شاگرد جناب آغا مظہر لکھنوی آپ لکھنؤ کے دور موجودہ کے خوش فکر کہنے والوں میں ہیں کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو ؎

قصد اُٹھنے کا وہ کرتے ہیں مرے پہلو سے
ہاں ذرا درد جگر اور سوا ہو جانا

اُٹھا شورِ قیامت ہم جو اُٹھے
زمیں بیٹھی اگر بیٹھے زمیں پر

آنکھیں تلووں سے ملو نگا بام سے کہتے ہیں وہ
آنکھ بھر کر تم اگر دیکھو گے درباں کی طرف

ہر دم تڑپ تڑپ کے گذرتی ہے ہجر میں
یہ کون آ کے لے گیا صبر و قرار دل
دل اب کہاں کہ ہو گئی مدت لٹے ہوئے
اک داغ میرے سینے میں ہے یادگار دل

دوشِ صبا پہ گل جو دانہ چمن کے ہیں
جنگل میں آج پھول کسی بیوطن کے ہیں
عبرت کی ہے جگہ جنھیں کل تک عروج تھا
محتاج آج حیف وہ گور و کفن کے ہیں
جب میں کہتا ہوں کہ تھوڑا زہر ہی دیجے مجھے
ہنسکے کہتے ہیں کہ منہ انکی قضا آتی نہیں

جگر میں آ گئی دل سے گذر کے
تصدق آپ کی ترچھی نظر کے
مرا سینہ ہے اے گل لائق دید
کھلے ہیں پھول کیا داغ جگر کے
گھٹا چھائی ہوئی ہے آسماں پر
ارے ساقی ادھر لا جام بھر کے
یہ کہنا ناز سے اُس کا شب وصل
ترے مہمان ہیں ہم رات بھر کے

یہ انتہا ہے کہ سر رکھدیا ہے قدموں پر
کسی طرح نہیں سنتا ہے پاسباں میری

ریاض - نواب سید جعفر مرزا خان عرف مُنّے صاحب لکھنوی سنہ ۱۹۱۰ء تک زندہ تھے اس سے زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا، محشر لکھتے ہیں کہ اچھا کہنے والوں میں تھے باوجود تلاش زیادہ کلام دستیاب نہ ہو سکا ؛

بولی بتیابیٔ دل وہ جو اُٹھے پہلو سے
کیا کروں ہجر میں اتنا تو بتاتے جاؤ
اپنے وحشی کو مرے جان دکھا دو گیسو
اور دیوانہ کو دیوانہ بناتے جاؤ
وقتِ رخصت کے ستمگر نے یہ ٹھانی جی میں
دلِ بیتاب کو کچھ اور جتاتے جاؤ

خوب آئے مسیحائی کی صحبت میں شیخ صاحب
بیشک یہ باتیں زیبا حضرت کی شان پر ہیں
اظہار کر رہا ہے اُڑ اُڑ کے رنگ رخ کا
دردِ جگر کے صدمے جو کہ جان پر ہیں

تربت مٹی ہوئی کیوں ڈھنڈوائی جارہی ہے	وہ مہربان یارب کس بے نشان پڑے ہیں

ریاض منشی محمد یعقوب صاحب ریاض سب جج ہزارہ ویراوتی مدراس شاگرد شوکت میرٹھی سنہ ۹ کے قریب رسالۂ "پروانہ" میں انکا کلام شائع ہوا کرتا تھا، تعجب ہے کہ صوبہ مدراس جیسے دور افتادہ مقام میں انھیں اردو میں شعر کہنے کا شوق پیدا ہوا، اکثر اخلاقی مضامین نظم کرتے ہیں، زبان اور بندش بھی بری نہیں ؎

شاخ گل پر کرتی ہے بلبل بیاں توحید کا	شیخ منبر پر پڑھے جس طرح خطبہ عید کا
گوشۂ دل میں نہاں ہے جلوہ تیرا جانجان	بوالہوس دل منتظر پھرتا ہے پھر بھی دید کا
پھرتے ہیں جسکو ڈھونڈتے دیر و حرم میں ہم	کیا وہ ہمارے کعبۂ دل میں مکیں نہیں
بہار آئی جہاں میں پھر ہوا جوش جنوں مجھ میں	مزا ہے نشتر فصاد کا خار گل تر میں
لکھے جو کاتب تقدیر انسان کے مقدر میں	وہی پیش آئے ہر پھر کر اسے دنیا کے دفتر میں
نیچر کے سارے کام تصور سے دور ہیں	فہم و خرد کو اس میں خیال و چنیں نہ ہو

حق کے کوچے میں غنی کا ہو بھلا کیونکر گذر	اس سفر میں بے سر و ساماں گدا ہی چاہیئے
قضا جب آئی لیکر ہاتھ میں فرمان رحلت کا	تو جام آب حیواں ساغر زہر ہلاہل ہے

ریاض منشی ریاض الدین احمد صاحب ریاض دہلوی، کلام رسالۂ "زبان" جلد ۷ سے نقل ہوا، نوشق کہنے والوں میں ہیں۔ اشعار ملاحظہ ہوں۔

بہاتے ہیں جو آنسو نعش پر وہ دیدۂ تر سے	ہمارا غسل میت ہو رہا ہے آب گوہر سے
مزہ ہو گر وہ بگڑیں آسمان فتنہ پرور سے	تماشا ہو چلیں چوٹیں ستمگر کی ستمگر سے
جوانی میں غضب کے ہو گئے ہو چلبلے چنچل	بپا ہوتا ہے محشر ابتو کا فر تیری ٹھوکر سے
ہنسی بھی دل لگی تھی کھیل تھا کیا دل نداں کا	ہدف ہو ہو کے بچ جاتا نگاہ شوخ دلبر سے
اگر دشمن سے ملتا ہے تو پھر مجھ سے بھی مل ظالم	یہ کون انصاف ہے قاتل کوئی خوش ہو کوئی تر سے
ریاض اس چرخ نے عشاق کو کب چین سے رکھا	نہ برآئی کسی کی آرزو اس کینہ پرور سے

ریاض

ریاض - مولوی ریاض الدین احمد ریاض عدالتِ منصفی متھرا میں وکالت کرتے ہیں شعر میں مضمون پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، یہ معلوم نہ ہوا کہ تلمذ کس سے ہے کلام درج ذیل ہے۔

وجہ کیا کیوں نہ تحیر ہو ہمیں دنیا میں
آئینہ خانے میں جو آئے وہ حیراں بھی نہ ہو

کیا کروں حضرتِ عیسیٰ تپ فرقت کا بیاں
وہ مرض ہے کہ حضور آپ سے درماں بھی نہ ہو

ایک آفت ہو تو کہیے اے ریاض
دل ہمارا موردِ آفات ہے

بید بانی حق نے جو دی ہے تمھیں
لے بتو اس میں بھی کوئی بات ہے

دیر و حرم میں ایک سا جلوہ ہے زاہدو
حق میں اگر ہو آنکھ تو پہچان جایئے

میں سمجھوں شہسوار اُسکو جو روکے
عناں اس توسنِ عمر رواں کی

جو برسات میں اُنکی یاد آگئی
تو گھنگھور غم کی گھٹا چھا گئی

غیروں کے گھر نہ راتوں کو ایجان جایئے
کہنا مرا خدا کے لیئے مان جایئے

ریحان

ریحان - ماہر رموزِ سخن شاعر شیریں زبان دیوان دیا کرشن ریحان لکھنوی، خلف منشی گنگا کشن عزیز راجہ صاحب رام، قوم کے سری باستب کا بیشتھ اور شاہ آباد کے متوطن تھے مگر عرصہ سے لکھنؤ میں اقامت گزیں تھے، منشی موجیرام موجی سے جو حضرت صحفی کے نامور تلامذہ میں تھے اِس فن میں استفادہ کیا تھا اور پھر منشی جواہر سنگھ جوہر سے بھی مشورہ رہا، عاشقانہ شعر خوب کہتے تھے، بڑے شیریں کلام، نازکخیال معنی آفریں شعور تھے، اِنکا دیوان مسمّٰی بہ "باغ ریحاں" چھپ گیا ہے، سلطان عالم واجد علیشاہ کے عہد میں بخشی الممالک راجہ اُلفت رائے کے شریکِ دار رہے، بعد انتزاعِ سلطنت پنڈت شیو دین وکیل کے ملازم رہے، بڑے نازک مزاج، وضعدار، خوش تقریر شخص تھے، استعدادِ علمی بہت معقول تھی، خاندانی شخص تھے، مگر تباہیِ سلطنت کے بعد آسودگی اور فراغبالی نصیب نہ ہوئی، ہمیشہ بادشاہ کی استرداد سلطنت کے لیئے دست بدعا رہے، سرد و گرم زمانے سے بخوبی آگاہ تھے، بڑے بڑے باکمالوں اور مشہور استادوں کی صحبت پائی تھی، اور فن شعر کے رموز

وقائق پر پوری طرح عبور تھا، طبیعت عاشقانہ پائی تھی معاملہ بندی کا مذاق بہت اچھا تھا، کلام بہت پاکیزہ صاف اور اکثر اشعار اخلاقی مضامین سے مملو ہیں، تعجب ہے کہ شیخ ناسخ کی خشک بیانی اور بے تاثیر رنگ سے جو لکھنو کی آب و گل میں اس زمانہ میں سرایت کر چکا تھا، کس طرح انھوں نے اپنے آپ کو بچایا، کلام میں آورد بہت کم اور بول چال صاف و شستہ ہے، اکثر غزلیں انکی زندگی ہی میں رائج ہو گئی تھیں، اور عام و خاص میں اچھی شہرت حاصل کر لی تھی، انکا دیوان قابل دید ہے اور اس میں ہر مذاق کے شائق کی تفریح اور دلبستگی کا کافی مصالحہ موجود ہے، اکثر غزلوں سے انکی قادر الکلامی اور مشاقی فن کا ثبوت ملتا ہے، اپنے وقت کے مشاہیر شعرا میں انکا شمار تھا اور فی الواقع یہ اسکے اہل تھے ۱۸۵۰ء کے قریب پیرانہ سالی میں انتقال کیا۔

پہلے خیال زلف پہ پھر شغل آہ کا
لام و الف ہے تاج سر لا الٰہ کا

تہمت ہے تیغ تیز پہ خنجر پہ انتہا
قاتل میں کشتہ ہوں تری ترچھی نگاہ کا

کس قدر فضل ہے خداوند جہاں پروردگا
تو نے مجھ گمنام کو دنیا میں نامآور کیا

روز پیدائش سے مجکو رزق بے منت دیا
اپنی خواہش سے زیادہ میں نے مصرف زر کیا

بے خیال بندگی باب عنایت کھل گیا
رنج میں میں نے رجوع قلب جب دم بھر کیا

دم آخر بھی رہا ہاں سے خدا نے دم خود بر رکھا
مرے خوں سے ہوا پاں خوردہ لب قاتل کے خنجر کا

ملک وحدہ لاشریک لی سلطاں کو ای ریحان
خدا چمکائے پھر اکدن ستارہ میرے اختر کا

قناعت نے ہمیں گنج فراغت جب سے دکھلایا
نہ شادی کی رہی شادی نہ غم دل میں رہا غم کا

خدا کے ہاتھ ہے انصاف اے جفا پیشہ
ہمارے صبر کا اور تیرے دل دکھانے کا

ہمیشہ ہنستے ہیں چالاک احمقوں سے بری
سمند چرخ کو کب توڑ سے تازیانے کا

عقدہ کھلتا ہی نہیں تقدیر کا
گھس گیا ناخن مری تدبیر کا

نوک مژگاں کی خطا اس میں نہیں
خود بنا عاشق نشانہ تیر کا

جب دیا حور نے مجھ رند کو جام کوثر
رشک زاہد کو ہوا میری گنہگاری کا

کچھ دام کا قصور نہ دانے کی ہے خطا
صیاد تیرے گھر میں مرا آب و دانہ تھا

نگاہِ غور سے ہمنے تماشائے جہاں دیکھا
کسیکو بھی نہ اپنا یار وقتِ امتحاں دیکھا

نہیں معلوم کیسے وقتِ بد میں باغ سے نکلے
کہ جیتے جی نہ پھر بلبل نے رشکِ آشیاں دیکھا

قسمت سے زیادہ کبھی حاصل نہیں ہوتا
جو صابر و شاکر ہے وہ سائل نہیں ہوتا

اے سرو کرنہ یار کے قامت کا سامنا
قامت کا سامنا ہے قیامت کا سامنا

نہ کچھ جینے کی راحت ہے نہ کچھ مرنیکا ہے کھٹکا
علاقہ اٹھ گیا دونوں سے جب سے دل کہیں اٹکا

بے صنم جی سے گذرنا ہی بھلا
ایسے جینے سے تو مرنا ہی بھلا

شیخ جی کعبے میں ہیں میں بتکدے
کہو کعبہ میں تمنے کیا دیکھا

ظلم عاشق پہ بے سبب دیکھا
نہ سنا تھا کبھی جواب دیکھا

فرما تیری بہت عالی کرامتیں
جی کھوکے عاشقی کا تماشا دیکھا

واعظ سوال ہے کرشِ فلک کے سامنے
رزی بھی دیگا جسنے دہن دے گدا دیا

کھلونا بنکا کبھی مری تری امنگ کا
سن لیجیو چراغ جہنم بجھا دیا

اُلفت پہ جسکی ناز تھا وہ بیوفا ہوا
کیا اپنے دل نہیں سمجھے تھے ہم ہائے کیا ہوا

موجی سے مجکو کیوں نہ ہو ریحاں خصوصیت
میں اُسکی روح ہوں جو وہ ہے مصحفی کی روح

جائے جو چاہے سوئے دیر و حرم
ہم تو بیٹھے ہیں در دلدار پر

رشکِ جم ہیں دہر میں اردشیر و کیخسرو
ناز دل پر انکو اُسکو جام پر

مریضِ عشق مرجائے کہیں ہو زندگی اسکی
شفا کو مانگتا ہے کون خوانِ شفا ہو کر

کعبہ روئے صنم کی دید سے کافر ہوئے
رکھدیا ایمان طاقِ ابروئے خمدار پر

ملجائیگا تمھیں کیا کھیلا جو کوئی جی پر
واجب ہے رحم کرنا عاشق کی بیکسی پر

کب رشک چاہتا تھا ہو نامہ بر کبوتر
عاشق ہی اڑکے جاتا رکھتا جو پر زمیں پر

کھل پڑی زلفِ مسلسل جو تری شانوں پر
کیا بلا آئی خدا جانے پریشانوں پر

کیا عجب جبہ و دستار جو ہوں رہنِ شراب
شیخ جی چڑھ گئے رندوں کے اگر قابو پر

دیکھ کر اُسکو کسیکا نہیں رہتا ایماں
ہے مسلمان پہ موقوف نہ کچھ ہندو پر

خوش آئی کسے سیرِ چمن بے رخِ رنگیں
ہے گرمِ نسیمِ سحری لُو کی برابر

دیکھیں تو وہ موزوں ہے کہ بُوٹا سا قیامت
ہو جاؤ کھڑے سروِ گلستاں کی برابر

رہنیں پوشیدہ ریحاں بات جو منصور پر گذری
نکالے حرف مُنہ سے کوئی کیونکر راز داں ہو کر

خواب میں بھی نہ کبھی ہجر کی شب دیکھی تھی
یہ بلا سر پہ مرے ہو گئی نازل کیونکر

چاہیئے اسکے لیئے ذہن رسا اے ریحاں
گفتگو عشق کی سمجھے کوئی جاہل کیونکر

محبت میں بتیزِ اختلافِ دیں نہیں باقی
مسلماں دیتے ہیں ہندو پہ جان ہندو مسلماں پر

حسیں پر دل نہ ہو مائل کسیکا ہم نجانینگے
کوئی گنگا اُٹھائے خواہ رکھے ہاتھ قرآں پر

زباں اُردو کی غالب آگئی لہجے پہ فارس کے
چڑھائی کرتے ہیں ہندوستانی ملکِ ایراں پر

دشمن کسیکا ہو سکے کوئی کیا بنائیگا
انساں کا اختیار نہیں اپنی جان پر

پھر رُخ الفت کی طرف اے دلِ ناشاد کر
آبرو جتنی ہے باقی اُسے برباد کر

کیا کہوں بھول گیا ورنہ خدا سے کہتا
مجکو دیوانہ نہ کرتا سُکو پریزاد نکر

کہیگا کیا زمانہ سُنکے شکوہ ظلم کا ریحاں
بھلا کہتے تھے جنکو اب کہیں آنکو بُرا کیونکر

خاک میں تنے ملایا دل جلا عمر بھر
شمع کو تربت پہ میری اب جلانا کیا ضرور

دی ہمنے اپنی جان خطِ سبز یار پر
اُگتا ہے بعد مرگ کے سبزہ مزار پر

رند و زاہد کی لڑائی کو بجا نے کم کوئی
خون کی ندی بہے گی خلد میں کوثر کے پاس

رکھتا نہیں دنیا میں وہ آرام کی خواہش
جس شخص کو ہوتی ہے فقط نام کی خواہش

سخت مشکل ہوئی جسدم قفسِ تن چھوٹا
طائرِ جاں کو ہوئی وقت رہائی تکلیف

زلفوں میں دل رہیگا گرفتار کب تلک
چھوٹے گا قید سے یہ گنہگار کب تلک

مصروفِ عیش یار ہے گھر میں سنیگا کون
نالے کریگا دل پسِ دیوار کب تلک

رندوں کی بزم میں وہ اگر روز آئے گا
ریحاں بچے گی شیخ کی دستار کب تلک

نہ آج کھولا تو کل کھلیگا رہیگا منہ پر نقاب کب تک
جو پاس رہنا ہے ہر گھڑی کا تو اُٹھ سکیگا حجاب کب تک

قسم نہیں عمر بھر کی کمائی کہ ہو نہ آپس میں پھر صفائی — نگاہ ترچھی رہیگی کبتک لڑائی کبتک عتاب کبتک

اور جینے کی آرزو کیا ہو؟ — کیا نبایا اگر جیے اب تک

کیا پاس دوستی جو رہا جانِ زار تک — تم فاتحہ بھی پڑھنے نہ آئے مزار تک
اتنا غبار سادہ دلوں سے نہ چاہیئے — کیوں اے نسیم آئی نہ مجھ خاکسار تک
صبحِ فراق کیوں نکروں انتظارِ مرگ — تھا زندگی کا لطف شبِ وصلِ یار تک

بشر کی صورت و سیرت کا دیکھنے والا — نظر پڑا ہمیں لاکھوں میں کوئی انساں ایک

گراں تھا چتر کا بھی جن کو سایہ — ہے اُنکے سر پہ اب بے انتہا خاک
نچھوٹے مرکے بھی آوارگی سے — پریشاں پھرتی ہے اب جا بجا خاک
اگر ہے ایک خوش قسمت سے اپنی — حسد سے جلکے ہو کیوں دوسرا خاک
اہلِ دنیا کی مروّت کا بھروسا کب تک — جز خدا کوئی بھی ہوتا نہیں ہر بار شریک

فرق ایمان میں ہی صورتِ انساں میں نہیں — بات سچ کہیئے تو ہوتے ہیں ابھی برہم لوگ

خنجر کا نہ پیکان کا نہ تلوار کا گھائل — ہے عاشقِ شیدا نگہِ یار کا گھائل

مرے بس میں کبھی اے دلربا اپنا نہ آیا دل — وہ کیسے ہیں جو کر لیتے ہیں قابو میں پرایا دل

خضر پیتا کبھی نہ آبِ بقا — ہوتی گر لذتِ فنا معلوم
دل کے آئینہ کی جلا مشکل — جب غبار آگیا صفا معلوم
سچ ہے کہ نردبانِ حقیقت مجاز ہے — ملتا نہیں خدا جو نہوں راہ پر صنم
بتخانے میں کبھی، کبھی بیت الحرام میں — پھرتے ہیں ڈھونڈتے تجھے ہم در بدر صنم
زندگی کس طرح اے ریحان کٹے — عاشقی سے جی کو بہلائے ہیں ہم
آتشیں رو کا تصوّر ہے دلِ بیتاب میں — ہے چمک برقِ تجلی کی چہ سیماب میں
یوسف کو دیکھا دیدۂ بیدار نے تو کیا — ہے جسکی چاہ وہ نظر آیا نہ خواب میں
عاشقی کا تری کچھ لطف دلِ زار نہیں — یار اغیار کا ہے یار ترا یار نہیں

صدائے صور سے کمتر نہیں کچھ دل کے نالے میں
تب ہی تک خیر ہے جبتک طبیعت کو سنبھالے ہیں

عاشق شب وصال میں گھبرائے جاتے ہیں
پچھلے سے جان مرغ سحر کھائے جاتے ہیں

لائینگے آفتاب کو وہ اپنے جال میں
زلفوں کے بال دھوپ میں سکھلائے جاتے ہیں

تمکو قسم خدا کی خدا کے رسول کی
ہمسے چھپا کے خط کسے بھجوائے جاتے ہیں

آنکھوں پہ اختیار ہے اچھا نہ روؤں گا
کچھ آپ میرے دل کو بھی سمجھائے جاتے ہیں

ریحاں مجھیں خدا کی قسم سچ بیاں کرو
کس گلبدن کیواسطے گل کھائے جاتے ہیں

عاشقی کا تری کچھ لطف دل ارا نہیں
یار اغیار کا ہے یار ترا یار نہیں

جو ہوا اُس سے ستم اپنے مقدر سے ہوا
شکوہ تقدیر سے ہی یار سے زنہار نہیں

تیرے لب کو نبات کہتے ہیں
ہم بھی کیا میٹھی بات کہتے ہیں

خواہ ثابت ہوں خواہ سیّارے
سبکو ہم بے ثبات کہتے ہیں

یہی اُسکی سزا ہے جو ہوا آوارۂ اُلفت کا
صدائے روح مجنوں آجتک ہے یہ بیاباں میں

خبر وی آہ نے کیا یوسف گم گشتۂ دل کی
نسیم مصر بوئے پیرہن لے آئی کنعاں میں

میسّر وصل رشک گل نہ آیا جیتے جی ہمکو
گل حرماں لیے جاتے ہیں اس گلشن سے دلماں میں

خوش ہوں بلبل کہ بہار آئی ہے پھر گلشن میں
پھول چن چن کے حسینوں نے بھرے دامن میں

جن میں فن دلبری کے ہوتے ہیں
آشنا کب کسی کے ہوتے ہیں

بد بھی کرتا ہے نیکی اپنے ساتھ
جبکہ دن بہتری کے ہوتے ہیں

مُنہ کفن میں جو چھپائے ہوئے ہم جاتے ہیں
ملک ہستی سے خجل سوئے عدم جاتے ہیں

کوچۂ یار سے کب اُٹھا ہوں
توڑ کے اپنا پاؤں بیٹھا ہوں

بیمار عشق دونوں ہیں تدبیر کیا کریں
میں چشم کا علاج کہ دلکی دوا کروں

اے چشم پُرنم اے دل پُرزخم کیا کروں
رویا کروں کہ حال پہ اپنے ہنسا کروں

یہ بھی اُسی کی اے بت بیرحم شان ہے
بندہ خدا کا ہو کے میں سجدہ ترا کروں

حق دوستی کا کس پہ ہے اور دوست کون ہے
کہہ منصفی سے تو ہی میں کس کا گلا کروں

سوال کرتے نہیں گو زبان رکھتے ہیں
گدائے عشق بھی کیا آن و بان رکھتے ہیں

کسی کے حسد سے نہیں اپنا نقصان
بھلا اُنکا ہو جو بُرا چاہتے ہیں

زباں سے مشق کرنے میں سخن بہتر نکلتے ہیں
جو ہو صیقل زیادہ تیغ کے جوہر نکلتے ہیں

مصر سے کنعاں میں بُوئے پیرہن آئی نہیں
مدتوں سے اپنے یوسف کی خبر آئی نہیں

مجکو کہتے ہو بُرا کوئی بھلا کہتا نہیں
تم ہی رُسوا ہوتے ہو میری ہی رسوائی نہیں

بچ گئی جانِ حزیں اب کے خدا نے خیر کی
دل پھر اپنا دوں تمھیں ایسا میں سودائی نہیں

نہیں کوئی احسان کو مانتا
مروّت کے قابل زمانا نہیں

سُنا ہمنے کانوں سے عشقا کا نام
وفادار آنکھوں سے دیکھا نہیں

دوستی اُنسے نبھے یا نہ نبھے
دب کے رہنا ہمیں منظور نہیں

کیا مرض ہے دردِ دل جسکی دوا ہوتی نہیں
جب تلک مرتا نہیں کوئی شفا ہوتی نہیں

تُو نے اے عشق جان کو ڈالا
کس اذیت میں کس مصیبت میں

یار سے جب فریب یار کریں
کیجیے پھر کس کا اعتبار کریں

کہنے وعدہ کیا ہے سچ بولو
کرتے ہو اضطراب کی باتیں

دوستی میں نفاق کی باتیں
یہ بھی ہیں اتفاق کی باتیں

صحبت کا لطف اے دلِ آپس میں تب عیاں ہو
معشوق قدرداں ہو عاشق مزاجداں ہو

دیکھیں رقیب سے ہو یا ہمسے جاں نثاری
تیغ ستم کا تیری دونوں پہ امتحاں ہو

اب بھی ہمسے غبار باقی ہے
قبر کو پائمال کرتے ہو

کہیے کس طرح سے بہلے گی طبیعت میری
آپ بھی جاتے ہو دل کو بھی لئے جاتے ہو

کدورت نارونے دوستی جبتک رہے قائم
غبار کے تو جیتے جی صفائی کا نہ ساماں ہو

دلِ پُر درد کیا سمجھے ہجوم صدمۂ غم کو
ضرر کچھ سنگِ باراں سے نہیں ہے نخلِ ماتم کو

نہیں قابل سماعت کے ہے بھڑکانا رقیبوں کو
یہ ناحق گرم کرتے ہیں ادھر ہم کو اُدھر تم کو

نہیں اک بوسۂ لب دین و دنیا سے زیادہ ہے
اگر تم مول لو ہم بیچتے ہیں دونوں عالم کو

بنایا دل کو محرابیں بنا کر کعبہ لے زاہد
خدا رکھے سلامت عاشقوں کے ناخنِ خم کو

جال میں تو پھانسنے آیا ہے مجھ دلگیر کو
کیا سُنوں ناصح تری اُلجھی ہوئی تقریر کو

ہے نگاہِ ناز بے پروا ادا و ناز سے
کیا پروپیکاں کی حاجت ہے قضا کے تیر کو

ہر طرح کے کام میں تائیدِ خالق چاہیئے
ہم مقدم سمجھے ہیں تدبیر پر تقدیر کو

نہ لکھا کاتبِ قدرت نے تیرے صفحۂ دل پر
محبت کو وفا کو، مہر کو، اُلفت کو احساں کو

بھلایا اُس بتِ بدعہد نے کیا دفعتاً دل سے
قسم کو، قول کو، اقرار کو، وعدے کو پیماں کو

محبت کا نتیجہ اے دل و جاں دیکھتے جاؤ
زیاں پر اک زیاں نقصاں پہ نقصاں دیکھتے جاؤ

ہجوم درد و رنج و یاس و حرماں دیکھتے جاؤ
ہماری لاش کے اُٹھنے کا ساماں دیکھتے جاؤ

بغل میں ہے بتِ پندار نفرت بت پرستی سے
بڑا دیندار ہے زاہد کا ایماں دیکھتے جاؤ

شہرۂ آفاق ہیں رنگیں بیاں اس شہر کے
بلبلِ شیراز کرتا ہے ثنائے لکھنؤ

مجنوں کے آبِ اشک سے تر ہے تمام دشت
پھسلے نہ پاؤں ناقہ کالے ساربان دیکھ

بوسے اسی طرح سے دیئے جایئے اگر
واللہ ناگوار نہ ہوں گالیاں مجھے

جو بات آدمی نہ سُنے کیوں سُنایئے
ناصح نہیں پسند تیری داستاں مجھے

اب کہتے ہیں جواں مجھے طفلانِ خوبسال
تھوڑے دنوں میں پیر کہینگے جوان مجھے

اتنی کڑی تو ضعف میں جھیلی نجائیگی
ہوں ناتواں پہناتے ہو کیوں بیڑیاں مجھے

کہتا ہے یار میری طرف دیکھ دیکھکے
اوروں کو ہے معاف نہ دیکھے فلاں مجھے

دلِ رنجیدہ کہتا ہے نہ بولوں پر لبِ لیکن
جب آنکھیں چار ہوتی ہیں مروّت آہی جاتی ہے

چھپائے سے نہیں چھپتا ہے ریحاں نشۂ اُلفت
ضرور آنکھوں میں کچھ اس مے کی رنگت آہی جاتی ہے

اب کہاں ساقی کہاں شیشہ کہاں پیمانہ ہے
ہجر میں کیفیتِ وصلِ صنم افسانہ ہے

بڑی تکلیف تیرے ہجر میں او بے وفا پائی
خدا شاہد ہے ہمنے دل لگانیکی سزا پائی

ہم آزادوں کے دلکو شوقِ آسایش پسندی ہے
وہیں کچھ دیر ٹھیرے جس جگہ ٹھنڈی ہوا پائی

بے وصالِ جانِ جاں آرام دل دشوار ہے
جان کو راحت نہیں تو زندگی بیکار ہے

زیادہ اس سے بھی کیا شر کرے خدا جانے
اگر بشر کہیں جینے کی انتہا جانے

جو میرے دل پہ گذرتی ہے غیر کیا جانے
خبر ہے یا کہ نہیں یار کو خدا جانے

میں کس خیال میں کس دھن میں ہوں خدا جانے
کوئی کسی کی طبیعت کا حال کیا جانے

جان آگئی ہے آمدِ فصلِ بہار سے
سوکھے ہوئے درخت ہوا بار ہر سے ہوئے

کوئی دل اپنا دیتا ہے کوئی ایمان دیتا ہے
تمھارے واسطے ہر ایک اپنی جان دیتا ہے

اے بے خبر حیات کا کیا اعتبار ہے
ہر وقت موت سر پہ بشر کے سوار ہے

کی وفا ہر چند ترک اُسنے جفا کاری نہ کی
دشمنی کی جسقدر خونریز نے یاری نہ کی

اے صنم جو کچھ گذرتی ہے خدا آگاہ ہے
یہ نہ کہیے لیکے دل ہمنے دل آزاری نکی

واہ رے شرطِ محبت واہ رے رسمِ کرم
ہمنے دل تنکو دیا اور تم نے دلداری نکی

دل کسیکو دیجئے کیا عشق سے دل پھر گیا
جس سے کی ہمنے وفا اُسنے وفاداری نکی

گھبرائیے نہ حضرتِ دل طعنِ خلق سے
وہ کیجئے جو جی میں ہو سنیئے ہزار کی

محمود اُسکے پھندے سے نکلا نہ عمر بھر
دامِ بلا تھی زلف نہیں تھی ایاز کی

پیامِ وصل دلبر لیکے جب قاصد پھرا میرا
پلٹ کر لب سے پھر سینہ میں جانِ بیقرار آئی

دونوں عالم کو نہ لوں ایسا غنی دل ہو جائے
بے نیازی تری رحمت سے جو حاصل ہو جائے

جو مہلت قضائے الٰہی کرے گی
تمام آپ کی کم نگاہی کرے گی

دغا ہے محبت کا انجام اے دل
بھلائی میں بھی یہ بُرائی کرے گی

علاجِ تپِ عشق کیا جانے عیسیٰ
دوا اس مرض کی قضا ہی کرے گی

محبت مجھے سبز فاموں کی ریحاں
نہ معلوم تھا زنگ کاہی کرے گی

خرد کہتی ہو کیا ناقدرداں سے لگے پاؤ گے
محبت کہتی ہو دیکھوں میں تم کیونکر نجاؤ گے

برہم کعبہ دل ٹوٹے نہ ہوگا صاف بندے کا
قسم اللہ کی مسجد میں بھی چلکے جو کھاؤ گے

اک جان پر ہزار طرح کی کڑی سہی
تھوڑی سی زندگی میں مصیبت بڑی سہی

عشق جی کا وبال رہتا ہے
زندگی بھر ملال رہتا ہے

مال کے دستیاب ہونے پر
کسکو خوف زوال رہتا ہے

ریحانی

ریحانی منشی محمد سجاد حسین مرحوم خلف منشی سید احمد حسن فرقانی متخلص بہ شاکی و باکی مرحوم رئیس میرٹھ مالک و مہتمم اخبار طوطی ہند اپنے والد مرحوم کے جو بڑے ذی لیاقت شاعر تھے شاگرد تھے ۱۲۶۸ھ سال پیدائش تھا ۱۳۰۱ھ میں انتقال کیا، بڑے جید فاضل اور ذی استعداد سخنور تھے، انکے بھائی منشی کرامت حسین روحانی سے بارہا کلام طلب کیا مگر باوجود اقراروں کے ہنگام طبع تک ترسیل کی فرصت نہوئی، مجبوراً ایک غزل جو مسودوں میں پہلے سے موجود تھی درج کی گئی

اُنکی زلفیں میرے ماتم میں پریشاں ہوگئیں
مشکلیں جو جو پڑی تھیں مجھپہ آساں ہوگئیں

سب مُیدیں جو رسائی کی تھیں زائل ہوگئیں
میرے آہیں جب سے زیبِ طاقِ نسیاں ہوگئیں

زور پر تھا جو گریہ پر یہ احچھا ہوگیا
دونوں نکھیں میری کشتیہائے طوفاں ہوگئیں

دعوی حسن خود آرائی زلیخا مٹ گیا
کیوں زنانِ مصر محوِ ماہِ کنعاں ہوگئیں

آرزوئیں کچھ نہیں جن کا لقب ہے کامیاب
مشکلیں کیا خاک ہونگی وہ کہ آساں ہوگئیں

ردیف زائے منقوطہ

زار منشی برہان الدین خان زار شاہجہاں آبادی شاعر دربار اکبر شاہ ثانی فارسی اُردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے، خط شکستہ لکھتے ہیں کمال حاصل تھا پہلے اکبر شاہ کے خواصوں کے زمرہ میں منسلک تھے پھر شعرا میں داخل ہو گئے۔ زار

کیونکہ اُس بُت کو یہ حالِ دلِ بدنام لکھوں
کب وہ دیکھے ہے خدا کا بھی اگر نام لکھوں

چشمِ طوفاں خیز بھی اب گریہ پر تیار ہے
جسکے آگے اے سیہ رُو ابر تو بیکار ہے

چرخ کے کیسے انقلاب ہوئے
پر کبھی ہم نہ کامیاب ہوئے

زار لالہ مینڈو لال زار بلگرامی خلف لالہ چندی لال شاگرد منشی طوطا رام عاصی، شاعر ناموس ہندی فارسی میں صاحب دیوان تھے اور انکے شاگرد بھی بہت تھے، انکی انشا موسوم بہ گلزار فصاحت درسی کتب میں تھی، غازی الدین حیدر کے زمانے میں زندہ موجود تھے۔ زار

گھر سے اُسے نکالا خدا کا بھی ڈر نہ تھا
دل قصہ خوانِ عشق تھا قصہ کا گھر نہ تھا

باندھے وہ آج ہی نہیں پھٹکا ہی نیمچہ
کس دن ہمارے قتل پہ باندھے کمر نہ تھا

تھا شور نذر کرتا تمھاری وہ نقد جان
گر تم بلاتے زار کو گھر میں ضرر نہ تھا

جسدم دھواں اُٹھا دلِ پُر اضطراب کا
گُل ہو گیا فلک پہ چراغ آفتاب کا

کون کرتا میکشوں کی گور پر روشن چراغ
ہمکو چشمِ غول ہے گویا سرِ مدفن چراغ

کام کیا ہے شمع کافوری ہے اور فانوس سے
گور ہے فانوس داغِ دل ہی یاں روشن چراغ

یار کے آنے میں کیا ہے شمع کافوری ضرور
ہونگے اُسکے نور سے دیوار و در روشن چراغ

اشک اگر جاری نہوں سوزاں ہو کیا سیمیں کا داغ
عمر بھر جلتے نہیں دیکھا ہے بے دغ چراغ

جان سے گذرے جو عاشق غم نہو معشوق کو
موت پر پروانے کی کرتا نہیں شیون چراغ

اُسنے زلفیں کھولدیں یاں داغِ غم کم ہو گیا
زار رنج ہی سانپ کے آگے نہ ہو روشن چراغ

یہ آتشِ غمِ یار کی محفل سے لگی ہے — اے شمع ترے سر سے مرے دل سے لگی ہے
آنکھ اپنی بتِ حور شمائل سے لگی ہے — بُت بن گئے جنت کی ہوا دل سے لگی ہے
لیلیٰ رگِ جاں قیس کی کھچ آئی ہے شاید — ڈوری یہ نہیں پردۂ محمل سے لگی ہے
تلواریں بناتا ہے مری خاک کے بارے — مٹی تو ٹھکانے کفِ قاتل سے لگی ہے
آوینگے مرے پاس پئے قتل وہ کیونکر — مہندی کفِ پائے بُتِ قاتل سے لگی ہے

زار — لالہ وہیبت رائے زار خلف لالہ ستگر لال برادر ماموں زاد راجہ کندن لال رئیس بریلی مقیم لکھنؤ، خواجہ وزیر لکھنوی کے تلامذہ میں بڑے استعداد اور جوہر کامل تھے، فارسی زبان کے زبردست ماہر تھے، اُردو کی طرف بہت کم توجہ تھی، فارسی میں صاحب تصانیف بھی تھے الغرض ذی لیاقت، ذی مُروّت شخص تھے، غدر کے بعد انتقال کیا۔

میری طرح کسی پہ تمھارا جو آئے دل — سینہ پہ ہاتھ رکھکے کہو ہائے ہائے دل
کیونکر تمھارے روئے مصفا کو آئے دل — اس درجہ ہے صفا کہ پھسلتا ہی جائے دل
داغوں پہ داغ صدموں پہ صدمے اٹھا چکے — دیکھیں ابھی یہ اور نہ کیا کیا دکھائے دل
ہیں گرمیاں کروں جو بھریں آپ آہ سرد — کیا خوش ہوں گر کسی پہ تمھارا بھی آئے دل
صبح عذار و گیسوئے شبگوں دکھائیے — صدمے یہ رات دن کے کہاں تک اُٹھائے دل

زار — حافظ امام بخش لکھنوی بیاض مرتبۂ قاضی محمد خلیل سے ایک شعر نقل کیا جاتا ہے۔

آتشناہوتی ہے اُس لب سے جو دشنام تو ہم — دل میں کہتے ہیں کہ دشنام ہمیں کیوں نہ ہوئے

زار — مرزا مظفر علی سرکار محمد علیخان شوکت جنگ میں ملازم تھے، غدر سے کم و بیش پچیس ۲۵ سال پیشتر انتقال کیا، کبھی کبھی شعر بھی کہہ لیتے تھے یہ انکا کلام ہے شرف الدین احمد نے انکا نام مظہر علی لکھا ہے

فصلِ گل کی کچھ ہوئی آمد کہ اس دل کے تئیں — شور و غل طفلوں کا اور دشتِ جنوں بھانے لگا
ایک تجھکو زار کے احوال پر آیا نہ رحم — ورنہ ہر اک حال اُس کا دیکھ غم کھانے لگا
چھوٹ جاویں غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہیں — خاک ایسی زندگی پر تم کہیں اور ہم کہیں

ایک دن آگے ہی دنیا سے اُٹھانا ہمکو
یا الٰہی شبِ فرقت نہ دکھانا ہمکو

اب[1] رہائی نے کیا اور پریشاں مجکو
خوب تھا اس سے وہی گوشۂ زندان مجکو

اگر کچھ بس بھی ہوا اپنا تو کاہیکو یہ خواری ہو
نچاہیں اُسکو لے ناصح جو اُلفت اختیاری ہو

زار منشی احمد حسین زار غدر سے پیشتر دہلی میں موجود تھے۔ اور کچھ حال معلوم نہ ہوا۔ زار

تو کرے امتحاں میری وفا کو
خوشی سے آزما تیغ جفا کو

تجھے کیونکر کوئی ڈھونڈھے کہ جس جا
نہو یارا پرِ مرغِ صبا کو

لبِ جاں بخش کے تیرے مقابل
نہیں کچھ آبرو آبِ بقا کو

تڑپتا مجکو چھوڑا نیم بسمل
نہ آیا رحم کچھ اُس بیوفا کو

مجھے رکھ قبر میں اے زارِ وہ شوخ
چلا کہکر تجھے سونپا خدا کو

زار میر امداد علی زار حیدرآبادی نبیسہ نواب مکرم جنگ بہادر شاگرد میر بادشاہ علی صاحب ضیا لکھنوی زار

وصل کی رات نیا عیش کا سامان ہوتا
دل پُر داغ مرا سروِ چراغاں ہوتا

کیا غرض تھی جو چڑھایا تہ لحد پر وہ پھول
کیوں گذر تیرا سوئے گورِ غریباں ہوتا

نہ دخترِ رز کا ہونا محرموں میں زاہد ذکر
تو اس کا نام بھی جب لے تو باوضو ہو کر

غمِ جدائی دلدار ایک مدت سے
مقیم خانۂ دل میں ہے آرزو ہو کر

کب نہ بلبل کا دل خزاں سے جلا
کب بے گل وہ نوحہ گر نہ ہوئی

زار میر محمد ہادی زار لکھنوی شاگرد رشک مرحوم داماد میر واجد علی داروغہ تعلقدار انکے والد میر عابد علی فوج شاہی میں کمیدان تھے ۱۸۶۵ء سال پیدائش ہے + زار

بھیڑا اسد جو تھی ارمان غم و حسرت کی
پاس میرے ملک الموت کو آنے نہ دیا

لطف ملتا تھا جو آفاق میں غم کھانے سے
وہ مزا گلشنِ جنت کی غذا نے نہ دیا

مثلِ شمعِ سحری کچھ بھی نہ تھا ہم بھر میں
آخر بخت جو چمکا بھی تو جگنو ہو کر

[1] گلشنِ ہمیشہ بہار میں یہ شعر میر جیون کشمیری دہلوی شوریدہ کے نام سے درج ہے۔

دلکی فریاد و فغاں سے ہے قیامت برپا — کب پتہ چلتا ہی پہلو میں جگر ہے کہ نہیں
دمِ رخصت جو کہا میں نے نشانی کچھ دو — ہنسکے فرمانے لگے دردِ جگر ہے کہ نہیں
رکھکے تربت میں چلے جاتے ہیں سارے احباب — یکسی تو ہی ٹھہر پاس کہ تنہا ہوں میں
اُفتادہ تیرے پہنچیں گے کیا قتل گاہ میں — ہر گام پر ہے ضعف قدمبوس راہ میں
سُرمے کے پھیلجانے کی کیا وجہ کیا سبب — پرچا ہیں تھی کیا تیرے تیرِ نگاہ میں
باغوں میں تیرے عارض و خط کی بہار ہے — سُرخی جو پھول میں ہی تو سبزی گیاہ میں
دُنیا اُلٹ گئی جو ذرا آنکھ پھیر لی — عالم کے انقلاب ہیں اُنکی نگاہ میں
تہ و بالا زمانے کو کرے گا بیقراری سے — کہاں ہیں عرش کے حامل قرار دو کیمرے دلکو
برپا کیا وہ حشر کہ دُنیا تباہ کی — دِل تھام کر جو عاشقِ مضطر نے آہ کی
قاتل کی ترچھی نظروں سے دِل زیرِ تیغ تھا — برچھی چلی جگر پہ جو سیدھی نگاہ کی
اچھا کیا جو قبر کو روندا لپس قضا — یہ بھی تو آرزو تھی ترے بے گناہ کی

زار منشی رحم الٰہی خلف مولوی غلام دستگیر ساکن مارہرہ ضلع ایٹہ ۱۲۶۷ھ ہجری میں پیدا ہوئے معمولی فارسی تعلیم کے بعد الہ آباد وغیرہ میں بسلسلۂ ملازمت گورنمنٹ مقیم رہے، ذہین اور خوش مزاج آدمی ہیں، اور نہایت نحیف و زار ہیں، شوق سخن ابتدائے عمر سے رہا، اپنا کلام احسن مارہروی کو دکھا لیتے ہیں ؛

زار

وہ باتوں میں ہرگز نہیں آنے والے — اُنھیں کیا سمجھتے ہیں سمجھانیوالے
بھلا ہم کہیں ترکِ اُلفت کرینگے — نہ بہکائیں اب ہمکو بہکانیوالے
یہی جھوٹی سچی لگاتے ہیں باتیں — اِدھر آنیوالے اُدھر جانیوالے

زار سید حسن عسکری صاحب خلفِ جناب منشی علی حسن صاحب مرحوم شاگرد جناب شہیر رئیس مچھلی شہر نواح جونپور ۱۸۸۸ء میں جوان تھے اور زیادہ حال معلوم نہوا ؛

زار

رہنے کو سر تھا پائے صنم پر وہ رہگیا — جانے کو دم تھا چشم زدن میں نکل گیا

باغ میں آئی ہے بہار افسوس
قید ہے عندلیب زار افسوس

توڑتے ہم کبھی نہ توبہ کو
کیا کریں آگئی بہار افسوس

خود ہی کرتے ہو ظلم عاشق پر
خود ہی کرتے ہو بار بار افسوس

کیوں دیا بے وفا کو دل صد حیف
کیوں کیا ہم نے اُسکو پیار افسوس

ہم رہا بھی ہوئے نہ تھے صیاد
چل بسی باغ سے بہار افسوس

دل ہی جب ہو نہ اپنے قابو میں
کیا کسی پر ہو اختیار افسوس

میرے مرنے سے مسرت دشمنوں کو تھی تو تھی
دوست تھے تم تمکو اس درجہ خوشی کاہیکو تھی

سر جھکا کر چلتی تھی مقتل میں تیری تیغ کیوں
بسملوں سے اسقدر شرمندی کاہیکو تھی

ہر گھڑی زندگی رفتہ کے ماتم میں رہے
جب سے ہوش آیا ہمیں تب سے اسی غم میں رہے

عمر بھر اُن کی پریشانی خاطر نہ گئی
قید ہو کر جو ترے گیسوئے پُرخم میں رہے

داغ کا نام جو سنتا ہوں تو یہ کہتا ہوں
یا تو نالے میں رہے یا دلِ پُرغم میں رہے

زار محمد عبد القادر صاحب خلف اکبر مولنا حکیم فیاض علی صاحب مرحوم متوطن عظیم آباد پٹنہ تحصیل علم فارسی و عربی اپنے نانا سید شاہ ابو تراب کے چھوٹے بھائی مولانا حکیم سید شاہ محمد واعظ عظیم آبادی سے کی تھی اکیس سال کی عمر میں تحصیل علم سے فارغ ہو کر کسب معاش کی طرف متوجہ ہوئے، وکالت کا امتحان پاس کیا، بارہ برس وکالت کرنے کے بعد ہزار ہا روپیہ کی املاک پیدا کر کے دفعۃً آپ کو خیال آخرت پیدا ہوا اور وکالت ترک کر دی، جناب حضرت سید شاہ میاں جان رحمۃ اللہ علیہ سے بمقام دہلی بیعت حاصل کی اور وہیں سے حج کعبہ کو چلے گئے، آپ نہایت خیر سیر چشم، خوش وضع، خوش تقریر، عالی خاندان شخص تھے، پندرہ جمادی الاول ۱۳۳۵ھ بمقام پٹنہ عالم جاودانی کی طرف راہی ہوئے کلام کا انتخاب درج ذیل ہے

نار

ہے نہ کچھ شیریں کلامی اور نہ ایسا بانمک
ہاں کلام زار مخزوں ہے مگر پھیکا نمک

حسن پر پس پس گیا ہو اُسکے منہ نا پاک نمک
دست قدرت نے اُسے کیا کیا نہیں بخشا نمک

حُسن انسانی نہیں انسان کا جز حُسن خلق ہے غرور اُس کا تواضع حسن ظن اُسکا نمک

ہے کمالِ ظہور سے مخفی اِس خفا کو ظہور کہتے ہیں
ذکر اللہ کا ہو جس دِل میں اُسکو دار السرور کہتے ہیں
میرے کہنے پہ کیوں بگڑتے ہو کیا غلط ہے جو حور کہتے ہیں
اور کچھ ہم تمھیں کہیں نہ کہیں بے وفا تو ضرور کہتے ہیں

شوقِ نظارہ میں ٹھیری ہے لبوں تک آکر جان جاتی بھی نہیں اور وہ آتے بھی نہیں
ہے اُنکے تصور سے مرے دل میں جو تصویر دل اپنا کہیں اس سے بہلجائے تو جانیں
بلبل یہ کہہ رہی ہے گلوں سے پکار کے کچھ اسکے سال رنگ نئے ہیں بہار کے
کس رشکِ آفتاب کا اسپر قدم پڑا ذرے چمک رہے ہیں ہمارے غبار کے

اِن دنوں زور ناتوانی ہے میری پیری کی اب جوانی ہے

زار مولوی احسان الحق زار لکھنوی وظیفہ خوار دولت آصفیہ حیدرآباد حکیم نیاز احمد خان ہوش بریلوی کے تلامذہ میں سے تھے اِس سے زیادہ حال معلوم نہیں ؎

بلبلوں سایہ پڑا عکسِ گلِ رخسار کا رنگ آتا ہے نظر بدلا ہوا گلزار کا

کیا اطبا رہم بخود کیوں ہوں نہ عیسیٰ بھی یہاں ہو نہ جب ممکن علاج اِس عشق کے بیمار کا
گرمیٔ بازار یوسف کی کہاں تھی اِس قدر اک جہاں دل دیکھے طالب ہے ترے دیدار کا
ڈالے چادر کی جگہ یار جو دامن اپنا پھیلے یہ چاندنی پُر نور ہو مدفن اپنا
جان دی یادِ رخِ یار میں کیا دور ہے یہ دے کفن کے لئے خورشید جو دامن اپنا

زار پنڈت نربھوں ناتھ صاحب زار کشمیری دہلوی خلف الرشید پنڈت پرتھی ناتھ صاحب رنشی مرحوم ناظم محکمہ حفظان صحت ریاست پٹیالہ، پرورش تعلیم و تربیت لاہور میں پائی اور ایام طالب علمی ہی میں حضرت داغ دہلوی کے تلمذ سے بہرہ ور ہوئے، طرز گفتار پر لطف ہے، مضامین خوب الفاظ مرغوب، بندش چست، خوش بیانی میں فرد ہیں سنہ ۱۹۱۷ء

سالِ پیدائش ہے، انگریزی فارسی، اُردو ہر سہ زبانوں میں سندِ اہلیت معقول ہو، پہلے کئی برس دفتر اکزمینر آف اکونٹس لاہور میں کلرک رہے اب اکونٹنٹ ہیں، اوائل میں تسلیم تخلص کرتے تھے، پھر زار تخلص اختیار کیا۔ شعر گوئی کا اب آٹھ دس برس سے کم اتفاق ہوتا ہے، راقم تذکرہ کے کالج کے ہمدرس تھے، اُسی زمانے کی فکر کے کچھ مسودے اُن کے دیئے ہوئے عرصہ سے تذکرے کے فائلوں میں پڑے تھے، ہنگامِ نظرثانی اُنکا انتخاب درج کیا گیا

سر کو سودائے لبِ جاں بخشِ جاناں ہی رہا — دل ہمارا آشنائے آبِ حیواں ہی رہا
دل ہمارا قیدِ لامِ زلفِ پیچاں ہی رہا — عشق میں بھی قائلِ توحید یزداں ہی رہا
پہلے تھا ہندو سے گیسو کا اور اب دل کا خیال — کعبہ دل اپنا دائم کافرستاں ہی رہا

اُٹھا جو روئے صنم سے نقابِ محمل کا — فلک پہ پھیکا پڑا رنگ ماہ کامل کا
خلش جگر میں وہ پیکاں کی درد وہ بلکا — وہ لب پہ آہ و فغاں وہ تڑپنا بسمل کا
جگر پہ، سینہ پہ، پہلو پہ، دل پہ، وار کرو — مکالو خوب مری جان حوصلہ دل کا
ہے دل میں جلوہ فگن اپنے وہ شہِ خوبان — بہت بلند ہی رتبہ اس اُجڑی منزل کا
اُنہی فدیہ کروں ایک دل کو کس کس جا — نگہ کا، دید کا، مژگاں کا، زلف کا، تل کا
ملے تھے زار سے ہم، اب تو مر گیا ہوگا — تڑپ رہا تھا پہ تھا نام لب پہ قاتل کا
جناں سے مورثِ اعلیٰ تمھاری بزم سے ہم — کچھ ایسے نکلے کہ کوئی کبھی نہیں نکلا
مے سے لبریز ہے ایاغ اپنا — ساقیا دل ہے باغ باغ اپنا
گرکانِ جواہر لکھوں اے زار تو ہی ٹھیک — بیجا نہیں دعویٰ ہے اُسے سیمبری کا
مینائے مے جو پھینکدی ہیجہ تو نے شیخ — کمظرف یہ بتا تو سہی تجکو کیا ملا

جی بھر کے ستالے مجھے اے راحتِ جاں اور — مجھ جیسا ترے ظلم کو دنیا میں کہاں اور
ظاہر ہوئے صاحب میں قیامت کے نشاں اور — سینے پہ اُبھرنے لگے دو دشمنِ جاں اور
یوں چاہنے والے تو بہت تم کو ملیں گے — دنیا میں مگر زار سا شیدائی کہاں اور

ایک بوسہ کے طلب گار ہیں ہم — اور ماگیں تو گنہگار ہیں ہم

بادۂ عشق سے سرشار ہیں ہم
دامِ گیسو کے گرفتار ہیں ہم

بے وفا طرزِ وفا بھول گیا
باوفا جیسے کبھی تھا ہی نہیں
دل ہمیں چھوڑ کے اِس طرح گیا
جیسے پہلو میں کبھی تھا ہی نہیں

خدا جانے سوالِ وصل پر کیا رنگ لائینگے
ہوئے جاتے ہیں ٹیڑھے میں تو اک بوسہ کا سائل ہوں
گیا جب اُسکے گھر طنزاً مجھے کہتا ہے کیوں آئے
وہی جلاد ہوں خونخوار ہوں ظالم ہوں قاتل ہوں
نہ چھیڑو مجھ سے حالِ دور از عیشِ ہجراں میں
خریں ہوں نیمجاں ہوں زار ہوں بسمل ہوں گھائل ہوں

پہلو میں میرے دیکھ کے اُس گلعذار کو
گل گھائے سینکڑوں نے حسد سے ہزار کو
میں جانتا ہوں آپکے قول و قرار کو
سمجھاؤں کہہ کے کیا میں دلِ بیقرار کو

بے پردہ اگر حشر میں وہ فتنہ گر آئے
خورشیدِ قیامت کو حقیقت نظر آئے
بل کھا کے اگر زلفِ تری تا کمر آئے
ظلمات کا رستہ ہمیں سیدھا نظر آئے
یا دِ رخِ محبوب میں پھر اشک بھر آئے
پھر نوکِ مژہ پر مرے لختِ جگر آئے
سینہ ترا جب دیدۂ مشتاق سے دیکھا
اُٹھے ہوئے دو فتنے برابر نظر آئے

دم لیتا ہے رُک رُک کے مرے ذبح میں قاتل
اِس وقت بھی ظالم کی نزاکت نہیں جاتی
کچھ ایسا مزہ ملتا ہے اُس بت کے ستم میں
مر مر گئے پر جینے کی حسرت نہیں جاتی
شوخی میں تغافل ہے رکاوٹ میں لگاوٹ
تیری نگہِ یار شرارت نہیں جاتی

ماہر وہ نظر آئے ہیں کہ جی جانتا ہے
داغ بھی ایسے اُٹھائے ہیں کہ جی جانتا ہے
فتنہ پرداز، ستمگار، جفاجو، قاتل
تو نے وہ فتنے اُٹھائے ہیں کہ جی جانتا ہے
چھیڑ کر زخمِ جگر ناوکِ مژگاں میرا
تو نے وہ تیر لگائے ہیں کہ جی جانتا ہے
جاں بلب ہوں مر رہا ہوں عشق کا آزار ہے
رنج مونس، یاس ہمدم، غم گلے کا ہار ہے
کیا کہوں نوکِ مژہ جب سے جگر کے پار ہے
درد بھی اُٹھتا ہے تو میٹھا عجب آزار ہے
ہے نسیمِ صبح، یا بادِ صبا، یا بوئے گل
برقِ خرمن سوز یا ظالم تری رفتار ہے
شعلہ ہے مشعل ہے، یا ہے شمع یا ہے آفتاب
ہے تجلّی طور کی یا جلوۂ رخسار ہے

دل دیا کیوں زار تم نے اُس بتِ عیار کو
بیوفا ہے رنج ادا ہے، کب تک یکایا رہے

یہ بھی سہی کہ تمکو محبت نہیں رہی
اتنا تو کہدو ہمکو محبت نہیں رہی

تم تڑپکر مرے پہلو سے مری جاں نکلے
حوصلے دل کے نہ جی کے مرے ارماں نکلے

آپ کی بزم سے ہم با دلِ بریاں نکلے
آپکے کوچہ سے با دیدۂ گریاں نکلے

دم نکلتا ہے جو کہتا ہوں تو کہتا ہے وہ شوخ
دیکھیں ہم بھی تو تمنا شایہ ذرا ہاں نکلے

سوزِ دل، دردِ جگر، کاہشِ جاں، رنجِ فراق
سینکڑوں عشق میں یارب غمِ پنہاں نکلے

جس طرف دیکھ لیا تو نے بھری مجلس میں
کچھ تڑپتے ہوئے نکلے کئی بیجاں نکلے

میں کہیں دل کہیں، اور جام کہیں ہوش کہیں
ہم تری بزم سے کیا بے سروساماں نکلے

وفیفگا مستی ہوئی اے زار کسی مہوش سے
ورنہ کیا معنے کہ دامان و گریباں نکلے

دیکھکر جلوے تمھارے بام کے
رہگئے دھکے سے کلیجا تھام کے

روز وعدہ، دیکھنا ذوقِ وصال
صبح سے ہم منتظر ہیں شام کے

ہائے کب لے آسمانِ فتنہ ساز
دن پھرینگے عاشقِ ناکام کے

مرگیا گھل گھل کے زارِ بیجان
عشق میں افسوس اک خود کام کے

زار منشی بانکے لال باشندۂ بدایوں ۱۸۸۳ء میں چھاتہ میں مقیم تھے اور نیاز خیرآبادی سے اصلاح لیتے تھے ۱۸۸۶ء میں امیر مینائی سے اصلاح لینے لگے پھر ۱۸۸۹ء میں گورکھپور گئے

زار

وعدہ جو کچھ کیا بھی تو تیور بدل لیے
اقرار سے عیاں ترے انکار ہی رہا

عیسیٰ بھی سر پٹک کے فلک پر چلے گئے
بیمار تیرے عشق کا بیمار ہی رہا

زاہد تجھے قسم ہے ذرا جھک کے دیکھ لے
کیسی کھنچی ہوئی یہ مئے خوشگوار ہے

کیا خاک آپ جمع محشر نگاہ میں
دیکھے ہیں ہمنے رنگ تری جلوہ گاہ کے

کہتے ہیں آج موت سے میری جھڑک کے وہ
ہٹ، آ نہ پاس بسملِ تیغِ نگاہ کے

جھرمٹ میں زار ہیں وہ حسینوں کے اس طرح
گویا ستارے گرد چمکتے ہیں ماہ کے

حشر برپا ہے آج پہلو میں — طور بے طور ہیں مرے دل کے
کہاں اُتری ہے دستارِ فضیلت — کہو اے شیخ تم تھے ہو کدھر سے
جو دیکھا اپنے بسمل کو تڑپتا — تو آنکھیں بند کر لیں اُس نے ڈر سے

زار — مرزا فیاض الدین گورگانی، علیگڈھ کالج میں الف اے تک تعلیم پا کر دہلی چلے آئے۔ اور اب کئی برس سے میونسپل کمیٹی دہلی میں انسپکٹر ہو گئی ہیں، مرزا ثریا جاہ رئیس خاندان شاہی دہلی کی دوسری لڑکی سے انکا نکاح ہو گیا ہے، اس سلسلہ میں دو سو روپیہ ماہوار پنشن بھی ملتی ہے، اپنے چچا مرزا خورشید عالم بہادر سے مشورہ کیا کرتے تھے اب بطور خود کہتے ہیں۔ تیس چونتیس برس کی عمر اور یہ کلام کا نمونہ ہے ؎

آ گیا یاد شبِ ہجر میں جلنا دل کا — شمع کو غریباں کو جو جلتے دیکھا
مانع دعا ہوئے نیچے ہی وہ فورِ غم — اپنی جیسے خبر نہ وہ کرے عرضِ حال کیا
میری اُلفت کا یقیں اُن کو ہوا میرے بعد — ہوئی مقبول مگر میری دعا میرے بعد
دفترِ عشق کے برہم ہوئے سارے اوراق — اُٹھ گئی پردہ دنیا سے وفا میرے بعد
ہاتھ جب دیکھے میرے یار نے جھلا کیا — رنگ لایا ہے نیا رنگِ حنا میرے بعد
میں کجا غیر کجا، اُس سے اُلجھنا کیسا؟ — منہ کی کھائے نہ کہیں تیغ ادا میرے بعد
اُس کو ہر بار چلائیں گے کرشمے تیرے — ہر ادا پر کہے آئیگی قضا میرے بعد

جو دیکھ لیتا نگاہ بھر کر تو اپنے بسمل کو اے ستمگر — نہ کرتی بیچین نوکِ نشتر کھٹک کھٹک کر ٹھٹک ٹھٹک کر

کہا داستانِ غمِ ہجر سُنکر — یہ قصہ ہے سننے سنانے کے قابل
غیر سے ہے سازگاری آج کل — کون سنتا ہے ہماری آج کل
بادل آرائے وینائے بدست — خوب کٹتی ہے ہماری آج کل
مدتیں گذریں یہی سنتے ہوئے — ختم بھی ہو گی تمھاری آج کل

موہوم ہے خود اپنے گماں میں مری ہستی — عنقا تری تصویر کا خاکہ تو نہیں میں
میں زیرِ بارِ منتِ ساقی نہیں ہوا — وہ رند ہوں کہ مست ہوئے شراب میں

تم آئے نہ موت آئی لاچار اسے کہتے ہیں
جیتے ہیں نہ مرتے ہیں آزار اسے کہتے ہیں

ہوتا ہی نہیں فیصل جھگڑا ہے قیامت کا
ہے حشر ہی ایک محشر تکرار اسے کہتے ہیں

تم خاک مسیحا ہو جب کر نہ سکے اچھا
موت آئی عیادت کو بیمار اسے کہتے ہیں

تم ابھی آئے ابھی جاتے ہو
ایسا کیا نام گنا تھا بھیں

گو عیادت کو نہ آئے نہ سہی
میری میت پہ تو آنا تھا بھیں

حیرت ہے مری چشم تصور کو کچھ ایسی
کچھ ہو کہ نہ ہو سامنے تم پیش نظر ہو

زاہد کو عبادت پہ گھمنڈ ہم کو خدا پر
تم اپنی کہو حضرت ناصح کہ کدھر ہو

ابر رحمت گھرا ہے چوطرفہ
ساقیا آج تو نکر صفحہ

آئینہ کو بھی چھیڑ ہے ان سے
منہ پہ کہہ کہہ کے منہ کی کھاتا ہے

میں تجھے بھولکر نہیں بھولا
تو مجھے جان کر بھلاتا ہے

کوئی پہلو سے لے گیا دل کو
آپ پر بھی گمان جاتا ہے

وہ آجاتے کسر رہتی کوئی دم کی
قضا جانے کہاں سے آن دھمکی

نوید وصل پر عیش کیوں نہ آتا
یہ برق طور تھی جو دل میں چمکی

ہوئے آباد ویرانے تھے جتنے
یہ برکت ہے ہمارے دم قدم کی

حال دل سنکر وہ فرمانے لگے
جھوٹا قصہ ہے مگر پُر درد ہے

دم نزع نہ جا منہ پھیر کر پہلو سے بسمل کے
نکلنے دے ذرا تو حوصلے حسرت بھرے دل کے

بہار بیخزاں حاصل ہے یاد چشم میگوں میں
تڑپنے سے بھرے ہو جاتے ہیں گوہر چھل چھل کے

کر کے اظہار بے کلی دل کی
بات کھو دی رہی سہی دل کی

ہے تصور میں کوئی غنچہ دہن
جا نہیں سکتی بے کلی دل کی

وقت رخصت نہ کہہ سکا کچھ بھی
دل ہی میں ہائے رہ گئی دل کی

سانس کے ساتھ بیٹھ رہے زار
حالت ایسی کبھی نہ تھی دل کی

بازگشتی تیر ہی بن کر مجھے گھائل کیا
نالہائے نارسا اللہ تم کو ہائے لگے

زائر

زائر منشی سید علی حسین زائر کلرک دفتر کمسریٹ لاہور (سنہ ۱۸۹۶ء) اُس زمانے میں جو لاہور میں مشاعرے ہوا کرتے تھے اُن میں شریک ہو کر غزلخوانی کیا کرتے تھے، یہ چند شعر اُنکے نتائجِ افکار سے ہیں۔

جمع کس طرح سے اِس خستہ کا دیوان ہوگا
جس کا مجموعۂ خاطر بھی پریشان ہوگا

کھائیگا دانتوں پہ ہیرے کی کنی دُرِ عدن
لب سے شرمندہ ترے لعلِ بدخشان ہوگا

پنجۂ دستِ جنوں بڑھنے تو دے اے وحشی
جیب ہوگی تری دامن نہ گریبان ہوگا

اے اجل یونہی تجھے آنا ہے اک روز ضرور
ہجرِ جاناں میں جو آجائیگی احسان ہوگا

فرقتِ گلزارِ خوبی نے کھلائے خوب گُل
سینۂ داغوں سے مرا رشکِ گلستان ہوگیا

کیفیت ہے آج مینوشی کی بزمِ حور میں
دے مئے گلرنگ ساقی ساغرِ بلّور میں

ہیں تو ام البتہ نیش و نوش عالم میں روا
قند ہوتا ہے ہمیشہ خانۂ زنبور میں

زاہد

زاہد شاہزادۂ میرزا زاہد الدین زاہد ابن میرزا کامبخش خلفِ میرزا سلیمان شکوہ شاگرد خواجہ آتش، لکھنؤ میں جو دہلی کے شاہزادوں کا خاندان رہتا تھا اُسکے ایک رکن تھے وہیں عرصہ ہوا انتقال کیا۔ کلام ملاحظہ ہو

چھُٹ جائے جانِ زلفِ شبِ غم کے دام سے
اپنی کشش سے اُسکو اگر کھینچ لائے دل

اُس برق وش کے ہجر میں کیا جان کھوئیے
ہر دم جو بات بات میں اپنا جلائے دل

بے وجہ تیرے دامِ محبت میں اے پری
دیوانہ ہے جو بیٹھے بٹھائے پھنسائے دل

زاہد

زاہد برہمچاری پرم آنند جی دہلوی منشی دیبی پرشاد بشاش ملازم ریاست جودھپور مؤلف تذکرۂ شعرائے ہنود کے گرو تھے، علم تصوّف و باطن سے خوب ماہر تھے، سنسکرت کے علاوہ اُردو و فارسی میں بہت اچھا دخل حاصل تھا، فارسی اُردو زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ کلکتہ بنارس۔ راجپوتانہ کی اچھی طرح سیر کی تھی۔

تلاشی کیوں نہ لی بادِ صبا نے باغبانِ گل کی
گیا ہے دل ترے گلزار سے چوری غلاموں کا

چشمِ بلبل سے یوں بہے آنسو	گل پکارے کہ آب جو آیا

زاہد زاہد

زاہد۔ میرزا مصطفےٰ حسین منشی عباس حسن فصاحت کے تلامذہ میں ہیں اور منشی نولکشور کے مطبع میں مصوری کرتے ہیں۔ چند شعر درج کیے جاتے ہیں۔

ایک جلوہ میں تو آیا طور پر موسیٰ کو عشق	دیکھیں گے وہ کیا رخِ پُرنور جاناں کی طرف
شیخ جی کا آج عمامہ اُچھالا جائے گا	شامت آئی ہے چلے ہیں بزمِ رنداں کی طرف
کیوں ہنس کے دیکھتے ہو مرے داغہائے دل	کیا اِنسے اچھے پھول تمہارے چمن کے ہیں
کپڑے بدلکے غیر کے گھر وہ گئے اُدھر	سامان اس طرف مرے گور و کفن کے ہیں

بھلا کیونکر وہ پہنے پھولونکے ہار	کہ خود جسکی رگِ گل سی کمر ہو
تڑپ کر جان بھی دیدوں جو زاہد	نہ میری بے خبر کو کچھ خبر ہو

زاہد زاہد

زاہد۔ منشی ولایت حسین اکبرآبادی شاگرد اعظم مرحوم۔ بیاض قاضی خلیل سے کلام نقل ہُوا۔

خدا کے واسطے فرقت زدوں کو مت چھیڑو	نہ پُوچھو یہ کہ کٹی کس طرح تمہاری رات
قضا پکار رہی ہے یہ لاش زاہد پر	وہ لب ہلائیں تو آجائے جسم زار میں رُوح

زاہد زاہد

زاہد۔ جناب سیّد عابد حسین صاحب تحصیلدار علاقہ نواب حامد علیخان ضلع نیپال کنج ہمشیرزادہ وشاگرد جناب عزیز لکھنوی ۱۸۸۶ء کے مشاعروں کا کلام ہے۔

اب کیا کہوں جو ہجر میں حال اپنا حضور تھا	بیتاب مجھ سے بڑھکے دلِ ناصبور تھا
نازاں تھے اپنی شوخ نگاہی پہ وہ اگر	بیتابیوں پہ دل کی مجھے بھی غرور تھا

زاہد زاہد

زاہد۔ سخنور شوخ طبع سیّد زاہد حسین آزاد ابن سید علی حسین مرحوم سادات موسوی اثنا عشری اورعمائد سہارنپور سے ہیں آپنے جو حالات لکھکر بھیجے اُنکا یہ خلاصہ ہے کہ انکے جدِّ اعلیٰ سیّد عبدالہادی عرف شاہ چراغ سلطان محمود غزنوی کے ہمراہ ہندوستان آئے، حضرت زاہد کے دادا حاجی سید اکبر علی مرحوم پہلے مالیر کوٹلہ کی ریاست میں ملازم رہے، پھر بہادر شاہ بادشاہ کی سرکار میں معتمدی وکالت کے عہدہ پر ممتاز ہوئے اور اُسی زمانہ میں لارڈ کمبرمیر کمانڈر انچیف ہند کے میر منشی کے عہدۂ جلیلہ پر بھی فائز رہے، حضرت زاہد کے والد ڈیرۂ دون میں وکالت

کرتے تھے لیکن اُنکا انتقال اُنکی صغر سنی میں ہوگیا اِس لیئے جو کچھ قابلیت انھوں نے بہم پہنچائی اُسے اپنے دلی شوق اور رغبت کا نتیجہ کہنا چاہیئے۔ فارسی کی درسی اور عربی کی ابتدائی کتب قاضی محمد غلام عباس منیر شاگرد خواجہ آتش و حضرت دبیر سے اور بعض کتب مولوی غلام حسین شاگرد مولانا صہبائی سے پڑھیں اور انٹرنس کے درجے تک انگریزی مدرسہ میں بھی پڑھا۔ خداداد ذہانت اور ذوقِ سلیم کی امداد سے اچھی استعداد اور قابلیت حاصل کر لی اور کتب بینی کے شوق سے اُسے درجہ بدرجہ ترقی ہوتی چلی گئی۔ فنِ شعر کا مذاق فطرتاً طبیعت میں موجود تھا اور شفیق استاد کی فیضِ صحبت اور توجہ سے اُس میں فی الجملہ اچھی استعداد بہم پہنچائی ۱۸۸۸ء سے حضرت امیر کے دمِ آخر تک تخمیناً سترہ اٹھارہ برس اُنسے اصلاح کا سلسلہ جاری رہا محاورات زبان کی تحقیق و چھان بین کا بیحد شوق رہا۔ اپنے استاد کے عقیدت مند تلامذہ میں رہے اور اُنکی خدمت بھی کرتے رہے، چنانچہ امیر اللغات کی ترتیب میں بھی حصّہ لیا شعر گوئی بطور تفنن طبع کے ہے ورنہ اس سے صلہ و شہرت کے طالب نہیں ہوئے، کلام میں کثرتِ مشق سے روانی اور پختگی اور بندش میں چستی اور زبان میں شیرینی اور گھلاوٹ پیدا ہوگئی ہے تخلص کے برعکس انکے اکثر اشعار میں معاملہ بندی، رنگینیِ خیال، اور شوخی کے مضامین پائے جاتے ہیں، زبان میں صفائی اور مضمون میں جدت کا زیادہ لحاظ رکھتے ہیں خوشنویس بھی ہیں۔ خلیق۔ متواضع، پُرگو اور آزاد منش شخص ہیں۔ اب تینتالیس چوالیس برس کا سن ہوگا، مکتوبات امیر مینائی میں اکثر خطوط آپکے نام کے چھپے ہیں۔ دیوان مرتب ہوگیا ہے مگر شائع نہیں کیا۔ حالات اور کلام مرسلہ کا انتخاب درج تذکرہ کیا گیا۔

حشر کے دن قدِ آدم آفتاب آ ہی گیا	تُو بھری محفل کے اندر بے نقاب آ ہی گیا
وعظ کی محفل سے ہم چھپکر کھسکنے ہی کو تھے	جھٹ سے واعظ لیکے اتنے میں کتاب آ ہی گیا
ہم رہے سرمستِ غفلت صبح پیری آ گئی	پڑ کے ایسے سوئے سر پر آفتاب آ ہی گیا
ہے پیامِ مرگ پیری ابتو کر فکرِ سفر	زندگانی کی طرف سے تو جواب آ ہی گیا
دیر تک محفل میں وہ آنکھیں لڑاتے تو رہے	پھر بھی وہ معشوق تھے آخر حجاب آ ہی گیا

ہو مرا اس دل کا رکھا عمر بھر خانہ خراب
جسکو دیکھا اُسپہ یہ خانہ خراب آہی گیا

شوقِ پابوسی میں جوشِ صید دیکھا اوشہسوار
لاکھ زخمی تھا تڑپ کر تار کاب آہی گیا

کچھ یہ مستوں پر کرم ہے جب لگایا منہ سے جام
جھومتا مغرب سے مستانہ سحاب آہی گیا

صحبتِ رنداں سے زاہد مدتوں بچتا پھرا
میکدے میں ہو کے آخر کو خراب آہی گیا

کرتے کرتے انتظار آخر کو میں مر ہی گیا
لے اب آ، چاہے نہ آ تو، میں تو اے ساقی گیا

میرا مرنا سن کے بولے لے چلو اچھا ہوا
مر گیا، اُسکو نہ کہیے وہ تو صاحب جی گیا

لوگ جب لانے لگے اُنکو مری میت کے پاس
ہٹ کے بولے "واہ صاحب! ور اگر یہ جی گیا"

اِس دھج سے وہ آیا کہ خدا ہی نظر آیا
کافر نے مرا آج تو ایمان لیا تھا

ہر بار نئی آن نئی شان تھی لیکن
ہمنے تجھے ہر رنگ میں پہچان لیا تھا

پہلو میں عبث ڈھونڈتی ہیں دل و نگاہیں
تیروں نے تو پہلے ہی یہ گھر چھان لیا تھا

کچھ کھل ہی گئی اُنپہ بدی غیر کی ورنہ
کمبخت نے ساتھ اپنے مجھے سان لیا تھا

اظہارِ عبودیت اُدھر سے جو نہ ہوتا
بندوں نے بدا للہ کو خدا مان لیا تھا

جب یہ کہتا ہوں بھلا دل دو نہیں کیا دیکھکر
ناز سے کہتے ہیں وہ "دو اپنا کلیجا دیکھکر"

بے خبر سوتے تھے تم تو اب میں تمسے کیا کہوں
لطف اُٹھائے رات اِن آنکھوں نے کیا کیا دیکھکر

ظاہر اتنکیں تو بیماری میں دیتے ہیں۔ مگر
یار گھبرائے ہوئے ہیں حال میرا دیکھکر

تیغ ناحق تو لیتے ہو دمِ ہی بسمل میں نہیں
ہاتھ روکو، کیا ستم کرتے ہو۔ ہاہا دیکھکر

نہ رہِ رفتگاں کر رفتہ رفتہ
پہنچ جائے گا تو بھی کارواں تک

احباب کا دنیا سے سفر دیکھ رہے ہیں
دیکھا نہیں جاتا ہے مگر دیکھ رہے ہیں

دیا ہے دل بھی تمھیں یہ بات رنج کی تو نہیں
ہمیں نے دی ہے کوئی چیز تم سے لی تو نہیں

وصال میں جو ذرا حد سے بڑھ چلی شوخی
کہا حیا نے یہ کیا؟ میں کہیں گئی تو نہیں

ازل میں دیکھ کے دل دیچکے تھے ہم جسکو
تجھے قسم ہے بتا دے کہ تُو وہی تو نہیں

یہ کون چھپکے ابھی میکدے سے نکلا ہے
یہ کون چور سا جاتا ہے؟ "وہ شیخ جی تو نہیں"

جان دیں ہم وہ ہوں دشمن جان کے | کیا کریں قسمت ہی سے لہنا نہیں

چلے جاتا ٹھہرنے دو میرے اشکوں کے طوفاں کو
معاذاللہ یہ جلدی ہے برس لینے دو باراں کو

چبھے ہیں اسقدر کانٹے کہ تلوے ہو گئے چھلنی
بہت اچھی طرح چھانیں گے اب یہ دشت بیاباں کو

پھپکتا ہے تپ غم سے پڑا دل بھی جگر بھی
بھڑکی ہوئی اک آگ ادھر بھی ہے ادھر بھی

کچھ آبلہ دل ہی نہیں پھوڑا ہے جگر بھی
ناسور سے بہتے ہیں پڑے دیدۂ تر بھی

او بانکے سپاہی تری تلوار کے صدقے
مشتاق ہیں ہم، بڑھکے کوئی وار ادھر بھی

ساماں ہیں نئے دیکھئے کیا ہو کے رہیگا
وہ بھی ہیں اُمنگوں پہ جوانی ہے ادھر بھی

دھڑکا شب تاریک لحد ہی کا نہیں ہے
سنتے ہیں کہ اس شب کی قیامت ہے سحر بھی

گو خوش ہیں یہ سُنکر "ہمیں منسے بھی ہے اُلفت"
نشتر سے سوا کر گئی ہے کام "مگر بھی"

کیوں بھری محفل میں یاں کے کہ رسوائی ہوئی
بال بکھرے، مسی چھوٹی، آنکھ شرمائی ہوئی

میں نے جھک جھککر پھیر ادی جب نگاہوں سے نگاہ
پشتِ پا سے تب ہٹی وہ آنکھ شرمائی ہوئی

ہائے وہ غش کھاکے گرپڑنا مرا رخصت کیوقت
اُنکا وہ کہنا کہ "لو یہ اور رسوائی ہوئی"

حشر میں فریاد کیسی خود ہی میں گھبرا گیا
اُسکی صورت دیکھکر گھبرائی گھبرائی ہوئی

کیا کہا کیا گھر سے آنیکی یہی ہوتی ہے شکل
ہونٹ سوکھے، سانس پھولی، بات گھبرائی ہوئی

دل نہ مانے گا مرا کہنا کہ اُسکا ہو چکا
بس چلے پھر اُسپہ کیا جو چیز بیگانی ہوئی

زبیر

زبیر۔ صاحب عالم میرزا محمد رئیس بخت عرف مرزا محمد زبیر الدین گورگانی۔ صاحبعالم مرزا محمد دارا بخت میران شاہ بہادر ولیعہد اول حضرت ابوظفر بہادر شاہ غازی خاتم خانوادۂ تیمور کے بیٹے تھے غدر کے بعد کچھ عرصہ جودھپور میں رہے پھر بیس پچیس برس تک ریاست دربھنگہ میں اکیسو پچاس روپیہ ماہوار کے وظیفہ خوار رہے۔ مہاراجہ صاحب مرحوم اور اُنکے جانشین والئی حال انسے بہت مانوس تھے۔ علمی استعداد بہت معمولی تھی مگر تصنیف و تالیف کا شوق تھا چنانچہ مہاراجہ دربھنگہ کی فرمایش سے تاریخ موج سلطانی لکھی دیوان و تاریخ چھپ چکے ہیں، چند رسالے بھی شایع کئے تھے۔ کلام کچھ اعلیٰ درجہ کا نہیں ہے مگر طرز بیان

صاف ہے اور کہیں کہیں اشعار میں شوخی کے ساتھ بلند پروازی بھی پائی جاتی ہے دیوان میں سے کچھ اشعار منتخب ہو کر درج ہوئے۔ شوق نیموی سے تلمذ تھا۔ کبھی کبھی دہلی بھی آتے رہتے تھے۔ چھ سات برس ہوئے ساٹھ سال سے زائد عمر پاکر بھنگہ میں انتقال کیا ✤

اشکوں کو ہنسنے روکا تو چہرے کے رنگ نے — اُڑ اُڑ کے ہائے راز دلِ زار کہہ دیا
کچھ ایسا میں طریقِ عشق میں مدہوش و غافل تھا — اُسے بھی کھو دیا ہاتھوں سے پہلو میں جو اک دل تھا
جھکی جاتی تھی گردن آپ ہی شوقِ شہادت میں — کچھ ایسا دلفریب لے ہمدمو انداز قاتل تھا

کعبہ ہو کہ بتخانہ زبیرؔ آنکھ اگر ہو — اُس شوخ کا نظارہ کہاں ہو نہیں سکتا
ارض و سما کو چشمِ بصیرت سے دیکھئے — جلوہ ہے ذرہ ذرہ میں اُس خوشجمال کا

کچھ تو باعث زبیرؔ ہے اس کا — دشمنِ جان ہر اک بشر جو بنا
عشق کی ہمپر جو روز افزوں عنایت ہے تو پھر — دردِ دل چھوٹا اگر دردِ جگر ہو جائیگا
عشق خوبانِ ماہرو نہ گیا — ہائے اے داغِ دل سے تو نہ گیا

خود لپٹ جائیگا خنجر سے گلا اے قاتل — جب ترے دستِ حنائی میں یہ عریاں ہوگا
وصل کا سُن کے وہ پیغام یہی کہتے ہیں — کھا گئے جان ہماری اجی ہاں ہاں ہوگا
سامنے رُخ کے ترے زلفوں نے نیرا دل لیا — کیا غضب ہے دن دہاڑے عجب یہ شبخوں ہوا
زباں پہ ذکرِ خدا دل میں حور کی خواہش — بتاؤ؟ حضرتِ واعظ کی پارسائی کیا
کھٹک جو آج میرے دل میں ہوتی ہے بیڈھب — نگاہِ یار نے برچھی سی پھر لگائی کیا؟

جبہہ سائی بتوں کے در پر کی — پھر بھی لکھا مٹا نہ قسمت کا
کیسا رسوائے خلق مجکو کیا — یا خدا ہو بُرا محبت کا

لڑتے ہیں وہ ہوا سے یہ حیلہ نکال کے — کمبخت تجھ سے پھولوں کا زیور بکھر گیا
میں نے پنہا کے ہار جو بوسہ طلب کیا — وہ گلبدن گلے کا مرے ہار ہو گیا
اور ہونگے جن کو ہوگا اپنی طاعت پر گھمنڈ — ہم گنہگاروں کو ہے اک اُسکی رحمت پر گھمنڈ
بعد مُردن جز کفن کیا خاک لیجاؤ گے ساتھ — منعموا تمکو عبث ہے مال و دولت پر گھمنڈ

والۂ قسمت میں نے قاصد کی زبانی یہ سُنا
پڑھکے خط کچھ چُپ ہوئے اور پھر کہا ہنسکر کہ خوش

تفرقہ باہم پڑے گا بعد مُردن زیرِ خاک
روح کوئے یار میں رہجائیگی تن زیرِ خاک

رنگ و بُوئے باغِ عالم پر کروں کیا اعتماد
لگکے آنکھوں کے آگے کتنے گلشن زیرِ خاک

تیرے عارض ہیں یا گلاب کے پھُول
کسنے دیکھے اس آب و تاب کے پھُول

تجھ سا نازک بدن جو تولا جائے
کلیاں گنتی کی ہوں حساب کے پھُول

نہ کیوں روئے روشن پہ پروانہ دل ہو
کہ یہ شمع ہے نو لگانے کے قابل

یہ ٹھکرا کے کہنا ہی قدموں سے قاتل
نہیں سر یہ اس آستانے کے قابل

تا عمر رہے ہم شجرِ خشک کی صورت
اس باغ میں ہمنے کبھی پھولے نہ پھلے ہم

اشکوں سے بھی ٹھنڈی نہ ہوئی آتشِ پنہاں
سوزِ غمِ دلدار میں رہ رہ کے جلے ہم

قتل سے پہلے ہو چکے ہیں قتل
کشتۂ غمزہ و ادا ہیں ہم

اچھا یونہی سہی ہے جھگڑا
بیوفا ہم ہیں باوفا ہو تم

بھلا میں دل سے کسے کسطرح ہم نے ناصح
رہی جو شکل تصور میں روبرو برسوں

باوفا ہم سا پر جفا تم سا
ڈھونڈ لاؤ تو ہم سلام کریں

رکھنے دیتی قدم زمین بھی نہیں
اب ٹھکانا مرا کہیں بھی نہیں

اُس فسونگر کے تلوّن کا ٹھکانا کچھ ہے
ہاں جو کہتا ہے کسی وقت تو دم بھر میں نہیں

کر لیا ایک زمانے کو دکھا کر انداز
بخدا آپنے لے ماہ لقا مٹھی میں

کوچۂ زلف کی دل سیر کریگا کیونکر
خضر سے راہبر اس راہ میں ٹھوکے کھاوں

میرے اشکوں سے لگی دل کی نہیں بجھنے کی
آب خنجر سے وہی آگ بجھا کر دیکھیں

قتل کرنے کو تو ہیں خنجرِ ابرو کافی
آپ کیوں ہاتھ میں شمشیر لیئے پھرتے ہیں

یہ ضد یہ ہٹ کوئی اُس قاتلِ بیرحم کی دیکھے
کہ شوخی سے وہ کہتا ہے گلا تلوار پر رکھو

تھی پہلے رہزنِ دل شوخیٔ نگاہِ ادا
ہوئی ہے دشمنِ جان آجکل حیا دیکھو

مُسکے مرنے کی خبر میری کہا یوں سُنکر
کیا کریں سُن تو لیا مر گئے مر جا بیدو

پسے جاتے ہیں لاکھوں دل دمِ رفتار اے ظالم
خدا کے واسطے رکھ تو قدم آہستہ آہستہ

اشکوں سے بجھی نہ آتشِ عشق
سینہ میں رہی جلن ہمیشہ
بھولے ہے کوئی سفر میں دل سے
ہے پیشِ نظر وطن ہمیشہ

زخمِ دل بے سبب ہیں کیوں خنداں
کیا کوئی اور گُل کھائیں گے
اُسکے وعدے کا ہے یقیں کسکو
دیر لگتی ہے کیا مکر جاتے

نہ چھُری میں ہے نہ خنجر میں نہ تلوار میں ہے
کاٹ کچھ اور تری ابروئے خمدار میں ہے

صدر شکر اُن کو یاد رہا بعدِ مرگ میں
ٹھوکر سے آکے وہ مری تربت مٹا گئے

کیا اک جنبشِ ابرو میں تو نے قتلِ عالم کو
غضب کی باڑ رکھتی ہے تری شمشیر چھوٹی سی

رقیبوں سے وہ کہتے ہیں ہلا کر شانہ بسمل
جو ہیں جانباز الفت اُنکی حالت ایسی ہوتی ہے

لذت فزا ہیں تیرے ستم ورنہ اے صنم
دلدار اوز بھی ہیں، دل آزار اور بھی

چھوڑو بھی اے زبیر کہیں ذکرِ غیر تم
ورنہ بڑھے گی دیکھنا تکرار اور بھی

شبِ وصال ہے اور رنگ فق ابھی سے ہے
سحر کے ہونے کا دل کو قلق ابھی سے ہے

کچھ حیا کے ساتھ شوخی کا اثر آنکھو میں ہے
کیا ہی اندازِ جفا او فتنہ گر آنکھو میں ہے

کس طرح دیکھے تجھے گو تیرا گھر آنکھو میں ہے
راتدن تو لے پری شکلِ نظر آنکھو میں ہے

ان بتوں سے دل بچائے کوئی یہ ممکن نہیں
موہنی باتوں میں جادو کا اثر آنکھو میں ہے

جب سے کہ بسا دل میں تصور ہے کسی کا
ہر وقت ہے اک صورتِ زیبا مرے آگے

رُخ پہ گیسو ہیں پڑے اور چڑھی ہے چتون
نہیں معلوم کہ آج آئیگی شامت کسکی

بوسۂ رُخ جو لیا بولے وہ ہنسکر یہ زبیر
دیکھئے اب ہوئی آغاز شرارت کسکی

زبیر شیخ بلاقی زبیر لاہوری سادہ کا ابن شیخ سعد اللہ مقیم اکبرآباد شاگرد حاتم علی مہر
استعداد علمی بہت کم تھی ۱۸۱۴ء میں پیدا ہوئے ساٹھ سال سے زیادہ عمر پائی۔

زر

دل میں، جگر میں، سینے میں بکیاں ہو درد آج
اے چارہ گر بتاؤں کدھر کم کدھر بہت

کبک و طوطی میں کچھ کمال نہیں
ان میں تیری سی بول چال نہیں

سنگدل بیرحم بھی اتنا نہ ہو
کوئی مرجائے تجھے پروا نہ ہو

پھنسی ہے مو بمو جانِ حزیں زلفوں کے پھندے میں
اسیرانِ خم و کاکل گرفتارِ بلا ٹھیرے

کون سی صورت ہے ملنے کی بتوں سے یا دیا
وہ تو طالب زر کے ہیں اور یاں خدا کا نام ہے

زخم حکیم ابو الفیض فتح محمد خان بسوی مقیم کانپور۔ جناب اثر کانپوری سے مشورہ سخن کرتے ہیں

زخم

عالم اک حسرت و عبرت کا نظر آتا ہے
جب نظر بھر کے سوئے گور غریباں دیکھا

بہت دیدیے صدمے خوش نہ تو
فلک اکروز تو ہے اور میں ہوں

شب غم میں کوئی ہمدم نہیں اور
اک انکی آرزو ہے اور میں ہوں

زخمی منشی راج بہادر زخمی کالپتھ سری باستب ساکن کاکوری۔ آپ کو جناب طاہر موہانی سے تلمذ رہا ہے۔ ایک رسالہ موسوم بہ "نالۂ زخمی" ۱۸۸۶ء میں نکالنا شروع کیا تھا جو چند سال بعد بند ہو گیا۔ ۱۸۸۴ء میں کانپور میں رہتے تھے بزرگ انکے کاکوری کے قانون گو تھے نعتیہ کلام بھی اکثر کہتے تھے۔

زخمی

کیا ہوائے نفس پر غالب ہوا انسانِ ضعیف
کچھ ہوا سے زور چل سکتا نہیں ہے کاہ کا

دوستو دفن میں کس واسطے یہ عجلت ہے
میرے مرنے کی انھیں بھی تو خبر ہو نیدو

کہدو یہ طبیبوں سے عبث لکھتے ہیں نسخے
بیماریٔ الفت کی دوا اور ہی کچھ ہے

جگر نوحہ کناں ہے دل کفِ افسوس ملتا ہے
ہزاروں حسرتوں کے ساتھ میرا دم نکلتا ہے

زخمی منشی محمد شرف الدین زخمی اہلمد عدالتِ سلطانپور ابن منشی یقین اللہ ساکن قصبہ جالیس ضلع رائے بریلی، سرکاری ملازمت اختیار کرنے کے پیشتر ضلع پرتاب گڈھ کے رئیس بابو مہیش بخش تعلقہ دار کے ہاں مختار رہے، جبتک پرتاب گڈھ رہے حیدر علیشاہ صغیر سے اصلاح لیتے رہے، لکھنؤ آئے تو سید غلام حسین قدر بلگرامی سے تلمذ اختیار کیا۔ پہلے بسمل تخلص کرتے تھے۔ حضرت قدر نے زخمی تخلص عنایت کیا۔ ۱۸۹۰ء میں کم و بیش پچاس

برس کا سن تھا۔ بعد کا حال باوجود تلاش دستیاب نہو سکا۔

دل کسی روزنہ ٹھنڈا ہوا اصلا میرا
پھک رہا ہے تپ فرقت سے کلیجا میرا

خبر آمد دلدار سنی ہے جب سے
دل پھڑکتا ہے اچھلتا ہے کلیجا میرا

اٹھ گئے روٹھ کے پہلو سے مرے وہ رحمی
کر گئے اور بھی مجروح کلیجا میرا

دیکھ کر شوخ نے دیوانہ گیسو کو کہا
سر سے ٹلتی یہ بلا میرے تو اچھا ہوتا

نئے انداز سے حلقے وہ زلفوں کے بناتے ہیں
کسی کے طائر دل دام کے پھندوں نہیں لاتے ہیں

بجائے اشک آنکھوں سے نہ کیونکر خون دل ٹپکے
غضب ہے غیر انکے پاؤں میں مہندی لگاتے ہیں

ہو چکے غمزے بس اب آؤ گلے سے لپٹو
مانع وصل نہیں شرم و حیا ہوتی ہے

ناتوانی ہجر میں ایسی بڑھی
لب تک آنا آہ کا دشوار ہے

قدر بالا ہے مونہ حشر کا
فتنۂ محشر تری رفتار ہے

زعم - سید غلام محمد زعم عرف احمد الدین کنیت ابو الفخر۔ حیدرآباد دکن کے باشندے ہیں اور حضرت فصیح الملک داغ کے خرمن کے خوشہ چین ہیں، بیس برس سے مشق سخن کرتے ہیں طبیعت موزوں پائی ہے اور مشق بھی خاصی ہے۔ زعم

بوسہ لب و رخسار کا مانگا تو وہ بولے
میں ایک ہوں اور آپکے ارمان بہت ہیں

ہمسا نہ ملے گا کوئی جانباز محبت
گو چاہنے والے ترے ایجان بہت ہیں

اس دل کے عوض اور کوئی دل مجھے دیدے
بندوں پہ الٰہی ترے احسان بہت ہیں

ہوتا نہیں نوشتۂ قسمت کو انقلاب
ٹلتا نہیں لکھا ہوا تقدیر کا کبھی

یا میرے گھر میں وعدہ فراموش آ کبھی
یا اپنی بزم ناز میں مجھکو بلا کبھی

کیا واقعی وہ آئیں گے یا طنز سے کہا
قاصد نے ایسا مژدہ سنایا نہ تھا کبھی

فتنہ پردازی تو معشوقوں کی آب و گل میں ہے
اسکو تاکا اسکو مارا راتدن یہ دلمیں ہے

قیس نے ناقہ اگر منہ سے نکالا ہی نہیں
اتنی پھر بے چین لیلی کس لیئے محمل میں ہے

کیا بتائیں ہم کہاں ہیں آپکی مژگاں کے تیر
ایک پہلو میں ہے اک سینہ میں ہے اک دل میں ہے

چاندسی صورت پہ تیری غیر کیوں دیتا ہے جان
یہ تو میری آنکھ میں ہے یہ تو میرے دل میں ہے

یا مرے پاس جفا کار کو لائے کوئی
یا مرا قصۂ غم اُن کو سنائے کوئی

زعم کس ناز سے وہ رات کو فرماتے ہیں
نیند آتی ہے ہمیں اب نہ ستائے کوئی

زکی

زکی ۔ مرزا محمد خان زکی لکھنوی نبیرۂ نواب تفضل حسین خان بہادر مغفور صاحب و مشیر نواب سعادت علیخان والیٔ اودھ شاگرد مولوی محمد محسن صاحب شہید و حضرت انیس سلطان عالم واجد علیشاہ کے زمانۂ سلطنت کے شاعروں میں تھے، عرصہ ہوا انتقال کیا۔ خمسہ اچھا کہتے تھے جو بخوفِ طوالت نظر انداز کئے گئے۔ کلام کا انتخاب حاضر ہے

ہم غم سے جاں بلب تھے اور درد تھا جگر میں
مُنہ پھیر کر سدھارے ہنستے ہوئے وہ گھر میں

لب پہ ہے نام تیرا ہے تُو ہی تُو نظر میں
سینے میں تو کبھی ہے اور ہے کبھی جگر میں

دیوانہ جانکر وہ کرتے ہیں ہوشیاری
دل چھین کر بھی میرا کہتے ہیں جاؤ گھر میں

ایسی کچھ اسکو سوجھی لگ جائے خود گلے سے
تاثیر دے الٰہی اِس آہ بے اثر میں

دھیان اُسکی ابروؤں کا ہے کعبہ کی زیارت
معبود کا ہے جلوہ ہر دم مری نظر میں

ہم تیرے قد کے شیدا قمری کو سرو کا غم
ہوتا ہے فرق اتنا انساں میں جانور میں

ناسازیٔ مسیحا جانباز کی قضا ہے
تاریک ہے زمانہ اندھیر ہے نظر میں

قاتل سے بل نہ نکلا گشتۂ جنوں کا
سر کٹ گیا ہے لیکن باقی ہے دردِ سر میں

ملکِ عدم کا جانا بارِ گناہ سر پر
گذرے گی اے زکی کیا اِس راہ پُرخطر میں

زکی

زکی ۔ سید محمد زکی خلف غلام رضا بلگرامی شاگرد جناب دبیر لکھنوی، انکے نسب کا سلسلہ زید شہید سے ملتا ہے بڑے طباع اور قابل بزرگ تھے۔ ریاستِ رامپور میں ملازم تھے مرثیہ اور قصیدہ کہنے میں اچھی مشق تھی اور مرثیہ خوانی میں بھی کمال حاصل تھا۔ ۱۲۸۸ھ میں پچاس سال کی عمر میں وفات پائی۔ منشی افضل حسین ثابت لکھنوی سال وفات کے بارہ میں ۱۸۸۰ء تحریر کرتے ہیں۔ انکے شاگردوں میں نواب بنّے صاحب مشتاق لکھنوی بڑے طبیعت دار خوش مذاق مشتاق شاعر تھے انکا بھی ۸۰ برس ہوئے انتقال

ہوگیا۔ یہ اُنکے کلام کا نمونہ ہے۔

تصور بندھ گیا سودے میں کس قتالِ دوراں کا
رگیں گردن کی دم بھرنے لگیں شمشیر بُراں کا

وہ آنکھیں ترک ہیں چتون سے خونریزی ٹپکتی ہے
چلینگی برچھیاں ایما ہے یہ تحریکِ مژگاں کا

مثل خزاں بہار کا نقشہ نظر میں ہے
لالے کی طرح داغ ہمارے جگر میں ہے

لیکر جوابِ خط ابھی قاصد پھرا نہیں
اے چشم تر نہ رو کہ مسافر سفر میں ہے

اللہ رے اسیری بلبل کا اہتمام
صیاد بات کو سنی اِس مُشت پر میں ہے

عاشق کی جانِ زار بھی قاصد کے ساتھ ہے
دل ہے کہ خطِ شوق کفِ نامہ بر میں ہے

زکی - افسرِ اقلیمِ نازکخیالی سردفترِ فصحائے زمان حافظ سید محمد زکریا خاں صاحب زکی دہلوی سابق ڈپٹی انسپکٹر مدارس ممالک مغربی و شمالی۔ دہلی کے ایک موقر خاندان سادات کے رُکن تھے اور شاعری اُنکی میراث آبائی تھی۔ اِنکے بزرگ نواب مختار الملک مجد الدولہ عبدالاحد خان وزیر شاہ عالم ثانی کے قریبی رشتہ دار تھے، اِنکے والد سید محمود خان مرحوم صاحب دیوان اور انکے نانا (جو دادا کے بھائی بھی تھے) نواب اعظم الدولہ میر محمد خان صاحب سرور صاحبِ دیوان و مصنف تذکرہ شعرائے اُردو تھے۔ اُنکی پیدائش ۱۸۳۹ء میں شاہجہاں آباد میں ہوئی "زینت باڑی" میں انکے بزرگوں کے مکان تھے، یہ خود نواب اسد اللہ خان بہادر غالب مغفور کے شاگرد رشید بڑے نازکخیال اور ذکی الطبع شاعر تھے علم عروض و قوافی پر عبور کامل اور فن سخن میں ملکہ راسخہ حاصل تھا، حق یہ ہے کہ میرزا غالب کے شاگردوں میں حضرت زکی سے زیادہ کسی نے انکا رنگ نہیں برتا اور ان سے زیادہ کوئی اُنکے رنگ کی تقلید میں کامیاب نہیں ہوسکا۔ میرزائے مرحوم بھی اِن سے بہت خوش تھے۔ چنانچہ چند سطور بطور سندِ شاعری انہیں لکھکر عنایت کی تھیں جسکی نقل دیوان زکی کے دیباچہ میں بھی درج ہے۔ آپ اِس سارٹیفکیٹ کو نہایت فخر کے ساتھ اپنے احباب کو دکھایا کرتے تھے میں نے بھی یہ سارٹیفکیٹ اُنکے پاس دیکھا تھا۔ راقم تذکرہ کی بھی کئی بار آپ سے دہلی میں

ملاقات ہوئی تھی، آپ وجیہ، مہذب، ذی لیاقت متین، اور بڑے جہاندیدہ بُردبار آدمی تھے۔ غدر سے پیشتر ہی پنڈت رام کشن بسمل میرزا غالب و شیخ امام بخش صہبائی کے فیضِ تعلیم سے فارسی، عربی، منطق و ریاضی میں بہرہ ور ہو چکے تھے، فنِ طب میں بھی دخل تھا اور ماسوا اُردو شاعری کے فارسی نظم و نثر میں بھی قدرت رکھتے تھے، ہنگامۂ غدر کی اشراف گردی کے زمانے میں دلّی سے قدم باہر نکالا، اُس وقت اُنیس بیس برس کی عمر تھی اور سبیل روزگار میرٹھ، گورکھپور، بریلی، الہ آباد اور بدایوں میں مقیم رہے۔ آپکی عمر کا آخری حصہ بدایوں میں بسر ہوا جہاں آپ عہدۂ ڈپٹی انسپکٹری مدرس سے پنشن لیکر جا رہے تھے وہیں ۱۹۰۳ء میں تخمیناً ساٹھ سال کی عمر پاکر اس جہانِ فانی کو خیرباد کہکر راہی ملکِ بقا ہوئے حصولِ پنشن کے بعد وہاں سب جسٹر بھی ہو گئے تھے، آپ فن شاعری کے اُصول و نکات سے ماہر اور حملہ اصنافِ سخن پر قادر تھے، آپکے کلام بلاغت نظام میں خیالات کی تازگی۔ مضمون آفرینی، نازکخیالی، اور طرز ادا کی نفاست، خاص طور پر قابل داد ہیں، فارسی تراکیب بھی موقعہ بموقعہ بکمال صفائی نظم کی ہیں، کوئی شعر معنی خیز لطافت سے خالی نہیں، دشوار پسندی کے باوصف آپکا کلام بلحاظ فصاحتِ زبان نہایت مستند ہے، دیوان میں ایسی غزلیات کم ہیں جن میں ایک یا دو شعر کم از کم مرزا غالب کی یاد دلانے والے نہ ہوں۔ آپکے دورانِ حیات ہی میں ایک دیوانِ غزلیات موسومۂ دیوان زکی شائع ہو کر مقبول عام ہو چکا تھا۔ اسکے علاوہ غیر مطبوعہ کلام جس میں غزلیات، قصائد، رباعیات وغیرہ شامل ہیں آپکے عزیزوں کے پاس موجود ہے، کلام غیر مطبوعہ ہمیں انکے حقیقی برادر زادے سید محمود حسین صاحب نائب وکیل کوٹہ کی مہربانی سے دستیاب ہوا جس کا شکریہ ادا کرنا ہمارا فرض ہے سید زکی مرحوم کثیر العیال شخص تھے، جائداد آبائی باقی نہ رہی تھی اس لیئے فکرِ معیشت سے کبھی فارغ البال نہ ہو سکے اُنکے انتقال کے بعد ایک صاحبزادے کی شادی نواب نور الحسن خاں مرحوم بھوپال کی دختر سے ہوئی اور اب وہ لکھنؤ میں قیام پذیر ہیں بقیہ بھائی سب دہلی میں رہتے ہیں نواب زکی قدیم تہذیب کے ایک دلپسند نمونہ تھے، پابندی وضع، انکسار، خلق، کم سخنی سے

متصف ہونے کے علاوہ نکتہ سنج اور زود فہم بھی تھے، آپ کو نئے مضامین پیدا کرنیکا خیال ہر وقت رہتا تھا اور اس میں کچھ کلام نہیں کہ اپنے زمانے کے مسلم الثبوت اساتذہ میں آپکا شمار تھا، فقیروں سے بہت عقیدت تھی، شعر و سخن سے طبیعت کو اسقدر لگاؤ تھا کہ جہاں جاتے تھے وہاں انکے دم سے شعر و سخن کا چرچا ضرور ہو جاتا تھا اور مشاعرے بھی ہوتے رہتے تھے مولوی حشمت اللہ حشمت ایم، اے کلکٹر صوبجات متحدہ۔ پنڈت جواہر ناتھ کول ساقی دہلوی اختر صدیقی، اسیر بدایونی۔ انکے نامور شاگرد ہیں، انکے کلام میں ایک خاص بات یہ ہے کہ جن مضامین سے طبیعت کو لگاؤ نہ تھا انکو خواہ مخواہ اپنے اشعار میں داخل نہ کرتے تھے۔ چنانچہ رندانہ بولی ٹھٹولی، زہد کی مذمت، شراب کی تعریف، درد و سوز کے مضامین کم ہیں الغرض آپکی وفات سے دنیائے شاعری کا ایک زبردست رکن جاتا رہا۔ شائقین کی دلچسپی کے لیئے آپکے کلام مطبوعہ و غیر مطبوعہ کا انتخاب درج کیا جاتا ہے

ساتھ ساتھ اہل تماشا کا وہ شش در جانا — اللہ اللہ ترا جانب محشر جانا
لیکے دل پوچھتے ہیں تو نے ہمیں کیا سمجھا — ابھی آفت ہوا گر کہیئے کہ دلبر جانا
شرم پر اسکی مٹا ہوں کہ نظر کو جسکی — ننگ ہے پردۂ مژگاں سے بھی باہر جانا
کھل گیا عاشق دیوانہ کا دانا ہونا — خاک اڑانے کو ترے کوچہ میں کر جانا
ٹوٹ کر جس سے صدا نکلے وہ کیا نازک دل — شیشہ جانا جو مرے دل کو تو پتھر جانا
غیر کے حق میں کھبو دل ناداں کوئی حرف — وہی بہتر ہے جسے یار نے بہتر جانا
خامش ہوں میں دیکھے کے انداز خامشی — جو بات لاجواب ہوا اسکا جواب کیا
سو رنج سو الم ہیں یہاں ہر نفس کے ساتھ — دم کا نہیں ٹھکانا تو غم کا حساب کیا
ہم ہر ادا میں رہتے ہیں محو لقائے دوست — انداز مہر کیا ہے نگاہ عتاب کیا
رو رو کے میں نے اپنا بیاباں بنا لیا — زنداں ہوا خراب تو آباد گھر ہوا
حسرت یہی رہی کہ حسینوں کو دیکھئے — میں خاک بھی ہوا تو ہوا نظر ہوا

کیا برا سعی ناخدا کو میری قسمت نے
کہاں جا کر ڈبویا جب کنارہ پر سفینہ تھا

ہر ایک کام ہو مشکل تو کیا کرے انسان
مجھے تو جانکاہ دینا بھی وصلِ یار ہوا

عجب کیا ہے وہاں عزت سے ہو زاہد کی آمد رس
عذاب اس پر یہاں کچھ کم نہ تھا زہد ریائی کا

خرسند تیرے جلوہ سے ہو جانِ ناتوان
تجھ سے ہی رابطہ ہے دلِ بیقرار کا

او چشمِ بے نیاز ذرا دیکھ تو سہی
کیا حال ہو گیا ترے امیدوار کا

دامانِ بے کسی اللہ اکبر کیسا عالی ہے
کہ ملکر خاک و خوں میں قصد ہے دامانِ قاتل کا

شبِ غم مرتے ہی آخر ہوئی یعنی برابر ہے
نکلنا جان کا آسان ہونا ایک مشکل کا

پیکانِ پُر آب اس کا رہا سینہ میں صد شکر
یہ قطرہ ہے باعث مرے تسکینِ جگر کا

لبوں سے جان ہی نکلے تو حرفِ مدعا نکلے
کلیم آسان نہیں اہلِ وفا کا ہمزباں ہونا

سکونِ دل سرورِ چشم رنگِ زرد حاصل ہے
ترا دیدار ہے نظارۂ باغِ جنان ہونا

مٹا کر ہائے غمخواروں نے تربت پر فاکھوئی
خراشِ تیرِ جاناں خاتمِ دل کا نگینہ تھا

غضب ہے اب تغافل مجھ سے ہیں وہ ہوں کہ میرا دل
فریبِ مہر دیکر آپ کی آنکھوں نے چھینا تھا

وہ دیکھتے ہیں بزم میں یہ دیکھتا ہے کیوں
بارے ہوا مجھے بھی سزاوار دیکھنا

لگا دل میں وقتِ جگر ہو گیا
ترا تیر تیری نظر ہو گیا

تری راہ کس نے بتائی نہ پوچھ
دلِ مضطرب راہبر ہو گیا

میں نے بھی اُنکی نیم نگہ کا دیا جواب
کی بھی انھوں نے نیم نگہ نیمجاں ہوا

وہ گر مرے جواب ہونگے اس آہ و بکا میں کیا
درد و شکستِ دل نہیں میری صدا میں کیا

گل کیطرح ہیں جیب تا دل ہزار چاک
پنہاں رہیگا داغِ تمنا قبا میں کیا

ایسا ہوں محو آرزوئے انتقام میں
دشمن سے پوچھتا ہوں کہ مانگوں دعا میں کیا

ہم جان و دل تو نذرِ غمِ عشق کر چکے
حیراں ہیں اب لٹائینگے راہِ وفا میں کیا

کیوں گل فشانیاں ہیں بیانِ زمین و چرخ
خونِ جگر نہیں تو ہے آہ و رسا میں کیا

غزل مطلوبہ

انداز شوخ اسکے ہیں سرمایۂ فریب
دلکش ادا میں کیا نگہ جانفزا میں کیا

ذرّے ہیں بے قرار تو اختر ہیں حیرتی
جلوے ترے سمائے ہیں ارض و سما میں کیا

غم ہے تو کیوں نکل نہیں جاتا سرشک میں
یارب بھرا ہے اس دل پُر آشنا میں کیا

آلودۂ کدورتِ باطن ہے ہر نفس
منہ اے زکی دکھاؤ گے بزمِ صفا میں کیا

دیوانگی سے چھوٹ کے اسیرِ بلا ہوا
دل آشنا ہوا ابھی تو غم آشنا ہوا

جب دل ہی محوِ لذتِ درد وفا ہوا
کیا کیجئے ستم کی شکایت روا ہوا

گویا بہارِ رفتہ چمن میں پھر آگئی
اچھا ہوا کہ زخم جگر پھر ہرا ہوا

محروم سازگاری طالع ازل سے ہوں
ہونا جو کچھ نہ تھا وہ مرا اتفاقیہ ہوا

نیرنگ کائنات میں بازی دلفریب
کرتا ہے کوئی شوخ تماشا چھپا ہوا

جب درمیاں حجابِ یقین نہیں رہا
ذرّہ سے تا بہر خدا ہی خدا ہوا

تو وہ کہ تیری خاکِ قدم سرمۂ نظر
میں وہ کہ میرا سجدہ ترا نقشِ پا ہوا

دل فرطِ غم سے خستہ ہے ذوقِ فغاں کہاں
سچ ہے جو شیشہ ٹوٹ گیا بے صدا ہوا

اسکے سوا کہ شاہد و مشہود ایک تھا
میں کیا کہوں کہ عالمِ حیرت میں کیا ہوا

قیامت میں کیوں اسسے ملنا نہ ہوگا
کہ اس دن تو کچھ عذر فردا نہ ہوگا

مقرر ہے اثبات نفی مکرّر
کہو وصل ہرگز نہ ہوگا نہ ہوگا

مریضِ وفا کا مداوا ہے مرنا
یہ اچھا بھی ہوگا تو اچھا نہ ہوگا

کہتے تھے اور دی نگئی اسکو جان حیف
کرتا ہے آدمی کو زکی شرمسار جھوٹ

دنیا میں جب خدا ہی بتوں کو بنا چکا
کرتا ہے اور فکرِ ستم آسمان عبث

ٹھکراتے ہیں وہ مار کے خنجر بُری طرح
جاتی ہے جانِ عاشقِ مضطر بُری طرح

وفا پرست ہوں دل وفا بنائیں گے
تمہارا مرے خاکِ مزار کی تسبیح

تمہاری آرزوئے وصل شغلِ جانِ حزیں
تمہارا ذکر دلِ بیقرار کی تسبیح

عشق کا وہم ہے زمانے پر
کیا بگڑتے ہیں وہ فسانے پر

میری قسمت میں تھا کہ شک پیدا
مُہر ہوتی ہے والے دانے پر

مدِ شوق سے پہنچتا ہوں
تیر سے پہلے میں نشانے پر

وہ دل خستہ ہوں دُکھ جاتا ہے دل مدوہ ثمین پر
رولایا بیکسی نے طالعِ ناکام رہزن پر

نصیبوں سے مرے ہوتا ہے سب پہلے ہی خاکستر
پشیماں برق ہو جاتی ہے جب گرتی ہے خرمن پر

کتنے رہرو مٹے کہ راہ میں ہے | کاروان کاروان غبار تنور | بار ہا مر کے ہم جیئے شبِ ہجر | ہو گیا عمر کا حساب غلط

بھرنے میں زخم کے وہ گل افشانیاں کہاں
جی میں ہے دل کو چھیڑ دیں پھر نشتر سے ہم

ہے شبِ غم کسقدر ذوقِ تماشائے بلا
بند ہونا دیدۂ بیدار کا اچھا نہیں

تمکو ستمگر کہیں اور بُرا کیا کریں
اسکے سوا کیا کہیں اسکے سوا کیا کریں

حقِ محبت عزیز اور ادا کیا کریں
آپ ہیں بیمارِ غم میری دوا کیا کریں

اُنکو مذاقِ ستم عذرِ جفا کیا کریں
خُو ہمیں تسلیم کی اس کا گلہ کیا کریں

بزم کو بیخود کیا جلوے نہ اب دیکھئے
چشم و نگہ کیا کریں ناز و ادا کیا کریں

یہ شرمگیں نگہ یہ تبسم نقاب میں
کیا بے حجابیاں ہیں تمھارے حجاب میں

لیلیٰ کے نام میں بھی تھی مقصود ایک شان
ذوقِ خیالِ یار سے ہوں محوِ خواب میں

کیوں آؤں ہوش میں کہ ہو پھر حسرتِ فراق
ذوقِ خیالِ یار سے ہوں محوِ خواب میں

آوارگی تھی فطرتِ آدم کہ خلد سے
آباد ہونے آئے جہانِ خراب میں

محرومِ انبساط ہوں رنجور بے کسی
پیتا ہوں خونِ دل قدحِ مشکبو کہاں

اُس موہنی یگانہ کو دل میں کرو تلاش
پھرتے ہو جستجو میں ذکی کو بکو کہاں

ہو گئے جذبِ محبت سے یہ دونوں کیا ایک
کیوں دلِ تنگ میں یارب خلش تیر نہیں

یہ مٹ نجائے کہیں نقشِ آب کی مانند
کہ تابِ موجِ نفس جسمِ ناتواں میں کہیں

دہن سے اُنکے کھلا مجکو راز بیم و اُمید
وہ بات کرتے ہیں ایسی کہ نکلے ہاں میں نہیں

ناصح قمارِ عشق کو چھوڑ دیگے آپ ہم
باقی ہے ایک جان ذرا اسکو ہار لیں

کہاں ہے حسرتِ ذوقِ طپیدن
دلِ بسمل وہ خنجر آزما ہیں

بڑھا ذوقِ اسیری جب انھوں نے
کہا کہدو کہ اب سے یہ رہا ہیں

جمع ہونیہم تپش سے خاطرِ قاتل کہیں
ہوچکے ٹھنڈا نگاہِ ناز کا بسمل کہیں

کہہ نہ بیٹھیں عاشقانِ مضطرب غافل کہیں
یوں نہ کہیئے قابلِ تسکیں نہ یاد دل کہیں

ہر بات میں حوالہ ہے ہر بحث میں سند
ناصح کو مانتے ہیں ہم اہلِ کتاب میں

وہی سبزہ، وہی وحشت، وہی ویرانی ہے
اور کیا دشت میں ہوگا جو مرے گھر میں نہیں

پاسباں غیر و مغرور، رسائی معلوم
بیکسی عرضِ وفا کی کوئی تدبیر نہیں

کہتے ہیں سرزنشِ غیر سے مرنے کیوں ہو
بیوفا لفظ ہے، خنجر نہیں، تلوار نہیں

فروغِ شعلۂ داغِ جگر سے محوِ حیرت ہوں
فروزاں ہوگئی گویا کہ شمعِ طور سینے میں

ہمنے کاٹی ہر شبِ غم نالہ و فریاد میں
ولے گر ہوں یہ نفس بھی زیست کی تعداد میں

کیوں نگاہِ قہر کرتے ہو دلِ رنجور پر
بیکسوں پر کھینچنا تلوار کا اچھا نہیں

وہ لے لیں دل تو چھٹ جاؤں میں غم سے
کمال مصلحت ہے اس زباں میں

جان و دل ساز گار ہیں دونوں
یعنی تم پر نثار ہیں دونوں

آفریں تم کو - ایک ناوک میں
جگر و دل فگار ہیں دونوں

میسّر جو نہو صہبا پئیں گے خونِ دل اپنا
یہ ہمنے تاک رکھی ہے مئے انگور سینے میں

غیر مطبوعہ

یار سے غیر فنا وصل حقیقی ہے محال
بیخودی خواب سہی خواب کی تعبیر کہاں

سینہ میدانِ قیامت نہیں دم صور نہیں
حسرتِ مردہ عجب کیا ہے جو محشور نہیں

روبرو جلوہ فزا ہے چمنستانِ شہود
نگہِ شوق کبھی دید میں معذور نہیں

مئے پندار سے کیوں پُر ہو مرا جامِ سفال
جامِ جمشید نہیں یہ سرِ فغفور نہیں

کردیا خوئے خموشی کو وفا میں داخل
بیقراری میں بھی فریاد کا مقدور نہیں

ہوگیا پردہ برانداز انا الحق کہنا
بزمِ توحید میں گنجایشِ منصور نہیں

غیر مطبوعہ

اشکِ خوں کی یہ تراوش ہے تو کیونکر مانوں — جگر و دل میں جراحت نہیں ناسور نہیں
نہ محرومِ تماشا ہیں نہ ہم نظارہ کرتے ہیں — پڑے ہیں بزم میں بیخود نہ جیتے ہیں نہ مرتے ہیں
ہوائے دولتِ فانی میں غافل کیا اُبھرتے ہیں — حبابِ بحر ہیں گویا کہ ہستی سے گذرتے ہیں
تری آنکھوں کے آگے فی ہو رنگت سبزۂ نوکی — یہی سفاک آہو سبزۂ فردوس چرتے ہیں
ترے گیسو بھی نیرنگِ جہانِ بے بقا نکلے — سنورتے ہیں بگڑتے ہیں بگڑتے ہیں سنورتے ہیں
ترے طرزِ تغافل سے مَیں کیوں طرزِ وفا چھوڑوں — بہت عاشق ہوا ہوں میں بہت معشوق برتے ہیں
تماشا ہے اُمید و بیم کا یہ گو مگو اُن کی — نہ ہے اقرارِ وصل اُنکو نہ وہ انکار کرتے ہیں
ازل میں جو کہا اُس پر رہیں گے تا ابد قائم — ترے عاشق کہیں عہد و فا کر کے مکرتے ہیں

مایوس ہوں اثر سے تو فریاد کیا کروں — شیریں کا رنجِ ماتمِ فرہاد کیا کروں
غم کا یہ ہے ہجوم کہ ہے تلخ زندگی — وہ سنتے ہی نہیں دلِ ناشاد کیا کروں
حیرت سے شش جہت نگراں و خموش ہوں — ہر دم جو سامنے ہو اُسے یاد کیا کروں
نہ پہنچے کیوں ترے قدموں سے تا سرِ دہن — مرا غبار مری آہِ نارسا تو نہیں
نگاہ بیخودیٔ شوق بھی تماشا ہے — حجابِ چشم و دل انداز ماسوا تو نہیں
عبث ہے دست درازی کفن سے دستِ جنوں — لباسِ مردہ ہے یہ زندہ کی قبا تو نہیں
نمودِ عشق ہے بیگانگی کے پردے میں — وہ مجھ سے اور مَیں اُس شوخ سے جدا تو نہیں

ہو گیا غرق مرے گریہ سے بن پانی میں — تیرنے پھرتے ہیں مچھلی سے ہرن پانی میں
شدتِ گریہ میں وہ کیا مری فریاد سُنیں — قابلِ فہم نہیں صوت و سخن پانی میں
خستہ ہے کشمکشِ دہر سے ہر ایک وجود — موج کے نام سے پڑتے ہیں شکن پانی میں
ہو گیا خاک مگر جوشِ صفائے دل سے — صورتِ آئینہ ہوں میں ہمہ تن پانی میں
عرقِ شرم سے تر ہیں گلِ عارض اُنکے — جلوہ گر آبِ چمن میں ہیں چمن پانی میں
نہیں گلشن نہ سہی زخمِ جگر دیکھتے ہیں — ہم خزاں میں بھی بہارِ گلِ تر دیکھتے ہیں

غیر مطبوعہ

پردۂ غنچہ میں ہوں یا وہ نقاب گل میں
اُنکو ہر رنگ میں ارباب نظر دیکھتے ہیں

امتحاں بزم میں ٹھیرا ہے جگرداری کا
دلِ بیتاب سنبھل جا وہ اِدھر دیکھتے ہیں

لاش پر میری وہ حسرت سے ہیں بسمل تصویر
بولتے کچھ نہیں حیرت سے مگر دیکھتے ہیں

مرکزی خانگی دارالکتب نئی دہلی بکھیہ بار

بس اسی پر تھا مدارِ انجمن
شمع کشتہ یادگارِ انجمن

شکلِ گل آنکھوں نے پائی تازگی
تیرا جلوہ ہے بہارِ انجمن

یار مہماں شوق واراں میزبان
اور دل ہے پردہ دارِ انجمن

ولے حسرت دل میں نقشہ رہگیا
مٹگئے نقش و نگارِ انجمن

بزم سے جانا ہے مشکل برہمی
اُسکا آنا ہے قرارِ انجمن

تم مضطرب ایسے ہوئے جاتے ہو کہوں کیا
آئی ہے عدو کی خبر ایسی کہ نہ پوچھو

یہ دم نزع بھی نظارہ سے محروم رہوں
اسقدر بخیہ دئی شوق نہ کر گم مجکو

جوشِ وحشت سے رہا میں نہ تمھارے دل میں
کیا گلہ تم سے اگر بھول گئے تم مجکو

کھینچو نہ مرے سینے سے یوں تیر کو دیکھو
بیدل نہ کرو بسملِ دلگیر کو دیکھو!

ہاں ذبح کرو شوق سے گھبراؤ نہ اتنا
زانو پہ نہ رکھو سرِ نخچیر کو دیکھو!

بدگمانی یار کے حق میں دلِ مہجور حیف
وہ خدا ناکردہ کیوں اغیار کی محفل میں ہو

کیا اِس سے فزوں خوبیٔ جنت کا گماں ہو
یا باغ ہو، یا میکدہ یا کوئے بتاں ہو

یہیں ملجاؤنگا میں خاک میں نقشِ قدم ہوکر
نچھوڑا ہے نچھوڑونگا تمہارے آستانے کو

یہ ارباب طلب کیا بیخبر ہیں ذوقِ وحدت سے
معاذاللہ یگانہ نہ سمجھتے ہیں یگانے کو

ادائے شوخ جب دل چھین کر آزردہ کرتی ہے
نگاہِ صلح جُو اٹھتی ہے عاشق کے منانے کو

ڈوبتا ہے سفینۂ اُمید
ناخدا کون ہے خدا سے کہو

آہ رزو ہے کہ اپنا کہہ لیجے
گو کسی لفظ ناروا سے کہو

تم سے کیا خوش ہو کوئی عرضِ تمنا کرکے
حسرتیں خاک میں ملجاتی ہیں اِنکار کے ساتھ

اُٹھا جو تیری بزم سے سوئے عدم گیا	مطبوعہ	عاشق کو دیکھ اور چراغ سحر کو دیکھ
کیوں سوئے بوالہوس یہ نگاہیں ہیں متصل		ہوتا ہوں میں نثار ذرا تو اِدھر کو دیکھ
اسیری میں تباہی رونق کاشانہ ہو جائے		قفس ہی نالوں سے جلکر چراغِ خانہ ہو جائے
تغافل سازگارِ دردِ اہلِ شوق کیا ہوگا		ادا سے دو فریب ایسا کہ دل دیوانہ ہو جائے
فغاں کرتے ہوئے جا پہنچو اُسکی بزمِ عشرت میں		کبھی تو اے زکی یہ شوخیٔ رندانہ ہو جائے
کہو وہاں سے کوئی کیا مرادِ دل پائے		جہاں زباں نہ ہلے عرض مدعا کے لیئے
چلے ہیں عرضِ وفا کو ہم اور رکھتے ہیں		گرہ میں ایک دلِ اس کا کلِ دو تا کے لیئے
زکی ہم اپنے دل و دیں کیسکو کیوں دیتے		بتوں نے حسن کے جلوے دکھا دکھا کے لیئے
رہائی میں مجھے بیجا نہیں حسرت اسیری کی		سمجھ لیتے اگر اپنا تو وہ آزاد کیوں کرتے
ثباتِ وضع پر اہلِ وفا بھی مرتے ہیں		نیا عشق ہے جاں کا زیاں ہو جائے
پوچھو مجمعِ اعدا میں کون ہے جانباز		تمھیں نہ کھینچ لو خنجر کہ امتحان ہو جائے
تمھارا ذکر نہ ہو روئداد شوق نہ ہو		تو یہ ہی کیوں نہ کہو کوئی بے زبان ہو جائے
جنونِ عشق بھی ہے علمِ حکمت ورنہ کیا معنی		جو دیوانہ ترا ہو جائے وہ فرزانہ ہو جائے
نفس نفس ہے نسیمِ وفا محرکِ شوق		یہ وہ مزا ہے جسے ذوقِ جاوداں سمجھے
چاک داماں کیجئے ٹکڑے گریباں کیجئے		کچھ تو آخر چارۂ طبعِ پریشاں چاہیئے
اُنکا ہر شیوہ زبس ہوش ربا ہوتا ہے		ناز بیجا بھی حسینوں کا بجا ہوتا ہے
چشمِ ظاہر بیں تو دل آئینہ سا ہوتا ہے		جزو و کل رازِ جہاں اس میں چھپا ہوتا ہے
قتل ہو کر بھی تو رہتے ہیں پریشاں عشاق		سر جُدا، ہاتھ جدا، پاؤں جُدا ہوتا ہے
دم گھٹا جاتا ہے کہتا ہے کوئی یہ عذاب		جل بھی چکئے دلِ پُرسوز دھواں ہوتا ہے
کیا بخت ہے اِس بخت کو کیا کہتے ہیں یارب		نالہ بھی ہے لب پر تو ہے محروم اثر سے
تیرِ نگہ یار کی اندر سے شوخی		بیٹھا ہی تھا دل میں کہ ہوا پار جگر سے

فرمانِ شہِ حسن کی ہے داغ جگر مہر
جاگیرِ محبت بھی عطائے سندی ہے

وہ سوا کو تیرے فائدہ کیا ضبطِ آہ سے
غم کی طرح برستی ہے حسرت نگاہ سے

ڈالا جو دل میں تھا وہی منصور نے کہا
گویا یہ بازگشت صدا کی ہے چاہ سے

دل مل گیا جو خاک میں افسوس کیا کریں
ہم اور ڈھونڈ لینگے تری جلوہ گاہ سے

محشر میں جاؤں کیا کہ بتایا نہ جائیگا
قاتل کا نام پوچھتے ہیں دادخواہ سے

از روئے فطرت ایک ہیں انسان و روغن
دل داغ سے الگ نہ جدا دم ہے آہ سے

دی تھی حیرت تو ہمیں آئینہ پیدا کرتے
کہ انہیں دیکھتے ہم وہ ہمیں دیکھا کرتے

یہ کہنا ننگ ہے اپنا کہ مرتے ہیں محبت میں
وہ اظہارِ وفا کیا جس میں شکوہ یار کا نکلے

دل ہے ناچیز انھیں توڑ کے کیا یاد رہے
یہ تو شیشہ بھی نہیں ہے کہ صدا یاد رہے

باغ میں بلبل نے پھر تنکے لیئے
خانماں برباد کے دن کے لیئے

یار سے ہوتا ہے دوری میں بھی وصل
قرب ہے یہ اہلِ باطن کے لیئے

بت وہ کافر ہیں کہ انکا جلوہ ہے
نورِ ایماں قلبِ مومن کے لیئے

کہا ہے سچ سرِ مغرور پامال
تمہاری زلف قدموں پر پڑی ہے

وہ کیونکہ آرام سے رہیگا جنا نہیں کہا خاک جی لگیگا
نظر میں جبکی سمائی ہوگی بہار نقش و نگارِ دہلی

آہ کی دل کھولکر کس دل گرفتہ نے کہ وہ
بندریوں کھولے ہوئے پھرتے ہیں گھبرائے ہوئے

راضی رہے جورِ دوست پر بھی
عاشق نہ تھے ہم گویا ولی تھے

وصفِ دہن و کمر نہ پوچھو
صانع کے یہ نکتہ خفی تھے

صد شکر قتیل دوستی تھے
ورنہ ہم ننگِ زندگی تھے

حاصلِ عمر وہ دم ہے جس میں
دیکھ لیں صورتِ زیبا کوئی

اللہ رے نازِ حسن تری خود ستائیاں
جاں اور نذرِ سیم تنی مگر نہ لی

کاہشِ انتظار میں جینا!
ایک وعدے سے جانفزائی کی

تماشا عام ہوگا اور کیفِ بیخودی ارزاں
عجب کیا ہے قیامت صحبتِ رندانہ ہو جائے

ہم مرکے کسی اور سے دل شاد کرینگے
جو کچھ نہ کیا تھا ستم ایجاد کرینگے
میں دل میں نہیں ہوں تو بھلاتے ہیں وہ کسکو
ہے چاہ مری جب نہ مجھے یاد کرینگے
کر دیکھیں گے نالہ بھی وہ آئیں کہ نہ آئیں
تیرا بھی کہا اے دلِ ناشاد کرینگے

غیر مطبوعہ

جلنے کو شمعِ غیر کی محفل میں آگئی
اے خامناں خراب یہ کیا دل میں آگئی
شوخی کی خو جو قاتلِ سفاک تجھ میں تھی
بنکر وہی تپش وہی تیرے بسمل میں آگئی
راہِ وفا کے کرب کو کیا جانے کوہکن
اُسکو تو موت پہلی ہی منزل میں آگئی
محرومیوں نے ذوقِ تمنا مٹا دیا
جو آرزو تھی حسرتِ حاصل میں آگئی
خانہ خرابِ عشق کا اللہ رے جذبِ شوق
لیلیٰ بھی سیرِ دشت کو محمل میں آگئی
جاتے ہو خوار ہونیکو پھر اُسکے کوچے میں
بیٹھے بٹھائے کیا یہ زکی دل میں آگئی

مرا نام و نشاں قائم ترے نام و نشاں تک ہے
وہ عمرِ جاوداں ہے تو یہ عمرِ جاوداں تک ہے
ہمیشہ سے نظر افروزِ عرش و لامکاں تک ہے
خدا جانے کہ اسکا جلوہ کب سے ہے کہاں تک ہے
بہارِ باغِ ہستی وقفہ ہے رنگِ تغیر کا
شبِ آرائشِ بزمِ چمن صبحِ خزاں تک ہے
ٹھہرنا کیسا محمل کا؟ کہاں دیدارِ لیلیٰ کا
یہ سب سودائے مجنوں التفاتِ ساربان تک ہے
پہنچنے کے نہیں آثار گم ہے جادۂ منزل
اسیرِ دامِ حیرانی غبارِ کارواں تک ہے
خموشی میری ہمدم ہے کہا کسنے سنا کس نے
ترا رازِ محبت بدگماں میری زباں تک ہے
ہماری آرزوؤں کا نیاز کی جب کچھ نہیں پایاں
تو کیا پوچھیں کہ حدِ اسکے تغافل کی کہاں تک ہے
دلکش انداز خموشی اور ادا تقریر کی
واہ کیا بات آپکی اور آپ کی تصویر کی
ذوقِ قاتل سے بڑھا شوقِ شہیدانِ وفا
مرحبا میں گم ہوئی یارب صدا تکبیر کی
آفرینش کی بہ دمسازیِ شکستِ رنگ تھی
بنتے بنتے اڑ گئی رنگت مری تصویر کی
وصلِ دشمن کیوں نہ ہو ہو کر رہے گا جو کہا
اُسکی ضد تحریر ہے گویا مری تقدیر کی

وصل کیسا آخر اُسکا پھل ہوا قطع حیات
آرزوئے دل میں بُرش تھی تری شمشیر کی

بارک اللہ مرحبا اے شیوۂ حسن سلوک
اِنکو آمرزش کی عادت ہمکو خو تقصیر کی

حسن یوسف کو کیا شوقِ زلیخائے عزیز
خواب سے وقعت زیادہ ہوگئی تعبیر کی

جسکو دیکھا بندۂ طرز تغافل کرلیا
بے نیازی سے اُسے حاجت نہیں تسخیر کی

زکی ۔مولوی سیّد زکی حسین صاحب ملازم محکمۂ کلکٹری ضلع رائے بریلی۔ صاف شستہ عاشقانہ شعر کہتے ہیں، بندش اور نشست الفاظ بھی درست ہے اِس فن سے خاصہ لگاؤ معلوم ہوتا ہے حالات باوجود تجسّس دستیاب نہو سکے۔ چند غزلوں کا انتخاب درج کیا جاتا ہے۔ زکی

شکوہ کریں ہم کسکا کہ خود اُنس ہمارا
صیّاد کے پنجے سے نکلنے نہیں دیتا

صیّاد ذکر باغ نہ آئے زبان پر
بن جائیگی قفس میں اسیروں کی جان پر

رخصت ہوئی بہار کے ہمراہ دخترِ رز
خاک اُڑ رہی ہے پیرِ مغاں کی دکان پر

جھانک کر دیکھ تو مجنوں نہ کہیں ہو لیلیٰ
دوڑتا آتا ہے کوئی پس محمل خاموش

شوق سے کیجئے باتیں میں سُنا جاتا ہوں
کیوں رہے میرے سبب آپکی محفل خاموش

مدّتِ قید نہ کم ہوگی تمہارے غل سے
بس خدا کے لیئے اے طوق و سلاسل خاموش

جشن کر لو مسعود دنیا میں جا ہو جسقدر
قبر میں پھر یہ سرور و عیش کی محفل کہاں

شبِ فرقت میں بھلا نیند کا آنا کیسا؟
موت ہی بن کے اب آئیگی اگر آئی بھی

صحبتیں جن سے تھیں دن رات کی یکجائی بھی
اب وہ کرتے نہیں اقرارِ شناسائی بھی

زاہد بھی مرے ساتھ ہوا حشر میں رسوا
وہ آگ لگائی مرے دامن کی تری نے

گلشن میں بہار آئی ہے پروا نہ رہے قسمت
رکھا ہے قفس میں ہمیں بے بال و پری نے

بیوجہ نہیں گل ہیں غموں سے مکدّر
کچھ کان میں پھونکا ہے نسیمِ سحری نے

بجھوا دی سرِ قبر مری آ کے کسی نے
گر شمع جلائی بھی ترس کھا کے کسی نے

جانیکو گئے سیکڑوں ہی قافلہ لیکن
وہی ملکِ عدم کی نہ خبر آ کے کسی نے

منظور جو اس پردے میں تھا میرا جلانا — بھجوایا ہے خط غیر سے لکھوا کے کسی نے
اتنا جو سنا بوسہ لب اسکی ہے قیمت — دل پھینکدیا ہاتھ سے جھنجھلا کے کسی نے
کیا حال ہے جیتے ہو کہ مرتے ہو زکی تم — اتنا بھی تو پوچھا نہ کبھی آکے کسی نے

زکی ۔ جناب میرن صاحب زکی، میرزا سلیمان قدر مرحوم کے مشاعرہ ۱۳۱۴ھ کی ایک غزل کا انتخاب درج ذیل ہے۔

کبھی ہوگی کسیکی آرزوئے دل کہیں نکلی — نہ اپنی ایک بھی حسرت تہ چرخ بریں نکلی
نہ مُردے کو بھی تیرے دور میں دو گز زمیں نکلی — ابھی حسرت تری اے چرخ نکلی یا نہیں نکلی
وہ آئے دیکھنے کو جبکہ اپنا دم نکلتا تھا — ہماری حسرت دیدار وقت واپسیں نکلی

زکی منشی عبد الغفور خان متوطن گیا ہی ملازم لشکر نہایت معمولی شاعر ہیں مگر دیوان شائع کر دیا ہے

خلق میں ایک ہوا ایک سے بڑھ کر پیدا — نہوا پر مرے محبوب کا ہمسر پیدا
عشاق سینکڑوں ہیں جہاں میں مگر زکی — عاشق مزاج منسا کہاں دوسرا ہوا
بوسے کے بدلے منہ بہت کھائیں گالیاں — ادنی سی بات پر ہوئی تکرار بے سبب
اک نگاہ کرم ادھر کیجے — میں ہوں دم بھر کا میہماں افسوس

زندہ منشی محمد یحیی ساکن گلاؤٹھی ضلع بلند شہر تلمذ کا حال معلوم نہ ہوا یہ چند شعر انکے ہیں

ظلم حد ظلم سے بھی بڑھ گیا — انپہ انکو رحم کھانا چاہیئے
فصل گل ہے اور گھٹا چھائی ہوئی — آجکل پینا پلانا چاہیئے
یوں کیا زندہ کو زندہ دیکھکر — خاک میں انکو ملانا چاہیئے

زندہ منشی زین الدین اورنگ آبادی تلمیذ حضرت ثاقب بدایونی چند شعر حاضر ہیں

کہاں میں اور کہاں ہنگامۂ روز جزا لیکن — محبت ان بتوں کی کھینچکر پیش خدا لائی
رہیگا ایک بھی تختہ نہ ثابت اپنے مدفن کا — ہماری بیقراری رنگ گر بعد فنا لائی
اٹھا خنجر، لگا اک ہاتھ کر دے فیصلہ قاتل — کہ ہے مر مر کے قتل میں مجھے میری قضا لائی

زوّار

زوّار۔ جناب سیّد زوّار حسین صاحب الہ آبادی تلمیذ جناب ظہیر دہلوی۔ پندرہ بیس برس سے شعر کہتے ہیں شاید حیدرآباد دکن میں بھی رہے ہیں۔ کلام کا نمونہ درج ذیل ہے۔

ہماری آنکھوں میں رہکر ہمیں سے پردہ ہے
رقیب سامنے آکے تو کچھ حجاب نہیں

سوالِ بوسۂ لب پر وہ ہنسکے کہتے ہیں
یہ وہ سوال ہے جسکا کوئی جواب نہیں

گرے جو طور پہ موسیٰ تو طور خاک ہوا
سنبھال برقِ تجلی کہ مجھ میں تاب نہیں

اُنہیں سے لوگا فصاحت کی داد لے زوّار
جو کہہ رہے ہیں کہ میری زبان ہے اُردو

کل تو یہ مشہور تھا مہندی لگی ہے پاؤں میں
آج سنتا ہوں اُنہیں میرا لہو درکار ہے

زور

زور۔ منشی میر تراب علی زور صیغہ دار دفتر خزانہ حیدرآباد۔ حضرت جلال لکھنوی سے تلمذ تھا، زبان فصیح اور طرز بیان شگفتہ ہے۔ غزلیات بہم رسیدہ کا انتخاب درج ذیل ہے

زلفوں کے اُلجھنے سے پریشان بہت ہیں
آئینہ جو چُوری گیا حیران بہت ہیں

گردن سے ٹلا بوجھ سبکدوش ہُوا میں
جانباز کے سر پر ترے احسان بہت ہیں

نہیں تھے رات اپنے گھر میں تم نظریں چراتے ہو
ہمارے چور اندر دیدۂ روشن کے بیٹھے ہیں

حیاؤ شرم کا پردہ اُٹھا کر دیکھ تو ظالم
وہ باندھے ٹکٹکی کشتے تری چتوں کے بیٹھے ہیں

شبِ وصال نے آنکھوں میں کھینچ لی تصویر
کسی کے ناز سے دامن اُٹھا کے آنے کی

گئی نہ یاد شہیدانِ ناز کی دل سے
وہ قتل کو ترے دامن اُٹھا کے آنے کی

لگی ہیں خاک نشینوں کی آنکھیں سوئے فلک
خبر ہے بام پہ اُس مہ لقا کے آنے کی

ملازمانِ جنابِ جلال تک اے زور
ہے تجکو شب و روز عبث یاد کسیکی

وہ بام پہ فرماتے ہیں نالہ میرا سُنکر
پرواہ بھی ہے اُسکو دلِ ناشاد کسیکی

لو عرش پہ آنے لگی فریاد کسیکی

زہیر

زہیر۔ مولوی آغا حسین صاحب کڑہ مانکپوری شاگرد مشتاق لکھنوی علمی استعداد خاصی ہے اور مشق بھی بُری نہیں۔ یہ چند شعر انکے نتائج افکار سے درج کیے جاتے ہیں۔

عاشقوں میں اُسکو ایجاں مو گئی شاہی نصیب
جسکو دم بھر مل گیا سایہ تری دیوار کا

فصل وہ برسات کی وہ بادہ نوشی کی بہار
گھر کے وہ آنا چمن پر ابر دریا بار کا

ہے سراسیمہ تلاش یوسف گم گشتہ میں
لو زلیخا کو نیا سودا ہُوا بازار کا

کیا تھا پُرزے پرزے اسنے جو دامن گریباں کا
پڑا لپکا اُسی سے ہاتھ کو چاک گریباں کا

جنوں کے جوش میں میں نے نظر کی جب سوئے گردوں
تو مجکو کہکشاں پر شک ہوا چاک گریباں کا

آجکل مہماں مرا وہ حور وش جانانہ ہے
غیرتِ فردوس رونق میں مرا کاشانہ ہے

اِس طرح آیا ہے زاہد محفلِ رنداں میں آج
شیشۂ مے ہے بغل میں ہاتھ میں پیمانہ ہے

بلبلیں عاشق ہیں اُس گل پر تو گلچیں ہے نثار
غیر اس گلزار میں اِک سبزۂ بیگانہ ہے

خوانِ بخشش پر ترے موعود ہیں جن و بشر
یہاں سبھی مہمان ہیں اک تُو ہی صاحبخانہ ہے

زہیر — قاضی عبدالحق صاحب بریلی کے اک خوش فکر سخن گو ہیں حالات کے لیئے بار بار لکھا مگر دستیاب نہو سکے کچھ کلام ملا اُس کا انتخاب درج کیا جاتا ہے۔

آپ بن ٹھن کے جو پھر گھر سے چلے ہیں باہر
آج کیا حشر بپا کرنے کی پھر ٹھانی ہے

آپنے دوست جو دشمن کو سمجھ رکھا ہے
مہربان یہ بھی تو اک آپ کی نادانی ہے

میں کسی اور سے اور آپ کا شکوہ کرتا
بندہ پرور یہ فقط غیر کی نسانی ہے

کھائے جا رنج زہیر اور پیئے جا آنسو
تیری قسمت کا یہی دانہ یہی پانی ہے

عنایت تو ہمیشہ ہی زیادہ سُپہ ہوتی تھی
جفا بھی آج اُسنے میرے اُوپر غیر سے کم کی

ہماری آنکھ سے باندھا تو ہی بیر اپنے لیکن
دھوئیں اُڑ جائینگے جسوقت بجلی آہ کی چمکی

ہماری یاد بھی اے ہمنشیں اُنکو دلا دینا
اگر مہلت ملی غیروں کی باتوں سے کوئی دم کی

زہیر — سید قلندر پیران مدرس مدرسۂ چنیاپٹن علاقہ ریاست میسور میسور جیسے دُور اُفتادہ مقام پر کسی کا اُردو شعر گوئی کیطرف ملتفت ہونا ہی بڑی بات ہے۔ چند غزلیں نظر سے گزریں جو کثرت سے زبان کی غلطیوں سے مملو تھیں صرف یہ چند شعر قابل درج سمجھے گئے

شعلے بھڑک رہے ہیں مرے جسمِ زار میں — آتش لگی ہوئی ہے دلِ بیقرار میں
چہرہ نظر جو آیا کبھی زلفِ یار میں — بجلی تڑپ کے رہ گئی ابرِ بہار میں
اب مرغِ دل کو سیرِ چمن کی ہوس نہیں — وہ پھول ہیں کھلے جگر و داغ دار میں
وہ شمع رو جو قبر پہ آنسو بہا گیا — لاکھوں چراغ ہو گئے روشن مزار میں

زیب - مرزا جمال الدین عرف میرزا کلن زیب، اولاد امجاد عالمگیر ثانی۔ شاگرد ذوق مرحوم۔ دارِ فانی سے رحلت کئے عرصہ ہوا۔ چند شعر یادگار ہیں۔ زیب

لہو میں بھر کے جو دامن کو اپنے یار آیا — یقین ہے آج کسی بیگنہ کو مار آیا
بعد اک عمر لگی آنکھ ذرا سو لینے دے — نکر لے شورِ قیامت ابھی بیدار مجھے
زندگی دیکھئے ہو ہاتھ سے دے کے کیونکر — اٹکے آتے ہیں نظر اور ہی اطوار مجھے

زیب - عالیجناب راجہ چھنولال بہادر زیب مرحوم حیدرآباد کے نامی امیر راجہ رامان راجہ شیوراج بہادر کے اعزائے قریبہ میں سے تھے اور خود بھی عرصے تک دفتر بخشی گری دکن میں سررشتہ دار رہے کچھ دنوں نواب اقتدار جنگ بہادر اور نواب نصرت جنگ بہادر کی سرکار میں مختار بھی رہے تھے، فنِ سخن کے دلدادہ اور سخنوروں کے بڑے قدردان تھے۔ آپکا دیوان رائے سوامی پرشاد نے چھپوا دیا ہے اس کا انتخاب حیطۂ تحریر میں آیا۔ کوئی خاص بات قابلِ ذکر انکے کلام میں نہیں ہے۔ زیب

کیا حلاوت اٹھائی شیریں نے — عشق میں کوہکن نے کیا دیکھا
رہا زیب تا صبح اخترِ شمار — سرِ شام ٹھیرا تھا آنا ترا
خستہ و آشفتہ و آوارہ و رسوا کیا — حضرتِ عشق آپنے جو کچھ کیا اچھا کیا
گھر کیا کرتے تھے ہر اک دلمیں تم تو میرِ جہاں — آئینہ نے اب تمہارے دلمیں گھر پیدا کیا
تیغ کے ہیں جگر پہ وار بہت — تیر دل کے ہوئے ہیں پار بہت
دیدہ و دل کی آبیاری سے — نخلِ غم اب کے لایا بار بہت

کم ملے گا مگر کوئی مجھ سا
گرچہ تم کو ملیں گے یار بہت

حُسن پر اپنے خود ہوئے مفتوں
آئینہ سے ہو تم دو چار بہت

کیا کروں تدبیر اب اے ہمنشیں
یار روٹھا ہے مناؤں کس طرح

بندۂ مُبت بنا دیا ہمکو
ہے نرالی تری خدائی عشق

تیرے دامن سے آلگا ہے غریب
زیب کی کر نہ جگ ہنسائی عشق

نوکِ مژگاں پہ تُل رہے ہیں اشک
اب ہے انکا سنبھالنا مشکل

اپنے نخبتِ زبُوں کو کیا کیجے
شک نہیں اُنکی مہربانی میں

زلفِ پرخم پہ دل و جاں سے فدا ہوتا ہوں
جانکر آپ گرفتار بلا ہوتا ہوں

زیبا۔ مرزا بندہ علیخاں زیبا لکھنوی۔ نواب اشرف الدولہ شریف الملک نواب رضوان علیخاں کے پوتے اور نواب دانش علیخاں کے بیٹے تھے خان علامہ نواب تفضل حسین خان اجداد مادری میں تھے ۱۸۴۱ء میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے اوصغرسنی میں ہی کربلا و نجف کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ ابھی تحصیل علمی کی تکمیل نہوئی تھی کہ انقلابِ سلطنت اودھ ہوگیا۔ اور وہ جمعی و اطمینان کا سلسلہ منقطع۔ پھر بھی اپنے دلی شوق سے عربی۔ فارسی اور رمل وغیرہ میں خاصی استعداد فراہم کرلی اور خواجہ آتش کے شاگرد نواب محمد حسن خان نشید اسے فن سخن میں بہرہ ور ہوئے نہایت شریف اور خلیق صاف دل پاک طینت انسان تھے کبر و غرور نام کو نتھا مشاعروں میں اکثر ہم طرح غزلیں پڑھا کرتے تھے۔ عیوبِ شاعری سے انکا کلام پاک ہے۔ فکرِ معاش سے بدرجۂ اوسط فارغ البال تھے پچاس برس سے کچھ زیادہ عمر پاکر ۱۸۹۴ء میں انتقال کیا۔ حضرت جلال نے تاریخ وفات کہی ؎ زیبا شد زیب بہشت برین۔ زبان صاف شستہ، بندشِ الفاظ و طرز بیان دلکش و پسندیدہ، اپنے ہمعصر شعراء میں وقعت و اعزاز کی نگاہوں سے دیکھے جاتے تھے۔ سیّد عاشق حسین عاشق اُنکے شاگرد نے دیوان موسوم بہ "مرقع زیبا" مرتب کرکے چھپوا دیا ہے

جب تک اُسنے زلف میں شانہ کیا
آئینہ حیرت سے مُنہ دیکھا کیا

مرگئے ہم عشق کا آزار اچھا ہوگیا
لیجئے آج آپ کا بیمار اچھا ہوگیا

تازیانے بیکسوں کی آہ کے اتنے پڑے
جسم نیلا ہوگیا سب آسمانِ پیر کا

نزاکت نے اک بحرِ خوبی کے مارا
کفن چاہیئے مجکو آبِ رواں کا

جب اُلنسے کہتا ہوں اچھا کیا تباہ مجھے
تو ہنس کے کہتے ہیں جو کچھ کیا خدا نے کیا

رہا یہ حال ایجان شوقِ دید و بوسہ لب میں
کبھی آنکھوں میں دم آیا کبھی مُنہ کو جگر آیا

تُو نے کہیں دیکھا تو نہیں اے نگہ ناز
مدت سے ہمارا دلِ مضطر نہیں ملتا

جسکو نیاز تم سے ہوا بے نیاز تھا
جسنے جھکایا پاؤں پہ سر سرفراز تھا

انداز یہ نہ آتے جو آتا نہ دل مرا
کمسن ادا یہ آپ میں تھی کب یہ ناز تھا

آپ کا بیمارِ الفت ہوگیا وقفِ قضا
لے مسیحا بس یہی اپنی ادا پر ناز تھا

لیکن کبھی اور وہ بے تاب کر گئے
مجھ کو دلاسے دیکے نجاتے تو خوب تھا

آج اُسے پھر مرا دھیان اور دلِ ناشاد آیا
لے مبارک ہو کوئی اور ستم یاد آیا

طفل کو ہے یہی ہنگامِ ولادت رونا
ہائے میں کیوں طرفِ عالمِ ایجاد آیا

بیمارِ محبت کو سنبھلتے نہیں دیکھا
بے جان لیئے موت کو ٹلتے نہیں دیکھا

فقرے ہیں ترے بس میں مرے فرق ہے اتنا
چلجاتا ہے وہ اور اسے چلتے نہیں دیکھا

کس ناز سے چلتے ہو لبھاتے ہوئے دلکو
اس طرح تو جادو کو بھی چلتے نہیں دیکھا

کہے دیتی ہے چال اٹکھیلیوں کی
لیئے جاتا ہے دل وہ دلبر کسی کا

ہوئے ہونگے برہم ضرور آئینہ سے
نہ توڑا مگر دل سمجھکر کسی کا

وہ دن لائے خالق میں انسد کے قربان
مرا حلق ہو اور خنجر کسی کا

مہیدِ وصل پر اُنکے ستم کیا کیا اُٹھائے ہیں
مقدر آزمائی ہے محبت آزمائی ہیں

بہت بلئے نہ ان ترچھی نظر والوں سے اے زیبا
کہیں یہ راست بازی مل نجائے کج ادائی میں

ہجر میں لاکے خیال رخِ جاناں دل میں
شامِ غم کو شبِ وصلت کی سحر کرتے ہیں

اپنی خاموشی نے کھلوائیں زبانیں خلق کی
میرے چپ رہنے کے پرچے جا بجا ہونے لگے

آپ سے دل پھیر لینگے ہم سمجھیے تو ذرا
دل لگی میں آپ تو صاحب خفا ہونے لگے

یہ بھی غیرت تمھیں آتی نہیں اے رشک مسیح
جاں بلب عاشق صادق ہو تمھارے ہوتے

ہوں وہ بے جرم اگر قتل کروگے مجکو
تیغ بھی دیکھ کے رہجائیگی صورت میری

دم وصل صنم فرط خوشی سے دم نکلتا ہے
زمانے میں کسیکا یوں بھی ارماں کم نکلتا ہے

مسرت سے کبھی ہوتا ہے تو بھی آپ سے باہر
کبھی تیرا بھی ارمان اے دل پرغم نکلتا ہے

کوئے جاناں سے کیا جب قصد جانیکے لیئے
ہُوک اک اُٹھی کلیجے میں بٹھانے کے لیئے

منکر رحمت سزاوار سقر ہے زاہد!
ہم نجائیں گے تو ہے باغ جنان کس کے لیئے

ہم تو لے سفاک کشتہ ابرو مژگاں کے ہیں
تیغ کسکے واسطے ہے اور سناں کس کے لیئے

جو تیر ناز کسی کا کبھی ادہر کو چلے
یہ آرزو ہے کہ لیتا ہوا جگر کو چلے

تھما کوئی نہ پس دفن فاتحہ پڑھ کے
اکیلا چھوڑ کے سب اپنے اپنے گھر کو چلے

کسی کے دلمیں نہ پائی جگہ جو نالوں نے
تو آسماں کیطرف ڈھونڈنے اثر کو چلے

کہیے انصاف سے مرجانے کی جا ہے کہ نہیں
قتل کا حکم ہوا اوروں کو ہمارے آگے

عشق جاناں سے ہی قدر آپکی اے حضرت دل
جان سے بڑھ کے کبھی آپ نہ پیارے ہوتے

چشم مخمور کسیکی مجھے یاد آتی ہے
خود بخود آنکھ مری بند ہوئی جاتی ہے

شب وعدہ یہ رہا کرتی ہیں باتیں دل سے
دیکھیں یار آتا ہے پہلے کہ قضا آتی ہے

غیر کے ہاتھ نہ بھیجیں طلب دل کا پیام
مجھ سے خود کہتے ہوئے کیا انھیں شرم آتی ہے

کشش مرگ کی اچھی یہ زبردستی ہے
کوئے قاتل میں مجھے کھینچے لیئے جاتی ہے

کیا جو عہد وفا اُن سے زندگی بھر کا
تو ہنسکے بولے اگر زندگی وفا کرے

وہ مجھ کو دیکھکے ترچھی نگہ سے کہتے ہیں
یہ تیر وہ ہے نشانہ پہ جو خطا نہ کرے

دل سے اُس نرگس فتاں کے اشارے ہیں یہی
جو ہماری طرف آئے وہ سمجھ کر آئے

بے وصل کے بوسے کا تقاضا نہیں کرتے | ہم بات کوئی آپ سے بیجا نہیں کرتے

زیبا منشی محمد قاسم زیبا دہلوی دستان گو خلف میر کاظم علی دستان گو تلمیذ رآسخ دہلوی ز
۲۸ - ۲۹ برس کی عمر اور حیدرآباد میں سکونت پذیر ہیں - چند شعر ملاحظہ ہوں -

پاؤں پہ ہیر حم کے بسمل نے جب سر رکھ دیا | بلبے قسمت ہاتھ سے قاتل نے خنجر رکھ دیا
ڈھنگ سیکھا برق نے آہِ دلِ ناشاد کا | رنگ اڑایا شورِ محشر نے مری فریاد کا
اشک گو لختِ جگر نور بصر ہیں لیکن | بڑی اولاد کو نظروں سے گرا دیتے ہیں
ہے نمکپاش مرے زخموں پہ اور کہتا ہے | آج الفت کا مزا تجکو چکھا دیتے ہیں
کریں ہم اس خلش کا درد کا کس سے گلہ یارب | کہ اپنا دل ہی جب پہلو میں کانٹا سا کھٹکتا ہو
یہ بت بیباک ہیں سفاک ہیں انکو نہ پروا ہو | کسی کی جان جائے یا کسی کا دم نکلتا ہو
اللہ رے پردہ کہ مری نعش پہ ہے ہے | رونے کو بھی وہ آئے تو منہ ڈھانپ کر آئے

زیبا منشی عبدالمجید خان زیبا انکے والد سوہاولی ضلع بندیل کھنڈ میں وکیل تھے وہیں نومبر ۱۸۸۱ء
میں یہ پیدا ہوئے - ۱۹۰۰ء میں علیگڈھ کالج سے بی - اے کا امتحان پاس کیا - کوٹ فتح پور
سوہ کے رہنے والے ہیں غضب کے ذہین ہیں آجکل ششن جج رائے بریلی کی عدالت میں سررشتہ دار
ہیں - آخر ماہروی کی صلاح سے چند غزلیں منتظر خیرآبادی کو دکھائیں پھر حضرت شوق
لکھنوی اور آخر میں حضرت بشیر محلی شہری سے تلمذ اختیار کیا بڑے پرگو اور موزوں طبع ہیں
عرصہ ہوا کچھ کلام بھیجا تھا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے -

خریدار اسکے ہونگے تیرے عاشق بیکس دل کو | گراں ہرگز تری الفت کا سودا ہو نہیں سکتا

ابھی دیکھو ابھی دیکھا کہاں ہے | نتیجہ دشمنوں کی دوستی کا
خیالِ یار پر سو بار صدقے | کہ یہ ساتھی ہے میری بیکسی کا
سب کچھ ملا جو بوسہ رخسار مل گیا | دنیا ملی جو وصل کا اقرار ہو گیا
وہ بوسہ مانگنے پہ مجھے دیتے ہیں سزا | فرماتے ہیں کہ جرم کا اقرار ہو گیا

گھٹ گئی ہے اسقدر تاب و توانِ اہلِ درد
ساتھ ہی اُف کے نکل جاتی ہے جانِ اہلِ درد

لب جاں بخش سے کیوں کو ستے ہو
جئیں مرمر کے ہم آخر کہاں تک

نہ کچھ مسیح سے مطلب نہ کچھ طبیب سے کام
مرض تمھیں کو تمھیں کو دوا سمجھتے ہیں

جاؤں گلی سے اُٹھکے تمھاری میں کس لیئے
جنت میں کیا دھرا ہے وہاں جب تمہیں نہیں

شکوۂ ظلم نہیں جور کہ بیداد کریں
اپنے بھولے کو کسی طرح تو وہ یاد کریں

عشق میں دل گیا، ایمان گیا، جان گئی
کسے روئیں کسے بیٹھیں کسے ہم یاد کریں

ایفاء وعدہ تم نہ کرو اس کا غم نہیں
جھوٹی قسم ہی میری تسلی کو کم نہیں

ایذائے کوئے یار ہر ایک کو کہاں نصیب
زاہد! بعیش و راحتِ باغِ ارم نہیں

مجھ سے پردہ ہے تو کیوں پھرتے ہو نظر و نہیں مری
مجھ سے نفرت ہے تو کیوں گھر ہے تمہارا دل میں

نہ ہوا پر نہ ہوا وصل کسی بت کا نصیب
ہائے افسوس رہی دل کی تمنا دل میں

اسقدر پاس تھا اُس پردہ نشین کا دل میں
اپنی آنکھوں سے بھی پنہاں اُسے رکھا دل میں

بیخود ایسا بھی نہ ہوگا کوئی جیسا میں ہوں
آج تک مجکو نہ معلوم ہوا کیا میں ہوں

چھیڑ دیکھو کہ مری نعش پہ آئے تو کہا
بیمروت کہو اب کون ہے تم ہا میں ہوں

ہائے بیمارِ محبت سے یہ کہنا اُن کا
تجکو کیا خوفِ اجل تیرا مسیحا میں ہوں

دل سے میرے ہے لڑی اُنکی نگاہ
دیکھئے مل کر یہ باہم کیا کریں

عشق کا امتحان لیتے ہیں
اِس بہانے سے جان لیتے ہیں

رہرو تم سیر دیکھے جاؤ کچھ پوچھو نہ حال
کیوں گرے قدموں پہ ہم وہ سر کو ٹھکراتے ہیں کیوں

جراحت ہائے پنہاں کی سُنے تب داستان کوئی
دہانِ زخم میں جب تیغ کی رکھدے زبان کوئی

حرم میں، دیر میں، مسجد میں، دل میں، چشمِ عاشق میں
کہاں رہتے ہو بتلاؤ تمھیں ڈھونڈے کہاں کوئی

سنا تو عشق کی ہم جان دیکھے پا چکے زیبا
اُسے بھی پاس کر لیں اور اگر ہو امتحان کوئی

زیبا مولوی عبد المغنی ساکن بدایوں۔ صاف صاف عاشقانہ شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں۔

زیبا

۱۹۰۵ء میں اپنے اُستاد حضرت مضطر خیرآبادی کے پاس لشکر گوالیار میں مقیم تھے۔

تم اگر روز تصور میں نہ آیا کرتے
جینا پھر طالبِ دیدار کا مشکل ہوتا

دل جان بوجھکر تمہیں دینے سے فائدہ
دانستہ کوئی جان سے بیزار ہو تو کیوں

لاکھ اُلفت جتائیں ہم ان سے
وہ کہاں اعتبار کرتے ہیں

کوئی وعدہ وفا نہیں ہوتا
آپ وعدے ہزار کرتے ہیں

تمھیں کہو کہ گذرنا مہ بر کا کیونکر ہو
تمہارے کوچے سے بچکر جا نکلتی ہے

جلوہ ترا اے پردہ نشیں تو ہی بتا دے
آنکھوں میں نہیں ہے کہ مرے دل میں نہیں ہے

جز حسرتِ دیدار نہیں آنکھ میں کچھ بھی
جز خواہشِ وصل اور ہوس دل میں نہیں ہے

آیئے بے پردہ اسکی لاش پر
مُنہ چھپانا کیا شہیدِ ناز سے

ظلم اپنے طالبِ دیدار پر!
شرم اپنے عاشقِ جانباز سے؟

دل کو میں لوں تو جگر کی لے خبر
کہتی ہے مشوخی نگاہِ ناز سے

دل لیا زیبا کاتم نے جس طرح
جان بھی لیلو اسی انداز سے

بڑھے میکشی کیوں نہ برسات میں
گناہوں کا پردہ گھٹا ہو گئی

یہ کہکر منایا انھیں وصل میں
چلو ہو گئی۔ جو خطا ہو گئی

یہ نشانی ہے ترے تیرِ نظر کی ظالم
اِس لیئے درد کو سینے سے لگا رکھا ہے

زیبا۔ رائے اجودھیا پرشاد زیبا رئیس شاہجہانپور شاگرد جناب احسان مرحوم پُرانے مشاق ہیں عمر پچاس پچپن کے قریب ہے، یہ چند شعر اُنکے ہیں۔ زیبا

ترچھی نظریں بھی حسینوں کی غضب ہیں زیبا
چوٹ کھا کر کبھی دل کو نہ سنبھلتے دیکھا

زیبا نگہ چشمِ حقیقت سے جو دیکھا
بتخانوں میں قدرت کے تماشے نظر آئے

ہجر میں یوں ہو قصہ خوانی غم
جسکو وہ بُت تو کیا زمانہ سُنے

شکر ہے آج آبلے دل کے
روئے تلوار سے گلے ملکے

زیبا

زیبا - مرزا عبدالرحمٰن بیگ تلمیذ حضرت فصیح الملک داغ دہلوی دکن کے باشندے ہیں اور یہ کلام کا نمونہ ہے

کیا کروں شکوہ بیوفائی کا	دوست وہ بت ہوا خدائی کا	ہاتھ اوچھا لگایا کیوں قاتل	وقت اب بھی تھا صفائی کا
خود تو ملتے نہیں یہ پھر کیسا	مجھ پہ الزام بیوفائی کا		

زید

زید - سید احمد زید بلگرامی خلف سید محمد حافظ مولد و منشا بلگرام اودھ آپکے دو دیوان غیر مطبوعہ ہیں اور فی الحال ریاست نظام میں کسی ضلع کے ناظم ہیں انکی بدوشعور کی چند غزلیات کا انتخاب درج تذکرہ کیا جاتا ہے جس سے موجودہ مشق سخن کا اندازہ ہوسکتا ہے ؛

جو کاکل و روئے یار دیکھا تو سنبل و لالہ زار دیکھا	عجیب لیل و نہار دیکھے قرین حلب کے تار دیکھا
پھرے بہت دیر میں حرم میں چمن چمن کو ہزار دیکھا	مگر جہاں میں ترا مقابل نہ ہمنے پروردگار دیکھا
خزاں جو آئی تو باغباں نے چمن میں پھر کر ہزار دیکھا	نہ تخم دیکھے نہ پھول دیکھا نہ برگ دیکھا نہ بار دیکھا
مثال طفلی چلی جوانی وہ آئی پیری ہوئے وہ فانی	یہ عمر کی ہے سبک روانی نہ ایسا بگ ٹٹ سوار دیکھا
شباب پیری میں یاد آیا تو دل نے کیا کیا مزے اٹھائے	خدا کی قدرت سے زید ہمنے خزاں میں لطف بہار دیکھا
مجھ سے فرماتے ہیں کیا عشق کے بیمار ہیں آپ	کسقدر زار ہیں کیا جان سے بیزار ہیں آپ
جان بلب کر کے ہمیں جانے پہ تیار ہیں آپ	حال دل سنتے نہیں کتنے دل آزار ہیں آپ
کیا خطا، کون سبب، جرم ہے کیا، کون قصور	کس لیئے ہمسے بتا دیجئے بیزار ہیں آپ
چشم مخمور کے بوسوں پہ مرا میں تو کہا	کیا تنگ ظرف ہیں دو جام میں سرشار ہیں آپ
اٹھا ہے شور جو سینے سے میرے ماتم کا	یقیں ہے حضرت دل انتقال کرتے ہیں
چمن میں چلکے دکھا دیجئے قد موزوں	کہ یاد باغ میں سب نونہال کرتے ہیں
نگاہ ناز سے خود ہو چکا ہے زید شہید	اب آپ غصہ سے کیوں چہرہ لال کرتے ہیں
سر چڑھا کر انھیں خود دار کیا خود تو نے	بل کی لینے لگے تجھسے بھی ستمگر گیسو
رخ ترا سورۂ والشمس ہے از سر تا پا	ہو گئے سورۂ واللیل سراسر گیسو
کفر و اسلام میں کچھ فرق نہیں رہتا ہے	جب قریں ہوتے ہیں رخسار کے آکر گیسو

زیدی

زیدی - منشی سید نورالدین صاحب ساکن ظفر آباد نواح جون پور۔ عدالت میں پیشکار اور حضرت جلال کے باعقیدت تلامذہ میں ہیں۔ دس بارہ برس سے فکر سخن کرتے ہیں۔

خدا کو منہ بھی دکھانا ہی ایک دن زیدی
تم آخرت کے لئے کچھ تو کام کر لیتے

دنیا کی نعمتوں سے کبھی دل بھرا نہیں
اللہ ری ہوس تری کچھ انتہا نہیں

مدت ہوئی کہ آنکھیں ترستی ہیں دید کو
اسپر وہ کہہ رہے ہیں کہ ہیں بیوفا نہیں

ہنستی صورت پہ نجاول کے لگانیوالے
یہ گل اندام ہیں سن سن کے جلانیوالے

تنکے چنواتی ہی انساں سے ہوس دنیا کی
چھانتے خاک ہیں اکسیر بنانیوالے

زیرک

زیرک - حافظ مولوی قلندر بخش صاحب ہاشندہ پاٹی پت شاگرد منشی کرامت علی مرحوم شہیدی۔ تحصیل علمی دھلی ولکھنؤ میں کی۔ اپنی علمیت پر بڑا ناز تھا۔ شعر غزل بھی کہتے تھے۔ یہ اُن کے کلام کا نمونہ ہے۔

زیرک کل ایک طرف کو میں شکل خستہ دل
جاتا تھا نا گہاں وہ پریرو ملا مجھے

فی الفور دیکھتے ہی یہ اوسکو میں عرض کی
کب تک رکھے گا رنج میں تو مبتلا مجھے؟

سنتے ہی در جواب یہ بولا وہ تند خو
صحبت سے تری رنج نہیں ہو ذرا مجھے

لیکن یہ ڈر ہے اپنی محبت کے واسطے
ایسا نہ ہو سکھائے تو مہر و وفا مجھے

زیرک شباب ہی میں ہے کچھ لطف زندگی
یہ عیش پھر کہاں جو جوانی گذر گئی

مفصلہ ذیل کلام ترتیب حصہ سوم کے بعد موصول ہوا لہذا آخر میں درج کیا گیا۔

خاطر

خاطر - منشی ظفر حسن مندرچہ صفحہ ۳۰۴ حصہ سوم

چٹکیاں اور بھی لیں دلمیں جھکی جب وہ نگہ
اپنی شوخی سے نہ باز آئی جو شرمائی بھی

یا وگلشن میں بڑھی اور اسیروں کی تڑپ
نکہت گل جو صبا تا بہ قفس لائی بھی

دیکھکر پھیری ہیں ہم چشموں نے نظریں کیا کیا
بار خاطر تھی مصیبت میں شناسائی بھی

اُمید اُس کے وصل کی جب جیتے جی نہ ہو	مرنے کی اپنے کس لئے ہمکو خوشی نہ ہو
ہے موت ہجر عاشق و معشوق بعد وصل	ملکر ہم جُدا نہ ہوں یا وصل ہی نہ ہو
تم چھوڑ دو جو دیکھنا چشم عتاب سے	اِتنا بھی اپنا پوچھنے والا کوئی نہ ہو
شوخی کسیکی دیکھ کے ہوتا ہے شک کلیم	جو طور پر گری تھی وہ بجلی یہی نہ ہو

خرد

خرد - بقیہ کلام حکیم انور آغا صاحب خرد لکھنوی مندرجہ صفحہ ۴ - ۱۳

پامال ہم کئے ہوئے اُس جان جانکے ہیں	انداز جسکی چال ہیں عمر رواں کے ہیں
کچھ یار کا قصور نہ اغیار کی خطا	سارے فساد میرے دل بدگمانکے ہیں
رخسار یار دیکھ کے کہتی ہیں بلبلیں	گل کس چمن کے پھول یہ کس بوستانکے ہیں
زاہد ہی ایک راندۂ درگاہ ہو تو ہو	لاکھوں مرید حضرت پیر مغاں کے ہیں
شاہد ہے ضبط معنی یہ سوز نہاں کے ہیں	مُہر سکوت لب مجھے چھالے زباں کے ہیں
بربادیٔ چمن کی لکھی ہیں حکایتیں	برگ خزاں رسیدہ ورق بوستاں کے ہیں

خلش

خلش - خواجہ کرامت علی اجمیری مرحوم مندرجہ صفحہ ۹ - ۲۸

رموز عاشق و معشوق کو اغیار کیا سمجھیں	بھلا دشمن بتا تو دے کہ وہ مجبر خفا کیوں ہے
تمھیں چاہا کئے دشمن کو اُسنے کب تمھیں چاہا	تمھیں ہو مبتلا اُسپر وہ تم پر مبتلا کیوں ہے
وہ کہتے ہیں یہی دو چار باتیں تجکو آتی ہیں	کرم کیوں تھا ستم کیوں ہے وفا کیوں تھی جفا کیوں ہے
وہ بگڑے ہیں تو بگڑیں حال میرا کیوں بگڑتا ہے	وہ رُوٹھے ہیں تو رُوٹھیں خیر میرا دم خفا کیوں ہے
حیا کا یہ تقاضا ہیں ہی ہوں اُنکی آنکھوں میں	اور ہر شوخی یہ کہتی ہے جہاں میں ہوں حیا کیوں ہے
خلش کے نام پر مرتی ہو کیوں باتیں بناتی ہو	تمھیں اُلفت نہیں اُس سے تو ہر دم تذکرہ کیوں ہے

خلیل

خلیل - نواب صاحب ٹونک مندرجہ صفحہ ۲ - ۵۱

دل ناداں محبت میں پشیمانی سے کیا حاصل	جو ہونی تھی ہوئی اب سوچنا اچھا بُرا کیوں ہے
بتاؤ تو کھنچے کیوں ہو بتاؤ تو خفا کیوں ہو	یہ کھنچنا بے سبب کیسا یہ غصہ بے خطا کیوں ہے

جو کہتا ہوں جفا کا تم کو ارماں اسقدر کیوں ہے
تو کہتے ہیں تمھیں چاہت کا ایسا حوصلہ کیوں ہے
وہ کہتے ہیں کہ کہتے کیوں نہیں جو تم کو شکوہ ہے
کہونگا تو کہیں گے کیوں جی یہ میرا گلہ کیوں ہے

خورشید۔ منشی خوشرفت علیخاں خلف داؤد خاں مندرجہ صفحہ ۱۷ خورشید

بہت پھرا نہ بتوں نے سنی میری فریاد
خدا کے ہاتھ ہے خورشید فیصلہ دل کا
وہ صبح وصل کس کس ناز سے ہمکو جگاتے ہیں
سدھاری رات اٹھو صبح محشر سر پہ آئی ہے

خیال۔ مولانا فیض الحسن صاحب خیال۔ سہارنپور کے باشندے۔ بڑے جید اور ستادار فاضل دھرمانے جاتے تھے اور نیٹل کالج لاہور میں پندرہ بیس برس تک علوم مشرقی کے پروفیسر رہے اور صدہا شاگردوں نے آپ سے فیض پایا۔ پروفیسر آزاد کے ہمعصر تھے سُنا ہے کہ خود مولانا مرحوم حضرت صہبائی کے نامور تلامذہ تھے چند شعر بڑی کوشش سے ہاتھ آئے بطور یادگار درج تذکرہ کئے گئے۔ مولانا شبلی کو بھی مرحوم سے تلمذ تھا۔ خیال

اس جفا پر بھی کی وفا ہم نے
کیا کیا تم نے کیا کیا ہم نے
کرتے ہیں زہر سے علاجِ فراق
خوب سوچی ہے یہ دوا ہم نے
چھیڑ کر اُن کو بزم دشمن میں
جو نہ سننا تھا وہ سُنا ہم نے
کہتے ہیں جور بھی غنیمت ہے
جب کیا شکوۂ جفا ہم نے
ملا جو خاک میں کوئی تو قبر پہ بولی
کہ اتنے روز رہے آپ اجناب کہاں

رونے میں تھا جو تری آنکھوں کا تصور
آئے گلِ نرگس مرے دامن میں کہاں سے
کس نے لیا اس چاند سے رخسار کا بوسہ
یہ داغ لگا یارخ روشن میں کہاں سے
اُڑتی تھی ابھی خاک گلستاں میں خُدایا
اکبار یہ پھول آگئے گلشن میں کہاں سے

بانچ نمبر میں

تقاریظ و قطعات تاریخ خمخانۂ جاوید جلد سوم

تقریظ چیدۂ کلک جواہر سلک فضیلت مآب کمالات انتساب جامع صفات صوری و معنوی فخر اطبائے ہندوستان حاذق زمان شفیقی حکیم غلام کبریا خان صاحب دہلوی

خمخانۂ جاوید، کو میں نے جتنا جتنا پڑھا، زمانہ حال کے شعراء کا اتنا مبسوط تذکرہ لکھنا درحقیقت میرے دوست لالہ سریرام صاحب جیسے باہمت، اور سخن شناس ہی کا کام تھا، جو انھوں نے نہایت جانکاہی، اور عرقریزی کے ساتھ پورا کیا، میرے خیال میں دنیائے اردو کی یہ بڑی مہم تھی جو اردو کے "اِس بہادر سپاہی" کے ہاتھوں سر ہوئی اردو میں بہت کم پڑھنے کے لائق کتابیں چھپی ہیں، خیرہ مذاقی کا یہ عالم ہے، کہ محض سطحی مذاق کی چیزیں ڈھونڈی جاتی ہیں، ادنی درجے کے ناول بار بار چھپتے ہیں، اور ایسی کتابیں جن سے پڑھنے والوں کے علم، قابلیت، میں کوئی مفید اضافہ نہیں ہوتا، مقبول بازار ہیں، عوام کے اِس مذاق نے لکھنے والوں کو اپنی طرف کھینچ لیا ہے اور بہت کم اُردو میں ایسی کتابیں چھپتی ہیں، جو لٹریچر کی کسی واقعی ضرورت کو پورا کرتی ہوں، اور اگر کوئی ایسی کتاب شائع بھی ہوتی ہے، تو قبولِ عام سے دور رہتی ہے

اِس جنیۂ مذاقی نے اُردو ادب کے سرمایہ کو محدود کر دیا ہے، نہ اونچیل کتابیں اس تعداد میں پیدا ہوتی ہیں، جو اُردو کی وسعت، اور وقعت، کے مناسب ہو، نہ غیر زبانوں کی اچھی اور سود مند کتابیں ترجمہ ہوتی ہیں، اگر ترجمے بھی ہوتے ہیں تو محض معمولی ناولوں کے، جن کو پڑھکر نہ دل، نہ دماغ، میں روشنی پیدا ہوتی ہے، نہ اخلاق پر کوئی اچھا اثر پڑتا ہے، نہ تشنہ کام ذوقِ علمی سیراب ہوتا ہے۔

جس زمانہ میں عام طور پر لکھنے والوں کی ہمت کا یہ حال ہو، اور جس زمانے میں تصنیف و تالیف کا معیار پستی کی طرف اتنا کم اُبھرتا ہو، اُس زمانے میں یہ حیرت انگیز مثال ہے، کہ لالہ سرِ رام صاحب نے ایسی کتاب لکھی، اور اس کتاب کے لکھنے میں سالہا سال تک اتنی بڑی محنت و کاہش گوارا کی!!!

سچے جذبۂ علم دوستی کے بغیر چند گھنٹے بھی کوئی شخص اتنی محنت نہیں کر سکتا، جتنی محنت کہ انھوں نے مسلسل کئی برس تک کی ہے، انھوں نے ہزاروں اشعاروں کو پڑھ اور سمجھ کر، اور نقد، و تنقیح کے سانچے میں ڈھال کر، "خمخانۂ جاوید" کی شکل میں پیش کیا ہے، اور "دورِ جدید" کے صدہا شعراء کے حالاتِ زندگی بہم پہنچانے میں جسقدر محنت، اور کوفت اُٹھانے کی ضرورت تھی اُسے اِس لیئے گوارا کی ہے، کہ اُردو شاعری کی تاریخ "آبحیات" کے بعد ختم نہو جائے، اِنکے اِس عزم راسخ کی بدولت یہ صدہا تذکرے اور ہزاروں اشعار، آج اِس خوبصورت کتاب کی صورت میں ہمارے سامنے ہیں، جس کا نام "خمخانۂ جاوید" ہے ٭

میں اپنے دوست کو جو اس بڑی علمی مہم کے فاتح ہیں، اِس مہتم بالشان فتح پر مبارکباد دیتا ہوں جو اُنھوں نے اُردو شاعری کے "دورِ جدید" کو زندگی، اور موت، کی کشمکش سے بچانے، اور "دورِ جدید" کے لیئے "حیاتِ جاوید" بہم پہنچانے کی صورت میں حاصل کر لی ہے، اُردو شاعری، کے اِس دور کی یہ "حیاتِ جاوید" ہے، جو لالہ سرِ رام صاحب

کے عقد ہمت نے حاصل کرلی ہے، جس کی ٹھیک ٹھیک، قدر، وقعت، اس زمانے میں کیا ہوسکتی ہے؟ آیندہ زمانے میں ہوگی، جبکہ لوگ اُردو شاعری کے اس پچاس سال کا تذکرہ ڈھونڈیں گے، اور اس دَور کی خصوصیات کو سمجھنے کے لیئے خمخانۂ جاوید مشعلِ راہ ہوکر اُنکے سامنے آئیگی ۔ غلام کبریا خان - ۲۴ ۲/۱۵ ۶

قطعۂ تاریخ از فکرارجمند و سادہ نشین ریاست نونہال گلشن امارت منشی سید التفات رسول صاحب ہاشمی تعلقہ دار سندیلہ بنیرہ و جانشین حضرت واسطی مرحوم

سخن شناس سریرام صاحبِ ہمت — جہاں کو جنکی بہارِ ریاض ہے مرغوب
ادا شناس کی ہوتی ہے قدر دلبر کو — حبیب بن کے ہوئے وہ ہر ایک کو محبوب
لکھا وہ تذکرۂ شاعرانِ ماضی و حال — کہ جسکے شوق میں طالب بنا ہے ہر مطلوب
جو کوئی دن کو کہے رات اور رات کو دن — تو اس سے بڑھکے نہیں کوئی بات بھی معیوب
نظر میں کیوں نہو خمخانۂ سخن کا وقار — ہے اہلِ دل کے لیئے باعثِ سرور و فلاح
یہ ہاشمی نے لکھا سالِ طبع ثانی کا — سخنوروں کی ہوئی یادگار بھی کیا خوب

۱۹ ۱۵

تقریظ از نتایج افکار گہربار فخر شعرای زمان ناثر رنگین بیان سخن طراز جادو نگار مشتاق طرز قدیم و نوی صاحب تصنیف کثیر منشی احمد علی صاحب شوق قدوائی لکھنوی از شاگرد تلامذہ منشی تدبیر الدولہ اسیر لکھنوی

خمخانۂ جاوید کی دو جلدیں میں نے دیکھیں، اب تیسری کا انتظار ہے، یہ کیا چیز ہے؟ اس سوال کا جواب اس سبب سے مشکل ہے کہ قلم دل نہیں بن سکتا۔

اِس تذکرے نے اِدھر تو ہمیشہ کے لیئے مُردوں کو زندہ کیا، اور اُدھر ہمیشہ کے لیئے زندوں کو زندگی دی پچھلے شعرا جو گمنامی کے گورستان میں پڑے ہوئے تھے، وہ زندہ ہوگئے اور حال کے شعرا جن کو گمنامی ڈھونڈ رہی تھی وہ اُس سبق کے ناموری کی بلندی پر پہنچ گئے، لوگ کہتے ہیں کہ اُردو اور اُسکی شاعری زوال کیجانب جا رہی ہے، اور میں کہتا ہوں کہ وہ ترقی کے زینے پر چڑھ رہی ہے۔ ایک 'خمخانۂ جاوید' میرے دعوے کی ایسی دلیل ہے کہ جو رد نہیں ہوسکتی ✤

اُردو کی خدمت کا دعویٰ جتنا آسان اُتنا ہی اُس کا پُورا کرد کھانا مشکل ہے، اِس مشکل کو خدا جانے کتنی مشکلوں کے ساتھ دیوان سریرام صاحب ایم۔ اے۔ نے آسان کیا قابلیت، ہمت، دولت، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اُردو کی محبت میں اُنھوں نے اپنی صحت تک صرف کردی ✤

اِس تذکرے میں صرف اِتنا ہی نہیں ہے کہ شعرا کے نام جمع کر دیئے گئے ہوں، بلکہ مناسب حد تک، یا یُوں کہو کہ جسقدر مِل سکی اُسقدر ہر شاعر کی لائف بھی موجود ہے، یہ ایک ایسی بات ہے جسکی قدر شاعری کی حیثیت سے نہیں بلکہ تاریخی حیثیت سے بھی کیجائے گی اولاد سے تو دو ہی تین پشتوں تک نام چلتا ہے، اور یہ تذکرہ اُس وقت تک ناموں کو روشن رکھے گا، جبتک علم کی ٹکسال میں حرفوں کے سکّے چلتے رہیں گے، اِس صورت میں یہ کہنا صحیح ہے کہ جس کا نام 'خمخانۂ جاوید' میں داخل ہوا، اُسکے خاندان پر حضرت مؤلف کا احسان رہا، جب چاہو اپنے باپ دادا کو اُسکے صفحوں پر دیکھ لو ✤

یہ آواز بھی ملک میں گونج رہی ہے کہ اُردو شاعری کا رنگ بدل گیا، اسکو میں تسلیم کرتا ہوں

(۱) زمانے کی رفتار نے بہتسے دماغوں کو فطری مذاق کا راستا بتا دیا۔

(۲) تغزّل کا رنگ بدل گیا۔

پہلی بات سے میں بحث نکروں گا، اِس لیئے کہ وہ ایسی خوبی ہے جو اُردو کی شاعری

ہیں نہیں تھی اور اب آ گئی ✤

دوسری بات کو میں بحث کے قابل پاتا ہوں، لیکن یہ وسیع بحث کا محل نہیں ہے مجھے اس موقع پر صرف اتنا ہی کہنا کافی ہے، کہ خمخانۂ جاوید، میں جذبات انسانی کے نقشے بھی موجود ہیں اور ادّعائی شاعری کے بھی، فہم سلیم دونوں کا موازنہ خود کر سکتا ہے۔ اور اگر میرا فیصلہ کوئی چاہے تو میں یہ کہوں گا کہ جذبات پر دل سے آہ نکلتی ہے، اور ادّعا پر صرف ہونٹوں سے واہ، دل اور ہونٹوں میں جو فرق ہے اُس سے دونوں شاعریوں کا فرق سمجھ لیا جائے، اگر سخن سنج میں فہم سلیم کا مادہ موجود ہے تو وہ اس تذکرے کے ورقوں سے ایسا سبق لے سکتا ہے جو اُسے صرف نام کا شاعر نہیں بلکہ کام کا شاعر بنا دے۔

انتخاب پر قلم کا اُٹھانا کچھ مناسب نہیں ہے "خمخانۂ جاوید" کا پھیلاؤ اتنا ہے کہ میں اسکو انتخاب کے دامن میں نہیں سمیٹ سکتا، صرف اتنا کہنا کافی ہوگا کہ اس میں ہر مذاق کے اشعار موجود ہیں، اور اس سے میں یہ عمدہ نتیجہ نکالتا ہوں کہ حضرت مؤلف نے ہمہ گیر مذاق سے کام لیا ہے، میں اسکی مثال ایک ایسے آراستہ باغ سے دونگا جس میں مختلف رنگوں کے بیشمار پھول کھلے ہوں۔ اگر ایک ہی رنگ ہوتا تو ایک ہی مذاق والے کی دل چسپی ہوتی اور اب ہر مذاق والا اپنی پسند کے پھول چن سکتا ہے ✤

لوگ سخن فہمی کو سخن وری سے زیادہ مشکل کہتے ہیں۔ یہ ہے بھی صحیح، سخن ور اپنے مذاق کے موافق کہہ لیتا ہے، مگر سخن فہم کو ہر مذاق کی خوبیاں اور باریکیاں فہم رسا کی انگلیوں سے ٹٹولنا پڑتی ہیں، حاصل یہ کہ سخنوری کے لئے ایک ہی مذاق کی ضرورت ہے، اور سخن فہمی کے لیئے ہزار مذاقوں کی، میں دیکھتا ہوں کہ حضرت مؤلف نے قلمرو سخن فہمی پر اپنا ایسا سکہ بٹھا دیا ہے کہ اس کا انکار علم ادب کی عدالت میں ایک جرم قرار پا سکتا ہے، لوگ تو ایک ہی غزل کے انتخاب میں چکرا جاتے ہیں، اور انھوں نے ہزارہا انباروں کو چھان ڈالا، گویا عالم اُردو کے سمندروں کو پیر پیر کر موتی نکالے ہیں ✤

ایک بڑا لطف یہ بھی ہے کہ عبارت سلیس، فصیح، متین اور سنجیدہ تحریر فرمائی جس نے مذاقِ نظم کے ساتھ مذاقِ نثر کو بڑھا کے حُسنِ سخن کو دوبالا کردیا، اور پھر کتاب کو چھپوایا بھی ایسے عمدہ کاغذ پر اسقدر خوشخط کہ آنکھوں میں کھُبی جاتی ہے۔ گویا خمخانۂ جاوید، ایک ایسے معشوق کا نام ہے جو حسین بھی ہے اور نیز تکلّفِ لباس اور جواہر کے زیوروں سے آراستہ بھی۔ مَیں حضرت مؤلف کو جتنی داد کا مستحق سمجھتا ہوں اُتنی داد کے لیئے مجھے الفاظ نہیں ملتے، آخر میں یہ دعا مانگتا ہوں کہ خدا لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے کی عمر میں برکت دے اور اُنکو ایسا تندرست رکھے کہ "خمخانہ کی ابتدا اپنی انتہا کو پہنچے، اور اسکے بعد پھر وہ اُردو کے خزانے کو اور جواہر سے بھرتے رہیں ٭ احمد علی شوق، قدوائی۔ اپریل ۱۹۱۵ء

اقتباس از نامہ عنبریں شمامہ چکیدہ خامہ جواہر سلک فخر شعراء دورِ جدید افتخار عرفی و طالب پیرو مرزا غالب مولانا میرزا رضا علیصاحب وحشت رئیس کلکتہ

مخدومی و محترمی۔ تسلیم و نیاز، گرامی نامہ شرفِ صدور لایا، اِس ذرّہ نوازی کے لیئے ہمہ تن زبان شکر گذار ہُوں، اگرچہ جناب کی زیارت ابتک میسّر نہیں آئی ہے لیکن آپکے غائبانہ مدّاحوں میں ہوں، اُردو لٹریچر کی جو خدمت جناب نے تذکرۂ خمخانۂ جاوید لکھکر فرمائی ہے وہ محتاجِ بیان نہیں ہے، زمانہ جانتا ہے اور مانتا ہے، مَیں اپنے دیوان کا ایک نسخہ خدمتِ عالی میں روانہ کرتا ہُوں اُمید ہے کہ آپ اسکو قبول فرمائیں گے، خمخانہ کی تیسری جلد کے لیئے قطعۂ تاریخ انشاء اللہ بہت جلد لکھ کر بھیجوں گا۔

آپنے جو الفاظ اس حقیر کی شاعری کے متعلق تحریر فرمائے ہیں اگرچہ مَیں اپنے کو ان کا مستحق نہیں سمجھتا پھر بھی شکریہ ادا کیئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

اِس خبر کو دریافت کرکے کہ جناب علیل ہیں بہت افسوس ہوا، دعا کرتا ہوں کہ خدا

آپکو جلد صحتِ کامل عطا کرے کیونکہ آپکی ذات بابرکات سے بہی خواہانِ زبانِ اُردو کی امیدیں وابستہ ہیں ٭ نیازمند رضا علی وحشت، ۲۲ ستمبر ۱۹۱۴ء

اقتباس از تحریر منشی سید محمد نوح صاحب نوح ناروی شاگرد رشید حضرت فصیح الملک مرزا داغ مغفور

خمخانۂ جاوید کی تیسری جلد کا حال معلوم کرکے نہایت خوشی ہوئی، آپ باوجودیکہ اسقدر عدیم الفرصت ہیں لیکن پھر بھی جس مستعدی سے اُردو زبان کی خدمت کئے جاتے ہیں وہ ہر طرح قابلِ قدر ہے لوگوں کے کہنے سننے پر نہ جایئے، اپنا کام کئے جایئے

محمد نوح، ۹ جولائی ۱۹۱۳ء

اقتباس از تحریر منشی علی محمد خان صاحب برق شاہجہانپوری

شہرہ سنا ہے جس سے ترا شوق دید ہے	پوری یہ آرزو ہو مری کیا بعید ہے

آپنے شعرائے ماضی و حال پر وہ احسان کیا ہے کہ زندہ تو زبانِ حال سے شکر گزار ہیں اور گذرے ہوؤں کا دوسرے لوگ تذکرہ پڑھکر شکر گزار ہیں، محمد حسن ۱۶ نومبر

اقتباس از عنایت نامہ مسٹر محمد حیات خان ڈپٹی پولٹیکل سکرٹری ہز ہائنس مہاراجہ صاحب سیندھیہ گوالیار

آپکی مرتبہ کتاب موسوم بہ "خمخانۂ جاوید" کی پہلی، دوسری جلد نظر سے گذری، واقعی آپنے بیحد کاوش سے اِس تذکرہ میں حالات شعرائے ماضی و حال اور اُنکے کلام کے نمونے جمع کیئے ہیں۔ آپ کی اِس بیش بہا خدمت کا جب تک کہ اُردو ادب زندہ ہے زمانہ مرہون منّت رہے گا۔

محمد حیات خان دہلوی - ۱۵ فروری ۱۹۱۵ء

اقتباس از تحریر مولوی محمد یونس خان صاحب بی اے زمیندار آرہ

جناب من! تسلیم عرض ہے، اتفاق زمانہ دیکھئے کہ جلد اول خمخانۂ جاوید ۱۹۱۸ء میں شائع ہوا ابھی تک اِس سے فیضیاب نہو سکا تھا، اب مجھے اس سے فیض حاصل کرنیکا موقع

ملا ہی، واقعی حضرت مؤلف نے سرشارانِ بادۂ سخن کو باخود ہا انٹرڈیوس کرنے اور اُنکے اشعار کے انتخاب اور اُنکی نسبت رائے قائم کرنیمیں جو داد انصاف دی ہی اُسکی شکرگزاری سے سبکدوش ہونا کوئی آسان بات نہیں وہ جہاں ہے جسکے صلے میں حضرات شعرا کی جماعت کو زندگی بھر جناب مؤلف کیلئے دربار خداوندی میں دست بدعا رہنا چاہیے

قطعہ تاریخ از نتائج افکار گہربار محقق کامل فن مشاق قدیم سخنور ماہر منشی رام پرشاد صاحب طاہر دہلوی وکیل گوالیار شاگرد رشید مرزا صابر گورگانی مرحوم

چھپا خمخانۂ جاوید جس دم — پئے تاریخ پھر تو میں نے سوچا
ندا دی غیب دان نے لکھدے طاہر — چہ زیبا ہے بہارستانِ شعرا ۱۳۳۳
لکھی تاریخ دیگر فکر کرکے — دیگر — نسیم گلشنِ اشعارِ عقلا ۱۳۳۳
بصد آب و تاب و بکوشش تمام — یہ خمخانۂ جاوید جس دم چھپا
لکھی میں نے تاریخ فی الفور طاہر — دیگر — گلِ تازہ اشعار فرحت فزا ۱۹۱۵ء
چھپا جب تذکرہ خمخانۂ جاوید — بصد آب و بصد تاب مسجّل
سنِ عیسیٰ میں طاہر نے یہ لکھّا — گلستانِ مسرت خیز بادل

(دلا این گلشن شعار نادر (سنہ ۱۳۳۳ف) — با عیجۂ اشعار مصفا اعلی (سنہ ۱۹۱۵ء) — مکمل مصفا باغ شعرا (سنہ ۱۹۱۵ء)
مخزن اشعار بین (سنہ ۱۳۳۳ھ) — خوشا این باغ (سنہ ۱۹۷۱) — چہا این نادرہ باغ (سنہ ۱۳۳۳ھ)
گلستان شعرائے فائق // — مو بمو باغ سخن سنجان // — غنچۂ نادر زیبا۔ (سنہ ۱۳۳۳ھ)

کسی خانہ کو مبدء قائم کرکے اُس کے اعداد لیجئے اور ایک خانہ چھوڑکر دوسرے کے اعداد لیئے جاویں اِس طرح ایک ایک خانہ چھوڑکر سات خانہ کے اعداد جمع کیئے جائیں سنہ ۱۹۱۵ء برآمد ہونگے۔

از نتیجۂ فکر پربہار پنڈت کامتا پرشاد صاحب مسرور ڈپٹی کلکٹر بجنور

مجموعہ کیا لالہ سیرام نے تالیف — ہر مطلع پُر نور ہے عبرت دہ خورشید
مسرور نے تاریخ دُعائی یہ رقم کی — آباد ہمیشہ رہے خمخانۂ جاوید

از نتائج فکار گہربار منشی کنور بہادر فصیح لکھنوی تلمیذ منشی فدا احمد صاحب انشؔ لکھنوی

حبذا خمخانۂ جاوید را ترتیب داد — برحقِ تالیف میگویم مؤلف را سلام
نامِ آں عالی خیال و پاک طینت برزبان — آید از ترتیب لفظی از سری و ز لفظ رام
ساکنِ دہلی کہ شہرے ہست رشکِ باغِ خلد — پُر بہار و دلکش و دلچسپ مرغوب انام
جلد ثالث ہم بحمد اللہ در پایاں رسید — بہرِ اثباتِ تواریخش چنیں شد منتظام
در حروفِ معجمہ گفتہ بزبر و بینات — شد عجب این یادگارِ شاعران خوش کلام
بود سالِ بکرمی آن عیسوی سالستیں — واقعاتِ شاعراں بہر وقوفِ خاص و عام
سالِ ہجری ہاتفِ غیب از فصیح لکھنوی — گفت دراں نامہ حالاتِ ہنرمندان تمام

۱۳۳۲ھ

تصریحات حروف معجمہ بزبر و بینات

شد عجب این یادگار شاعران خوش کلام

نام حروف	تعداد حروف	اعدادی حرف	جملہ اعداد بکرمی
شین	۳	۳۶۰	۱۰۸۰
جیم	۱	۵۳	۵۳
با	۱	۳	۳
یا	۲	۱۱	۲۲
نون	۲	۱۰۶	۲۱۲
خا	۱	۶۰۱	۶۰۱

۱۹۷۱

گفت دراں نامہ حالات ہنرمندان تمام ہجری

نون	۵	۱۰۶	۵۳۰
تا	۲	۴۰۱	۸۰۲

واقعاتِ شاعران بہر وقوفِ خاص و عام

نام حروف	تعداد حروف	اعدادی حرف	جملہ اعداد عیسوی
قاف	۲	۱۸۱	۳۶۲
تا	۱	۴۰۱	۴۰۱
شین	۱	۳۶۰	۳۶۰
نون	۱	۱۰۶	۱۰۶
با	۱	۳	۳
فا	۱	۸۱	۸۱
خا	۱	۶۰۱	۶۰۱

۱۹۱۴

قطعۂ تاریخ از نتائج افکار شاعر فصیح حکیم محمد اسمٰعیل خان صاحب ذبیح دہلوی

ہاں ذبیح مضطرب منشین خموش و زود خیز
شاید یقین تذکرہ را گو بگیہ و زر بریز

در سیحی دوریابی کیف این سہ آتشہ
طبع شد جلد سوم خمخانۂ جاوید نیز

ع ۱۹ ۱۵

قطعۂ تاریخ از نتیجۂ فکر گرامی واقف رموز شیرین بیانی سخنور یکتا صاحب طبع سلیم منشی سید صمیم علی شاہ صاحب صمیم بلند شہری

کیا ساغرِ جم ذوقِ حیاتِ ابدی ہے
پیمانِ سخن ہے یہی پیمانۂ جاوید

دلدادۂ ذکرِ شعرا یوسفِ جاں ہے
بازار میں ہے نظم کے بیعانۂ جاوید

کسریٰ کا کہاں طاق کہاں قصرِ فریدوں
یہ دائرۂ علم ہے کاشانۂ جاوید

آنکھوں سے چھپا طور کے جلوہ کا ثبات اب
ہے صبحِ مضامین۔ جلوخانۂ جاوید

کیونکر ہو زوال ابرِ وے سلکِ سخن کو
نقطہ ہے ہر اک گوہرِ یکدانۂ جاوید

ہے وحشتِ دیوانِ سخن سر میں ازل سے
ایسا نہ صمیم اور رہے دیوانۂ جاوید

ایمان ہے اپنا تو یہی مصرعۂ تاریخ
واللہ کہ ۱۳۳۲ بے مثل ہے خمخانۂ جاوید

نثر و قطعۂ تاریخ چکیدۂ خامۂ عنبرین شمامہ شاعر خوش بیان سخنور نکتہ دان منشی مظفر حسین مظفر سلیمانی شاہ آبادی مؤلف حیات مسیح و دیگر تصانیف کثیرہ

چونکہ جناب نے احسان کرکے دوسروں کے نام زندہ کرنیکا بیڑا اٹھایا ہے اس لئے اور دل سے آپکی زندگی و صحت کے لیے بارگاہ احدیت میں دست بدعا ہیں اور یقین خاطرِ کمترین ہے کہ یہ دعا درجۂ اجابت کو پہنچیگی مظفر حسین ۱۵ اکتوبر ۱۹۱۴ء

(اقتباس از نامہ مرقومہ ۲۲ ستمبر ۱۹۱۴ء) جناب کی علالتِ مزاجی کا حال معلوم ہوکر دلکو سخت افسوس اور تردد ہوا شافی مطلق جلد جناب کو صحت و شفائے کلی عطا فرمائے اور راقم کمال محبت سے بطور مبارکبادی عسل صحت کا قطعہ لکھے، فی زمانہ آپکا دم مایۂ ناز ہے آپنے وہ کام کیا جس سے علمی نیاز زندہ ہو رہی ہے خداوند کریم آپکو زندہ رکھے اور آپکے ذریعہ اہل کمال کا نام روشن کرائے مظفر حسین سلیمانی ۲۲ ستمبر ۱۹۱۴ء

برآمد چوں پری جلد سوم از بزم خمخانہ | بروئے دہر از تصنیف دلکش زیب غازہ شد
مظفر جست چوں تاریخ بہر سال تالیفش | ندا آمد بہار بوستان عشق تازہ شد

میر رام صاحب کی تالیف سے ہوئی ختم پہلے ہی جلد دوم ایضاً | منظفر اس حصہ کی تاریخ لکھ خداوند نعمت سے جلد سوم

ایسے ساقی کو خداوند سلامت رکھے ایضاً | ذات سے جسکی کھلا باب ہے میخانہ کا
تذکرہ ایسا خوش اسلوب مرصع لکھا | رنگ پھیکا کیا جسنے ہر اک افسانہ کا
تیسری جلد ہوئی مثل پری کے تیار | دور چلنے لگا اب تیسرے پیمانہ کا
جسکو دیکھو وہ ہے سرمست کہ مَیں بھی کیوں | ایک عالم کو ہوا شوق ہے یارانہ کا
بادہ نوشانِ سخن ہیں یہ دعائیں دیتے | باقی زندہ رہے یارب مرے خمخانہ کا
غسلِ صحت ہو مؤلف کو الٰہی حاصل | لطف قائم ہے اِس ذات سے کاشانہ کا
فکر تاریخ مظفر ہے اگر یہ لکھدے | تیسرا دور ہوا عطر ہے میخانہ کا

۱۹۱۴ء

اقتباس از عنایت نامہ و قطعہ تاریخ بنتیجہ طبع وقاد ناثر باکمال ناظم شیر مقال طوطیٔ شکرستانِ فن ڈرامانویسی منشی دنا ناپ پرشاد صاحب طالب بنارسی دام خجاب داغ خضرت راسخ

آپکے تذکرہ کی پہلی جلد میرے پاس ہے اسکو بار بار پڑھا کرتا ہوں، آپنے کچھ ایسی مٹھاس اسکی تحریر میں ڈالدی ہے کہ سو دفعہ پڑھکر بھی نیت نہیں بھرتی، سچ تو یہ ہے کہ یہ تذکرہ لکھکر آپنے وہ کارنمایاں کیا ہے جسپر ہم ہندو جسقدر فخر کریں بجا ہے خدا ایسے فخر ملک و قوم کو سلامت باکرامت رکھے، براہ خداوندی مطلع فرمائیں کہ حرف ط کی نوبت کب آئیگی، اب تو بقیہ جلدیں بھی نکل جائیں تو بہتر ہے کہ ہم لوگ اپنی زندگی میں درشن کرلیں۔ طالب بنارسی ۲۶ مئی ۱۹۱۳ء از بمبئی

عالیجاہا، تذکرہ جلد دوم شرف صدور لایا، ممنون فرمایا، سبحان اللہ کیا خوب لکھا ہے اور کمال کیا ہے، آپنے بیشک خونِ جگر کھایا ہے، آنکھوں کے تیل سے یہ غیرت طور چراغ جلایا ہے ہماری ہندو قوم کے تاجِ افتخار میں ایک نیا اور قابلِ اعزاز طرّہ لگایا ہے خدا آپکو سلامت باکرامت رکھے اور تمام و کمال تذکرہ شائع کرادے، آپکی علالت سے دلکو سخت رنج ہے کیونکہ آپ مالی اور جسمانی

تکلیف اٹھا کر ایک بڑا مفید کام کر رہے ہیں جس پر آپ نے اپنی ذاتی منفعت قربان کر دی، شافی حقیقی آپ کو صحت تامہ عطا کرے۔ طالب بنارسی ۲۰ اکتوبر ۱۹۱۴ء

جب ہوا سلطانِ شرق اسپِ فلک پر سوار — آ کے نقیبِ سحر ہو گیا خدمت گذار
مخزنِ گل شاخسار، مستِ ترنم ہزار — لائی صبا روبکار۔ آئی چمن میں بہار
لالۂ مئی لالہ رنگ، سُرخ رُخِ مے گسار — موج میں دستاں سرا لہر میں ہزار آبشار
شعبدۂ گرگِ چرخ نے پھونک کے سحرِ سحر — کر دیا سادہ سفید سقفِ جواہر نگار
آنکھ کھلی میری جب دیکھا تماشا عجب — طرفہ دورنگی تمام دہر میں ہے آشکار
کوئی ہے آشفتہ حال کوئی پریشان خیال — کوئی شکارِ عیار۔ کوئی ہے دولت مدار
عالمِ ناسوت یہ عالمِ مبہوت ہے — آدمی کیا واسطے آفتوں کا ہے حصار
دام میں ہے ایک کے طائرِ عیش و نشاط — ایک جفا دیدہ ہے شیرِ الم کا شکار
کوئی غمِ ہجر میں جان سے مایوس ہے — کوئی ہے دلدار کے وصل کا امیدوار
ایک جو سردار ہے۔ ایک سردار ہے — ایک کو تحقیر ہے ایک کو ہے افتخار
اشرفِ مخلوق ہے آدمی اس دہر میں — لیکن اسے بھی نہیں دارِ فنا میں قرار
روز ملالِ حیات۔ روز خیالِ ممات — زیست ہے مثلِ حباب، جان مثالِ شرار
ایک نفس کے لیے آفتیں ہیں لاکھ لاکھ — ایک بشر کے لیے عارضے ہیں اک ہزار
سبزۂ خطِ یار سے، نکہتِ لبِ یار سے — سبزۂ بیگانہ دے، آج چمن میں بہار
اس کی شہادت کو صاف باغِ جہاں میں عیاں — ہمسرِ انگشت ہے سرو لبِ جوئبار
شاہدِ معنی ہے آج جلوہ نما یا کہ ہے — ناقۂ اشعار پر لیلیٰ محمل سوار
نقدِ گلِ نظم سے، گلشنِ ایجاد میں — دامنِ دولت ہے آج دامنِ ہر گلعذار
ساقیٔ گلفام نے دی مئی لالہ رنگ — کیفِ دلاویز سے مست ہوئے بادہ خوار
پا کے الم سے فراغ۔ ہو گیا دل باغ باغ — روضۂ امکان میں آج، آئی نرالی بہار

چھاپے کے اک تذکرہ لالہ سریرام نے — نسخۂ اعجاز کا، چھاپ دیا اشتہار
آہ ہوئی آب آب، بن گئی مثلِ گلاب — سینچ کے فرحت کا باغ اسکو کیا آبدار
ایک نئے چاند کا بن گیا عالم چکور — ایک گلِ سرخ کے بن گئے بلبل ہزار
بن گئے موتی وہ آج آکے سرِ شاخِ گل — قطرۂ شبنم سے چرخ گرچہ ہوا اشکبار
لالہ سریرام کے اس گلِ شاداب پر — رشک سے گلزار میں لالہ بھی ہے داغدار
کون سریرام؟ وہ منصف والا حشم — کون سریرام وہ صاحبِ عالی وقار
منصفِ علم و کمال، منصفِ شعر و کلام — آپکے اجلاس کے مہم و ذکا پیشکار
کرم بیاں مدح میں جسکے امیر و غریب — رطب لساں وصف میں جسکے صغار و کبار
نقدِ دلِ دردمند نذر کو لائیں یہاں — بیٹھے ہیں انشا و پر لوگ جو کھائے اُدھار
اسکے طلبگار ہیں عالم و اطراف میں — مفلس و محتاج سے تا بہ سلیمان وقار
دولت و دینار سے محنتِ بسیار سے — ڈالی مؤلف نے طرحِ تذکرۂ خوشگوار
جلد بھی کچھ کم نہیں حبلۂ گل اندام سے — نقطۂ حرفِ کلام — خنجرِ جلوہ شعار
شاعروں کے ہیں کلام حسن بحسنِ نظام — باغِ شگفتہ ہے ایک روح فزا پُر بہار
خط کی کتابت تمام مثلِ خطِ حور وش — کاغذِ شفاف و صاف چہرۂ یمین عذار
حُسن میں ہو انتخاب وصف میں ہو لاجواب — ہے یہ دل آرا کتاب ایسی جواہر نگار
کھائیں مٹھائی تو ہے رجع مفاصل کا ڈر — کھائیں کمائی تو ہو ضعف سے حالت نزار
ایک سے صفرا کا ڈر، ایک سے سودا کا خوف — ایک سے خوں کو ضرر، ایک سے بلغم کو عار
چین کسی طرح سے، دہر میں دل کو نہیں — کونسی اُمید پر، جان کو آئے قرار
زال ہے دنیائے دوں حُسن ہی اسکا فسوں — کون ہوا سپر نثار کون کرے اسکو پیار
قسمتِ انساں نہیں جب گلِ باغِ نشاط — بلبلِ دل کے لیئے، دام ہے ہر مرغزار
بارے پھولوں کے ہیں زیبِ چمن جو نہال — پڑتے ہیں کلیوں کے ہاتھ اُن پہ یہاں بار بار

تار گلِ گل ہے اگر تارِ رگِ عندلیب — دامنِ گل ہے مگر آفتوں سے تار تار
حوضِ چمن ہے اگر چشمِ پُر آب — قامتِ شمشاد ہے واسطے قمری کے خار
دارِ فنا ہے سرا، آج رہا کل گیا — طالبِ دنیا نہ ہو کوئی یہاں زینہار
آئی صدا ناگہاں، طالبِ سینہ فگار — (۲) کھو نہ عبث جانِ زار ہو نہ عبث سوگوار
خانۂ قدرت میں دیکھ آئینہ روزگار — سعدی کی گفتار کو یاد رکھ اے غمگسار
"برگِ درختانِ سبز، در نظرِ ہوشیار — ہر ورقے دفتریست معرفتِ کردگار"
کوئی دمِ اندھیر ہے، کوئی گھڑی روشنی — مظہرِ اسرار ہیں روز کے لیل و نہار
حیرتوں سے انتسابِ دہر کا ہے انقلاب — ہوش ہوا ہے یہاں صبر و خرد ہیں فرار
مرد بہادر مگر مرتے ہیں ایک ہی دفعہ — بزدلوں کو موت ہے آئے دن اور بار بار
آپ سے آتا ہے کون آپ سے جاتا ہے کون — ہے اجل و زیست پر کسکو یہاں اختیار
لائی ہے سبکو حیات، آئی ہے سبکو اجل — ہے کبھی آغوشِ یار، ہے کبھی کنجِ مزار
ہے وہ بشر نیک مرد، ہے وہ شرافت میں فرد — جورۂ تسلیم میں جا کے رہے بُردبار
دیکھ نئے آب کے ایک گلوں کا چمن — دیکھ نئے رنگ کے لالہ و گل کی بہار
نظم کی پیچیدہ زلف دیکھ جسے دیکھ کر — سنبل و ریحاں کی زلف کو بھی ہوا انتشار
آیا ہے وہ شوخ چشم گلشنِ عالم میں آج — دیدۂ نرگس کو بھی جس کا رہا انتظار
طالبِ دل خستہ کی ہے یہ دعائے ولی — دہر میں یہ تذکرہ ہو سندِ روزگار

تاریخ

جب چھپی جلدِ سوم "خمخانۂ جاوید" کی — سننے کی تاریخ کی تفتیش، سُن کر حال طبع
غیب سے پیدا ہوئی ناگاہ ہاتف کی ندا — تذکرہ بقیم سے نکلے گا طالب سالِ طبع
ہے یہ ہزار داستان، کیا ہی عجیب تذکرہ — مونس ہر فریق ہے، غم زدوں کا رفیق ہے
طبع رواں مری ہوئی، طالب سالِ طبع جب — آئی ندائے ہاتفی، تذکرۂ عتیق ہے

تقریظ و تاریخ رنجتہ کلک جواہر سلک شاعر یکتا ناثر بے ہمتا محقق والا نظر سخن گستر

معدن صدق و صفا منبع فہم و ذکا تفیقی منشی نراین پرشاد صاحب مہر شاگرد رشید نواب فصیح الملک مرزا داغ، منصرم محکمۂ تعلیمات ریاست گوالیار

ہر بات جہاں میں شعر اکی ہے نرالی — ہو واقعہ کوئی کہ ہو مضمون خیالی
جادو کا اثر رکھتی ہے لقمہ یرِ دل آویز — انکا کوئی مضمون نہیں تاثیر سے خالی
کٹھسال ہے یا انکی طبیعت ہے الٰہی — سانچی میں ڈھلی نکلی ہے جو منہ سے نکالی
وہ مال ہے انکے سخنِ نغز کی پونجی — جس کا بجز انکے کوئی وارث نہ والی
آزردہ کسی حال میں انکو نہیں دیکھا — سر پر جو پڑی انکے وہ خوش ہو کے اٹھالی
ہر وقت رہا کرتے ہیں خوش فکرِ سخن میں — جاتی نہیں انکے کبھی چہرہ کی بحالی
چپ بیٹھے تو لب پر ہوئی قربان خموشی — کی بات تو ہر بات میں اک بات نکالی
اس طرح چہکتے ہیں یہ گلزارِ سخن میں — گویا روشِ بلبلِ خوش لہجہ اڑالی
سیکھے کوئی ان لوگوں سے اندازِ تکلم — رندوں سے اگر بات کی تو شیخ پہ ڈھالی
جو بات یہ کہدینگے پھر اس سے نہ ٹلینگے — ہٹ جائیں اگر قطبِ جنوبی و شمالی
ہر پھول سے یہ گوندتے ہیں ہار سخن کے — ہے انکی طبیعت چمنِ نظم کی مالی
تشبیہ اگر ڈھونڈتے ہیں سرخیِ لب کی — گلشن سے یہ پھولوں کی اڑا لاتے ہیں لالی
ہر چشمِ گہربار کے اشکوں سے بنا کر — موتی کی پنہا دیتے ہیں یہ کان میں بالی
مرجاتے ہیں یہ دیکھ کے اندازِ خموشی — جی جاتے ہیں سنکر لبِ جاں بخش سے گالی
اللہ رے نزاکت نہ دہن ہے نہ کمر ہے — دنیا سے الگ انکا ہے معشوقِ خیالی
دیکھو تو انھیں پیار کی باتوں میں انھوں نے — کس پیار سے اردو کی زباں تھی کبھی پالی
جس طرح سے چاہیں یہ کریں صرفِ نظم — قدرت نے انھیں سونپی ہے اس گنج کی تالی
جی چاہا تو جاگی ہوئی قسمت کو سلایا — بن آئی تو بگڑی ہوئی تقدیر بنالی
دل میں جو سمایا کوئی انداز جنوں کا — مجنوں کی طرح سر پہ ہیں خاک اڑالی

صحرا میں لگی پیاس تو اشکوں سے بجھا لی
جنگل میں لگی بھوک تو ٹھوکر کوئی کھا لی

زاہد کی مذمت سے کیا ہی کبھی جی خوش
میخانے کی تعریف سے رندوں کی دعا لی

یا ہجر کی شب بند کیے دل میں سب ارمان
یا وصل کی شب حسرتِ دل خوب نکالی

یا دل ہی میں اک شوخ کو مہمان بلا کر
آئی ہوئی سر پر سے گھڑی ہجر کی ٹالی

جنت میں بھی دنیا کے حسیں یاد رہے ہیں
اللہ رے ان لوگوں کی آشفتہ خیالی

عشق الحمد پاک ہے عاشق ہیں اسپر
ہے دل کے مرقعہ میں جو تصویر خیالی

لاتے نہیں چھپ چھپ کے یہ میخانے سے بوتل
واعظ کی پڑی آنکھ تو دامن میں چھپالی

یہ رند سب مست ہیں صہبائے سخن کے
انکے لیے آتی ہے گھٹا جھوم کے کالی

پیتے ہیں یہ ہر وقت مئے ناب سخن کی
خالی کبھی رہتی ہی نہیں انکی پیالی

خمخانۂ جاوید سے مے ان کو پلا کر
ساقیٔ ازل نے کیے خم سیکڑوں خالی

دنیا میں بھی انکے لیے اک بحر کرم نے
خمخانۂ جاوید کی بنیاد ہے ڈالی

اب اس میں یہ سب زندۂ جاوید رہینگے
صورت یہ نئی انکی بقا کی ہے نکالی

خمخانۂ جاوید ہے یا بزم سخن ہے
ہیں اس میں ہزاروں شعرا ماضی و حالی

یہ تذکرہ وہ تذکرہ ہے جسکے سخنور
رکھتے ہیں یہ رتبہ جو ہما اعلی سے بھی عالی

اس تذکرہ میں اب وہ نظر آتے ہیں ہمکو
جن لوگوں کی صورت نہ کبھی دیکھی نہ بھالی

انکے لیے دیکھے ہیں کئی ہند کے قصبے
انکے لیے چھانے ہیں بہت شہر و حوالی

اس کام میں دولت بھی مصیبت بھی اٹھائی
جب جا کے ملے یہ دُرِ مضمونِ خیالی

مشہور سخنگویوں کے لکھے ہیں فسانے
گم ناموں کی گمنامی پہ اک روشنی ڈالی

شاعر جو گرے جاتے تھے پھر انکو ابھارا
بیقدری نے جو بات بگاڑی تھی بنائی

ہر ایک کے اس طرح کیے منتخب اشعار
جس طرح پرکھتا ہے کوئی لعل و لآلی

کلیاں چنیں ہر طرز کی ہر باغ سخن سے
ہر رنگ کے پھولوں سے بنائی ہے یہ ڈالی

حالات دل آویز ہیں اشعار ہیں دلکش
دیکھے انھیں اب آنکھ جو ہو دیکھنے والی

اُٹھے گی کسی کے نہ اُٹھائے سے جہاں میں
یہ پوٹ جو احسان کی ہے باندھ کے ڈالی

مٹنے سے بچایا ہے فنِ شعر و سخن کو
یہ لالہ سرِ رام کی ہے ہمتِ عالی

ہیں نیک دل و نیک منش نیک طبیعت
دل انکا ہے بغض و حسد و رشک سے خالی

ہیں صاحبِ جود و کرم و دولت و ثروت
اللہ نے بخشا ہے انھیں رتبۂ عالی

فاضل نہیں، ہیں ورثۂ افضل کے وارث
عالم نہیں، ہیں مملکتِ علم کے والی

ہے شوق لڑکپن سے انھیں شعر و سخن کا
اِس کام کی بنیاد اسی شوق نے ڈالی

اِس کام کا کیا کہنا یہ وہ کام ہے جس سے
مُردوں کو کیا زندہ تو زندوں سے مُحالی

دیدیکے رُوپے سینکڑوں دیوان لیے ہیں
ایسوں سے جنھوں نے یہ گراں جنس چھپالی

اُن لوگوں کے دیوان بھی چھپوائے انہوں نے
شہرت کو سمجھتے تھے جو اک خام خیالی

بالیں پہ گئے آنکی جو دم توڑ رہے تھے
دب جاتی جو ساتھ لے کے وہ دولت بھی نکالی

پلھٹ سے کیا صاف ہر اک جامِ سخن کو
ہر اک کی پیالی پُو نہیں آنکھوں سے لگالی

ہر طرح سے چمکایا غرض اہلِ سخن کو
حالت شعرا کی بخدا خوب سنبھالی

ہندو کی، مسلمان کی تفریق نہیں کچھ
ہے قابلِ تعریف یہ آزاد خیالی

یہ تذکرہ مجموعہ ہے اشعار کا نادر
تاریخ سخن ہے یہ زمانے سے نرالی

دو جلدیں اِسی تذکرہ کی پہلے چھپی ہیں
اَب تیسری جلد اسکی یہ چھپوا کے نکالی

اِس جلد میں جتنے شعرا جلوہ نما ہیں
ہے مرتبہ اُنکا مری تعریف سے عالی

یُوں اسکی چمکتی ہے سفیدی و سیاہی
جس طرح کوئی رات ہو اُجلی کوئی کالی

ہے خوب لکھائی تو چھپائی بھی ہے مرغوب
ہر طرح سے یہ تُور کے سانچے میں ہے ڈھالی

کیا آب ہے کیا تاب ہے اِس جلد کی واللہ
حُسّاد نے بھی دیکھ کے جاں اپنی جلالی

ہے دیکھ کے اسکو یہ دعا شہر کے لب پر
اللہ کرے اور بڑھے ہمتِ عالی۔

قطعہ تاریخ از رشحات قلم جادو رنگا شاعر نکتہ پرور سخن گستر منشی کاظم حسین صاحب محشر لکھنوی

یہ شاعروں کا تذکرہ یا جام ہے جمشید کا
جی چاہے جس سے ملنے کو مل لو کہ ہیں موجود سب

جانکاہیوں پر آفریں، واہ اے مصنف واہ وا
تحریر میں حالات کے کیا کیا اٹھائے ہیں تعب

زندہ ہیں جس سے زندہ دل مُردوں میں آ جاتی ہے جان
تاریخ اہل فن لکھی محنت اٹھائی روز و شب

دفتر یہ نظم و نثر کا لکھا گیا ہے بے نظیر
جسکے تمام اوراق میں سو سو ترقی سے سبب

محشر نے سال طبع کو یوں خانہ پر لکھدیا
نخانۂ جاوید میں ہے نشۂ حسن ادب

۱۹۱۵

قطعہ تاریخ تراوین خامۂ جادو رنگا مجموعہ فصاحت و بلاغت گلدستہ ذہانت و ذکاوت شاہباز عنائی خیال شاعر بانکا پن و فیسر مولنا حامد حسین صاحب قادری ساکن بچھرایوں و فیسر ڈرو کالج

تذکرہ مطبوع شد "نخانۂ جاوید" نام
ہست این کان سخن جان سخن شان سخن
حامد اگر فکر داری سال ترتیبش بگو
میکدہ گویا کشادہ بہر مستان سخن

۱۹۱۴

ایضاً

دنگ ہیں سارے حسینان جہاں
تذکرہ میں ہے وہ شان دلبری

چھپ کے جب نکلا تو دل نے یہ کہا
آج نکلا تذکرہ سنگر پری

۱۹۱۴ء

ایضا

کیفیتیں درج تذکرہ میں ہیں
سب فن سخن کے ماہروں کی

حامد لکھو سال جلد ثالث
تاریخ ہے یہ بھی شاعروں کی

ایضاً

گل اشعار سخن سنجاں سے
ہُوا آراستہ کاشانۂ نظم

کہدو تاریخ اشاعت حامد
یہ بھی اچھا ہے پر نخانہ نظم

۱۹۱۵

ایضاً

اسی تذکرہ سے ہے رونق سخن کی
کیا اس نے احسان سب شاعروں پر

کہی اسکی تاریخ حامد نے فوراً
یہی بادۂ شاعری کا ہے ساغر

۱۹۱۵

ایضاً

حوریں ہیں جس میں نثر کی جنت یہی ہے وہ
پریاں ہیں جس میں نظم کی وہ قاف ہے یہی

تاریخ ایک مصرعۂ روشن سے ہے عیاں
آئینۂ عروس سخن صاف ہے یہی

۱۳۳۳ھ

ایضاً

شایقِ فنِ سخن کے واسطے — کچھ عجب و غریب مجموعہ ہے یہ
کہدو حامد تذکرہ کا سالِ طبع — ظاہر و باطن میں دونو زیب وہ

۱۳۳۳ھ

ایضاً

یہ تذکرہ ہزار دستان — شائع ہوا یا ہزار تزئیں
جلوہ گستر ہیں تذکرہ میں — اہلِ سخن پسین و پیشیں
ہیں صاحبِ تذکرہ سپہر سرام — بیشک ہیں وہ مستحق تحسیں
وہ رشکِ مصورانِ چیں ہیں — یہ رشکِ نگارخانۂ چیں
دو سال ہیں ایک مصرعے میں — (باغ نیرنگ) و (باغِ رنگیں)

۱۳۳۳

صاحبِ تذکرہ ہیں خود ساقیِ بادۂ سخن — ساقیِ بادۂ عنب آپ سازی کرم نہیں
ساغرِ بادہ ہیں وہ سب شعر جو تذکرہ میں ہیں — جن کے مقابلے میں کچھ قیمتِ جامِ جم نہیں
سال کی فکر تھی مجھے ہاتفِ غیب بول اٹھا — میکشِ شاعری کو بھی میکدے سے یہ کم نہیں

۱۳۳۳

ایضاً

واہ کیا باغِ سخن آج نظر آیا ہے — شادِ ہر شاعرِ اردو کا دلِ نغمیں ہے
شعرا اسکے ہیں مالک تو مولف اسکا — باغبان اسکا ہے اور لائقِ تحسیں ہے
جو غزل اسمیں ہے گلبن سے نہیں شان میں کم — تذکرہ کا جو خریدار ہے وہ گلچیں ہے
بوئے گل سے ہیں سوا روح فزا معنیِ شعر — شاخِ گل شعر ہے ہر لفظ گلِ رنگیں ہے
دیکھی یہ شان تو حامد نے یہ تاریخ کہی — واہ یہ تذکرہ اک گلشنِ نو آئیں ہے

قطعاتِ تاریخ تراوِیدہ خامۂ جادو طراز شاعرِ بے نظیر سخنورِ بے تاثیر منشی گوری شنکر صاحب قیصر اسسٹنٹ چوکی شاگرد حضرت ظہیر مغفور و برادر سخنور با کمال منشی بہاریلال صاحب مشتاق

جلوہ گر یہ گونا حجلتِ دہ مہتاب ہے — آج ہے اللہ کیسا نور افشاں آسماں
کہکشاں ہے آج کچھ عقدِ ثریا کا نکھار — کہہ رہے ہیں کہکشاں کچھ شانِ شنجرفی ہا
دل میں اُتری ہے کہی جاتی ہے آنکھوں میں بہار — رنگِ عارض کیا حسینوں کا شفق میں ہے بہا
چاندنی چھٹکی ہوئی پھیلی ہوئی ہے بوئے گل — باغِ عالم بنگیا ہے رشکِ گلزارِ جناں

کونسا ہے شاہدِ رنگیں ادا جلوہ نما
چھوٹتی مہتاب کے رُخ پر بھی ہیں تنہائیاں

فرطِ عشرت ہر طرف وہ نور برسانے لگا
کر دیا ہے چار جانب ایک نورانی سماں

یک بیک ضرب کی جانب سے اُٹھی کالی گھٹا
بجلیاں سی جس کی رگ رگ میں نظر آئیں طپاں

دُور سے پانی کی لہریں صاف آتی ہیں نظر
اسقدر لبریز ہے ابرِ سیہ دامن فشاں

آ رہی ہیں کیا ہوائیں عطر افشاں سر بسر
ہو گیا جس سے مشامِ جاں بھی رشکِ بوستاں

عطر افشاں ہے صبا تو ابر گوہر ریز ہے
پڑ رہی ہیں آسماں سے ننھی ننھی بوندیاں

ہو گیا ہے صاف اب گرد و درختِ چمن
بن گیا صحنِ گلستاں مثلِ قلبِ صوفیاں

کھل رہے ہیں پھول ہر سو بوئے خوش سے ہر طرف
ہو گئی ہے کیا دو چنداں زیبِ گلزارِ جہاں

شاخِ گل مستی سے آتی ہے نظر ساغر بدست
مست ہو کر اس طرح کچھ جھومتی ہیں ڈالیاں

اک فقط گل ہی نظر آتا نہیں رنگیں قبا
باندھ لیں کلیوں نے بھی سر پر گلابی پگڑیاں

پھر رہی ہیں آج اترائی ہوئی کیا بلبلیں
نغمہ سنجی میں ہے جنکی اک مسرت کا نشاں

سبزہ بیگانہ بھی اب تو بیگانہ نہ بن گیا
سبزہ رنگوں کی طرح ہے سبز سارا گلستاں

دل میں کہتا تھا یہ میں للہ ہے کیسی خوشی
کیوں مسرت ریز ہر سو ہو گیا سارا جہاں

اب نہیں عشاق کے لب پر کہیں آہ و بکا
بیوفائی چھوڑ بیٹھے ہیں حسینانِ زماں

ابروؤں کے بانکپن میں اب نہیں انداز ظلم
اب نہیں ہے تیغ جوہر دار وہ موئے میاں

مطلعِ مہر و وفا کا صاف ہے آنکھوں میں رنگ
مصرعۂ برجستہ گویا بن گیا قدِ بتاں

اب نہیں ترچھی نظر میں تیر کے انداز وہ
اب نہیں لیتی ہے بل کی کاکلِ عنبر فشاں

اُٹھ گیا جور و ستم کا اب زمانے سے رواج
بن گئے ہیں اب جہاں میں عیب سارے خوبیاں

شاہدِ رنگیں ادا نے سحر کچھ ایسا کیا
سب کو یکساں کر دیا ہے اے فقیر نکتہ داں

کچھ خبر بھی ہے تجھے غفلت تری یہ تا کجا
ہو گیا عالم میں اک نازآفریں جلوہ کناں

چھپ گئی جلد سوم خمخانۂ جاوید کی
جس میں لکھا ہے کلام نغز گویانِ جہاں

واہ اے لالہ سریرام اے سخن پیرائے دہر
واہ اے خمخانۂ جاوید کے پیر مغاں

کر دیا مخمور اک عالم کو وہ ساغر دیئے
ہو گئے پُر کیف اس مے کے جو ہیں لذت چشاں

ہے یہ مے اک آتشہ، دو آتشہ، سہ آتشہ
حال ماضی کی ہے اس مینا میں رنگت بیگماں

چھانٹ کر شرائع کیا ہے وہ کلام دلپسند
جسپہ شیدا ہو گئے ہیں کل حسینان جہاں

ہے سکندر کا یہ آئینہ کہ جام جم کہوں
کچھ نہیں سکتا جو لکھے کوئی اسکی خوبیاں

چھپ چکا جب تذکرہ لالہ سریرام آپکا
دی ندا یہ ہاتف غیبی نے مجکو ناگہاں

اسکے چھپ جانیکا سمت تو یہ لکھدے اے فقیر
ہو گیا خمخانۂ جاوید مشہور جہاں

۱۹۷۲

لوگ قربان ہو کے کہتے ہیں
غیرت حور تذکرہ یہ ہے

آنکھیں دنیا کی ہو گئیں روشن
واہ کیا نور تذکرہ یہ ہے

شعلۂ خوشا عروں کا لکھا ہے حال
رونق طور تذکرہ یہ ہے

سال تاریخ ہے فقیر یہی
چشم بد دور تذکرہ یہ ہے

۱۹۱۴

دیگر

سریرام صد آفریں آپ کو
یہ محنت سے لکھا ہے کیا تذکرہ

زبانوں پہ دنیا کی ہے اس کا نام
اسی کا ہے اب جا بجا تذکرہ

مجھے اسکی تاریخ کی فکر تھی
یہی دوستوں میں ہوا تذکرہ

ندا غیب سے آئی لکھدے فقیر
عجب شان کا جاں فزا تذکرہ

عیاں تذکرہ کی ہوئیں خوبیاں
کھلا آج جوہر سریرام کا

فقیر اسکی تاریخ ترتیب لکھ
کہ نامی ہے دفتر سریرام کا

۱۳۳۲ھ

دیگر

لکھا کیا تذکرہ لالہ سریرام
کھلا ہے دہر میں گویا چمن یہ

فقیر اس کا لکھو تم سال ہجری
چھپا ہے اک گلستان سخن یہ

۱۳۳۳ھ

نہ کیوں فیضیاب اس سے ہو اک جہاں
چھپا تذکرہ یہ بڑے کام کا

کہی اسکی تاریخ میں نے فقیر
عجب ارمغاں ہے سریرام کا

۱۹۱۴

لکھا ہے جامع یہ تذکرہ کیا سخنوروں کا ہے حال سارا
جہاں میں ثانی نہیں ہے جس کا دکھائے اِس کا جواب کوئی
کوئی جو خوش ہے تو کوئی غمگیں جہاں میں لاکھوں ہیں دوست دشمن
ہوا ہے مسرور کوئی اِس سے بنا ہے جلکر کباب کوئی
کلام سارے سخنوروں کا لکھا ہے کُل حال شاعروں کا
سُنی نہ دیکھی کبھی کسی نے جہاں میں ایسی کتاب کوئی
چمک یہ کس کی ہے نور کس کا زمانہ جس سے ہے جگمگایا
اُتر کر آیا ہے آسماں سے زمیں پہ کیا آفتاب کوئی
یہ اس کا ہر شعر کہہ رہا ہے کہ منتخب ہوں زمانے بھر کا
ورق ہے یا عارضِ حسیں ہے دکھائے ایسا شباب کوئی
مہک ہے اِسکی وہ روح پرور مشامِ جاں جس سے ہو معطّر
کھلا دیا اک چمن سراسر کرے گا کیا انتخاب کوئی
چمک گئے گوہرِ مضامیں، ہیں شعر سب پنجہ نگاریں
کہ ماند ہوں جس سے ماہ و پرویں دکھائے کیا آب و تاب کوئی
کہیں فروزاں دماغ رنگیں، کہیں نمایاں ریاضِ گلچیں
پیا ہے خونِ جگر کسی نے ہوا کہیں فیض یاب کوئی
دماغ کے ساتھ صرفِ زر ہے یہ ہے سریرام ہی کا حصّہ
کبھی جہاں میں کہیں ہوا ہے فقیر لوں کا میاب کوئی
یہ کس کی ہمت تھی اِس طرح سے کہ تذکرہ شاعروں کا لکھتے
پلائے آبِ حیات سب کو جہاں میں لے یوں ثواب کوئی
خیالِ عالی کو ہے یہ شایاں کہ ناز و نکہیں رہے نمایاں

جواب بنجائے آسماں کا جو سر اُٹھائے حباب کوئی
ضرور سمجھیں گے مکتہ پرور کہ پھول انکے ہیں منتخب تر
نہ ایسی رنگت نہ ایسی خوشبو ہزار دیکھے گلاب کوئی
کیا ہے اے دل کمال کیسا کہ عطر کا عطر کھینچ لائے
دُرِ سخن منتخب کیا ہے گہر فشاں ہے سحاب کوئی
جہاں میں اہل کرم بہت ہیں مگر یہ ہمت کہاں کسی میں
کھپائے یوں جان نثار کوئی لٹائے زر بیحساب کوئی
کہاں ہیں اب ایسے قدر افزا ہر اک ہے نام آوری کا جویا
کسی کو عہدے کی ہے تمنا تو مانگتا ہے خطاب کوئی
بنایا خمخانۂ نگاریں سبیل اس میں ہے رشکِ کوثر
سرور ہے جس کا روح پرور نہ ایسی دیکھی شراب کوئی
بھرا ہے رنگیں وہ اس میں بادہ سہ آتشہ سے بھی ہے زیادہ
دکھائے ایسی کتاب کوئی پلائے ایسی شراب کوئی
ہے رشک صد غنچہ مصرعہ مصرعہ بیان رنگین ہیں سراپا
چمن ہیں یا شعر ہیں یہ رنگیں کھلا گلستاں کا باب کوئی
کہا یہ ہاتف نے عیسوی ہو **قصیدہ** تاریخ طبع اسکی
چھپا ہے کیا تذکرہ یہ نادر نہیں ہے جس کا جواب کوئی
۱۹ ۱۴ ع

قطعۂ تاریخ از تصنیف منیف منشی نبانک پرشاد صاحب شریف ساکن نواح بنارس

بہر تاریخ غنچۂ جاوید — فکر تھی کوئی مختصر کہیے — آئی اتنے میں ہاتف غیبی — اسکو دستور نام عیسوی کہیے
تاریخ ہزار داستان شد — از غیب ہمیں شریف مسموع — دیگر کز فیض مکرمی سریرام — کتب یا باب گشت مطبوع

پے تاریخ گنجینہ جاوید | چشم ہاتف کا یوں اشارا ہے | دیگر | کہ لکھوی شریف سال سکا | تذکرہ نظم عالم آرا ہی ۱۳۴۳ھ

قطعات تاریخ از نتائج فکر نخلبند گلزار معانی طوطی شکرستان خوش بیانی، سخنور نازکخیال منشی پیارےلال رونق دہلوی تلمیذ رشید حضرت راسخ دہلوی صاحب دیوان رونق سخن

پھر بنا ابر سایۂ رحمت — پھر ہے ہر سمت بارش عشرت
پھر بہار نشاط آئی ہے — پھر کھلے باغ میں گل راحت
پھر بچھا فرش سبز مخمل کا — بدلی صحن چمن کی پھر رنگت
پتہ پتہ زمرد ین ہے آج — ہے عیاں حسن جوہر قدرت
نخل امید پھر پھلا پھولا — پھر نظر آئی عیش کی صورت
شاخ ہر گل پہ ہے بہار نئی — ہر شجر کو ملا نیا خلعت
برگ و بار چمن نمونۂ حق — رنگ ہر گل ہے جلوۂ صنعت
لوٹ ہے دل بہار تازہ پر — فرح بخش دماغ کیفیت
نغمۂ طوطیان گلشن ہند — غلغلہ ساز خوبیٔ فطرت
ہر سخن وقف زمزمہ سنجی — بانگ بانگ ترانہ عشرت
کوئی پڑھتا ہے کلمۂ یاہو — ہے کسی لب پہ نعرۂ وحدت

شور بلبل بزنگ ساز آہنگ — نالۂ دل ہے نغمۂ راحت
اب کہاں الغیاث و وا فریاد — کر سکے شور کسکی ہے طاقت
دیکھنے کو نظر میں کلفت دل — صاف روشن ہے آئینہ صورت
مست صہبائے نظم عیش جہاں — لب پہ ہے ذکر ساغر راحت
پھر جما آج رنگ خمخانہ — رنگ پھر لائی مستیٔ عشرت
پھر ہے شور نشاط رندوں میں — جشن شادی کی پھر بجی نوبت

رنگِ دورِ سرورِ بادہ سے
صوفیوں کی بدل گئی نیت

وجد میں جھومتے ہیں مستی سے
ہے نگاہوں میں حسنِ کیفیت

غش ہیں حسنِ مئے سخن پر آج
زاہدوں کی بھی یہ کہاں قسمت

دیکھتے ہی اُدھر سرور آیا
ہو گئے مست بادۂ الفت

کر رہے ہیں طوافِ چشمِ بتاں
کیفِ مستی سے ہے عجب حالت

چھلکے پھر ساغرِ گلِ مضمون
مئے معنی کی پھر کھلی رنگت

رنگ لائے نہ کیوں سرورِ نشاط
دے نہ دورِ خمار جب فرصت

جسکی مشتاق دید تھیں نظریں
جلوہ گر وہ ہوا بصد زینت

رونمائی ہے ایسے شاہد کی
جانِ عشاق جسکی ہے قیمت

یعنی وہ تذکرہ ہوا شائع
جسکی دنیا میں ہو گئی شہرت

ہر ورق رشکِ روئے محبوبان
چشمِ بینا کو جس سے ہو حیرت

سطریں ہیں کاکلِ مسلسلِ یار
مصرع مصرع ہے غیرتِ قامت

بانکپن کی ادا ہے لفظوں میں
نقطہ نقطہ ہے خال کی صورت

دلفریبِ زمانہ ہیں اشعار
شوخیٔ نظم سے عیاں جدت

حسنِ معشوق کی ہے اک تصویر
نقشِ آئینہ، نقشۂ حیرت

اسکی اک شان میں ہیں حُسن ہزار
رنگِ وحدت میں جلوہ گر کثرت

دائروں پر ہے مارۂ نوقرباں
حسنِ تحریر پر فدا شوکت

مطلع مطلع ہے، مطلعِ انوار
جسپہ صدقے ہے مہر کی طلعت

جدولیں رشکِ کہکشانِ فلک
گوشہ گوشہ ہے آفتاب صفت

لوحِ لوحِ جبینِ حورِ بہشت
چرخِ پر جس سے ماہ کو خجلت

دیکھکر رنگِ حُسن کی شوخی
تڑپے خورشید برق کیصورت

رنگ ہیں اس میں وہ عجیب و غریب — بن گیا ہے کرشمۂ حیرت
شانِ مضمون نو میں شانِ جمال — حسنِ معنی میں جلوۂ صنعت
دلفریبی و دلبری اسکی — رکھتی ہے ایک رنگِ محویت
لفظ لفظ اس کا سحر سازِ جہاں — فقرہ فقرہ نمونۂ صنعت
رنگِ صوری پہ معنوی کو فروغ — حسنِ صورت سے ہے فزوں سیرت
ہے یہ ایک جلوۂ ہلالِ عید — انگلیاں اٹھتی ہیں دمِ رویت
طالبانِ جمال کو اپنے — بخش دیتا ہے حسن کی دولت
دل میں بنکر سرور رہتا ہے — خالِ مرد میں نور کی صورت
عطر بیزِ جہاں گلِ مضمون — اسکی ہے ہر دماغ میں نگہت
اس میں ہے ذکرِ شاعرانِ ہند — جن پہ نازاں ہے نازشِ شہرت
ہر سخن ان پہ فخر کرتا ہے — ان سے ہے ہر کلام کی زینت
عہد کے اپنے عرفی و سعدی — دل میں شوخی ہے طبع میں جدت
انکی ہے ہر دلیل میں منطق — ہر سخن میں ہے اک نئی حجت
دخلِ حسنِ کلام میں کسکو — ہو کوئی حرف گیر کیا طاقت
کر دکھاتے ہیں کاہ کو یہ کوہ — اللہ اللہ خیال کی رفعت

علمِ ہیئت میں، علمِ ہندسہ میں — اک کرامت ہے طرفہ ماہیت
ہوا شارے میں طے رہِ مشکل — اک قدم ہے منازلِ وقت
دفترِ نظم دفترِ میزان — ہندسہ ہندسہ ہوا ہیئت
فلسفہ پر اگر اٹھائیں قلم — صفحہ صفحہ ہو دفترِ حکمت
ہاتھ علمِ رمل پہ گر ڈالیں — کھولدیں اک جہاں کی ماہیت
سیرِ سیارگاں سے آئینہ — ہے نجومِ فلک کی سب حالت

نقشہ نقشہ جدا ہے شکل جدا — خانہ خانہ کی اک نئی صورت
حسنِ معنی کی کھینچنی تصویر — اِنکا ہے ایک رنگِ علمیت
گُل کھلاتی ہے شوخیِ مضمون — ہے فضا اسکی غیرتِ جنت
بند کرتے ہیں گوزہ میں دریا — حُسنِ قلّت میں جوہرِ کثرت
توڑ لاتے ہیں عرش سے تارے — لکھتے ہیں خالِ یار کی جو صفت
وہ خیالِ بلند ہے اِن کا — پست ہے جس سے چرخ کی رفعت
دمِ اوصافِ ابروئے پُرخم — خامہ بن جاتا ہے ہلال صفت
ہے علوم و فنُون پر قادر — ہر ہنر میں جہاں پہ فوقیت
اِن کا نیرنگِ طبع ایک طلسم — اِنقلابِ زمانہ ہے حالت
دِل الگ سب سے ہے دماغ الگ — اِنکی خصلت ہے اِک جدا خصلت
رندی و پارسائی ہے شیوہ — ہوشیاری و بےخودی عادت
محفلِ عام اِنکا رنگِ خیال — خلوتِ خاص گوشۂ عُزلت
انکو یکساں کنشت و کعبہ و دیر — دلنشیں ہے خیال کی صُورت
ہے کبھی باغ و راغ میں مسکن — گھر کبھی اِن کا وادیٔ وحشت
ہیں کبھی محوِ یادِ روئے بُتاں — ہے کبھی ذکرِ یار سے نفرت
ہے کبھی معرفت پہ چشمِ ادب — ہے بُتوں سے کبھی انھیں رغبت
رازداں ہیں کبھی حقیقت کے — ہیں کبھی محوِ حسنِ کیفیت
ہیں کبھی فرطِ شوق میں مضطر — کبھی صبر و سکوں سے ہم خلوت
ناتوان و نحیف و زار کبھی — کبھی حاصل جہاں کی قوت
کبھی آہوں کی سرد بازاری — ہے کبھی تیز آتشِ اُلفت
مائلِ سیرِ آسماں ہیں کبھی — کبھی فرشِ زمیں ہیں خاک صفت

گلۂ جورِ آسماں ہے کبھی — کبھی حق سے شکایتِ قسمت
کبھی بیماریٔ فراق نہیں — شربتِ وصل سے کبھی صحبت
دل کبھی یاس و غم کا کاشانہ — آرزوؤں کا گھر کبھی راحت
دل پراگندۂ سخن ہے کبھی — چمنِ نظم سے کبھی فرحت
جلوۂ حسن ہے نظر میں کبھی — کبھی بے نور دیدۂ حسرت
ہیں کبھی ناز کی گل پہ فدا — ہے کبھی بوئے باغ سے نفرت
کبھی ماتم کدہ نظر میں جہاں — خانۂ عیش ہے کبھی تربت
کبھی دلدادۂ حسیناں ہیں — ہے کبھی حورِ خلد کی چاہت
ہے شریعت میں دخلِ شرک کبھی — ہے کبھی ان کو حبِّ بدعت
ننگ و نام و نمود ہیں یہ کبھی — کبھی خواہانِ خلعتِ عزت
کبھی خود کاریوں پہ نازاں ہیں — کبھی فعلِ عبث پہ ہے لعنت
ہے کبھی خوئے انتہائے نیاز — کبھی علم و عمل پہ ہے نخوت
سخنِ تلخ اور لبِ شیریں — زہر میں ہے حلاوتِ شربت
انکی فکر رسا مطیعِ شوق — ان سے کب ہے خیال کو فرصت
نقشِ دل حسنِ نقشِ بوقلموں — ہے نظر میں جہاں کی کیفیت
ہے خودی انکی بیخودی کی مثال — ہوشیاری میں ہی نہاں غفلت
ان سے ہے بزمِ صوفیاں آباد — گرم ہے حال و قال کی صحبت
کبھی مجذوب ہیں، کبھی سالک — متغیر ہے ہر گھڑی حالت
رنگ ڈھنگ انکے سب نرالے ہیں — انکی دنیا سے ہے نئی خلقت
لے غم و درد نے غمِ کالا — ایک ہے انکو عشرت و عسرت
ہوں بیاں وصف کیا مؤلف کے — ہے یہ سب انکے فیض کی برکت

وہ سریرام منبع خوبی — مخزنِ جود صاحبِ ہمت
ذی ہمم، ذی شعور، ذی رتبہ — ذی کرم، ذی تبار، ذی حشمت
نیک دل۔ نیک ذات، نیک نہاد — نیک خو، پاک باز، خوش طینت
خوبی و وضع، اک غلامِ خاص — خادمِ بابِ عام ہے شوکت
لاکھ جوہر ہیں انکی اک خوبی — لاکھ اوصاف انکی ایک صفت
غیر ممکن جو پاس آئے غرور — خُلق سے اُنکے دُور ہی نخوت
ہمہ دانِ جہاں مشیر و انیس — ماہرانِ فنون سے صحبت
انکا اقلیمِ نظم میں سکّہ — ہر دیارِ سخن میں ہے شہرت
جانچ لینا سخن کو نظروں میں — ہے کرشمہ کلام کی صحبت
لکھدیا تذکرہ وہ لاثانی — ہر صفت اُسکی اک نئی ہے صفت
بن گیا کان جوہر و زر کی — اسپہ قربان کی ہے وہ دولت
ہر سخن کو طفیل سے انکے — مل گیا آج متعۂ عزت
انتخابِ کلام نادر سے — شاعروں کی ہوئی فزوں عظمت
نغز گویانِ ہند کو بخشا — شرفِ خدمتِ درِ دولت
حُسنِ ظن ہے کلام سے ظاہر — طبعِ روشن کی آئینہ جودت
دولتِ علم پا گیا گویا — مل گئی جسکو آج یہ نعمت
جو نہ پانا تھا نام وُہ پایا — جو نہ ہونی تھی وہ ہوئی شہرت
ہیں یہ پیرِ مغانِ "خمخانہ" — بھر دی ہر دل میں مستی عشرت
وہ کُنڈھائے ہیں سائرِ مضمون — پائی رندی نے زہد پر سبقت
اِس میں لُطفِ مئے سہ آتشہ ہے — نشہ ہے اِسکا باعثِ فرحت
واعظ و شیخ و صوفی و زاہد — کی ہے اِن سب نے آپ سے بیعت

ہے یہ بنیادِ میکدہ ان سے — دم قدم سے انھیں کے ہے زینت
خوبیٔ دورِ دوم و اوّل — کر گئی سب کو محوِ صد حیرت
صنعتِ حق ہے رنگِ دورِ سوم — جلوہ اس کا ہے جلوۂ قدرت
نقشِ آئینہ جہاں ہے یہ — جامِ جم کی ہے اس میں خاصیت
ہے یہ پیوستۂ سرور و نشاط — اس سے وابستہ ہے مئے فرحت
کوششیں انکی لائقِ تحسیں — قابلِ داد و آفریں محنت
تا قیامت جہاں میں شاد رہیں — سر پہ ہر دم ہو سایۂ رحمت
خیر خواہوں کو انکے عیش مدام — دشمنوں کو نصیب ہو زحمت
حُسنِ خمخانہ، اور یہ تقریظ — ذرّہ کو آفتاب سے نسبت؟
تھا جو رونق کو پاسِ خاطرِ دوست — اُسپہ فرمائشوں کی تھی کثرت
لکھدیا پہلے یہ سنِ ہجری — یعنی عکسِ کرشمۂ حیرت ۱۳۳۳
پھر یہ نکلا قلم سے برجستہ — کہ ہے خمخانۂ مئے راحت ۱۹۱۷ء
پھر کہا اور مصرعۂ رنگیں — ہے عجب دورِ ساغرِ بہجت ۱۹۱۷
پھر یہ تاریخ عیسوی لکھدی — ہے یہ اک حسن غنچۂ فرحت ۱۹۱۵ء

قطعۂ دیگر

ہر بیت اسکی سلکِ دُرِ آبدار ہے — کس آب و تاب کا ہے یہ واللہ تذکرہ
ہے اسکی شانِ حسن پہ چشمِ جہاں فدا — آئینہ سامنے ہے کبھی۔ گاہ تذکرہ
جلوہ ہے اس کا جلوۂ رنگِ بہارِ باغ — ہے دلکشا و دلکش و دلخواہ تذکرہ
تاریخِ طبع اسکی ہے تمت میں آشکار — رونق کہو۔ یہ خوب چھپا واہ تذکرہ ۱۹۱۷ء

دیگر

یہ ہے تذکرہ یا بہارِ بہشت — گلِ نظم کا پُر فضا باغ ہے
سُنو اسکی تاریخ رونق سے تم — سریرام کیا دلکشا باغ ہے ۱۹۱۵ء

دیگر

لکھا ہے خوب لالہ سریرام تذکرہ — گلہائے شعر تر کا کھلا باغِ چمن عجب

اِس باغ پُر بہار کا برجستہ سالِ طبع — رونق سے سُنئے، لُطفِ ریاضِ سخن عجب
۱۹ ۱۵

جب مرتب ہو چکا مرغوب دلہا تذکرہ — دیکھکر حسنِ کلام نغز گویانِ جہاں
دل ہُوا نظّارۂ ہر شعرِ تر سے شادماں — بُوئے گلہائے سخن تھی تازگی بخشِ دماغ
لکھدے تاریخ اسکی رونق ارمغانِ شاعراں — غیب سے آیا بیکایک مژدۂ فرحت فزا
۱۹ ۱۴

چون سرِ پرام تذکرہ بنوشت — گشتہ بنیدہ محوِ از حیرت
جلد سوم باحسن و خوبی — کرد تیار صاحبِ ہمت
مست و سرشار شد بیک ساغر — جرعہ نوشے زبادۂ وحدت
عاشقاں را پیام وصلت داد — یافت ہر دل بشارتِ عشرت
وجد در بزمِ صوفیان آمد — دیدہ باید ز حُسنِ کیفیت
لُطفِ صہبائے عیش یافتہ ام — در کلامے کہ داشت نوعیت
فکرِ تاریخ چوں شنای رونق — داد ہاتف ندا بپیے ہمت
از سرِ ہوش ہست مصرعِ سال — واہ خمخانۂ مے راحت
۱۹ ب

نثر و قطعہ تاریخ از شاعر ناز کخیال ناظم شیرین مقال منشی عبدالخالق خلیق دہلوی تلمیذ منشی چندر بھان کیفی و حضرت سائل دہلوی

یہ دعا ہے خلیق کی حق سے — تذکرہ ہو یہ زینتِ جاوید

حق تو یہ ہے کہ دوسرا ایسا تذکرہ نہیں لکھ سکتا، کُل اہلِ دہلی کو آپ پر فخر کرنا چاہیئے شعرا کے آپ مسیحا ہیں، مردوں کو زندہ کر دیا، اتنا روپیہ خرچ کرنا اور اتنی عرق ریزی کرنی بڑی مشکل ہے، بلکہ غیر ممکن ہے، یہ آپ کو ہی خدا نے غیور دل عطا فرمایا ہے آپکا احسان نہ ماننے کو نسا نادان ہے قطعات تاریخ ارسال کرتا ہوں، گر قبول اُفتد زہے عز و شرف

بارک اللہ کیا زمانہ ہے! — رات ہے شب برات دن ہے عید

جام ملتے ہیں ہر گھڑی ہر دم
بادہ خواروں کو ہے یہ سالِ سعید

پھر چھلکتے ہیں شیشۂ عشرت
پھر لبالب ہے ساغرِ امید

پارسائی کی روح کھنچتی ہے
بادۂ ناب ہو رہی ہے کشید

میکدے پر ہے بھیڑ جوش میں ہیں
توڑ ڈالیں گے رندِ سدِّ سدید

بادۂ ناب کی سبیل لگے
مے گساروں کی ہے یہی تاکید

ساقیٔ مست سے ملا ہے دل
ہاتھ آئی ہے میکدے کی کلید

ہے خدائی کا نور آنکھوں میں
بن گئے جام ساغرِ جمشید

نوٹ پر نوٹ دیر ہے ہیں آج
پیگ پر پیگ کر رہے ہیں خرید

دھول دھپّے کی شیخ سے بھیڑے
ایسے گستاخ ہیں مغاں کے مُرید

دخترِ رز ہے بغل میں رندوں کی
محتسب کو نہ مل سکے گی رسید

آج مے نوش شادماں کیوں ہیں
میکدہ کیا کھلا ہے کوئی جدید

عشرت افزا ہے قلقلِ مینا
بادہ خواروں میں ہو رہی ہے عید

اور جاری ہوا ہے خمخانہ
مے کشی کے لیئے ہوئی تاکید

شیشۂ شعر و سخن کے ڈھلتے ہیں
علم کی ہوتی ہے شراب کشید

روح پرور کہیں شرابِ کہن
عشرت افزا کہیں ہے دورِ جدید

جسکے ہر رنگ میں نرالا رنگ
جس کی تجدید میں نئی تجدید

صفحہ صفحہ ہے روکشِ جاناں
مصرعہ مصرعہ ہے ابروؤں کی کشید

نقطہ نقطہ ہے خالِ محبوباں
مطلع مطلع ہے مطلعِ خورشید

عقدِ پروین ہے ہر سطر اسکی
دائروں میں ہے صورتِ ناہید

تیوری میں پڑے ہوں بل جیسے
اسکے ہر حرف پر ہے یوں تشدید

شاعروں کا ہے حالِ تاریخی
یہ مبارک ہے ارمغانِ جدید

ہے سریرام کا یہ خمخانہ ذات جنکی ہے غیرتِ جمشید
علم کی جاں ہیں آپ ہیں ایم۔ اے حُسنِ ظاہر ہیں جلوۂ خورشید
ایک ہیں اپنے وقت کے نقّاد لوگ کرتے ہیں آپ کی تائید
تذکرہ باغِ جاں فشانی ہے کہہ رہی ہے زباں سے ہمتید
خوب اشعار انتخاب کیئے کردیا ختم حُسنِ قطع و بُرید
صدقے سبحان ہے فصاحت پر آپکے ہاتھ چومتا ہے لبید
یُوں تو سب شعر چھانٹ لیتے ہیں لطف جب ہے کہیں نہو تعقید
اب اگر لکھتے گلشنِ بیخار کرتے بے شبہہ آپ کی تقلید
عاشقوں کا کہیں فسانہ ہے محفلِ یار کی کہیں ہے دید
جوش پر پھر بہار آئی ہے پھر ہرے ہو رہے ہیں زخمِ شہید
بزمِ عرفاں کے سین کھینچے ہیں نور افگن ہے جلوۂ توحید
کیوں نہو آپ خاندانی ہیں والدِ ماجد آپکے تھے وحید
نام مشہور تھا مدن گوپال شان رائے بہادری کی پدید
اونریبل کی عزت افزائی کیا بیاں ہو زباں سے وصفِ حمید
آپ اُنکی ہیں آنکھ کے تارے جلوہ آرا ہیں صورتِ خورشید
دولت و جاہ کی ترقی ہے مرتبے پر نثار بختِ سعید
شوق ہے تذکرہ نویسی کا نام روشن کرے گا کارِ مفید
تذکرہ یہ خلیق ایسا ہے سب کریں اسکو جان و دل سے خرید
پھر تاریخ صاف مصرع ہے بے خزاں گلشنِ بہارِ اُمید ۱۳۳۳

تذکرہ لالہ سریرام نے لکھا ایسا کہنا زیبا ہے زمانے میں جسے جانِ سخن
باغِ مضمون میں چھائی ہیں بہاریں کیا کیا سب شگفتہ ہیں گل و لالہ و ریحانِ سخن

مصرع مصرع پہ فدا اُردو زباں کے شاعر — نکتہ نکتہ پہ ہیں قربان ہمہ دان سخن
لہر میں لیتا ہے سمندر کی طرح حسن کلام — معدن گوہر مضمون ہے یا کان سخن
آپ کس فکر میں بیٹھے ہیں خلیق شاداں — اسکی تاریخ ہے۔ زیب چمنستان سخن ۱۳۳۳

دیگر

کیا پریزاد ہے یہ خمخانہ — جلوۂ حسن پر ہیں سب شیدا
فکر تاریخ ہے خلیق اگر — لکھ چمن بے نظیر زیبا پیدا ۱۳۳۳
واقعی اے خلیق خمخانہ — بے خزاں گلشن مضامیں ہے
ایک مصرع میں دو ہیں تاریخیں — باغ نیرنگ، باغ رنگیں ہے ۱۳۳۳

سریرام ہیں خاندان کے چراغ — عجب نام روشن کیا باپ کا
لکھو بھر تاریخ سمت خلیق — رہے تا ابد تذکرہ آپ کا ۱۹۳۲

دیگر

یہ تعمیری جلد چھپ گئی ہے — اُس تذکرہ کی جو ہے یگانہ
مداح ہیں سب ترے سریرام — کرتا ہے صفت تری زمانہ
گاتے ہیں تری ثنا کے سب گیت — لب پر ہے جہاں کی یہ ترانہ
اِس نسخہ سے تو ہے زندہ جاوید — خم خانہ کا ہے یہ شادیانہ
مصرع ہے کہ سلک دُرِ شہوار — صفحہ ہے کہ گوہریں خزانہ
افسوں بھی ہیں اسمیں شاعروں کے — نیرنگ اہل سخن کا ہے فسانہ
آخر میں ہے اسکے عیسوی سن — بہتر نہیں طول شاعرانہ
لکھا ہے خلیق نے یہ سائل[1] — "ارژنگ سخن نگار خانہ" ۱۹۳۲

قطعۂ تاریخ شاعر خوش بیان منشی سیّد محمد قاسم صاحب حزیں سونی پتی

بل بے باد بہار کی رفتار — ہر گلی کوچہ بن گیا گلزار
عطر بیز نسیم صبح سے — دشت بر زن دکانچۂ عطار

[1] یہ مادۂ تاریخ جناب خلیق کا ہے اور مصرعے مکرمی مرزا سراج الدین احمد خان سائل نے لگائے ہیں۔

قوتِ نامیہ بڑھی ایسی — گل سے پہلے نمود ہیں اشجار
تازگی سے یہ انقلاب ہوا — خار نرمی سے ہیں گلوں کے ہار
ابر نیساں ہے ابر جود و سخا — آب گوہر ہے قلزم ذخار
فلس ماہی کی طرح سے افلاس — پہنے پھرتا ہے جامۂ دینار
پارۂ کاسۂ گدائی میں — سیر کُل جام جم کی ہے اظہار
دیکھو آئینۂ سکندر کو — کیسا حیراں ہے پشت بر دیوار
کیوں ہے پھر یہ تماشۂ حیرت — کیا کسی نوعیت کا ہے اظہار
ہاں کسی مست ارغوانی نے — میکشوں کے لیئے کیا تیار
ایک ایسا عجیب خمخانہ — نام سے جسکے ہو ہر اک سرشار
اے سریرام واہ کیا کہنا — ایسی تلچھٹ کا اور ایسا نکھار
اسکو لکھوں نگار خانۂ چیں — یا کہوں اسکو غیرت گلزار
از سر جوش لکھ خرد تاریخ — ہے یہ بے مثل مخزن الاشعار
لکھ سن ہجری بے سر و بن ہیں — ہے عجائب خزینہ اشعار

۱۳۳۰ھ ۱۹۱۲ء

خلاصۂ تحریر و قطعہ تاریخ از نتائج افکار گہربار ناظم خوش خیال سخنور عدیم المثال منشی جب لال صاحب بعد وکیل و اونریری مجسٹریٹ بھنڈ ضلع گوالیار

خمخانۂ جاوید کی پہلی جلد میرے پاس پہنچی، اسکی ترتیب، لکھائی، چھپائی، اور عمدگی کاغذ کو دیکھکر طبیعت بہت خوش ہوئی، اور عبارت پڑھکر اور بھی خطِ روحی حاصل ہوا۔ آپ کی جانفشانی اور تلاش تہ دل سے قابل داد ہے، واقعی آپنے یہ بہت بڑا کارنمایاں کیا ہے جو تا حشر یادگار رہے گا، اور پڑھنے والے تا ابد جناب کی جانفشانی اور قابلیت کی داد دیتے رہیں گے۔

خوب شعرا را کا تذکرہ لکھّا		خوب کی جان توڑ کر محنت	
باعث افتخار آپ کی ذات		قابلِ داد آپ کی محنت	
اک زمانہ ہے آپ کا مداح		ہر نظر میں ہے آپ کی عظمت	
زندہ جاوید شاعروں کو کیا		کر کے اُنکے کلام کی شہرت	
سچ تو یہ ہے کہ رعد شعرا کو		ملا اچھا ذریعۂ شہرت	
دیکھتے ہی پھڑک اُٹھے شعرا	ایضاً	تذکرہ کیا ہی لاجواب رہا	
سالِ تاریخ کی جو فکر ہے رعد		لکھو یہ انتخاب خوب رہا ۱۹۱۴ء	

تقریظ از نتایج افکار ناشر بالکمال ناظم شیرین مقال منشی چندولال صاحب شفق خلف الرشید منشی بہاریلال مشتاق مرحوم تلمیذ حضرت غالب مغفور

میں نے "خمخانۂ جاوید" کی دو جلدوں کو طبیعت کے ذوق اور دل کے شوق سے پڑھا اور تیسری جلد کو بھی جستہ جستہ دیکھا، شعرائے ماضی و حال کے جامع حالات اور اُنکے کلام کا انتخاب بلا لحاظ مذہب و ملت کے جو کچھ لالہ سریرام صاحب نے کیا ہے صرف اپنی اعلیٰ سخن فہمی کا ثبوت ہی نہیں دیا ہے بلکہ پبلک کو دکھلا دیا ہے کہ سچائی کے ساتھ کس طرح شعروں کا انتخاب کیا کرتے ہیں۔ "خمخانۂ جاوید" سے پہلے اور بھی کئی تذکرے اِس قسم کے میں نے پڑھے ہیں۔ اور میرے خیال میں مولانا آزاد کی کتاب "آبحیات" نے سب پر پانی پھیر دیا تھا۔ مگر اِس کتاب میں بیچارے ہندو شاعروں کو کہیں کہیں فٹ نوٹوں یا حواشی پر جگہ دی گئی ہے اور لالہ سریرام صاحب کے تذکروں میں یہ کمی بھی پوری کی گئی ہے۔ لالہ سریرام صاحب نے پہلے ہر شاعر کا مبسوط حال لکھا ہے۔ پھر اُنکے کلام کا ایسا انتخاب کیا ہے کہ اِس سے بہتر شاید ہی کوئی کرتا۔ آپکی دلی خواہش یہ رہی ہے کہ اُنکی کتاب میں کمال ہنر دکھلایا جاوے اور ہر شاعر مناصب

مناسب پر جگہ پاوے اور پبلک سے انٹرڈیوس ہو، ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند +
مجھے مؤلفِ تذکرہ سے بچپن سے نیاز حاصل ہے، وہ لگاتار پچیس سال سے ہندوستان کے
شعرا کے کلام کے انتخاب میں مصروف ہیں اور نہایت مستقل مزاجی اور محنت سے زر کثیر صرف کرکے اس
کام کو خیر و خوبی کیساتھ انجام دے رہے ہیں، حق تو یہ ہے کہ شعرائے اُردو اور اُردو زبان پر جو احسان
آپنے کیا ہے اور کر رہے ہیں یہ صرف آپ ہی کا کام ہے اور پہلے تذکرہ نویسوں کا نام ہی نام ہے۔
بہری الیشور پرماتما کی جناب میں پرارتھنا ہے کہ وہ مؤلف صاحب کو عمر طبعی عطا فرماوے
اور مخمخانہ جاوید کی ساری جلدوں کو اُنکے ہاتھ سے ختم کرائے۔

یارب ایں آرزوئے من چہ خوش ست		تو بدیں آرزو مرا برساں	

قطعہ تاریخ از نتیجہ طبع وقاد لالہ گوپال سہائے صاحب ساکن گوالیار

سخن سنجو! ابھی دیکھا ہی کیا ہے		چپکے دو جمالِ دورِ ثالث	
کیے گر نوش اتنا دہی ساغر		تو اب رکھنا خیالِ دورِ ثالث	
حیاتِ جاوداں پائینگے شعرا		یہ ہی ہوگا مآلِ دورِ ثالث	
ذرا سمجھے ہوئے تاریخ سن لو		یہ دیکھو ہے، کمالِ دورِ ثالث	۱۳۳۲ھ

از سرِ دوستی و روئے یقین	غایت خط و ہم زبانی سے		برسرِ راہ سالِ عیسائی	خامہ بر کرد و شکر مہ چراغ
الحمد رکن سبد ہائے گل نو	خامہ گلچیں بنکے لایا		گلچیں کی نظر نہی طرز نو پر	دلکو تازہ شگوفہ بھایا
سالِ ہجری سنِ مسیحی	سمت کا پتا بھی ہمیں آیا		ہی صنعت معنوی تو الی	رستا نہیں اک عدو لبھایا
	تاریخ لکھی قلم بھی کھدی		طبع نازک نے چین پایا	

الحمد

	حساب ابجد	برو ے توالی		سبد ہائے		از روے جمل	برو ے توالی		از روے جمل	برو ے توالی
ا	۱	۱					۳۱۴		۴۰	۲۱۰
ل	۳۰	۴۶۵		س	ب	۲	۳	گ	۳	۴۶۵
ح	۸	۳۶		د	د	۴	۱۰			
م	۴۰	۸۲۰		ہ	ہ	۵	۱۵	ن	۵۰	۲۷۵
د	۴	۱۳۳۳ھ		ی	ی	۱۰	۱۹۱۴	و	۶	۲۱
										۱۹۷۱

تقریظ طبعزاد بلبل چمنستان خوش بیانی سخنور باذاق منشی چندربھان کیفی دہلوی نواسہ پرومیر رام چندر صاحب مغفور

آفرین نیک نفس لالہ سیرام ایم اے
تم جیو لاکھ برس لالہ سیرام ایم اے

جی اُٹھے اہلِ سخن سب نے شفا پائی ہے
آپکے ہاتھ میں اعجازِ مسیحائی ہے

دب رہا تھا جو معانی کا خزینہ ابتک
یاد اشعار تھے جو سینہ بسینہ ابتک

زیبِ اوراق کیا زندۂ جاوید ہوئے
ذرّۂ خاک تھے جو مطلع خورشید ہوئے

دھوم آفاق میں خمخانۂ جاوید کی ہے
جلد ہر طاق میں خمخانۂ جاوید کی ہے

"تذکرہ کھیل نہیں تھا کوئی بچّہ کھیلے
عمر بھر آپنے اسکے لیئے پاپڑ بیلے"

خاک پنجاب کی چھانی کبھی بنگال گئے
باکمالوں کی ملاقات کو بھوپال گئے

میرزا داغ سے ملنے کو دکن میں پہنچے
میر محبوب علیخاں کے چمن میں پہنچے

دلّی والوں میں رہے لکھنؤ والوں میں رہے
لطفِ صحبت کے عجب پاک خیالوں میں رہے

چُن لیا پھول وہ جس پھول میں خوشبو دیکھی
لکھ لیا شعر وہ جس شعر میں اردو دیکھی

چار پائی نہ ملی فرشِ زمیں پر بیٹھے
جس جگہ مِل گئے ہمرنگ وہیں پر بیٹھے

آپ کی ہمتِ مردانہ کا خمخانہ ہے
میکشوں کے لئے ہر رنگ کا پیمانہ ہے

بادۂ شعر و سخن پیتے ہیں پینے والے
معرفت سیکھتے ہیں مکّے مدینے والے

مصرع مصرع میں موجود کہیں صدقے کے مزے
عاشقِ زار کو ملتے ہیں محبت کے مزے

جامِ جمشید کی ہے جلوہ نمائی اس میں
میکشوں کو نظر آتی ہے خدائی اس میں

دورِ افلاک کے نیرنگ دکھائے ہیں کہیں
رنگ اُڑتے ہوئے ہر رنگ دکھائے ہیں کہیں

کھینچ لی روحِ سخن رہ گئے دیوان خالی
کر دیئے ہیں مرے گلچین نے گلستان خالی

کیا طلسمات ہے سب رنگِ سخن ہیں اسمیں
ایک گلشن ہے مگر لاکھ چمن ہیں اس میں

دلپسند آپکے گلزار کی گلچینی ہے
سادگی ہے تو کسی شعر میں رنگینی ہے

شہرتِ عام کا دربار بنایا تم نے
بلبلوں کے لئے گلزار بنایا تم نے

مجرا کرنے کے لئے شاعرِ رنگیں آئے
نذر کو گوہرِ خوش آبِ مضامیں لائے

دیکھنا دیکھنا وہ حُسن کے مارے تو نہیں
عشق میں ہمدم و ہمراز ہمارے تو نہیں

اُنکے دیوان میں سو رنگ نظر آتا ہے
ہر ورق مصر کا بازار نظر آتا ہے

چوٹ کرتے ہیں کبھی درد کے مضمون میں
ہجر کی رات دمِ سرد کے مضمون میں

پڑ گئے سوزشِ تپِ غم سے کسی کے چھالے
تیر بن بن کے اُترتے ہیں جگر میں نالے

موسمِ گل میں ہرے زخمِ کہن ہوتے ہیں
ہائے مُرجھائے ہوئے پھول چمن ہوتے ہیں

جبہہ فرسا ہو کوئی سنگِ درِ جاناں پر
کوچۂ یار کو دیتا ہو شرف رضواں پر

روئے روشن کا تصور ہو کسی کے دل میں
شکلِ لیلیٰ کی جھلکتی ہو کسی محمل میں

زلفِ پیچاں کے خیالوں میں کسیکو اُلجھن
گیسوئے یار کے کالوں میں کسی کو اُلجھن

لوٹتا ہے کوئی انداز سے بسمل ہو کر
چشمِ پُرفن نگہِ ناز سے بسمل ہو کر

ناتوانی سے کوئی ہو گیا ایسا لاغر
کہ اجل کو بھی دکھائی نہ دیا بستر پر

آتشِ رشک سے جل جل کے کوئی مرتا ہے
کوئی بدبخت رقیبوں کے گلے کرتا ہے

بعض نیچر کے مرقعوں کے تماشائی ہیں
بزمِ قدرت کے ہر اک سین کے شیدائی ہیں

دن نکلتا ہے تو سورج پہ فدا ہوتے ہیں
رات کو چاند کی سج دھج پہ فدا ہوتے ہیں

توڑ کر عرش سے مضمون کے تارے لائے
چاندنی رات کے نظموں میں نظارے لائے

ہو گئے مست جو گھنگھور گھٹائیں دیکھیں
پردۂ ابر میں بجلی کی ادائیں دیکھیں

مینہ کی بوندوں کو سمجھتے ہیں کہ موتی برسے
باغ کی سیر کو جاتے ہیں نکل کر گھر سے

موجۂ بادِ بہاری کے مزے لیتے ہیں
شعر میں نظم نگاری کے مزے لیتے ہیں

دیکھتے ہیں کبھی اندازِ صبا کا نقشہ
کھینچتے ہیں کبھی پھولوں کی قبا کا نقشہ

لوٹ جاتے ہیں کبھی تختِ چمن کے اُوپر
رشک کھاتے ہیں کبھی بختِ چمن کے اُوپر

برف کے سین پہاڑوں میں دکھاتے ہیں کہیں
آب مضمون کے گنگا میں نہاتے ہیں کہیں
آفریں آفریں اللہ رے قدرت کی بہار
نیچرل شعر ہوئے صنعت صانع کے شمار

نشۂ علم کے سرمست بہکتے آئے
بلبل باغ کی مانند چہکتے آئے
ٹکڑے ٹکڑے ہوئی توبہ پہ مصیبت آئی
وہ برستی ہوئی اللہ کی رحمت آئی
شور رندوں میں مچا دور چلے دور چلے
ساقیا! ہاتھ ملا اور چلے اور چلے
بادۂ ہوش ربا تیر سی دل میں اترے
اسقدر تیز ہو شمشیر سی دل میں اترے
چور ہو جائیں مگر جائیں نہ میخانے سے
عہد شیشے سے تو پیمان ہی پیمانے سے
بزم تہذیب سے جسکی برانڈی دیدے
کوری کوری مئی گلرنگ کی ہانڈی دیدے
زاہد و شیخ کو منہ چھوٹ پلا دے ساقی
پاکبازوں کی انھیں جھوٹ پلا دے ساقی
میگساروں کو کوئی روک نہیں سکتا ہے
جسقدر چاہیں پئیں ٹوک نہیں سکتا ہے
سرخ بوتل میں مے ناب بھری رہتی ہے
کیا طلسمات ہے شیشے میں پری رہتی ہے
ہر غزل شیشۂ مینائی ہے میخواروں کی
پوچھ جنت میں بھی ہے ایسے گنہگاروں کی

حال میں اپنے گرفتار ہیں قومی شاعر
قوم کے رنج سے بیزار ہیں قومی شاعر
ناخدا سوچ میں ہیں کسکے سہارے لائیں
کس طرح قوم کی کشتی کو کنارے لائیں
روز طیار ہیں بگڑی کو بنانے کے لئے
اپنی آواز اٹھاتے ہیں جگانے کے لئے
جاں نثاران وطن قوم کے ہمدرد بنو
رانا پرتاب کی مانند جوانمرد بنو
خدمت قوم سے بہتر نہیں خدمت کوئی
ایسی عزت کے برابر نہیں عزت کوئی
قومیت ایک ہے آپس میں رہو مل جل کے
ایک کی ایک سنو بات کرو کھل کھل کے
دیوبانی میں سناتے ہیں بدر کی نیتی
اپنی بیتی کبھی کہتے ہیں کبھی جگ بیتی
بھر دیا جوش مشاہیر کے افسانوں سے
کہدی گذری ہوئی تاریخ مسلمانوں نے
کون بانی تھا ہر اک علم کے بانی تم تھے
گر تمدن تھا گھڑی اسکی کمانی تم تھے

الغرض لکا فسانہ ہے کہ یہ تھا وہ تھا | نظم میں گذرا زمانہ ہے کہ یہ تھا وہ تھا

اور کچھ لوگ چلے آتے ہیں دیوانے سے | کام بستی سے کچھ انکو ہے نہ ویرانے سے

ہیچ ہے عالم امکان نظر میں ان کی | خاک ہیں عیش کے ساماں نظر میں انکی

نقش بر آب سمجھتے ہیں پرستانوں کو | منظر خواب بتاتے ہیں شبستانوں کو

نفس سرکش کے لیے آگ ہو دلمیں روشن | خواہشیں پھونک دیں ویراگ ہے ایسا شن

بے ثباتی کے زباں پر ہیں برابر اشعار | دل پہ برچھی کیطرح لگتے ہیں اکثر اشعار

کہہ رہی ہیں کہ جوانی نرہی ہو نہ رہے | بہتے دریا میں روانی نرہی ہو نرہے

بلبل و لالہ و گلزار کوئی دن کے ہیں | نازو انداز و طرحدار کوئی دن کے ہیں

واقعی مرگ ترشنا[1] ہے سراب ہستی | بلبلے بن کے بگڑتے ہیں حباب ہستی

عمر ہے حضرت انساں کی تماشے کیطرح | سیر دنیا ہے فسونگر کے تماشے کیطرح

پیکر حسن جہاں نقش ہے پر چھائیں کا | کون رہتا ہے سدا نام ہے سائیں کا

خود فراموش تصوف کے قلندر آئے | ایسے دربار میں بھی گدڑی پہن کر آئے

جلوۂ حسن ازل کعبۂ دل کے اندر | ہو ہمہ اوست ہمہ اوست کا نعرہ لب پر

ایسے مجذوب کہیں ہیں تو کہیں کی باتیں | عرش کی کہتی ہیں پوچھو جو زمیں کی باتیں

انکے اشعار ہیں توحید کی یکتائی ہیں | آپ ہی آپ نظر آتے ہیں تنہائی میں

رام تیرتھ کی طرح کہتے ہیں آزاد ہیں ہم | سچدانند ہیں آنند ہیں دلشاد ہیں ہم

ماسوا ذات حقیقی ہے کوئی اور نہیں | وہم کا سانپ بھی رسی ہے کوئی اور نہیں

کثرت ذات نہیں ایک ہے نور عرفاں | آپ ہی ذات احد آپ ہی ذات انساں

آپ ہی عبد ہوئے آپ ہی معبود ہوئے | آپ ہی سجدہ کیا آپ ہی مسجود ہوئے

آپ ہی پھول بنے آپ ہی گلزار بنے | آپ ہی گل کے لیے بلبل بیمار بنے

آپ ہی آپ ہیں ہم غیر کا کچھ کام نہیں | ذات مطلق میں کہیں شکل نہیں نام نہیں

[1] سراب

"در حقیقت دگرے نسبت خدائیم ہمہ | لیک از گردش یک نقطہ جدائیم ہمہ"

الغرض رند ہیں ہر رنگ کے خمخانہ میں | دور ہیں مے کے کبھی بنگ کے میخانہ میں
خوب سر چشمۂ اعجاز بیانی کھولا | خوب گنجینۂ اسرار معانی کھولا
قدر ہے حسن مضامیں کے خریداروں میں | بھاؤ یوسف کا گر اس مصر کے بازاروں میں
ایک سے ایک ہے خمخانہ کا دفتر بھاری | علم و تہذیب کے ہیں چار سمندر جاری
جلوۂ بزم جہاں ست کہ خمخانۂ تو | آفریں باد بریں ہمت مردانۂ تو
تذکرہ نور نظر جان کے پالا گھر میں | چوکھی جوت کا رہتا ہے اجالا گھر میں
آپکا نام سریرام کریگا روشن | جو خدا چاہے مرادوں سے بھریگا دامن
مدرسے والے سجائینگے کتب خانوں میں | مشرقی لائبریری میں کلب خانوں میں
ناز بردار بنائینگے پریزاد اسے | اپنی رکھیں گے بغل میں ستم ایجاد اسے
آپ جب گلشن امید کا پھل پائیں گے | مطرب بزم یہ کیفی کی غزل گائیں گے

تا ابد آپ کا خمخانۂ جاوید رہے | رات دن لالہ سریرام گھر عید رہے
دولت و جاہ کے دروازے پہ ہاتھی جھومیں | چومتی نقش قدم شوکت جمشید رہے
تازگی بخش ہے دہلی کی نسیم عشرت | باغ عالم میں شگفتہ گل امید رہے
حسن اخلاق سے روشن ہو زمانہ سارا | جلوہ آرائے جہاں جس طرح خورشید رہے
تذکرہ آپنے بے لاگ لکھا ہے ایسا | جس میں تردید نہ تائید نہ تقلید رہے
ایسے خالات کہاں گلشن بیخار میں تھے | لطف لکھنے کا اسی میں ہے کہ تجدید رہے
کون ایسا ہے سخن فہم جہاں میں نقاد | جسکی تحریر میں ہر شعر کی تنقید رہے
ہر کرہ و مہ کے لئے برقی ہے یکساں نظری | آپکے علم میں حل عقدۂ توحید رہے
آرزو ہے کہ ملے قند مکرر کا مزا | کہدو کاتب سے کہ شعر پہ تشدید رہے
جگمگا رنگ تو کیفی نے نکالی تاریخ | دور ہو ہند میں خمخانۂ جاوید رہے

۱۹۱۵ء

تقریظ و تاریخ رنگینہ کلک جواہر سلک شاعر یکتا ناثر بے ہمتا محقق والا نظر سخن گستر معدن صدق و صفا منبع فہم و ذکا شفیقی منشی نرائن پرشاد صاحب مہتمم مدرسۂ دلداغ منصرم محکمہ تعلیمات گوالیار

سودا سُلف کی خرید و فروخت کے لیئے شاہجہانی لشکر کے مختلف زبان کے لوگوں نے آپس میں بات چیت کر کے اُردو کا ایک اَن گھڑ ڈول ڈالدیا تھا جس صورت میں تم اسے آج دیکھ رہے ہو یہ شعراء کی بدولت نصیب ہوئی ہے، جن لوگوں نے اِس زبان میں سخنگوئی اختیار کی اُنھوں نے ثقیل و کریہہ الفاظ کی کاٹ چھانٹ، نادر تراکیب اور سریع الفہم محاورات کی بھرت سے سہکو ایسا مانجھا صاف کیا کہ اس سے بیگموں کے محلوں کی زینت، شاہی درباروں کی رونق ہوئی۔ ملک کی ساری زبانوں سے زیادہ فصیح، زیادہ مہذب بنکر یہ شرفا کی زبان کہلائی، دِلّی میں اِسکی ٹکسال قائم ہوئی اور اُردوئے معلّی اس کا نام رکھا گیا، مگر آہ زمانے کی نیرنگیاں کسی چیز کو ایک حالت پر نہیں رہنے دیتیں، عروج و زوال ہر شے کے لیئے لازمی ہے۔

دیکھو ایک وہ وقت تھا جبکہ ولی گجراتی نے پہلا شعر کہکر ہندوستان میں اُردو شاعری کی داغ بیل ڈالی، شاہ حاتم، فغان، خان آرزو نے اسے بڑے نازوں سے پالا مظہر جانجاناں، میر سوز، میر نقی، میرزا سودا، میر درد نے اسے پروان چڑھایا۔ مصحفی، انشا، جرأت نے اِسکے آتش رخسار سے آنکھیں سینکیں، شاہ نصیر، مؤمن، ذوق۔ غالب، معروف، عارف، تیر، رخشان نے اسکے شباب کی بہاریں لوٹیں اور تمام ہندوستان میں اپنی اُستادی کا ڈنکا بجایا، ایام غدر کی ہلچل اور مغلیہ سلطنت کے انتزاع نے اِسکے چہرے پر کچھ جھائیاں سی ڈالدی تھیں کہ آزردہ، شیفتہ، منیر، سالک، کوکب، عزیز، انور، ارشد، بشیر، صابر، رشک، شاکر، قلق، ثاقب، مبین، طالب، زکی، شیدا، مجروح کی رسا فکر مشکور سعی کے ہاتھوں نے اُبٹنا ملکر پھر وہی جوانی کی چمک پیدا کردی، اور

آخر میں تو جہاں اُستاد فصیح الملک حضرت داغ دہلوی نے اپنی درد انگیز شاعری، سادگی زبان، صفائی بیان، معاملہ بندی، اور فصاحت کلامی سے اِس حُسن کے پُتلے کو چار چاند لگا دیئے، یہ تو اس کا عروج تھا۔ مگر ابتدا ہی سے اِس گھٹنیوں چلتے ہوئے بچے کی باتیں کچھ ایسی پیاری اور محبت کی پوٹ تھیں کہ بہت جلد یہ اُمرا اور رؤسا کا کھلونا بن گیا، شعرا کی وہ پُوچھ گچھ ہوئی کہ سب انھیں آنکھوں پر جگہ دیتے اور جی کھولکر انکی قدر کرتے تھے، امرا کی انجمنوں کی گرمی تھی تو انکے دم سے، سُلطانی بارگاہوں کی رونق تھی تو انکے قدم سے۔

یا ایک یہ زمانہ ہے کہ جن شاعروں نے اُردو کو خراد پر اُتار کر سڈول کیا اور سُقم و اغلاط سے پاک کر کے سانچے میں ڈھالا جنکی کوششوں سے اسے معراج ترقی میسر ہوئی جنکے احسانوں سے اس کا حرف حرف نقطہ نقطہ گرانبار ہے اُنھیں آج کوئی نہیں پوچھتا اُنکی اب کوئی آؤ بھگت نہیں کرتا، ولی کی ٹکسال ٹوٹ گئی، نئے سکے ڈھلنے بند ہو گئے، پُرانے سکوں پر بٹا لگنے لگا، ایک طرف سے سارا کارخانہ ہی درہم برہم ہو گیا، پھر بھی لے دیکے چند دکانیں رہ رہی تھیں جن پر یہ سکے چلتے تھے مگر اُن میں بھی بہت سی بند ہو گئیں، چند باقی ہیں۔ ابتو جناب حالی، حضرت ظہیر، جناب اشک، حضرت نوح ناروی، جناب بیخود دہلوی، نواب سراج الدین احمد خان سائل دہلوی، جناب وجاہت، خان بہادر اکبر حسین اکبر۔ افسر الشعرا آغا شاعر۔ اور انکے جیسے چند اور نفوس رہ گئے ہیں۔ جنکی شیوا بیانیاں اسے گرما رہی ہیں ورنہ بزم سخن تو کب کی تہ و بالا ہو چکی ہے۔

یا اللہ یہ کیسی ہوا چلی ہے کہ تقریر اور تحریر دونوں میں خود رنگی اور خود آہنگی پیدا ہو گئی ہے، نہ زبان سے واسطہ نہ روز مرہ سے غرض، نہ بندش کی چستی نہ محاورے سے مطلب، جو جسکے مُنہ میں آتا ہے کہہ ڈالتا ہے، جو جسکی قلم سے نکلتا ہے لکھ مارتا ہے اور تو اور صرف نحو کی پابندی بھی ضروری نہیں رہی۔ اِس وقت ادبی دنیا میں ایک

شور انگیز آپا دھاپی پڑی ہے، قیامت کی ہماہمی مچی ہے، غیر زبانوں کے درست اور غیر مرکوط الفاظ کی جا بیجا ٹھوسم ٹھاس، غلط سلط محاورات کی بھرمار، اُلٹے پلٹے فقروں کی گھڑت غیر مانوس ترکیبوں کی کھپت سے ایک عجیب مست بچھڑی زبان بن رہی ہے جسکے کھرے کھوٹے کی کسوٹی بھی نہیں، اور پھر لطف یہ کہ ہر نا آشنائے زبان زباندانی کا دم مارتا ہے ہر ناواقف علم لسان استادی کا دعوی کرتا ہے، ہاں اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ کہ علوم و فنون کی کتابوں کے ترجموں سے علمی اور فنی اصطلاحات کا ذخیرہ بڑھتا جاتا ہے مگر ساتھ ہی ان میں کتنی ہی کتابیں وہی ہیں جنکی زبان ٹکسالی اردو نہیں ہے۔ کیا ایک فصیح زبان کی ہڈیاں پسلیاں توڑ مروڑ کر اُس میں چند نئے الفاظ اور اصطلاحوں کا اضافہ کر دینا ہی زبان کی ترقی ہے؟ ناواقفوں سے بحث نہیں، اہل زبان اور زبان دان اس بات کو ضرور محسوس کر رہے ہیں کہ اب اردو زبان اپنی اصلیت اور فصاحت سے روز بروز گرتی جاتی ہے۔

اس پر آشوب زمانے میں جب آپس کے جھگڑوں نے مذہبی تعصبوں سے زبان کا اچھی طرح ستیاناس ہو رہا ہے اس بات کی سخت ضرورت تھی کہ اردوئے معلی کے ٹکسال چڑھے سکے اور وہ بیش بہا جواہر جو سالہائے مدید کی بے گمان محنتوں سے ہمارے شعرائے نامدار نے بہم پہنچائے ہیں نہایت احتیاط اور دور بینی کے ساتھ محفوظ کئے جائیں تاکہ آنے والی نسلیں اُن سے فائدہ اُٹھائیں۔ خدا کا شکر ہے کہ اس ضرورت کی اہمیت کو خدا کے دو بندوں نے عین وقت پر محسوس کیا ہے، مولنا سید احمد دہلوی نے فرہنگ آصفیہ اردو زبان کی مبسوط لغت لکھکر اس زبان کے نثر و نظم کے ہزاروں لاکھوں ظرف پاروں کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے، اور ہمارے معزز دوست لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے مصنف دہلوی نے شبانہ روز محنت شاقہ اُٹھا کر "ہزار داستان" کے نام سے اردو شاعروں کا ایسا بڑا تذکرہ لکھدیا ہے جس میں ولی سے لیکر آج تک کے نومشق شاعر تک موجود ہیں۔ پھر یہ

بھی اک حسن اتفاق ہے کہ ان دونوں گرانمایہ تالیفوں کو اعلیٰ حضرت قدر قدرت نظام الدولہ نظام الملک آصف جاہ قدردان سخن میر محبوب علیخان بہادر شاہِ دکن کا عہد معدلت مہد ملا اور آصفی قدردانیوں کا سہرا انکے سر بندھا۔

لالہ سریرام صاحب دہلی کے ایک صاحب اقتدار رئیس، آنریبل رائے بہادر لالہ مدن گوپال صاحب مرحوم ایم۔ اے بیرسٹرایٹ لا کے خلف الصدق اور رائے بہادر ماسٹر پیارے لال صاحب ٹیچر ان کے لائق بھتیجے ہیں، سری رام صاحب کے نام نامی سے کون واقف نہیں، مگر مجھکو یہاں یہ ظاہر کرنا ہے کہ آپ یونیورسٹی کے کوئی معمولی ڈگری یافتہ یا نئے پٹیوخیا امیر نہیں ہیں بلکہ ایک قدیمی علم دوست خاندان کے رکن اور پوتڑوں کے رئیس ہیں۔ آپکے مورث اعلیٰ دربار اکبری کے رکن رکین مومن الدولہ عمدۃ الملک راجہ ٹوڈرمل بہادر نے جس طرح اس بے آئین ملک کی ارضی پیمایش کرکے مالی آئین باندھا تھا۔ آپنے بھی اسی طرح ملکِ سخن کی برسوں کی جانچ پڑتال کے بعد یہ تذکرہ بنام تاریخی "مخزنہ جاوید" لکھکر مردہ شاعروں کو زندگی جاوید اور زندہ سخنوروں کو بقائے دوام کا پٹا لکھدیا ہے۔

اس سے پہلے ملک کے بعض شعرا اور سربرآوردہ اہل قلم نے اردو شاعروں کے اور بھی چند تذکرے لکھے ہیں مگر جس تحقیق انیق اور کوشش بلیغ سے "مخزنہ جاوید" کے مؤلف نے تذکرہ نویسی کا حق ادا کیا ہے اس پر نظر کرکے ہم اس تذکرہ کو اردو شعرا کے مرقع کا اولیں نقش کہیں تو بیجا نہ ہوگا، موازنہ سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان تذکروں کے مؤلفوں نے صرف مشہور شعرا کے حالات اور کلام کے نمونے لکھے ہیں اور ہزاروں شعرا کو جو زمانے کی سرد مہریوں کے ہاتھوں کنج گمنامی میں پڑے تھے ہمسے روشناس نہیں کرایا برخلاف انکے اس تذکرے میں جواہر سخن کے مالدار جوہریوں کے سجے سجائے صندوقوں اور کم مایہ خوردہ فروشوں کی تھیلیوں پوٹلیوں کی جانچ ایک ہی جوہر شناس نظر سے کی

گئی ہے، اِس لیئے اُردو میں فصاحت، بلاغت، تحقیق، تدقیق، تلاش، جستجو۔ انتخاب و تنقید کے لحاظ سے "خمخانۂ جاوید" انشا پردازی اور فنِ تذکرہ نویسی کا بہت مکمل بہت اچھا نمونہ ہے اِس تذکرے کی ترتیب کے لیئے ہمارے عالیقدر مؤلف نے بدو شعور سے ہی سیکڑوں اساتذہ ماضی و حال کی تصنیفوں کو انگریزی تعلیم کے پہلو بہ پہلو اپنے درس میں پیش نظر رکھا۔ ہندوستان کے اکثر مشہور مقامات کا دورہ کیا۔ تقریباً تین ہزار پرانے اور نئے شعراء کا کلام فراہم کیا، شہرت کو خیالِ باطل سمجھنے والے دبے چھپے شاعروں کو ڈھونڈ نکالا۔ کہنہ مشقوں کو جو مشقِ سخن چھوڑ چھاڑ کر اور ہی طرف ڈھل گئے تھے اُبھارا، نو مشقوں کا دل بڑھایا، اور زرِ خطیر صرف کر کے قلمی اور مطبوعہ کلیات، دیوان، مجموعہ بیاض، رسالے۔ گلدستے خرید کر کے اسقدر اکٹھا کیئے کہ آج آپکے ہاں اُردو کلام کا ایک اچھا خاصہ کتبخانہ جمع ہو گیا ہے۔

پھر جس تذکرے کی ترتیب میں سترہ اور اشاعت میں بحساب اوسط بارہ سال صرف ہوں۔ جسکی پانچ جلدوں میں سے پہلی تین ہی جلدیں اب تک نکلی ہوں۔ جسکی اوسط ضخامت تین ہزار صفحوں سے اُوپر ہو جسکی سوانح نگاری اور اشعار کی چھانٹ چھنٹ میں دس ہزار آٹھ سو پچاسی راتیں سفید اور دن کالے ہوں، جسکی تدوین و اشاعت میں مؤلف کے ہزاروں روپیہ پانی پھرے جسکی بزمِ سخن میں تک بند اور دو مصرعی شاعروں کا گذر نہ ہو جسکی انجمن سچے اور اعلیٰ پایہ کے شعراء سے سجے جسکی کلامی تنقید میں دھڑے بندی اور جانب داری سے کام نہ لیا گیا ہو، اُس تذکرے کی جامعیت اور عمدگی کا مرتبہ اور تذکروں کے مقابلے میں کیونکر بلند نہ ہوگا، ہماری رائے میں یہ تذکرہ ایک نہایت ہی اعلیٰ درجے کا تذکرہ ہے، اور اسکے مؤلف کی محنت جانفشانی، بلند خیالی، بالغ نظری، ایثار نفسی، دریا دلی صرف تحسین و آفرین اور قدر دانی ہی کے لائق نہیں بلکہ اُردو ادب کی تصنیف و تالیف کی تاریخ کے صفحوں پر آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے۔

باایں ہمہ اس ضخیم انجمن مذکرے کی دوسری جلد کے چھپتے وقت بعض حسّاد نافہم نے چند اخباروں میں مضامین لکھکر بہت کچھ زہر اُگلا ہے، اور دلی بغض کے جلے پھپھولے پھوڑے ہیں، انکی تحریروں کا جواب مہذب پیرایہ میں منشی چندی پرشاد شیدا دہلوی اپنی تقریظ مطبوعہ جلد دوم میں خوب منہ توڑ کے دے چکے ہیں۔ انکے لیئے یہاں ہم صرف یہی شعر پڑھکر چپ ہو جائینگے۔

چشم بد اندیش کہ برکند بد باد	عیب نماید ہنرش در نظر

ہاں اِس تقریظ کے لکھنے کے لیئے لالہ صاحب موصوف نے جو خط ہمارے پاس بھیجا ہے اُس کا یہ فقرہ "باوجود اسقدر دماغ سوزی اور صرف کے ملک نے اِس تذکرہ کی کچھ قدر نہ کی" ہمارے جسم میں ایک نہایت درد انگیز سنسنی پیدا کر رہا ہے، انگلستان جیسے علم ادب کے قدردان ملک میں جہاں آجکے دن ہزاروں معمولی درجے کے حکایت نگار اُجلی گذران زندگی بسر کرتے ہیں اگر اتنی بڑی نادر الوجود کتاب لکھی جاتی تو غالباً مؤلف کو اتنا صرف کرکے اسے کوڑیوں کے مول دیڈالنے کی ضرورت نہوتی۔ ایک ادنیٰ دارالاشاعت اُسکی ترتیب و اشاعت کا بار اپنے سر لے لیتا اور کتاب کے طبع ہوتے ہی اُسکی تمام جلدیں ہاتھوں ہاتھ بک جاتیں، شاید دس پانچ اشاعتوں کی نوبت آجاتی اور پھر بھی تشنہ لبانِ سخن کی ان اوسوں پیاس نہ بجھتی۔ اسوقت جب یہ کہا جاتا ہے کہ ہمارے ملک میں ادبی تعلیم روز افزوں ترقی کر رہی ہے ملکی علم ادب کی ایسی بیقدری نہایت افسوسناک ہے۔

بدقسمتی سے آجکل کے تعلیم یافتہ اصحاب اور اُردو ادب کے جہلا کو ناواقفیت فن کے باعث اُردو شاعری کی طرف سے ایک طرح کی بے اعتنائی ہی نہیں بلکہ چونک پیدا ہوگئی ہے، اُنکا خیال ہے کہ اول تو شاعری ہی فی نفسہ کوئی ضروری چیز نہیں۔ دنیا سے سارے شاعر نابید ہو جائیں تو بھی دنیاوی کاروبار اور انسانی طرز معاشرت میں کوئی کمی

یا ہرج نہیں ہوسکتا، اور اُردو شاعری تو محض حسن و عشق کی داستان ہونے کے باعث مخرب اخلاق ہی ہے۔

اِن دونوں مادی ترقی ہی انسانی ترقی کی معراج سمجھی جاتی ہے، سائنس مادیات کی ترقی پر بحث کرتا ہے، غالباً یہ خیال سائنس کے اُصول پر مبنی ہے، جنھیں روحانیات سے کوئی واسطہ ہی نہیں، ورنہ حقیقت میں تو مادی اور روحانی دونوں طرح کی ترقی کے بغیر انسانی ترقی کی تکمیل ہو نہیں سکتی، کیونکہ انسان میں روح اور مادہ دونوں چیزیں موجود ہیں جس طرح مادی اشیا کی ترقی سائنس کے اُصول کی واقفیت پر موقوف ہے، اِسی طرح روحانی ترقی استغراق، تخیل، مناظرِ قدرت کے مشاہدے، اور فنونِ نفیسہ کی قدردانی پر منحصر ہے، موسیقی اور مصوری کی طرح شاعری بھی ایک نفیس فن ہے بلکہ اس کا مرتبہ اُن دونوں سے برتر ہے، شاعر کی طبیعت قدرتی مناظر کے جذبات و خیالات کا خزانہ ہوتی ہے، وہ انکی تصویریں اپنے جادو کار قلم سے کھینچتا ہے جن کو دیکھکر دوسروں کے دلی جذبات جوش میں آتے ہیں، اور دلی جذبات کے جوش سے روح کو ترقی ہوتی ہے پس انسانی ترقی کے لیئے شاعری بھی ایک ضروری چیز ہے، عالم موجودات کی ہر شے میں حُسنِ قدرت جلوہ گر ہے، انسانی حُسن بھی قدرتی حُسن ہے، حسن قدرت کے مشاہدے سے دلی جذبات جوش میں آتے ہیں، انسان مخلوقِ اشرف ہے، اسکے حسن و عشق کے جذبات بھی برتر ہیں، برتر جذبات کے برانگیختہ ہونے سے روح کا اوجاج منصور ہے، اِس لیئے عاشقانہ شاعری انسانی ترقی کے لیئے ضروری ہے۔ مخرب اخلاق نہیں اب رہا یہ امر کہ انسانی حسن و عشق سے سفلی جذبات برانگیختہ ہوتے ہیں۔ یا علوی۔ یہ زیادہ تر سامع کی دلی تربیت اور حالت پر منحصر ہے، اُسکے خیالات ادنیٰ ہونگے تو ادنیٰ جذبات جوش میں آئیں گے اور اعلیٰ ہونگے تو اعلیٰ جذبات برانگیختہ ہونگے، اِس لیئے عاشقانہ شاعری ہر انسان کے دل پر یکساں اثر نکرے مگر کسی حسن و عشق کے شاعر کا

مفہوم انسانی فطرت کا حیوانی حصہ نہیں ہو سکتا۔

بات یہ ہے کہ اس مادی ترقی کے زمانے میں لوگوں کا روحانی مذاق گرا ہوا ہے اور حسن پرستی جو فلسفۂ حسن کے مطابق مہذب سوسائٹی کا اعلیٰ عنصر ہے مخرب اخلاق سمجھی جاتی ہے اس وقت ملک اس تالیف کی قدر کرے یا نہ کرے مگر وہ وقت بھی ضرور آئیگا جب ان تمام شعرا کے دل سے نکلی ہوئی دعائیں جنکو اس میخانۂ جاوید کی شراب ناب کے نشے نے ہمیشہ کے لیے سرخوش و تر و تازہ کر دیا ہے مستجاب ہونگی، اور طالبان ادب اس ادبی تالیف کی قدر کرکے مؤلف کو دعائے خیر سے یاد کرینگے۔

طرب و عیش کا آنکھوں میں سماں تھا کیا کہیے
کھنچی جاتی تھی نظر بس گل و ریحاں کی بہار

تھا غضب جلوۂ نیرنگیٔ خوبان چمن
تھی ستم شیوۂ بدمستیٔ مستاں کی بہار

موسم گل کی ہوا نے وہ ہوا باندھی تھی
کہ ہر اک برگ خزاں تھا چمنستاں کی بہار

شامل فصل بہاری جو ہوئی تھی برسات
تھی عجب روح فزا ابر بہاراں کی بہار

کثرت عیش سے بدلی تھی یہ غم کی صورت
وصل کی شب سوا تھی شب ہجراں کی بہار

دشت پر خار میں بھی دیکھ کے سبزے کی نمود
یاد آتی تھی بہت کوچۂ جاناں کی بہار

پھول بن بن کے نکلتے تھے شرابے دل سے
پھلجھڑی تھی کہ تھی آہ شرر افشاں کی بہار

دیکھکر اسکو کلی دل کی نہ کھلتی کیونکر
اک نئے ڈھنگ کی تھی اک نئے عنواں کی بہار

شادی و عیش تھا جی خوش تھی طبیعت میری
میرے چہرہ پہ کھلی تھی دل شاداں کی بہار

پھول جھڑتے تھے دہن سے مرے ہنگام کلام
قابل دید تھی میرے لب خنداں کی بہار

مجکو حیرت تھی یہ کیا بات ہے یا رب خدا
نظر آئی ہے جو یوں عیش فراواں کی بہار

غیب سے آئی ہیں کان میں میرے آواز
گلشن اس عہد سے ہے ایک زمستاں کی بہار

تو کہ رشک مہر و ماہ ہے جو لکھا ہے
جسپہ سو جان سے قربان ہو گلستاں کی بہار

جس کا "میخانۂ جاوید" ہے تاریخی نام
جس کا ہر جام ہے میخانۂ مستاں کی بہار

جس کا ہر حرف ہے معنی و بیاں کا زیور
جس کا ہر لفظ ہے اردو کے دبستاں کی بہار

جس کا ہر غنچہ ہے گلزار سخن کی رونق
جس کا ہر پھول ہے گلزار حسیناں کی بہار

جسکے عنواں پہ ہے مدحت آصف مرقوم
جسپہ ہے نام محبوب علی خاں کی بہار

تیسری جلد اسی کی یہ چھپی اب کے برس
دیکھئے اس میں ہے کی طبع غزلخواں کی بہار

انتخاب سخن اس طرح کیا ہے جس سے
نظر آتی ہے ہر اک شعر میں دیواں کی بہار

پوچھنا نظم کا کیا نثر بھی وہ لکھی ہے
جس کا ہر فقرہ ہے نظم دُر غلطاں کی بہار

کاغذ اچھا ہے چھپائی بھی بہت اچھی ہے
طبع رنگیں بھی ہے رنگ رخ خوباں کی بہار

طبع رنگیں کا جو لکھنا تھا مجھے رنگین سال
دیکھیئے چہرے سے میرے دل جویاں کی بہار

مجھسے ہاتف نے کہا کس لیے خاموش ہو مہر
دیکھ یہ جلد سوم گلشن رضواں کی بہار

۱۳۳۵

دیگر

کیا سر رشتہ دہادی نے یہ تذکرہ لاجواب لکھا ہے
شاعروں کے کلام کا اس میں انتخاب انتخاب لکھا ہے

ہیں سوانح بھی زندگی کے درج عمر کا بھی حساب لکھا ہے
جلد ثالث یہ اس کتاب کی ہے جسکو با آب و تاب لکھا ہے

اس میں ہیں جلوہ گر فصیح الملک کیا فصاحت کا باب لکھا ہے
کیا ہو انکے کلام کی تعریف جو لکھا لاجواب لکھا ہے

اور بھی شاعروں کے شعروں کا بے مثال انتخاب لکھا ہے
ہو نہ کیوں اس کا یہ شباب حسن اس میں حسن شباب لکھا ہے

سب نے جب اس کتاب کو پڑھکر منتخب لاجواب لکھا ہے
مہر نے اس کا زبر و بیّن میں سال بھی "انتخاب" لکھا ہے

۱۳۳۴

سر رشتہ کا وصف کیا کروں میں وہ عالم و وہ فاضل، وہ قابل، وہ لائق
سخنور نہیں تو سخن فہم ہیں وہ سخن سے ہیں یوں بھی تو اُنکے علائق

لکھا تذکرہ وہ اُنھوں نے کہ جس کا ۔۔۔ بڑی مدتوں سے زمانہ تھا شائق
ہے یہ تیسری جلد اُس تذکرے کی ۔۔۔ لکھائی چھپائی ہے سب اسکی فائق
اسے دیکھ کر میں دعا دے رہا ہوں ۔۔۔ کہ ہو یہ الٰہی پسندِ خلائق
نہ سوچو نہ سمجھو، نہ پوچھو، نہ ڈھونڈو ۔۔۔ اگر مصرعۂ سال کے تم ہو شائق
کہو مہر انکار کا سر اُڑا کر ۔۔۔ "سریرام صاحب کی تالیف فائق" ۱۳۲۳ھ

(نوٹ) اِس مادۂ تاریخ میں "ر" کو "ی" مان کر حسب قاعدہ مروّجہ دس عدد لیے ہیں

ہیں سری رام ایک دہلی کے رئیس ۔۔۔ علم و بذل و خلق میں ہیں لاجواب
تذکرہ لکھا اُنھوں نے اک ضخیم ۔۔۔ ہے وہ اُردو نظم کا نادر نصاب
کی ہے محنت سالہا سال اسقدر ۔۔۔ کر دیا برباد ایامِ شباب
ہمنو جب جانیں کوئی اِس طرح کی ۔۔۔ لکھ تو دے اتنی بڑی ایسی کتاب
ہے جو یہ مہر انتخابِ منتخب ۔۔۔ اِسکی ہے تاریخ، عطرِ انتخاب ۱۳۲۳ھ

بتائید یزدان و فضلِ الٰہ ۔۔۔ چولا لہ سری رام رنگیں رقم
رقم کرد خمخانۂ شاعران ۔۔۔ کہ از نشۂ بادہ اش سرخوشم
بنا در جُمل سال خمخانہ مہر ۔۔۔ بدیہہ نوشتم، سرورِ دلم ۱۹ء

دیگر در صنعت شتار

قطعۂ تاریخ از نتائج افکار گرامی بزم آرائے گلشنِ سخندانی واقف رموز نکتہ دانی شیفتگی و مکرمی کنور بدری کرشن صاحب فروغ وکیل دہلی و رئیس سکندرآباد

فروغ آج کیوں ہے تو آشفتہ حال ۔۔۔ ہُوا کیا ترا کس طرف ہے خیال
نسیمِ سحر نے یہ مژدہ دیا ۔۔۔ کہ دامانِ صحرا گلستاں بنا
ہوا نکہتِ گل سے پھر آشکار ۔۔۔ کہ اب آگیا موسمِ نوبہار
ترے سامنے اک شگفتہ ہے باغ ۔۔۔ پراگندہ پھر کیوں ہے تیرا دماغ

پھر اس باغ کی سیر بھی ہے ضرور — طبیعت کو دے اپنی سُور و سرور
ہے سبزہ سے سرسبز صحن چمن — گلوں سے ہر اک شاخ ہے گلبدن
ہوا آج رونق فزا سبزہ زار — کھلے پھول آئی ہے تازہ بہار
گلستاں میں ہر شاخ نوخاستہ — ہے پھولوں کے زیور سے آراستہ
ہے شمشاد و قمری کا باہم وصال — غزلخواں ہے طوطی شیریں مقال
ترنم سرا سوسن دہ زباں — تحیر فزا نرگس بوستاں
ہیں گلہائے رنگیں کہیں خندہ زن — کہیں نغمہ خواں بلبلانِ چمن
درختان سبز و خوش الحاں پرند — چمن کی بڑھاتے ہیں رونق دوچند
زمیں پر جھکی ہے ہر اک شاخ گل — نہو مجھکو کیوں خواہش جام مل
مٹا اب جہاں سے نشانِ خزاں — مگر ہے یہی باغ، باغِ جنان
تمامی شہنشاہِ ملکِ سخن — ہوئے آج رونق فزائے چمن
ہر اک کا نیا طرزِ تحریر ہے — ہر اک ماہر علم تسخیر ہے
ہر اک اپنی تحریر سے سحر ساز — ہر اک محو حیرت بسوز و گداز
ہر اک کا جُدا رنگ آیا نظر — ہر اک نے دکھایا ہے اپنا ہنر
غرض ہے یہاں جمع سب کا کلام — اسی تذکرہ کا ہے نخلستان نام
سر رشتہ ایم اے کی تالیف ہے — کہ جسکی زمانے میں توصیف ہے
خرد ور، خرد مند، عالی خیال — سخندان، سخن سنج، صاحب کمال
لیاقت شرافت ہے اُسکی عیاں — ثنا گو ہیں سب اُسکے اہل جہاں
مؤلف کی تالیف کو دیکھکر — ہُوا دل میں میرے سُرور اسقدر
کہ مَیں بھی اُسی کا ہوا مدح خواں — مگر میرے خامہ کو طاقت کہاں
کہ اُسکی صفت میں کرے کچھ رقم — یہاں پر شکستہ ہے میرا قلم

یہ ہے اُسکی سب کوشش و جستجو
کہ حاصل ہوئے گوہرِ آرزو

زمانے میں ہر ایک نے یہ کہا
سریرام صد مرحبا مرحبا

کیا جمع یہ دفترِ شاعراں
مضامین پنہاں ہوئے سب عیاں

یہ اوصاف ظاہر ہیں اُسکے صریح
کہ تحقیقِ حالات سب ہے صحیح

وہ رنگیں عبارت وہ شستہ کلام
وہ ترکیبِ مضموں و ترتیبِ نام

ہر اک کے مضامین کا ہے انتخاب
غرض انتخاب اُس کا ہے لاجواب

وہ تحریرِ خوشخط وہ کاغذ نفیس
عیاں جس سے ہے صنعتِ خوشنویس

ہیں جتنے سخن سنج شیریں مقال
مفصّل لکھا اِس میں سب کا حال

مٹا دہر سے جن کا نام و نشاں
مکرّر ہوئے زندہ سب بے گماں

جو موجود ہیں اُن کو آبِ بقا
اِسی جامِ خمخانہ سے مل گیا

یہ تحریر کارِ مسیحائی ہے
کہ اِس سے صدا دمِ باذن آئی ہے

اِسی سے ہوئی خضر کی ہمدری
ہوئی آبِ حیواں کی افسونگری

زمانہ میں اسکی یہ شہرت تمام
کیا اسنے خضر و مسیحا کا کام

نتیجہ یہ اُسکی طبیعت کا ہے
یہ دفتر اُسی کی لیاقت کا ہے

جب اِس تذکرہ کا ہوا اختتام
ہوا طبع کا اُس کے پھر انتظام

ہوئیں طبع دو جلد با آب و تاب
کہ ہیں خوبی و وصف میں لاجواب

چھپی آج یہ تیسری جلد بھی
کہ جس کی اشاعت کی اُمید تھی

ہُوا مجکو بھی فکرِ تحریرِ سال
کہا دل نے کیوں ہے یہ وہم و خیال

سنِ عیسوی کے ہوں حاصل نکات
جو دیکھے حسابِ زبر بیّنات

تو تاریخ گوئی میں فرزانہ ہے
یہ لکھدے، سوم جلد خمخانہ ہے

اگر سالِ ہجری کا ہے خواستگار
تو ہر حرفِ منقوطہ کو کر شمار

فروغ اس کا ہے سال ہجری یہی | کہ ہے سومین جلد خمخانہ کی
۱۳۲۳

تقریظ تراوید خامۂ جادو طراز سحر پرداز فاضل یگانہ دہر ناثر عدیم المثال ناظم نظامی خیال پرور فقید خواجہ عبد المجید بی اے رئیس دہلی خلف الرشید خواجہ عبد الرحیم خان بیدل مرحوم

مرضِ عصبیت عام است و چارہ ناپیدا، ہر کس بخیال خویش دعوی انصاف و لاف عدل میزند ہمہ سودائے خام، عدل معدوم و انصاف نایاب، اگر پاسداری نیشن (یعنی ملت) عصبیت نیست پس چیست، انسان انسان است چہ سفید و چہ سیاہ، چہ از اروپ چہ از حبشہ سیاہی و سفیدان خار است، و سفیدی دردیدۂ سیاہان ناخنہ وار، تعصب مبنی بر اختلاف اقالیم نیست، بلکہ ہر ملک و حصص ملک خلاف دارند، در ہند این قضیۂ نامبارک بیشتر از پیشتر اشاعت یافتہ، از ابتدائے آفرینش اختلاف مذہب مورث فتنہ و فساد بود، مگر دریں زمان نامسعود اختلاف زبان ہم در فتنہ خیزی کم مرتبہ نیست، و این فساد و عناد بیشتر از ہم زبانی می خیزد و کمتر از تباین السنہ، یکے گوید کہ زبان دہلی درست ست و زبان لکھنؤ نادرست، آں ثقیل است و این لطیف، ندانیم در زبان چہ ثقیل و چہ لطیف، ہر چہ لطف دارد لطیف است، و این بحث بے لطفی افزاید، پس بدتر از ثقالت باشد، موازنہ دبیر و انیس را دیدیم و بر طبع وقاد شبلی آفریں گفتیم۔ مگر این بحث انیساں و دبیر را خوش نمی آید۔ و باعث رنجش خاطر شود، این مسئلہ ذوق شاعرانہ است و کسے بر خاطر دیگرے جبر نتواں کرد، اگر کسے دبیر را دوست دارد دباچرا او را دوست نداریم اگرچہ شیفتۂ انیس باشیم، ہمچنیں اگر شمار دادہ محاورہ لکھنؤ ہستید چشم ما روشن دل ما شاد، ما زبان دہلی را پسندیدہ می کنیم و با ہم بحث و اردنیست ۔

ہر کہ خدمت میکند مخدوم باشد و سزاوار تحسیں، و خوبتریں نعمتے کہ انسان از خدائے بزرگ یافتہ کلام ست، و کلام الٰہی بر آں گواہ، پس بہترین خدمت خدمت کلام باشد و ہر کہ دریں کار زیبا مشغول ست مرغوب ست و ستایش را سزاوار، آں مرد کیست

کہ اکنوں از دم و قدم دریں کار سعی بلیغ می نماید، و در صحت و رنجوری این شغلہ را از دست ندہد، ہر چہ میگویم نفس لامرست نہ ز اثر خائی و بیہودہ سرائی، مخدوم من ہمچنین ست، اگر خلاف می گویم تجسس را راہ ست و دروغ گو را سزا، و جلد سوم خمخانۂ جاوید بر دعوی من گواہ، لالہ سیر رام صاحب ایم اے۔ دریں باب وکیل من ست و ہم ممدوح من، اگر کسے دریں زماں مثل او باشد بنمائید، و مرا شرمسار سازید، او تہمت والا برایں کار گماشتہ و خود را مثال ساختہ و وا می نماید کہ ہر کہ تعصب ندارد چنیں باشد و پیش روی کار از ذات او و استگی دارد، کلامے کسی را زندہ داشتن مانند آنست کہ او را زندہ می داریم، پس ایں مرد یک تنہ ہزاراں مردگاں را حیات جاوید بخشیدہ و ہم خود را زندۂ جاوید کردہ، ہرگز آں کس نمیرد کہ نام نیکوئے او در جہاں جاری باشد و ذکر جمیل او در روزگار ساری، و این بندۂ حقیر کہ سطورے چند بر آں کتاب نایاب می نویسد مثل خاک راہ است کہ بہ دامن بزرگاں می آویزد و از دستیاری دامن از پستی بہ بلندی گراید، حاشا کہ تمنائے بلندی در سر دارم چرا کہ ایں وقار من نا سزا را سزاوار نیست۔ اگر کسی گوید پس ایں خامہ فرسائی چیست در جواب میگویم تعمیل ارشاد مخدوم ست و چوں امر مرشد مجبور شدم و امید کہ معذور دارند ختم کلام بر دعا می نمایم، مخدوم را ثناہائے بلند و دعاہائے ارجمند می خوانم، فقط

رقم زدہ ۱۴ ار فروری ۱۹۱۵ء۔ احقر اللہ عبد المجید

تقریظ از نتائج افکار دربار کان فصاحت جان بلاغت استاد الوقت یادگار اساتذہ سرگروہ ارباب صدق و صفا عالیجناب کمالات انتساب مخدومی و مخدومی نواب سعید الدین احمد خان طالب جاگیردار لوہارو رئیس دہلی یادگار نواب ضیاء الدین احمد خان بہادر نیر رخشان مرحوم

اللہ جلشانہ کی نعمتیں لاتعد و لاتحصیٰ ہیں، منجملہ نعمائے الٰہی کے ایک نعمت علم بھی ہے، جو اس نعمت کا شائق ہو، جسکو یہ نعمت حاصل ہو واقعی وہ خوش نصیب ہے اور جو اس نعمت کے ساتھ صاحب تالیف و تصنیف بھی ہو اسکو مہا خوش نصیب سمجھنا چاہیئے، چنانچہ مؤخر الذکر وصف کا موصوف اور مصداق اس مقال کا حال فرخ فال

ستودہ سیر نیکو منظر لالہ سریرام صاحب ایم اے سلمہ اللہ تعالیٰ، میرے دیرینہ دوست آنریبل رائے بہادر لالہ مدن گوپال صاحب ہیکنٹ باشی کے فرزند ارجمند کا ہے شائق علم اور حصولِ علم کے لحاظ سے تو وہ ایم۔ اے۔ ہیں جو آجکل کی طرز تعلیم کی معراج کمال ہے، رہی تالیف وتصنیف سو یہ تذکرۂ خمخانۂ جاوید کی تالیف نے انکو اتنا بڑا خوش نصیب ثابت کیا ہے کہ اگر وہ اول درجے کے دولت مند اور صاحبِ ثروت ہوتے، اور اس دولتِ لازوال سے محروم ہوتے، تو اہلِ علم وفن کی نگاہ میں کبھی انکی اتنی وقعت نہ ہوتی جواب ہے ؎

قاروں ہلاک شد کہ چہل خانہ گنج داشت	نوشیرواں نمرد کہ نام نکو گذاشت

مجھ سے مؤلفِ مذکور متقاضی ہیں کہ تیسری جلد کے لیئے کوئی تقریظ لکھوں، امتثالِ امر ضرور ہے، تقریظ تو کیا خاک لکھونگا۔ یہ تو جن کا مرتبہ ہے انہی سے ہوگا، مگر ہاں چند سطریں یوں ہی برائے نام لکھدونگا، لیکن جو کچھ معترضِ تحریر میں آئیگا، پیرانہ سالی، مختلف عوارض کا ہجوم، بے مشقی، سب سے بڑھکر بے مائیگی کی وجہ سے کنایۃً یہ شعر حضرت لسان الغیب اسد اللہ خان غالب رحمۃ اللہ علیہ کا لکھکر آئیگا۔ ؎

مجھ سے غالب یہ علائی نے غزل لکھوائی	ایک بیداد گر رنج فزا اور سہی

خمخانۂ جاوید کی پہلی اور دوسری دونوں جلدیں میں نے فرداً فرداً بالاستیعاب نہیں، بلکہ جستہ جستہ دیکھی ہیں، اللہ رے مؤلف کی محنت شاقہ اور واہ رے اسکی سلاست زبان، خلوصِ دل سے حفظ مراتب کا خیال، انتخابِ اشعار میں سلیقہ شعاری، تذکرہ کے طبع کرانے میں اسکے کاغذ، لکھائی، چھپائی، اور ترتیب کا حسنِ انتظام، یہ سب باتیں مؤلف کی دماغ سوزجانکاہی کے علاوہ اسکی طبیعی تہذیب اور شائستگی کی بھی خبر دیتی ہیں، سخنورانِ امصار ودیار، اور دانشمندانِ روزگار اسقدر اس تذکرۂ ہزار داستان کے محاسنِ نظم ونثر میں تحریر فرما چکے

؎ علائی تخلص انہی بزرگوار فخر الدولہ نواب علاء الدین احمد خاں بہادر مرحوم رئیس لوہارو ۔

ہیں مشکل نہیں بلکہ سخت دشوار ہے، کہ اُن پر کچھ اضافہ کیا جائے، اور اگر پہلو بچا کر کچھ لکھا بھی جائے اور از ہزار یکے، واز بسیار اندکے، پر قناعت بھی کیجائے تاہم اُنہی مضامین کی کاسہ لیسی ہوگی جو ضبطِ تحریر میں آچکے ہیں، اور تحصیل حاصل کسطرح بیوقعت و بیکار، مگر یہاں ایک امر واقعی کا اظہار ضرور ہے، جو کچھ میں عرض کرتا ہوں، یہ سوء ادبی پر محمول نہ ہو، بلکہ یہ اصول پیش نظر رہے کہ ہر منتقس اظہار رائے میں آزاد ہے، حضرت استادی مطاعی و مولائی جناب حالی رحمۃ اللہ علیہ نے جو اس تذکرہ کی دوسری جلد پر تقریظ تحریر فرمائی ہے، اور اُس میں ترقیم فرمایا ہے، کہ "مسلمانوں پر سخت الزام لگایا جاسکتا ہے کہ انھوں نے باوجود ایک ہزار سال کے ہندوستان میں آباد ہونے کے سنسکرت اور برج بھاشا کی طرف آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھا" یہ الزام یا اعتراض تو بیجا ہے، مگر قدرے قلیل اس میں خامی بھی ہے، وہ یہ کہ اس الزام میں ہندو صاحبانِ تصنیف و تالیف کو بھی شریک کرنا چاہیئے، صیغۂ تصنیف و تالیف نظم و نثر اُردو میں مسلمانوں سے ہندو ۲/۳ کا حصہ متناسبہ ضرور رکھتے ہیں، اگر بیہی کمی یا لغزش اُنکی تالیف و تصنیف میں بھی پائی جاتی ہے، تاہم مسلمانوں کی جانب سے ہم کچھ پیش کرسکتے ہیں جو مسلمانوں نے سنسکرت یا بھاشا کی خدمت یا قدر و منزلت کی ہے، اکبر بادشاہ مرحوم کے زمانہ میں مہا بھارت کا ترجمہ فیضی نے کیا جسکو سنسکرت کا شاہنامہ کہنا بیجا نہ ہوگا، فرملی ارمنی نے جوگ بسشت کا ترجمہ کیا۔ جو ہندو دھرم کی خاص مواعظ حسنہ کی کتاب ہے، داراشکوہ کی سرِ اعظم یہ بھی سنسکرت کا ترجمہ ہے اور اس میں از سرتا پا سنسکرت کے الفاظ بھرے پڑے ہیں ملک محمد جائسی کی پدماوت خاص بھاشا میں ہے، حضرت[1] قبلہ امم مرحوم نے حسب التماس خواجہ امان صاحب مرحوم مترجم بوستانِ خیال[2] ریاض الابصار کا دیباچہ اُردو میں خواجہ صاحب موصوف کی طرف سے لکھا، چونکہ یہ دیباچہ راؤ راجہ شیودان سنگھ بیکنیٹھ باشی والی راج الور کی ستایش میں لکھا گیا تھا، حضرت

---

[1] نواب ضیاء الدین احمد خان صاحب تیر رخشاں مرحوم رئیس لوہارو +

[2] بوستانِ خیال کی تیسری چوتھی جلدوں کا ترجمہ ہے، یہ ترجمہ کی دوسری جلد ہے +

مرحوم کی جدت پسند طبیعت نے اسقدر خاص سنسکرت کے الفاظ اُس میں داخل کیئے ہیں کہ قابلِ دید ہے، اور تاریخی لحاظ سے تو دریا نہیں، بلکہ سمندر کوزہ میں بھرا ہے، ہاں اہلِ نظر نے اپنی اپنی طبیعتوں کے موافق ضرور خط اُٹھایا، مگر عوام و خواص ہندو مسلمانوں میں نو کیا، کسی پنڈت صاحب نے بھی اس کا تتبع نہیں کیا، پنڈت رتن ناتھ صاحب سرشار نے فسانہ آزاد، اور سیر کوہسار دو ضخیم کتابیں لکھیں، مگر وہی مروجہ سلیس اُردو میں، رہی وہ فصیح و بلیغ اُردو جو آجکل ہمارے آریہ صاحبان اپنے جلسوں اور لکچروں میں برتتے ہیں، اُسکی نسبت نہایت ادب سے عرض کرونگا کہ اس فصاحت و بلاغت سے ہماری روزمرہ کی زبان اگر محروم ہی رہے تو بہت اچھا ہے، صغرسنی کے زمانہ میں ہمنے سُنا تھا کہ شاہجہاں کے قلعہ کی زبان اُردوئے معلّی کہلاتی ہے مگر جب حضرت لسان الغیب نواب اسد اللہ خان غالب مرحوم کے خطوط چھپے، اور اُن کی نثریں، اور شاگردوں کی اصلاحیں طبع ہوئیں، جن کا نام اُردوئے معلّی، اور عود ہندی رکھا گیا۔ اُس وقت ہر کہ و مہ کی آنکھیں کھلیں اور زمانے نے تسلیم کیا کہ اُردوئے معلّی یہ ہے، چنانچہ یادگار غالب میں حضرتِ حالی مرحوم استادان وقت سے جہاں مقابلہ حضرت لسان الغیب کا فرماتے ہیں، وہاں اُردو کی نثر کی بابت لکھتے ہیں کہ یہاں غالب مرحوم کے آگے میر، سودا، ناسخ، آتش، انیس، دبیر، ذوق، مومن، سب کو صفر ہے، اِس اُردوئے معلی کا تتبع یگانہ و بیگانہ اکثر نے کیا، مگر جو چہ آدمی مشہور و مقبول ہوئے، سرسید احمد خان، مولوی ڈپٹی نذیر احمد منشی ذکاء اللہ، مولانا حالی، علامہ شبلی، مولوی محمد حسین آزاد، رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور یہ ایک عجیب حسن اتفاق ہے کہ مؤخر الذکر پانچوں حضرات "شمس العلماء" کے خطاب سے منجانب برٹش گورنمنٹ مشرف و منور ہیں، ہر چند کہ ان حضرات میں ہر ایک نے اپنے مزاج کے موافق روش جداگانہ اختیار کی، مگر اُصولاً یہ اُسی اصل کی فروع ہیں، میرے نزدیک زبانِ حال میں چاہے جس زبان کے الفاظ کی آمیزش کیجائے، غالب مرحوم کی اُردو پر فروغ پانا، ناممکن نہیں تو محال ضرور ہے، چونکہ یہ تذکرہ نہایت خلوص اور دلسوزی سے لکھا گیا ہے اور بکار آمد ہونے

میں تو اسکے شک و شبہہ کی گنجایش ہی نہیں، جن حضرات کو زبان کا اور شعر و سخن کا مذاقِ سلیم ہے وہ ضرور اسکو زیرِ مطالعہ رکھیں گے، اور لطف اُٹھائیں گے، اِسکے تفننِ طبع کے لیئے ہم ایک چھوٹا سا سوال اور اُس کا مختصر سا جواب لکھتے ہیں، اور اُن مابہ الامتیاز حضرات سے جن کو اپنی زبان کی ترقی اور توسیع کا شوق ہے عرض کرتے ہیں اور اُمید رکھتے ہیں کہ اس سوال و جواب پر غور فرما کر طبع آزمائی فرمائیں گے اور جو کچھ ہماری غلطی ہو اُسکی اصلاح

سوال بوجہ کثرت حروفِ ہجا، نیز مختلف المخارج و صوت حروف سے کونسی زبان کو وسعت اور فضیلت ہے۔

جواب۔ اِس مسئلہ میں علم اللسان کا یہ اصولی فتویٰ ہے کہ بسبب کثرت و مختلف المخارج و صوت حروفِ ہجا ایک زبان کو دوسری زبان پر حقیقتاً فضیلت نہیں ہوسکتی، کیونکہ ہر ایک زبان میں وہ مختلف المخارج و صوت حروف داخل کیئے گئے ہیں جو لفظ کے بار کو اُٹھا سکے مثلاً عربی میں یہ حروف داخل نہیں ہیں، پ، چ، ژ، گ، اور فارسی میں ث، ح، ذ، ص، ض، ط، ظ، ع، ق، انگریزی میں ت، ش، چ، وغیرہ نہیں ہیں، یہ بحث اگر مفصل دیکھنی ہو تو کتاب لغت "انجمن آرائے ناصری یا فرہنگ ناصری کا دیباچہ قابلِ ملاحظہ ہے"۔ رہی وسعت زبان اسکے لیئے دنیا کی تمام زبانوں کے حروفِ ہجا کا مجموعہ زیرِ نظر ہو تو اُس وقت حکم لگایا جاسکتا ہے، اِس سوال و جواب کو پیشِ نظر رکھ کر یہ ملحوظ خاطر ہونا چاہیئے کہ جب صرف ایک حرف کا بار جو ایک زبان سے مخصوص ہے دوسری زبان نہیں اُٹھا سکتی تو لفظ کا بار جو دو یا چند حروف کا مجموعہ ہوتا ہے کیونکر اُٹھایا جاسکتا ہے اور اسکی بدیہی دلیل یا تمثیل معرّب، مفرّس مہنّد، الفاظ کا وجود و وجود ہے، حضرت اُستادی حالی مرحوم کے اتباع میں اتنا اور عرض کرونگا کہ لالہ سیرام صاحب کو صحت واقعات میں جہانتک ممکن ہو سعی بلیغ کرنی چاہیئے۔

---

۵۱ غیر زبان کے لفظ کو کسی حرف کی تبدیلی سے عربی بنا لیا گیا ہو۔

۵۲ کسی اجنبی زبان کے لفظ کو کسی حرف کی تبدیلی سے فارسی بنا لیا گیا ہو۔

۵۳ کسی غیر زبان کا لفظ کسی قدر تبدیلی کے ساتھ یعنی حرف کی تبدیلی سے ہندی بنا لیا گیا ہو،

جلد اوّل میں زیرِ احسن تخلص لکھا ہے حکیم محمد احسن[۵۱] خان خلفِ حکیم محمد محسن خان، حالانکہ احسان اور محسن خان دونوں حقیقی بھائی تھے اور انکے والد کا نام حکیم محمد حسن خان تھا، صد حیف کہ یہ دونوں جوان چل بسے، زیرِ تخلص احسان لکھا ہے کہ حافظ نواب عبد الرحمن خان احسان کی حویلی بازار لال کنوئیں[۵۲] میں ہے، مگر نہیں یہ حویلی بازار سرکی والان میں ہے،

انجام فرخ فرجام کے لیئے اختتام کلام دعا پر ہونا مستحسن ہے، اوتعالیٰ شانہ میرے مخلص دوست لالہ سیرام کو عمر طبیعی صد و سی سال مرحمت فرمائے، اور انکی صحت ثروت اور ہمت میں روز بروز ترقی عطا کرے تاکہ اس تذکرہ کی تکمیل کے بعد ایک دوسرا تذکرہ اردو شاروں کا بھی مرتب فرما کر شائع کریں، اور جو اہلِ زبان ہونے کے مدعی ہیں انکے جوہر کھلیں اور ایسے تذکرہ کا شیوع بالکل ایک نئی بات ہوگی ÷ ۵

منم انچہ کردم ز ہرزہ کلام		تو دانی و گر بعدہٗ والسلام	

احقر العباد میرزا سعید الدین احمد عرف لوہارو عرف احمد سعید طالب دہلوی

۳۰ اپریل ۱۹۱۵ء روز آدینہ مبارک

نثر و قطعۂ تاریخ از تصنیف لطیف شاعر بدیع نگار خوش گفتار منشی بسنت لال صاحب عنبر وکیل گورکھپور

آپنے اپنی صحت کا حال کچھ نہیں لکھا، میں ہمیشہ جناب باری سے آپکی صحتِ مزاج کے لیے دعا کرتا رہتا ہوں کہ یہ بڑا کام ترتیب خمخانۂ جاوید کا جو آپنے اپنے ہاتھ میں لیا ہے انجام ہو جائے تقریظ بھیجتا ہوں درج فرما دیجئے ÷ بسنت لال عنبر وکیل گورکھپور ۱۷ مارچ ۱۹۱۵ء

آغاز جس کا خوب ہو انجام کیوں نہ ہو		انجام نیک اگر ہو تو پھر نام کیوں نہ ہو	

۵۱ کاتب کی غلطی سے بجائے محمد حسن خاں کے محمد محسن خان جلد اول میں چھپ گیا مسودہ میں درست نام موجود تھا۔

۵۲ لال کنواں سے جو سیدھا بازار ٹریوں کٹرہ تک جاتا ہے اسکے ایک حصہ کا نام "سرکی والاں" ہے ÷

یوں تذکرے تو ہیں شعرا کے بہت بہت
"خمخانہ" لکھنا اور ہی تھا کام کیوں نہ ہو

لبِ لباب لے لیئے سب کے کلام کے
بیشک دو آتشہ مئے گلفام کیوں نہ ہو

یہ آپ ہی کا کام تھا احسنت و مرحبا
کیا تذکرہ لکھا ہے سرِ سرام کیوں نہ ہو

صحت خراب اور مشاغل ہیں انہماک
با ایں ہمہ یہ خوبیٔ اتمام کیوں نہ ہو

تھے محو سہو و ہر ہیں اہلِ سخن پڑے
روشن کیئے جناب نے سب نام کیوں نہ ہو

فیضِ عمیم آپ کا کرتا ہے نامور
اُردو کا گرچہ شاعرِ گمنام کیوں نہ ہو

وہ نامراد ٹوٹی تھی جنکی کہ جا کمند
دو چار ہاتھ قربِ لبِ بام کیوں نہ ہو

اِس تذکرہ سے اُنکو حیاتِ ابد ملی
مشہور ان کا تذکرہ مادام کیوں نہ ہو

اُردو کے شاعروں کی یہ انسائیکلوپیڈیا
اُردو ادب میں قابلِ اکرام کیوں نہ ہو

ہیں قدر کی نگاہ سے سب اسکو دیکھتے
یہ منعمِ حقیقی کا انعام کیوں نہ ہو

ہے اپنے آپ فرد یہ مبسوط تذکرہ
مرغوبِ خاص و منتخبِ عام کیوں نہ ہو

"خمخانہ" ہی کے سیر سے معدوم ہوتا ہے
جانسوز کیسا ہی غمِ ایام کیوں نہ ہو

"خمخانہ" کے اثر سے ہے زاہد بھی میگسار
مستِ الست رندِ مے آشام کیوں نہ ہو

ہندو مؤلف آپ سا قادر کلام پائے
محظوظ پھر تو طبقۂ اسلام کیوں نہ ہو

خالق نے دی ازل سے لیاقت یہ آپ کو
تقسیم خوب خالقِ قسام کیوں نہ ہو

دلکش ہے انتخاب تو پاکیزہ روئداد
پھر سیر اسکی دافعِ آلام کیوں نہ ہو

پُر حیف ہے کہ ساقیٔ خمخانۂ سخن
حصہ کا میرے خُم میں ترے جام کیوں نہ ہو

تاریخ اسکی لکھتا ہوں میں تذکرہ ابد
کیا مادہ ہوا ہے یہ الہام کیوں نہ ہو

عنبر کی نظم ہدیہ ہے احباب کے لیئے
۱۳۳۲ھ
طرزِ بیاں پہ جملہ تمام کیوں نہ ہو

اقتباس از تحریر لالہ پربھو دیال سٹیشن ماسٹر لائٹ ریلوے ریاست گوالیار

میں نے آپکا "خمخانہ جاوید" ایامِ رخصت میں منشی جب لال صاحب وکیل کے پاس

دیکھا، اِسکے دلچسپ ہونیکے نسبت اگر مَیں کچھ عرض کروں تو میرے قابو سے باہر ہے مگر مختصر عرض کرتا ہوں کہ مجھے اپنے رخصت کے آیام تک کی خبر نہ رہی کہ وہ کب ختم ہوئے اور اسقدر شوق نے طول دیا کہ رات دن سوائے اِس مشغلہ کے کسی دوسرے کام کی فکر تک پیدا نہ ہوئی،

آپنے جو کام کیا ہے وہ ایسا مبارک و شایستہ ہے کہ جس کا ہر اہلِ سخن کو ہزار زبان سے شکریہ ادا کرنا چاہیئے، خصوص ہندو بھائیوں کو جو ابھی تک گوشۂ گمنامی میں پڑے تھے، ٹیک چند بہار، چندر بھان برہمن، اور راجہ پیارے لال آلفتی مستند فارسی کے شاعر ہوتے ہوئے جب ایک خفیف بہانہ سے آزادانہ صفِ شعرا میں بیٹھنے سے محروم رہے تو آپنے اُنکے اُردو کلام کو ڈھونڈ نکالا اور اُن پر نہایت درجہ کا احسان کیا۔

یہ تو سچ ہے کہ آپکی محنت اور عرقریزی کا اندازہ ہم لوگ نہیں کر سکتے مگر اس کہنے سے بھی باز نہیں رہ سکتے کہ آپنے اپنی محنت سے کہیں زیادہ احسان جماعتِ شعرا پر کیا ہے کہ جسکے بارے وہ ہزار آزادانہ روش پر بھی سبکدوش نہیں ہو سکتے، اور صرف یہ ہی کیوں آپنے اُنکو زندۂ جاوید کرنیکے ساتھ ساتھ اپنی محبت عظمت اور کریم النفسی کا نشان روزگار کے دل پر ڈالدیا جو قیامت تک محو یا حک نہیں ہو سکتا ہے ؎

چو خواہی کہ نامت بود در جہان	مکُن نام نیک بزرگاں نہاں

بندہ پربھو دیال اسٹیشن ماسٹر لائیٹ ریلوے گوالیار ۲۴ ستمبر ۱۹۱۴ء

تقریظ از شتابِ افکار گوہر نثار مہر اوجِ نکتہ دانی ماہ منیر بزمِ سخندانی مکرمی سیّد وحید الدین احمد بیخود دہلوی یادگار حضرت فصیح الملک مرزا داغ مغفور

ادائے شکر ہے لازم تجھے زبانِ سخن	کہاں جہان میں پیدا یہ قدر دانِ سخن

دُھن کے پکّے اور بات کے دھنی ایسے ہی ہوتے ہیں جیسے ہمارے دیرینہ عنایت فرما عالیجناب رائے سریرام صاحب ایم۔ اے۔ مؤلف تذکرۂ خمخانۂ جاوید ہیں، خوشی ہو، غم ہو، سفر ہو حضر ہو، مرض ہو صحت ہو کسی وقت، کسی حال میں تذکرہ کے اتمام تذکرہ کے تک و دو

سے خالی نہیں، بر سبیل تذکرہ ایک واقعہ بیان کیا جاتا ہے، کوئی چار ماہ کا عرصہ ہوا ایک دن اتفاقیہ میں آپکی کوٹھی پر جا نکلا وہاں پہنچکر معلوم ہوا کہ رائے صاحب علیل ہیں، دیکھا تو آپ دولت سرا صاحب فراش پایا، حال پوچھا تو کہا میں عرصہ سے علیل ہوں اور بیکار کہنہ ہو گیا ہوں، کچھ اوراق ہاتھ میں دیکھ کر میں نے دریافت کیا کہ یہ کاغذ کیسے ہیں جو نصیب دشمناں ایسی سخت علالت کی حالت میں بھی دیکھے جا رہے ہیں، ارشاد ہوا کہ وہی تذکرہ کے متعلق ہیں، انکو ترتیب دے رہا ہوں، یہ سنکر مجکو حیرت ہو گئی، اور میں سمجھا کہ جس طرح عاشقان الٰہی فنا فی اللہ، اور عاشقان نبی فنا فی الرسول، اور عشق مجازی کے مبتلا فنا فی المعشوق ہو جاتے ہیں، یہ ہمارے مکرم فنا فی التذکرہ کا درجہ حاصل کر چکے ہیں، اللہ غنی اس سرگرمی کا کیا ٹھکانا ہے، مگر یہ اسی سرگرمی کا نتیجہ ہے کہ اتنے بڑے تذکرہ کی یہ تبسیری جلد اب ناظرین ملاحظہ کر رہے ہیں، ایسا تذکرہ لکھنا اسی عالی دماغ مؤلف کا کام تھا جسنے اردو زبان کی بنیاد کو بے انتہا مضبوط کر دیا، افسوس ہے اگر ہمارے اہل ملک ایسے سچے شیفتہ علم ادب کی قدر نکریں، مؤلف کا احسان صرف اردو زبان ہی پر نہیں ہے بلکہ اُن دس کروڑ اشخاص پر بھی ہے جو اردو بولتے ہیں، ہماری رائے میں مؤلف کی دماغ سوزی اور جگر کاوی کی داد جیسی ملنی چاہئے تھی ابھی تک نہیں ملی، خدا نے چاہا تو اب کوئی دن جاتا ہے کہ جس طرح شمع پر پروانے گرتے ہیں اس تذکرہ کے طالب بھی اسی طرح اس پر گرینگے۔

یہ وہ ہے جنس گرانبار خریداروں میں	جس کا ثانی نہیں ملتا کہیں بازاروں میں

منصف نگاہیں دیکھ رہی ہیں کہ ہمارے مکرم ہر دلعزیز مؤلف نے اپنی قابل قدر جوانی اس معشوق دل نشیں کے آراستہ کرنے میں گنوا دی ہے اور اپنی اور اپنے والد بزرگوار کی اندوختہ دولت کا ایک بڑا حصہ اسکی تلاش و جستجو میں صرف کر دیا ہے جب کہیں جا کر یہ صورت زیبا مشتاقان حسن معانی کے دیکھنے میں آئی ہے۔

یہ ہیچمدان ذرۂ بیمقدار بیحد و زار کمال احسانمندی کے ساتھ جناب مؤلف کی محنت کی

دینے کے بعد اس دعا پر ان سطروں کو تمام کرتا ہے۔

تم سلامت رہو ہزار دں سال	تم سے ملتی ہے داد اہل کمال

تقریظ و تاریخ طبع از فکر رنگین خوش گوئے دکنی شیخ محمد عثمان صاحب شاؔ دسابق اڈیٹر رسالۂ آفتاب سخن پونہ متعقد حضرت ظہیر دہلوی

تقریظ کے لکھنے میں جو سر گرم رقم تھا	سجدے میں جبینِ سر تسلیم قدم تھا

سبحان اللہ کیا قابلِ تحسین یہ ریاضِ پُر فضا ہے۔ اِس چمن کی تازگی تازگی کو بلبل سے پوچھا چاہیئے اور اس رنگین منظر کو چشمِ اہل بصیرت سے دیکھا چاہیئے۔ مہر منیر اسکے آبگینوں کا ظہور ہے۔ ہر الماری اسکی تجلی سے نور علیٰ نور ہے۔ ہر کلیہ شہید تسلیم و رضا ہے۔ ہر دلِ پُر حسرت و تمنا سائل حمد و ثنا ہے۔ جل جلالہ عم نوالہٗ و عظم شانہ و اعظم ذکرہ ؎

للہ الحمد کہ جس چیز کی خواہش تھی کمال	پردۂ غیب سے ظاہر ہوا اب اُس کا جمال

یہ مجھے آج پہلا اتفاق ہے کہ خمخانۂ جاوید کی دوسری جلد دیکھنے کے بعد میرے دل میں تیسری جلد کی تقریظ نگاری کا خیال پیدا ہوا ہے۔ میں اسکی تقریظ بھی نہیں لکھ سکتا۔ اور لکھوں تو کیا لکھوں بقول شخصے کہ سورج کو چراغ تلے دکھانا۔ یہ تالیف جو اس وقت میرے سامنے ہے اور جس پر میں کچھ رائے ظاہر کرنا چاہتا ہوں۔ وہ ایک ایسے مؤلف کے دلی جذبات کا فوٹو ہے جو خاص دہلی کا رہنے والا اور اردو زبان کا محقق منصف مزاج جس کے سر پر اقلیم سخن کا تاج۔ لائق۔ فائق عاقل فاضل۔ شاعر نکتہ شناس۔ سخنور روشن قیاس۔ ہم آغوشِ عروسِ کمال۔ ناظمِ نظامی مثال جانِ بلاغت۔ کانِ فصاحت۔ سخن گستر سراپا ہومر۔ آتش زبان فصیح اللسان۔ شاعر خوش بیان شیریں بیان۔ اہل زبان۔ بلاغت عنوان۔ حاتم ہمت۔ فلاطون حکمت۔ والا جناب۔ معلی القاب عالی مقام۔ زیبا خیال۔ رنگین کلام جناب لالہ **سیر سرام** صاحب ایم۔ اے ہے یہ نام سنہری حرفوں سے لکھنے کے قابل ہے۔ میں مؤلف کو زیادہ داد کے قابل سمجھتا ہوں اس لیئے

اِس لیئے کہ اُسنے زبان اُردو پر بہت بڑا احسان کیا اور ہمکو فرض ہوگیا کہ مؤلف کا شکریہ ادا کریں مگر میں حیرت میں ہوں کہ ایسے الفاظ کہاں سے لاؤں جس سے مؤلف کا شکر ادا کروں اور احسان سے سبکدوش ہوجاؤں۔ شعرائے ماضی وحال پر احسان کرتے ہوئے ایک یادگار قائم کردی ہے جو ہماری آیندہ نسلوں کی نظر سے گذریگی۔ ہائے مؤلف نے اپنا کیسا عزیز وقت ضائع کیا۔ کتنی محنت ومشقت سے کلام۔ حالات شعرا کے جمع کیئے چوبیس گھنٹے قلم دوات کاغذ سے کام تھا۔ اور اپنا عزیز وقت ہماری یاد میں گذارا۔ ہر شاعر کے کلام پر ایسی رائے ظاہر کی کہ کسی شاعر کو چون وچرا کرنے کا موقعہ نہ ملا۔ شعرائے جہان کے سر پر وہ احسان کا پہاڑ رکھدیا ہے جس کا حشر تک بوجھ اُترنا محال ہے۔ ہم اور شعرائے مرحوم کی روحیں مؤلف کی محنت کی داد دیتے ہیں اور صدق دل سے دعا دیتے ہیں۔ یا اللہ جبتک فلک پر مہر وقمر قائم ہیں اِس مؤلف کی عمر دراز کر اور خوش وخورم رکھ۔ آمین ثم آمین

اِس کام کو اگر میں انجام دیتا تو مکرم جناب لالہ سیرام صاحب سے داد طلب ہوتا جن شعرائے مرحوم کا ذکر پہلی دوسری جلد میں ہوگیا ہے اُنکی ارواح مؤلف کو دعائے خیر سے یاد کرتی ہونگی۔ خمخانۂ جاوید کی پہلی دوسری جلد باغ پُربہار ہے جسکی ثنا کے لیئے ایک عمر دراز درکار ہے۔ زبان کی کیا تعریف ہوا ور طبیعت کی کیا توصیف ہو۔ انتخاب لاجواب۔ تقریر جوہر شمشیر۔ زباندانی۔ جادو بیانی۔ شاعر کے کلام پر ریمارک۔ اس پر دلچسپ تحریر۔ کسی چلبلے معشوق کی تصویر ہندرتی ہیں۔ سلاست۔ مضمون میں متانت۔ کہیں درد۔ کہیں ذکر آہ سرد۔ کوئی تصویر نوجوانی۔ کوئی طاؤس کاشانی۔ کوئی یوسف کی نشانی۔ کوئی نقش ونگار بانی۔ جلوۂ قدرت باری۔ کرم ابر بہاری۔ کہیں توصیف کاکل۔ کہیں ذکر گیسوئے سنبل۔ کہیں بھولی بھالی صورت کہیں تصویر کجالت۔ کہیں دلکی بُری گت۔ کاغذ اعلیٰ درجے کا۔ چھپائی عمدہ۔ لکھائی نفیس۔ خمخانہ جاوید کا حرف حرف ستاروں کو جگمگا رہا ہے۔ نقطہ نقطہ روپوں کی طرح چمکتا ہے۔ کاغذ کی چکنائی کسی معشوق کم سن کے رخسار زبانی تعریف بے سود ہے۔ دیکھئے تیسری جلد موجود ہے

آخری التجا - ہم اخیر میں جناب لالہ سریرام صاحب سے التجا کرتے ہیں کہ تیسری جلد میں اگر ۲۰ سے ۲۵ تک فیصلہ ہو تو بہتر ہے - اب ہماری آنکھیں جناب لالہ سریرام کی طرف لگی ہوئی ہیں کہ کب تیسرا ایڈیشن چھپکر ہمارے ہاتھ آتا ہے - چار دن کی زندگی کا کیا بھروسہ ہے ؎

سہارا کیا لڑکپن کا بھروسا زندگانی کا	چھلک جانے کو ہے بھر کر پیالہ زندگانی کا

جب کبھی میں رات کیوقت انسان کی بے ثباتی پر غور کرتا ہوں تو گھنٹوں اس دھن میں خاموش رہتا ہوں - معمارِ قدرت انسانی عمارت کو کتنے دنوں میں تیار کرتا ہے - اور جب وہ بلندی پر آجاتی ہے تو موت کا سیلاب اُسکو نیست و نابود کر دیتا ہے -

اِس غرض سے میں جناب لالہ سریرام صاحب سے بار بار التجا کرتا ہوں کہ اس سال میں اگر تیسری جلد چھپ کر نکل جائے تو بہتر ہے تاکہ میں اُسے دیکھکر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کرلوں اور مؤلف کو دعائے خیر سے یاد کروں اور ڈبل شکریہ ادا کرنے کا مستحق بن جاؤں -

مؤلف نے ایسا کیا انتخاب	تاریخ	نہیں منہ کسی کا کرے خوشنما یت
نرالی ہے بندش نرالا ہے مضمون		ہر اک رنگ میں ہے نرالی یہ رنگت
ہر اک سطر رنگت میں ہے رشکِ سنبل		ہر اک صفحہ ہے رشکِ گلزار جنت
مقابل میں حرفوں کے آکر کے چمکے		قمر میں نہ طلعت نہ سورج میں طاقت
شگفتہ ہر اک شعر ہے صورتِ گل		فدا جسپہ سو جان سے مرغانِ جنت
مقابل میں نقطوں کے دیکھو تو صاحب		خجل ہو گئی ہے ستاروں کی طلعت
لکھائی چھپائی مصفا بین عمدہ		ہر اک صفحہ میں ہے نرالی یہ رنگت
کیا کام ایسا سریرام نے یہ		کہ چاروں طرف ہو گئی خوب شہرت
مطابع سے چوبیس گھنٹے تھا جھگڑا		نہیں کھانے پینے کی تھی کسو فرصت
مؤلف کو اشعار میں یاد لاکھوں		نہیں دیکھی ایسی کسی کی طبیعت
مؤلف مصنف ہیں جتنے جہان میں		سریرام ایم اے سا لی از پہلقت

کرے لاکھ کوشش کوئی کچھ نہ ہوگا
سریرام کا ہے وہ رنگِ طبیعت

مؤلف سے دہلی میں ملنا ہوا تھا
یہ میری تھی واللہ خوبیٔ قسمت

نہ بھولونگا ہرگز۔ نہ بھولونگا ہرگز
مجھے یاد ہے آپ کی وہ عنایت

ہزاروں میں لاکھوں میں میں یہ کہونگا
ہے ان میں تو چاہت محبت مروّت

ملاقات کرتے ہیں ہر ایک سے آپ
وہ ملتے ہیں ہر ایک سے با محبت

ہیں لالہ سریرام ایم اے مؤلف
نہیں جن کا ثانی زمانے میں حضرت

کروں کیا سراپا کی تعریف اُنکے
حسینوں میں ہیں وہ حسیں بانزاکت

گدو رپہ آتے ہیں ان کے ہمیشہ
کہ وارات دن ہے وہ باب سخاوت

سخاوت میں بیشک وہ ابن سخی ہیں
شجاعت میں رستم سے بڑھکر ہے طاقت

یہ اِک بات ہے قابلِ داد اُن میں
کسی سے نہیں ہے بُرائی عداوت

لکھو شادیوں مصرعِ سالِ طبع
ٹھکانے لگی نامی محسن کی محنت

۱۳۳۳

قطعۂ تاریخ از تراوش قلم جادو رقم سفیقی وکرم گستری نواب مرزا کاظم علیخان صاحب سیرایت تخلص بہ ذہین رئیس شیش محل لکھنؤ

ساقیا! لا شراب انگوری
دھوم رندوں میں ہے بہار آئی

گھر کے گھنگھورا بر آیا ہے
کوئی دم میں برستے ہیں موتی

کس غضب کا ہے سبزہ پر جوبن
اب اگر ہے کمی تو بس مے کی

تاک میں دخترِ رز کی بیٹھا ہوں
اُس پہ پیرو کن شاق ہے دوری

عشق میں بس اُسی کے ہوں بہوت
دل میں ہے درد لب پہ چُپ لگی

خفقاں کچھ ہوا ہے کچھ سودا
مجھپہ سحر اُس کا چل گیا ساقی

چہرہ پر زردی آج چھائی ہے
نشہ کی ہوگئی ہرن سُرخی

ضبط کرنے کا اب نہیں یارا
کیا کہوں ایسی ہی ہے مجبوری

تشنگی سے مرا جگر ہے کباب — آتشِ تر کا جام دے جلدی
نظرِ لطف گر تری ہو جائے — مے گلگوں کے چشمے ہوں جاری
بارشِ مے وہ ہو کہ چھک جاؤں — فیض سے تیرے کشتِ دل ہری
دم ترا پھر بہت غنیمت ہے — بس کبھی تک ہو لطف میخواری
رہے آباد تیرا میخانہ — روز ہی ہو ترقی روزی
جام پر جام بھر کے مجھ کو پلا — حشر کا ڈر نہ فکر جنت کی
لابرانڈی، کلیبرٹ، ایل مزیل — وسکی، جن پورٹ شیمپین شیری
اب تو عادت مری خراب ہوئی — طاعتِ حق مجھے نہیں بھاتی
مے پرستی ہے اب تو دین اپنا — اور مذہب سے مجکو کیا ساقی
حق پرستی کے نور کے بدلے — چہرہ پر ہو شراب کی سرخی
آتشِ تر ہے گو حرام ضرور — قطعہ اُسکے پینے سے ہونگا میں ناری
حشر میں مجھپہ جو قیامت ہو — دے بھی دے آج بادۂ باقی
میں نے اسلام کو سلام کیا — دُخترِ رز کا بنا ہوں شیدائی
حشر ہوگا بُرا مگر تقدیر؟ ق — پیش آئے گی جو ہے پیش آنی
پر یہاں اس چھوٹنا ہے محال — خوب جی بھر کے کر لو بادہ کشی
تجھ سے تقریر کیا کروں واعظ — ق مجھکو لازم ہے یاں پہ خاموشی
تُو نے پی ہوتی گر کبھی بھی مے — پُوچھتا تب یہ چیز ہے کیسی؟
اِس میں لذت ہے کیا بتا واعظ! — کیوں تو کرتا ہے شغلِ مینوشی
مگر افسوس تو نے پی ہی نہیں — ورنہ یہ وعظ پھر کہاں ہوتی
خواب میں بھی نہ جنے دیکھی ہو — اُس کو کیا قدر مے کشی ہوگی
ساقیا تو مجھے شراب پلا! — جان واعظ کو بک رہا ہے بڑی

بھلا کیونکر حرام شے بھائی

دے بہر، ہاک ٹام رم اسٹوٹ — اکشا تمبرون اور برکنڈی
پہروں اٹھکھیلیاں کروں مے کی — لوگ دیکھیں تو سمجھیں سودائی
تن بدن کا نہ ہوش ہو مطلق — سرسوں پھولی ہے نظر میں مری
جس سے پردے نظر کے سب اٹھ جائیں — ہو وہ جام جہاں نما ساقی
ساغرے کو جام جم جو کہا — آسماں کو زمیں سے نسبت دی
کوئی ایسا سماں نظر آئے — جس سے کھلجائے میرے دل کی کلی
جس طرف دیکھ لوں اٹھا کے نگاہ — سامنے آکھڑی ہو میرے پری
کچھ تعجب کچھ اشتیاق کے ساتھ — اُس سے پوچھوں کرا ئے گل خوبی
آج کیوں مجھ کو سرفراز کیا — حال پر میرے کیا عنایت تھی
تجھسا بے رحم اور یہ الطاف — تجھسا بیدرد اور یہ ہمدردی
آج تک تیری دید کو ترسا — میری صورت سے تجھکو نفرت تھی
مُسکرا کے جواب دے مجھکو — وُہ ہمارا تھا ناز معشوقی
میرا معشوق ساقیا ملجائے — بس اسی کی ہے ا تو بتیابی
نہ مجھی کو فقط محبّت ہے — اُلفت اُسکو بھی مجھسے ہی ایسی
تُو نے دیرا تنی جو لگائی سُن — تھی پہاڑ اسپہ ایک ایک گھڑی
تھا میں اُسکے لیئے یہاں بیتاب — شاق اُسے واں مری جدائی تھی
لاسکی اپنی گو زباں پہ نہ کچھ — دل ہی دل میں وہ پیچ کھایا کی
بَن پڑی جب اُسے نہ کچھ تدبیر — خون شیشے میں ہوگئی وہ پری
مجھکو لکھنا ہے قطعہ گرما گرم — نشۂ مے کی چاہیئے گرمی
مست ہو کے دو آتشہ مے سے — کہدوں اِک ایسا قطعہ تاریخی
جس میں ہجری ہو اور عیسوی سال — بکرمی اور فصلی

شور چاروں طرف اسی کا ہے — لالہ صاحب نے کتاب لکھی

کیا سر سریرام کی کروں تعریف — گر بہت بھی لکھوں نہ ہو کافی

شاعرِ بے نظیر خوش تقریر — صاحب علم اور فہیم و ذکی

بامروّت خلیق و نیک و سیر — کیوں نہ نازاں ہو آپ پر دہلی

اُن کا لاہور میں بھی شہرہ ہے — چشمۂ فیض واں بھی ہے جاری

درحقیقت کیا اُنھوں نے کمال — خوب گوندھی ہے موتیوں کی لڑی

جو جو اس میں اُٹھائی ہے تکلیف — یہ وہی جانے جس پہ ہو گذری

کوئی کہدے کہ ایسا گلدستہ — ایسا خمخانہ بھی چھپا ہے کبھی

شاہدِ طبع سے مخاطب ہو — کہہ اٹھا ہیں یہ قطعہ تاریخی

لاسریرام کی کتاب ای شوخ — تشتِ پُر نور جامِ جمشیدی

۱۹۱۲ء — سنہ ۱۹۶۹ بکرمی

مظہر اہلِ علم۔ اختر حسن — پارۂ دل ذہین بیاگرفی

سنہ ۱۳۲۱ الٰہی — سنہ ۱۳۱۹ فصلی — سنہ ۱۳۳۰ھ

فہرست کتب نادرالوجود موجودہ دفتر خمخانہ جاوید۔ شہر دہلی

ضمیمہ یادگار داغ بُلبُل ہندوستان فصیح الملک نواب مرزا خاں صاحب داغ مرحوم دہلوی کی آخری نغمہ سنجیوں کا دلچسپ و قابل قدر مجموعہ جسکو لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے نے بصرف زر کثیر مرزائے مرحوم کے ورثار سے حاصل کرکے مرتب کیا۔ اس نایاب مجموعہ میں ستر غیر مطبوعہ غزلیں ہیں۔ قیمت فی جلد ۸ر

دیوان انور سید شجاع الدین حسین عرف امراؤ مرزا۔ انور دہلوی کا قابل دید کلام۔ جو بڑی محنت و تلاش سے مولف تذکرہ خمخانہ جاوید نے مرتب کرکے شائع کرایا ہے۔ آپ ظہیر مرحوم کے چھوٹے بھائی اور دہلی کے مشہور اساتذہ میں تھے۔ لکھائی۔ چھپائی صاف۔ ضخامت ۱۱ جزو۔ قیمت فی جلد ۱۲ر

تذکرہ ہزار داستان معروف بہ **خمخانہ جاوید در سہ جلد** چونکہ یہ تذکرہ فرط شہرت سے کسی تعریف یا توصیف کا محتاج نہیں رہا۔ اسلئے سب طرف سے قطع نظر صرف قیمتوں کی تصریح کردینی ضروری ہے۔ جلد اول کاغذ و کتابت نفیس۔ ضخامت زائد۔ ۵ جزو۔ قسم اول مجلد ۵ر قسم دوم مجلد لالہ بلا جلد ہے۔ **جلد دوم** مجلد قسم اول چار روپیہ آٹھ آنہ (للہ) قسم دوم ۸ر ہے۔ بلا جلد ۱۲ر **جلد سوم** فی جلد مجلد پانچ روپیہ۔ بلا جلد چار روپیہ (للہ)

مہتاب داغ حضرت فصیح الملک داغ دہلوی کا تیسرا دیوان جو ۱۸۹۳ء میں مرزا داغ مرحوم نے دکن سے شایع کیا تھا اور جس کی قیمت پانچ روپیہ مقرر تھی۔ اور جو عرصہ سے بالکل نایاب تھا۔ اب دوبارہ لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے مولف تذکرہ خمخانہ جاوید نے باخذ حق تصنیف زر کثیر خرچ کرکے شایع کیا ہے لکھائی۔ چھپائی صاف و روشن۔ کاغذ سفید چکنا دو ہیز جس پر کلام بھی نور علیٰ نور ہے۔

قیمت قسم اول تین روپے (للہ) قسم دوم دو روپیہ آٹھ آنہ (۸ر) بلا ضمیمہ +

نوٹ مندرجہ بالا کتب کی ۵ جلدوں کے خریدار کو ۱۰ فیصدی کمیشن دیا جائیگا۔ کتب کے لینے دینے خط کتابت فیصلہ ہو سکتا ہے۔

المشتہر سریرام۔ ایم۔ اے نمبر ۱۷ علی پور روڈ دہلی